خواتین کے لیے صاف ستھرا تفریحی ادب

ماہنامہ

# آنچل

کراچی



PDFBOOKSFREE.PK

www.pdfbooksfree.pk

سرورق: ایشا خان.....آرائش: ماہ روز بیوٹی پارلر.....عکاسی: جنید خان

**افسانہ**

سجدۂ شکر — عائشہ خان — 62
دیر لگی ہے آنے میں — نزہت جبین ضیاء — 136
یہ جنون ہے راہِ عشق کا — عظمیٰ شاہین رفیق — 212

**مستقل سلسلے**

روحانی مسائل کا حل — حافظ شبیر احمد — 218
آپ کی صحت — ہومیو ڈاکٹر ہاشم مرزا — 222
ڈش مقابلہ — طلعت آغاز — 226
بیوٹی گائیڈ — روبین احمد — 230
غزلیں نظمیں — ایمان وقار — 232
بیاض دل — میمونہ رومان — 236
یادگار لمحے — جویریہ طاہر — 238
آئینہ — شہلا عامر — 242
دوست کا پیغام آئے — ہما احمد — 248
ہم سے پوچھئے — ثمائلہ کاشف — 254
کام کی باتیں — حنا احمد — 257



خط و کتابت کا پتا: ماہنامہ آنچل پوسٹ بکس نمبر 75 کراچی 74200 فون نمبرز 021-35620771/2
فیکس 021-35620773 یکے از مطبوعات نئے افق پبلی کیشنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ Info@aanchal.com.pk

**ابتدائیہ**

سرگوشیاں — مدیرہ — 12
حمد — نیر رضوی — 13
نعت — مختار اجمیری — 13
دو جواب آں — مدیرہ — 14

**دانش کدہ**

امام اعظم ابو حنیفہؒ — مشتاق احمد قریشی — 18

**ہمارا آنچل**

ماریہ بی بی/فیض اسحاق — ملیحہ احمد — 22
سونی علی/زہرہ دلدار — گئی رتوں کا ملال — سدرہ سحر عمران — 88

**ہنر کی عدالت**

سمیرا شریف طور — ادارہ — 26

**سلسلہ وار ناول**

بھیگی پلکوں پر — اقرا صغیر احمد — 68
ٹوٹا ہوا تارہ — سمیرا شریف طور — 156

**مکمل ناول**

جھیل کنارہ کنکر — نازیہ کنول نازی — 32

**ناول**

تم سے محبت ہو گئی ہے — عائشہ نور محمد — 190

**ناولٹ**

مجھے ہے حکم اذاں — اُم مریم — 114
میرا ہمنوا — سمیرا غزل — 142



پبلشر: مشتاق احمد قریشی پرنٹر: جمیل حسن مطبوعہ ابن حسن پرنٹنگ پریس ہاکی اسٹیڈیم کراچی
دفتر کا پتا: 7 فرید چیمبرز عبداللہ ہارون روڈ کراچی

www.pdfbooksfree.pk

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''قسم اس ذات کی جس نے مجھے حق کا پیغام دے کر بھیجا ہے' اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس شخص کو عذاب نہیں دے گا جو یتیم پر رحم کرتا ہو' اس سے نرم بات کرتا ہو اور اس کی یتیمی اور کمزوری پر ترس کھاتا ہو اور اللہ نے جو چیزیں اسے (دوسروں سے) زیادہ عطا فرمائی ہوں' ان کے ذریعے اپنے پڑوسی پر زیادتی نہ کرتا ہو، اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی امت! اس ذات کی قسم جس نے مجھے حق دے کر بھیجا ہے' اللہ تعالیٰ اس شخص کا صدقہ قبول نہیں کرتا جس کے قریبی رشتہ دار اس کی صلہ رحمی کے محتاج ہوں اور وہ صدقہ کا مال دوسروں پر خرچ کرے' اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میری جان ہے' قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو رحمت کی نظر سے دیکھے گا بھی نہیں۔'' (طبرانی)

# سرگوشیاں

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ'
مارچ ۲۰۱۳ء کا آنچل حاضرِ مطالعہ ہے۔

کچھ سمجھ نہیں آ رہا ہے کہ آپ کو کیسے مخاطب کروں' ملک میں اور خصوصاً کراچی میں امن وامان کی جو صورت حال ہے وہ چپ بھی نہیں رہنے دے رہی اور بولا بھی نہیں جا رہا۔ ہم اپنے پیاروں کے لہو کو کس کے ہاتھوں پر تلاش کریں' جاں بحق ہونے والے کسی قوم قبیلہ کے افراد ہوں' چاہے کسی فرقہ مذہب کے ماننے والے ہوں' وہ سب کے سب پاکستانی ہیں ہمارے بھائی ہیں' کسی کے ناحق قتل کی تو ہمارا مذہب بھی کسی کو اجازت نہیں دیتا' یہاں تک کہ کوئی مسلمان کسی غیر مسلم کو بھی ناحق قتل نہیں کر سکتا' چہ جائیکہ مسلمان کسی بے گناہ مسلمان کو قتل کرے اسلام میں بے گناہ کے قتل کو پوری انسانیت کا قتل کہا گیا ہے' ایسے تمام افراد جو مذہب اور مسلک کے لوگوں کو قتل کر رہے ہیں' انہیں ایسا کرنے کی اجازت کس نے دی ہے' کیا ایسے مذہبی جنونیوں کو خود بھی موت کا سامنا نہیں کرنا کیا' انہیں اپنے رب کے سامنے کبھی پیش نہیں ہونا' جس کام کو وہ دین کی خدمت سمجھ کر ادا کر رہے ہیں کیا وہ کام ان کے لیے آخرت کی دائمی زندگی میں جنت کی راحت کا باعث بن سکے گا یا حکم الٰہی اور قرآن کریم کے مطابق جہنم کی آگ کا سبب بنے گا۔ ایسے تمام اسلام فروشوں کو سمجھنا چاہیے کہ وہ جن بے گناہوں کا قتل عام کر رہے ہیں دراصل وہ اپنی کم فہمی کے باعث مارے جانے والوں کو شہید کر کے ان کے لیے جنت اور اس کی راحت کا بندوبست کر رہے ہیں اور خود اپنے لیے گھناؤنے اعمال کے باعث دوزخ کی آگ خرید رہے ہیں۔ خدارا انہیں دوسرے بے گناہ لوگوں پر رحم نہیں آتا تو نہ آئے کم از کم خود اپنے آپ پر تو رحم کھائیں۔ اپنی آخرت کی دائمی زندگی پر تو رحم کریں' ذرا سوچیے ابھی بھی وقت ہے اور توبہ کے دروازے بھی کھلے ہیں پھر شاید موقع نہ ملے۔ میں تمام بہن بھائیوں سے معذرت خواہ ہوں کہ اس بار میں ملک کی حالت کے باعث اپنی قلبی کیفیت پر قابو نہ پا سکی اور آپ سے باتیں کرنے کے بجائے ان قاتل ہاتھوں کو روکنے کی استدعا کرتی ہوں اللہ ہمارے وطن عزیز کی' ہمارے شہروں کی حفاظت فرمائے آمین۔

سال گرہ نمبر

آئندہ شمارہ سالگرہ نمبر ہوگا' بہنیں نوٹ فرمالیں' ان شاء اللہ تعالیٰ ہم نے پوری کوشش کی ہے کہ سالگرہ نمبر کو بہتر سے بہتر کر کے آپ تک پہنچایا جائے اور اس سالگرہ نمبر کو ایک شاہکار بنایا جائے۔ جس میں آپ آنچل کی نامور لکھاری بہنوں کی تحاریر پڑھ سکیں گی اور بہت سی تبدیلیاں بھی کی جا رہی ہیں جو آپ کے لیے خوش گوار ثابت ہوں گی۔ بہنیں اپنی کاپیاں جلد از جلد مختص کرا لیں۔

اس ماہ کے ستارے

''جھیل کنارہ کنکر'' نازیہ کنول نازی اور ''گئی رتوں کا ملال'' سدرہ سحر عمران کے مکمل ناول۔
''تم سے محبت ہوگئی ہے'' عائشہ نور محمد کا شاہکار ناول۔
''مجھے ہے حکم اذاں'' ام مریم اور ''میرا ہمنوا'' سمیرا غزل کے بہترین ناولٹ۔
''سجدۂ شکر'' عائشہ خان ''دیر لگی آنے میں'' نزہت جبین ضیاء اور پہلی بار شریک محفل ہیں ''یہ جنون ہے راہِ عشق کا'' کے ساتھ عظمیٰ شاہین رفیق کے افسانے۔

دعا گو' قیصر آرا'

# حمد

دنیا کو حسیں خواب بنایا ہے خدا نے
اک گوہرِ نایاب بنایا ہے خدا نے

جینے کے لیے کی ہیں عطا دھڑکنیں دل کو
آنکھوں کو بھی پُرآب بنایا ہے خدا نے

نہ جبرِ مسلسل سے کرو مجھ کو پریشاں
مجھ کو بھی تو احباب بنایا ہے خدا نے

ہر دل کو میسر ہیں کہاں وصل کے لمحات
ہر دل کہاں نایاب بنایا ہے خدا نے

غلبہ کیے رہتی ہیں خزاؤں پہ بہاریں
گلشن کو بھی شاداب بنایا ہے خدا نے

صد شکر کہ بے کار نہیں ہوں کہ مجھے بھی
تیرے لیے گرداب بنایا ہے خدا نے

نیّر میں ہوں خاکی کہ کوئی شک نہیں اس میں
دل کو میرے مہتاب بنایا ہے خدا نے

(نیّر رضوی...... کراچی)

# نعت

آپ ﷺ خیر الوریٰ آپ ﷺ شاہِ امم
محترم محترم محتشم محتشم

آپ ﷺ کا مرتبہ مصطفیٰ مجتبیٰ
لوحِ محفوظ پر ہے ازل سے رقم

آپ ﷺ آئے تو تکمیلِ خلقت ہوئی
عین ہستی ہوا جس قدر تھا عدم

آپ ﷺ کے دَم قدم سے ہے آراستہ
اخروی انجمن ہو کہ بزمِ قدم

آپ ﷺ اول نبی ﷺ آخری بھی نبی ﷺ
دونوں عالم میں رحمت' لقب ذی حشم

آپ ﷺ اُمی لقب' لائے اُمّ الکتب
علم کا شہر بن کر' خدا کی قسم

آرزو ہے یہی قلبِ مختار میں
آپ ﷺ کی نعت کرتا رہے وہ رقم

(مختار اجمیری)

www.pdfbooksfree.pk

# درجواب آں

مدیرہ

سباس گل..... رحیم یار خان

ڈیئر سباس! ہمیشہ گلوں کی طرح مہکتی رہو آپ کا محبتوں اور چاہتوں سے بھرپور خط پڑھ کر بہت خوشی ہوئی۔ کاغذ و قلم سے ایک مرتبہ پھر رشتہ استوار کرنے پر ہم بھی خوش ہیں۔ "یہ جو عشق ہے" بہت جلد آنچل کے صفحات پر اپنی جگہ بنالے گا۔ البتہ آپ کی ارسال کردہ تحریر "مجھے پاگل کردو" کے لیے ہم معذرت خواہ ہیں۔ کہانی حقیقت سے دور ہونے کے باعث اپنی جگہ نہ بنا سکی۔ دعاؤں کے لیے جزاک اللہ۔

شمیم ناز صدیقی..... کراچی

ڈیئر شمیم! سدا خوش رہیں آپ کی علالت کا سن کر بہت افسوس ہوا اللہ آپ کو صحت کاملہ عطا فرمائے آمین۔ آپ کے ناول "شیشہ دل پہ لکھا تیرا نام" کی اقساط ہمیں موصول ہوگئی ہیں۔ آپ جلد از جلد اس کا اختتام کر کے ہمیں ارسال کردیں جگہ کی کمی کے باعث طویل ناول شائع کرنے سے قاصر ہیں۔ امید ہے آپ تعاون کرتے ہوئے ساتویں حصے میں اس کا اختتام کر کے ارسال کردیں گی۔ دعاؤں کے لیے جزاک اللہ۔

مدیحہ عدنان..... لاہور

پیاری مدیحہ سدا مسکراتی رہو آنچل کی پسندیدگی کا شکریہ آپ کی علالت کا سن کر دل سے بے ساختہ دعا نکلی کہ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت کاملہ عطا فرمائے آپ کے والد گرامی کے انتقال پر ملال کا سن کر بے حد افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور آپ کو صبر جمیل عطا فرمائے آمین۔ تمام قاری بہنوں سے گزارش ہے کہ مدیحہ کے والد محترم کے لیے دعائے مغفرت کریں۔

فریدہ جاوید فری..... لاہور

پیاری فریدہ! سدا ہنستی مسکراتی رہو آپ کو اپنے شعری مجموعہ "پانچواں موسم" اور مجموعہ ناول "لمحہ لمحہ ہو جائے" کی اشاعت و کامیابی پر ڈھیروں مبارک باد۔ ہم دل سے آپ کی کامیابی کے لیے دعا گو ہیں کہ آپ یونہی ترقی کی منازل طے کرتی رہیں اور ایسے خوب صورت جذبات و احساسات کو لفظوں کا پیراہن لے کر ہمیں اپنی نگارشات سے مستفید کرتی رہیں۔

شگفتہ خان..... بھلوال

پیاری شگفتہ سدا مسکراتی رہو ایک مرتبہ پھر آپ نے ہماری خاطر کاغذ و قلم سے رشتا جوڑا اور ہمارے لیے وقت نکالا بہت اچھا لگا۔ والد گرامی کے بارے میں آپ کے جذبات و احساسات پڑھ کر دلی مسرت ہوئی۔ اسی لیے تو بیٹی کو اللہ کی طرف سے رحمت کہا گیا ہے۔ قابل فخر ہے آپ کی محبت۔

فاطمہ عاشی..... جھنگ صدر

فاطمہ ڈیئر سب سے پہلے تو اتنے اچھے نمبروں سے امتحان میں کامیابی پر مبارک باد قبول کرو۔ اللہ تعالیٰ زندگی کے ہر میدان میں کامیاب و کامران کرے۔ آپ کی تحریر ہمیں مل گئی ہے کہانی اور انداز تحریر دونوں ہی متاثر کرنے میں کامیاب رہے لیکن طوالت کے پیش نظر آنچل میں سما نہیں رہی۔ آپ سے گزارش ہے کہ اسی کہانی کو افسانے کے انداز میں لکھ کر بھیج دیں یا پھر اپنی کوئی اور کاوش ارسال کردیں۔ جہاں تک نظم اور نعت کی بات ہے تو باری آنے پر ضرور شائع ہو جائے گی اور ہاں کہانی ان گزارشات کو سامنے رکھ کر لکھیے گا جو "درجواب آں" کے آخر میں دی گئی ہیں۔ دعاؤں کے لیے جزاک اللہ۔

عابدہ سبعین..... ملتان

پیاری عابدہ! سدا خوش رہو آپ کی ساس کے انتقال کی خبر سن کر بے حد افسوس ہوا ہم آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ انہیں جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور ان کے درجات بلند فرمائے آمین۔

نادیہ کامران..... کہوٹہ، سنگوٹ سیداں

ڈیئر نادیہ! خوش رہو اپنی ننھی جاں پر غصہ کر کے ظلم نہ کریں۔ آپ کا تعارف ہمیں موصول ہو گیا ہے باری آنے پر ہی شائع ہوگا آپ سے پہلے جن بہنوں نے ہمیں تعارف بھیجا انہیں بھی آپ ہی کی طرح اتنا انتظار کرنا پڑا آپ امید کا دامن تھامے رکھیے جہاں تک بات ہے شاعری کی آپ اپنی شاعری ہمیں ارسال کردیں شعبے والے ہلکی پھلکی اصلاح کر کے شامل اشاعت کردیتے ہیں بشرطیکہ معیاری ہو امید ہے آپ کی کشتی ہو گئی ہوگی۔

رعیشاء خان..... ملتان

اچھی رعیشاء! خوش رہو آپ نے ہمت کر کے محفل میں شرکت کر ہی لی ہے تو تھوڑا صبر بھی رکھیے آپ کی کہانی ہمیں موصول ہوگئی ہے باری آنے پر پڑھ کے آپ کو رائے سے آگاہ کردیں گے آپ کی شاعری شعبے میں بھیج دی ہے۔ سمیرا شریف، نازیہ کنول نازی، عشناء کوثر، ہما حامل اور اقرا صغیر احمد کو آپ کی تعریف ان سطور کے ذریعے پہنچا رہے ہیں امید ہے آپ مطمئن ہوگی ہوں گی۔

شازیہ فاروق..... رحیم یار خان

اچھی شازیہ! پھولوں کی طرح مسکراتی رہو آپ کی عزیز از کزن و سہیلی فوزیہ کی وفات کا افسوس ہوا۔ سمجھ سکتے ہیں آپ نے کن حالات کا سامنا کیا۔ نجانے کیوں بے حسی اس قدر بڑھ گئی ہے کہ لوگوں کو احساس نہیں مگر مایوسی کفر ہے آپ ہر حال میں اللہ کا شکر ادا کریں۔ ہم دل سے آپ کے لیے دعا گو ہیں اللہ آپ کی تمام مجبوریاں و پریشانیاں دور کرے اور آپ کو صبر و استقامت عطا فرمائے آمین۔ جہاں تک تعلق ہے آپ کی تحریر کا تو ہم معذرت خواہ ہیں آپ کو ابھی کافی محنت کی ضرورت ہے۔ آپ بڑے رائٹرز کی کہانیاں بغور پڑھیں اور اپنا انداز تحریر درست کریں۔ آنچل آپ کی حوصلہ افزائی کے لیے ہمہ وقت آپ کے ساتھ ہے۔

سلطانہ بانو..... تحصیل شاہ کوٹ

پیاری سلطانہ! مسکراتی رہو یہ جان کر بے حد خوشی ہوئی کہ آپ اپنی کم عمری میں لکھنے کا حوصلہ رکھتی ہیں آپ قدم بڑھاتی رہیے آنچل ہر لمحہ آپ کی حوصلہ افزائی کے لیے آپ کے ساتھ ہے۔ مگر پہلے پڑھائی پر پوری توجہ دیں۔ آپ کی کہانی موصول ہوگئی ہے ابھی پڑھی نہیں ہے۔ بہت جلد آپ کو رائے سے آگاہ کردیں گے۔ دعاؤں کے لیے جزاک اللہ۔

شہناز اقبال..... کہروڑ پکا، ضلع لودھراں

ڈیئر شہناز! سدا ہنستی رہو آپ نے تمام نگارشات ہمیں ایک ہی صفحے پر ارسال کردیں جس کی وجہ سے وہ ضائع ہوگئیں۔ آپ آئندہ ہر سلسلے میں شرکت کے لیے الگ صفحے کا استعمال کیجیے گا۔ امید ہے آپ آئندہ خیال رکھیں گی۔ خوش رہیے آپ کی والدہ کو اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا کریں جنہوں نے ہمیں اپنی دعاؤں سے نوازا۔

کنیز ماحی..... بھیرہ

پیاری کنیز! خوش رہو آپ کی تحریر ابھی پڑھی نہیں گئی ہے اور پڑھے بنا ہم کوئی رائے نہیں دے سکتے۔ آپ تھوڑا انتظار کر لیجیے جہاں تک بات ہے شاعری کی تو اس کا فیصلہ شعبے والے ہی کرتے ہیں آپ امید کا دامن تھامے رکھیے امید ہے آپ کی کشتی ہو گئی ہوگی۔

ربیعہ اسوار بٹ..... فیصل آباد

ڈیئر ربیعہ! سدا مسکراتی رہو کافی عرصے بعد آپ کی آمد بھلی لگی اب باقاعدگی سے حاضری لگواتی رہیے گا۔ آنچل آپ کا اپنا ہی ہے۔ اس کے کسی بھی سلسلے میں شرکت کے لیے آپ کو اجازت کی ضرورت نہیں آپ جب چاہیں شامل ہو سکتی ہیں۔ آپ کی تحریر ہمیں موصول ہوگئی ہے۔ باری آنے پر پڑھ کے آپ کو بتا دیں گے۔ دعاؤں کے لیے جزاک اللہ۔

سیدہ کنزی زین..... منڈی بہاؤالدین

اچھی کنزی! خوش رہو آپ کی شکایتیں سر آنکھوں پر آپ کا تعارف بہت جلد شائع ہو جائے گا اور آپ نے یہ کیا بات کردی کہ آپ آنچل کے لیے اہم نہیں آپ سب قاری بہنوں کی چاہت و خلوص سے ہی تو آنچل سب کچھ ہے امید ہے اب آپ کی شکایت دور ہوگئی ہوگی۔ دعاؤں کے لیے جزاک اللہ۔

نادیہ یٰسین..... ساہیوال

پیاری نادیہ! سدا سکھی رہو ہم بالکل ٹھیک ہیں اور آپ سے ناراضی کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا آپ کا خط ہمیں موصول نہیں ہوا تو ہم آپ کو جواب کیا دیتے آپ کا تعارف ہمیں موصول ہو گیا تھا باری آنے کا انتظار کیجیے شائع ہو جائے گا اور افسانہ ایک صفحہ و ایک لائن چھوڑ کر لکھیں اور کم از کم 30 سے 40 صفحات ہوں امید ہے آپ کی کشتی ہوگئی ہوگی۔ آپ ماشاء اللہ حفظ کر رہی ہیں یہ جان کر بے حد خوشی ہوئی اللہ آپ کو آپ کے مقصد میں کامیابی عطا فرمائے آمین دعاؤں کے لیے ہمہ وقت آپ کے ساتھ ہے۔

عفت شعیب..... کراچی

پیاری عفت! سدا مسکراتی رہو آپ کی تحریریں ہمیں موصول ہوگئی ہیں باری آنے پر ہی پڑھ کے ہم آپ کو رائے دے سکیں گے آپ کا خط پڑھ کے اندازہ ہوتا ہے کہ آپ میں لکھنے کی صلاحیت موجود ہے آپ کوشش کر کے پہلے افسانے پر طبع آزمائی کریں اور مختصر لکھیں۔

ثمینہ طاہر بٹ..... لاہور

پیاری ثمینہ! سدا خوش و آباد رہو آپ کی آمد بے حد اچھی لگی آپ نے جن حالات کا سامنا کیا اور سب سنبھالا واقعی قابل تحسین ہے ہماری دعائیں ہمیشہ آپ کے ساتھ ہیں آپ کی تحریر مارچ کے شمارے سے فارغ ہو کر پڑھیں گے اور ہر ممکن حوصلہ افزائی کریں گے اللہ آپ کو زندگی کے ہر امتحان میں کامیابی عطا فرمائے اور آسانی والا معاملہ عطا کرے آمین۔

شکیلہ انجم طارق..... لاہور

پیاری شکیلہ! سدا سکھی رہو آپ کی سالگرہ 23 مارچ کو ہوتی ہے آنچل کی طرف سے سالگرہ بہت بہت مبارک ہو اللہ آپ کو لمبی و عافیت والی عمر عطا فرمائے آمین۔ آپ کا افسانہ معیاری تھا اس لیے شائع ہو گیا امید ہے آپ آگے اس سے بہتر تحریروں سے نوازیں گی آپ کی کہانی موصول ہوگئی ہے بہت جلد آپ کو رائے سے مطلع کر دیا جائے گا۔

آنسہ شبیر..... گجرات

پیاری آنسہ! خوش رہو آپ کی بے پناہ محبت و خلوص کا دل سے شکریہ آپ ہمیں جو جی چاہے کہہ سکتی ہیں اجازت کی ضرورت نہیں آپ اپنی حمد و نعت ہمیں ارسال کر سکتی ہیں کوئی پابندی نہیں، شمارے کے آغاز میں لگائی جانے والی حمد و نعت میں ادارے کی جانب سے کوئی پابندی نہیں۔ تمام قاری اس میں شرکت کر سکتے ہیں۔ نازیہ کنول نازی کو آپ کی تعریف ان سطور کے ذریعے پہنچا رہے ہیں۔ آپ کی تجویز نوٹ کر لی ہے دعاؤں کے لیے جزاک اللہ۔

زلیخا..... ضلع راولپنڈی

اچھی زلیخا! خوش رہیں یہ جان کر خوشی ہوئی کہ آپ ادب کی

www.pdfbooksfree.pk

دنیا میں قدم رکھنا چاہتی ہیں۔ شاعری میں اصول' ردیف' قافیہ' مطلع' مقطع اور وزن سے واقفیت ہونا بہت ضروری ہے۔ شاعری پڑھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ ابھی آپ شاعری کے بنیادی اصولوں سے ناواقف ہیں اور اس کے لیے آپ کو کسی استاد کی ضرورت ہے۔ بہتر ہے غالب' جون ایلیا اور فیض احمد فیض کی کتب کا بغور مطالعہ کریں اور ہاں آئندہ اپنے شہر کا نام لکھنا نہیں بھولیے گا۔

### علمہ شمشاد حسین...... کورنگی، کراچی

پیاری علمہ مسکراتی رہو آپ کا خفا خفا سا انداز' شکوے شکایات سے بھرپور خط ہمیں پسند آیا آپ کا گلہ سر آنکھوں پر نام میں ہونے والی غلطی پر ہم معذرت خواہ ہیں۔ جہاں تک آپ کی تحریر کا تعلق ہے تو اس کا موضوع بہت عام سا تھا آپ کسی معاشرتی و اصلاحی پہلو پر قلم اٹھایئے۔ غزلیں نظمیں متعلقہ شعبے کو پہنچادی جاتی ہیں رد و قبول کا فیصلہ وہیں ہوتا ہے۔ شاعری اگر معیاری ہوگی تو دیر سے ہی پر ضرور شامل اشاعت ہوگی امید ہے آپ کی تشفی ہوگئی ہوگی۔

### ثوبیہ رحمان...... کمالیہ

پیاری ثوبیہ' جگ جگ جیو۔ آپ کے آنچل سے اتنے پیار بھرے اور والہانہ تعلق کے بارے میں پڑھ کر اچھا لگا۔ آپ کو پہلی مرتبہ شرکت پر خوش آمدید۔ آپ کی تحریر ابھی پڑھی نہیں گئی بہت جلد آپ کو اس کے بارے میں آگاہ کردیا جائے گا۔

### محمد ثقلین...... سیالکوٹ

برادر محترم! آنچل پسند کرنے کا شکریہ۔ یہ جان کر بہت خوشی ہوئی کہ آنچل کی تحریروں نے آپ کے اندر چھپے رائٹر سے بھی اظہار خیال کروالیا اور آپ کی ذہنی و تخلیقی صلاحیتوں کو پلیٹ فارم مل گیا۔ آپ کی تحریر "آخری خط" آنچل ہی کے زیر طباعت شائع ہونے والے دوسرے ماہنامے "نئے افق" مارچ 2013ء کے شمارے میں شائع کردی گئی ہے۔ ہماری طرف سے بھی آپ کو ڈھیروں مبارک باد قبول ہو۔ جی بالکل آپ اپنی تحریر ای میل کے ذریعے بھیج سکتے ہیں۔ ای میل ایڈریس آپ کو آنچل ڈائجسٹ میں فہرست کے آخر میں مل جائے گا۔ اس ایڈریس پر آپ "نئے افق" لکھ کر بھیج دیجیے گا۔

### نگہت شہزادی...... ضلع بہاول پور

پیاری شہزادی' خوش رہو۔ پچھلے چار سال سے آپ آنچل کی خاموش قاری ہیں اور اب یہ خاموشی ٹوٹی ہے تو بہت اچھا لگا۔ آنچل کی محفل میں خوش آمدید۔ اچھا لکھنے کے لیے محنت و وسیع مطالعہ اور مسلسل کوشش کی ضرورت ہوتی ہے۔ یاد رکھیں ناکامی ہی کامیابی کا زینہ ہے۔ ان شاءاللہ بہت جلد آپ کا شمار بھی اچھے لکھنے والوں میں ہوجائے گا۔

### سندر یاد...... ستیانہ

اچھی سندر' سدا خوش رہو۔ ایم فل کرنے کا خواب شرمندہ تعبیر نہ ہوسکا پڑھ کر افسوس ہوا۔ آپ کی بات بالکل ٹھیک ہے آج کل تعلیم حاصل کرنا بھی غریب کے بس کی بات نہیں۔ جہاں تک آپ کے خواب کی بات ہے تو بظاہر یہی لگتا ہے کہ آپ اپنے اصل مقاصد سے دور ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو راہ راست پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے آمین۔

### ہما شیراز...... سرگودھا

پیاری ہما' شاد و آباد رہو۔ آنچل پڑھنے کے لیے آپ کو بہت سی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے لیکن پھر بھی آپ وقت نکال کر آنچل تک رسائی حاصل کرتی ہیں آپ کا یہ شوق یہ لگن پسند آئی۔ آپ کی کہانی کے بارے میں ابھی کچھ بھی کہنا قبل از وقت ہوگا۔ آپ کے خطوط جس تاریخ کو بھی ملیں ہم انہیں پڑھتے ضرور ہیں۔ البتہ تاخیر سے وصول ہونے کی صورت میں جواب نہیں دے پاتے۔ آپ تعریف کریں یا تنقید ہمارے لیے دونوں ہی اہم اور ضروری ہیں۔

### فوزیہ اکبر ثناء...... اسلام آباد

پیاری فوزیہ! سلامت رہو۔ جو تو نہیں تھا شریک محفل اداس تھا ہمارا آنچل۔ دس سال بعد آمد پر خوش آمدید ایسا لگتا ہے کہ جیسے کوئی اپنا عرصے بعد اچانک لوٹ آیا ہو۔ اگر آنچل نے آپ کو پھر سے قلم اٹھانے پر مجبور کرہی دیا ہے تو اب لفظوں سے یہ تعلق برقرار ہی رکھیے گا۔ آپ کی تحریر ہمیں موصول ہوگئی ہے۔ بہت جلد پڑھ کر ہم آپ کو اس کے بارے میں آگاہ کردیں گے۔ آئندہ بھی رونق بخشتی رہیے گا۔

### ماریہ ارشد...... چک 28 جنوبی سرگودھا

اچھی ماریہ خوش رہو آپ کے دلی جذبات واحساسات اور طنز و مزاح سے بھرپور خط پڑھ کر بہت مزہ آیا۔ آپ کے اس انداز نے لبوں پر مسکراہٹ بکھیر دی۔ آپ پڑھائی سے فارغ ہونے کے بعد آنچل پڑھ لیا کریں تا۔ ڈانٹ سے بچ جائیں گی اور ہاں کمپیوٹر کا ٹیسٹ کیسا ہوا' کچھ یاد آیا؟ دعاؤں کے لیے جزاک اللہ۔

### مہرین آصف...... سہلہ آزاد، کشمیر

ثریا سدا مسکراتی رہو۔ فرحت آپا کے لیے آپ کے جذبات قابل تحسین ہیں۔ ان کی کمی نہ صرف ہمارا ادارہ آنچل بلکہ قارئین بھی آج تک محسوس کرتے ہیں اور یہ کمی ہمیشہ رہے گی۔ آپ کی تحریر ہمیں مل چکی ہے۔ بہت جلد پڑھ کر اس کے بارے میں آپ کو آگاہ کردیا جائے گا۔ آپ کی تجاویز پر عمل کرنے کی کوشش کریں گے۔ ہماری دعائیں آپ کے ساتھ ہیں ثریا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو کامیاب کرے اور آپ کی نانی اماں کو صحت کاملہ عطا فرمائے آمین۔

### عشرت سید...... حیدر آباد

پیاری عشرت شاد رہو آپ کا چاہتوں اور محبتوں سے گندھا یہ انداز تحریر بہت پسند آیا۔ پہلے نہ سہی لیکن اب تو آپ سے نصف ملاقات ہوگئی ہے نا۔ آپ کی غزل متعلقہ شعبے تک بھیج دی گئی ہے۔ رد و قبول کا فیصلہ وہیں طے پائے گا۔ دعاؤں کے لیے جزاک اللہ۔

### مشترکہ جوابات:

☆ اچھی ہادیہ! جانے والے چلے جاتے ہیں مگر اپنی یادیں دلوں میں چھوڑ جاتے ہیں۔ فرحت آپی تاقیامت ہم سب کے دلوں میں زندہ رہیں گی۔ اللہ انہیں جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے آمین۔ ہم آپ کو دوبارہ خوش آمدید کہتے ہیں آپ بالکل اپنا تعارف و کہانی ہمیں ارسال کرسکتی ہیں۔ آپ کی نظم شعبے کو بھی دی گئی ہے۔ ☆ پیاری بلوشہ! آپ کی کہانی موصول ہوگئی ہے ابھی پڑھی نہیں گئی ہے اگر ذرا سی بھی گنجائش ہوئی تو ہم آپ کی حوصلہ افزائی ضرور کریں گے۔ اچھی رائٹر بننے کے لیے آپ اپنا مطالعہ وسیع کریں۔ ☆ اچھی شہناز! آنچل کی محفل میں خوش آمدید یہ آپ کا اپنا ہی رسالہ ہے آپ ہم سے سب کچھ شیئر کرسکتی ہیں۔ ہم آپ کی حوصلہ افزائی کریں گے۔ ☆ پیاری ریحانہ! خوش رہو آپ کے والد صاحب کے انتقال کا سن کر بے حد افسوس ہوا اللہ انہیں جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے آمین۔ ☆ ڈیئر عکس! پہلی بار آنچل کی محفل میں شرکت کرنے پر خوش آمدید آپ کی کامیابی کے لیے ہم بھی دل سے دعا گو ہیں اللہ آپ کو کامیابی عطا فرمائے اور کراچی کو امن و سلامتی کا گہوارہ بنائے' آمین۔ ☆ شجاع بھائی! دیگر سلسلوں میں شرکت کے لیے نگارشات کا معیاری ہونا لازمی ہے۔ آپ اقتباس و انتخاب ارسال کردیا کریں۔ دعاؤں کے لیے جزاک اللہ۔ ☆ پیاری عشرت! آنچل کی محفل میں پہلی بار شرکت پر خوش آمدید۔ ☆ پیاری مدیحہ! آپ کی کہانیاں ہمیں موصول ہوگئی ہیں باری آنے پر پڑھ کر آپ کو ادارے سے آگاہ کردیں گے۔ ☆ اچھی امتثال! خوش رہو آپ کا افسانہ "بے خبری کا سکھ" بہت جلد آپ کو آنچل کے صفحات پر نظر آئے گا۔ جبکہ "دوستی ایسا ناتا" کے لیے ہم معذرت خواہ ہیں۔ اس کا موضوع بہت پرانا ہے۔ ☆ ڈیئر غزالہ جلیل! آپ کو اپنے انتخاب کی کتاب "بچھڑنے سے ذرا پہلے" کی اشاعت پر مبارک باد۔ آپ نے بہت سے شعرا کرام کو ایک ہی پلیٹ فارم پر جمع کرنے کی بہترین کاوش کی ہے۔ آپ کی تحریر بھی موصول ہوگئی ہے۔ بہت جلد آپ کو ادارے سے آگاہ کردیا جائے گا۔ ☆ ڈیئر نبیلہ! آپ کی کہانی و شاعری موصول ہوگئی ہے۔ بہت جلد پڑھ کر آپ کو ادارے سے آگاہ کردیا جائے گا اور کہانی کے شائع ہونے کے لیے کسی سفارش کی نہیں بلکہ تحریر کے معیاری ہونے کی شرط لازمی ہے۔ ☆ اچھی ماریہ! آپ کے بیٹے کے لیے دل سے دعا گو ہیں اللہ اسے صحت کاملہ عطا فرمائے آمین۔ آپ کی کہانی موصول ہوگئی ہے۔ باری آنے پر پڑھ کر آپ کو بتادیں گے۔ ☆ پیاری شہزادی! سدا شہزادیوں کی طرح راج کرو آپ ہر کہانی ایک صفحہ وائن چھوڑ کر اسی پتا پر ارسال کردیجیے آنچل منگوانے کے لیے آپ دفتر کے نمبر پر رابطہ کریں۔ ☆ مسز عبدالرحمان! یہ سب آپ بہنوں کی محبتیں و خلوص ہی ہے جس کی وجہ سے آنچل کامیابی کی منازل طے کرتا جارہا ہے۔ آپ کی پسندیدگی کا تہہ دل سے شکریہ آپ کی تجویز ہم نے نوٹ کرلی ہے۔ "زرد موسم کے دکھ" منگوانے کے لیے آپ مکتبہ القریش لاہور سے رابطہ کریں۔ ☆ پیاری راشدہ اور کرن! آنچل کی محفل میں پہلی بار شرکت کرنے پر خوش آمدید۔

### ناقابل اشاعت:

میرا قصور' تم وہ پہلی لڑکی ہو' وہ ادھوری سی لڑکی' پھوار' بازگشت لفظوں کی' انا' پیار تو ہونا ہی تھا' چائلڈ لیبر' بے بس' محبت کے سفر میں' سپنوں بھرے نین' کچھ فیصلے' صلہ' انجام' عشق کسی کی ذات نہیں' آنچل کی ڈبل خوشی' بدلتی رت' سرد سائباں' بیتے دنوں کی مسافتیں' کرنی کا پھل' جادو تیری نظر' حیا کی پاسداری' ستم آرزو' نفرتیں ختم محبت شروع' پختہ عزم' کوئی مل گیا' کامیابی کا ایک قدم' بے بس لڑکی' عشق آتش' زندگی کی تلاش میں' بس اک خواب' دلہن' بلاعنوان' ان اللہ مع الصابرین' سہانی شام' صد شکر' روشن چراغ بجھ گیا' پاکیزہ محبت' مجھے عشق ہے' درد' چھوڑے دا حال' محبت روٹھتی نہیں' گناہ کا ادراک' دہلیز کے پار' رنگ آشنائی' بچھڑیں گے اب کیسے' زندگی کا کھیل۔

### مصنفین سے گزارش

☆ مسودہ صاف خوش خط لکھیں۔ حاشیہ لگائیں صفحہ کی ایک جانب اور ایک سطر چھوڑ کر لکھیں اور صفحہ نمبر ضرور لکھیں اور اس کی فوٹو کاپی کرا کر اپنے پاس رکھیں۔

☆ قسط وار ناول لکھنے کے لیے ادارہ سے اجازت حاصل کرنا لازمی ہے۔

☆ نئی لکھاری بہنیں کوشش کریں پہلے افسانہ لکھیں پھر ناول یا ناولٹ پر طبع آزمائی کریں۔

☆ فوٹو اسٹیٹ کہانی قابل قبول نہیں ہوگی۔

☆ کوئی بھی تحریر نیلی یا سیاہ روشنائی سے تحریر کریں۔

☆ مسودے کے آخری صفحہ پر اپنا مکمل نام پتا خوشخط تحریر کریں۔

☆ اپنی کہانیاں دفتر کے پتا پر رجسٹرڈ ڈاک کے ذریعے ارسال کیجیے۔

www.pdfbooksfree.pk



# امام اعظم ابوحنیفہؒ

مولف: مشتاق احمد قریشی

## تقلید

تقلید کسی ایسے قول کی پیروی کرنے کو کہتے ہیں جس کی دلیل و حجت سے مقلد یعنی پیروی کرنے والا واقف نہ ہو۔ یعنی انسان کسی دوسرے کے قول و فعل کو درست مان کر کسی دلیل و تامل کے بغیر اس کا اتباع یعنی پیروی کرے۔ تقلید اجتہاد کی ضد ہے۔

اتباع اور تقلید میں بہت ہی باریک سا فرق ہے۔ اتباع میں پیروی سوچ سمجھ کر اس کے اغراض و مقاصد سے واقف ہو کر کی جاتی ہے جبکہ تقلید کی روح محض حسن ظن ہے۔

کہا جاتا ہے کہ تقلید کی ابتداء اُس زمانے میں ہوئی جس زمانے میں مسالک فقہ کی تدوین ہوئی حالانکہ ایسا نہیں، کیونکہ حضرات صحابہ کرام کے دور سے اس کی ابتداء ہو چکی تھی، کیونکہ تمام صحابہ کرام مجتہد نہ تھے جو مجتہد نہ تھے وہ مجتہد صحابہ کے مقلد تھے۔ تقلید کے اسباب میں اہم ترین سبب مجتہدانہ صلاحیتوں کا فقدان ہے تیسری صدی کے بعد جب اجتہاد قطعی ختم ہو گیا۔ فقہائے متاخرین اور عوام کے لیے کوئی چارہ نہ رہا کہ وہ اکابرین متقرین کی تقلید کے قائل ہو جائیں۔

حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ نے تقلید کی دو اقسام بیان فرمائی ہیں۔

(۱) تقلید واجب (۲) تقلید حرام

تقلید واجب یہ ہے کہ جب اگر کوئی شخص کتاب و سنت سے ناواقف ہو اور تتبع یعنی نقل یا پیروی سے ناواقف ہو اور استنباط یعنی کسی بات سے بات نکالنا بھی نہ جانتا ہو تو اسے چاہئے کہ کسی متقی عالم سے پوچھ لے کہ فلاں سلسلے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کیا حکم ہے اور جب اسے معلوم ہو جائے تو اس پر عمل کرے۔ یہ عمل کرنا تقلید واجب اور جائز ہوگا۔ اس قسم کی تقلید میں یہ ضروری ہے کہ کسی مجتہد کے قول پر اس شرط پر عمل کیا جائے۔ جبکہ وہ سنت کے مطابق ہو اور پھر اگر اسے تحقیق کرنے پر معلوم ہو جائے کہ وہ قول سنت کے مطابق نہیں ہے تو اسے چھوڑ دے اور حدیث کے مطابق عمل کرے جیسا کہ خود امام اعظم حضرت امام ابوحنیفہؒ کا قول ہے اگر میری کوئی بات حدیث سے ٹکراتی ہو تو اسے پتھر پر دے مارو یعنی فوراً چھوڑ دو۔

تقلید حرام۔ اگر قطعی حجت مل جانے کے باوجود کوئی ایسا عمل یا کسی کی پیروی کی جائے جو خلاف سنت اور خلاف شریعت ہو تو ایسی تقلید ممنوع ہے اس کی شرع میں کوئی اصل نہیں۔ وجوب تقلید کی تائید میں یہ بات کہی جا سکتی ہے کہ صرف قرون اولیٰ کے فقہا میں ہی حقیقی نظر تیز فہم اور وسعت نظر وسعت علم اور درایت پائی جاتی تھی جو مسائل کے فقہی حل کے لیے ضروری ہوتی ہے۔ وہی لوگ ان مسائل کے بارے میں اپنی آزادانہ رائے قائم کر سکتے تھے یعنی آئمہ اربعہ ہی اس معیار و کسوٹی پر پورے اترتے تھے۔ شاید یہی وجہ ہے ان کے بعد اجتہاد کا دروازہ بھی بند کر دیا گیا۔

## اجتہاد

اجتہاد ایسی کوشش کو کہا جاتا ہے جو فقہ کے مسائل حل کرنے اور کوئی حکم شرعی تلاش کرنے کے لیے قرآن و



سنت کے دائرے میں رہتے ہوئے کوئی رائے قائم کی جائے۔ یعنی جب کسی مسئلے کا حل قرآن و سنت سے نہ ملے تو اسلامی احکامات اور صراط مستقیم کے پیش نظر قیاس لگانے اور ظن غالب قائم کرنے کا نام اجتہاد ہے۔ ساتھ ہی ہمیں یہ بھی سمجھ لینا چاہئے کہ اجتہاد کیا ہے؟ مجتہد کون ہے اور مقلد کسے کہتے ہیں؟ ذیل میں مختصراً ان تینوں کی تفصیل پیش کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اجتہاد اس کوشش کا نام ہے جب کسی مسئلے کا حل قرآن اور سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نہ ملے تو اسلامی احکامات اور صراط مستقیم کو پیش نظر رکھتے ہوئے قاضی وقت اپنی رائے کے مطابق مسئلے کو حل کرے۔

(۱) کتاب و سنت کی روشنی میں اجتہاد رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مرضی کے عین مطابق ہے۔

(۲) اجتہاد حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کے ساتھ ہی مخصوص نہیں (آئندہ صفحات میں حدیث منقول ہے) بلکہ ہر اس شخص کے لیے ہے جو فیصلہ کرنے کے منصب پر فائز ہو۔ یعنی قاضی یا امام کے لیے اجتہاد سے کام لینا عین اسلام کے مطابق ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک حدیث ہے۔

اگر کوئی قاضی اپنے اجتہاد سے کوئی فیصلہ کرے تو اس کے لیے دو اجر ہیں (ایک صحیح ہونے کا دوسرا اجتہاد کا اور اگر وہ اجتہادی فیصلے میں غلطی کر جائے تو اسے ایک اجر ملے گا، صرف اجتہاد کا (ابوداؤد)

اس حدیث سے یہ حقیقت واضح ہوتی ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایسے حکام قضاۃ کو اجتہاد کی ترغیب دیتے ہیں اور خطا کے خوف سے بے پرواہی کر کے ایک اجر کی بشارت دیتے ہیں۔

اجتہاد دراصل ایک فن ہے جس کے کچھ اصول مرتب ہیں اس کا ایک فنی پہلو یہ ہے کہ مجتہد قرآن و سنت، اصول فقہ، اقوال، فیصلوں اور آراء سے پوری طرح باخبر ہو اور جانتا ہو کہ الفاظ میں اشتراک معنی کس طرح ہوتا ہے اور ایک ہی بات سے مختلف مفہوم کیوں کر نکالے جا سکتے ہیں اور وہ عبارت آرائی کے حسن سے بھی پوری طرح واقف ہو۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد خلفائے راشدین جس راہ پر چلے اور حکومت کے معاملات چلائے وہ اجتہاد کا ہی راستہ تھا جب انہیں قرآن و سنت سے کوئی راہ نہ ملتی تو وہ اجتہاد سے ہی کام لیتے تھے۔

مولانا رئیس احمد اپنی کتاب سیاست شرعیہ میں لکھتے ہیں کہ اجتہاد اسلام کا سب سے بڑا تحفہ ہے جو اس نے دنیائے انسانیت کو عطا کیا ہے۔ یہی وہ چیز ہے جس نے مسلمانوں کو مختصر سے عرصے میں دنیا پر حکمرانی حاصل کرا دی۔

مولانا جعفر شاہ پھلواریؒ اپنی کتاب ''اجتہادی مسائل'' میں ایک سوال۔ کیا اجتہاد کا دروازہ ہمیشہ کے لیے بند ہو گیا کے جواب میں لکھتے ہیں۔ ''ہم ہرگز یہ نہیں کہتے کہ ہر کس و ناکس کو اجتہاد کا حق حاصل ہے۔ اجتہاد وہی لوگ کریں گے جو اس دور کے ارباب حل و عقد ہوں اور وہ حل و عقد بھی ان ہی مسائل کے ہوں جن میں اجتہاد مطلوب ہو۔ یہ کہنا درست نہیں ہے کہ اجتہاد کا حق صرف مولوی کو ہی حاصل ہے۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ایک تحریر قاضی شریح کو لکھی۔ 'اے شریح! تم کتاب اللہ کے مطابق فیصلے کرو۔ اگر وہاں نہ ہو تو سنت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے فیصلے کرو۔ اگر ان دونوں میں بھی نہ ہو تو صالحین کے فیصلوں کے مطابق کرو۔ اور اگر صالحین کے فیصلے بھی نہ ہوں تو خواہ بروقت خود ہی فیصلہ کر لو یا ذرا غور و فکر کے بعد کرو۔ میری رائے میں تمہارے لیے غور و فکر کر لینا بہتر ہے۔''

حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے فرمان سے جو بات واضح ہو رہی ہے وہ کچھ اس طرح سے ہے۔

(۱) قرآن حکیم کو ہر حال میں مقدم رکھنا چاہئے۔

www.pdfbooksfree.pk

(۲) قرآن کریم کے بعد سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں مسئلے کا حل تلاش کرنا چاہئے۔
(۳) اگر سنت میں بھی حل نہ ہو تو صالحین کے فیصلوں سے استفادہ کرنا چاہئے
(۴) اپنے غور و فکر کو کام میں لانا چاہئے۔
(۵) اجتہاد میں جلدی نہیں کرنی چاہئے۔
(۶) اگر کہیں سے کوئی حل نہ ملتا ہو تو اپنے قیاس سے کام لے کر اجتہاد کرنا چاہئے۔
(۷) اجتہاد کا دروازہ بند نہیں ہوا۔

جس دور میں اجتہاد کا دروازہ بند کیا گیا۔ اس وقت اس کے سوا کوئی چارہ نہیں تھا کیونکہ اختلاف و تضادات پیشتھے۔ کم علم و فہم کا ہر شخص مجتہد بن کر گمراہی پھیلا رہا تھا ایسی حالت میں اجتہاد کا دروازہ بند کرنے سے امت بڑے انتشار سے بچ گئی۔

**مجتہد:** دینی مسائل میں اجتہاد کرنے والے شخص کو مجتہد کہا جاتا ہے۔ بعض اوقات کسی شخص کو اس کی دینی بصیرت اور علم کی وجہ سے مسلمان اسے اس مرتبے پر فائز کرتے ہیں۔ بعض اوقات حکومت کسی شخص کو مقرر کر دیتی ہے۔ اہل سنت آئمہ اربعہ کو مجتہد مانتے ہیں کیونکہ انہوں نے فقہی مسائل میں اجتہاد کیا تھا۔ شیعہ حضرات ہر زمانے میں اپنے لیے ایک مجتہد مقرر کرتے ہیں اس کی رائے اہل تشیع کے لیے حتمی ہوتی ہے۔ اجتہاد ہر شخص کے لیے جائز نہیں۔ اجتہاد کرنے کے لیے ان مخصوص صلاحیتوں کا ہونا لازمی ہے جو مجتہد کو اس قابل بنائیں۔ مجتہد کے لیے ضروری ہے کہ وہ صاحب الرائے ہو۔ صاحب فراست اور انصاف پسند اور پاکیزہ اخلاق کا مالک ہو اور احکام کو سمجھنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہو یعنی دلائل شرعیہ اور استنباط احکام کے طریقوں سے پوری طرح واقف ہو۔ تفسیر قرآن۔ ناسخ و منسوخ کی حقیقت کو پوری طرح سمجھتا ہو اور مقاصد شریعت سمجھنے کی مہارت رکھتا ہو۔ مجتہدین کئی اقسام کے ہوتے ہیں۔ تقریباً چار اقسام معروف ہیں۔

**مقلد:** مسلمانوں کا ایسا گروہ جو یہ سمجھتا ہو کہ چاروں اماموں کے بعد اجتہاد کا دروازہ بند ہو چکا ہے اور ان میں علماء بھی شامل ہوں ان کے لیے چاروں آئمہ فقہ حضرت امام مالکؒ حضرت امام ابوحنیفہؒ حضرت امام شافعیؒ اور امام احمد بن حنبلؒ میں سے کسی ایک کی تقلید یعنی پیروی کرنا واجب ہے۔ چھٹی صدی ہجری میں دولت عباسیہ کے آخری دور میں اجتہاد کا جوش و خروش کم ہو گیا۔ یہاں تک کہ تیرہویں صدی میں ہلاکو خان کے ہاتھوں سقوط بغداد کے بعد علمائے اہل سنت نے مذہب میں بے جا قطع و برید کے خوف سے باتفاق رائے اجتہاد کو موقوف کرنے اور صرف چار مسالک کا اتباع کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ عربی ثقافت آہستہ آہستہ زوال پذیر ہوتی چلی گئی جس کے باعث تقلید کا عام رواج ہو گیا اور فقہی اجتہاد ختم ہو گیا اور مسلمان اوہام پرستی، بے بنیاد معتقدات میں الجھتے چلے گئے جس کے باعث مسلمانوں کا زوال انتہا کو پہنچ گیا (الاحکام۔ آمدی) اس وقت ہر شخص جسے علم فقہ پر دسترس بھی نہیں ہوتی تھی چند سنی سنائی باتوں کے حوالے سے بغیر کافی علم و دانش کے اپنی رائے فقہ میں داخل کرنے لگا اس طرح مذہب میں انتشار کا خطرہ پیدا ہونے لگا تب ہی علمائے کرام نے فیصلہ کیا اور ائمہ اربعہ کی رائے کو حرف آخر ماننے کا فیصلہ کیا گیا۔ اس طرح آئمہ اربعہ کے اجتہاد کو اسلامی فقہ میں بڑی اہمیت حاصل ہو گئی۔ مقلد یا مقلدین کے مقابلے میں دوسرا گروہ غیر مقلدین کا ہے جو آئمہ اربعہ کی فقہ اور اجتہاد کو تسلیم نہیں کرتا اور براہ راست احادیث سے مسائل کا استنباط کرنے کا دعویٰ کرتا ہے۔



## فقہ کیا ہے؟

اسلامی نظام اور معاشرے کے قیام کے لیے یہ بہت ضروری اور اہم بات ہے کہ ہر طرح کی قانون سازی اور معاملات کے حل کے لیے کتاب اللہ یعنی قرآن کریم سے رجوع کیا جائے اس کے بعد سنت رسول کریم صلی اللہ علیہ سے اور اگر کبھی کسی نے اللہ اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے بے نیاز ہو کر خود مختارانہ روش اختیار کی یا اپنی رائے کو اللہ اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے احکام پر مقدم جانا تو اسے یہ سمجھ لینا چاہئے کہ ہمارا مالک و آقا بڑی قوت والا اقتدار والا ہے جو ہماری ہر بات ہماری نیتوں کے حال تک سے پوری طرح واقف ہے۔ اسلامی نظام حیات اور قوانین کے نفاذ و اصلاح کے لیے ایک حدیث مسند احمد، ابوداؤد، ترمذی اور ابن ماجہ سے درست اسناد کے ساتھ منقول ہے۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو یمن کا حاکم عدالت بنا کر بھیج رہے تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے دریافت کیا کہ ''تم کس چیز کے مطابق فیصلے کرو گے؟'' انہوں نے عرض کیا ''کتاب اللہ کے مطابق۔'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر دریافت فرمایا۔ ''اگر کتاب اللہ میں کسی معاملے کا حکم نہ ملے تو کس چیز کی طرف رجوع کرو گے؟'' انہوں نے عرض کیا۔ ''سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف۔'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا۔ ''اگر اس میں بھی کچھ نہ ملے تو؟'' انہوں نے کہا پھر میں خود اجتہاد کروں گا۔'' اس پر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے سینے پر ہاتھ رکھ کر فرمایا۔ ''شکر ہے اللہ کا جس نے اپنے رسولؐ کے نمائندے کو وہ طریقہ اختیار کرنے کی توفیق بخشی جو اس کے رسول کو پسند ہے۔'' (ترمذی۔ ابوداؤد) نبی کریم کی حدیث سے ہی اجتہاد کی راہ ہموار ہوئی جو آگے چل کر فقہ کی بنیاد بنی۔

امام ابوحنیفہؒ کا قول ہے کہ جب کوئی مسئلہ کتاب اللہ میں نہ ملے نہ سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں تو میں اقوال صحابہ پر غور کرتا ہوں اور اقوال صحابہ کے سامنے کسی کے قول کو قابل اعتنا نہیں سمجھتا۔ ہمارا علم رائے ہے میرے نزدیک یہی سب سے بہتر ہے جو شخص اس کے علاوہ کسی اور رائے کو بہتر سمجھے تو اس کے لیے اس کی رائے اور ہمارے لیے ہماری رائے جس طرح مجھ سے پہلے حضرات نے اجتہاد کیا میں بھی کرتا ہوں۔

لغوی اعتبار سے لفظ فقہ کے معنی فہم و ادراک کے ہیں (التوبہ۔ ۸۷) اور ان کے دلوں پر مہر لگا دی اب وہ کچھ نہیں سمجھتے۔ یہی معنی قرآن کریم میں کئی مقامات پر مذکور ہیں اور اصطلاح شرع میں فقہ مخصوص فہم سے حاصل کردہ اس علم کو کہتے ہیں جو قرآن حکیم اور سنت رسول کریم صلی اللہ علیہ سے ماخوذ ہو۔ اصطلاح شرع میں فقہ کا لفظ علم دین کے لیے مخصوص ہے اس لیے علم فقہ کا عالم فقیہہ کہلاتا ہے۔ (بحر الرائق) علامہ زمخشریؒ نے فقہ اور فقیہہ کی تعریف اس طرح بیان کی ہے فقہ کے معنی شق اور فتح کے ہیں اور فقیہہ اس عالم کو کہتے ہیں جو قرآن و سنت کے احکام میں چھان بین کر کے ان کے حقائق معلوم کر کے اور مشکل مقامات کو کھول کر آسان کر دے۔ علماء فقہ کے نزدیک فقہ ان فروعی احکام شرعیہ کا علم ہے جو تفصیلی دلائل سے ماخوذ ہو۔ یعنی فقہ عدل و انصاف کا فن ہے اور احکام شرعی کا علم ہے اور اسلامی دین اور معاملات دونوں پر مشتمل ہے۔

علامہ ابن اثیرؒ نے بھی فقہ کی تعریف تقریباً ان ہی الفاظ میں کی ہے وہ تحریر کرتے ہیں کہ فقہ کے معنی کسی شے کو چیرنا اور کھولنا۔ عمومی طور پر اعمال شرعیہ کے مسائل کے علم کو علم فقہ کہتے ہیں۔ الفقہ علم بالمسائل الشرعیہ فقہا علم فقہ کی تعریف میں بیان کرتے ہیں۔ یہ ان فروعی احکام شرعیہ کا علم ہے جو تفصیلی دلائل سے ماخوذ ہوں۔

(جاری ہے)

www.pdfbooksfree.pk



# ماریہ بی بی

ملیحہ احمد

السلام علیکم! قارئین آپ سب کو سلام محبت قبول ہو' ماہ بدولت کا نام ماریہ بی بی ہے' تعلق ایبٹ آباد ہزارہ کے گاؤں گھمانواں سے ہے جو کہ بے حد خوب صورت ہے جو اتنے پیارے پاکستان کے گوشوں میں سے ایک گوشہ ہے' تاریخ پیدائش ہے 6 فروری ابھی حال میں ہی BSC فرسٹ ڈویژن میں کلیئر ہوا ہے۔ ماں باپ' بڑی امی اور بزرگوں کی دعائیں ہیں۔ ہم تین بہن بھائی ہیں' بدقسمتی سے میرا نمبر پہلا ہے۔ بدقسمتی ایسے کہ میرا کوئی بڑا بھائی اور بہن نہیں ہے۔ بڑے بھائی کی کمی شدت سے محسوس ہوتی ہے۔ مجھے چوڑیاں' مہندی بے حد پسند ہے۔ رنگوں میں کاسنی' گلابی اور کالا اور سفید امتزاج دل کو بھاتا ہے۔ خوش مزاج انسان بے حد اچھے لگتے ہیں۔ موسیقی اچھی لگتی ہے مگر بے حد نہیں۔ اقبال کی شاعری اور ٹھنڈی سرد سیاہ راتوں اور اداس شاموں' ڈوبتے سورج' بارش اور پاک آرمی سے عشق ہے۔ پہاڑوں کی باسی ہوں تو پہاڑوں سے محبت تو خون کا حصہ ہے۔ فیض' جالب اور وصی شاہ بھی بہت متاثر کرتے ہیں۔ خواب ایک ہے لیکن بے حد عجیب وغریب' سن کر ہنسنا منع ہے۔ میرا دل کرتا ہے کہ K-2 کی چوٹی پر میرا گھر ہو' میری دوست اس بات پر بہت ہنستی ہیں' دوست بنانے کا بے حد شوق ہے' آپ سب کی طرف دوستی کا ہاتھ بڑھاتی ہوں۔ خامیوں اور خوبیوں کے بارے میں اب اپنے منہ سے کیا کہوں' پہلی چیز خود کو دکھائی نہیں دیتی اور دوسری لوگوں کو' خیر اب اتنا بھی گیا گزرا سمجھنا منع ہے۔ غصے کی بے حد تیز ہوں لیکن فوراً اترتا ہے نا اترے تو پھر دل اس شخص کی طرف سے کبھی صاف نہیں ہوتا (جھوٹ..... بولتی ہوں) دوست جو اب ساتھ نہیں بے حد یاد آتی ہیں کیونکہ دل میں رہنے والے لوگ کبھی نہیں بھولتے۔ کوشش کرتی ہوں کسی کا دل نہ دکھاؤں لیکن سو فیصد کامیاب نہیں ہو پاتی۔ غلطی ہو تو ڈانٹ سن لیتی ہوں نہ ہو تو ایک لفظ برداشت کرنا مشکل ہوتا ہے۔ (برداشت تھوڑا ور کریں ابھی کچھ کہنا باقی ہے) اپنے ملک سے بے حد محبت ہے' اس کے بارے میں ایک لفظ سننا عذاب لگتا ہے۔ پاکستان کے ہر ذرّے سے محبت ہے۔ سوات' کاغان اور چترال کی وادیوں سے عشق ہے۔ تھوڑی بہت شاعری کر لیتی ہوں (ناقابل اشاعت میری دوستوں کا خیال ہے) فارغ اوقات میں کتابیں پڑھنا بے حد پسند ہے اور ویک اینڈ پر اپنی دوست کے ساتھ لمبی واک عادت ہے۔ باغبانی سے لگاؤ ہے' پھول اور پودے ہرے بھرے اچھے لگتے ہیں۔ کھانے میں چاول ہر قسم کے اور کھیر پسند ہے۔ امی کے ہاتھ کا پکا ہوا سب کھا لیتی ہوں۔ اپنے ماں' باپ اور بہن بھائیوں سے بہت محبت کرتی ہوں۔ بہن بھائی سے بہت لڑائی ہوتی ہے۔ انسان کی شخصیت میں اس کا لہجہ اور انداز متاثر کرتے ہیں۔ سچے اور کھرے لوگ پسند ہیں۔ پسندیدہ رائٹرز فرحت اشتیاق' عمیرہ احمد' رفعت سراج' نایاب جیلانی' نازیہ کنول' عشنا کوثر سردار ہیں۔ بچے بہت اچھے لگتے ہیں اتنے معصوم جو ہوتے ہیں۔ ڈھیر سارے کام کرنا چاہتی ہوں مگر وہی مسئلہ کنفیوژن میں ایک بھی ڈھنگ سے نہیں ہوتا۔ شرارتیں بے حد کرتی ہوں اور امی کی ڈانٹ ہمیشہ کھاتی ہوں۔ زندگی انجوائے کرتی ہوں چاہے اس کا کوئی موسم کیوں نہ ہو۔ بار بار تھوڑی ملتی ہے' جذباتی بہت ہوں خیر یہ تو مشترکہ قومی جذبہ ہے اس میں میرا قصور نہیں۔ دل کرتا ہے جادو کی چھڑی ہو تو اپنے ملک اور امت مسلمہ کے سارے مسائل اور دکھ ختم کر دوں' اب جادو کی چھڑی تو ہے نہیں تو حسب توفیق جو ممکن ہے وہ کرتی ہوں جس میں سب سے پہلا کام دعا ہے کیونکہ نوازنے والی ذات سے مانگنا بھی تو اس کے حق کا تقاضا ہے' کھیلوں میں کرکٹ پسندیدہ ہے اور شاہد خان آفریدی اس سے بھی



زیادہ پسند ہے۔ شعر تو بہت کم یاد رہتے ہیں لیکن چند اکثر زبان پر ہوتے ہیں۔

وہ ملا تو برسوں بعد بھی میرے لب پر کوئی گلا نہ تھا
اسے میری چپ نے رلا دیا' جسے گفتگو میں کمال تھا

اب اس سے پہلے دھکے ملیں' اجازت چاہوں گی' اس دعا اور امید کے ساتھ کہ میرا وطن ہمیشہ ہرا بھرا رہے۔ لوگ ایک دوسرے سے محبت کریں' احترام کریں دوسروں کا اور عظیم سے عظیم تر اس کا مقام ہو' آمین' اللہ حافظ۔

# فیض اسحاق

سندر سندر سے آنچل کے تمام قارئین کو محبت چاہتوں اور خلوص بھرا سلام! ماہ بدولت کو فیاض کے نام سے جانا جاتا ہے اور ہو یہ مت سمجھیے گا کہ خواتین کی محفل میں کوئی لڑکا گھس آیا ہے۔ ماہ بدولت ایک خوب صورت نرم و نازک اور حسین لڑکی ہیں (ہائے رے خوش فہمی) شاہینوں کے شہر سرگودھا کے ایک خوب صورت اور صاف ستھری اور چمکدار تحصیل سلانوالی سے تعلق رکھتی ہوں۔ تین اپریل کی ایک پیاری سی شام کو اپنے گھر اور گلی محلے کو رونق بخشی۔ ہم تین بہنیں اور دو بھائی ہیں۔ میرا نمبر چوتھا ہے اور بہنوں میں تیسرا اور آخری نمبر ہے۔ اپنے پاپا جانی کی انتہائی لاڈلی ہوں خدا میرے والدین کی عمر دراز کرے آمین۔ بہنوں میں عذرا آپی سے میٹھلی اٹیچمنٹ ہے۔ عذرا آپی انتہائی لونگ اور کیئرنگ ہے اور ایکٹیو بھی بہت زیادہ ہے۔ خدا ان کے نیک نصیب کرے آمین۔ چھوٹے بھائی ثمر عباس سے میری بڑی جھڑپ ہوتی رہتی ہے ہم بہت انجوائے کرتے ہیں۔ میں نے بی اے' بی ایڈ کیا ہے اور آج کل ماسٹر ان ہسٹری کر رہی ہوں۔ ماسٹر ان انگلش میرا خواب ہے۔ دعا کریں کہ یہ جلد از جلد پورا ہو آمین۔ آج کل میں ایک اسکول میں ٹیچنگ کے فرائض انتہائی ذمہ داری اور خلوص نیت سے انجام دے رہی ہوں۔ اپنے اسکول اور کالج لائف میں آؤٹ اسٹینڈنگ اسٹوڈنٹ ہونے کا شرف حاصل ہے۔ لیکچرر آف انگلش بننا میرا خواب ہے۔ اپنے اسٹوڈنٹ کی فیورٹ ٹیچر ہونے کا بھی شرف حاصل ہے۔ موڈی بہت زیادہ ہوں۔ غصہ کی بہت تیز ہوں لیکن اتر جلدی جاتا ہے۔ خوبیوں کی طرف آئیں تو کوئی خوبی نہیں بقول ماما جانی کے لیکن میرے خیال میں مخلص' حساس اور نرم دل طبیعت کی مالک ہوں۔ دوسروں کی بددعا اور نفرت سے بہت ڈر لگتا ہے۔ میری بیسٹ فرینڈز کی لسٹ بڑی لمبی ہے۔ لیکن ان میں ثناء' غزالہ' فرزانہ' آنہ' عشرت' صباء آصف اور بہت ہی کیوٹ سویٹ اور سندر سی فرینڈ جس کا نام میں نہیں لکھوں گی جس سے ہر بات شیئر کرتی ہوں خدا اس کو زندگی میں کامیابی اور بلند مقام عطا فرمائے آمین۔ اسکول میں میری بیسٹ ٹیچر مسز عابدہ زاہد تھی۔ جن کی دعائیں آج بھی میرے ساتھ ہیں اور ان شاء اللہ رہیں گی خدا ان کی ہر مشکل کو آسان کرے آمین۔ اس کے علاوہ مسز عذرا تنویر' مسز قمر بتول اور مسز راحت ملک جن کی سادگی سے بہت زیادہ متاثر ہوں۔ میں خود بھی بہت زیادہ سادہ ہوں۔ کہا جاتا ہے کہ اصل حسن سادگی میں ہوتا ہے۔ اس لیے تو میں خوب صورت ہوں (ہائے رے خوش فہمی) کھانے میں کریلے گوشت' بھنڈی گوشت' چکن پلاؤ' برگر وغیرہ پسند ہیں۔ خوشبو میں ڈیلیشا فیورٹ ہے۔ آنچل میں فرسٹ ٹائم میں نے اپنی فیورٹ شگفتہ کے ہاتھ میں دیا جب ہم تھرڈ ایئر کی اسٹوڈنٹ تھی۔ پھر تو اس کی دیوانی ہو گئی۔ شاعری سے بہت زیادہ لگاؤ ہے اور آنچل کی تہہ دل سے شکر گزار ہوں کہ اس میں اب میرے اشعار بھی شائع ہونے لگے ہیں۔ بے چینی سے ان کا انتظار کرتی ہوں اور پہلے دیکھتی ہوں کہ میرے اشعار شائع ہوئے یا نہیں۔ میں خود بھی شاعری کرتی ہوں۔ اچھی عادتوں میں ایک یہ بھی ہے کہ پانچ وقت کی نمازی ہوں اور تین وقت قرآن پاک کی تلاوت کرتی ہوں۔ آنچل کے ذریعے میں ایک پیغام

www.pdfbooksfree.pk

دینا چاہتی ہوں کہ اگر میری وجہ سے کسی کا دل دکھا ہو تو اس کے لیے معذرت چاہتی ہوں۔ میری تمام پڑھنے والوں کے لیے دعا ہے کہ خود بھی خوش رہو اور دوسروں کو بھی خوش رکھوں اور کبھی بھی کسی کے ساتھ زیادتی نہ کرو۔ دوسروں کی بددعا سے بچو۔ اللہ آنچل کو ترقی اور مزید بلند مقام دے آمین۔

## سونی علی

آخر کار ہم نے آنچل میں انٹری دے ہی دی تو جناب ہم سے ملیے ہمارا نام ہے سونی اور سونی کے معنی ہیں خوب صورت' خوب صورت تو میں واقعی میں بہت ہوں۔ میرے بال ایسے ہیں جیسے گھوڑے کی پونچھ بس تھوڑا سا ہی ڈفرنٹ ہے۔ میرے بالوں کی کٹنگ ہے اور اس کی پونچھ کی نہیں۔ میرے کان ایسے ہیں جیسے کہ بکری کے میرے ہونٹ ایسے کہ بندر کے بھی کچھ نہیں۔ میرا قد زیادہ لمبا نہیں ہے بس اونٹ سے 2 انچ لمبا ہے۔ میری ہائیٹ تو بہت ہی اسمارٹ سی ہے۔ کیونکہ ہینس تو میرے سامنے دکھائی ہی نہیں دیتی۔ بس بھئی اپنی شان میں اتنا ہی قصیدہ کافی ہے ورنہ نظر لگ جانے کا پورا پورا امکان ہو جائے گا خدشہ تو اب بھی لگ رہا ہے۔ ماشاء اللہ بول دو نہ پلیز۔ ویسے سونی میرا نک نیم ہے اصل نام تو راحیل ہے اور مجھے بہت شوق ہے سب مجھے راہی بولیں اور میں ہانک لگا کر کہوں کون ہے میری منزل۔ مجھے کھانے میں چاول بہت پسند ہیں کیسے بھی ہوں اور میرے سامنے کوئی چاول کھائے اور مجھے نہ کھلائے تو سمجھو ہو گیا بے چارے کے پیٹ میں درد۔ آئس کریم بالکل نہیں پسند اور چائے بسکٹ تو میری جان ہے۔ ڈریس میں وائٹ کلر شوق سے پہنتی ہوں۔ کیونکہ میرا رنگ سانپ سے ملتا جلتا ہے۔ اب دیکھو نہ کیا کنٹراسٹ ہے بلیک اینڈ وائٹ کا۔ ہمارا گھر بہت بہت خوب صورت تو نہیں لیکن اتنا برا بھی نہیں وائٹ ہاؤس میرا سپنا ہے اور بالکونی کی تو میں دیوانی ہوں۔ گھومنے پھرنے کا بہت جنون ہے۔ میں انتہائی قسم کی کنجوس ہوں او ہو ویسے نہیں (بولنے) میں (کوئی اچھائی) میں تو پوری کی پوری اچھی ہوں لیکن بقول سب کے (ڈھونڈنے سے بھی نہیں ملے گی) میری بیسٹ فرینڈز کرن' انعم ثناء ہیں تینوں ہی بے وفا ہیں۔ ہم لوگ چھ بہنیں تین بھائی ہیں۔ میرا نمبر سب سے آخری ہے۔ مجھے اپنے وسیم بھائی نعیمہ' عائشہ اینڈ عاصمہ آپی سے بہت پیار ہے۔ والدین نہیں ہیں۔ دونوں ہی چلے گئے۔ (کہاں) ارے لندن پیرس نہیں بلکہ دنیا سے ہی چلے گئے۔ پہلے امی گئیں پھر پیچھے پیچھے ابو بھی چلے گئے۔ بھئی دل نہیں لگ رہا تھا نا (محبت ہو تو ایسی) میں نے بھی کہا مجھے بھی لے چلو لیکن کباب میں ہڈی کون پسند کرتا ہے۔ سو چلے گئے چھوڑ کر۔ مجھے آج کل کی محبت بالکل اچھی نہیں لگتی کیونکہ سب کرتے ہیں۔ چاہے لڑکیاں ہوں یا لڑکے محبت کرنی تھوڑی ناپڑتی ہے یہ تو خود بخود ہو جاتی ہے۔ پتا بھی نہیں چلتا اور محبت تو ایک بار ہوتی ہے آج کل کی طرح بار بار نہیں۔ شکی مرد مجھے بالکل اچھے نہیں لگتے۔ عورت اچھی لگتی ہے کیونکہ عورت کے شک میں تو پیار شامل ہوتا ہے۔ جبکہ مرد کے شک میں غصہ۔ میری ڈیٹ آف برتھ 31 جنوری ہے میں گھر میں خوب صورت سی چارپائی پیدا ہوئی تھی۔ حالانکہ مجھے اتنا شوق تھا میں خوب صورت سے نرم وملائم سے بیڈ کے گدے پر جنم لیتی پر ہواس بیڈ کا جو اس وقت ہمارے گھر میں تھا۔ مجھے کم گو اور شرمیلی لڑکیاں پسند ہیں۔ لیکن چنچل بھی اچھی لگتی ہیں۔ ویسے میں کام چور تو بالکل بھی نہیں۔ کوئی مجھ سے کام بولتا ہے نا تو بس پوچھو مت میں خود بتائے دیتی ہوں (کیا کرو گے جان کر) چھوڑو۔ جی تو سامعین حضرات تعارف کچھ ضرورت سے زیادہ ہی لمبا نہ ہو جائے اور ظالم سماج شائع ہی نہ کریں اور اگر ایسا ہو گیا نہ تو میں جیتے جی ہی جیتی ہی رہوں گی اور کیا کروں گی جینا ہے جب تک حضرت عزرائیل نہ آ جائیں لینے۔ اصل میں بن بلائے نہیں جاتی ہوں۔ کیونکہ مجھے انتظار ہے کسی کا ارے بھی



(ان) کا نہیں۔ شادی کا تو مجھے شوق ہی نہیں ہے۔ بلکہ مجھے تو انتظار ہے آپ کی تعریفی رائے کا۔ ہم سے مل کر کیسا لگا یقیناً بہت اچھا۔ (اپنے منہ میاں مٹھو) آخر اتنے تیار شیار ہو کر آئے ہیں اتنی مہنگائی میں اتنا مہنگا میک اپ خرچ کر کے وہ بی اتنی گرمی میں۔ وہ تو شکر ہے اتنی گرمی ہونے کے باوجود بارش نہیں ہوئی ورنہ تو تمہیں آیۃ الکرسی پڑھنی پڑھ جاتی۔ خیر یقین ہے ہم آپ کو اچھے تو لگے ہوں گے آپ کے میٹھے بولوں کی منتظر۔

## زہرہ دلدار

السلام علیکم میری بہنو اور دوستو! مزاج کیسے ہیں؟ ہمارا پورا نام زہرہ دلدار خان ہے مگر ہم خان کی پنچ اکثر ساتھ لگاتے نہیں' ہاہاہا (لوگ ڈر جاتے ہیں)۔ جی تو فرینڈز میں 3 اکتوبر 1992 کی ایک حسین شام کو اپنے آبائی گاؤں لہگام میں پیدا ہوئی۔ خاندان کی پہلی بیٹی ہونے پر بے شمار پیار ملا۔ ہم پانچ بہن بھائی ہیں۔ میں بی اے کی طالبہ ہوں۔ ہر کسی سے زیادہ فری نہیں ہوتی مگر دوستیں پھر بھی میری بے شمار ہیں' ہے نہ حیرت والی بات۔ مانی' مریم' خنساء اور عمران یہ سب میرے پیارے پیارے بہن بھائیوں کے نام ہیں اگر ذکر نہ کیا تو کہرام مچ جائے گا اور ہو سکتا ہے مانی صاحب مجھے رسالہ بھی نہ لاکر دیا کریں۔ میری فرینڈز گلشن' رقیہ' فرح' ماریہ' شہناز' نسرین' علیشہ' سدرہ سب بہت ہی پیاری ہیں اور سعدی تم تو میری..... ہوئیار! کیا کہوں بس اتنا ہی میرے لیے بہت اہم ہو۔ اب آتے ہیں اپنی خوبیوں اور خامیوں کی طرف! تو جناب پہلے خامیاں ہو جائیں۔ ضدی بہت ہوں' لاپرواہوں اور بدتمیز بھی بہت ہوں اینڈ غلطی کر کے مانتی بھی نہیں' سب سے اہم بات یہ کہ مستقل مزاج ہرگز ہرگز نہیں ہوں مگر جن سے محبت کروں ٹوٹ کر کرتی ہوں اور غصہ بہت جلد ختم ہو جاتا ہے۔ ایک خاص بات یہ ہے دوسروں کو فول بہت جلد کر لیتی ہوں دراصل میری شکل بہت معصوم ہے اس لیے سب فوراً یقین کر لیتے ہیں۔ میوزک بہت کم بلکہ سنتی ہی نہیں اینڈ موویز بھی نہیں دیکھتی۔ ڈائجسٹ کی تو دیوانی ہوں۔ اقراء صغیر احمد' نبیلہ عزیز' سمیرا شریف اور حمیرا احمد بہت پسند ہیں۔ رنگوں میں مجھے بلیک' وائٹ اور میرون بہت پسند ہیں۔ جیولری میں مجھے صرف بریسلیٹ پسند ہے۔ اب بات ہو جائے پسندیدہ ٹیچرز کی تو ٹاپ آف دی لسٹ مسز نصرت مسعود ہیں اس کے بعد کالج میں مس مدثرہ' مس سمعیہ بہت اچھی ہیں' اینڈ اسکول میں ہماری سائنس ٹیچر مس شہلا نعمت مس شبانہ لطیف اور مس شائستہ پروین سب بہت اچھی تھیں۔ اللہ ان سب کو صحت کاملہ عطا کرے' خاص کر مس ریحان یاسمین کو جنہیں ہارٹ اٹیک ہوا ہے' آمین۔ اوہ اب واپس آ جائیں یقیناً سب میری گفتگو میں کھو گئے ہیں۔ اب میں اتنی بھی ادبی گفتگو نہیں کر رہی اپنے بارے میں ایک اور بات بتا دوں کہ میں بہت "انا" پرست ہوں' مجھے اپنی فیملی میں اپنی سویٹ کزن نازو اینڈ مانو (مانی) سے بہت پیار ہے اور میری پیاری تائی اینڈ امی جی آئی لو یو' منہ پر تو نہیں کہہ سکتی (ہاہاہا یقین جو نہیں کرتیں)۔ فرینڈز مجھے ضرور بتایئے گا کہ میرا تعارف آپ کو کیسا لگا؟ جاتے جاتے آپ سب کے لیے پیغام کہ محبت اس کائنات کی اٹل حقیقت ہے' اس حقیقت سے کبھی بھی انکار مت کرنا اور اگر مل جائے تو قدر کرنا اور شرک سے ہمیشہ بچنا کیونکہ یہ گناہ قابلِ معافی نہیں' اللہ نگہبان۔

www.pdfbooksfree.pk

# بھلوں کی عدالت

## سمیرا شریف طور

### ادارہ

وقت آہستہ آہستہ سرکتا رہا۔ میری سمتیں اور واضح ہوگئیں' رستے اور روشن ہوگئے اور میرے اندر کھل کر سب کے سامنے لکھنے کا جذبہ بیدار ہوگیا' میں لوگوں میں خود کو سمیرا شریف طور کہلوانے میں فخر محسوس کرنے لگی اور پھر جب میری پہلی تحریر شائع ہوئی تو ابو جب تک دماغی فالج کی وجہ سے مکمل طور پر حواس میں نہ تھے' آج بھی یاد ہے دسمبر کے اولین دن تھے میں بازار سے آنچل لے کر گھر آئی تھی خوشی سے سب کو بتا رہی تھی کہ دیکھو میں رائٹر بن گئی ہوں' میں باضابطہ تسلیم کی جاچکی ہوں اب مجھے آسمان کی بلندی تک پہنچنے میں کوئی دقت نہیں' میں نے پہلی سیڑھی پر قدم رکھ دیا ہے اور پھر میں نے ڈائجسٹ ہاتھ میں لیے ابو کے پاس زمین پر گھٹنوں کے بل بیٹھ کر جب بتایا کہ:

"ابو جی! دیکھیں آپ کی سمیرا رائٹر بن گئی ہے۔ یہ دیکھیں' یہ میری لکھی کہانی ہے جو شائع ہوئی ہے۔"

تو ابو جی خاصی بے تاثر آنکھیں لیے مجھے دیکھتے رہے' تب میں بہت روئی تھی اس وقت میرے دل کا کیا عالم تھا کاش میں بتا پاتی اور پھر چند ماہ بعد ابو ٹھیک ہونے لگے اور پھر دو دن اسپتال میں رہنے کے بعد جب ڈاکٹر نے بالکل جواب دے دیا اور جمعہ کے دن 5 منٹ کو ابو جی فوت ہوگئے تو مجھے لگتا تھا کہ میرے سب خواب مر گئے ہیں۔

بہت سارا پڑھنے' ایک نام بنانے' اونچا مقام حاصل کرنے کی ساری خواہشیں ختم ہوگئی ہیں اور جب میرا دوسرا ناول "جس دیج سے کوئی مقفل میں گیا" شائع ہوا تو میں نے عبدالباری کے کردار کو پڑھتے ایک عام قاری کی طرح اپنے ابو کی وفات پر ان کے تمام خوابوں اور ان کی تمام خواہشوں پر آنسو ضرور بہائے تھے مگر اس کے بعد میرا عزم مجھی گنا بڑھ گیا۔

آج لوگ مجھے سمیرا شریف طور کے نام سے جانتے اور پہچانتے ہیں تو یہ سب میرے ابو کے سونپے ہوئے اعتماد میری امی کی محنتوں کا ثمر ہے' میں خود کچھ بھی نہیں ہوں' میری فیملی میرے بھائی' میری بہنیں' میری ماں اور میرا باپ ہی اس ساری کہانی کے اہم کردار ہیں' جس کو سمیرا شریف طور کہتے ہیں' میں تنہا اکیلی کچھ بھی نہیں ہوں' آج اگر میرے بھائی بہت محبت اعتماد اور اپنائیت سے کہہ دیں کہ "سمیرا لکھنا چھوڑ دو تو میں ایک لمحہ نہ لگاؤں گی میں واقعی چھوڑ دوں گی" مگر میرے بھائی مجھ سے محبت کرتے ہیں' وہ جانتے ہیں میں نے اپنے خوابوں کی تکمیل کے لیے کتنی جدوجہد کی ہے اور کتنی محنتوں سے انہیں حاصل کیا ہے۔ آج میں جو کچھ بھی ہوں اس کا مکمل طور پر تمام تر سہرا میری فیملی کے سر ہے۔

تعارف اچھا خاصا طویل ہوچکا ہے' اس سے پہلے کہ میں باقاعدہ سوال و جواب کا سلسلہ شروع کروں قارئین کے سامنے ایک انتہائی اہم خط پر تبصرہ کرنا ضروری سمجھوں گی۔ یہ خط اکتوبر 2012ء کے آنچل کے شمارے میں "دوست کا پیغام آئے" کے سلسلے میں شائع ہوا تھا۔ میں خط پر تفصیلی روشنی ڈالنے سے پہلے خط کا متن لکھنا ضروری سمجھتی ہوں۔

سمیرا شریف طور کے نام

السلام علیکم! کیسی ہیں آپ؟ امید کرتی ہوں کہ ٹھیک ہوں گی۔ بہت مبارک ہو نیا ناول اشارٹ کرنے پر۔ سمیرا! میں نے ایک ریکوئسٹ کرنی تھی آپ ایک ایسی لڑکی پر کہانی لکھیں جس میں سب کچھ کرنے کا جذبہ موجود ہو مگر گھر والے بہت سخت ہوتے ہیں' آخر وہ گھر چھوڑ دیتی ہے اور منزل اس کے قدم چومتی ہے' اسے کوئی پچھتاوا نہیں ہوتا کہ وہ گھر سے بھاگ کر آئی ہے۔ اس کا کہنا ہوتا ہے کہ زندگی ایک بار ملتی ہے بار بار نہیں' اگر آپ نے کہانی لکھی تو اس میں میرا نام یعنی عالیہ رکھنا پلیز۔ سمیرا! آپ سے اپنا پن کر درخواست کی ہے' امید کرتی ہوں منظور ہوگی اور ایک بات اور آنچل میں یہ کہانی لکھنا کیونکہ میں آنچل زیادہ پڑھتی ہوں' اپنا خیال رکھنا اور دعاؤں میں یاد رکھنا' ضرور جواب دیجیے گا آنچل کے ذریعے' خدا حافظ۔

عالیہ کاظمی.....کہوٹہ

جواب:۔ عالیہ کاظمی وعلیکم السلام! میں واقعی خیریت سے ہوں اور نیا ناول شروع کرنے پر مبارک باد دینے کے لیے آپ کا شکریہ۔ آپ کی درخواست میں نے نوٹ کرلی تھی' خط پڑھتے ہی میں نے سوچ لیا تھا کہ کسی اور کے خط کا جواب دوں یا نہ دوں مگر آپ کو جواب ضرور دوں گی۔ آپ کی درخواست بڑی غور طلب تھی اور کچھ منفرد سی۔ آپ نے جس قسم کی لڑکی پر کہانی لکھنے کا کہا ہے ایسی لڑکیوں کے لیے میری سوچ تھوڑی ہی مختلف ہے۔ آپ نے یہ بھی ڈیمانڈ کی کہ وہ لڑکی گھر والوں کی سختی کی وجہ سے گھر چھوڑ دیتی ہے اور منزل اس کے قدم چومتی ہے اور سب سے اہم بات یہ کہ اسے اپنے اس اقدام پر کوئی پچھتاوا نہیں کیونکہ اس لڑکی کا کہنا ہے کہ زندگی ایک بار ملتی ہے بار بار نہیں۔

پیاری عالیہ! مجھے نہیں پتا آپ کی ایج کیا ہے؟ عموماً ایسی فلنگو اور خیالات ٹین ایج لوگوں کے ذہنوں میں پرورش پاتے ہیں۔ میں کوئی سائیکالوجسٹ نہیں کہ آپ کا یا ایسی ٹین ایجر لڑکیوں کا ذہنی اینالائسز کروں' میں ایک کہانی نگار ہوں' کچھ واقعات' کچھ چیزوں اور معاشرتی اوزاروں و روایات کو لے کر ایک مخصوص تھیم اور پلاٹ پر کہانی لکھنے والی انسان ہوں۔ مجھ پر اس معاشرے کی ایک بہت بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے' یہ ناول صرف ٹین ایجر لڑکیاں ہی نہیں پڑھتیں بلکہ مائیں درمیانی عمر کی خواتین' ایجڈ خواتین کے علاوہ بہت سے مرد حضرات کی اکثریت بھی پڑھتی ہے۔ میں نے ہمیشہ ایسا لکھا ہے کہ جس پر کسی کمزور اور ٹین ایج ذہن کو غلط تحریک نہ ملے بلکہ وہ مثبت سوچ اپنائے کہ نہ یہ ڈیمانڈ کرے کہ میں گھر سے بھاگ جانے والی لڑکی کی کہانی لکھوں اور اس کی اس سوچ کو بھی ظاہر کروں کہ زندگی ایک بار ملتی ہے بار بار نہیں' سو وہ حق پر ہے اسے کوئی پچھتاوا نہیں۔

میرا قارئین سے ایک سوال ہے' کیا آپ متفق ہیں عالیہ کاظمی کی اس ڈیمانڈ سے؟ اگر مطمئن ہیں تو میں ضرور کہانی لکھوں گی اور جواب مجھے تیس (30 سال) سے اوپر کی خواتین کی طرف سے چاہیے نہ کہ 13,14 سال کی لڑکیوں سے؟

پیاری عالیہ! مجھے اندازہ ہے کہ میں بہت سخت الفاظ استعمال کرتے ہوئے تمہارے خط کا الیشو بنا رہی ہوں مگر میں مطمئن ہوں کہ میرا مقصد بالکل درست ہے' بھی دارالامان یا یتیم خانوں میں پرورش پانے والی لڑکیوں کی کہانی سننا یا پھر اگر تمہارے نزدیک کوئی ایسی لڑکی ہو جس کے والدین حیات نہیں اس سے پوچھنا' عزت کی زندگی کیا ہوتی ہے؟ چادر اور چاردیواری کا تحفظ کیا ہوتا ہے؟

عالیہ ڈیئر! ابھی تم کم عمر ہو ابھی تمہاری سوچ انہی زاویوں میں الجھے گی' کبھی وقت کے مدارج طے ہونے پر تمہیں اندازہ ہوگا کہ ماں باپ سخت ظالم ہی کیوں نہ ہوں وہ کبھی بھی اولاد کے حق میں غلط نہیں ہوتے۔ گھر گھر یہی ہوتا ہے اور گھر سے چند گھنٹوں کے لیے نکلنے والی (چاہے وہ بازار میں خریداری کرنے کے مقصد کے لیے ہی کیوں نہ نکلی ہو) عورت بھی اپنی عزت اپنی آن ماں باپ کے وقار کا تحفظ' چاردیواری میں ہی سمجھے گی۔ لوٹ کر واپس اسی میں ہی آنا ہے پھر پچھتاوا نہ ہو یہ کیونکر ممکن ہے؟ کوئی انسان رات کی تاریکی میں کسی کے گھر سے کچھ چُرا لیتا ہے اور اگر وہ باضمیر ہے تو دن کی روشنی میں بھی وہ اپنے گناہ پر پچھتائے گا اور ایک بہت اہم بات ماں باپ اور بہن بھائی زندگی کی اساس ہیں اگر ایسا نہ ہوتے اللہ تعالیٰ بھی ان رشتوں کو پیدا نہ کرتے۔ عالیہ جان! بھی تم نے بے جڑ درخت کو دیکھا اگر دیکھا ہے تو مجھے اس کے بارے میں ضرور بتانا؟ درخت اس وقت تک سرسبز و شاداب رہتا ہے جب تک اس کی جڑیں زمین میں مضبوطی سے جکڑ پکڑے رکھتی ہیں اور جب جڑیں کمزور پڑ جاتی ہیں وہ درخت گر جاتا ہے اور ایسے گرے ہوئے درخت کے بہت سے حق دار اسے اٹھانے کے لیے آجاتے ہیں۔ عورت کی عزت شیشے اور باہر پتھر بہت ہیں۔ میری پیاری بہن! شیشے میں ایک دفعہ بال آجائے تو جاتا نہیں۔ میں تمہاری خواہش ضرور پوری کروں گی' ضرور کہانی لکھوں گی' اس لڑکی کا نام بھی عالیہ رکھوں گی مگر گھر سے نکل جانے کے بعد وہ نہیں لکھوں گی جو تمہاری سوچ ہے بلکہ میں وہ لکھوں گی جو اس سخت ظالم سفاک دنیا کی اصل حقیقت ہے۔ پچھتاوا ہر قدم پر اس لڑکی کے ساتھ ہوگا۔ وہ کبھی کامیاب و کامران نہیں ہوگی کیونکہ اس نے صرف اپنے دل کی مانی تھی اور اپنے پیچھے کئی دلوں کو توڑ کر ان کی عزت کا جنازہ نکالنے کی کوشش کی تھی۔ ایسی لڑکیاں کہیں بھی اور کبھی بھی کامیاب نہیں ہوتیں' میری پیاری بہن! تم ابھی چھوٹی ہو چند سال مزید گزریں گے تو تمہیں ماں' بہن بھائی' باپ کے رشتوں کی قدر و منزلت کا پتا چلے گا۔ تمہیں احساس ہوگا کہ یہ رشتے تمہارے لیے کیسے مجر سایہ دار کی مانند ہیں۔ اپنی ماں' اپنی بہن ان لوگوں سے دوستی کرو دنیا میں سب سے سچی اور حقیقی دوستی یہی ہے۔ ماں سے بڑھ کر تمہارا کوئی خیر خواہ نہیں' اگر ماں ایک بار پتھر مارے گی تو دس بار تمہارا منہ چومے گی اور دل ہی دل میں سوچے گی کہ تمہارے رخسار پر چھپنے والی اس کی انگلیوں کے نشان کتنے بُرے لگ رہے ہیں۔ وہ تم پر ابرِ کرم کی طرح مہربان ہوجائے گی' ماں کا کوئی نعم البدل نہیں۔ کاش ان سے پوچھو یہ حقیقی رشتے کتنے انمول ہوتے ہیں جو اس سے محروم ہیں۔

عالیہ! میرے ان الفاظ پر برا مت ماننا' اگر بہن سمجھتی ہو تو میرے لفظوں سے سبق سیکھنا' تم لڑکی ذات ہو' بہت انمول ہو' بہت قیمتی اور پیاری ہستی ہو۔ تم اپنی محبت اور خدمت گزاری سے گھر والوں کی سختی کو نرمی میں بدلنے کی کوشش کرنا۔ رائٹر معاشرے کا ایک اہم رکن ہے' اس کا مقصد ایسی تحریریں لکھنا ہوتا ہے جو معاشرے کی اصلاح کریں۔ عالیہ ڈیئر! تم نے میرے جو بھی ناول پڑھے ہیں ان میں تم نے غور کیا ہوگا کہ کسی بھی لڑکی کے کردار میں میں نے کبھی کوئی کمی نہیں آنے دی' اس لیے کہ میں کردار کو بہت اہمیت دیتی ہوں۔ میں یہ سوچتی ہوں کہ مجھ کو پڑھنے والی لڑکیاں میرے لفظوں سے غلط مفہوم نہ نکال لیں۔ نویرہ کا کردار ہو' زاہیل ہو یا شہوار بھی کے کرداروں میں تمہیں ایک باپردہ چادر اور چاردیواری کا تحفظ ماننے والی لڑکی ہی ملے گی۔ میں نے ایک مہربان' بہن اور دوست سمجھ کر تم سے یہ سب کہا ہے اگر تمہاری دل آزاری ہوئی ہے تو معاف کردینا مگر یہ سچ ہے گھر والے سخت بھی ہوں تو اپنے ہوتے ہیں۔ وہ مار بھی دیں مگر ہمیں غلط ہاتھوں میں نہیں جانے دیتے اور گھر والوں کے بغیر کبھی کوئی کامیاب نہیں ہوتا۔ میری پوری زندگی تمہارے سامنے ہے' میرا ارادہ اپنا تعارف بہت مختصر لکھنے کا تھا مگر تمہارے خط نے مجھے احساس دلایا کہ مجھے اپنے بارے میں بہت کچھ لکھنا ہے۔ بھلے کوئی کچھ بھی کہے اگر تمہاری سوچ بدل سکتی ہے تو یہ سودا مہنگا نہیں۔ میرے ابو بلا کے سخت مزاج تھے' میرے بھائی بھی سخت ہیں مگر ان کی سختی میں جو محبت جو پیار میں دیکھتی ہوں کاش تم بھی گھر والوں میں وہ سب دیکھو۔ ماں باپ بہت انمول رشتے ہیں ان کی قدر کرنا اور کبھی بھی ان کے بارے میں غلط گمان دل میں نہ لانا۔ اپنے گھر پیارے گھر سے باہر ایک لڑکی کے لیے کہیں پناہ نہیں' یہ کبھی فراموش نہ کرنا فی امان اللہ۔

قارئین کے لیے:۔

میں نے عالیہ کو تفصیلی جواب لکھا ہے اور ساتھ ساتھ ان تمام قارئی بہنوں کو بھی ایک پیغام ہے کہ پلیز رائٹر کی تحریروں کو کبھی غلط معنوں میں نہ لینا' پتا نہیں باقی لوگ کس مقصد کے تحت لکھتے ہیں مگر میں جب بھی لکھتی ہوں تو یہ سوچ کر لکھتی ہوں کہ مجھے ایسے لفظ تشکیل دینے ہیں جن کو پڑھ کر قارئین کا ذہن اصل زندگی کے حقائق سے روشناس ہوجائے۔ اگر میں نے عالیہ کاظمی کے ساتھ غلط رویہ اختیار کیا ہے یا سخت الفاظ استعمال کیے ہیں تو مجھے ضرور بتایئے گا۔ آپ کے جواب کی منتظر رہوں گی۔

مجھے قارئین کی طرف سے اچھے رسپانس کی توقع تھی اور جب

www.pdfbooksfree.pk

میں نے سوالنامہ دیکھا تو اتنے سارے سوال دیکھ کر حیرت ہوئی۔ میں پوری کوشش کروں گی کہ انفرادی طور پر سب کے جواب دوں۔ رائٹر بذات خود کچھ بھی نہیں ہوتا اس کے قارئین ہی اس کے محبوب' اعلیٰ پائے کا رائٹر بناتے ہیں' آج میں جو کچھ بھی ہوں آپ کی محبتوں کی بدولت ہوں' اگر کہیں کمی رہ جائے تو درگزر کر دیجیے گا۔

کشور غفار.....عبدالحکیم

س: السلام علیکم سمیرا آپی! کیا حال ہے؟

ج: وعلیکم السلام! کشور پیاری' بہن' آپ سب کی دعائیں ہیں' میں اللہ کے فضل و کرم سے بالکل ٹھیک ٹھاک ہوں' اللہ کا شکر ہے بڑا کرم اور اس کی مہربانی ہے۔

س: آپی آپ کتنے بہن بھائی ہیں اور آپ کا نمبر کون سا ہے؟

ج: کشور! میں تعارف میں تفصیلی جواب سے نواز چکی ہوں۔

س: آپی لکھنے کا خیال کیسے آیا اور لکھنے کے علاوہ کیا کرتی ہیں؟

ج: میں نے جب لکھنا سیکھا تھا
پہلے تیرا نام لکھا تھا
میں وہ اسم عظیم ہوں جس کو
جن و ملک نے سجدہ کیا تھا
میں وہ صمیم ہوں جس نے
بارِ امانت سر پہ لیا تھا
تُو نے کیوں میرا ہاتھ نہ پکڑا
میں جب رستہ سے بھٹکا تھا
پہلی بارش بھیجنے والے
میں تیرے درشن کا پیاسا تھا

یہ تو تھا کشور آپ کے پہلے سوال کا جواب۔

گھر کے روزمرہ کام کرتی ہوں۔ اپنی چھوٹی سی اکیڈمی ہے جو گھر میں ہی بنا رکھی ہے وہاں بچوں کو پڑھاتی ہوں اور جب ادھر سے فارغ ہوتی ہوں تو نیٹ کھول کر بیٹھ جاتی ہوں' کبھی کوئی ناول لے کر یا کتاب لے کر مطالعہ کرتی ہوں۔ نیٹ میں بھی میرا واحد شوق کتابوں کا مطالعہ ہے۔ میں تقریباً ہر سائٹ سے کتابیں داؤن لوڈ کرتی ہوں' اچھے اچھے رائٹرز کو پڑھتی ہوں۔ ہر نیا ناول' ڈائجسٹ فوراً آپ اس سائٹ سے پڑھ سکتے ہیں۔ میں آنچل' خواتین' شعاع اور کرن کی مستقل قاری ہوں۔ آنچل ادارے والے بھیج دیتے ہیں تو باقی تینوں پرچے میں پی پی سے ہی ڈاؤن لوڈ کرتی ہوں' اس کے علاوہ میری فرینڈ بھی کرن' شعاع اور خواتین کے پرچے بھیج دیتی ہے تو ٹائم پاس ہو جاتا ہے۔ باقی رہ گئے حنا اور پاکیزہ' حنا میں سے میں صرف ام مریم کی کہانی پڑھ رہی ہوں۔ نیٹ استعمال کرنے سے پہلے یہ سارے پرچے ماہوار خریدنا پڑتے تھے' جس کی اب نیٹ کی وجہ سے بچت ہو گئی ہے۔ ناول پڑھنے کے علاوہ مجھے کتابیں اکٹھا کرنے کا بہت شوق ہے۔ میرے پاس کوئی دو سو کے قریب ناولز ہوں گے' ہر بڑی رائٹر کی کتاب میرے پاس الماری میں محفوظ ہے' آج کل فیس بک پوز کر رہی ہوں تو کچھ وقت ادھر گزر جاتا ہے اور یہ بھی میری لکھنے کے علاوہ کی روٹین' شکریہ۔

س: میں آپ کی بہت بڑی فین ہوں' کیا آپ مجھ سے دوستی کریں گی؟

ج: آپ کے جذبات میرے لیے بہت اہم ہیں' رہ گئی دوستی کی بات تو دوست میں سبھی کی ہوں۔ رائٹر یا قلم کار پر جتنا حق اس کے قارئین کا ہوتا ہے کسی بھی اور انسان کا اتنا نہیں ہوتا کیونکہ قارئین کی محبتیں' ان کا خلوص ہی اسے عروج و زوال کے نشیب و فراز سے دوچار کرتا ہے۔ میں آپ کی بہن' آپ کی دوست ہوں' میرا قلم آپ کا تعلق ہے۔ قلم چھوڑ دوں تو سب دوستیاں ختم ہو جائیں گی' جب تک میں لکھتی رہوں گی آپ کی دوست رہوں گی' اقبال کا ایک قطعہ مجھے یاد آ رہا ہے:۔

نہ آئے ہمیں اس میں تکرار کیا تھی؟
مگر وعدہ کرتے ہوئے عار کیا تھی؟
شاہل تو تھا ان کو آنے میں قاصد
مگر یہ بتا طرزِ انکار کیا تھی؟

میں ہمیشہ آپ سب کی دوست ہوں اور رہوں گی' ان شاء اللہ۔

س: آپ کی پہلی کہانی کون سی تھی اور شائع ہونے پر کیا تاثرات تھے؟

ج: میری پہلی کہانی جو شائع ہوئی وہ "محبت' یقین' اعتماد" تھی اور اس کے شائع ہونے پر جو تاثرات تھے وہ آپ تعارف میں دیکھ لیجیے گا۔ "محبت' یقین' اعتماد" میرے مختلف چھ ناولوں کا مجموعہ کتابی صورت میں مارکیٹ میں چند ماہ پہلے آ چکا ہے' جس میں میرا مشہور ناول "جس دھج سے کوئی مقتل میں گیا" بھی شامل ہے۔ یہ کتاب القریش پبلشرز والوں نے پیش کی تھی اور یہ ناول آنچل میں 2005ء دسمبر میں شائع ہوا تھا۔ رہ گئے تاثرات تو اس کی تفصیل آئندہ سطور میں درج کروں گی' کسی اور بہن کے جواب میں' ان شاء اللہ۔

س: آپ کی ڈیٹ آف برتھ اور آپ کون سے شہر میں رہتی ہیں؟

ج: میں 26 دسمبر کو گوجرانوالہ میں پیدا ہوئی تھی' یہیں میں نے پرورش پائی اور یہیں میں ابھی تک رہائش پزیر ہوں۔

س: آپ نے کس سے متاثر ہو کر لکھنا شروع کیا؟

ج: اگر کوئی شے نہیں ہے پنہاں تو کیوں سراپا تلاش ہوں میں؟
نگاہ کو نظارے کی تمنا ہے' دل کو سودا ہے جستجو کا
(اقبال)

آپ کے اس سوال کا جواب بھی آگے دوں گی اور بہت تفصیل سے دوں گی۔

س: آپ کو اپنا سب سے اچھا ناول کون سا لگتا ہے؟

ج: پیاری کشور! آپ کا سوال بہت اچھا ہے مگر جب یہ کسی لکھاری سے پوچھا جائے کہ اس کی سب سے اچھی تحریر اسے کون سی لگتی ہے تو وہ کنفیوژ ہو جاتا ہے بالکل اسی طرح جیسے کسی مصور سے اس کی سب سے اچھی تصویر کا انتخاب کرنے کو کہا جائے۔ میرا سب سے اچھا ناول جو مجھے لگتا ہے وہ ہے "جس دھج سے کوئی مقتل میں گیا" یہ



میرا فیورٹ ناول ہے' میں پہلے بھی تعارف میں ذکر کر چکی ہوں کہ عبدالباری کے کردار میں میرے تمام احساسات و جذبات درج تھے مگر ذہنی طور پر اگر کسی رائٹر کو کہا جائے کہ کسی ایک تحریر کا انتخاب کرے تو وہ مشکل میں پڑ جاتا ہے میں نے جو بھی لکھا' مکمل آمادگی' تمام تر یکسوئی اور اپنی تمام تر توجہ سے لکھا۔ بے پناہ محبت اور چاہت سے لکھا "محبت یقین اعتماد" ہو یا "محبت دھنک رنگ اوڑھ کر" ہو۔ "جس دھج سے کوئی....." کی بات کروں یا "یہ چاہتیں یہ شدتیں" کی تمام ناولز میں نے بہت محبت اور محنت سے لکھے ہیں۔ ہاں ان میں جس دھج سے کوئی مقتل میں گیا مجھے اس لیے پسند ہے کہ میں نے اس دور میں لکھا جب ابھی میں نے لکھنے کا آغاز کیا تھا "محبت یقین اعتماد" بھی جس کے متعلق فرحت آراء آپی نے لکھا تھا۔

"یہ ایک شاہکار ناول ہے۔"

اور پھر جب میرا دوسرا ناول "جس دھج سے کوئی مقتل میں گیا" 2006ء اگست میں شائع ہوا تو آپی نے لکھا تھا کہ:۔

"یہ ناول آپ مدتوں یاد رکھیں گی۔"

اور واقعی آج بھی لوگ کہتے ہیں کہ آپ سمیرا عبدالباری کے ناول والی رائٹر ہیں۔ آپ کا وہ ناول بہت اچھا تھا' کیا تھا اگر عبدالباری ایک دفعہ اپنے بیٹے کو دیکھ لیتا' یہ سوال مجھ سے تقریباً ہر قاری بہن نے کیا تھا' تب تو میں اس کا جواب نہ دے سکی مگر اب ضرور دوں گی۔ اگر عبدالباری اپنے بیٹے کو دیکھ لیتا تو قاری کہانی کو پڑھ کر یہ نہ کہتا کہ "کیا تھا عبدالباری اپنے بیٹے کو دیکھ لیتا" قاری کے لیے وہ ایک عام سی کہانی بن جاتی۔ جس میں عام سے فیلنگز باقی رہ جائیں مگر اس کہانی میں رابیل کے کردار اور عبدالباری کے کردار دونوں نے مل کر جو تاثر اختتام تک چھوڑا تھا' وہ آج بھی برقرار ہے۔ اس کو پسند کرنے کی ایک وجہ میرے لیے یہ بھی ہے کہ جن دنوں میں اپنے ابو کی وفات کے صدمے میں نڈھال تھی' ان ہی دنوں اس ناول نے مجھے اپنے دکھ کو عبدالباری کے کردار میں ڈھالنے پر اکسایا تھا۔ اس کہانی کا اختتام جو بھی تھا مگر میں بہت مطمئن رہی ہوں' اس کا اختتام مجھ سے خود بخود لکھا گیا تھا' میں نے اس کہانی کے متعلق کچھ بھی نہیں سوچا تھا بس مجھے یاد ہے کہ جن دنوں میں ایف اے میں تھی تو ہمارے اردو کے سلیبس میں فیض احمد فیض کی یہ غزل "جس دھج سے کوئی مقتل میں گیا" والی بھی شامل تھی۔ ہماری ٹیچر کے بقول "میں غزل کی تشریح بہت اچھی کرتی ہوں" تو تب میں نے ساری کلاس کو اس غزل کی تشریح کروائی تھی۔ مجھے یہ غزل بڑی اچھی لگی تھی اور تب میں نے سوچ لیا کہ میں اس غزل کو تھیم بنا کر ایک کہانی ضرور لکھوں گی اور پھر جب مجھے موقع ملا میں نے اس کو موضوع بنا کر کہانی لکھ دی۔ کہانی کا پلاٹ اس غزل نے دیا تھا اور کردار میں نے خود سلیکٹ کیے تھے' جن لوگوں نے یہ ناول پڑھا تھا وہ آج بھی اس کی تعریف کرتے ہیں اور اس وجہ سے مجھے یہ ناول بہت محبوب ہے۔ (کشور' آپ کے تمام سوال بہت دلچسپ تھے' ان کے جواب دیتے ہوئے میں نے بہت انجوائے بھی کیا' کشور دعاؤں میں یاد رکھنا' اللہ حافظ۔

سیدہ صدف نورین.....گجرات

س: آپی آپ شادی شدہ ہیں کہ نہیں اور کہاں کی رہنے والی ہیں؟

ج: (مسکراتے ہوئے) صدف! یہ سوال مجھ سے تقریباً ہر دوسری بہن نے کیا ہے' میں فی الحال سنگل ہوں اور گوجرانوالہ میں رہتی ہوں۔

س: آپ کتنے بہن بھائی ہیں؟

ج: تفصیلی تعارف دیکھ لینا۔

س: آپی آپ آنچل میں کب سے لکھ رہی ہیں؟

ج: میری پہلی تحریر آنچل میں دسمبر 2005ء میں شائع ہوئی تھی' اندازہ لگا لو کہ فروری 2013ء تک کتنا عرصہ بنتا ہے۔

س: آپی آپ کا پسندیدہ ناول کون سا ہے؟ اب میں اجازت


معاشرتی المیوں اور سسکتی روحوں کی افسانہ

نازیہ کنول نازی کا منفرد ناول

آنسو جو پتھر ہو گئے

بہت جلد آنچل کے صفحات پر ملاحظہ کیجیے

محبتوں کی ٹھنڈی آبشار کی مانند

دلوں کو گرما دینے والی تحریر جو آپ کو مدتوں یاد رہے گی

www.pdfbooksfree.pk

چاہتی ہوں، خدا حافظ۔

ج: صدف میں تقریباً سبھی رائٹرز کو پڑھتی ہوں، میل اور فی میل دونوں رائٹرز کو۔ مرد حضرات کا جو اسٹائل ہے لکھنے کا وہ مجھے بہت پسند ہے۔ میں نے سعادت حسن منٹو، قدرت اللہ شہاب، علیم الحق، غلام عباس اور سب سے زیادہ طاہر جاوید مغل کو پڑھا ہے۔ اے حمید، محی الدین نواب کو بھی پڑھتی ہوں، اس کے علاوہ ابن صفی کی تو کسی زمانے میں میں دیوانی تھی۔ مظہر کلیم اور وہ تمام نام فی الحال ذہن سے مخفی ہیں مگر ذہن میں کہیں ان کی تحریریں ابھی بھی تازہ ہیں۔ جن میں ایک نام ہاشم ندیم کا ہے، فی میل میں بڑی لمبی فہرست ہے۔ عمیرہ احمد مجھے پسند ہے میں اس کا ہر ناول پڑھتی ہوں مگر پتا نہیں کیا وجہ ہے کہ میری چھوٹی سی لائبریری میں عمیرہ کی کوئی کتاب نہیں، آج کل نمرہ احمد چھائی ہوئی ہے تو نمرہ کی اب تک پبلش ہوئی تمام کتابیں میرے پاس ہیں۔ آسیہ مرزا کے ناول تو ایک طرف مجھے ان کے ناولوں کے کردار، نام ڈائیلاگز تک ازبر ہیں۔ ان کے سارے ناول میرے پاس کتابی صورت میں موجود ہیں۔ اگر نہیں ہیں تو چند ایک مکمل ناول یا ناولٹ میرے پاس نہیں ہیں۔ فرحت اشتیاق بھی اچھا لکھتی ہیں مگر اس دفعہ "جو بچے ہیں سنگ سمیٹ لو" نے مجھے زیادہ متاثر نہیں کیا۔ ام مریم کی "اک صنم ہرجائی" اچھی تھی اس کے ناول مجھے اس انداز میں متاثر نہیں کر پا رہے۔ جس طرح کے اسٹائل میں وہ مکمل ناول یا ناولٹ لکھتی ہے مگر میں ام مریم کو ضرور پڑھتی ہوں۔ عفت سحر طاہر کے تو ناول مجھے بے حد پسند ہیں۔ مجھے یاد پڑتا ہے میں دسویں کلاس میں تھی جب عفت کا ہی لکھا ایک ناول (اگر میں غلطی پر نہیں ہوں تو) وہ سکندر ہے، پڑھا۔ اس میں سکندر اور امین کے کردار اتنے پسند آئے تھے کہ ایک عرصے تک مجھے اس کے تمام ڈائیلاگز تک یاد رہے تھے، یہ آنچل میں ہی شائع ہوا تھا اس ناول کے متعلق ایک مزے کی بات یہ ہے کہ ناول مجھے اتنا پسند آیا کہ میں نے اپنی تمام کلاس فیلوز کو زبردستی پڑھایا اور پھر "سکندر" نام میری پہچان بن گیا، کئی ماہ تک کلاس فیلوز (جنہوں نے یہ ناول پڑھا تھا) وہ مجھے سکندر کہہ کر چھیڑتی رہیں اور جنہوں نے یہ ناول پڑھا تھا ہم ایک دوسرے سے ڈائیلاگز میں گفتگو کیا کرتی تھیں، بہت انجوائے کرتے تھے۔ عفت شاید پڑھ کر حیران ہو مگر عفت یہ سچ ہے۔ عفت کے علاوہ رفعت سراج، فاخرہ جبیں، راحت جبیں بھی بہت اچھا لکھتی ہیں۔ رفعت سراج کے تمام ناولز میرے پاس ہیں، راحت کی تین جلدیں میرے پاس ہیں۔ میں نے ہمیشہ سب سے اچھا اور معیاری ناول اپنے پاس رکھا ہے، چند سال پہلے مجھے آسیہ مرزا کا ناول "دکھ کا دریا سکھ کا ساگر" نہیں مل رہا تھا، میں نے آنچل کے پرانے شماروں میں اس ناول کی کئی اقساط پڑھی تھیں، مجھے اس ناول کی تلاش تھی پاکیزہ میں اس ناول کا ایڈ دیکھا اور پبلشر کا نام دیکھا تو فوراً القریش پبلشرز والے محمد علی بھائی سے رابطہ کیا انہوں نے وہ ناول مجھے منگوا کر دیا تھا۔ نسیم حجازی وہ نام ہے جس کی پہلی کتاب محمد بن قاسم میں نے چوتھی کلاس میں پڑھی تھی اور پھر ناولز پڑھنے کا ایسا چسکا لگا کہ جو آج تک قائم ہے۔

عمران سیریز اور جاسوسی ڈائجسٹ تو چھپ چھپ کر پڑھے جاتے تھے یہ اس وقت کی بات ہے جب ہم جناب دوسری تیسری کلاس میں ہوتے تھے۔ بڑی باجیوں کی کتابیں ان کے نوٹس تک پڑھے جاتے تھے، بڑی باجیوں کی غیر موجودگی میں فوراً ان کا بیگ کھنگالا جاتا تھا اور اپنی حسب خواہش چیز پا کر ایسا غائب ہوتی تھی میں کہ جب تک مکمل رسالہ یا ناول نہیں پڑھ ڈالا گھر میں داخل نہیں ہونا۔ میرا بچپن بڑا زبردست گزرا ہے۔ پڑھنے کی رفتار ایسی تھی کہ ایک دن میں کئی کئی عمران سیریز پڑھ لیے جاتے تھے اور اس شوق میں ہم ساری بہنیں ایک جیسی ہی تھیں، ہمارے ساتھ ہماری پھوپی زاد ناز یہ مل جاتی تھی اور پھر ناولز ہوتے تھے اور ہم ہوتے تھے مگر یہ سب کارروائی چھپ کر کی جاتی تھی کہ ابو جی بہت سخت تھے کئی بار ایسا ہوا تھا ہمارے ہاتھ میں عمران سیریز یا جاسوسی رسالہ دیکھ کر ابو جی کو اتنا غصہ آتا تھا کہ فوراً رسالہ چولہے کی زینت بنتا تھا اور رخسار پر پڑنے والا تھپڑ ایسا سنگین ہوتا تھا کہ روتے روتے یہ مایہ ناز رائٹر وہیں سو جاتی تھی۔ میرا ذہن تب بدلا جب 4th کلاس میں میں نے پہلی بار نسیم حجازی کا "محمد بن قاسم" پڑھا۔ تاریخی ہیرو اور اسلام کی کہانی پھر تو میرے اندر تاریخی ناول پڑھنے کا جنون پیدا ہو گیا۔ دو سال گزرے تو ہم ہائی اسکول جانے لگے وہاں بڑی کلاس کی لڑکیوں سے دوستی کی۔ سارے اسکول کی میں جانی پہچانی لڑکی تھی، جسے سینئر کیا۔ جونیئرز تک بائے فیس ہی نہیں بائے نیم بھی جانتے تھے مگر ہمارے اسکول کا ماحول اس قدر سخت تھا کہ وہ رسالہ تو ایک طرف بچوں کی دنیا یا باغ کا پایا جانا بھی قیامت آنے کے مترادف تھا۔ لے دے کے نسیم حجازی کے ناولوں سے ہی کام چلا لیا کرتے تھے، جو ابو کسی نہ کسی سے لے کر آتے تھے اور ابو کی غیر موجودگی میں فوراً فیصلہ کر لیتے تھے۔ "تم سدا سلامت رہو" اقبال بانو کا ناول تو آج بھی ایک ایک لفظ سمیت یاد ہے، اظہر بٹ اور مینا فیروز کے کردار تو بھول ہی نہیں سکتی۔ چوری چھپے جو بھی پڑھا اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ پڑھائی کے بعد کا سارا وقت میرا کہانیاں سوچنے میں گزرنے لگا۔ ساری ساری رات بستر پر کروٹیں بدلتے کہانیاں بنتے پتا ہی نہ چلا کہ ہم آٹھویں کلاس میں آ گئے ہیں۔ گھر میں سسٹرز پوئٹری کی بکس لاتی تھیں ان کو پڑھنا، عشق محبت کی نظمیں غزلیں پڑھیں تو کہانیوں میں یہ مصالحہ جات بھی اضافی خرچہ ثابت ہوئے اور پھر ایک چھوٹا سا افسانہ لکھ ڈالا مگر اپنی تحریر سے میں خود بھی مطمئن نہ ہوئی۔ میری پہلی اور باضابطہ تحریر "ساعتیں ملن" کی تھیں۔ وہ میں نے آٹھویں کلاس میں لکھی تھی جو آج بھی میرے پاس محفوظ ہے۔ یہ وہ تحریر تھی جس نے مجھے مطمئن کر دیا کہ اب اگر میں لکھ کر کسی ادارے میں بھیجوں تو ریجیکٹ نہیں ہو گی۔ میں نے تبھی سوچ لیا کہ مجھے ان کو شائع کروانا ہے۔ بی اے میں کئی اور لکھے پھر ایک ناول جو کافی عرصہ پہلے لکھا تھا ارسال کر دیا، آنچل میں فرحت آراء آپی نے شائع ہو جائے گا کی خوش خبری سنائی تو شائع ہو جانے کا انتظار کرنے لگی اور پھر یہ انتظار طویل ہوتا گیا، میں نے جو بھی لکھا خاصا طویل لکھا، خواتین میں بھی



دو ناول بھجوائے مگر وہاں فہرست طویل تھی اور باری کا انتظار سخت جان لیوا تھا۔ آنچل میں فون کیا اور طاہر بھائی سے بات ہوئی انہوں نے مشورہ دیا کہ ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھ کر انتظار کرنے کی بجائے کوئی چھوٹا موٹا ناول لکھ کر بھجوا دوں۔ میں نے فوراً عمل کیا "محبت یقین اعتماد" لکھ کر بھجوا دیا اور شائع ہو گیا۔ دوسرا ناول "جس دھج سے کوئی مقتل میں گیا" تھا اس کے بعد دو تین اور ناول شائع ہوئے اور پھر میرے سب سے پہلے ارسال کیے ناول کی بھی باری گئی، جی ہاں جناب یہ میرا ناول جو قسط وار آنچل کی زینت بنا تھا اس کا نام "محبت دھنک رنگ اوڑھ کر" تھا۔ بہنوں نے بہت پسند کیا اور اس طرح ایک دو ناول مزید لکھے، ادھر بھی جگہ کا مسئلہ تھا۔ عفت سحر طاہر کا ناول "محبت دل پہ دستک" ختم ہو رہا تھا۔ تب میرے لیے جگہ بنتی تھی ایک دن میں نے فون کیا اور آپی سے بات کی کہ میں اگر طویل سلسلے وار ناول شروع کرنا چاہوں تو......؟ تو آپی نے کہا کہ قسط لکھ کر بھیج دو اگر شروع کی اقساط پسند آ گئیں تو لگا دیں گے۔ میں نے "یہ چاہتیں یہ شدتیں" یہ میرا وہ ناول ہے جو میں نے کئی سال پہلے لکھا تھا اور قارئین سے بڑھ کر پسندیدگی حاصل کی اور وہ خواب جو میں دیکھا کرتی تھی وہ پورا ہو چکا تھا۔ مگر ناول کے اختتام تک آتے آتے کچھ ایسا ہوا کہ میں نے ایک دم سب کچھ چھوڑ دینے کا فیصلہ کر لیا۔ سندیس جبیں سے میری بہت دوستی تھی وہ میری ہر تحریر کو پڑھنے والی فین تھی، میں نے اس سے رابطہ بہت کم کر دیا، وہ میسج کرتی تو میں ریپلائی نہ کرتی، میں ان دنوں عجیب قنوطیت پسند اور آدم بے زار ہو گئی تھی اگر اتنے قارئین اور آنچل کی ساکھ کا سوال نہ ہوتا تو شاید میں آخری اقساط بھی نہ لکھ پاتی۔ وقت کچھ اور سرکا، میں نے خود کو ایم اے ہسٹری میں الجھا لیا۔ ناول "یہ چاہتیں یہ شدتیں" اس قدر پسند کیا گیا تھا کہ اب سمیرا شریف طور کا نام بہت کامن ہو گیا تھا اور یہی بات مجھے تکلیف دینے لگی تھی، اگر آخری اقساط مجھ سے فرحت آراء آپی نے لکھوائی تھیں طاہر بھائی نے حوصلہ دیا اور سب سے بڑھ کر مجھے جس ہستی نے دوبارہ لکھنے پر آمادہ کیا وہ ہستی "ہما انور، حیدرآباد" کی تھی، جن کا خط پڑھ کر میں نے اک نئی توانائی محسوس کی۔ اس کے بعد عائشہ خان نے جس طرح اپنی ذاتی زندگی کا حوالہ دے کر مجھے لکھنے پر اکسایا (عائشہ میں نے کئی بار آپ کے ٹیلی فون پر کال ملائی ہے مگر پتا نہیں کیا پرابلم ہے کال نہیں مل پاتی) اس کے علاوہ بہت سی قارئین بہنوں کی محبتوں کا قرض ہے مجھ پر جو میں ساری زندگی بھی چکا کر نہ اتار پاؤں گی۔

طیبہ شیریں...... کوری خدا بخش

س: السلام علیکم! سمیرا شریف طور؟

ج: وعلیکم السلام! طیبہ شیریں بہنا!

س: آپ کے نام کا کیا مطلب ہے؟

ج: اندھیری رات کا مسافر! ایک جگہ اس کے معنی میں نے Reddish Flower بھی پڑھے ہیں اور ایک جگہ بتایا گیا ہے کہ یہ کسی ملکہ کا نام بھی ہے اور جگہ کا نام بھی ہے مگر متفق رائے ہی ہے کہ اس کے معنی اول الذکر ہیں یعنی اندھیری رات کا مسافر۔

س: آپ نے لکھنا کب شروع کیا؟

ج: اس کی تفصیل صدف نورین کے جواب میں گزر چکی ہے ادھر سے ملاحظہ فرمائیں، شکریہ۔

س: آپ کو کھانے میں کیا پسند ہے؟

ج: میں ہر چیز ہی کھا لیتی ہوں مگر میں کچھ چٹوری واقع ہوئی ہوں تو مجھے اسپائسی چیزیں کھانے میں پسند ہیں۔ بریانی تو میری فیورٹ ہے، آج کل میں خود پکاتی ہوں تو کوشش کرتی ہوں کہ اچھا پکاؤں اور نت نئی ڈشز ٹرائی کرنے کو جی چاہتا ہے مگر وقت نہیں ملتا۔ چاول تو میں خوش ہو کر کھاتی ہوں۔

س: آپ کو آنچل کی کیا بات خاص لگتی ہے؟

ج: آنچل میرے لیے میرا گھر ہے، ضروری نہیں کہ گھر کی کوئی بات اچھی لگتی ہو تو ہی وہ اسے پسند ہو۔ اس گھر نے مجھے شہرت، عروج سبھی کچھ دیا ہے اور اس کی جو خاص بات ہے وہ یہ ہے کہ یہ رائٹرز کو عزت دیتے ہیں

صباحت مرزا...... گجرات

س: آپی آپ کی تاریخ پیدائش کیا ہے اور کہاں رہائش پزیر ہیں؟

ج: پیاری! صباحت تمہارے اس سوال کا جواب میں پیچھے دے چکی ہوں۔

س: آپ نے کب لکھنا شروع کیا اور کس چیز سے متاثر ہو کر؟

ج: اس کا جواب پیچھے دے چکی ہوں۔

س: آپ اپنی فیملی اور تعلیم کے بارے میں بتائیے؟

ج: پلیز پیچھے دیئے گئے جوابات میں دیکھ لو۔

س: آپ کو اپنی کون سی تحریر زیادہ پسند ہے اور کیوں؟

ج: پیچھے تعارف پڑھ لینا تمہاری تسلی ہو جائے گی۔

س: آپ کا سپورٹر کون ہے گھر میں؟

ج: صباحت ڈیئر! میری ساری فیملی میری سپورٹر ہے اور سب سے بڑھ کر میرے ابو کے خواب، امید ہے تم مطمئن ہو جاؤ گی۔ والسلام! دعاؤں میں یاد رکھنا، اللہ نگہبان۔

ریحانہ راجپوت...... خیر پور میرس سندھ

س: اگر مصنفہ نہ ہوتیں تو کیا ارادہ رکھتی تھیں؟

ج: پہلی بات تو یہ کہ میں مصنفہ ہی ہوتی کیونکہ میری تقدیر میں رائٹر بننا لکھا تھا، دنیا کے کسی بھی کونے میں ہوتی رائٹر ہی رہتی۔ دوسری بات یہ ہے کہ اگر مصنفہ نہ ہوتی تو آرمی میں ڈاکٹر ہوتی یا جرنلسٹ ہوتی۔ ان دونوں کے لیے مجھے مواقع بھی ملے مگر چونکہ میرا رجحان لکھنے کی طرف تھا تو میں نے ناول لکھنے کا انتخاب کیا اور اپنے اس انتخاب پر مجھے کوئی پچھتاوا ابھی نہیں۔

(جاری ہے)

www.pdfbooksfree.pk



# جھیل، کنارہ، کنکر

نازیہ کنول نازی

کیسے کر پاتے تیرے پیار کا اظہار صنم
ہم تیری چاہت کو اس دل میں چھپائے رکھتے
دل کی دھڑکن میں تیرا پیار بسا رکھا ہے
ہم کہاں اس کو یوں ہاتھوں میں اٹھائے رکھتے

کچھ بھی تو نہیں ویسا، جیسا تجھے سوچا تھا
جتنا تجھے چاہا تھا.....
سوچا تھا تیرے لب پر کچھ حرف دعاؤں کے
مہکیں گے میری خاطر.....
کچھ بھی تو نہیں ویسا، جیسا تجھے سوچا تھا
محسوس یہ ہوتا ہے دکھ جھیلے تھے جو اب تک
بے نام مسافت میں، لکھنے کی محبت میں
پڑھنے کی ضرورت میں، بے سود ریاضت تھی
بے فیض عبادت تھی
جو خواب بھی دیکھے تھے ان جاگتی آنکھوں نے
سب خام خیالی تھی
پھر بھی تجھے پانے کی خواہش تو بجالی تھی
لیکن تجھے پا کر بھی اور خود کو گنوا کر بھی
اس حبس کے موسم میں، کھڑکی سے ہوا آئی
اب نیند سے آنکھوں میں، نہ دل میں وہ پہلی سی
تازہ سخن آرائی.....
ناں لفظ میرے نکلے، نہ حرف و معنی کی
دانش میرے کام آئی
نادیدہ رفاقت میں، جتنی بھی اذیت تھی
سب میرے ہی نام آئی
کچھ بھی تو نہیں ویسا، جیسا تجھے سوچا تھا
جتنا تجھے چاہا تھا

باہر تیز بارش ہو رہی تھی۔ حورعین سڑک کی طرف کھلنے والی کھڑکی میں کھڑی عجیب خاموش نگاہوں سے سڑک کے اس پار کی بوندوں کا شور سنتی رہی۔ آج کل اس کے اندر بھی تو ایسا ہی شور سر اٹھا رہا تھا۔ پچھلے تین دنوں سے وہ قبرستان بھی نہیں جا سکی تھی۔ دل کو ایک عجیب سی بے چینی نے گھیر رکھا تھا۔ نمیر، زیبر، سمیر اور عمیر کے ساتھ دادی ماں بھی اس سے بہت خوش تھیں۔ سارے گھر کا کام اپنے ذمہ لے کر اس نے جیسے سب کا دل جیت لیا تھا۔ دادی ماں کی خواہش تھی کہ وہ اسے اپنے خاندان میں باقاعدہ اپنی بہو کی حیثیت سے متعارف کروائیں مگر عذیر نے عذر تراش کر فی الحال انہیں اس ارادے سے منع کر دیا تھا۔

عمیر کچن میں چائے بنا رہا تھا۔ وہ ابھی اپنے کمرے سے کمپیوٹر آف کر کے باہر نکلا تھا، حورعین عشاء کی نماز پڑھ کر کچن صاف کرنے کے بعد ابھی کمرے میں گئی تھی، دادی ماں کو اس نے شام میں ہی کھانا کھلا کر سلا دیا تھا۔ خراب موسم کے باوجود عذیر کی ابھی گھر واپسی نہیں ہوئی تھی۔

حورعین، عمیر کی مدد کے خیال سے دوبارہ کچن میں آئی۔

"ارے آپ ابھی تک جاگ رہی ہیں؟" دونوں ہاتھوں میں مگ تھام کر وہ پلٹ رہا تھا جب حورعین سامنے آ گئی۔

"ہوں، بہت دن ہوئے نیند سے تعلق ہی نہیں رہا۔"

"چائے پئیں گی؟"

"نہیں، میں چائے بہت کم پیتی ہوں۔"

www.pdfbooksfree.pk

"چلیں پھر کچھ دیر بات تو کر سکتی ہیں؟"

"ہوں' کیوں نہیں۔" اثبات میں سر ہلاتی وہ عمیر کے ساتھ لاؤنج میں آ بیٹھی تھی' تبھی وہ بولا تھا۔

"آپ نے گوانتاناموبے جیل براہ راست دیکھی ہے؟"

"ہوں' تین ماہ وہاں رکھا گیا تھا مجھے۔"

"کس حالت میں؟"

"بہت تکلیف دہ حالتیں ہوتی ہیں وہاں' کن کن کا ذکر کروں؟" ایک زخمی سی مسکراہٹ لبوں پر پھیلاتے ہوئے اس کی آنکھیں جھلملائی تھیں۔ عمیر اسے دیکھ کر رہ گیا۔

"پاکستانی جیلوں سے واسطہ پڑا ہے کبھی؟"

"نہیں' کیوں.....؟"

"میرا پڑا ہے' تین سال پاکستان کی مختلف جیلوں میں رہ کر آیا ہوں۔ وہ بھی بغیر کسی جرم کے اور ان تین سالوں میں جو حقائق سامنے آئے ان کے مطابق پاکستانی جیلیں' گوانتاناموبے' بگرام' پل چرخی' شبرغان اور قلعہ جنگی سے بھی زیادہ بُری ہیں۔ جو کچھ ان جیلوں میں مسلمانوں کے ہاتھوں مسلمانوں پر ہوتا ہے اگر یہود اور نصاریٰ دیکھ لیں تو اپنے سارے قیدی پاکستانی جیلوں کے سپرد کر دیں۔"

"تم جیل کیوں گئے تھے؟"

"خود سے تو نہیں گیا تھا' تقدیر لے گئی تھی اور یہاں پاکستان میں ساٹھ فیصد لوگوں کو جرم نہیں غربت اور تقدیر ان عقوبت خانوں میں لے جاتی ہے۔"

"مگر کیوں؟"

"کیوں' یہ آپ پوچھ رہی ہیں؟" اب کے سر اٹھا کر اس کی طرف دیکھتے ہوئے وہ مبہم سا مسکرایا تھا۔

"جس ملک میں قانون محض دکھاوا ہو' جس ملک میں کوئی نظام نہ ہو' وہاں ایسا ہی ہوتا ہے اور یہ بات شاید آپ مجھ سے زیادہ بہتر جانتی ہیں۔"

"ہوں' مگر کس جرم میں جیل گئے تھے تم؟"

"جرم تو کوئی تھا ہی نہیں' الزام تھا مجھ پر' وہ بھی قتل کا الزام۔"

"وہاٹ؟" وہ چونکی تھی عمیر نے مگ مضبوطی سے تھامتے ہوئے رخ پھیر لیا۔

"ہوں' قتل کا الزام تھا مجھ پر وہ بھی ایسے شخص کے قتل کا' جسے میں جانتا تک نہیں تھا۔"

"پھر.....!"

"پھر کیا۔" کوئی ثبوت نہیں تھا میرے خلاف' پولیس بھی جانتی تھی کہ میں بے گناہ ہوں' مگر پھر بھی ایس ایچ او کی جیب میں آئے پچاس ہزار روپوں نے ہمیں گناہ گار ثابت کر دیا۔ ایف آئی آر ہوئی' کیس بنا اور انصاف کے ایوانوں میں بیٹھے منصفوں نے اپنے فیصلوں میں بنا کسی بحث و جرح کے سزائے موت نافذ کر دی۔"

"او میرے خدا! پھر....." حورعین کے چہرے پر بکھری پریشانی صاف دکھائی دے رہی تھی۔ عمیر نے مگ خالی کر کے واپس میز پر رکھ دیا۔

"پھر کیا تین سال زندگی اور موت کے درمیان پھنسا' انسانی درندگی اور بربریت کا نظارہ کرتا رہا۔ انسانوں کے ہاتھوں انسانیت کی دھجیاں بکھرتے دیکھتا رہا' کیا کیا نہیں دیکھا ان گزرے ہوئے تین سالوں میں' میں نے۔ سوائے قیدیوں کے ان پر ٹوٹنے والی آفات کی کہانی اور کوئی بیان نہیں کر سکتا۔" وہ آزردہ ہوا تھا۔ حورعین اسے دیکھ کر رہ گئی۔

"کیا تم مجھے بتاؤ گے کہ اصل کہانی کیا تھی کس کے قتل کے الزام میں سزا سنائی گئی تھی تمہیں اور پھر رہائی کیسے ہوئی؟" وہ ایک ساتھ سب جان لینا چاہتی تھی' عمیر بے کل سا اٹھ کر ٹیلی وژن کے سامنے جا کھڑا ہوا۔

"یہاں پاکستان میں پچاس فیصد سے زائد انسانوں کی تقدیر کے فیصلے تھانے کی حدود میں ہوتے ہیں۔ اے ایس آئی اور ایس ایچ او اگر چاہیں تو خطرناک سے خطرناک مجرم کو بھی مکھن میں بال کی طرح نکال کر صاف بچا لیتے ہیں اور اگر کسی کا ان کے ساتھ کمپرومائز نہ ہو سکے تو پھر دودھ کا دھلا بھی سنگین سے سنگین مقدمے کی بھینٹ چڑھ کر بدترین موت کا نوالہ بن جاتا ہے۔ یہی تھانہ کلچر ہے ہمارا' یہی سسٹم ہے اس ملک کا' میں نے خود اپنی نگاہوں سے



سیکڑوں بے گناہوں کو اسی نظام کی بھینٹ چڑھ کر سوالی پر لٹکتے دیکھا ہے اور آپ کو پتا ہے ان کی آخری خواہش کیا تھی؟ اس ملک کے نظام کو تبدیل کیا جائے' یہاں صحیح معنوں میں اسلامی قانون نافذ کیا جائے' مگر..... جس ملک کا کوئی نظام نہ ہو وہاں آخری خواہشیں بھی کہاں پوری ہوتی ہیں' تبدیلیاں اتنی آسانی سے تو نہیں آتیں ناں۔" ایک لمحے کے لیے وہ سانس لینے کو رکا پھر حورعین کی طرف دیکھتے ہوئے بولا۔

"ہمارا جو تھانہ کلچر ہے ناں وہاں آپ کسی بھی بے گناہ سے بے گناہ انسان کو ذرا سے تعلق یا پیسوں کا استعمال کر کے کسی بھی وقت پھنسا سکتی ہیں۔ کوئی مشکل نہیں ہے کسی کے خلاف جھوٹی ایف آئی آر کٹوانا' قیمتی زندگیوں کے فیصلے چند روپوں میں ہو جاتے ہیں۔ میرا اور شہزاد کا فیصلہ بھی یونہی ہو گیا تھا۔"

"شہزاد کون؟"

"دوست تھا میرا' یہیں قریبی گاؤں میں رہتا تھا۔ بے حد ذہین' خوددار اور ہوشیار لڑکا تھا۔ بہت محبت تھی اسے اپنی زمین سے' گاؤں کا نمبردار اس سے اس کی زمین ہتھیانا چاہتا تھا مگر وہ بیچنے پر آمادہ نہیں تھا۔ نمبردار جانتا تھا کہ وہ پڑھا لکھا لڑکا ہے آسانی سے قابو میں نہیں آئے گا' تبھی اس نے وہی مکارانہ چال چلی جو اس ملک کے ستر فیصد دیہات میں آئے دن یہ نمبردار اور چوہدری کرتے رہتے ہیں۔"

"کیسی چال؟" حورعین کے پوچھنے پر اس نے گہری سانس بھری تھی۔

"اندھے قانون کی چال۔"

"کیا مطلب' میں سمجھی نہیں؟"

"سمجھ جائیں گی' شہزاد کو پھنسانے کے لیے نمبردار نے اپنے ایک ملازم کو بے قصور موت کے گھاٹ اتار کر الزام شہزاد پر ڈال دیا۔ میں چونکہ اس کا قریبی دوست تھا لہٰذا میرا نام بھی ایف آئی آر میں لکھوا دیا' پاکستان میں یہ عام روٹین ہے اگر کوئی ایک بندہ بھی قصوروار ہو تو مدعی پارٹی اس گھر کے تمام مردوں کے نام لکھوا دیتے ہیں اور یوں قطعی بے قصور بھی سزا کی بھینٹ چڑھ جاتے ہیں' عذیر بھائی نے بہت کوشش کی مجھے بچانے کی مگر بے سود' میری اور شہزاد کی تعلیم' ٹیلنٹ' کیریئر سب تباہ ہو گیا۔ ایف آئی آر کٹی' کیس بنا' قرآن پاک پر ہاتھ رکھ کر گواہوں نے میرے اور شہزاد کے خلاف شہادت دی اور انصاف کی کرسی پر بیٹھے جج نے بنا کسی بحث و جرح کے ہمارے حق میں سزائے موت کا فیصلہ صادر کر دیا۔ اس سے پہلے ایس ایچ او کہتا رہا کہ پچاس ہزار دے دو تمہیں بچا لوں گا مگر مجھے غرور تھا کہ جب میرا کوئی قصور ہی نہیں تو مجھے سزا کیسے ہو گی مگر وقت نے مجھے بتا دیا کہ اس ملک کے نظام میں سزا کا طوق زیادہ تر بے قصور اور بے گناہ لوگوں کے گلے میں ہی ڈالا جاتا ہے' اصل قصوروار اور خطرناک لوگ تو قانون کی پناہ میں رہتے ہیں۔ تاریک راہوں میں جعلی پولیس مقابلوں کی بھینٹ چڑھ کر ابدی نیند سونے والے اکثر وہ لوگ ہوتے ہیں جنہیں اپنے جرم کا بھی پتا نہیں ہوتا۔ ہم کہتے ہیں اس ملک پر اتنی آفتیں کیوں ٹوٹتی ہیں' یہاں روز کسی نہ کسی صورت عذاب کیوں نازل ہوتے رہتے ہیں مگر ہم یہ نہیں دیکھتے کہ روزانہ انصاف کے ایوانوں میں لوگ اپنے ضمیر اور ایمان کا سودا کر کے کتنی بے شرمی سے اس مقدس کتاب پر جھوٹا حلف اٹھاتے ہیں' جو کتاب ساری دنیا کے لیے ہدایت و رہنمائی کا سرچشمہ ہے' کیا نہیں ہو گا روز محشر ان لوگوں کے ساتھ یہ جھوٹے مدعی' یہ جھوٹے گواہ' یہ پیسے لے کر اپنے فرض سے کوتاہی برتنے والے ایس ایچ او' اے ایس آئی' محرر' وکیل' جج' کہاں جائیں گے یہ لوگ اس روز جب بادشاہوں کے بادشاہ کی عدالت لگی ہو گی اور وہاں کوئی کسی کا سفارشی نہیں ہو گا' کیسے سر اٹھائیں گے یہ لوگ اس قہار و جبار کے سامنے؟ کیا بے گناہ سولی چڑھنے والے معصوم قیدیوں کا خون ان کے سر نہیں ہو گا؟ اسلام تو دوسرے مذاہب کے لیے بہترین مثالی دین ہے' تاریخ بھری پڑی ہے ایسے بے شمار سنہری واقعات سے' جس میں غیر مسلم قبائل اور لوگوں نے اسلام کے بہترین اصولوں اور انصاف سے متاثر ہو کر اسے اپنایا۔ مگر آج ہم دنیا کو کیا

www.pdfbooksfree.pk

دکھارہے ہیں؟ بجائے اس کے کہ ہم وہ وجوہات ختم کریں جو جرائم کو جنم دے رہی ہیں' ہم الٹا بے گناہوں کو رگڑ رہے ہیں' وہ مذہب جو اسلام کے بدترین دشمنوں کے لیے بھی امن وسلامتی کا باعث بنا اسی مذہب کے پیروکاروں کے ساتھ کیا کررہے ہیں ہم؟ آپ کو پتا ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دورِ حکومت میں غلے کا قحط پڑا تو انہوں نے چوری کے لیے ہاتھ کاٹنے کی سزا کو اس وقت تک کے لیے معاف کردیا تھا جب تک قحط دور نہ ہوجاتا۔ وہ عمرؓ کہ جن کا کیا فیصلہ اوپر آسمان پر سراہا جاتا تھا مگر کتنے افسوس کی بات ہے کہ آج ہم نے ایسی انمول اور گراں قدر ہستیوں کا اتباع کرنے کی بجائے' اپنی زندگیوں کو انہی شرمناک اصولوں کے سپرد کردیا ہے جو منحوس انگریز ہمارے لیے چھوڑ کر گئے کتنے دکھ کی بات ہے کہ ایک اسلامی ملک میں اسی کے باشندوں کے ساتھ قطعی غیر اسلامی سلوک روا رکھا جارہا ہے' تاریخ کھول کر دیکھ لیجیے ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یا ان کے کسی صحابی نے کبھی کسی گناہ گار قاتل کو بھی دس دس پندرہ پندرہ سال بدترین قید میں رکھ کر پھانسی کی سزا نہیں دی' الٹا ان پاک ہستیوں نے تو گناہ گار کے لیے بھی قصاص کے ساتھ ساتھ دیت اور معافی کو پسند کیا۔ خود پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی کئی بہترین مثالیں ہمارے سامنے ہیں' جن میں انہوں نے اپنے پیارے چچا حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ اور محبوب بیٹی کے قاتلوں کو سزا دینے کا حق اور اختیار رکھنے کے باوجود عام معافی کا اعلان کردیا مگر یہاں ہماری جیلوں میں موت کی سزا پانے والے بدنصیب حق داروں کے ساتھ ساتھ کئی بے گناہ معصوم قیدیوں کے ساتھ انہیں ذہنی اور جسمانی اذیت سے دوچار رکھنے کے لیے وہ وہ طریقے آزمائے جاتے ہیں کہ شاید انہیں دیکھ کر شیطان بھی انسان سے پناہ مانگتا ہوگا' آئے روز ان عقوبت خانوں سے کتنی ہی لاشیں نکلتی ہیں' جو اپنے پیچھے سیکڑوں افسوس ناک سوالات چھوڑ جاتی ہیں۔'' بولتے بولتے عمیر کا تنفس تیز ہوگیا تھا۔ حورعین چپ چاپ خاموشی سے اسے دیکھتی رہی' اندر کہیں کسی درد نے چپکے سے انگڑائی لی تھی مگر وہ ساکت بیٹھی رہی۔

''کتنی دلچسپ بات ہے ناں آپی! کہ محض ایک جرم کرنے والا' قتل کے بدلے میں قتل تو ہوتا ہی ہے مگر اٹھارہ اٹھارہ' بیس بیس سال' عقوبت خانوں میں قید ایک ایک پل کا عذاب اپنے جسم اور روح پر ٹوٹتے علیحدہ برداشت کرتا ہے' کیا کیا نہیں ہوتا ان سالوں میں اس کے ساتھ۔'' عمیر کے لہجے میں ٹھہراؤ اور آنکھوں میں گزرے دنوں کی دھول صاف اڑتی دکھائی دے رہی تھی' حورعین گہری سانس بھر کر رہ گئی۔

''ہوں' صحیح کہتے ہو' یہاں کسی بھی شعبے کا نظام درست نہیں ہے' ایڑیاں رگڑ رگڑ کر مرجائیں تب بھی ہم نہ اس سسٹم کو ٹھیک کرسکتے ہیں نہ اس جال کو توڑ سکتے ہیں جو ہم پر یہود و نصاریٰ نے ڈال رکھا ہے' یہی تقدیر ہے اس ملک کے باشندوں کی کہ وہ بے قصور مارے جائیں اور کوئی ان کے لیے آواز اٹھانے والا نہ ہو بہرحال شہزاد کا کیا بنا؟''

''کیا بننا تھا؟'' حورعین کے سوال کے جواب میں عمیر کے لبوں پر تلخ مسکراہٹ بکھری تھی۔

''جس ملک کا آئین اور قانون نہ ہو وہاں بے بس' غریب لوگوں کے ساتھ کیا بنتا ہے' آپ کے ساتھ کیا بنا؟ سر ہمدانی اور ان جیسے سیکڑوں قوم کا درد دل میں رکھنے والے معصوم پاکستانیوں کے ساتھ اب تک کیا بنتا آیا ہے؟ چھوڑیں آپی! اس خطۂ ارض میں جس کی لاٹھی اس کی بھینس والا قانون چلتا ہے۔'' آنکھوں کے گوشوں میں ایک دم سے چھلک آنے والی نمی کو چھپانے کے لیے اس نے فوراً رخ پھیر لیا تھا۔

''آپ کو نیند آرہی ہوگی سو جائیں جا کر۔''

''نہیں مجھے نیند نہیں آرہی پھر...... ابھی عذیر بھی گھر واپس نہیں آئے۔''

''وہ لیٹ ہی آتے ہیں' آپ کو ان کی فکر میں جاگنے کی ضرورت نہیں ہے۔''

''میں ان کی فکر میں نہیں جاگ رہی۔'' فوراً سے پیشتر اس نے وضاحت دی تھی۔

''جیل سے آنے کے بعد میں چائے کا بہت عادی ہوگیا ہوں خیر آپ نے پاکستانی قانون میں دفعہ سیلون اے ٹی اے کا نام سنا ہے؟''

''نہیں' کیوں؟''

''جاننا چاہیے تھا یہ قانون نواز حکومت میں پاس ہوا تھا' انسدادِ دہشت گردی کے ضمن میں بظاہر یہ قانون دہشت گردوں کے لیے بنا ہے' مگر پولیس والوں کے پیٹ کی مہربانی کی وجہ سے اکثر دوسرے لوگ بھی اس بدترین قانون کی بھینٹ چڑھ جاتے ہیں' اس قانون کی رو سے اگر مقتول کے ورثاء قاتل کو معاف کردیں تو بھی اسے سزا سے رہائی نہیں ملتی۔''

''وہاٹ؟''

''جی ہاں' ہمارا المیہ ہے کہ ہم یہاں کسی بھی قانون کو غلط استعمال کرنے اور اس کا ناجائز فائدہ اٹھانے سے نہیں چوکتے' بس اس پر اختیار ہونا چاہیے۔

تین سالہ جیل کے دوران میں نے بہت سے لوگوں کو اس اندھے قانون کی بھینٹ چڑھتے دیکھا ہے' ہمیں خبر بھی نہیں ہوتی اور کہیں میلوں دور ہمارے نام کی ایف آئی آر بھی کٹ چکی ہوتی ہے' شہزاد کے ساتھ بھی یہی معاملہ ہوا تھا۔ نمبردار نے پولیس کو تگڑی رقم دے کر اس پر سیلون اے ٹی اے کی دفعہ نافذ کروادی تھی۔ بہت کوشش کی شہزاد کے گھر والوں نے انصاف کے لیے نمبر دار کو راضی کرنے کے لیے اپنی زمین بھی اس کے حوالے کردی۔ زمین ہتھیانے کے بعد نمبردار نے راضی نامہ لکھ کردے دیا' جس پر سپریم کورٹ نے مجھے اور شہزاد کو قتل کے کیس سے بری کردیا مگر شہزاد پر چونکہ سیلون اے ٹی اے کی دفعہ نافذ تھی تو قتل کے کیس سے باعزت بری ہونے کے باوجود فاضل جج نے اس کی سزا برقرار رکھی' بہت احتجاج ہوا اپیلیں کی گئیں' اس وقت کے جیل کے نیک دل سپرٹینڈینٹ نے بھی بہت تعاون کیا شہزاد کے گھر والوں کے ساتھ نہ صرف یہ بلکہ اس نیک دل انسان نے جیل سے مختلف جگہوں پر انصاف کے حصول کے لیے درخواستیں بھجوادیں مگر کسی بھی جگہ پر کوئی سنوائی نہیں ہوئی' سب نے یہی کہا کہ قانون بنا ہے تو اس کا احترام بھی ہونا چاہیے' خواہ وہ شخص اپنے جرم سے باعزت بری ہی کیوں نہ ہوگیا ہو۔ تین بار ڈیتھ فکس ہوئی شہزاد اور اس کے گھر والے


آپ دُنیا کے کسی بھی خطے میں مقیم ہوں

ماہنامہ آنچل کراچی

ماہنامہ نئے اُفق کراچی

ہر ماہ آپ کی دہلیز پر فراہم کریئے

ایک رسالے کے لیے 12 ماہ کا زرسالانہ

(بشمول رجسٹرڈ ڈاک خرچ)

پاکستان کے ہر کونے میں 600 روپے

امریکا' کینیڈا' آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ کے لیے 5500 روپے

میڈل ایسٹ' ایشیاء' افریقہ' یورپ کے لیے 6000 روپے

رقم ڈیمانڈ ڈرافٹ' منی آرڈر' منی گرام' ویسٹرن یونین کے ذریعے بھیجی جاسکتی ہیں۔ مقامی افراد دفتر میں نقد ادائیگی کرکے کرسکتے ہیں۔

رابطہ: طاہر احمد قریشی...... 0300-8264242

نئے اُفق گروپ آف پبلی کیشنز کمرہ نمبر: 7 فرید چیمبرز عبداللہ ہارون روڈ کراچی۔

فون نمبرز: 2/1-3562077-922+ فیکس: 5620773-922+ Email:circulationngp@gmail.com

www.pdfbooksfree.pk

پاگل ہونے کو تھے کہ اگر ہمارے بچے کی جان ہی نہیں بچی تھی تو ہمیں اپنی زندگی بھر کی پونجی لٹا کر نمبردار سے راضی نامہ کرنے کا کیا فائدہ' جیل کے سپرنٹینڈینٹ نے کہا کہ چاہے اسے معطل کردیا جائے مگر وہ ایک ناجائز قتل کا گناہ اپنے سر نہیں لے گا۔ تب اوپر سے تیمیں بھیجی گئیں مگر سپرنٹینڈینٹ کے کردار پر آفرین ہے کہ اس نے شدید دباؤ کے باوجود سزا پر عمل درآمد نہیں ہونے دیا اور افسران کو یہ سوچنے پر مجبور کردیا کہ وہ بہت غلط کررہے ہیں' بے شک ایسے ہی لوگوں کے لیے جو اپنے فرض سے غداری نہیں کرتے' آخرت کی راحت ہے مگر شہزاد کو انصاف نہیں ملا' ہر جگہ انصاف کے حصول کے لیے سر پھوڑنے کے بعد بالآخر وہ پاگل ہوگیا اور آج تک پاگل پن میں جیل کاٹ رہا ہے' یہ ہے اس ملک کا نظام اور یہاں کا اندھا قانون' وہ بدترین اور اندھا قانون' جس کی بھینٹ صرف بے گناہ' غریب اور کمزور لوگ چڑھتے ہیں بااثر اور امیر لوگوں کے لیے تو یہ کسی کھیل تماشے سے کم نہیں۔'' رخ پھیرے وہ بہت دل گرفتگی سے کہہ رہا تھا۔ حورعین رنجیدگی سے اس کی طرف دیکھتی رہ گئی۔

''آپ کو دکھ ہے کہ آپ کے ساتھ بے گناہی کے باوجود ایک غیر ملک کے ظالم آفیسرز نے غیر انسانی سلوک کیا' صرف اس لیے کہ آپ مسلمان اور پاکستانی تھیں مگر میں آپ کو بتاتا ہوں کہ یہاں اپنے ملک میں بااختیار لوگ بے بس لوگوں کے ساتھ کس حد تک جا کر غیر انسانی سلوک کرتے ہیں' پل پل بدترین موت کا انتظار کرنے والے قیدیوں کے ساتھ خوف ناک اندھی کوٹھڑیوں میں کیسے انسانیت کی دھجیاں بکھیرتے ہیں' ہر لمحہ کیسے ان کو ذہنی اور جسمانی طور پر ٹارچر کرکے پاگل پن کی بے رحم موت کے سپرد کرتے ہیں۔''

''میں جانتی ہوں عمیر! بہت حد تک اندازہ ہے مجھے۔''

''نہیں' آپ نہیں جان سکتیں' سوائے ان قیدیوں اور ان کے خدا کے اور کوئی نہیں جان سکتا کہ وہاں کیا ہوتا ہے' دوسرے لوگوں کے سامنے اگر ایسی کوئی بات آتی ہے تو وہ یقین ہی نہیں کرتے' کر بھی لیں تو یہی سمجھتے ہیں کہ ضرور کسی قصور کی سزا ہی ملتی ہوگی مگر ہمیشہ ایسا نہیں ہوتا۔''

''میں جانتی ہوں عمیر! میرا خود ایسے حالات سے براہ راست واسطہ پڑا ہے۔''

''میں جانتا ہوں اور میں یہ بھی جانتا ہوں کہ جو باتیں میں کررہا ہوں' وہ بہت سے لوگوں کے نزدیک محض فضول باتیں ہیں' بہت سے لوگ تو ان پر کان دھرنا اور انہیں سننا بھی گوارا نہیں کرتے اور یہی بے حسی ہمارا المیہ ہے' جس کا جواب وہ ہمیں ہونا ہے' اپنے ہی جیسے انسانوں کے ساتھ انسانیت سے گر کر ہونے والے سلوک پر۔ بہرحال ابھی جو بات میں آپ کو بتانے جارہا ہوں' مجھے اس کا بہت دکھ ہے کیونکہ یہ بدترین ظلم ہے بہرحال بہت پرانی بات نہیں ہے یہ' میرا کیس ان دنوں فائنل مراحل میں تھا جیل کے حکام نے ہمیں اس روز جو چاول کھانے کے لیے دیئے تھے وہ کسی طور کھانے کے قابل نہیں تھے' یہاں میں آپ کو یہ بھی بتادوں کہ حکومت جیل حکام کو یومیہ فی قیدی دو سے تین سو روپے دیتی ہے مگر قیدی کو بمشکل تیس سے چالیس روپے کا کھانا بھی نہیں ملتا' جیل کا باورچی ساٹھ ستر ہزار روپے خرچ کرکے یہ ڈیوٹی سنبھالتا ہے اور پھر جو راشن آتا ہے اس کی تقسیم ہوتی ہے' قیدی کے لیے کچھ بھی نہیں بچتا' دوسری دنیا کے ان نیم پاگل لوگوں کو جو کھانا تیار کرکے دیا جاتا ہے اس کی تیاری کچھ اس طرح سے ہوتی ہے کہ ایک دیگ میں پانی ابال کر' اس میں وہ دال' سبزی یا گوشت ڈال دیا جاتا ہے جو پکانا مقصود ہوتا ہے پھر برائے نام نمک مرچ چھڑک کر گھی کی جگہ ایک جگ بھر کر گندا بدبودار تیل ڈال دیا جاتا ہے جو ڈرموں کی صورت وہاں پڑا ہوتا ہے' جس روز کسی مجسٹریٹ یا اعلیٰ افسر نے چکر لگانا ہو' اس روز ذرا بہتر کھانا دے دیتے ہیں وگرنہ روز ایسا ہی کھانا دیا جاتا ہے کہ انسان دیکھ کر ہی پیچھے ہٹادے' اس روز بھی ہمیں ایسے ہی چاول دیئے گئے تھے۔ جس پر سب قیدیوں نے احتجاج کردیا' جیل کے سپرنٹینڈینٹ نے قیدیوں سے کہا کہ



ٹھیک ہے آپ لوگ اپنے اپنے سیل میں واپس چلے جائیں' میں آٹا منگوا کر آپ لوگوں کے لیے روٹی کا انتظام کردیتا ہوں' ہمیں پتا تھا کہ یہ لوگ ہمارے ساتھ ہمیشہ دھوکا کرتے ہیں' اس لیے ہم نے کہا کہ ہمیں ان کے وعدے کا کوئی اعتبار نہیں' وہ قرآنِ پاک پر ہاتھ رکھ کر حلف دے دیں کہ ہمیں کھانا دیں گے اور ہمارے ساتھ کوئی دھوکا نہیں کیا جائے گا' تب ڈپٹی سپرنٹینڈینٹ نے قرآن پاک پر ہاتھ رکھ کر حلف دیا کہ وہ دھوکا نہیں کرے گا۔ اس حلف کے بعد سب قیدی جیسے ہی منتشر ہوکر سیلز میں بند ہوئے ان لوگوں نے وہی گندے چاول' نالی میں پھینک کر ایک ایک قیدی کو باہر نکالا اور پھر مار مار کر ان کے بازو اور ٹانگیں توڑتے ہوئے انہیں نالی میں پڑے ہوئے چاول' اٹھا کر کھانے پر مجبور کیا اور کھلائے بھی۔ اگلے دن احتجاج پر ہمارے چار ساتھیوں کو گولی مار کر ان پر یہ الزام عائد کردیا کہ ان لوگوں نے جیل سے بھاگنے کی کوشش کی تھی اس لیے انہیں گولیاں ماری گئیں۔'' گہری سانس ہموار کرتے ہوئے اس نے سر جھٹکا تھا جب حورعین نے پوچھا۔

''لوگ بیمار نہیں ہوئے وہ گندے چاول کھا کر؟''

''آپ کو کیا لگتا ہے نہیں ہوتے ہوں گے' مگر جیل کی چار دیواری کے اندر بیماری بھی کسی عذاب سے کم نہیں' حکومت جو بہترین ادویات قیدیوں کے لیے بھجواتی ہے وہ فروخت کرکے پیسے بٹور لیے جاتے ہیں اور قیدیوں کو ایڑیاں رگڑنے پر ہر مرض کے لیے ایک ہی قسم کی سستی سی کالی پیلی گولیاں لاکر پکڑا دی جاتی ہیں۔ سزائے موت کے قیدیوں کو تو حالتِ مرگ میں بھی بیڈ نصیب نہیں ہوتا' نہ ہی نزع سے پہلے باہر کے اسپتال کا منہ دکھاتے ہیں' اسی لیے ان بیرکوں میں وہ قیدی بیماری سے پناہ مانگتے ہیں۔''

''ہوں آپ نے شاید سن رکھا ہوگا پاکستان اور ہندوستان میں بہت سی جیلیں ایسی ہیں جہاں قیدی اپنے گھر والوں کو پیغام میں یہ لکھتے ہیں کہ ان کے لیے موت کی دعا مانگیں وہ جیلیں جہاں ڈھلتی ہر شام نہایت وحشت ناک ہوتی ہے سورج کے غروب ہوتے ہی جہاں دلوں کو نوچ لینے والی خاموشی اپنے پنجے گاڑھ کر بیٹھ جاتی ہے' وہ جیلیں جو مقبروں سے بھی زیادہ ویران اور قبرستان سے بھی زیادہ خوف ناک ہوتی ہیں۔''

''جی' میں جانتا ہوں میں نے سن رکھا تھا کہ بھارتی جیلوں میں مسلمان قیدیوں کو پیٹرول پلایا جاتا ہے تاکہ ان کے اعضاء کو مفلوج کیا جاسکے' وہ قیدی جو وہاں سے رہا ہوکر آتے ہیں وہ یا تو مکمل طور پر پاگل ہوجاتے ہیں یا پھر ان کے لبوں پر ایک جامد خاموشی ہمیشہ کے لیے ڈیرا ڈال لیتی ہے' زندگی بھر وہ محض خلاؤں میں تکتے رہتے ہیں اور اپنے زندہ ہونے پر روتے رہتے ہیں۔''

''ہوں' موت تو اٹل حقیقت ہے' جس سے کوئی بھی بچ نہیں سکتا مگر پھر بھی دنیا کے ہر دکھ سے بڑا موت کا دکھ ہوتا ہے۔''

''برزخ میں جلتے لوگوں کے لیے نہیں ہوتا۔'' عمیر نے کہا اور اسی پل عذیر ہمدانی نے لاؤنج میں قدم دھرے تھے۔

''السلام علیکم!''

''وعلیکم السلام!'' عذیر کے سلام کے جواب میں حورعین اور عمیر نے مشترکہ سلامتی بھیجی تھی۔ وہ سر کو ہلکی سی جنبش دیتا اپنے کمرے کی طرف بڑھ گیا۔

''او کے آپی! میرے خیال سے ٹائم کافی ہوگیا ہے نیند آرہی ہے' آپ بھی سوجایئے۔'' عذیر کے کمرے کی طرف بڑھتے ہی عمیر بھی اٹھ کھڑا ہوا تھا۔ حورعین اثبات میں سر ہلا کر رہ گئی۔ تھوڑی دیر کے بعد کھانا گرم کرکے وہ عذیر کے کمرے میں لے آئی' وہ ابھی لباس تبدیل کرکے بیٹھا تھا۔

''السلام علیکم! یہ کھانا.....''

''کیا پکایا ہے؟'' اچٹتی سی ایک نظر اس کے سراپا پر ڈالنے کے بعد اس نے کھانے کی ٹرے کو دیکھا' حورعین کنفیوز سی کھڑی رہی۔

''کریلے گوشت۔''

''میں کریلے نہیں کھاتا۔''

''کیوں؟''

''بس..... سمیر کریلے اچھے نہیں بناتا۔''

''مگر آج سمیر نے کھانا نہیں بنایا' میں نے بنایا ہے' آپ

www.pdfbooksfree.pk

ذرا سا کھا کر دیکھ لیں اگر اچھا نہ لگے تو کچھ اور بنا دوں گی۔"

"شکریہ مگر میں نہیں سمجھتا کہ یہ آپ کی ذمہ داری ہے۔"

"میں جانتی ہوں مگر سمیر اتنی دیر تک جاگ کر آپ کا انتظار نہیں کر سکتا تھا۔"

"اسے ضرورت بھی نہیں ہے میرا انتظار کرنے کی' لیٹ گھر واپسی پر سب اپنا اپنا کھانا خود ہی نکال کر کھاتے ہیں۔" اس کے ہاتھ سے کھانے کی ٹرے لے کر اپنے سامنے رکھتے ہوئے وہ مبہم سا مسکرایا تھا۔ حورعین سر جھکائے کھڑی رہی۔

"بیٹھ جائیں پلیز۔"

"نہیں' آپ کھانا کھالیں تب تک میں چائے لے آتی ہوں۔"

"ابھی چائے کی ضرورت نہیں پلیز' آپ بیٹھ جائیں میں کچھ جاننا چاہتا ہوں آپ کے بارے میں؟" اگلے ہی پل کھانے کی طرف توجہ مبذول کرتے ہوئے اس نے سرسری سی نظر حورعین پر ڈالی۔ وہ ہلکی سی گھبراہٹ کا شکار قریبی صوفے پر ٹک کر بیٹھ گئی۔

"جی۔"

"سمیر نے دادی ماں کو بتایا ہے کہ ہمارا نکاح ہو چکا ہے' اسی لیے دادو نے بنا سوچے سمجھے سارا گھر آپ کے سپرد کر دیا' وہ جتنی سخت ہیں اتنی ہی پیار کرنے والی خاتون بھی ہیں۔ میرے حوالے سے آپ کو اس گھر میں کوئی مسئلہ نہیں ہو سکتا مگر یہ حوالہ ہمیں بہت سی مشکلات سے دوچار کر سکتا ہے۔" نوالہ توڑتے ہوئے وہ براہ راست اس کی آنکھوں میں دیکھ رہا تھا۔ وہ مزید گھبراہٹ کا شکار ہو گئی۔

"کیسی مشکلات؟"

"ہیں کچھ مشکلات' آج صبح جب میں دادو کے کمرے میں گیا تو پتا ہے وہ مجھ سے کیا پوچھ رہی تھیں کہ آپ انہیں خوش خبری کب سنا رہی ہیں' کہہ رہی تھیں آپ کو ساتھ لے کر ڈاکٹر سے چیک اپ کروالاؤں' بہت ایکسائیٹڈ ہیں وہ گھر میں کوئی نہ کوئی تقریب کرنے کے لیے۔" عذیر کے الفاظ نے اس کا چہرہ لمحوں میں سرخ کر دیا تھا۔ مارے حیاء کے وہ اس کے سامنے نظر اٹھانے کے قابل بھی نہیں رہی تھی۔

"بڑی مشکل سے ٹالنے میں کامیاب ہوا ہوں انہیں مگر میں جانتا ہوں ہم شاید زیادہ دن تک اس فرضی رشتے کا بھرم نہیں رکھ پائیں گے۔ اس لیے بہتر ہے کہ آپ مجھے اپنے گھر والوں کے بارے میں بتائیں تاکہ میں آپ کا مسئلہ حل کر سکوں' آخر کار آپ ساری عمر کے لیے تو فرضی تعلق کا سہارا لے کر اس گھر میں نہیں رہ سکتیں ناں؟" اس کی حیاء اور خاموشی کو یکسر نظر انداز کیے وہ اپنی بات مکمل کر رہا تھا۔ حورعین کی آنکھیں چند لمحوں میں پھر سے آنسوؤں سے بھر آئیں۔

"میں جب گھر سے نکلی تھی تو اذان ہو رہی تھی' اس وقت صرف اللہ ہی میرا واحد رشتہ تھا اسی سے عزت کی حفاظت اور پناہ کی دعا مانگی تھی میں نے اور اس نے میری دعا کو رد نہیں کیا۔"

"گھر سے کیوں نکلی تھیں؟" وہ اب باقاعدہ انویسٹی گیشن کر رہا تھا' حورعین کا سر جھکا ہوا ہی تھا۔

"پاپا کی ڈیتھ کے بعد اس گھر میں میرے لیے سوائے گھٹن کے اور کچھ بھی نہیں رہا تھا۔ ایسے میں پاپا کی تمام پراپرٹی کے مالکانہ حقوق میرے نام ہونے پر میری سوتیلی ماں کے لیے میرے وجود کو برداشت کرنا اور بھی مشکل ہو گیا۔ اس روز اگر میں گھر سے نہ بھاگتی تو یقیناً وہ اپنے بھائی اور بھانجے کے ہاتھوں میری عزت پامال کروا دیتیں۔"

"وہاٹ؟"

"ہاں پاپا کے آفس پرسن کے بھائی قابض ہیں اور گھر پر وہ اور ان کی فیملی' وہ ہر صورت مجھے اس گھر سے بے دخل کرنا چاہتی تھیں اور انہوں نے کر دیا۔"

"یہ تو بہت غلط ہے' کیا آپ کی فیملی میں کوئی اور سپورٹر نہیں ہے آپ کا؟"

"نہیں' کوئی بھی نہیں' صرف وکیل انکل تھے جب تک وہ زندہ تھے میں عافیت میں تھی ان کی رحلت کے بعد ہی یہ سب ہوا ہے۔"



"آپ فکر نہ کریں' میں اس معاملے کی مکمل تحقیق کروا کر یہ مسئلہ حل کرواؤں گا' ان شاء اللہ۔"

"شکریہ۔" آنسو پونچھتے ہوئے وہ اٹھ کھڑی ہوئی تھی۔

اگلے روز عصر کے بعد دل کے ازحد بے قرار ہونے پر' بہت دنوں کے بعد وہ قبرستان چلی آئی تھی۔ دادی ماں سے اس نے بازار سے سودا سلف لانے کا کہا' شہر خاموشاں کی خاموش دنیا کا وہی معمول تھا' وہ لوگ جن کے ہونے سے زندگی کا گمان ہوتا ہے چپ کی بکل مار کر ابدی نیند سو جائیں تو دل قبرستان بن جاتے ہیں اور پھر انہی قبرستانوں میں گزرے ہوئے وقت کی غم ناک یادیں' بدروحوں کی طرح بھٹکتی پھرتی ہیں۔ اس کے اندر بھی سناٹوں کا راج تھا' قبرستان کے بڑے سے پھاٹک کے اس پار قدم پڑتے ہی وہ جیسے کانچ کے برتن کی طرح ٹوٹ پھوٹ کر بکھر گئی تھی۔

❁.....❁.....❁

رات سیک رو' برفیلی ہواؤں کے ساتھ اپنا پچھلا سفر مکمل کر رہی تھی' جب وہ بے کل سی کمرے سے نکل کر باہر لان سے ملحقہ سیڑھیوں پر آ بیٹھی۔

آدھی آستینوں کے باریک سوٹ میں ایک لمحے کے لیے وہ کپکپا کر رہ گئی تھی مگر اگلے ہی پل بے حسی کا مظاہرہ کرتی' ٹھنڈی سیڑھیوں پر ٹک گئی۔ کل رات سے وہ مسلسل رو رہی تھی' کتنی بے دردی سے اس کے ہم سفر نے اس کی روح کے ٹانکے ادھیڑے تھے' اسے لگا جیسے اس کا سر درد سے پھٹ جائے گا۔

"اپنے باپ سے پوچھنا جا کر اپنی اوقات' جنہوں نے راتوں رات زبردستی تمہیں میرے گلے کا ڈھول بنا دیا' پتا نہیں کیا کیا گل کھلائے ہوں گے کہ انہیں یوں میرے پاپا کے پاؤں پکڑنے پڑے' تمہیں تو کوئی نہ کوئی لڑکا چاہیے دل بہلانے کے لیے' خواہ وہ شوہر کے روپ میں ہو یا اس کے بھائی کے۔" کتنا کٹیلا لہجہ تھا میکال کا' ایک ایک لفظ کوڑے کی طرح لگا تھا جسم پر۔ لوگ کہتے ہیں تیر تلوار ہی جسم کو چیرتے ہیں مگر جو چوٹ لفظوں سے پہنچتی ہے اس کا تدارک کوئی مرہم نہیں کر سکتا۔ گرم گرم آنسوؤں کے بہنے کا سلسلہ جاری ہی تھا' اس وقت اسے کسی اپنے کی کمی کی شدت سے محسوس ہو رہی تھی' کوئی ایسا اپنا جس سے وہ اپنا ہر درد شیئر کر کے پُرسکون ہو سکتی۔ اگلے پچیس منٹ مزید برفیلی ہواؤں کا سامنا کرنے کے بعد وہ بے دلی سے اٹھ کر اپنے کمرے میں چلی آئی' بیڈ کے قریب سائیڈ ٹیبل سے اپنا سیل اٹھاتے ہوئے اس کی آنکھیں پھر بھر آئی تھیں' آج کتنے دنوں کے بعد اس کی انگلیاں ہادیہ اظفر کا موبائل نمبر پریس کر رہی تھیں۔

"ہیلو۔" اسے گمان نہیں تھا مگر حیرت انگیز طور پر رات کے اس پہر بھی اس کی کال فوری پک کر لی گئی تھی' یوں جیسے اس کے ساتھ وہ بھی جاگ رہی ہو۔ ہانیہ خاموش رہی' یوں جیسے وہ سمجھ ہی نہ پا رہی ہو کہ اسے بولنا چاہیے یا نہیں۔

"ہانیہ! میری جان بات کرو پلیز' میں مانتی ہوں کہ میں نے تمہارے اعتبار کو ٹھیس پہنچا کر تمہارا دل توڑا ہے مگر خدا شاہد ہے ہانی! میرا مقصد صرف تمہاری بہترین زندگی تھا۔ میکال بھائی بہترین انسان لگے تھے مجھے تمہارے لیے۔" اس کی خاموشی پر تڑپتے ہوئے وہ بول رہی تھی' ہانیہ کے آنسو تیزی سے بہنے لگے' اس کے دل پر جما گلیشیئر پگھلنے لگا تھا کبھی اپنی سسکیوں کو دباتی وہ کمرے سے نکل کر کمرے سے ملحقہ ٹیرس کی طرف چلی آئی تھی۔ سرد ہواؤں کی سنگت نے ایک مرتبہ پھر اس کے چہرے پر نرم سا تاثر چھوڑا تھا۔ دوسری طرف موجود ہادیہ اس کی سسکی کی آواز پر جیسے تڑپ اٹھی تھی۔

"ہانی..... ہانی! تم ٹھیک تو ہو' کیا ہوا ہے' پلیز مجھے بتاؤ۔" اس کی بے قراری اس کے لہجے سے صاف محسوس کی جا سکتی تھی' مگر ہانیہ خاموشی سے روتی رہی' آنسوؤں کی زبان کے علاوہ اس وقت اسے اور کوئی زبان' اپنے درد کے اظہار کے لیے مناسب نہیں لگی تھی۔

"کچھ تو کہو ہانی' پلیز کچھ تو بتاؤ' کیا ہوا ہے' دیکھو صبح ہونے والی ہے' میں فجر کی نماز پڑھتے ہی تمہارے پاس آ جاؤں گی' پلیز تم چپ ہو جاؤ' نہیں تو مجھے کچھ ہو جائے گا۔" وہ خود بھی رونے لگی تھی اور وہ ایسی ہی تھی ہمیشہ ہانیہ کی

www.pdfbooksfree.pk

تکلیف پر تڑپ اٹھنے والی' صرف ہانیہ کے لیے اس کی محبت میں اس نے انگلینڈ جیسا شاندار ملک چھوڑ کر ہمیشہ کے لیے پاکستان میں پڑاؤ ڈال لیا تھا جب کہ اس بات پر کتنے ہی دن جاذب جو اس کا منگیتر ہی نہیں محبوب بھی تھا اس سے ناراض رہا تھا۔

ہانیہ کی سمجھ میں نہ آیا کہ وہ اسے کیا کہے تبھی اس نے خاموشی سے کال ڈیس کنیکٹ کردی تھی اور روتے ہوئے وہ پلٹ رہی تھی جب قطعی غیر متوقع طور پر میکال حسن کے ساتھ اس کی ٹکر ہوگئی' اس کے وہم وخیال میں بھی نہیں تھا کہ رات کے اس پہر اپنے بیڈروم سے نکل کر وہ یوں اس کے کمرے کی طرف بھی آسکتا ہے' تبھی اس نے بھیگی پلکوں کے ساتھ حیرانی سے سر اٹھا کر اس کی طرف دیکھا تھا۔ وہ بھی اس کی طرف دیکھ رہا تھا۔ چند ساعتیں دیکھنے کے بعد اس نے ہاتھ بڑھا کر اس کے آنسو اپنی انگلی کے پوروں پر چُن لیے تھے۔

"ایم سوری ہانیہ! شاید مجھے وہ سب نہیں کہنا چاہیے تھا جو میں نے کہا۔" وہ شخص اس سے معذرت کا اظہار کررہا تھا جس کی بے بنیاد نفرت ہانیہ کی سمجھ سے باہر تھی مگر اس شخص کے لفظوں نے جو کیچڑ اس کی ذات پر اچھالا تھا' وہ چاہتے ہوئے بھی اسے کبھی بھول نہیں سکتی تھی تبھی ایک سرد نگاہ اس کے چہرے پر ڈالنے کے بعد وہ تیزی سے اپنے کمرے کی طرف بڑھی اور کمرا لاک کرکے بیٹھ گئی' اگلے چند گھنٹوں میں ہادیہ اس کے پاس تھی' ہانیہ اسے دیکھتے ہی اس سے لپٹ کر پھر رو پڑی۔

"آنٹی اگر آپ اجازت دیں تو میں کچھ روز کے لیے ہانیہ کو اپنے ساتھ لے جانا چاہتی ہوں' اصل میں انکل کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے وہ یاد کررہے ہیں۔" اسے چپ کروانے کے بعد وہ ڈائننگ ٹیبل پر موجود مسز حسن کو مخاطب کرتے ہوئے بولی تھی۔ میکال اور حسن صاحب آفس کے لیے نکل چکے تھے جب کہ نہال پچھلے چند روز سے شہر سے باہر تھا تبھی اس کی استدعا پر انہوں نے فوراً سر جھکائے بیٹھی ہانیہ کی طرف دیکھا تھا۔

"ہانیہ بیٹے! کیا آپ بہن کے ساتھ جانا چاہتی ہو؟"

"جی۔" اس کے جی نے ہادیہ کے ساتھ ساتھ مسز حسن کو بھی حیران کیا تھا شاید تبھی انہوں نے فوراً اجازت دے دی تھی۔

"ٹھیک ہے' یہ تو بہت اچھی بات ہے آپ جب تک چاہو وہاں رہ سکتی ہو۔" وہ اس کی ماں نہیں تھیں مگر ہانیہ کے لیے ان کا پیار اور ان کا کردار' کسی طور ایک ماں سے کم نہیں تھا تبھی وہ فرماں برداری سے سر ہلا کر رہ گئی تھی۔

ہادیہ کے ساتھ اگلے تین گھنٹے کے بعد جس وقت اس نے اپنے گھر میں قدم رکھا' لان میں بیٹھے کرنل صاحب اور جاذب کی نگاہیں گویا پلک جھپکنا بھول گئیں' کتنے عرصے کے بعد وہ اس گھر میں واپس آئی تھی' جاذب اٹھا تھا اور لپک کر اس کے قریب آیا تھا۔

"ہانی! یہ تم ہی ہو ناں' میری آنکھیں کہیں دھوکا تو نہیں کھا رہیں۔"

"کھا بھی سکتی ہیں کیونکہ چشمے کے بغیر تمہیں کچھ ٹھیک سے نظر کہاں آتا ہے۔" ہانیہ کی بجائے جواب ہادیہ نے دیا تھا جس پر وہ چڑ گیا۔

"تم اپنا بوتھا بند رکھو اوکے۔"

"اوکے اب ہٹو راستے سے' ہانی کو انکل سے ملنے دو۔"

"میری بہن ہے پہلے مجھ سے ملے گی' تم خرید کے نہیں لائیں اسے۔" وہ پھر چڑا تھا۔ ہانیہ کے لبوں پر مبہم سی مسکراہٹ بکھر گئی تبھی جاذب نے اسے کھینچ کر خود سے لگالیا۔

"میں تم سے سخت خفا ہوں ہانی! مگر پھر بھی معاف کرتا ہوں' کیا کروں اکلوتی بہن جو ہو میری۔" وہ آج بھی ویسا ہی تھا اڑھائی تین سال پہلے والا۔ ہانیہ کی آنکھوں میں نمی پھر سے امڈ آئی۔ جاذب اسے خود سے لگانے کے بعد اب اس کی آنکھیں اور سر چوم رہا تھا۔ اس کا دل جیسے کٹ کر رہ گیا۔ کتنے انمول رشتے تھے یہ' جنہیں چھوڑ کر وہ ایک ایسے شخص کی زندگی میں چلی گئی تھی' جسے اس کی ضرورت ہی نہیں تھی۔

جاذب اسے اپنی مضبوط بانہوں کے حصار میں سمیٹے



کرنل صاحب کی طرف لایا' جواب میں وہ بھی اسے خود سے لپٹا کر رو پڑے تھے۔ اس کے آجانے سے پورے گھر میں جیسے خوشی کی لہر دوڑ گئی تھی۔ کوئی بھی اسے ایک منٹ کے لیے بھی تنہا چھوڑنے کو تیار نہیں تھا۔ شام میں بمشکل اسے ہادیہ کے ساتھ تنہا ہونے کا موقع ملا تو اس کے استفسار پر اس نے شادی کے پہلے دن سے لے کر اب تک کے تمام حالات اس کے گوش گزار کردیئے۔

"ہانی! اتنا کچھ ہوگیا اور تم نے ہمیں بتایا تک نہیں؟" ہادیہ کا چہرہ اس لمحے دیکھنے لائق تھا۔ ہانیہ نے سر جھکالیا۔

"کیا بتاتی' اس شخص کو زبردستی تم لوگوں نے میری زندگی کا حصہ بنایا تھا' پھر تم ہی سے کیا ڈسکس کرتی اپنا۔"

"جسٹ شٹ اپ یار! وہ شخص تم سے اور تمہاری خوشیوں سے زیادہ عزیز نہیں ہے ہمیں۔" ہادیہ سخت ٹینس لگ رہی تھی۔

"کرتی ہوں میں انکل سے بات' اس شخص کا دماغ ٹھکانے نہ لگایا تو میرا نام بھی ہادیہ نہیں۔"

"نہیں' تمہیں ایسا کچھ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔"

"چپ کرو تم' زیادہ پتی ورتا بننے کی ضرورت نہیں ہے۔" ناخن چباتے ہوئے اس نے فوراً سے ڈپٹ کر رکھ دیا تھا۔

"مجھے صرف اتنا بتاؤ تم مزید اس گھر میں اس شخص کے حوالے سے رہنا چاہتی ہو کہ نہیں؟"

"پتا نہیں۔" وہ بے حد اضطراب کا شکار تھی' ہادیہ گہری سانس بھرتی' بہت محبت سے اس کا ہاتھ دباتے ہوئے اٹھ کھڑی ہوئی۔

"ٹھیک ہے بیسٹ آف لک۔" سردی بڑھ رہی تھی وہ اس پر شال درست کرتی کچن کی طرف بڑھ گئی۔

اگلے روز شام میں اتفاق سے وہ صفدر باجوہ صاحب کے ساتھ جس تقریب میں شریک تھی' میکال حسن بھی اپنی فیملی کے ساتھ اسی تقریب میں موجود تھا۔ کھانے کے بعد جس وقت وہ لوگ گپ شپ میں مصروف تھے۔ اس نے ایک نظر میکال حسن کے اداس اور الجھے ہوئے سراپا پر ڈالتے ہوئے صفدر صاحب کو مخاطب کیا تھا۔

"ایکسکیوزمی انکل! مجھے میکال بھائی کی موجودگی میں ہانیہ کے بارے میں کچھ بات کرنی تھی آپ سے۔" اس کا انداز ایسا تھا کہ میکال حسن اور صفدر صاحب کے ساتھ ساتھ حسن صاحب اور مسز حسن بھی چونک اٹھی تھیں۔

"جی کہو بیٹے۔" صفدر صاحب نے بھی میکال پر نگاہ ڈالنے کے بعد اس کی طرف دیکھا۔ تبھی وہ دونوں بازو سینے پر باندھتے ہوئے بولی تھی۔

"میکال بھائی کا کہنا ہے کہ آپ نے ہانیہ کے ان سے رشتے کے لیے حسن انکل کے پاؤں پکڑے تھے' کیوں؟" میکال کو گمان نہیں تھا کہ وہ بھری محفل میں اسے یوں منہ کے بل گرانے کا ارادہ رکھتی ہے' تبھی وہ بوکھلا کر رہ گیا تھا جب کہ حسن اور صفدر صاحب کے منہ حیرت کی زیادتی سے کھلے کے کھلے رہ گئے تھے۔

"میں نے پاؤں پکڑے تھے حسن کے.....؟"

"ایکسکیوزمی مس ہادیہ! آپ شاید جانتی نہیں ہیں کہ اس وقت ہم لوگ اپنے گھر میں نہیں ہیں۔"

"جانتی ہوں بہت اچھی طرح سے احساس ہے مجھے کہ ہم لوگ اس وقت کہاں ہیں' مگر میں یہ بھی بہت اچھی طرح سے جانتی ہوں کہ ہانیہ کی شادی آپ جیسے شخص سے کروانے کے لیے سب سے زیادہ محنت میں نے کی تھی' میں نے ہی انکل کو مجبور کیا تھا کہ وہ ہانیہ کے لیے آپ کا پرپوزل قبول کریں کیونکہ مجھے لگتا تھا وہ آپ کے گھر بہت خوش رہے گی' مگر اب تک جو کچھ وہاں اس کے ساتھ ہوا ہے میرا دل غم کی شدت سے پھٹ رہا ہے۔" وہ جذباتی ہوئی تھی جب حسن صاحب نے اس سے کہا۔

"میرا خیال ہے ہم گھر چل کر بات کرتے ہیں اس موضوع پر' یہ جگہ ایسے کسی جھگڑے کے لیے مناسب نہیں ہے۔" حسن صاحب کی ایماء پر اگلے پینتیس منٹ میں وہ لوگ ان کے گھر پر موجود تھے۔ نہال بھی اتفاق سے لاؤنج میں ہی بیٹھا تھا۔ مسز حسن چائے کا آرڈر دینے چلی گئیں تبھی حسن صاحب نے پھر ہادیہ کی طرف دیکھا۔

"جی بیٹے اب آپ بتائیں' کیا کہنا چاہ رہی تھیں؟"

www.pdfbooksfree.pk

"پاپا میں اپنے روم میں جارہا ہوں' میرے سر میں آل ریڈی بہت درد ہے میں کسی بھی جھگڑے کا متحمل نہیں ہوسکتا۔"

"ہم لوگ بھی جھگڑالو نہیں ہیں' نہ ہی ہمارا خاندانی مشغلہ ہے۔" ایک دم سے میکال کے اٹھنے پر وہ بھی سلگتے ہوئے بولی تھی تبھی صفدر صاحب بول اٹھے۔

"کیا بات ہے ہادی بیٹا! کیوں اس طرح کا برتاؤ کررہی ہیں آپ؟"

"کیونکہ میں بہت ہرٹ ہوں انکل! پچھلے دو روز سے ہانیہ کا بخار نہیں ٹوٹ رہا ہے' بے حد ڈسٹرب ہے وہ اور اس کی وجہ میکال بھائی ہیں۔"

"کیا کیا ہے میکال نے؟"

"کیا نہیں کیا انہوں نے' جب سے ہانیہ اس گھر میں بیاہ کر آئی ہے انہوں نے ایک دن بھی اس کے وجود کو تسلیم نہیں کیا' ہر روز ہر لمحہ اس سے اپنی نفرت کا اظہار کرتے رہے مگر وہ پھر بھی خاموش رہی' کسی کمزوری کی وجہ سے نہیں صرف اور صرف آپ کی عزت کے لیے اور آپ کے قائم کیے بندھن کو نبھانے کے لیے مگر یہ اس پر بھی خوش نہیں رہے' انہوں نے اس سے کہا کہ وہ ایک بدکردار لڑکی ہے اسی لیے آپ نے حسن انکل کے پاؤں پکڑ کر زبردستی اس کا تعلق ان سے جوڑ دیا' میں جاننا چاہتی ہوں انہوں نے اتنی بڑی بات کس بنیاد پر کی' اس سے؟" غصے کی شدت کے باعث اس کی چھوٹی سی ناک کی پھننگ پھول گئی تھی۔ صفدر صاحب اس کے الفاظ پر جہاں کے تہاں بیٹھے رہ گئے تھے۔

"یہ میں کیا سن رہا ہوں حسن؟"

"میں نے ایسا کچھ نہیں کہا انکل! یہ جھوٹ بول رہی ہیں۔" گہری سانس بھر کر پینٹ کی پاکٹس میں ہاتھ پھنساتے ہوئے وہ خاصی حد تک خود کو سنبھال چکا تھا تبھی وہ چیخی تھی۔

"میں جھوٹ بول سکتی ہوں مگر ہانیہ جھوٹ نہیں بولتی۔"

"تو ہانیہ سے کہیے ناں وہ خود یہاں آکر سب کے سامنے یہ بات کہے۔" ہادیہ کے وہم وگمان میں بھی نہیں تھا کہ وہ شخص اتنا جھوٹا اور چالاک ثابت ہوگا تبھی اس کا چہرہ سرخ ہوگیا تھا۔

"ہانیہ کو یہاں آکر آپ کی شکایت کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے' جو حال فقط چند ماہ میں آپ نے اس کا کردیا ہے کافی ہے' میرا خیال ہے آگے وہ ایک قدم بھی آپ کے ساتھ چلنا پسند نہیں کرے گی۔"

"آپ اپنا خیال اپنے پاس رکھیے' میرے ساتھ چلنا ہے یا نہیں چلنا' یہ خالصتاً ہانیہ کا مسئلہ ہے اور اس کا فیصلہ بھی وہی کرے گی۔ میں صرف اتنا کہوں گا کہ میرے دل میں انکل کے لیے بہت عزت ہے میں ہانیہ کے معاملے میں ان کے لیے کسی بھی غیر ضروری بات کے سخت خلاف ہوں۔ اب سوری کہ میں آپ کو مزید کمپنی نہیں دے سکتا کیونکہ میری طبیعت ٹھیک نہیں ہے' خدا حافظ۔" انتہائی محتاط الفاظ میں بات ختم کرتے ہوئے وہ سیڑھیوں کی طرف بڑھ گیا تھا۔ تبھی وہ بولی تھی۔

"میں نے جو بھی کہا ہے وہ حرف بہ حرف سچ کہا ہے اگر آپ لوگوں کو یقین نہ آئے تو آپ ہانیہ سے اس کی تصدیق کرسکتے ہیں' میں اس کی خوشیوں کی دشمن نہیں ہوں مگر میں اسے پل پل مرتے بھی نہیں دیکھ سکتی۔" سر جھکاتے ہوئے اس کی آنکھوں کے ساتھ ساتھ اس کے لہجے میں بھی نمی چھلکی تھی۔ تبھی مسز حسن چائے ٹیبل پر رکھتے ہوئے بولی تھیں۔

"میکال کی طرف سے میں معافی مانگتی ہوں بیٹا! اگر اس نے ہانیہ بیٹی سے ایسی کوئی فضول بات کی ہے تو نہایت چھوٹے پن کا ثبوت دیا ہے۔ خدا جانتا ہے کہ ہانیہ کو میں نے اپنی بیٹی کی طرح ہی سمجھا ہے' وہ میرے گھر کی عزت اور رونق ہے۔"

"اٹس اوکے آنٹی! مجھے یا ہانیہ کو آپ سے کوئی گلہ نہیں ہے۔" چائے کا کپ تھام کر گہری سانس بھرتے ہوئے اس نے گویا بات ختم کردی تھی۔ گھر واپسی کے بعد صفدر صاحب نے ہانیہ کو اپنے کمرے میں طلب کرلیا۔



"جی پاپا' آپ نے بلایا۔"

"ہوں' یہاں بیٹھو۔" پُرسوچ نگاہ اس کے بخار سے نڈھال سراپا پر ڈالتے ہوئے انہوں نے اسے اپنے قریب صوفے پر بیٹھنے کا اشارہ کیا تھا۔

"کیسی طبیعت ہے اب' ہادیہ بتا رہی تھی بخار ہے۔"

"جی' کچھ بہتر ہے اب۔"

"الحمدللہ' اپنا خیال رکھا کرو بیٹے! بے پروائی اچھی بات نہیں ہے۔"

"جی پاپا۔"

"ہانیہ بیٹے! مجھے میکال کے بارے میں آپ سے کچھ بات کرنی تھی' کیا آپ اس کے ساتھ خوش ہیں؟" ان کے سوال پر اس نے بے ساختہ چونک کر سر اٹھایا تھا۔

"آپ یہ سوال کیوں پوچھ رہے ہیں پاپا؟"

"بس یوں ہی' دل کی تسلی کے لیے۔"

"اگر میں کہوں کہ میں اس کے ساتھ خوش نہیں ہوں تو آپ کیا کریں گے' علیحدگی کروادیں گے میری اس سے؟" کتنے مضبوط لہجے میں کتنا مشکل سوال کرگئی تھی وہ' صفدر صاحب اس کا منہ دیکھتے رہ گئے۔

"ہوں' ممکن ہے کروا ہی دوں کیونکہ تمہاری خوشی کے لیے میں کچھ بھی کرسکتا ہوں۔"

"بس کریں پاپا پلیز۔" ایک دم سے اس کا لہجہ تلخ ہوا تھا۔ "مائنڈ مت کیجیے گا مگر مجھے لگتا ہے روز محشر اگر کوئی سب سے زیادہ پریشان ہوگا تو وہ آپ لوگ ہوں گے' ہمارے مشرقی والدین جو ہمیں پیدا تو کرتے ہیں مگر پھر پل پل اذیت کی بھٹی میں جلا کر اپنے اس پیدا کرنے والے احسان کا حق بھی وصولتے ہیں' والدین کو احساس ہی نہیں ہوتا کہ ہم بیٹیاں جنہیں اللہ رب العزت نے اپنی رحمت قرار دیا ہے۔ ہماری بھی کوئی زندگی ہے' کوئی خواہش ہے' بے زبان جانوروں کی طرح زندگی بھر ہم صرف سر جھکاتے ہیں اور اپنی ذات کے لیے آپ لوگوں کے احکامات سنتے ہیں' خواہ ہمارا دل اس پر کتنا ہی احتجاج کیوں نہ کرتا ہو' اون کے گالوں کی طرح آپ اپنی مرضی سے کوئی بھی من پسند ڈیزائن بُنتے ہیں اور پھر فالٹ نظر آنے پر ادھیڑ کر رکھ دیتے ہیں۔ یہ احساس کیے بغیر کہ اس ڈیزائن کے ساتھ ہی ہماری زندگیاں بھی ادھڑ کر رہ جاتی ہیں' معاف کیجیے گا پاپا! مگر یہ سچ ہے کہ آپ ساری زندگی اپنے بچوں کو اسلام کا درس تو دیتے ہیں انہیں ماں باپ کی اطاعت' ثواب گناہ' پردہ سب بتاتے ہیں مگر یہ بھول جاتے ہیں کہ اسلام نے ہر انسان کو خواہ وہ بالغ بیٹا ہو یا بیٹی' اس کی رضا اور پسند کا حکم دیا ہے۔ بہرحال مجھے کسی سے کوئی گلہ نہیں ہے بس میں اتنا چاہتی ہوں کہ میری زندگی میں مزید کوئی ہنگامہ نہ کیا جائے فی الحال میں صرف سکون چاہتی ہوں بس۔" جتنے مضبوط لہجے میں اس نے اپنی بات مکمل کی تھی صفدر صاحب کو اس سے ایسے کھرے پن کا گمان بھی نہیں تھا۔

"اور ہاں پاپا! پلیز آپ جاذب اور ہادیہ کی شادی کی تیاری شروع کردیں' میرا خیال ہے کہ اس نیک کام کو مزید مؤخر کرنے کا کوئی فائدہ نہیں۔"

"ہوں میں بھی یہی سوچ رہا ہوں۔"

"اچھی بات ہے' میں اب چلتی ہوں آپ آرام کرلیں۔" زندگی میں پہلی بار اس نے اتنی خود اعتمادی سے ان سے بات کی تھی کہ وہ جواب میں کچھ بھی نہیں کہہ سکے تھے۔

ادھر میکال کی کلاس لگ رہی تھی۔

حسن صاحب اور مسز حسن دونوں ہی سخت شرمندگی محسوس کررہے تھے' صفدر صاحب اور ہادیہ کے جانے کے بعد وہ دونوں میکال کے کمرے میں چلے آئے تھے' وہ جو بیڈ کی سائیڈ پر بیٹھا تھا انہیں دیکھتے ہی سیدھا ہوکر بیٹھ گیا۔

"تمہارے پاپا تم سے کچھ بات کرنا چاہتے ہیں میکال!" مسز حسن ایک سنجیدہ نگاہ اس پر ڈالتے ہوئے بولی تھیں' وہ سر جھکا گیا۔

"جی کہیے۔"

"کیا کہوں یہ..... کہ مجھے تمہیں اپنا بیٹا سمجھتے ہوئے شرم آرہی ہے یا پھر یہ کہ تم نے ساری عمر کے لیے مجھے حسن کے سامنے نظر اٹھانے کے لائق نہیں چھوڑا۔"

"میں نے ایسا کچھ نہیں کیا پاپا۔"

www.pdfbooksfree.pk

"جسٹ شٹ اپ اگر میں صفدر کے سامنے نہیں بولا تو اس کا یہ مطلب نہیں کہ میں نے تمہارے جھوٹ پر یقین کرلیا ہے، بہت اچھی طرح سے سمجھ سکتا ہوں میں کہ تم نے کتنا دل دکھایا ہوگا اس بچی کا، جو وہ وہاں جا کر بیٹھ گئی ہے۔ بہر حال مجھے اب اس ٹاپک پر تم سے کوئی بات نہیں کرنی، میں صرف یہ چاہتا ہوں کہ تم ہانیہ بیٹی کے بارے میں کل تک کوئی فیصلہ کرلو، مجھ میں مزید شرمندگی کا سامنا کرنے کی ہمت نہیں ہے۔" غصے کی شدت سے ان کا چہرہ سرخ ہورہا تھا، میکال خاموش بیٹھا رہا۔

اگلے روز صبح ابھی ہانیہ کی آنکھ کھلی تھی، جب اس کے سیل پر میکال کی کال آ گئی، کئی بار نظر انداز کرنے کے بعد بالآخر اسے اس کی کال پک کرنی پڑی تھی۔

"السلام علیکم!" اس کی خاموشی پر اس نے بڑے ٹھہرے ہوئے لہجے میں سلام کیا تھا، وہ گہری سانس بھر کر رہ گئی۔

"وعلیکم السلام، فرمائیے۔"

"ملنا چاہتا ہوں تم سے، کہاں ملوگی؟"

"کہیں بھی نہیں کیونکہ میں اب آپ سے ملنا نہیں چاہتی۔"

"مگر میں پھر بھی تم سے ملنا چاہتا ہوں، بہت ضروری بات کرنی ہے۔"

"معذرت، اب ایسا کچھ بھی ممکن نہیں ہے۔" میکال کی طرح اس کے لہجے میں بھی ٹھہراؤ تھا، پھر اس سے پہلے کہ وہ کچھ کہتا اس نے کال کاٹ دی۔ اگلے بہت سے دن اس کے شدید مصروفیات کی نذر ہوگئے تھے۔ جاذب سے ریکوئسٹ کر کے اس نے آفس جانا بھی شروع کردیا تھا جب کہ ہادیہ اور جاذب کی شادی کی تیاریاں شروع ہوگئی تھیں۔

اس روز ایک فارنر ڈیلی گیشن کے ساتھ میٹنگ کے دوران اس نے میکال کو دیکھا تھا۔ وہ پہلے سے زیادہ کمزور اور الجھا ہوا دکھائی دے رہا تھا۔ میٹنگ کے دوران بھی اس کی نظریں مسلسل ہانیہ کے چہرے کا طواف کرتی رہی تھیں۔ میٹنگ سے فراغت کے بعد وہ سیڑھیاں کراس کر رہی تھی، جب وہ ایک دم سے مقابل آ گیا تھا۔

"مجھے تم سے کچھ بات کرنی ہے ہانیہ! پلیز میری بات سنو۔"

"وقت نہیں ہے میرے پاس، سوری۔" چہرے پر چٹانوں سی سختی لیے اس نے سائیڈ سے نکلنا چاہا تھا، جب میکال نے برہم ہوتے ہوئے اس کا ہاتھ تھام لیا۔

"میکال یہ کیا بدتمیزی ہے؟" وہ اسے اپنے ساتھ زبردستی کھینچتے ہوئے گاڑی کی طرف لے آیا تھا جب وہ چلائی تھی۔ مگر اس نے پروا نہیں کی۔ سختی سے ہونٹ بھینچے وہ ڈرائیونگ سیٹ پر آ بیٹھا تھا۔ ہانیہ بل کھا کر رہ گئی۔

اگلے پچیس منٹ کے بعد گاڑی ایک جھٹکے سے کسی ریستوران کے سامنے رکی تھی۔

"اترو۔" بنا اس کی طرف دیکھے اس نے انجن بند کرتے ہوئے حکم جاری کیا مگر ہانیہ اس کے حکم پر گاڑی سے نکل کر ریستوران کی جانب بڑھنے کی بجائے مخالف سمت کو چل پڑی تھی۔

"ہانیہ۔" وہ چلایا تھا مگر وہ بے نیازی سے آگے بڑھتی رہی۔ تبھی وہ لپک کر اس کے مقابل آیا تھا۔

"ہانیہ صفدر، اگر تم سمجھتی ہو کہ جس طرح زبرستی تم میری زندگی میں گھس آئی تھیں۔ اسی طرح زبردستی نکل بھی جاؤ گی تو یہ تمہاری بھول ہے۔"

"اور تمہاری بھی بھول ہے میکال حسن کہ میں اب کبھی تمہارے جیسے شخص کے ساتھ رہوں گی۔" سینے پر مضبوطی سے بازو باندھے وہ ایک پل کو رکی تھی۔ تبھی بارش کی پہلی بوند نے اس کے رخسار کو چھولیا۔ شام کے ڈھلتے لمحوں کے ساتھ، زمین کی طرف لپکتی، غیر متوقع بارش نے اسے حیران کیا تھا۔ عین اسی پل میکال کی نظریں بھی اوپر آسمان کی طرف اٹھی تھیں۔

"میں کسی بھول میں نہیں جیتا، مگر یہ طے ہے کہ تم میرے ساتھ رہوگی۔"

"ہرگز نہیں۔" اس کی بھوری روشن آنکھوں میں سرسری سا دیکھتے ہوئے وہ رخ پھیر گئی تھی۔ تبھی وہ بولا تھا۔

"تو ٹھیک ہے آج نہ تم گھر جاؤ گی نہ میں جاؤں گا، جب تک تمہارا دماغ ٹھکانے پر نہ آ جائے۔"

"مگر کیوں، میرا کیا تعلق ہے آپ سے، میں تو ایک بد



کردار، ناپسندیدہ رشتہ ہوں آپ کے لیے آپ کو خوش ہونا چاہیے کہ میں خود ہی آپ کی لائف سے نکل آئی اب آپ اپنے فیصلوں میں آزاد ہیں۔"

"جیسی بھی ہو، مگر میری ذمہ داری ہو فی الوقت میں ذہن میں کسی بات کو نہیں رکھنا چاہتا نہ ہی تمہیں یہ اختیار دوں گا کہ تم میری زندگی کے فیصلے کرو۔"

"کوئی شوق نہیں ہے مجھے آپ کی زندگی کے فیصلے کرنے کا، بس میں اس شخص کے ساتھ نہیں رہ سکتی جس کی نظروں میں میری کوئی عزت نہ ہو۔" سر جھٹک کر کہتے ہوئے وہ پھر چل پڑی تھی۔ تبھی بارش میں ایک دم سے شدت آ گئی۔ ہانیہ کو ہمیشہ یہ موسم بے حد پسند ہونے کے باوجود اس موسم سے ڈر لگتا تھا۔ تبھی وہ پریشان ہوئی مگر میکال کے چہرے پر اطمینان تھا شاید ہانیہ کی پریشانی نے اسے ریلیکس کیا تھا۔

"اب بتاؤ چلنا ہے گھر کہ نہیں؟"

"نہیں۔" اس کی نظروں کے اطمینان سے خائف ہوتی وہ اِدھر اُدھر پناہ کے لیے نگاہیں دوڑانے لگی تھی۔ تبھی میکال نے چپکے سے اس کا ہاتھ تھام لیا۔

"جب میں نے اپنے کہے ہر لفظ پر تم سے ایکسکیوز کرلیا ہے تو پھر یہ ناراضی کیوں؟"

"ہاتھ چھوڑو میرا۔"

"نہیں، پہلے میرے سوال کا جواب دو۔"

"میں تمہارے کسی سوال کے جواب کی پابند نہیں ہوں۔"

"کرسکتا ہوں پابند، مگر فی الحال کروں گا نہیں۔" بے نیازی سے کہتے ہوئے اس نے ہانیہ کا ہاتھ زور سے دبایا تھا۔ جس پر وہ کراہ کر رہ گئی تھی۔ لمحہ بہ لمحہ تیز ہوتی بارش نے دونوں کو بری طرح بھگوڈالا تھا۔

"میکال......!" وہ ابھی کچھ اور کہنا ہی چاہتا تھا کہ اچانک اپنے نام کی پکار پر چونک اٹھا۔ پلٹ کر سائیڈ پر دیکھا تو مسٹر اینڈ مسز رحیم دونوں گاڑی روکے مسکراتی نگاہوں سے اسے ہی دیکھ رہے تھے۔ مسٹر رحیم کا تعلق اس کے ننھیال سے تھا مگر وہ اس کے پاپا کے بہترین دوستوں میں شمار ہوتے تھے۔ میکال کا بچپن زیادہ انہی کے گھر انہی کی صحبت میں گزرا تھا۔ بعدازاں مسٹر رحیم اپنی بیوی اور دو بچوں کے ساتھ ایبروڈ شفٹ ہوگئے تو اس کا رابطہ بھی ٹوٹ گیا تھا۔ تاہم وہ دیارِ غیر سے بھی میکال کے لیے قیمتی تحائف اور چیزیں بھجواتے رہتے تھے۔

انیس سال بعد دوبارہ وطن واپسی پر ان کا تعلق میکال سے پھر بحال ہوگیا تھا۔ مسز رحیم کی خواہش و فرمائش پر وہ انہیں "آپا" کہہ کر بلاتا تھا۔ ویسے بھی وہ رحیم صاحب سے کئی سال چھوٹی تھیں۔ میکال جب بھی بہت خوش یا ٹینس ہوتا تو رحیم صاحب کا گھر ہی اس کی جائے پناہ ہوتا تھا۔ کیونکہ ان کے بچے اب ان کے ساتھ نہیں تھے۔ اس وقت بھی ایسا ہی ہوا تھا۔ وہ دونوں میکال کو سڑک کے وسط میں بارش میں بھیگتا دیکھ کر رک گئے تھے۔ میکال ان کی پکار پر سر سے پانی جھاڑتا ہانیہ کو ساتھ کھینچتے ہوئے فوراً ان کی طرف لپکا تھا۔

"السلام علیکم! ایسے برساتی موسم میں آپ گھر سے باہر کیا کر رہے ہیں۔"

"وعلیکم السلام وہی جو تم کر رہے ہو۔" مسٹر رحیم ادھار رکھنے کے قائل نہیں تھے وہ مسکرا دیا۔

"یہ میری وائف ہیں، ہانیہ۔"

"ماشاءاللہ بہت پیاری بچی ہے گن پوائنٹ پر تو نکاح نہیں کروایا نا؟" اب مسز رحیم اسے شرارتی نگاہوں سے دیکھتے ہوئے چھیڑ رہی تھیں۔ وہ پھر مسکرا دیا۔

"یہی سمجھ لیں۔"

"تم سے یہی امید تھی، یہاں روڈ پر اتنی تیز بارش میں کیا کر رہے ہو؟"

"موسم کو انجوائے کر رہے ہیں ہانیہ کو بارش بہت پسند ہے۔"

"پسند کے بچے بیمار کر ڈالو گے اسے، چلو بیٹھو گاڑی میں گھر چل کر کافی پیتے ہیں۔"

"گڈ آئیڈیا آپ لوگ چلیں میں پیچھے آتا ہوں گاڑی ہے میرے پاس۔"

"چلو ٹھیک ہے بیسٹ آف لک۔" مسٹر رحیم اسے

www.pdfbooksfree.pk

انگوٹھا دیکھاتے ہوئے آگے بڑھ گئے تھے۔ تبھی وہ پیچھے پلٹا تھا۔

"کیا خیال ہے چلوگی مسٹر رحیم کے گھر؟"

"ہرگز نہیں۔"

"چلنا تو پڑے گا کیونکہ وہ اتنے پیار اور مان سے آفر کر کے گئے ہیں' تم آن۔"

"مسٹر میکال میں تمہاری ملازمہ نہیں ہوں۔" اس کی ہٹ دھرمی پر ہانیہ نے پاؤں پٹخے تھے جب وہ ڈھٹائی سے مسکراتے ہوئے بولا۔

"جانتا ہوں یاد کروانے کی ضرورت نہیں ہے۔ ملازمین کو اپنے ساتھ گھسیٹتے نہیں پھرتا میں۔" بے نیازی ہی بے نیازی تھی۔

وہ ہاتھ چھڑاتی رہ گئی مگر میکال نے اسے فرنٹ سیٹ پر دھکیل کر ہی دم لیا اگلے بیس منٹ میں وہ لوگ رحیم صاحب کے گھر تھے۔ میکال رحیم صاحب کے ساتھ بغل گیر ہونے کے بعد ان کے ساتھ باتوں میں لگ گیا تھا۔ جب وہ مسز رحیم کے ساتھ اٹھ کر کچن میں چلی آئی۔

"کیا بات ہے ہانیہ' کیا میکال کے ساتھ تمہارا کوئی جھگڑا چل رہا ہے؟" تھوڑی دیر ادھر اُدھر کی باتوں کے بعد مسز رحیم اصل موضوع کی طرف آ گئی تھیں۔ ہانیہ چونک اٹھی۔

"نہیں تو' آپ سے کس نے کہا؟"

"میکال کی آنکھوں نے' اصل میں ہم دونوں میاں بیوی کو وہ بہت عزیز رہا ہے۔ بدقسمتی سے اس کی شادی پر ہم یہاں نہیں تھے مگر اس کا یہ مطلب نہیں کہ وہ ہم سے دور ہو گیا ہو اس کی زندگی کا کوئی بھی دکھ یا خوشی ہم سے پوشیدہ نہیں ہے۔"

"گڈ' پھر تو آپ کو عائشہ اذہان کے بارے میں بھی سب پتا ہو گا۔"

"ہوں' سب پتا ہے مجھے مگر یہ حقیقت ہے ہانیہ' مرد کسی عورت پر خواہ جان ہی کیوں نہ لٹاتا ہو مگر اس کی زندگی میں جو اہمیت اس کی بیوی کی ہوتی ہے وہ کبھی کسی عورت کی نہیں ہو سکتی' جو عورت مقدس بندھن میں بندھ کر مرد کے ساتھ بستر شیئر کرتی ہے اس کے بچوں کو جنم دیتی ہے وہ اسی کے ساتھ جڑ کر رہ جاتا ہے۔ پھر باقی ساری عورتیں محض ادھوری کہانیاں بن کر رہ جاتی ہیں۔"

"مگر آپ یہ سب کیسے کہہ سکتی ہے؟" بہت کڑا سوال کیا تھا اس نے مسز رحیم بے ساختہ نظریں چرا کر رہ گئیں۔

"مجھے عملی زندگی میں اس کا تجربہ ہے ہانیہ' کیونکہ وہ شخص جس کی سانسیں صرف میری امانت تھیں۔ مجبوراً شادی کے بندھن میں بندھ کر محض دو سال کے بعد ہی میری زندگی سے نکل گیا۔ اس نے مجھ سے جو کہا ہانیہ وہ غلط تھا۔ وہ عورت جو اس کی بیوی بن گئی تھی اسے وہی عورت چاہیے تھی۔ میرے بغیر ایک پل نہ جینے کا دعویٰ کرنے والا مجھ سے ہی کہہ رہا تھا کہ وہ اللہ کے فیصلے پر سرخرو ہے۔ اس نے سوچا ہی نہیں کہ میں جو اس کا جوگ لے کر بیٹھی ہوں میرے دل پر اس کے لفظ کسی اور کے لیے اس کی خوشی کیسی قیامت ڈھا رہی ہو گی۔" بولتے بولتے ان کا لہجہ بھر آیا تھا ہانیہ کو بے حد افسوس ہوا۔

"مرد کے لیے جسم کی راحت دل کی راحت سے بڑھ کر اہم ہے ہانیہ' بھلے سب مرد ایسے نہ ہوں مگر اکثریت ایسی ہی ہے۔"

"اس کا مطلب ہے آپ مسٹر رحیم کے ساتھ خوش نہیں ہیں۔"

"نہیں ایسی بات نہیں' رحیم صاحب بہت اچھے انسان ہیں میں ان کی محبت اور رفاقت پر جتنا ناز کروں کم ہے مگر..... بس دل کا ایک کونا ہے جو کسی صورت آباد نہیں ہوتا۔" چالیس کے پیٹے میں آ کر بھی وہ عورت محبت کے زخم نہیں بھول پائی تھی۔ ہانیہ خاموشی سے انہیں دیکھتی رہ گئی تبھی وہ مسکرائی تھیں۔

"میں بھی کیا دکھڑے لے کر بیٹھ گئی۔ میکال سوچ رہا ہو گا پتا نہیں میں اس کی بیوی کو کیا پٹیاں پڑھا رہی ہوں۔"

"بالکل میں یہی سوچ رہا تھا اسی لیے اٹھ کر چلا آیا کتنی پرفیکٹ سوچ ہے آپ کی میرے بارے میں۔" فوراً سے پیش تر ہی وہ کچن کے دروازے پر نمودار ہو گیا تھا۔ تبھی وہ



کھلکھلا اٹھی تھیں۔

"شیطان کا نام لیا اور شیطان حاضر۔"

"جی ہاں' اپنے گھر بلا کر تو اب آپ کچھ بھی کہہ سکتی ہیں۔" ہانیہ کے کندھے کے ساتھ کندھا ملا کر کھڑے ہوتے اس نے منہ بنایا تھا۔ وہ سٹپٹا اٹھی۔

"اگر آپ فیور دیں تو میں گھر کال کرنا چاہوں گی مسز رحیم میں پاپا کو بتا کر نہیں آئی۔"

"میں نے بتا دیا ہے پاپا کو' تمہیں زیادہ پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔" وہ محض اسے زچ کرنے کی قسم کھائے ہوئے تھا۔ وہ خون کے گھونٹ پی کر رہ گئی باہر بارش قدرے تھم چکی تھی۔ مسز رحیم نے فوری کھانا لگا دیا۔

"آپ کھانا بہت اچھا بناتی ہیں مسز رحیم۔" چکن بریانی کا ایک چمچ ہی منہ میں ڈالتے ہوئے اسے ذائقے کا اندازہ ہو گیا تھا۔ میکال کے لبوں پر مبہم سی مسکراہٹ بکھر گئی۔

"شکریہ ہانیہ' میں چاہوں گی کہ تم اور میکال ہر ویک اینڈ پر یہیں ڈنر کرو' ہمارے ساتھ۔"

"کیوں نہیں آپا آپ اتنے پیار سے آفر کر رہی ہیں میں بالکل انکار نہیں کروں گا۔"

"اور ہانیہ؟"

"ہانیہ بھی آئے گی آپ فکر نہ کریں۔" بے حد ریلیکس موڈ میں کہتے ہوئے اس نے اپنی پلیٹ سے چکن پیس اٹھا کر ہانیہ کی پلیٹ میں ڈال دیا تھا۔ وہ بے بس سی دیکھتی رہ گئی۔

اگلے تیس منٹ کے بعد وہ لوگ وہاں سے اٹھ آئے تھے۔ بارش مکمل طور پر تھم چکی تھی۔ مگر سرد ہواؤں کا سلسلہ ہنوز جاری تھا۔ وہ کپکپا اٹھی۔

"مسٹر اینڈ مسز رحیم سے مل کر کیسا لگا؟" فرنٹ ڈور کھولتے ہوئے اس نے پوچھا تھا۔ وہ سرسری سی نگاہ اس پر ڈالتی اندر بیٹھ گئی۔

"اچھے لوگ ہیں۔"

"صرف اچھے نہیں' بہت اچھے لوگ ہیں۔ کم از کم تمہارے قریبی لوگوں سے تو بہت اچھے جنہیں کسی کی عزت نفس کا پاس رکھنا بھی نہیں آتا۔"

"آپ کو آتا ہے کسی کی عزت نفس کا پاس رکھنا؟" وہ اپنی سیٹ پر آ بیٹھا تھا جب وہ کٹیلے لہجے میں بولی۔ میکال سر جھٹک کر رہ گیا۔

"میں معذرت کر چکا ہوں۔"

"معذرت کرنے سے کسی کی عزت واپس آ جاتی ہے؟" اس کے لہجے کی کاٹ میں کوئی فرق نہیں آیا تھا میکال لب بھینچ کر رہ گیا۔

"میں اس وقت تم سے جھگڑا کرنے کے موڈ میں نہیں ہوں ہانیہ' میں صرف یہ چاہتا ہوں کہ تم اس رشتے کو قبول کر لو بالکل ویسے ہی جیسے میں قبول کر چکا ہوں۔"

"کوئی زبردستی ہے؟"

"نہیں ریکوسیٹ ہے' کل شام کی فلائیٹ سے انگلینڈ جا رہا ہوں' پتا نہیں کب واپسی ہو' میں نے بہت ساری اسٹوریز میں پڑھا ہے اکثر ہیروز باہر جاتے ہیں تو پھر واپس ہی نہیں آتے۔ اسی لیے میں نے سوچا تم سے معافی مانگ لوں۔ پتا نہیں واپس آنا نصیب ہو کہ نہیں۔"

"مسٹر میکال میں اس طرح کی جذباتی بلیک میلنگ میں آنے والی نہیں ہوں۔"

"چلو مت آؤ' یہ بتاؤ واپسی پر کیا گفٹ لے کر آؤں تمہارے لیے؟"

"کیوں لے کر آئیں گے گفٹ آپ میرے لیے؟ میں کوئی مڈل کلاس گھرانے کی لڑکی ہوں جس کو گفٹ کا لالچ ہو گا اور یہ دو ہی روز میں آپ کی کایا پلٹ کیسے ہو گئی آپ تو میری شکل تک دیکھنے کے روادار نہیں تھے کل تک' آج یہ عنایت کیوں؟"

"پتا نہیں۔" بے نیازی سے ڈرائیونگ کرتے ہوئے اس نے پھر سر جھٹکا تھا۔ ہانیہ جی جان سے جل کر رہ گئی۔ دیر تک بارش میں کھڑے رہنے کے باعث دونوں کے کپڑے تا حال بھیگے ہوئے تھے مگر دونوں نے ہی جیکٹ پہن رکھی تھی۔ اس لیے قدرے بچت ہو گئی تھی ہانیہ رخ پھیرے بیٹھی تھی جب میکال نے شرارت سے گاڑی اپنے گھر والے روڈ پر ڈال دی۔ ہانیہ کو جانے پہچانے راستوں

www.pdfbooksfree.pk

کا احساس ہوا تو اس نے فوراً میکال کے اسٹیئرنگ پر دھرے ہاتھوں پر اپنے ہاتھ رکھ دیے۔

"یہ کیا بدتمیزی ہے آپ مجھے زبردستی اپنے گھر نہیں لے جاسکتے۔"

"کیوں؟ جو زبردستی شادی کروا سکتا ہے وہ گھر بھی لے جاسکتا ہے ویسے بھی اس وقت میں تمہاری فیملی کے کسی فرد کے منہ لگنے کی پوزیشن میں نہیں ہوں صبح نہال کے ساتھ چلی جانا ادھر۔"

"ہرگز نہیں آپ مجھے میرے گھر ڈراپ کریں پلیز۔"

"یہ تو ممکن نہیں ہے ابھی سوری۔" وہ اسے زچ کرنے کی کوئی کسر نہیں چھوڑ رہا تھا۔ ہانیہ کٹ کر رہ گئی۔ مارے بے بسی کے اس کی آنکھیں آنسوؤں سے بھر آئی تھیں۔ اسے سمجھ نہیں آرہی تھی کہ یہ شخص آخر اس کے ساتھ یہ سب کر کیوں رہا تھا۔ وہ تو اس سے نفرت کرتا تھا اس کی شکل تک دیکھنے کا روادار نہیں تھا۔ پھر اب کیا ہوا تھا۔

یہ احساس ندامت تھا یا کچھ اور؟ جتنا وہ اس بارے میں سوچتی جارہی تھی الجھتی جارہی تھی۔ اگلے چند لمحوں میں گاڑی ایک جھٹکے کے ساتھ رکی تھی۔ ہانیہ بجھے دل کے ساتھ اندر آئی تو سامنے خالی پڑا لاؤنج اس کا منہ چڑا رہا تھا۔ تب قدرے حیرانی کے ساتھ شکر ادا کرتی وہ فوراً اوپر اپنے بیڈ روم میں چلی آئی تھی۔ شاید شدید سردی نے اس گھر کے مکینوں کو بھی جلدی اپنے کمروں میں دبک جانے پر مجبور کر دیا تھا۔

اپنے بیڈ روم میں آنے کے بعد اس نے کپڑے تبدیل کیے اور پھر فوراً گرم کمبل میں گھس کر سو گئی تھی۔ میکال نے اگر اس کے گھر والوں کو انفارم نہیں کیا تھا تو یقیناً وہ لوگ پریشان ہو سکتے تھے۔ اسی سوچ کے پیش نظر اس نے فوراً لینڈ لائن نمبر سے اپنے گھر کا نمبر پریس کیا تھا۔ دوسری جانب فون اس کے پاپا نے ہی ریسیو کیا تھا۔

"السلام علیکم پاپا۔"

"وعلیکم السلام! اب کیسی طبیعت ہے بھابی کی میکال بتا رہا تھا وہ ٹھیک نہیں ہیں۔"

"جج جی اسی لیے میں ادھر آ گئی تھی۔ اب وہ ٹھیک ہیں آپ پریشان مت ہوں۔"

"چلو شکر ہے مالک کا میں کل چکر لگاؤں گا ادھر کا تمہیں وہاں کوئی مسئلہ تو نہیں ہے نا؟"

"نہیں سب ٹھیک ہے میں اب فون رکھتی ہوں خدا حافظ۔" وہ صفدر صاحب سے زیادہ فرینک نہیں تھی۔ کبھی مختصر بات کرتی تھی۔ اس وقت بھی ایسا ہی ہوا تھا۔ یقیناً میکال نے اپنی ماں کی ناسازی طبیعت کا بہانہ بنا کر اسے وہاں لانے کا عذر پیش کیا تھا۔ وہ بے مقصد ہی اسے سوچے گئی یونہی سوچتے سوچتے جانے کب آنکھ لگ گئی۔

میکال کمرے میں آیا تو وہ گرم کمبل میں دبک کر پرسکون نیند سو رہی تھی۔ وہ اچٹتی سی ایک نظر اس پر ڈالتا واش روم میں گھس گیا۔ کپڑے تبدیل کرنے کے بعد اس نے برش کیا اور ہانیہ کے پہلو میں آ کر لیٹ گیا۔ رات دھیرے دھیرے آگے سرکتی جارہی تھی۔ اس نے یونہی ٹی وی آن کر لیا۔ مگر کچھ منٹ کے بعد ہی دل اچاٹ ہو گیا تو اسے بھی آف کر دیا۔ ہانیہ اتفاق سے اسی کی طرف کروٹ لیے سو رہی تھی۔ وہ دائیں ہاتھ پر سر ٹکا کر فرصت سے اسے دیکھے گیا۔ خوب صورت گوری کلائی میں پڑی گہرے نیلے رنگ کی کانچ کی چوڑیاں اس کا دل مٹھی میں جکڑ گئی تھیں۔

یونہی ہاتھ بڑھا کر اس نے اس کی کلائی میں پڑی چوڑیوں کو چھوا تھا۔ پہلی بار زندگی میں کوئی کھنک اسے بے حد بھلی لگی تھی۔ چوڑیوں پر دل پھسلا تو طلب مزید بڑھتی گئی۔ بازو پر پھسلتا ہاتھ اس کے شفاف چہرے پر آ رکا تھا۔ شہادت کی انگلی سے اس کے خوب صورت چہرے کے ایک ایک نقوش کو چھوتے ہوئے اس کی دھڑکنوں کے ساتھ ساتھ سانسیں بھی تیز ہوئی تھیں۔ ہانیہ اس کی قربت پر ذرا سی کسمسائی تھی۔ تبھی اس نے ہاتھ بڑھا کر اسے اپنے قریب کیا تھا۔

"ہانیہ۔"

قطعی بے خودی کے عالم میں مدہوش ہوتے ہوئے جانے کیوں وہ اسے پکار بیٹھا تھا۔ عین اسی پل ہانیہ کی آنکھ کھلی تھی۔ وہ اسے پیچھے ہٹانا چاہتی تھی مگر میکال کی تیز



ہوتی گرم سانسوں نے اسے بے بس کر کے رکھ دیا۔ بنا اس کے گریز کو کوئی اہمیت دیے اس نے اس کے دونوں ہاتھ اوپر کر کے اپنے ہاتھوں میں جکڑ لیے تھے۔ وہ سمجھ نہیں پا رہی تھی کہ وہ اپنا روم چھوڑ کر اس کے کمرے میں کیوں آیا تھا۔ ہادیہ نے اس کی طبیعت صاف کرنے کا دعویٰ کر کے آخر ایسا کیا کہا تھا اس سے کہ وہ یکسر تبدیل ہو کے رہ گیا تھا۔ وہ اس کی گرفت سے نکلنا چاہتی تھی مگر وہ ایسا کوئی موقع دینے کے موڈ میں نہیں تھا۔ نہایت نرمی اور اپنائیت سے وہ یوں اس پر چھایا کہ وہ احتجاج بھی نہیں کر سکی تھی۔ گرم سانسوں نے اس کی سوچنے سمجھنے کی ساری صلاحیتیں ہی مفلوج کر ڈالی تھیں۔ اس کے وہم و گمان میں بھی نہیں تھا کہ وہ اس کے سامنے یوں کمزور پڑ جائے گی۔ ہانیہ کو لگ رہا تھا جیسے اس کے جسم سے جان نکلتی جارہی ہو۔ کسی شکستہ سپہ سالار کی طرح اس نے اپنا آپ نہایت آسانی سے اس کے سپرد کر دیا تھا۔ وہ اس سے محبت کی دعویٰ دار نہیں تھی مگر پھر بھی اس وقت اس کی قربت نے اسے کسی اور ہی دنیا میں پہنچا دیا تھا۔

صبح ہونے میں کچھ ہی دیر باقی تھی جب وہ بستر سے نکل گئی تھی۔ بے ترتیب ہوتی سانسوں اور بے جان ہوتے جسم نے اسے لڑکھڑانے پر مجبور کر دیا تھا۔ میکال نے اٹھ کر اسے سہارا دینا چاہا مگر وہ اس کا ہاتھ جھٹکتی فوراً کمرے سے باہر نکل گئی تھی۔ اگلے پون گھنٹے میں جس وقت وہ فریش ہو کر نیچے لاؤنج میں آئی چائے پیتے ہوئے نہال نے اسے خاصے اچنبھے سے دیکھا۔

"ارے..... تم کب آئیں؟"

"رات کو انکل اور آنٹی نظر نہیں آ رہے؟"

"کیسے نظر آ سکتے ہیں آؤٹ آف سٹی ہیں دونوں۔ آج دوپہر یا شام تک آئیں گے تم رات کس کے ساتھ آئیں میکال بھائی کے ساتھ؟"

"ہوں۔" اس کے مقابل صوفے پر ٹکتے ہوئے وہ سر جھکا گئی تھی۔ نہال اسے دیکھ کر رہ گیا۔

"ہادیہ بتا رہی تھی کہ تمہارا کلیش ہوا ہے میکال بھیا کے ساتھ مجھے کیوں نہیں بتایا تم نے؟"

"کیوں بتاتی میں تمہیں ویسے بھی تم شہر میں نہیں تھے۔"

"شہر میں نہیں تھا تو کیا ہوا دنیا میں تو تھا نا اتنی بڑی بات ہو گئی اور تم نے مجھ سے شیئر تک کرنا گوارا نہیں کیا کیوں؟" وہ گلہ کر رہا تھا ہانیہ رخ پھیر گئی۔

"میں اس وقت تم سے جھگڑے کے موڈ میں نہیں ہوں نہال اگر تم فری ہو تو پلیز مجھے گھر چھوڑ آؤ۔"

"اتنی صبح؟"

"ہوں۔"

"تو پھر آئیں کیوں تھیں رات؟"

"اپنی مرضی سے نہیں آئی تھی زبردستی لے کر آئے تھے وہ مجھے۔"

"مگر کیوں؟"

"انہی سے پوچھنا کیوں مجھے نہیں پتا اتر گیا ہوگا سر سے عائشہ جی کی محبت کا بھوت۔"

"چلو یہ تو اچھی بات ہے میں نے ناشتا نہیں کیا پلیز ناشتا بنا دو پھر چھوڑ آتا ہوں۔"

"خود بنا لو اٹھ کر میرا موڈ نہیں ہے۔" وہ جلد از جلد وہاں سے فرار چاہ رہی تھی۔ میکال حسن سے دوبارہ سامنے کا تصور ہی اس کی جان پر بنا رہا تھا۔ کتنی نفرت اور غرور سے اس نے اسے دھتکارا تھا۔ کتنے اعتماد سے اس نے کہا تھا کہ وہ اس پر اور اس کی رفاقت پر لعنت بھیجتی ہے۔ وہ بھی ہزار بار مگر صرف ایک بار میں ہی وہ کتنی کمزور پڑ گئی تھی۔ اس کا بس نہ چلتا تھا کہ تھپڑ مار مار کر اپنا چہرہ سرخ کر لیتی۔

"تم میکال بھائی کا غصہ مجھ پر کیوں نکال رہی ہو؟"

"کیوں میں نے تمہیں کیا کہا ہے اگر تم اس وقت مجھے چھوڑ کر نہیں آ سکتے تو ٹھیک ہے میں خود ہی چلی جاتی ہوں۔"

"چپ کرو آئی بڑی خود جانے والی۔"

"نہال۔" اسے ڈپٹ کر وہ ابھی اٹھا ہی تھا کہ میکال نے اسے پکار لیا۔ بلیک پینٹ شرٹ میں ملبوس وہ نظر لگ جانے کی حد تک خوب صورت دکھائی دے رہا تھا۔

"جی بھائی۔" اس کی پکار پر نہال فوراً پلٹا تھا۔

www.pdfbooksfree.pk

"میں ہانیہ کو چھوڑ کر آتا ہوں تم ناشتا کر کے آفس پہنچو کچھ ڈسکس کرنا ہے تم سے۔" کف فولڈ کرتے ہوئے وہ سیڑھیاں کراس کر رہا تھا۔ ہانیہ کو لگا اس کے سر پر منوں بوجھ آ پڑا ہو۔

"جی ٹھیک ہے۔" نہال کی فرمانبرداری عروج پر تھی۔ وہ کڑھ کر رہ گئی۔

"چلو۔" اگلے ہی پل وہ اس کے مقابل آ کھڑا ہوا تھا۔ ہانیہ سے سر اٹھانا دشوار ہو گیا۔ گاڑی میں میکال کے ملبوس سے اٹھنے والی پرفیوم کی دلفریب خوش بو نے اسے خوامخواہ ڈسٹرب کر کے رکھ دیا تھا۔ وہ رخ پھیر کر بیٹھ گئی۔

"میں نے سنا ہے ہادیہ اور جاذب کی شادی ہو رہی ہے کیا سچ ہے؟" گاڑی اسٹارٹ کرتے ہوئے بالآخر اسی نے گفتگو کا آغاز کیا تھا۔

"پتا نہیں۔"

"تمہیں نہیں پتا تو پھر کسے پتا ہے؟"

"میکال حسن میں اس وقت آپ سے بات کرنے کے موڈ میں نہیں ہوں۔" وہ اس کے سوال برائے سوال پر چڑ گئی تھی۔ میکال نے لب بھینچ لیے۔

"اوکے۔" گہری سانس بھر کر کہتے ہی اس نے گاڑی کی اسپیڈ بڑھا دی تھی۔ باقی کا سارا سفر خاموشی کی نذر ہو گیا تھا۔ اگلے چالیس منٹ کے بعد وہ اپنے گھر پر تھی اور میکال بڑے ہال میں بیٹھا صفدر صاحب اور جاذب کے ساتھ گپیں لگا رہا تھا۔

"دیکھا' یہ ہوتی ہے مردوں کی خاصیت جتنا مرضی کسی مرد کو دوسرے مرد کے خلاف اکسا دو مجال ہے جو اُن میں تُو تُو میں میں ہو جائے اور ایک ہم عورتیں ہیں کہ ذرا سی سے کوئی بات پتا چلی نہیں اور ہماری جنگیں شروع ہوئی نہیں۔" ہادیہ کچن میں تھی۔ ہانیہ اس کی مدد کے لیے آئی تو وہ ایک نظر ہال میں بیٹھے میکال پر ڈالتے ہوئے بول اٹھی۔ اس کی تقلید میں ہانیہ نے بھی سر اٹھا کر اسے دیکھا تھا۔ عین اسی پل کسی بات پر سر اٹھاتے ہوئے میکال کی نظر بھی اس پر پڑی تھی۔ دونوں کی نگاہیں ملیں اور ایک پل کے لیے جیسے دونوں ہی عجیب سے سحر میں جکڑے گئے۔

"ہانیہ۔" ہادیہ نے اسے پکارا تھا وہ گڑبڑا کر رہ گئی۔

"ہوں۔"

"کدھر دھیان ہے تمہارا' میں تم سے ناشتے کا پوچھ رہی ہوں اور تم ہو کہ جواب ہی نہیں دے رہیں۔"

"سس..... سوری مجھے دھیان نہیں رہا' بتاؤ کیا پوچھا ہے تم نے؟"

"پاگل لڑکی میں پوچھ رہی تھی کہ میکال بھائی ناشتا کر کے آئے ہیں یا نہیں۔ میں ان کا ناشتا بھی ساتھ ہی تیار کر رہی ہوں۔"

"ہاں کر دو' میرے خیال میں وہ یہیں ناشتا کریں گے۔"

"چلو ٹھیک ہے میں ناشتا بناتی ہوں تم ذرا یہ چیزیں ٹیبل پر سیٹ کر دو' آنٹی کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے وہ اپنے کمرے میں آرام کر رہی ہیں۔"

"سوری ہادیہ' میری بھی طبیعت ٹھیک نہیں ہے تم ملازمہ کو ساتھ لگا لو۔ میں اپنے کمرے میں جا رہی ہوں سونے کے لیے سوری اگین۔" ہادیہ کی ریکویسٹ پر صاف جواب دیتی وہ فوراً کچن سے نکل آئی تھی۔ اس وقت جو اس کا حال تھا اس حال میں ریسٹ کرنا واقعی اس کے لیے بہت ضروری ہو گیا تھا۔

❁.....❁.....❁

کہانیاں اب بدل گئی ہیں
نہ اب وہ آنکھیں کہ جن میں خوابوں کے سارے موسم
گلاب موسم بنے ہوئے تھے
نہ اب وہ شامیں کہ جن میں تیری حسین باتیں
رفیق لگتی تھیں ذہن و دل کو
وہ سارے منظر بدل گئے ہیں
نہ وصل کا کوئی خواب باقی
نہ اب وہ حرفِ سخن رہا ہے
کہانیاں اب بدل گئی ہیں
تمہارے جانے کے بعد یوں بھی
جو خواب آنکھوں میں چاہتوں کا یقین بن کر ٹھہر گئے تھے

www.pdfbooksfree.pk

وہ خواب سارے بکھر گئے ہیں
ملال دل میں اتر گئے ہیں
نہ زندگی ہے نہ زندگی میں وصال موسم کی چاہ کوئی
نہ شاعری ہے نہ شاعری میں جو دکھ ہے اس سے پناہ کوئی
جو سچ تھا اب جھوٹ ہو گیا ہے
جو دن میں سورج بنا ہوا تھا
وہ شب کی تاریک وادیوں میں ہی کھو گیا ہے
کہانیاں اب بدل گئی ہیں.....

"اریج.....!" گاڑی کی ہیڈ لائٹس وجود پر پڑتے ہی وہ زخموں کی پروا کیے بغیر اٹھی تھی اور فوراً اریج کی گاڑی پر جھک آئی تھی مگر وہ شخص اس وقت شدید نشے میں تھا۔ بھی گاڑی کا انجن بند کرنے کے بعد خاموش بیٹھا الجھی ہوئی نگاہوں سے اسے دیکھتا رہا تھا۔

"اریج..... جمال کا ایکسیڈنٹ ہو گیا ہے۔ خدا کی قسم مجھے نہیں پتا تھا وہ کب گھر سے نکلا پلیز میری مدد کرو امی نے مجھے گھر سے نکال دیا ہے تم انہیں سمجھاؤ پلیز۔" کھڑکی کے شیشے پر جھکی ہوئی وہ کسی بھکارن کی طرح اس کی منت کر رہی تھی مگر وہ جیسے کچھ بھی سننے اور سمجھنے سے قاصر دکھائی دے رہا تھا۔ تبھی دروازہ کھول کر خاموشی سے اندر کی طرف بڑھ گیا پیچھے عائشہ سسکتی رہ گئی تھی۔ گھر کے اندر جیسے کہرام مچا تھا۔ جمال کے ایکسیڈنٹ کی نوعیت شدید تھی۔ وہ زخموں کی تاب نہیں لا سکا تھا۔ اریج کا نشہ ایک پل میں اڑن چھو ہو گیا۔ وہ رات اس گھر کے تمام مکینوں کے لیے رت جگے کی رات تھی۔

اگلے روز فقط پچیس سال کی عمر میں عائشہ اذہان پر بیوگی کا داغ لگ گیا تھا۔ گھر کے ایک کونے میں دبکی بیٹھی وہ ہر آنے والے سے جانے کیسے کیسے جملے سنتی رہی تھی۔ اس پر اس کی ساس اور نند نے کبھی بیٹے کا ماتم کرنے کی بجائے اسے کوسا تھا۔ اس روز وہ جان پائی تھی کہ پاگل ہی سہی مگر اس کا شوہر اس کے لیے کتنی بڑی عافیت تھا۔ جمال کی موت کا تیسرا دن تھا جب اس کی ساس اس کے کمرے میں چلی آئی۔

"چل، نکل یہاں سے دفع ہو جا۔" عائشہ اس حملے کے لیے تیار نہیں تھی تبھی بوکھلا کر رہ گئی۔

"کک، کہاں نکل جاؤں، میرا تو کوئی ٹھکانہ ہی نہیں۔"

"کوئی ٹھکانہ نہیں تو جا کر کسی کوٹھے پر بیٹھ جا منحوس عورت، ایک بیٹا تو کھا گئی میرا کیا دوسرا بھی تیرے حوالے کر دوں؟" اس بار اس کی ساس نے اس کے چہرے پر دو تھپڑ رسید کیے تھے۔ وہ منہ کے بل سائیڈ پر جا گری۔

"میرا کیا قصور ہے اس میں، میں نے تو نہیں مارا ان کو۔"

"چپ کر بے غیرت، زبان چلاتی ہے آگے سے؟" دو تھپڑ اور آ لگے تھے تبھی اریج کمرے میں چلا آیا۔

"امی یہ کیا کر رہی ہیں آپ؟ پتا بھی ہے کہ وہ عدت میں ہے اس سے پہلے اس گھر سے نہیں جا سکتی۔ پھر بھی آپ اس کے پیچھے پڑی ہوئی ہیں۔"

"ارے بھاڑ میں گئی اس کی عدت میں اس منحوس لڑکی کو ایک منٹ بھی اس گھر میں برداشت نہیں کر سکتی۔"

"تو ٹھیک ہے آپ دبئی چلی جائیں کمال بھائی کے پاس، جب اس کی عدت پوری ہو جائے تب آ جایئے گا۔"

"ہاں تم تو یہی چاہتے ہو میں چلی جاؤں اور تمہیں اس کے ساتھ گل چھرے اڑانے کا موقع مل جائے۔"

"میں گل چھروں کا ترسا ہوا نہیں ہوں اپنی محبت ہے میری، منگیتر ہے اسی کے ساتھ کروں گا جو کرنا ہوا اپنے بھائی کے جھوٹے پر آنکھ نہیں رکھی میں نے۔" پہلی بار وہ حلق کے بل چلایا تھا۔ عائشہ کا دل چاہا کاش زمین پھٹے اور وہ اس میں سما جائے۔

"کیوں بھول رہی ہیں آپ کہ اسی لڑکی کے بھائی کے ساتھ اپنی بیٹی کا رشتہ طے کیے ہوئے ہیں آپ۔ اگر اسے اس حالت میں گھر سے نکال دیں گی تو وہ آپ کی بیٹی کیسے لیں گے؟"

"میری بیٹی کو رشتوں کی کمی نہیں ہے۔"

"پتا ہے مجھے جتنی لائنیں لگی ہوئی تھیں رشتے کے لیے۔" تلخی سے سر جھٹکتے ہوئے اس نے عائشہ پر نگاہ ڈالی تھی۔

"آپ جائیں اپنے کمرے میں، جب تک میں اس



گھر میں ہوں آپ کو کوئی نہیں نکال سکتا۔" عائشہ کی سماعتیں جیسے انہی الفاظ کی منتظر تھیں۔ ممنون نگاہوں سے اریج کو دیکھتی وہ فوراً منظر سے ہٹ گئی تھی۔

اگلے چار ماہ اس نے جیسے کسی دوزخ میں بسر کیے تھے۔ اس کی ماں بیٹے کے پاس دبئی جا بسی تھیں۔ بہن نے کبھی بھول کر بھی اس کے گھر کا رخ نہیں کیا۔ جبکہ میکال کو اس نے خود منع کر دیا تھا کسی بھی قسم کا رابطہ رکھنے کے لیے۔ گزرے چار ماہ میں اریج سے بھی بہت کم سامنا ہوا تھا اس کا۔ بس ایک چار دیواری تھی اور اس میں جہنم کے داروغہ کا کردار ادا کرتی اس کی ساس اور نند۔

گزرے چار ماہ میں وہ رنگوں کو ترس کر رہ گئی تھی۔ اس کی ساس نے اس کے جہیز اور بری کے سارے کپڑے اٹھا کر لاک اپ میں رکھ دیے تھے۔ میک اپ تو اس نے پہلے بھی کبھی نہیں کیا تھا اور جیولری سے وہ ازل سے ہی محروم تھی۔ صبح سے رات تک کولہو کے بیل کی مانند وہ گھر کے کام میں جتی رہتی تھی۔ مگر کھانے کے وقت ہر روز اس کی ساس کوئی نہ کوئی بہانہ بنا کر ایسا ڈرامہ کرتی کہ اس سے ایک نوالہ نگلنا بھی مشکل ہو جاتا تھا۔ جس روز گھر میں کوئی اچھی چیز پکتی اس روز اسے بھوکا ہی سونا پڑتا تھا۔ کیونکہ اس کی ساس اس روز خود کھانا تقسیم کرتی تھی۔ بچ جانے والا کھانا اٹھا کر فریج میں لاک کر دیتی۔ بات بات پر ہندو عورتوں کی طرح اسے بیوہ ہونے کا احساس دلایا جاتا۔ ایک طرح سے وہ ہر قسم کی خوشی کے لیے ترس کر رہ گئی تھی۔ محض چار ماہ میں اس کی رہی سہی صحت بھی ڈھانچے میں تبدیل ہو کر رہ گئی تھی۔

اس کی عدت کے دن پورے ہو چکے تھے۔ ادھر اس کی عدت پوری ہوئی اور ادھر گھر میں شادی کے ہنگامے جاگ اٹھے۔ عائشہ جو پہلے ہی گھر کے کاموں میں ہلکان تھی۔ مزید مشین بن کر رہ گئی۔ اس روز وہ اریج کے ساتھ مارکیٹ آئی تھی اس کی نند بھی ساتھ تھی تبھی وہ پوچھ بیٹھا تھا۔

"آپ نے شادی کے لیے اپنی شاپنگ مکمل کر لی؟" قطعی غیر متوقع سوال پر اس نے ہونقوں کی طرح سر اٹھا کر اسے دیکھا تھا۔ مگر اس سے پہلے کہ وہ کوئی جواب دیتی اس کی نند بول پڑی تھی۔

"بھابی کو شاپنگ کی ضرورت نہیں ہے ہمارے گھروں میں بیوہ عورت سنگھار نہیں کرتی ویسے بھی ان کی شاپنگ ادھر دبئی میں ان کی امی کر رہی ہیں۔"

"تم چپ رہو حمیرا میں نے جس سے سوال پوچھا ہے وہی جواب دے گی۔" پیشانی پر بل ڈالتے ہوئے اس نے اسے ڈپٹا تھا۔ جواباً وہ منہ بنا کر رخ پھیر گئی۔

"چلو تم گاڑی میں بیٹھو تمہاری شاپنگ مکمل ہو گئی ہے اور آپ میرے ساتھ آئیں پلیز۔" اپنی بہن کو گاڑی میں بیٹھنے کا حکم دے کر وہ عائشہ کو اپنے پیچھے آنے کا کہہ کر آگے بڑھ گیا۔ عائشہ ڈر رہی تھی کہ پتا نہیں اب اس کے ساتھ کیا ہو گا؟

وہ حیران تھی کہ اس کے لیے شاپنگ بھی وہ خود ہی کر رہا تھا۔ اپنی پسند کے دیدہ زیب ملبوسات، جیولری، جوتے، چوڑیاں جانے کیا کیا خرید رہا تھا وہ اس کے لیے ابھی وہ شاپنگ کر ہی رہا تھا کہ ایک نازک سی خوب صورت لڑکی ان کی طرف چلی آئی اریج کے چہرے پر اسے دیکھتے ہی سکون آمیز سی مسکراہٹ بکھر گئی تھی۔

"جھوٹے مجھے تو کہہ رہے تھے آفس میں کام ہے اور یہاں پتا نہیں کس کو شاپنگ کروا رہے ہو۔" قریب آتے ہی اس نے اریج کے بازو پر مکا رسید کیا تھا جواباً وہ مسکرایا۔

"چڑیل یہ بھابی ہے میری، پچھلے دنوں جس بھائی کی ڈیتھ ہوئی تھی ان کی مسز ہیں۔"

"او..... اچھا، سوری کیسی ہیں بھابی؟"

"جی میں ٹھیک الحمدللہ۔" عائشہ خوامخواہ کنفیوز ہوئی تھی تبھی وہ بولی۔

"میرا نام عائلہ ہے میں اور اریج ایک دوسرے کو پسند کرتے ہیں یہ دیکھیں پچھلے دنوں اس نے مجھے رنگ بھی پہنائی ہے ان شاء اللہ عنقریب ہی ہم بھی شادی کر رہے ہیں۔" موٹی گڑیا سی وہ لڑکی بے حد خوش دکھائی دے رہی تھی۔ عائشہ نے دل ہی میں ڈھیروں دعائیں دے ڈالیں۔

واپسی کے سفر میں عائلہ بھی ان کے ساتھ تھی۔ اریج نے اسے بھی بصد اصرار شاپنگ کروائی تھی۔ اپنا گھر آنے

www.pdfbooksfree.pk

تک وہ پورے راستے چہکتی رہی تھی۔ حمیرا منہ بنائے بیٹھی رہی۔ جس وقت وہ لوگ گھر پہنچے گویا ایک طوفان ان کا منتظر تھا۔ گھر پہنچتے ہی حمیرا نے ماں کو شکایت جڑ دی اور پھر اریج تو نکل گیا مگر عائشہ کی شامت آ گئی۔ اگلے روز اس کا منہ بری طرح سوجا ہوا تھا اریج نے دیکھا تو ششدر رہ گیا اس کے وہم و گمان میں بھی نہیں تھا کہ محض تھوڑی سی شاپنگ پر اس کی ماں اس لڑکی کا ایسا حال کرے گی۔ پوری رات وہ سگریٹ پھونکتا رہا تھا اور سوچتا رہا تھا۔ کیا ملا تھا اس لڑکی کو اس گھر میں آ کر محض دکھ اذیت ذلت.....

کیوں؟ صرف اس لیے کہ اس نے اپنی ماں کی خواہش اور حکم کے سامنے سر جھکایا تھا۔ جتنا وہ سوچتا جا رہا تھا اتنا ہی اس کا دل کڑھتا جا رہا تھا۔

اگلے روز حمیرا کا مایوں تھا۔ جانے کہاں کہاں سے مہمانوں کے آنے کا سلسلہ شروع ہو گیا تھا۔ اریج تو جیسے گھن چکر بن کر رہ گیا تھا۔ جبکہ بڑا کمال، جمال کی موت کی طرح بہن کی شادی پر بھی نہیں آیا تھا۔ ہاں اس نے کچھ پیسے ضرور بھجوا دیے تھے۔ عائشہ نوکرانیوں کے حلیے میں ملبوس کچن میں مہمانوں کی آؤ بھگت کر کے پاگل ہو رہی تھی۔ مگر اس کا احساس کرنے کی فرصت وہاں کسی کے پاس نہیں تھی۔ اس کی ماں نے بیٹے کی برات کے ساتھ آنا تھا اور شاید بہن نے بھی مگر اسے امید نہیں تھی کہ وہ لوگ آ کر بھی اس کا کوئی احساس کریں گے۔

صبح سے رات تک وہ کاموں میں جتی رہی تھی۔ نہ اس نے کپڑے تبدیل کیے تھے نہ تقریب میں آ کر شمولیت ہی کر سکی تھی۔ اریج خاموشی سے دیکھتا رہا آج کی تقریب میں عائلہ بے حد خوب صورت دکھائی دے رہی تھی۔ وہ سارا وقت اسی کے اردگرد رہا۔ مایوں کی طرح مہندی کی تقریب بھی عائشہ کے لیے شجر ممنوع ہی رہی تھی۔ رات گئے تک تھکن سے چُور ہونے کے باوجود کسی نے اسے کھانے تک کا نہیں پوچھا تھا۔ رات بھیگنے سے قبل تقریب ختم ہو گئی تھی۔ ٹھنڈا ہوا کھانا، مسلے ہوئے رنگ، بکھری ہوئی مہندی، بجھتے قمقمے کیا کوئی جان سکتا تھا کہ اس تقریب کے دلہا کی



بہن کس حال میں ہے؟ اپنے کمرے میں آنے کے بعد وہ دیر تک روتی رہی تھی۔

اگلے روز اس کے گھر والے آ گئے تھے۔ اس کی ماں نے مقابل آتے ہی اس اپنے ساتھ لپٹا لیا تھا۔ بھائی ابھی گھر نہیں آیا تھا اور بہن بھی تا حال نہیں پہنچی تھی۔ وہ ماں کے گلے لگ کر نہ چاہتے ہوئے رو پڑی تھی مگر وہ اس کا درد محسوس نہیں کر سکی تھیں۔ انہوں نے اس کے آنسوؤں کو اپنی جدائی پر محمول کیا تھا، عائشہ چاہتے ہوئے بھی ان کے سامنے زبان نہیں کھول سکی تھی۔

برات آ گئی تھی بھی گہما گہمی میں مصروف تھے مگر وہ پھر کاموں میں جتی ہوئی تھی۔ تبھی اریج اس کے پاس چلا آیا تھا۔

"آپ تیار نہیں ہوئیں؟" وہ چونکی تھی اور پھر سر جھکا گئی۔

"نہیں، بس ابھی دوسوٹ پریس کر کے ہوتی ہوں۔"

"چھوڑیں سوٹوں کو اور چلیں جا کر تیار ہوں پلیز۔"

"اریج میں.....!"

"آپ کو سمجھ نہیں آ رہی میں کیا کہہ رہا ہوں۔" اس کے متمنانے پر وہ برہم ہوا تھا۔ عائشہ بے بسی سے اسے دیکھتی رہ گئی۔ یہی وہ پل تھا جو خار بن کر اریج کی ماں کی نگاہوں میں چبھا تھا۔ کسی چیل کی مانند لپکتے ہوئے وہ قریب آئی تھیں۔

"کیا ہو رہا ہے یہاں؟ اور تم اِدھر کیا کر رہے ہو؟ سوائے اس کے آگے پیچھے پھرنے کے تمہیں اور کوئی کام نہیں ہے؟"

"میں کسی کے آگے پیچھے نہیں پھر رہا ہوں آپ بھابی سے کہیں کہ یہ کپڑے تبدیل کریں بس۔"

"کیوں کپڑے تبدیل کرے یہ تمہیں کیوں ہر وقت اس سے ہمدردی کے مروڑ اٹھتے رہتے ہیں؟"

"میں انسان ہوں اس لیے۔"

"اچھا تو ہم سب کیا تمہیں جانور دکھائی دیتے ہیں۔"

"مجھے کچھ نہیں پتا بس میں اپنی آنکھوں کے سامنے کسی پر اتنا ظلم ہوتے ہوئے نہیں دیکھ سکتا۔"

"بس رہنے دو یہ مفت کی ہمدردی بہت اچھی طرح سے جانتی ہوں میں کیا گل کھلا رہے ہو تم دونوں مل کر۔"

"اماں پلیز مت اتنا دماغ خراب کریں میرا کہ میں کچھ کر بیٹھوں۔"

"کچھ کرنے کے نہیں ہو تم بس کتے کی طرح اس کے آگے پیچھے پھرنا آتا ہے تمہیں اور کچھ نہیں۔"

"اماں۔"

"کیا اماں؟ تم کیا سمجھتے ہو میں کچھ جانتی نہیں۔ ایسے ہی بیٹا نہیں مارا اس نے میرا۔ ایک نمبر کی چنڈال اور حرافہ عورت ہے یہ۔ جان بوجھ کر اس نے میرے معصوم بیٹے کو موت کے گھاٹ اتار دیا اور اب یہ تمہارا خون پینا چاہتی ہے مگر میں ایسا نہیں ہونے دوں گی۔ بہت مزے کر لیے تم دونوں نے اب یہ لڑکی ایک منٹ کے لیے بھی اس گھر میں نہیں رہے گی۔" بیٹے کے چلانے کا قطعی اثر لیے بغیر وہ اس سے بھی تیز آواز میں چلا رہی تھیں اور عائشہ کی ماں کے ساتھ دیگر مہمان بھی تھے کہ منہ میں انگلی ڈالے یہ تماشہ دیکھ رہے تھے۔

"اماں آپ بہتان لگا رہی ہیں۔ وہ بھی ایک معصوم لڑکی پر اور میں یہ ہرگز برداشت نہیں کروں گا۔"

"ارے جاؤ آیا بڑا اماں کو دھمکیاں دینے والا میں دیکھتی ہوں کون رکھتا ہے آج کے بعد اسے اس گھر میں۔" درجنوں مہمانوں کے درمیان بپا عائشہ کی ماں کی کوئی پروا کیے وہ جاہلوں کی طرح چلا رہی تھیں۔ اریج کا دماغ جیسے بھنا اٹھا۔

"میں بھی دیکھتا ہوں کون نکالتا ہے آج کے بعد اسے اس گھر سے۔" نہایت غصے سے کہتے ہوئے وہ عائشہ کا ہاتھ تھام کر گھر سے باہر نکل آیا تھا۔ باہر بڑے سے شامیانے میں مولوی صاحب بیٹھے نکاح کی تیاری کر رہے تھے وہ قطعی مشتعل انداز میں اسی طرف چلا آیا۔

"مولوی صاحب یہ میری بیوہ بھابی ہیں عدت پوری کر چکی ہیں اپنی میں نکاح کرنا چاہتا ہوں ان کے ساتھ ابھی ہو سکتا ہے کہ نہیں۔"

"کیوں نہیں ہو سکتا یہ تو بڑے ثواب کا کام ہے۔"

"گناہ ثواب کو نہیں جانتا میں آپ بسم اللہ کیجیے پلیز۔"

"اریج۔" پھیلی پھیلی سی آنکھوں کے ساتھ سہمی ہوئی عائشہ نے پہلی بار کچھ بولنے کی ہمت کی تھی۔ مگر اریج کے غصے اور بے نیازی نے اسے احتجاج کا موقع ہی نہیں دیا۔ خود اس کی اپنی ماں جیسے پتھر بن کر رہ گئی تھی۔

بھلا یہ کیسے ممکن تھا کہ وہ سر پھرا شخص اپنی محبت چھوڑ کر اس سادھو سی لڑکی کو اپنا لیتا۔ خود عائشہ کی ماں اور بھائی بھی شاکڈ کھڑے تھے۔ تاہم اس کی بہن ابھی ابھی پہنچی تھی اور وہ قدرے حیران ہونے کے ساتھ ساتھ بے حد خوش تھی۔

وہاں اس دیہاتی ماحول میں جو ہونے جا رہا تھا وہ کسی کے بھی وہم و گمان میں نہیں تھا۔ لوگ یوں جمع ہوئے تماشا دیکھ رہے تھے جیسے کوئی مداری بندر کا کھیل دکھا کر بچوں کو محظوظ کر رہا ہو۔ اریج کا دماغ اس وقت قطعی کام نہیں کر رہا تھا اس کے اور عائشہ کے گھر والے قریب کھڑے تھے مولوی نے سب کی موجودگی میں اللہ کا نام لے کر اس کا نکاح عائشہ سے پڑھوا دیا۔ عائشہ ساکت بیٹھی تھی گویا اس میں جان ہی نہ ہو۔

عائلہ جس وقت بن سنور کر وہاں آئی گویا اک قیامت اس کی منتظر تھی۔ سر جھکائے کھڑے اریج کا نکاح، عائشہ اذہان کے ساتھ ہو چکا تھا اور نکاح کے فوری بعد اس کا کچھ پتا نہ چلا کہ وہ کہاں نکل گیا۔ لوگوں کی چہ میگوئیاں جاری تھیں۔ کوئی کچھ کہہ رہا تھا تو کوئی کچھ، مگر اس کی ساعتیں تو جیسے کام کرنا ہی چھوڑ گئی تھیں۔ کتنے سالوں کا ساتھ تھا اس کا اور اریج کا، مگر کیسے ایک پل میں خوابوں کے سارے محل ٹوٹ کر زمین بوس ہو گئے تھے۔ وہ رونا چاہتی تھی مگر صدمہ اتنا شدید تھا کہ آنکھیں آنسو لٹانا ہی بھول گئیں۔

اگلے روز اریج کو اس کے بارے میں خبر ملی تھی۔ عائلہ نروس بریک ڈاؤن ہونے کے باعث اسپتال میں تھی وہ جیسے تڑپ کر رہ گیا۔

کل پورا دن شراب کے نشے میں دھت رہنے کے بعد رات اس نے کسی زخمی پرندے کی مانند تڑپ کر پھڑپھڑاتے ہوئے گزاری تھی۔ عائلہ کے بغیر جینا ایسے ہی تھا جیسے پھول کا خوش بو کے بغیر رہنا، کیسے کیسے خواب

www.pdfbooksfree.pk

وابستہ نہیں تھے اس کی ذات سے' وہ یاد کرتا رہا اور روتا رہا۔

دو دن پاگلوں کی طرح ساری دنیا سے کنارہ کشی کیے اس نے اسپتال میں عائلہ کے پاس ہی گزارے تھے۔ ان دو دنوں میں اسے کچھ کھانے پینے کا ہوش رہا تھا نہ اپنے حال پر توجہ کرنے کا' اگر کوئی دھن سر پر سوار تھی تو بس یہی کہ عائلہ کو ہوش آ جائے اور بالآخر اسے ہوش آ گیا تھا۔

تیسرے روز صبح ہی صبح وہ ہوش میں آ گئی تھی مگر اس کی آنکھوں کے سوتے خشک نہیں ہوئے تھے۔ اریج نے جان بوجھ کر خود کو اس کے سامنے جانے سے روکے رکھا۔ وہ نہیں چاہتا تھا کہ وہ اسے دیکھ کر پھر سے کوئی نقصان اٹھائے۔ تاہم اس کے ہوش میں آنے کے بعد وہ قدرے ریلیکس ضرور ہو گیا تھا۔ تین روز کے بعد گھر واپسی پر اس نے عائشہ کو دیکھا تھا۔ بے حد اجڑے ہوئے رف حلیے میں وہ اس کے لیے بے حد متفکر دکھائی دے رہی تھی۔ اریج تھکا تھکا سا لاؤنج میں دھرے صوفے پر ٹک گیا۔

"ایک کپ چائے مل سکتی ہے؟"

"جج..... جی.....!" بوتل کے جن کی طرح اثبات میں سر ہلاتی وہ کچن کی طرف لپکی تھی۔ اگلے دس منٹ کے بعد وہ چائے کا کپ لے کر آئی تو اریج دائیں ہاتھ کے انگوٹھے سے اپنی پیشانی مسل رہا تھا۔ عائشہ کے ہاتھ سے گرما گرم چائے کا کپ تھامنے کے ساتھ ہی اس نے اس کا ہاتھ بھی پکڑ لیا تھا۔

"بیٹھ جاؤ۔" بکھرے بکھرے سے حلیے میں کتنا قابل رحم لگ رہا تھا وہ۔ عائشہ چپ چاپ بیٹھ گئی۔

"میرے یہاں سے جانے کے بعد امی نے تمہارے ساتھ کوئی مسئلہ تو نہیں کیا؟" رشتا بدلا تھا تو طرز تخاطب بھی بدل گیا تھا۔ وہ آہستہ سے نفی میں سر ہلا گئی۔

"ہوں' حمیرا تو چلی گئی یقیناً امی کو مجھ پر بہت غصہ ہوگا۔ مگر میں کیا کرتا' میرا دماغ پھٹ رہا تھا ادھر عائلہ کو نروس بریک ڈاؤن ہو گیا سمجھ میں نہیں آ رہا کہ اس کا سامنا کیسے کروں گا۔" اضطراری انداز میں چائے کے کپ کے کنارے پر انگلی پھیرتے ہوئے اس نے اپنی الجھن اس سے شیئر کی تھی۔

"بہت حساس لڑکی ہے وہ بہت محبت کرتی ہے مجھ سے' ابھی پچھلے دنوں ہی لمبی ناراضگی کے بعد صلح ہوئی تھی ہماری' خیر تمہارے گھر والے چلے گئے یا ابھی یہیں ہیں؟"

"پتا نہیں' شادی والے روز کے بعد وہ ادھر نہیں آئے صرف بھائی کل آیا تھا حمیرا کو لینے اور بس۔"

"یار مجھے نہیں لگتا کہ تمہاری امی تمہاری سگی ماں ہوں گی۔ میں نے اپنی زندگی میں کسی سگی ماں کو اتنا بے حس نہیں دیکھا۔"

"کھانا لاؤں آپ کے لیے؟" نظریں چراتے ہوئے عائشہ نے فوراً بات بدل دی تھی۔

"نہیں' میں بس چائے پی کر ریسٹ کروں گا۔ تم نے ناشتا کیا ہے؟"

"ہوں..... نہیں.....!" غیر متوقع سوال پر نفی میں سر ہلا کر وہ فوراً اثبات میں سر ہلانے لگی تھی۔ وہ اسے دیکھ کر رہ گیا۔

"جاؤ لے کر آؤ ناشتا۔" اس بار خاموشی سے اسے دیکھتے ہوئے اس نے حکم جاری کیا تھا۔ عائشہ بے حد کنفیوژ فوراً اٹھ گئی۔ جس وقت وہ ناشتا لے کر آئی وہ اپنی چائے ختم کر چکا تھا۔

"چلو شروع کرو میرے سامنے۔" جونہی اس نے ٹرے ٹیبل پر رکھی اس نے نیا حکم جاری کر دیا۔ وہ شاکڈ ہی تو رہ گئی۔

"ایسے کیا دیکھ رہی ہو' ناشتا کرو پھر میں جاتا ہوں ریسٹ کے لیے۔" گہری سانس بھر کر سر صوفے کی پشت گاہ سے ٹکاتے ہوئے اس نے اپنی نگاہ اس پر جمائی تھی وہ پریشان سی چھوٹے چھوٹے نوالے توڑنے لگی۔

"گڈ' اب یہ سارا ناشتا اچھی طرح سے ختم کرنا ہے میرے سر میں بہت درد ہے میں ذرا آرام کر لوں۔" اسے اطمینان سے ناشتا کرتے دیکھ کر وہ فوراً اٹھ کھڑا ہوا تھا۔ وہ اثبات میں سر ہلا گئی۔ کتنے سالوں کے بعد اس نے یوں پہلی بار رغبت سے ناشتا کیا تھا گو ہر لمحہ ساس کے آ جانے کا خوف لاحق رہا مگر اس نے کھانے سے ہاتھ نہیں روکا تھا۔



صبح سے شام ہو گئی تھی وہ کام سے فارغ ہو کر اریج کے کمرے میں آئی تو وہ جاگ رہا تھا۔ عائشہ کو دیکھ کر کروٹ کے بل اٹھ بیٹھا۔

"ادھر آؤ۔" سرخ سرخ سی آنکھیں بتا رہی تھیں کہ وہ ابھی بے دار ہوا ہے۔ عائشہ دھڑکتے دل کے ساتھ قریب آ کر بیٹھ گئی۔ تبھی اس نے ہاتھ بڑھا کر اس کا ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لے لیا تھا۔

"امی نے ابھی تک تمہارے کپڑے واپس نہیں کیے؟"

"نن..... نہیں.....!"

"ٹھیک ہے' میں ذرا فریش ہو جاؤں پھر مارکیٹ چلتے ہیں جیولری اور میک اپ وغیرہ پسند ہے تمہیں کہ نہیں؟"

"نہیں۔"

"مگر میں چاہوں گا کہ تم میک اپ کرو اور ہاں اگر تم یہ سمجھ رہی ہو کہ میں نے کسی ہمدردی یا خدا ترسی کے لیے تم سے شادی کی ہے تو پلیز ایسا کوئی خیال دماغ میں مت آنے دینا۔ کیونکہ میں کسی لحاظ سے اپنی زندگی برباد کرنے والا بندہ نہیں ہوں۔ نا ہی تم کوئی لولی لنگڑی' بے کار لڑکی ہو جس پر ترس کھا کر اس سے شادی کی جائے میرا خیال ہے میری بات تمہاری سمجھ میں آ گئی ہوگی۔"

"جی۔" دھڑکتے دل کے ساتھ عائشہ اذہان کا سر ہنوز جھکا ہوا تھا۔ وہ ٹھنڈی سانس بھر تا بستر سے اٹھ گیا۔ اگلے دو گھنٹوں میں وہ اس کے ساتھ مارکیٹ میں تھی۔ بے حد اپنائیت و محبت سے اس کا ہاتھ تھامے' قدم سے قدم ملا کر چلتا وہ شخص اسے کتنا معتبر کر رہا تھا۔ اگر یہ ہمدردی یا ترس نہیں تھا تو پھر کیا تھا۔ ابھی چند دن پہلے اسی جگہ پر اس نے وہ لڑکی دیکھی تھی جو بے حد حسین تھی اور جسے وہ ٹوٹ کر چاہتا تھا۔ جلد ہی وہ دونوں شادی کے خواہش مند بھی تھے۔ تو پھر یہ سب کیوں ہو گیا ہے؟ ایک اس کی زندگی کو آزمائشوں سے نکالنے کے لیے اس شخص نے اپنی اور عائلہ کی زندگی کیوں سولی پر ٹانگ دی تھی؟

کتنی سوچیں تھیں جو سارا دن' اس کے دماغ کا گھیراؤ کیے رکھتی تھیں؟ کتنے تکلیف دہ خیالات تھے جو اسے ہمہ وقت پریشان کیے رکھتے تھے۔ اسے لگتا تھا جیسے جلد ہی وہ پاگل ہو کر رہ جائے گی۔ کسی کے خوابوں کو نوچ کر ارمانوں کا خون کر کے بھلا وہ کیسے خوش رہ سکتی تھی؟ جبکہ بچھڑ جانے کی اذیت کو بھلا اس سے بہتر کون جان سکتا تھا۔ وہ سوچ رہی تھی کہ وہ اریج سے بات کرے اسے سمجھائے۔ مگر جانے کیوں وہ چاہتے ہوئے بھی اس سے اس ٹاپک پر بات کرنے کی ہمت نہیں کر پا رہی تھی۔

اریج اب اس کے لیے جوتا خرید رہا تھا۔ وہ سن سی بیٹھی اسے دیکھ رہی تھی۔ جبکہ وہ بنا اس کی توجہ پر غور کیے اس کی

## راحیلہ

السلام علیکم! ڈیئر آنچل فیملی اینڈ فرینڈز امید ہے آپ سب پھولوں کی طرح ہنستے مسکراتے ہوں گے۔ میرا نام راحیلہ ہے اور گھر میں سب راحیلہ ہی کہتے ہیں میں 25 جون 1989ء کو ملتان میں پیدا ہوئی' ہم چھ بہن بھائی ہیں' تین بھائی اور تین بہنیں ہیں اور میں سب سے چھوٹی ہوں' میں نے ایم اے کے پیپرز دیئے ہیں اور ڈبل ایم اے کے لیے اپلائی کیا ہے اس کے علاوہ میں نے کچھ کورسز بھی کیے ہیں' کوکنگ مجھے ہر قسم کی کرنا آتی ہے' رنگوں میں مجھے سیاہ رنگ پسند ہے' لباس میں شلوار قمیص' اور ساڑھی پسند ہے مجھے بیڈمنٹن کھیلنا بہت پسند ہے' مجھے ہنس مکھ لوگ بہت پسند ہیں اور جو دوسروں کے لیے رول ماڈل ہوں میں ہر ایک کے ساتھ جلدی دوستی کر لیتی ہوں اور میری دوستوں' کزن کے نام میمونہ' صائمہ' سدرہ' رومانہ' اقصیٰ' کرن' عصمت وغیرہ ٹیچرز میں مجھے سر حفیظ پسند ہیں جو ہمارے اسکول ٹیچر تھے اور میڈم صابرہ پسند ہیں' مجھے مغرور لوگ بہت بُرے اور پُرخلوص لوگ اچھے لگتے ہیں' اس کے علاوہ مجھے کتابیں بہت پسند ہیں' جو سائنس سے متعلقہ ہوں اور رائٹرز میں مجھے شیلے' رسل' ولیم ورڈزورتھ' ہاشم ندیم اور اشفاق احمد' اقراء صغیر اور نمرہ احمد اور فرحت اشتیاق بہت پسند ہیں اور مجھے سبق آموز شاعری پسند ہے۔ آخر میں جاتے ہوئے یہ بات کہوں گی جہاں رہیں خوش رہیں اور ہنستے مسکراتے رہیں۔

www.pdfbooksfree.pk

شلوار کو ٹخنوں سے ذرا اوپر اٹھا کر جھکتے ہوئے خود اسے جوتا پہنا رہا تھا۔ بے حد خوب صورت شفاف ہاتھ اس کے پیر چھو رہے تھے۔ وہ کرنٹ کھا کر رہ گئی۔

"مم..... میں خود پہن کر دیکھ لیتی ہوں۔" بڑی مشکل سے جھکتے ہوئے اس نے اپنے سرد ہاتھ اس کے خوب صورت ہاتھوں پر رکھے تھے۔ وہ خاموشی سے سائیڈ پر ہوگیا۔ اسی رات تھکن سے چُور سارے کاموں سے فارغ ہو کر وہ کمرے میں آئی تو اریج کمپیوٹر پر کسی کام میں مصروف تھا۔ وہ بے چین سی بیڈ کے کنارے پر ٹک گئی۔

"وہ..... مجھے کچھ بات کرنی تھی آپ سے۔" ہاتھوں کو مسلتے ہوئے بہ مشکل وہ کچھ بولنے کی ہمت کر پائی تھی۔ اریج نے اچٹتی سی ایک نظر اس پر ڈالتے ہوئے کمپیوٹر شٹ ڈاؤن کر دیا۔

"ہوں کہو۔" اپنی سیٹ سے اٹھ کر وہ بیڈ پر اس کے ساتھ ہی آ بیٹھا تھا۔

"وہ..... میں یہ کہنا چاہ رہی تھی کہ..... امی آپ سے بہت ناراض ہیں۔ اسی لیے انہوں نے کمال بھائی کے پاس جانے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ پرسوں رات کی فلائیٹ ہے ان کی بھائی سے سارا کام کروایا ہے انہوں نے فی الوقت وہ میری شکل دیکھنے کی روادار بھی نہیں ہیں۔ مم..... میں یہ کہہ رہی تھی کہ آپ کو مجھ سے نکاح نہیں کرنا چاہیے تھا۔ آپ عائلہ کو پسند کرتے تھے آپ کو اسی سے شادی کرنی چاہیے تھی۔"

"پسند کرتا تھا نہیں، پسند کرتا ہوں۔ پہلی محبت ہے وہ اور اگر امی مجھے اتنا مجبور نہ کر دیتیں تو لازمی طور پر میں اسی کے ساتھ شادی کرتا اور یہ شادی تو ابھی بھی ہو سکتی ہے۔ آپ میری محبت میں تو مبتلا نہیں ہیں جو دوسری شادی کی اجازت نہیں دیں گی۔ جہاں تک امی کی بات ہے تو مجھے ان کی ناراضی سے کوئی فرق نہیں پڑتا کیونکہ وہ ہماری سگی ماں نہیں ہیں۔ نہ ہم بھائیوں کو انہوں نے کبھی پیار سے اپنا سمجھ کے پالا ہے۔ وہ صرف حمیرا کی ماں ہیں اور بس۔" سر جھٹکتے ہوئے اس کی ٹون یکسر بدلی تھی۔ عائشہ حیرانی سے دیکھتی رہ گئی۔

"خیر چھوڑو ادھر آؤ۔" اگلے ہی پل اس کا ہاتھ پکڑ کر وہ اٹھ کھڑا ہوا تھا۔ عائشہ کے وہم و گمان میں بھی نہیں تھا کہ وہ اسے کیسا مقام دینے والا ہے۔ کس قدر پیار اور اپنائیت سے اس نے اسے اس کا حق دیا تھا۔ وہ سرشاری جس سے وہ قطعی ناآشنا تھی اس نے کس درجہ محبت و ذمہ داری کے ساتھ اسے اس سرشاری سے متعارف کروایا تھا۔ حقیقی معنوں میں سہاگن کیا تھا۔

وہ تو محض اس کا نام ملنے پر ہی اس کی شکر گزار تھی کہ اس نے سہاگن بھی بنا دیا تھا۔ عائشہ کو لگا وہ زندگی میں کبھی اس کے سامنے سر نہیں اٹھا پائے گی۔ اسی روز شام میں اس کی اور عائلہ کی ملاقات ہوئی تھی وہ رو رہی تھی۔ محض تین دن کے اندر ہی اس کا سراپا اجڑ کر رہ گیا تھا۔ اریج نے بے ساختہ نظر چرالی۔

"کیسی ہو عائلہ؟"

"تمہیں کیسی لگ رہی ہوں؟"

"پتا نہیں۔"

"کیوں اریج، کیوں؟ کیوں کیا تم نے ایسا ایک پل کے لیے بھی نہیں سوچا تم نے کہ میرا کیا ہوگا۔ تمہاری اس بغاوت کے بعد میں کیسے جیئوں گی؟"

"سوچنے سمجھنے کا ٹائم نہیں تھا عائلہ بس میرے سامنے ایک انسان کی زندگی داؤ پر لگی تھی میں نے اسے بچا لیا۔ تمہیں تو مجھ سے بھی اچھا لڑکا مل سکتا ہے مگر اسے نہیں۔"

"اچھا لڑکا نہیں چاہیے مجھے تم اسے دے دو ساری دنیا مجھے بس میرا اریج دے دو پلیز۔" رو کر اس کے سامنے دونوں ہاتھ جوڑتے ہوئے وہ سسکی تھی۔ اریج تڑپ کر رہ گیا۔

"سیکنڈ میرج کرو گی میرے ساتھ؟" اس سوال کے جواب پر اس کی ہستی کی بنیاد ٹکی تھی۔ عائلہ کے آنسو اس کی پلکوں پر اٹک گئے۔

"ہاں اگر تم فوری اسے طلاق دے دو تو؟"

"اور اگر میں اسے طلاق نہ دوں تو؟"

"کیوں طلاق نہ دو تم میرے ہو اریج صرف اور صرف میرے، تمہیں کسی کے ساتھ شیئر نہیں کر سکتی۔"

"جانتا ہوں میں نے بھی کبھی نہیں چاہا تھا کہ تم مجھے کسی کے ساتھ شیئر کرو، مگر اب حالات بدل گئے ہیں عائلہ میں کسی کا ہاتھ تھام کر اسے اوندھے منہ گرانے کا سوچ بھی نہیں سکتا۔"

"چاہے میں مر جاؤں اریج؟" کانچ سی آنکھوں میں رلتے آنسوؤں کے ساتھ اس نے اسے دیکھا تھا۔ اریج کی اپنی آنکھوں کے گوشے نم ہو گئے۔

"نہیں۔"

"نہیں تو ابھی فیصلہ کرو، تم اسے طلاق دے رہے ہو کہ نہیں؟"

"میں اسے علیحدہ رکھوں گا عائلہ، وہ بہت بے ضرر سی لڑکی ہے، کبھی ہمارے درمیان نہیں آئے گی۔"

"یہ میرے سوال کا جواب نہیں ہے اریج۔"

"عائلہ تم سمجھنے کی کوشش کیوں نہیں کر رہیں۔ وہ بہت اکیلی ہے۔ کوئی اپنا نہیں ہے اس کا دنیا میں، تم کیوں مجھے اس کے سامنے کم ظرف ثابت کرنا چاہتی ہو۔"

"اریج تم اسے طلاق دے رہے ہو کہ نہیں؟"

"عائلہ پلیز۔"

"او کے فیصلہ ہو چکا ہے۔" لہو رنگ آنکھوں سے اس کی طرف دیکھتے ہوئے وہ کھڑی ہوئی تھی۔

"بہت غرور تھا مجھے خود پر کہ تم صرف مجھ سے پیار کرتے ہو میں اگر تم سے کہوں گی کہ اریج میرے لیے ساری دنیا کو چھوڑ دو تو تم چھوڑ دو گے مگر میں غلط تھی۔ خوش فہم ہو گئی تھی میں، تمہیں مجھ سے کبھی پیار نہیں رہا۔ جو کچھ بھی اب تک ہمارے درمیان تھا۔ سب بکواس تھا۔ جھوٹ تھا سب، غلط کہا تھا تم نے کہ میں تمہاری زندگی ہوں بکواس کی تھی تم نے ساری۔ میں لعنت بھیجتی ہوں تمہاری محبت پر۔ تم سے تعلق پر یہ لو اپنی رنگ..... میں سمجھوں گی کہ میرا اور تمہارا تعلق کبھی رہا ہی نہیں۔"

اپنی انگلی سے اس کی پہنائی رنگ اتار کر اس پر پھینکتے ہوئے وہ روتی ہوئی وہاں سے نکل گئی تھی۔ اریج شکستہ انداز میں رنگ اٹھا کر پاکٹ میں ڈالتے ہوئے وہاں سے اٹھ کھڑا ہوا تھا۔ یہ کہنا کتنا آسان ہوتا ہے کہ میں خود کو سمجھا لوں گا۔ مگر دنیا میں سب سے مشکل کام خود کو سمجھانا ہوتا ہے محبت کے دربار سے دربدری کے بعد خود کو سمجھانے اور سنبھالنے میں عمریں بیت جاتی ہیں۔ دنیا کے بڑے بڑے مسائل پر ہزاروں لوگوں کو سمجھا کر ان کی سوچ تبدیل کرنے والے بھی سالوں اپنے اندر چھڑی جنگ میں پاگل ہوتے رہتے ہیں۔ اس رات اس نے پھر بہت شراب پی تھی۔ اسے لگا جیسے اب تک کا اریج مر گیا ہو اور اب اسے ایک نئے اریج کا روپ لے کر جینا ہو۔

جدائی دینے والے تجھ سے امید وفا کیسی؟
تعلق ٹوٹ جائے جب محبت روٹھ جائے جب
تو پھر رسم دعا کیسی؟
ملن کی التجا کیسی؟
بھنور میں ڈوبتی کشتی پہ ساحل کی تمنا کیا؟
اکھڑتی سانس ہو تو زندگی کی آرزو بھی کیا؟
جو منزل کھو چکی ہو پھر سے اس کی جستجو بھی کیا؟
رازِ دوست پہ اچھا سر تسلیم خم کرنا
سسکنے سے یہی بہتر ہے نا امید ہی مرنا
مگر دل نے تمہیں کس واسطے سے یاد رکھا ہے
تمہیں کیوں شاعری میں آج تک آباد رکھا ہے
ابھی تک میں نے کیوں خود کو بہت برباد رکھا ہے
جدائی دینے والے آشنائی کی قسم تم کو
تمہاری کج ادائی، بے وفائی کی قسم تم کو
مجھے اتنا بتا دینا
وفا کی چاہتوں کی مشعلیں کیسے بجھاتے ہیں
نشاں کیسے مٹاتے ہیں
بھلانا ہو جنہیں ان کو بھلا کیسے بھلاتے ہیں

(ان شاء اللہ باقی آئندہ ماہ)

www.pdfbooksfree.pk

# سجدۂ شکر

عائشہ خان

پہنچے جو سرِ عرش تو نادار بہت تھے
دنیا کی محبت میں گرفتار بہت تھے
آسائشِ دنیا کا فسوں اپنی جگہ ہے
اس سُکھ میں مگر روح کے آزار بہت تھے

"سعود! اٹھ جائیں، نماز کو دیر ہو رہی ہے۔" ولسعہ نے تیسری مرتبہ بے سدھ سوئے شوہر کو جگایا۔

"اوں...... ہوں۔" کسمساتے ہوئے اس نے ناگواری سے سر پیچھے ہٹایا اور پھر بے خبر سو گیا۔ وہ چند لمحے گومگو سی کیفیت میں کھڑی رہی پھر وال کلاک پر نگاہ ڈالی تھی۔ چھ بج کر پینتیس منٹ ہو رہے تھے گویا وہ فوراً اٹھتا تو ہی نماز پڑھ سکتا تھا۔ ابھی شام کو ہی تو تائی جان نے اسے تاکید کی تھی۔

"ولسعہ بیٹی! سعود آج کل بہت لیٹ نماز پڑھتا ہے، اسے جلدی اٹھایا کرو، سورج طلوع ہوتے وقت نماز پڑھنے کا الٹا گناہ ہوتا ہے۔"



"سعود! جلدی سے اٹھ جائیں پلیز، فوراً نہیں اٹھیں گے تو نماز قضا ہو جائے گی۔" نرمی سے اس کے بالوں میں انگلیاں پھیرتی وہ دھیمی سی آواز میں کہہ رہی تھی۔ پاس ہی کاٹ میں سوئی بیٹی کی بھی فکر تھی اگر وہ اس وقت اٹھ جاتی تو اس کا دوبارہ سونا محال تھا اور ولسعہ کو اس وقت بہت سے کام نمٹانے تھے۔

"تنگ مت کرو یار! تم نے نماز پڑھ لی ہے نا مجھے سونے دو۔ ویسے بھی اب نماز کا ٹائم نہیں رہا۔" اس کا ہاتھ پیچھے ہٹاتے ہوئے کمبل منہ تک لے لیا تھا۔

وہ چند لمحے وہیں کھڑی تاسف بھری نگاہوں سے کمبل کو دیکھتی رہی جس کے اندر چھپا وہ وہی سعود تھا جو پہلی دفعہ ہلاتے ہی پٹ سے آنکھیں کھول دیا کرتا تھا۔

"اتنے پیار سے تو تم عدم سے بھی بلاؤ تو میں پلٹ آؤں مائی ڈیئر وائف! یہ تو پھر نیند ہے۔ ایسی سو نیندیں اپنی جان پر قربان۔"

"توبہ ہے سعود! صبح صبح آپ کیسی الٹی سیدھی باتیں کرنے لگتے ہیں۔" وہ ناراض ہو جاتی لیکن کتنی دیر...... گھڑی کا چوتھائی پل بھی نہیں اور اس کے منانے کا کیسا انوکھا طریقہ تھا۔ اس کی محبتوں میں بے حد شدت تھی۔ انتہائی وارفتگی تھی۔

ولسعہ کو حیرانی ہوئی تھی کہ یہ ساری محبتیں، سب چاہتیں اس نے کہاں چھپائی ہوئی تھیں کہ اسے کبھی خبر نہیں ہوئی تھی اور ایک دن یہی بات جب اس نے سعود سے پوچھی تھی تو وہ کھلکھلا کر ہنس دیا تھا۔

"ہم تو خود بے خبر تھے مائی ڈیئر وائف! تمہیں خبر کیسے ہوتی۔ وہ تو ایک دن اماں نے کہا کہ آج جلدی آ جانا تمہارے چچا کی طرف جانا ہے۔ کچھ لوگ ولسعہ کو دیکھنے آ رہے ہیں تو میرا دل جیسے اچھل کر حلق میں آ گیا تھا۔ بہت عجیب سی کیفیت تھی میں سمجھتے ہوئے بھی سمجھنا نہیں چاہ رہا تھا۔"

"کیا بات ہے سعود!" اماں سے میرا اُترا اُترا چہرہ اور گم صم سا انداز چھپا نہیں رہ سکا تھا۔

"کچھ نہیں اماں! کتنے بجے چلنا ہے۔" میں نے خود کو سنبھالتے ہوئے بجھے بجھے لہجے میں پوچھا تھا تو اماں چند لمحے خاموشی سے مجھے دیکھتی رہی تھیں پھر دھیرے دھیرے میرے قریب چلی آئی تھیں۔

"سعود! ادھر دیکھو......" میرے کندھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے انہوں نے گہری نگاہوں سے میرے چہرے کو کھوجتے ہوئے کہا تھا۔

"کیا تمہیں ولسعہ اچھی لگتی ہے سعود بیٹا!" میرے چہرے پر نگاہیں جمائے وہ جیسے میرے اندر کا سارا حال جان گئی تھیں۔ پتا نہیں ماں کو بچوں کے اندر تک اترنے کا ہنر کیسے آ جاتا ہے۔ میں نے اس پل محبت سے اماں کو دیکھتے ہوئے سوچا تھا۔

"میں کیا پوچھ رہی ہوں سعود......"

"وہ ہے ہی اچھی اماں پھر بھلا کیسے اچھی نہیں لگے گی۔" اک حسرت سی میری لہجے میں اتر آئی تھی۔

"میں کسی کی نہیں تمہاری بات کر رہی ہوں۔"

"چھوڑیں اماں! کیا فائدہ ایسے خواب دیکھنے کا جو پورے نہ ہو سکیں۔"

"کیوں! خدانخواستہ کیوں نہ پورے ہو سکیں۔ کیا کمی ہے تم میں؟" میرے لہجے میں گھلتی اداسی اور کم مائیگی نے اماں کا دل تڑپا کر رکھ دیا تھا۔

"ہے کیا آپ کے بیٹے پاس اماں! ایک پرائیوٹ فرم میں چند ہزار کی نوکری اور کرائے کا دو کمروں کا یہ گھر اور یہ بے کار موٹر سائیکل......" میں نے جیسے خود ہی اپنا مذاق اڑایا تھا اور اماں جیسے تڑپ کر رہ گئی تھیں۔ کچھ کہنے کے لیے لب کھولے تھے مگر پھر جانے کیا سوچ کر خاموش ہو گئی تھیں۔

"اور پتا ہے ولسعہ......" اس نے اس کے گلے میں بازو حمائل کرتے ہوئے چہرہ اس کے سر پر ٹکا دیا تھا۔

"بتائیں نا سعود! چپ کیوں ہو گئے ہیں۔" جب وہ کئی لمحے کچھ نہ بولا تو ولسعہ نے بے چینی سے پوچھا تھا۔

"میں اللہ کا شکر ادا کر رہا تھا۔"

"کس بات پر؟"

"تمہارے ملنے پر اور ان ڈھیر ساری نعمتوں پر جن سے اس نے مجھے نوازا تھا۔ اس دن میں جاب پر نہیں گیا تھا، جولائی کا وہ بے حد گرم دن جب حبس اور تپش نے لوگوں کو بے حال کر رکھا تھا۔ میں نے سارا دن گراؤنڈ میں ایک بنچ سے دوسرے بنچ پر بیٹھتے گزار دیا تھا۔ میں اللہ تعالیٰ سے بُری طرح شاکی تھا، میں نے ایک لمحے کے لیے بھی یہ نہیں سوچا تھا کہ تم مجھے مل سکتی ہو۔ اپنی غربت اور کم مائیگی نے مجھے یہ سوچنے ہی نہیں دیا تھا۔"

www.pdfbooksfree.pk

"کیوں سعود! آپ ایسا کیوں سوچ رہے تھے؟ آپ کا اور میرا تو خون کا رشتہ تھا' سگے تایا زاد تھے آپ میرے اور پھر ہم کہاں کے لینڈ لارڈ تھے۔" اس نے تڑپ کر سعود کی بات کاٹتے ہوئے کہا تھا۔

"بھئی ہمارے مقابلے میں تو لینڈ لارڈ ہی تھے' چچا کی چم چم کرتی ہوئی گاڑی اور میری یہ پھٹیچی اور تب تو مجھے یہ خیال ہی نہیں آ رہا تھا کہ وہ میرے چچا بھی ہیں۔ میں تو صرف انہیں اپنی محبوبہ کے باپ کے روپ میں دیکھ رہا تھا اور اس روپ میں وہ تخت پر براجمان تھے اور میں' میں ان کے چرنوں میں۔" وہ ہاتھ پر ہاتھ مار کر خوش دلی سے ہنسا تھا اور ساتھ ہی زور سے ولعہ کی ناک دبائی تھی۔

"ہائے....." ناک پر ہاتھ رکھتے ہوئے وہ چلائی تھی۔

"سعود! اگر آپ یوں ہی میری ناک کے پیچھے پڑے رہے نا تو جلد ہی میں ناک سے ہاتھ دھو بیٹھوں گی۔" اس نے کچھ ایسی بے چارگی سے کہا تھا کہ سعود نے ہنستے ہوئے اسے بازوؤں میں بھر لیا تھا۔

"اچھا چلیں' آرام سے بیٹھ کر بتائیں نا پھر کیا ہوا؟" ولعہ کو یہ سب سننے میں بے حد مزا آ رہا تھا۔

"پھر..... اللہ سے خوب سارے شکوے کر کے میں گھر آ گیا اور گھر آ کر....." اس کی آواز یک دم بھرا گئی تھی۔ ولعہ نے چونک کر اسے دیکھا تھا۔ نم ہوتی آنکھوں کے ساتھ خود پر قابو پانے کی سعی میں وہ اسے عجیب سی کیفیت میں نظر آیا' پتا نہیں وہ رو رہا تھا یا ہنس رہا تھا۔ غمگین تھا یا خوش' چند لمحے ولعہ کو کچھ سمجھ نہیں آیا تھا لیکن پھر وہ جان گئی تھی کہ وہ خوش تھا' شاید بے حد خوش اور یہ خوشی کے آنسو تھے جو اس کی آنکھوں میں جھلملا رہے تھے۔

"اور گھر آ کر میں نے دیکھا کہ اماں پلیٹوں میں مٹھائی سجائے بیٹھی ہیں اور سمیعہ باجی اور ناصرہ آپا کے بچوں نے گھر میں اودھم مچایا ہوا ہے۔ "آپ لوگ اچانک....." باجی اور آپا دونوں ہی صرف اتوار کو آیا کرتی تھیں اور ابھی کل ہی تو وہ ہو کر گئی تھیں۔ سمیعہ باجی جو گانے گانے کی خوب شوقین تھیں انہوں نے جو شادی بیاہ کے گانوں کے پسندیدہ ٹکڑے گانے شروع کیے تو میں حیران ہو گیا تھا اور تبھی اماں نے نم آنکھوں کے ساتھ میرے منہ میں لڈو ڈالتے ہوئے میرا ماتھا چوم لیا اور مجھے تمہارے ساتھ ہمیشہ خوش اور بستا رہنے کی دعائیں دینے لگی تھیں اور میں بے یقینی سے منہ کھولے ششدر سا انہیں دیکھ رہا تھا۔

"اماں..... یہ سب..... کیسے ہوا؟" بڑی دیر بعد میں کچھ کہنے کے قابل ہوا تو پوچھا تھا۔

"بس میرے اور تمہارے ابا کی باتوں کے جواب میں تمہارے چچا نے تو ایک ہی جملے میں ہمیں گویا زمین سے آسمان پر پہنچا دیا۔

"بھائی جان! سعود میرے اس بھائی کا بیٹا ہے' جس نے مجھے اپنے بچوں کی طرح پالا۔ اپنی حیثیت سے بڑھ کر میرا خیال رکھا' اعلیٰ تعلیم دلوائی۔ بھلا سعود سے بڑھ کر میرے لیے عزیز اور کون ہو سکتا ہے۔"

"اللہ اسے دنیا و آخرت کی کامیابی دے اور اس کی عزت اور ماں بھی یونہی بڑھاتا رہے' جیسے اس نے ہمارا مان رکھا ہے۔" اماں بے حد تشکرانہ انداز میں کہہ رہی تھی۔

"ولعہ! میں تمہیں اپنے دل کی وہ کیفیت بتا نہیں سکتا جو اس وقت تھی۔ میرا دل چاہتا تھا میں سجدے میں گر جاؤں اور دھاڑیں مار مار کر روؤں۔ میں جو سارا دن اللہ کی ناشکری کرتا رہا تھا۔ اس نے مجھے کیا دیا تھا بچپن سے لے کر جوانی تک ایک ایک چیز کے لیے ترسایا تھا اس قسم کی بے سروپا باتیں سوچ سوچ کر گلے شکوے کرتا رہا تھا اور یہ بھول گیا تھا کہ اس نے میری کتنی خواہشیں پوری کی تھیں' کتنی نعمتیں مجھے دی تھیں' کیسے ہمیشہ مجھے اپنی رحمتوں سے نوازا تھا۔ مجھے اپنے اللہ پر اس دم بے حد' بے تحاشا پیار آ رہا تھا۔ وہ کتنا مہربان تھا' ہمیشہ میری بے صبریوں کو معاف کر دیتا تھا۔" وہ اک جذب کے عالم میں کہہ رہا تھا اور ولعہ حیرانی سے پھیلی آنکھوں کے ساتھ اسے یک ٹک دیکھ رہی تھی۔ وہ اس انداز میں بھی سوچ سکتا ہے اسے تو کبھی خیال بھی نہیں گزرا تھا۔

وہ تو حیران ہوا کرتی تھی کہ تایا اور تائی پانچ وقت کے نمازی تھے صبح باقاعدگی سے گھنٹہ بھر تلاوت کیا کرتے تھے جب کہ وہ عجیب من موجی طبیعت کا مالک تھا۔ کبھی تو تکبیر اولیٰ کے ساتھ نماز شروع کر دیتا اور کبھی یوں لگتا جیسے اسے فکر ہی نہیں کہ نماز قضا ہو رہی ہے۔

"چلو اٹھو بیوی! کچھ کھلا دو یا آج دیدار یار سے ہی کام چلا لیں۔ ہوں یہی ٹھیک ہے' ویسے بھی آج تم دل' روح' جان' ایمان سب لوٹ رہی ہو۔" اس نے مخمور نگاہوں سے ولعہ کو



دیکھتے ہوئے اسے اپنی طرف کھینچا تھا۔

"چھوڑیں نا! دروازہ کھلا ہے۔" دبی دبی ہنسی کے ساتھ خود کو چھڑاتی ہوئی وہ محجوب سے لہجے میں بولی تھی۔

"ولعہ بیٹی! کچن سے کچھ جلنے کی بُو آ رہی ہے۔" تائی جان کی آواز پر سعود نے مرے مرے سے انداز میں اسے پیچھے دھکیل دیا تھا۔

"جائیے جناب! کچن میں کچھ نہیں جلنا چاہیے' جلنے کے لیے یہ بے چارہ دل ہی کافی ہے۔" اس نے بے حد سکھیت سے دل پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا اور وہ ہنستی ہوئی کچن کی طرف دوڑ گئی تھی۔

ایسی ہی محبتوں' چاہتوں اور شرارتوں میں سال جیسے پَر لگا کر اڑ گیا تھا' لیکن جاتے جاتے انہیں والدین کے رتبے پر فائز کر کے ان کے دامن میں خوشیاں بھر گیا تھا۔

دادا' دادی بن کر تایا جان اور تائی جان خوشی سے پھولے نہیں سما رہے تھے تمام عزیز و اقارب اور ہمسائیوں میں مٹھائی بانٹی گئی تھی۔ زندگی جیسے خوشیوں کا گہوارہ تھی۔

مگر پھر ان کی خوشیوں کو جانے کس کی نظر لگ گئی تھی۔ تایا جان کا ایکسیڈنٹ ہو گیا تھا اور انہیں کافی چوٹیں آئی تھیں' ابھی وہ ٹھیک نہیں ہوئے تھے کہ سعود کی جاب ختم ہو گئی۔ تائی جان نے شادی کے دو ماہ بعد ہی گھر کے سارے معاملات ولعہ کے سپرد کر دیے تھے جنہیں وہ خوش اسلوبی سے نبھا رہی تھی۔ تایا جان کی دکان کی آمدنی اور سعود کی تنخواہ سے گھر کے اخراجات آرام سے پورے ہو جاتے تھے' بل تایا جان اپنی پنشن کی رقم سے دے دیتے تھے۔

اب جب دکان کی آمدنی بھی بند ہو گئی اور سعود کی تنخواہ بھی تو ولعہ کے تو گویا ہوش اڑ گئے تھے۔ اس کی سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ اب کیا ہو گا؟ گھر کا خرچ کیسے چلے گا؟ کرایہ کہاں سے دیں گے؟ دودھ' بجلی' سوئی گیس اور پانی کے بل کیسے ادا ہوں گے۔ یہ سب کچھ اور اگلے ماہ سمیع بھائی کی شادی ہونے والی ہے' کیا میں کچھ نہیں دوں گی' اکلوتے بھائی کی شادی پر۔

وہ یہی سوچ سوچ کر ہلکان ہوتی رہتی۔

سعود صبح جاب کی تلاش میں نکلتا تو شام کو تھکا ہارا لوٹتا' کبھی ایک جگہ پر انٹرویو تو کبھی دوسری جگہ پر اور نتیجہ صرف ناکامی' چند ہی دن کی مسلسل بھاگ دوڑ اور پھر پے در پے ناکامیوں نے اسے تھکا دیا تھا کچھ ویسے ہی طبیعت میں حوصلے اور برداشت کی کمی تھی' بے صبرا پن تھا' وہ ہر وقت چڑچڑا سا رہنے لگا تھا۔

ایسے میں صرف تائی جان تھیں جن کی وجہ سے ولعہ کو حوصلہ رہتا' وہ حسب معمول صبح اٹھتیں اور نماز پڑھتے ہی انہیں اٹھاتیں اور پھر تلاوت میں مشغول ہو جاتیں۔ دن میں اس کے ساتھ سبزی وغیرہ بنواتے ہوئے وہ اس کی تشفی کے لیے بھی کچھ نہ کچھ کہتی رہتیں اور یہ ان کی باتوں کا ہی اثر تھا کہ وہ فکر مند تو تھی مگر مایوس اور ناامید نہیں تھی۔

.....☆☆☆.....

"سعود اٹھ جائیں صرف دس منٹ رہتے ہیں' سورج طلوع ہونے میں' روز آپ قضا نماز پڑھتے ہیں۔" اسے یک دم احساس ہوا تھا کہ نماز کا وقت تو بالکل ختم ہونے کو تھا' تیزی سے کندھے ہلائے جانے پر سعود نے اٹھ کر بیٹھتے ہوئے غصے بھری نگاہوں سے اسے گھورا تھا۔

"وہ..... نم..... ماز۔" اس کے اس طرح گھورنے پر ولعہ بوکھلا اٹھی تھی اور وہ جو بہت کچھ کہنے کے موڈ میں تھا لب بھینچ کر واش روم کی جانب بڑھ گیا تھا۔ ولعہ نے جلدی سے جائے نماز بچھائی اور کچن میں آ گئی تھی۔ جلدی جلدی چائے بنا کر تایا جان اور تائی جان کو دے کر اپنے کمرے میں واپس آئی تو وہ دوبارہ سر تک کمبل تانے بستر میں لیٹا تھا۔ وہ حیران و پریشان دروازے میں کھڑی رہ گئی تھی۔ ایسا تو کبھی نہیں ہوا تھا' وہ ہمیشہ اسے اپنا منتظر ملتا تھا پھر اب..... یک دم اس کا دل بوجھل سا ہو گیا تھا۔

رات آئے بھی بہت لیٹ تھے' اس نے خود کو تسلی دی تھی اور کمرے میں بکھری چیزیں ٹھیک کرنے لگی تھی' چند منٹ اس کام میں لگے تھے اور وہ فارغ ہو گئی تھی۔ اب کیا کروں' یہ فرصت روٹین سے ہٹ کر تھی اس لیے اس کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ فارغ وقت کو کس کام میں صرف کرے۔ کپڑے وہ دن میں ہی استری کر کے رکھ لیتی تھی' دوپہر کے کھانے میں ابھی خاصا ٹائم تھا۔ تبھی اسے یاد آیا تھا کہ سعود کے جوتے پالش کرنے تھے۔

دروازہ کھول کر جوتے اٹھائے تھے جو کیچڑ سے بُری طرح بھرے ہوئے تھے' ایک جوتا تو نیچے سے ٹوٹا ہونے کی وجہ سے اندر تک بالکل گیلا ہو چکا تھا۔ اس کا دل جو ابھی کچھ دیر پہلے سعود سے شکوہ کناں ہو رہا تھا ایک دم گداز ہو گیا' گیلے

www.pdfbooksfree.pk

کپڑے سے جوتے صاف کرتے وہ اداس ہورہی تھی۔

اس ماہ سیلری ملتے ہی سب سے پہلے جوتے لینے ہیں یار! اب تو کوئی حل نہیں رہا، نیچے سے مٹی اندر گھستی رہتی ہے۔" جاب چھوٹنے سے چند دن قبل اس نے کہا تھا اور اب اتنے دنوں سے مسلسل خجل خوار ہوتے ہوئے جوتے کچھ اور ٹوٹ گئے تھے اور کل تو بارش بھی خوب ہوئی تھی۔

"پتا نہیں کب تک گیلے موزے اور جوتے پہنے گھومتے رہے ہوں گے۔" اس نے سوچا تھا اور خشک کپڑے سے رگڑ رگڑ کر جوتا خشک کرنے لگی تھی۔

"ولسعہ!" تبھی سعود کی دھیمی سی آواز آئی تھی۔

"جی۔" اس نے جلدی سے سر اٹھایا تھا۔

"ایک کپ چائے تو لادو۔" ولسعہ نے دیکھا اس کی آنکھیں سرخ ہورہی تھیں اور آواز بھاری، وہ لپک کر قریب آئی تھی۔

"کیا بات ہے آپ کی طبیعت تو ٹھیک ہے۔" تفکر بھرے انداز میں اس نے پوچھا تھا۔

"بس کچھ نزلہ ہورہا ہے اور ٹمپریچر بھی۔" اس نے بھاری ہوتی آواز میں کہا تھا۔ ولسعہ نے ہاتھ کی پشت سے ماتھے کو چھوا تھا، وہ اچھا خاصا گرم ہورہا تھا۔

"میں آپ کے لیے ناشتہ بنا کر لاتی ہوں۔"

"نہیں صرف چائے اور......" اس کے جملہ ادھورا چھوڑنے پر اس نے پلٹ کر دیکھا تھا۔ "اور ولسعہ خود......" ایک آنکھ میچتے ہوئے وہ شرارت سے اسے دیکھ رہا تھا۔ ولسعہ کے دل سے جیسے کوئی بھاری بوجھ ہٹ گیا تھا۔ وہ مسکراتی ہوئی دروازہ کھول کر باہر نکل گئی تھی۔

چائے کا پانی چولہے پر رکھتے ہوئے اس نے فریج کھولا تھا۔ وہ چاہتی تھی چائے کے ساتھ کچھ کھانے کو دے کر ٹیبلٹ دے دے مگر کوئی ایسی چیز نہیں تھی، ڈبل روٹی، انڈے سب ختم تھے۔ تب اچانک اسے بسکٹ کا خیال آیا تھا جو وہ مہمانوں کے لیے منگوا کر رکھا کرتی تھی۔ اس نے پلیٹ میں تین بسکٹ نکالے تھے اور پلیٹ میں رکھ کر چائے دم کررہی تھی جب وہ چھینکتا ہوا اس کے پیچھے چلا آیا تھا۔

"کیا ہوا۔ آپ کیوں بستر سے نکل آئے؟"

"چھینکوں کی وجہ سے۔ میں نے سوچا رافعہ اٹھ جائے گی۔"

"تو کوئی بات نہیں، آپ چلیں بستر میں، یہاں سردی ہے۔" اس نے ٹرے اٹھائی تھی جب کہ وہ سائیڈ پر پڑا اسٹول اٹھا کر چولہے کے قریب کرکے بیٹھ چکا تھا۔

"باہر سے اپنے لیے موڑھا اٹھالاؤ۔" چولہا جلاتے ہوئے اس نے کہا تھا اور وہ ٹرے وہیں سلیب پر رکھتے ہوئے باہر نکل گئی تھی۔

"لگتا ہے رات آپ خوب بھیگ کر آئے ہیں۔" ولسعہ نے فکرمندی سے اس کی سرخ ہوتی ناک اور بہتی آنکھوں کو دیکھا تھا۔

"ہوں......" اثبات میں گردن ہلاتے ہوئے اس نے کپ اٹھالیا تھا۔

"آپ کا فون آیا تو رافعہ جاگ گئی تھی، اسے سلاتے سلاتے پتا ہی نہیں چلا کب میری بھی آنکھ لگ گئی۔" اس نے نادم سے لہجے میں کہا تھا۔

"اچھا ہی ہوا، میں تو خاصا لیٹ آیا تھا اور وہ بھی انتہائی خراب موڈ میں۔"

"کیوں؟" وہ حیران ہوئی تھی اور کچھ پریشان بھی۔

"بس یار! کل مجھے شام کو ایک یونیورسٹی کا دوست مل گیا، وہ زبردستی ساتھ لے گیا، کیا شان دار گھر تھا اس کا۔ میری تو آنکھیں کھلی کی کھلی رہ گئی تھیں۔ وسیع پورچ میں دو نئے ماڈل کی بالکل نیو برینڈ گاڑیاں آگے پیچھے کھڑی تھیں، اندر گئے تو کھانے کا دور چل رہا تھا، ڈائننگ ٹیبل انواع و اقسام کے کھانوں سے بھری پڑی تھی اور تقریباً کلو گوشت تو پالتو بلی کے سامنے رکھ دیا گیا تھا جو ایک کونے میں بیٹھی مزے اڑا رہی تھی۔ یہ وہ شخص تھا جو یونیورسٹی میں انتہائی گاؤدی ہوا کرتا تھا اور سب کلاس فیلوز اسے دل کھول کر پاگل بنایا کرتے تھے اور اب......" اس نے ٹھنڈی سانس بھری تھی۔

"باپ نے خوب پیسہ لگا کر بزنس کروادیا اور صاحب زادہ عیش کررہا ہے۔ ایک ہم ہیں دس پندرہ ہزار کی نوکری کے لیے جوتے گھساتے پھر رہے ہیں۔" انتہائی شاکی لہجے میں کہتے ہوئے اس نے چائے کا کپ واپس ٹرے میں رکھ دیا تھا۔

"پھر آپ اتنی دیر اس دوست کی طرف بیٹھے کیا کرتے رہے؟" ولسعہ نے اس کا دھیان بٹانے کی خاطر پوچھا تھا۔

"وہاں کہاں بیٹھا رہا، سڑکوں پر آوارہ گردی کرتا رہا۔" اس نے جلے کٹے انداز میں جواب دیا تھا۔

"بارش میں......؟" ولسعہ کی آنکھیں حیرانی سے پھیلی تھیں۔

"اس وقت تو پتا نہیں چل رہا تھا مگر......" زوردار چھینک نے اسے بات مکمل نہیں کرنے دی تھی۔

"اب خمیازہ بھگتنا پڑ رہا ہے۔" اس نے رومال سے ناک سے نکلتے پانی کو صاف کیا۔ ولسعہ چند لمحے خاموشی سے اسے دیکھتی رہی تھی، وہ بے حد بےزار بےزار اور شاکی نظر آرہا تھا۔ پتا نہیں اسے کس سے شکایت تھی، اپنے آپ سے، حالات سے یا...... اس کی سوچ درمیان میں ہی رہ گئی تھی۔ وہ قدرے حیران اور اچھی خاصی پریشان اور متاسف سی اسے دیکھنے لگی تھی جو کہہ رہا تھا۔

"میری سمجھ میں یہ نہیں آتا کہ یہ قدرت کی کیسی تقسیم ہے، کیسا انصاف ہے کہ کچھ لوگ ایک ایک نوالے کو ترس رہے ہیں اور کچھ انواع اقسام کے پکوان نہ صرف کھا رہے ہیں بلکہ......"

"شاباش ہے میرے بیٹے۔" سعود کی بات بیچ میں ہی رہ گئی تھی اور امی جان جو ناشتے کے برتن کچن میں رکھنے آئی تھیں انہوں نے اندر آتے ہوئے خاصے ناراض لہجے میں کہا تھا۔ انہیں سعود کی بات شدید ناگوار گزری تھی۔

"چند دن ذرا سی مشکل جو آپڑی تو اللہ کی تقسیم اور انصاف پر اعتراض کرنے لگے۔ استغفار کرو بیٹے! توبہ کرو اللہ سے۔"

"امی! میں......" سعود نے کچھ کہنا چاہا لیکن خاموش ہوگیا۔

"اللہ اگر انصاف کرنے پر آئے تو ہم میں سے کون ہے جو بخشش کا حق دار ٹھہرے۔" ولسعہ نے موڑھے سے اٹھتے ہوئے تائی جان کو بیٹھنے کے لیے کہا تھا اور وہ سنجیدگی سے سعود کو دیکھتے ہوئے بیٹھ گئی تھیں۔ سورۃ ابراہیم اور سورۃ نحل میں اللہ پاک فرماتے ہیں: "اگر تم اللہ کی نعمتوں کو گننے لگو تو شمار نہ کرسکو۔" ابھی کل ہی جب میں اس آیت کی تفسیر پڑھ رہی تھی تو لکھا تھا کہ ایک حدیث میں ہے جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سورۃ تلاوت فرمائی اور اس آیت پر پہنچے۔

"پھر اس دن تم سے نعمتوں کے بارے میں سوال کیا جائے گا۔" تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "تمہارے رب کے سامنے تم سے ٹھنڈے پانی کے بارے میں سوال کیا جائے گا، مکانوں کے سائے کے بارے میں سوال کیا جائے گا کہ میں نے دھوپ اور بارش سے بچنے کے لیے سایہ عطا کیا، پیٹ بھر کر کھانا کھانے اور اعضاء کے صحیح سالم ہونے پر سوال کیا جائے گا کہ ان کا کیا حق ادا کیا، میٹھی نیند جو عطا کی اس کے بارے میں پوچھا جائے گا حتیٰ کہ اگر تم نے کسی عورت سے شادی کرنا چاہی اور کسی اور نے بھی اس عورت کے لیے رشتہ ڈالا اور اللہ نے تم سے اس کا نکاح کروادیا تو اس کے متعلق بھی سوال کیا جائے گا کہ یہ اللہ کا تم پر احسان تھا کہ اس نے بیٹی والوں کے دل میں یہ بات ڈالی کہ وہ تم سے اپنی لڑکی کا نکاح کریں اور دوسرے سے نہ کریں۔ اس حدیث کو پڑھنے کے بعد میرے تو رونگٹے کھڑے ہوگئے تھے کہ ہم لوگ کس قدر ناشکرے ہیں۔ کھاتے ہیں، پیتے ہیں، مزے سے گھروں کے اندر، چھت کے نیچے سردیوں میں ہیٹر لگا کر اور گرمیوں میں پنکھوں اور کولروں کی ٹھنڈک میں میٹھی نیند سوتے ہیں اور ان میں سے کسی ایک نعمت کا بھی شکر ادا نہیں کرتے بلکہ سرے سے ان چیزوں کو نعمتیں سمجھتے ہی نہیں۔

ہمارے نزدیک نعمتیں صرف بڑے بڑے عالی شان گھر ہیں، بڑی بڑی گاڑیاں ہیں، انواع واقسام کے کھانے ہیں۔" وہ گہرے افسوس اور ملال سے کہہ رہی تھیں اور سعود کو شدید ندامت کا احساس ہورہا تھا۔

"اس کا اللہ کس قدر رحیم تھا کہ اس کی تمام تر کوتاہیوں، بے پروائیوں کے باوجود، ناشکری اور بے صبری کے باوجود نا تو اسے معتوب ٹھہراتا تھا اور نہ ہی اس سے ناراض ہوتا تھا بلکہ جب جب وہ ذرا اس سے دور ہونے لگتا تھا وہ اسے واپس بلاتا تھا۔ وہ بے صبری اور ناشکری پر اترنے لگتا تو وہ اسے احساس دلاتا تھا۔"

اسے اپنے اللہ پر بے تحاشا پیار آرہا تھا اور دل اک عجیب سی کیفیت میں گھرتا جارہا تھا۔

"آپ بالکل ٹھیک کہہ رہی ہیں امی جان!" وہ مختصراً کہتا اپنے کمرے کی طرف بڑھا تھا، اس وقت اسے تنہائی درکار تھی جس میں وہ اپنے رب کی ان بے پناہ مہربانیوں کا دل سے شکر ادا کرسکے اور اس کے بے شمار احسانات پر سجدۂ شکر بجالاسکے۔

www.pdfbooksfree.pk



# بھیگی پلکوں پر

اقرا صغیر احمد

مدت سے تھی کسی کے ملنے کی آرزو
خواہشِ دیدار میں سب کچھ گنوا دیا
کسی نے دی خبر کہ وہ آئیں گے رات کو
اتنا کیا اُجالا کہ گھر تک جلا دیا

## گزشتہ قسط کا خلاصہ

پری کے سرد و سپاٹ چہرے کو دیکھ کر طغرل اپنے جذبات و احساسات کا اظہار کیے بغیر اسے اپنے جانے کی اطلاع دیتا ہے۔ جس پر پری ہیگانگی کا اظہار کرتی ہے۔ مسز عابدی بیٹے کی ہٹ دھرمی پر مسلسل ٹینشن کا شکار رہتی ہیں اور بیمار پڑ جاتی ہیں۔ فیاض صاحب اپنی بیٹی کے ساتھ مسز عابدی کی عیادت کی غرض سے آتے ہیں اور دادی جان کو اپنے ساتھ لاتے ہیں۔ شیری فیاض صاحب کی اپنے گھر آمد پر بہت مسرور نظر آتا ہے لیکن پری کو ناپا کر سخت کبیدہ خاطر ہو جاتا ہے۔ پری شیری کے گھر جانے کی بجائے اپنی نانو کے گھر جانا پسند کرتی ہے جہاں وہ عشرت بیگم سے اپنے ماں باپ کے درمیان آنے والی اس علیحدگی کی وجہ بھی جاننا چاہتی ہے جس کی سزا اسے مل رہی ہے۔ سعود کی صورت میں صفدر جمال ایک ایسے کرب میں مبتلا ہیں جس میں گنی بیس سال سے گرفتار تھی۔ اپنے بیٹے کی ضد اور ہٹ دھرمی انہیں اس بات کا احساس دلاتی ہے کہ اب وہ خود بھی مکافاتِ عمل کے لیے تیار ہو جائیں۔

عادلہ اپنی باتوں سے شیری کو متوجہ کرنے کی کوشش میں ناکام رہتی ہے لیکن وہ اسے مسلسل نظر انداز کرتا ہے جس پر عادلہ اپنے نظر انداز ہونے پر پری کو بددعاؤں سے نوازتی ہے۔

ماہ رخ کے خوابوں کا محل بہت جلد چکنا چور ہو جاتا ہے ساحر اس کے ساتھ بہت بڑا دھوکا کرتے ہوئے اسے حارث کرمانی کے ہاتھ فروخت کر دیتا ہے۔ یہاں اسے اپنی غلطیوں کا احساس اس وقت ہوتا ہے جب وہ اس کے ہاتھوں کا کھلونا بن جاتی ہے اور اپنی موت کی دعا مانگتی ہے لیکن موت بھی اس پر رحم نہیں کرتی اپنے ہی اعمال کے سبب وہ عرش کی بلندی سے پاتال کی تاریکیوں میں جا گرتی ہے۔

عشرت جہاں پری کو تمام حقائق سے آگاہ کرتی ہیں اور ماضی کے دھندلکوں میں گم ہو جاتی ہیں لیکن پری ان کی باتوں سے مطمئن نہیں ہو پاتی اور اپنی ماں کو ہی قصوروار گردانتی ہے۔

دادی فراز تاؤ سے بات کرتی ہیں تو انہیں ان کی خرابیٔ طبیعت کے اندیشے ستاتے ہیں جس پر پری انہیں تسلی دیتی ہے اور انہیں مطمئن کرنے کی کوشش کرتی ہے۔

پری عشرت جہاں کے ساتھ شاپنگ کی غرض سے آتی ہے تو وہاں اپنے سامنے موجود شخص کو پا کر حیران رہ جاتی ہے۔

**اب آگے پڑھئے**

❁.....☆.....❁

"ہیلو..... ہاؤ آر یو؟" شیری سینے پر ہاتھ باندھے کھڑا اس کو غور سے دیکھ رہا تھا۔ اس کے چہرے پر مسرتوں کا چراغاں تھا۔ حسبِ عادت پری کے چہرے پر ناپسندیدہ سنجیدگی ابھری تھی۔ "ڈھونڈ لیا میں نے آخر آپ کو مس پری! آپ نے تو پوری کوشش کی تھی مجھ سے چھپنے کی، کل ڈنر پر میں نے بے حد مس کیا آپ کو اور آپ میرا خیال کیے بغیر اپنی گرینی کے گھر چلی گئیں۔" وہ اس کے ساتھ چلتے ہوئے ایسے دوستانہ لہجے میں کہہ رہا تھا۔ جیسے ان کے درمیان بہت اچھی فرینڈ شپ ہو۔

www.pdfbooksfree.pk

"مجھے نانو کے ہاں آنا تھا پھر میں نے آپ سے کوئی وعدہ نہیں کیا تھا کہ میں آپ کے ہاں ڈنر پر آؤں گی اور پلیز اب آپ جائیں یہاں سے۔" وہ ترش لہجے میں گویا ہوئی تھی۔

"میں جاؤں اور آپ مجھ سے روپوش ہو جائیں؟ نو..... نو..... نو میں یہ رسک افورڈ نہیں کر سکتا اب۔" شیری بے حد ایکسائٹڈ ہو رہا تھا۔

"روپوش ہو جاؤں گی' کیا مقصد ہے آپ کا اس بات سے؟" اس نے شیری کو غصے سے گھورا۔

"پلیز..... پلیز آپ غصہ مت ہوں' میں آپ کی ناراضی برداشت نہیں کر سکتا۔" اس کے بگڑے تیور دیکھ کر وہ بوکھلا گیا تھا۔ اس کے اس طرح کھڑے ہونے سے قریب سے گزرنے والے لوگ ان کی طرف متوجہ ہونے لگے تھے۔

"پلیز پری! اس طرح کھڑی کیوں ہو گئی ہیں آپ..... لوگ دیکھ رہے ہیں کیا فیل کریں گے ہمارے بارے میں؟" اردگرد سے گزرنے والے لوگوں کی نظریں اس کے اوپر تھیں اور اکا دکا نوجوان وہاں رک کر معاملے کو جاننے کی سعی کر رہے تھے اور اس صورتِ حال سے وہ کنفیوز تھا۔

"میرے بارے میں نہیں صرف آپ کے بارے میں' آپ یہاں سے چلے جائیں ورنہ میں نے یہاں کسی کو یہ بتایا کہ آپ مجھے تنگ کر رہے ہیں پھر جو آپ کا حشر ہوگا آپ سوچ بھی نہیں سکتے' آپ کی خیریت اسی میں ہے آپ یہاں سے فوراً چلے جائیں۔" اس کا لہجہ سرد اور سپاٹ تھا' وہ کہہ کر آگے بڑھ گئی تھی' شیری کے چہرے پر اس کو دیکھ کر جو روشنیاں جل اٹھی تھیں وہ کسی موم بتی کی مانند بجھ گئی تھیں جن کا دھواں اس کے چہرے پر پھیلنے لگا تھا لیکن دل کسی ضدی بچے کی مانند بے قرار ہو کر مچل رہا تھا' وہ بے اختیار انداز میں اس کی طرف بڑھا اور وہ جو ابھی اس کے سامنے ہی بوتیک کی طرف بڑھی تھی اب وہ وہاں نہیں تھی۔ اس نے تمام بوتیکس دیکھ ڈالیں' شاپس کے اندر دیکھتا پھرا مگر وہ ایسے غائب ہوئی گویا وہاں آئی ہی نہ تھی۔ سیکنڈ فلور سے وہ تھرڈ فلور پر تیزی سے بڑھا تھا' وہ کراکری شاپ پر دو بھاری بھر کم خواتین کی اوٹ میں بیٹھی تھی' پری نے اسے ایکسلیٹر سے اوپر جاتے دیکھ کر سکون کا سانس لیا اور نانو کی طرف متوجہ ہوئی جو سیلز مین سے سامان کار میں رکھوانے کا کہہ رہی تھیں۔

"چلو اب تمہاری شاپنگ ہو جائے پری! یہاں بوتیک پر اعلیٰ معیار کے ڈریسز ہوتے ہیں۔" ملازم ان کا خریدا ہوا سامان کار میں رکھنے کے لیے گیا تو وہ اس سے مخاطب ہوئی تھیں۔

"سوری نانو! مجھے کچھ نہیں خریدنا آپ گھر چلیں اب۔"

"یہ کیا بات ہوئی بیٹا! کبھی کبھی تو ایسا موقع ملتا ہے پھر لڑکیوں کو کریز ہوتا ہے شاپنگ کا آپ نے ابھی کچھ لیا ہی نہیں ہے اور مجھے بھی شاپنگ کرنی ہے ابھی۔" نانو حیرانی سے اس سے مخاطب ہوئی تھیں۔

"میرے سر میں درد ہو رہا ہے نانو! میں اب مزید یہاں رک نہیں پاؤں گی۔" اس نے کچھ ایسے لہجے میں کہا کہ نانو نے فوراً ہی فکرمند ہو کر واپسی کے لیے قدم بڑھاتے ہوئے اس سے کہا۔

"ہم سیدھے اسپتال چلتے ہیں۔"

"ارے نہیں نانو جان! معمولی سا درد ہے کچھ دیر آرام کروں گی تو ٹھیک ہو جاؤں گی' ڈاکٹر کے پاس جانے کی ضرورت نہیں ہے۔" وہ شیری کے تھرڈ فلور سے نیچے آنے سے قبل یہاں سے نکل جانا چاہ رہی تھی اور ایسا ہی ہوا نانو نے حسبِ عادت اس کی بات مانتے ہوئے باقی شاپنگ کا ارادہ ملتوی کیا اور اس کے ساتھ واپسی کے لیے چل پڑیں۔ پری نے گیٹ سے نکلتے ہوئے نانو سے نگاہ بچا کر پیچھے دیکھا تھا۔ شیری نیچے نہیں آیا تھا ابھی' وہ گہرا سانس لے کر کار کی طرف بڑھ گئی جہاں ڈرائیور ان کا منتظر تھا۔



"کیا چاہتا ہے شیری..... کیوں میرے پیچھے پڑ گیا ہے وہ؟ مجھے رسوا کرنے میں کیا کسر چھوڑی ہے اس نے' میری فوٹوز اتار کر کمی کی نگاہوں میں مجرم بنا دیا اور اب بھی نامعلوم کس قسم کی دیوانگی میں مبتلا ہے اور ساتھ میں مجھے بھی پاگل کرنے کے ارادے لگ رہے ہیں۔" کار سبک انداز میں رواں دواں تھی وہ سیٹ کی بیک سے ٹیک لگائے آنکھیں بند کیے شیری کے بارے میں سوچ رہی تھیں' جس کے انداز میں ایسی کوئی انہونی سی بات تھی' ایک عجیب سا احساس تھا جس نے اس کی حساس طبیعت کو کسی انجانے سے خوف میں مبتلا کر دیا تھا۔

"سر میں درد زیادہ ہے پری! ضد مت کرو' ڈاکٹر سے چیک اپ ضروری ہے' معمولی سے درد کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے۔" عشرت جہاں اس کے سفید چہرے کو دیکھتے ہوئے کہہ رہی تھیں۔

"ڈاکٹر کے ہاں جانے کی کیا ضرورت ہے نانو؟ میں ٹھیک ہوں ریئلی نانو! مجھے انجکشن سے بے حد ڈر لگتا ہے اور ڈاکٹر کی میڈیسن سوئی چبھونے کے بنا تو کبھی کمپلیٹ نہیں ہوتی ہے۔" اس نے آنکھیں کھول کر مسکراتے ہوئے کہا تو عشرت جہاں نے ہنستے ہوئے اسے سینے سے لگاتے ہوئے کہا۔

"اوہ مائی بے بی! یہ ڈر آپ کے بچپن سے دل میں بیٹھ گیا ہے۔"

پورے شاپنگ سینٹر کے اس نے ایک نہیں کئی چکر لگائے تھے دیوانوں کی طرح ہر چہرے کو کھوجا تھا' مگر گوہرِ مقصود ہاتھ نہ آیا تھا وہ بڑے ٹوٹے دل سے وہاں سے نکلا اور کار گویا ہواؤں کے دوش پر پرواز کر رہی تھی۔ اس کے اندر آگ بھڑکی ہوئی تھی' ہر سمت دھواں ہی دھواں دکھائی دے رہا تھا۔ پری کے سخت رویے نے اس کو مضطرب کر دیا تھا۔

نفرت کا دھواں..... بے مروتی کا دھواں..... بے حسی کا دھواں..... نامعلوم کس طرح وہ گھر پہنچا تھا' چوکیدار نے دور ہی سے اس کی فاسٹ ڈرائیونگ دیکھ کر گیٹ وا کر دیا تھا۔ کار سے نکل کر اس نے لات مار کر ڈور بند کیا اور دھپ دھپ کرتا ہوا آگے بڑھ گیا تمام ملازم سہم کر ادھر اُدھر ہو گئے تھے' اس وقت مسٹر اینڈ مسز عابدی گھر سے باہر تھے' وہ سیدھا اپنے کمرے میں آیا اور جوتوں سمیت بیڈ پر لیٹ گیا۔

"کیوں کرتی ہو تم' میرے ساتھ اس قدر زیادتی؟ پری..... پری..... آئی لو یو سو مچ..... آئی لو یو! بہت محبت کرتا ہوں میں تم سے اور تم؟ سمجھتی نہیں ہو..... ہر بار میری تذلیل کرتی ہو۔" وہ بیڈ پر اوندھا لیٹا زور زور سے بڑبڑا رہا تھا اور بڑبڑاتے ہوئے اس کی آواز رندھ گئی وہ خوب صورت خدوخال اور وجیہہ صورت شہریار جو اپنے آگے کسی کو خاطر میں نہ لاتا تھا۔ جس سے بات کرنے کے لیے ماں' باپ کو بھی اپنا لہجہ نرم رکھنا پڑتا تھا۔ وہ اکھڑ مزاج اور بے پروا شخص بچوں کی طرح پھوٹ پھوٹ کر رونے لگا' بند کمرے میں اس کی بھاری آواز گونجنے لگی۔

"میں نے تم سے محبت کی ہے' میں نے یعنی شہریار عابدی نے اور بدلے میں تم کو بھی مجھ سے محبت کرنی پڑے گی ہاں! تم کو مجھ سے محبت کرنی ہوگی' میں سکھاؤں گا تم کو محبت کرنا' تمہیں میری زندگی میں میری بن کر آنا ہوگا' آنا ہوگا۔ یہ میرا اپنے آپ سے وعدہ ہے۔" وہ روتے ہوئے بڑبڑا رہا تھا۔

☆

چوتھے دن کا سورج نکلا مگر اس اندھیری سیلن زدہ کوٹھری کی دبیز دیواروں کے اندر اس کی روشن کرنیں نہ پہنچ سکی تھیں۔ بھوک' پیاس اور صدموں نے مل کر اس کو قریب المرگ کر دیا تھا۔ وہ نیم بے ہوش تھی' نقاہت کے مارے ہلنے جلنے کی بھی سکت نہ رہی تھی معاً کوٹھری کے آہنی گیٹ کی آواز آئی تھی اور کوئی اندر آیا تھا۔ ایک مانوس سی مہک اردگرد پھیل گئی تھی۔ اس کے بے دم ہوتے احساسات میں ہل چل سی پیدا ہونے لگی۔

"رُخ..... رُخ!" یہ ساحر کی آواز تھی۔

www.pdfbooksfree.pk

ماہ رخ نے ایسے تڑپ کر آنکھیں کھولی تھیں گویا اس کے جسم سے پرواز کرتی روح پوری قوت سے دوبارہ بدن میں حلول کر گئی ہو۔ نیم مردہ جسم میں ایک برق سی بھری تھی اور وہ اٹھ کر بیٹھی اور بڑے جنونی انداز میں اس نے ایک ہاتھ سے ساحر کا گریبان پکڑا اور دوسرے ہاتھ سے اس کے چہرے کو لہولہان کر دیا' یہ سب لمحوں میں ہوا تھا۔ ساحر اور اس کے قریب کھڑی حبشی ملازمہ کے وہم و گمان میں بھی نہ تھا کہ بھوک پیاس سے نڈھال اس کمزور سی لڑکی میں اتنی طاقت آ جائے گی؟ پہلے تو وہ اپنا بچاؤ نہ کر پایا لمحوں میں ہی ماہ رخ نے اس کا حلیہ بگاڑ دیا تھا۔

"میں تجھے جان سے مار دوں گی کمینے! تُو نے میری زندگی برباد کر دی' مجھے دھوکہ دیا..... بیچ دیا مجھے یہاں لا کر....."

ساحر تو اس تابڑ توڑ حملوں سے ایسا بوکھلایا کہ اپنا دفاع نہیں کر سکا۔ ساحر کے چہرے پر خون بہتا دیکھ کر ملازمہ نے آگے بڑھ کر بپھری ہوئی ماہ رخ کو دھکا دے کر اس سے دور کیا ملازمہ کے زوردار دھکے نے ماہ رخ کو سنبھلنے کا موقع نہیں دیا وہ بے ہوش ہو کر گری تھی۔ ساحر نے رومال سے چہرہ صاف کرتے ہوئے حقارت آمیز نگاہ سے زمین پر پڑی بے ہوش ماہ رخ کو دیکھا اور کوٹھری سے باہر نکل آیا' چہرے اور گردن پر جہاں جہاں ماہ رخ کے ناخن لگے تھے وہاں سخت جلن و تکلیف ہو رہی تھی۔ حارث کرمانی کے ملازم نے اس کو فرسٹ ایڈ دی تھی۔

"آپ ابھی ریسٹ کریں' تھوڑی دیر بعد آپ ریلیکس ہو جائیں گے۔" ملازم فرسٹ ایڈ بکس اٹھا کر بولا۔

"شکریہ! آپ کا۔" وہ مسکرا کر گویا ہوا۔

"ویلکم جناب! آپ مہمان ہیں' آپ کا خیال رکھنا ہماری ڈیوٹی ہے' آپ سے سیر کچھ دیر بعد میٹنگ کریں گے تب تک آپ آرام کریں۔" ملازم چلا گیا' ساحر بھی آرام کرنے لگا اس وقت اس کا چہرہ ہر قسم کے احساسات سے عاری تھا' وہ آنکھیں بند کر کے لیٹا تو اے سی کی ٹھنڈک اور پُرسکون ماحول نے اسے نیند کی وادیوں میں پہنچا دیا تھا' اسے ابھی سوئے زیادہ دیر نہیں گزری تھی۔ ملازم نے آ کر اسے اطلاع دی تھی کہ شیخ حارث کرمانی نے اسے بلایا ہے وہ ملازم کے ہمراہ شیخ حارث کے عالی شان لیونگ روم میں داخل ہوا تو وہ صوفے پر بڑے کروفر سے گردن اکڑائے بیٹھا تھا۔

"آؤ ساحر! بیٹھو۔" وہ مہنگے ترین سگار کا کش لیتا ہوا ساحر سے گویا ہوا۔ ساحر مؤدب انداز میں دوسرے صوفے پر بیٹھا تھا۔

"ہوں' تمہارا چہرہ اس نے خاصا بگاڑ دیا ہے۔" وہ اس کے چہرے پر زخموں کے سرخ سرخ نشانات دیکھ کر بولا۔

"جی حارث کرمانی! مجھے احساس نہ تھا تین دن کی بھوک و پیاس سے نڈھال ہونے کے باوجود وہ زخمی شیرنی کی طرح مجھ پر حملہ کر دے گی۔ سچ بتاؤں کہ میں اس کے خونخوار انداز سے اس قدر خوف زدہ ہوا کہ اپنا دفاع ہی نہ کر پایا۔" ساحر نے خفت سے مسکراتے ہوئے مؤدب لہجے میں جواب دیا۔

"عورت تو ایک ایسی پہیلی ہے جس کو کوئی بوجھ ہی نہیں سکتا' کب کیا کر گزرے کوئی جان نہیں سکتا' اس کی فطرت کو اپنے باطن میں ان گنت اسرار پوشیدہ رکھے بہت پُراسرار ہستی ہے۔" گہرا کش لیتے ہوئے حارث نے کہا تھا۔

"جی حارث صاحب! درست کہہ رہے ہیں آپ۔"

"فی الحال مجھے ابھی میٹنگ میں جانا ہے' تم کو بلانے کا مقصد یہ ہے اس لڑکی کو سمجھاؤ' اس کو میری خواہشات پر چلنا ہوگا۔ راج کرے گی وہ یہاں اور اگر میری باتوں سے انحراف کرے گی تو اسی صحرا کے کسی گوشے میں زندہ دفن کر دی جائے گی۔"

☆

"عادلہ! تم بزی تو نہیں ہو؟" عائزہ نے بہت خوش گوار لہجے میں اس سے دریافت کیا تھا جو چیئر پر اداس سی بیٹھی تھی۔

"کوئی خاص مصروفیت تو نہیں ہے مگر تم کیوں پوچھ رہی ہو؟"

"پھر میرے ساتھ چلو آج تم۔" وہ اس کے قریب بیٹھ گئی۔



"کہاں چلوں بھئی؟" عادلہ کے لہجے میں خود بخود بے زاری امڈ آئی۔

"اوہ! جیسے تم جانتی نہیں ہو میں کہاں جا سکتی ہوں؟" عادلہ کی طرف دیکھ کر وہ بھی طنزیہ لہجے میں گویا ہوئی۔

"میں نے تم کو منع کیا تھا میں نہ وہاں جاؤں گی اور نہ تم کو جانے دوں گی یاد آیا تم کو؟"

"اوہ! بھرم دے رہی ہو؟ جیسے میں ڈر جاؤں گی تم سے۔" عائزہ استہزائیہ انداز میں اس کو گھورتے ہوئے گویا ہوئی۔

"پہلے وہ طغرل راہ کا پتھر بنا ہوا تھا اور اب تم اس کی جگہ لو گی..... ہونہہ' یہ تمہارے لیے ممکن نہیں ہے۔"

"تمہارے لیے راستہ کلیئر ہے تو جاؤ' پھر میرا دماغ کیوں خراب کر رہی ہو۔" عادلہ نے بے پروائی سے کہا۔

"عادلہ پلیز میرا موڈ آف مت کرو' راحیل سے ملے ایک عرصہ گزرا گیا ہے' وہ بار بار کال کر رہا تھا' وہ مجھ سے ملنا چاہتا تھا اور میں بہت کوشش کے باوجود بھی اس سے ملنے نہ جا سکی' اس نے ناراض ہو کر مجھ سے بات کرنا ہی چھوڑ دی اب نہ اس کی کال آتی ہے اور نہ ہی میسج یہ اس کی ناراضگی کی انتہا ہے۔" وہ اس کی طرف دیکھ کر منت بھرے لہجے میں گویا ہوئی تھی۔

"چلو اچھا ہے اس طرح تمہاری اس سے جان چھوٹ گئی' ویسے بھی اس میں ایسی کوئی اسپیشلیٹی نہیں ہے جو اس سے دوری کا افسوس کیا جائے وہ بہت بدکردار اور بددماغ شخص ہے۔"

"شٹ اپ عادلہ! اگر میں تم سے نرمی سے بات کر رہی ہوں تو اس کا یہ مطلب نہیں کہ تم جو منہ میں آئے وہ بکتی چلی جاؤ۔" عائزہ نے تلملا کر کہا۔

"عائزہ! ہوش میں آؤ' تمہاری منگنی ہو چکی ہے اور مما کی کوشش ہے وہ جلد از جلد تمہاری شادی سے فارغ ہو جائیں اور ایک تم ہو جو ابھی تک راحیل جیسے فلرٹ سے توقعات وابستہ کر کے بیٹھی ہو۔" عادلہ بے حد نرمی سے اسے سمجھانے کی سعی میں مصروف تھی۔

"میں نے تم سے کوئی ایڈوائز نہیں مانگی ہے اور نہ ہی تم دادی جان کی طرح نصیحتیں کرتی اچھی لگ رہی ہو۔"

"پھر مجھ سے یہ توقع بھی مت کرو میں تمہارے ساتھ جاؤں گی۔" عادلہ نے اس کی ہٹ دھرمی دیکھ کر اٹل لہجے میں کہا۔

"تو مت جاؤ' میں تمہارے آگے ہاتھ بھی نہیں جوڑوں گی' ہونہہ! بڑی پارسا سمجھ رہی ہو خود کو۔ پہلے طغرل کو الو بنانے کی کوشش کرتی رہیں اس نے منہ نہیں لگایا تو اب شیری کے لیے جال بچھا رہی ہو' یاد ہے تم کو؟"

"یہ سب میں ممی کے کہنے پر کرتی ہوں' ممی گائیڈ کرتی ہیں مجھے' تمہاری طرح میں چھپ کر نہیں کرتی کچھ بھی۔" عادلہ نے مسکرا کر اطمینان سے جتایا۔

"یہاں ہی تو ممی کا دوغلا پن مجھے ہرٹ کرنے لگتا ہے وہ تم کو کچھ نہیں کہتی ہیں بلکہ مدد کرتی ہیں اور پھر بھی کامیاب نہیں ہوتی ہیں۔" اس نے گہرے طنزیہ لہجے میں کہا۔

☆

بدلتے موسم کی خوش گوار شام تھی۔ کچھ دیر قبل تیز بارش ہلکی پھلکی پھوار میں بدل گئی تھی۔ گلابی شام سیاہ بادلوں کی اوٹ میں گم ہو چکی تھی۔ خوش گوار ہوا کے جھونکے پھولوں کی مہک سے بوجھل دل کو ایک گونہ سکون عطا کر رہے تھے۔ وہ چائے کا بھاپ اڑاتا کپ تھامے کھڑکی سے نیچے لان میں دیکھ رہی تھی معاً اس کی سماعتوں میں بھاری سحر انگیز آواز گونجی تھی۔

"پارس! تم یہاں بیٹھی ہو اور باہر اتنی زبردست بارش ہو رہی ہے' بہت اچھا لگ رہا ہے۔" وہ اس کے پاس آ کر بولا۔

"مجھے بارش اچھی نہیں لگتی۔"

"کیا کہا تم نے؟ ذرا دوبارہ کہنا؟" وہ حیرت سے اچھل پڑا تھا۔

"میں نے کہا مجھے بارش اچھی نہیں لگتی' یہ کوئی ایسی انوکھی بات تو نہیں ہے جو آپ کی حالت ایسی ہو گئی ہے گویا ابھی آپ

www.pdfbooksfree.pk

حیرت سے فوت ہوجائیں گے طغرل بھائی!" طغرل کو پاکستان آئے چند دن ہوئے تھے اور آتے ہی اس نے اسے تنگ کرنا شروع کردیا تھا اور دوسرے اسے اپنے کمرہ بدر ہونے کا گہرا دکھ لگا تھا اس لیے طغرل کو اس نے کرارا سا جواب دیا تھا۔

"میں تمہاری کسی بھی اسٹوپڈ بات کو مائنڈ نہیں کروں گا کیونکہ میں جانتا ہوں تمہاری اپر اسٹوری آلویز کلین رہتی ہے۔" کہتے ہوئے اس نے آگے بڑھ کر اس کا بازو پکڑا اور زبردستی باہر لے جانے لگا مگر پری کی تمام مزاحمت بے کار ہی رہی تھی۔

"چھوڑیں مجھے طغرل بھائی!" وہ غصے سے چیخی تھی۔

"لان میں سب بارش انجوائے کررہے ہیں اور تم بلاوجہ غم کی تصویر بنی کمرے میں قید ہو۔" وہ مزے سے کہتا ہوا اسے لان کی طرف لے کر جارہا تھا۔

"آپ کون ہوتے ہیں مجھ پر اپنی مرضی مسلط کرنے والے؟" اس کی گرفت میں خود کو بے دست و پا محسوس کرکے وہ جھنجلائی۔

"تمہارا خیر خواہ! کبھی بارش میں تنہا ہوگی تو معلوم ہوگا تم کو میں کون ہوں؟" ہوا کا تیز جھونکا تیز پھوار کے کئی قطرے اس کے چہرے پر اچھال گیا اور وہ چونک کر سوچوں سے حال میں آئی تھی۔

"اوہ! یہ کیا ہوا آج طغرل بھائی کی یاد کس طرح میرے دل میں جاگی..... کیوں یاد آئے وہ اور میں اس وقت کیوں خود کو تنہا اور اداس محسوس کررہی ہوں.....؟" وہ حیران تھی طغرل کی یاد کیوں آئی تھی؟ چند لمحے وہ خود سے پوچھتی رہی مگر جواب ندارد اس نے ہاتھ میں پکڑا چائے کا مگ آگے بڑھ کر ٹیبل پر رکھا جو ہوا سے ٹھنڈا ہوچکا تھا ذہن پر عجیب سی کسلمندی طاری ہوگئی تھی۔ اس کیفیت کو وہ سمجھ ہی نہ سکی تھی۔ معاً دروازہ ناک کرکے ملازمہ اندر آئی جس کے ہاتھ میں موبائل تھا۔

"آپ کی کال آرہی ہے۔" اس نے موبائل پری کی طرف بڑھایا جو وہ نانو سے باتوں کے دوران ان کے روم میں بھول آئی تھی۔

"شکریہ۔" پری نے موبائل لیتے ہوئے کہا۔ اسکرین پر نمبر زد دیکھ کر وہ بے ساختہ بڑبڑائی تھی۔

"نام لیا اور شیطان حاضر۔" اس نے کال ریسیو کی اور دوسری طرف سے اس کے سلام کے جواب میں پوچھا گیا۔

"پارس! کہاں ہو تم؟" لہجہ بے حد سنجیدہ تھا۔

"نانو کے ساتھ ہوں۔"

"کیا مقصد ہے اس کا نانو کے ساتھ ہوں؟" اس کے سنجیدہ لہجے میں خفگی بھی شامل ہوگئی تھی۔

"کیا مطلب ہے آپ کا طغرل بھائی! میں نانو کے گھر آئی ہوں۔"

"پورے دو بیک اینڈ سے میں سن رہا ہوں تم کس کی اجازت سے یہاں آئی ہو؟ اور آ کر یہاں بیٹھ گئی ہو۔"

"دادی جان کی اجازت سے یہاں آئی ہوں میں۔"

"تم کو دادی کا خیال نہیں ہے؟ وہ اکیلی محسوس کررہی ہوں گی ان کی طبیعت بھی نارمل نہیں رہتی ہے تم کو سب معلوم ہے پھر بھی تم وہاں چیونگم کی طرح چپک کر رہ گئی ہو۔" وہ بڑے استحقاق بھرے لہجے میں رعب جھاڑ رہا تھا۔

"دادی کے پاس ممی اور پاپا کے علاوہ عادلہ اور عائزہ بھی موجود ہیں دادی سب کی موجودگی میں تنہائی کیوں محسوس کریں گی۔" پری بھی غصے سے گویا ہوئی تھی۔

"تم اچھی طرح جانتی ہو دادی تمہاری جگہ کسی کو نہیں دیتی ہیں اور شاید وہ لوگ ڈیزرو بھی نہیں کرتیں یہ سب کہ تمہاری



جگہ ان کو دی جائے۔" اس کے لہجے میں کچھ نرمی در آئی تھی جب کہ پری بے اعتنائی سے بولی۔

"یہ دادی کی مرضی ہے اور میں ان کے معاملے میں مداخلت نہیں کرتی اور نہ ہی یہ پسند کرتی ہوں کہ کوئی میری زندگی میں خوامخواہ دخل اندازی کرنے کی کوشش کرے۔"

"رئیلی! تم خود کسی کی زندگی میں دخل اندازی کرو اور کسی کی لائف کو اتنا بے رنگ کردو کہ زندگی پھر زندگی نہ لگے۔" اس کا بھاری لہجہ ایک آنچ سی دینے لگا تھا۔

"کیا کہہ رہے ہیں آپ؟ سمجھ نہیں آرہی ہے مجھے۔" طغرل کا مدھم لہجہ اس کی سماعتوں سے ٹکرایا تھا پہلی بار اس کے دل کی دھڑکنیں عجیب انداز میں بے ترتیب ہوئیں اور لہجہ لرزاں ہوا تھا وہ بے اختیار بیڈ پر بیٹھ گئی تھی۔

"آئی مس یو پارس! مجھے یہاں کچھ بھی اچھا نہیں لگ رہا ہے کیا تم کو میری یاد آرہی ہے؟" اس کے بوجھل انداز میں ایک میٹھا میٹھا درد تھا کچھ شوخی بھی۔

"مجھے آواز نہیں آرہی ہے آپ کی۔" وہ انجانے احساسات کا شکار ہوئی۔ اس کو جذباتی دیکھ کر پری نے جھوٹ بولا۔

"اوہ! آواز نہیں آرہی یا تم سننا نہیں چاہتی؟ خیر یہ باتیں جلد از جلد سننا شروع کردو تو تمہارے لیے بہتر ہے بلکہ میرے لیے تو بے حد اچھا ہے اب تم فوراً یہاں سے دادو کے پاس جانے کی تیاری کرو او کے ٹیک کیئر۔" اس کے سنجیدہ لہجے میں ایک دم ہی شوخی در آئی تھی۔ پری نے موبائل بیڈ پر رکھا اور پھر کتنی دیر تک گم صم انداز میں وہ دل کی بے ترتیب دھڑکنوں کو سنتی رہی تھی۔

"اوہ! آج یہ دل کی دھڑکنیں اتنی بے ترتیب کیوں ہورہی ہیں؟ کیا ہوا ہے یہ اپنے آپ پر چھائی اداسی کا تنہائی کا دکھ مجھے کیوں طغرل بھائی کے لہجے میں محسوس ہوا ہے؟"

☆

"ارے آپ؟" عادلہ کو اپنی آنکھوں پر یقین نہیں آرہا تھا۔

"ارے آپ اس قدر حیران کیوں ہورہی ہیں؟" شہریار عادلہ کو از حد حیران دیکھ کر شوخی سے گویا ہوا تھا۔

"اوہ سوری! آیئے آیئے پلیز۔" عادلہ کہتی ہوئی لیونگ روم کی طرف بڑھی اور دروازہ کھول کر اسے اندر آنے کا کہا۔

"بائی دا وے میں یہاں دادی جان سے ملنے آیا ہوں ملاقات ہوسکتی ہے ان سے؟ میرا مطلب ہے وہ گھر پر موجود ہیں؟" وہ بیٹھا نہیں تھا کھڑے کھڑے اس نے مدعا بیان کیا۔

"جی میں نے یہ کب کہا کہ آپ مجھ سے ملنے آئے ہیں آپ تشریف تو رکھیں دادی سے بھی آپ کی ملاقات ہوجائے گی۔" اس نے لفظ جما کر مسکراتے ہوئے کہا تو وہ بھی مسکراتے ہوئے بیٹھ کر گویا ہوا۔

"شاید آپ مائنڈ کرگئی ہیں میرا ایسا کوئی ارادہ نہ تھا۔"

"خیر چھوڑیں میرے مائنڈ کرنے نہ کرنے سے آپ کو کوئی فرق نہیں پڑتا ہے یہ بتائیں کیا لیں گے آپ؟" عادلہ کے لہجے میں شکایت در آئی تھی جس کا شیری پر کوئی اثر نہ ہوا تھا وہ ڈھٹائی سے مسکراتے ہوئے بولا۔

"جو دادی جان پئیں گی میں بھی وہی پیوں گا۔ آنٹی کیا مصروف ہیں؟ انکل تو ڈیڈ کے ساتھ آفس میں ہیں۔"

"ممی گھر پر نہیں ہیں وہ عائزہ کے ساتھ آنٹی کے ہاں گئی ہیں اگر آپ انفارم کردیتے آنے کا تو ممی بالکل نہیں جاتیں۔" وہ اس کے سامنے والے صوفے پر بیٹھتے ہوئے گویا ہوئی۔

"بہت نائس لیڈی ہیں صباحت آنٹی! میری وجہ سے ان کا پروگرام برباد ہو یہ مجھے کبھی پسند نہیں ہوتا۔ اب تو دادی جان سے ملنے آتا رہا کروں گا پھر آنٹی سے بھی ملاقات ہوتی رہے گی۔" اس نے پُراعتماد انداز میں آئندہ کا لائحہ عمل بھی

www.pdfbooksfree.pk

بتادیا تھا۔

"ہاں کیوں نہیں۔" عادلہ جبراً مسکرائی تھی۔ اس کے اندر حسد و نفرت کی سرد آگ مزید بھڑک اٹھی تھی۔ وہ جانتی تھی اس کی آمد کی وجہ دادی جان کی ذات ہرگز نہیں ہے وہ پری کی طلب میں یہاں کھنچا کھنچا آرہا ہے۔

"دادی جان مصروف ہیں کیا اس وقت؟"

"بہت بے قرار ہو رہے ہیں دادی جان سے ملنے کے لیے؟ بہت محبت ہوگئی ہے ان سے آپ کو۔" وہ ذومعنی لہجے میں بولی۔

"ہوں کچھ ایسا ہی معاملہ ہے محبت ہوگئی ہے مجھے۔" اس نے مسکراتے ہوئے کہا اور اس کی آنکھوں میں پری کا عکس تھا۔

"کس سے.....؟"

"بتایا تو ہے ابھی دادی جان سے۔" وہ پکڑ میں آنے والا نہ تھا۔

"دراصل عصر سے مغرب تک دادی جان عبادت کرتی ہیں اس دوران وہ کسی سے ملنا پسند نہیں کرتی۔ اب وہ مغرب کی نماز سے فارغ ہونے والی ہیں میں آپ کو ان کے روم میں لے جاؤں گی تب تک آپ کولڈ ڈرنک پئیں۔" وہ کہہ کر وہاں سے نکل آئی تھی تاکہ ملازمہ سے کہہ کر کولڈ ڈرنک منگوائے اور اس کے جاتے ہی شیری پری سے کچھ دیر قبل ہونے والی ملاقات کے تصور میں گم ہوگیا۔

❁.....☆.....❁

"آپی! کیا معیار بن گیا ہے اس دور میں ہم لوگوں کا؟ مضبوط بینک بیلنس، کوٹھی، بنگلے اور اچھا کاروبار دیکھتے ہیں اپنی بیٹیوں کے لیے، عمدہ اخلاق، اعلیٰ خاندان اور اچھا کردار ہو لڑکے کا یہ ہماری خصوصیات میں سے خارج ہوگیا ہے۔" صباحت کی چھوٹی بہن زینب نے ان کی خواہشات سننے کے بعد افسوس بھرے لہجے میں کہا تھا۔

"تم بھی زینب! بہت ہی عجیب باتیں کرتی ہو خوش رہنے کے لیے سب سے زیادہ اہم ہے روپیہ! اب تم خود کو ہی دیکھ لو نا، تمہارے پاس دولت ہے یہ بڑا بنگلہ ہے، سراج کا اپنا بزنس ہے، نوکروں کی فوج ہے جو چاہتی ہو وہ ملتا ہے تمہیں۔" صباحت جیسی مادیت پسند عورت کو چھوٹی بہن کے خیالات اور سوچ سے اختلاف ہوا، وہ تڑخ کر بولیں۔

"پاپا اور مما کا فیصلہ غلط تھا؟ کیا سراج کے علاوہ کوئی اور تم کو اس قدر پُرآسائش زندگی دے سکتا تھا؟ زینب! میری بھی یہی خواہش ہے میری بیٹیاں بھی اس طرح عیش بھری زندگی گزاریں، اپنے وقت کو بے فکری سے گزاریں، جس طرح تم گزارتی ہو!"

"جس طرح میں گزارتی ہوں.....؟" ایک دکھ بھری مسکراہٹ سے اس نے صباحت کی طرف دیکھتے ہوئے کہا تھا۔

"ہر چمکتی چیز سونا نہیں ہوتی ہے آپی۔"

"یہ تو نگاہ نگاہ کی بات ہے سونا اور پیتل پرکھنا خوب آتا ہے مجھ کو اب دیکھو کس طرح سے بھابی صاحبہ کو شیشے میں اتارا کہ وہ نا چاہتے ہوئے بھی فاخر کو عائزہ سے منسوب کر بیٹھی ہیں۔"

"فاخر! ماشاء اللہ بے حد پُرخلوص اور کلچرڈ ہے عائزہ کو بے حد خوش رکھے گا۔" بھتیجے سے وہ بے حد محبت کرتی تھیں۔

"ارے شہریار بھی بے حد مہذب اور پیار کرنے والا لڑکا ہے بلکہ فاخر سے زیادہ دولت مند ہے وہ، تم دیکھنا عنقریب عادلہ کے بھی نصیب کھلنے والے ہیں۔"

"چلیں آپی! اچھا ہے عادلہ اور عائزہ جلد اپنی گھروں کی ہو جائیں تو آپ پر صرف پری کی ذمہ داری رہے گی۔"

"پری کی ذمہ داری اٹھانی ہے میری جوتی۔" وہ بُری طرح تپ کر گویا ہوئیں۔

"آپ اس کو اب تک قبول نہیں کر سکی ہیں آپی؟"



"وہ میری سوتن کی بیٹی ہے۔"

"وہ فیاض بھائی کی بھی تو بیٹی ہے۔"

"یہی بات مجھے آج تک برداشت نہیں ہوتی، اس لڑکی کو دیکھ کر مجھے یاد آتا ہے فیاض کا تعلق ایک دوسری عورت سے بھی رہا ہے، میری تقدیر میں اس بدذات ثنیٰ کی اترن لکھی تھی۔"

"افوہ! اس نیگیٹویٹی سے پیچھا چھڑا لیں آپی! کچھ نہیں رکھا ان باتوں میں پھر فیاض بھائی کا تعلق ثنیٰ سے جائز تھا، ناجائز نہیں۔ نکاح کے بندھن میں بندھے تھے وہ ایک عالم کے سامنے شادی ہوئی تھی ان کی، پری کی پیدائش پر کتنی خوشیاں منائی گئی تھیں۔"

"توبہ بھئی! کیسی درد بھری باتیں یاد دلا رہی ہو زینب! کیسے خون کے آنسو روتی تھی میں ان کو خوش دیکھ کر، خیر دفع کرو تم تو اجنبی دیس میں رہ کر خود بھی اجنبی بن گئی ہو عائزہ اور عادلہ کو لے کر نہیں آئی تو اچھا ہی ہوا، تمہاری باتیں سن کر کیا سوچتیں دونوں؟"

❁.....☆.....❁

عائزہ راحیل کے ساتھ اس کے گھر پر موجود تھی راحیل بگڑے موڈ سے بیٹھا تھا۔ عائزہ اسے منانے کے لیے ہر حربہ استعمال کر کے نڈھال ہوگئی تھی۔

"پلیز راحیل! اب ناراضگی دور بھی کرو، میں نے کان پکڑ کر معافی مانگ لی ہے پھر بھی تم مجھے معاف کرنے کو تیار نہیں ہو۔"

"اتنے دنوں بعد آئی ہو تمہیں احساس نہیں تھا میرا؟"

"احساس تھا مجھے سب جانتی تھی میں لیکن کیا کروں بہت مجبور تھی آنے کا چانس ہی نہیں بن رہا تھا۔ جانو! تم یہاں بے قرار ہو رہے تھے تو میں بھی تو تم سے ملے بغیر بن جل کی مچھلی کی مانند تڑپ رہی تھی۔" اس نے لگاوٹ بھرے انداز میں اس کے شانے پر سر ٹکاتے ہوئے کہا۔ راحیل اس کے اس انداز پر مسکرا کر گویا ہوا۔

"ہوں اگر اسی طرح مناتی رہیں تو میں مان جاؤں گا۔" اس نے عائزہ کو قریب کرتے ہوئے جذباتی لہجے میں کہا۔

"زیادہ فری ہونے کی ضرورت نہیں ہے اپنی حد میں رہو۔" وہ مسکراتی ہوئی اس کی گرفت سے نکلی اور دور ہو کر بیٹھ گئی۔

"یہ فاؤل ہے جان! میں تمہاری قربت کے لیے ترس رہا ہوں اور تم میری پروا ہی نہیں کر رہی ہو، یہ کیسی محبت ہے۔"

"تم میری مجبوری سمجھنے کی سعی تو کرو راحیل! جو تم چاہتے ہو وہ ابھی ممکن نہیں ہے، تمہیں انتظار کرنا پڑے گا اس وقت تک جب تک ہماری شادی نہیں ہو جاتی ہے۔" وہ اٹل انداز میں بولی۔

"ہو جائے گی شادی بھی، تم میرا موڈ آف نہ کرو اس دور میں سب چلتا ہے، ویسے بھی یہ شادی وادی سب پرانی رسمیں ہیں۔ بلاوجہ پیسہ اور وقت ضائع کرنے کے مترادف ہے یہ سب۔" اس کے انداز میں ذرا بھی شرمندگی نہیں تھی بلکہ وہ بڑے جارحانہ انداز میں عائزہ کی طرف دیکھتے ہوئے کہہ رہا تھا۔

"پلیز راحیل! میں اپنے باپ کی عزت کو مٹی میں نہیں ملا سکتی، تم مجھے مجبور مت کرو، میں تمہاری یہ خواہش پوری نہیں کروں گی۔"

"تم مجھ سے ملنے آتی ہو جب تم کو باپ کی عزت کا خیال نہیں آتا؟ ایک ٹائم سے میرے ساتھ گلچھرے اڑا رہی ہو، تم تو گھر بھی چھوڑ کر آگئی تھیں وہ تو بیڑہ غرق ہو تمہارے اس کزن کا جس نے عین موقع پر رنگ میں بھنگ ڈال دیا تھا۔" وہ اس کے پاس آکر دھونس بھرے لہجے میں بولا۔

"ہر بار تم اپنی بہن کو ساتھ لے کر آتی تھیں اور میں برداشت کر جایا کرتا تھا، مگر آج تم کو میری بات ماننی ہوگی۔"

"میں اتنی مشکل سے تم سے ملنے آئی ہوں، ممی خالہ سے ملنے گئی ہیں، عادلہ آنے نہیں دے رہی تھی اور یہاں تم اپنی

www.pdfbooksfree.pk

فضول ضد منوانے کی کوشش کر رہی ہو مجھ سے۔"

"یہ ضد نہیں محبت ہے جانم! آج موقع ملا ہے ہمیں محبت کرنے کا پھر کس طرح میں اس کو ضائع کر دوں؟ میں تمہارے پیار میں مر رہا ہوں' تڑپ رہا ہوں اور تم ہو کہ میری محبت کا مذاق بنا رہی ہو۔" وہ اٹھ کر اس کے قریب چلا آیا اور اسے قریب کرنے لگا تھا۔ عائزہ نے گھبرا کر اس کے بڑھے ہوئے ہاتھوں کو جھٹکا اور کھڑی ہو گئی تھی' اس کے چہرے پر خوف سرایت کر چکا تھا۔

"ہوش میں تو ہو تم راحیل! تمہارا دماغ خراب ہو گیا ہے؟"

راحیل کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا تھا۔ "بہت تمہارے ساتھ میں نے رعایت کی ہے' بہت بچایا ہے میں نے تمہیں خود سے مگر اب نہیں بچ سکو گی' میں اس پارسائی کے کھیل سے تنگ آ گیا ہوں' بہتر اب یہی ہے تم بھی سیدھی طرح میری بات مان لو۔" عائزہ کے لیے وہ آج ایک بالکل اجنبی اور بُرا شخص تھا' یہ وہ تو نہیں تھا جس نے اس کے ساتھ ہر دم ساتھ نبھانے کے وعدہ کیے تھے' زندگی بھر وفا نبھانے کی قسمیں کھائی تھیں۔ یہ سامنے کھڑا شخص جس کی آنکھوں میں ہوس تھی' جس کے چہرے پر گندگی تھی' جس کے مکروہ ارادوں نے اس کو عفریت بنا دیا تھا۔

"تم..... تم مجھے ایسی گری ہوئی لڑکی سمجھتے ہو؟" کمرا چھوٹا اور نیم اندھیرے میں ڈوبا ہوا تھا' عائزہ کو کوئی جائے فرار دکھائی نہ دے رہی تھی اور وہ بہت اطمینان سے اس کے نزدیک آ رہا تھا۔

"تم خود کو نیک پروین سمجھنا چھوڑ دو عائزہ بیگم! جو لڑکی گھر سے بھاگ سکتی ہے' تنہا اپنے بوائے فرینڈ سے ملنے آ سکتی ہے تو وہ لڑکی عزت دار کس طرح ہوئی؟ کس طرح گواہی دو گی تم اپنی پاکیزگی کی' ہوں بتاؤ؟ کس طرح یقین کر لوں کہ میرے علاوہ تم کسی اور سے ملتی نہیں رہی ہو؟" اس نے ہنستے ہوئے خباثت بھرے لہجے میں کہا۔

یہ لہجہ..... یہ انداز..... عائزہ کے چودہ طبق روشن ہو رہے تھے' یہ مرد اس کا آئیڈیل مرد تھا' جس کے پیچھے وہ آنکھیں بند کر کے بھاگتی رہی تھی' ممی' عادلہ اور طغرل ہر ایک نے اسے سمجھانے کی کوشش کی تھی اور ممی نے اس کی ماں کی تمام ہسٹری بتا دی تھی اور وہ خود بھی راحیل کے کوائف سے واقف تھی' چوری وڈکیتی' شراب و شباب ہر برائی اس میں کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی اور وہ سوچتی تھی شادی کے بعد وہ راحیل کو بدل دے گی' وہ اس کی محبت میں سب برائیاں چھوڑ کر ایک اچھا انسان بن جائے گا۔

"تم اچھی طرح جانتے ہو راحیل! میری زندگی میں تمہارے علاوہ کوئی بھی نہیں ہے' میں نے صرف تم سے ہی محبت کی ہے۔"

"میں بھی تو محبت کی ہی بات کر رہا ہوں۔" اس نے مسکراتے ہوئے لہجہ چینج کیا اور ساتھ جست لگا کر عائزہ کو گرفت میں لیا تھا' عائزہ چیختی ہوئی اس کی گرفت سے نکلنے کی سعی کر رہی تھی کہ اچانک راحیل کے سر پر ایک قیامت ٹوٹی تھی۔

❁.....☆.....❁

شیری اماں جان سے بڑے پرتپاک انداز میں ملا تھا' اس کے انداز میں اتنی محبت بھری بے ساختگی تھی کہ اماں جان کے دل میں جو اس کی طرف سے بدگمانی کی گرہ پڑی ہوئی تھی وہ کھل گئی تھی' حسب عادت وہ اس سے محبت سے باتیں کر رہی تھیں۔ ملازمہ نے چائے کے ساتھ دیگر لوازمات سے اس کی خاطر و مدارات کی تھی اور عادلہ نے فرماں برداری سے سر و نگ کی تھی۔

"ابھی تک سیر سپاٹے ہی کر رہے ہو بیٹا! کام کرنے کا بھی کچھ سوچا ہے؟ تمہیں یہاں آئے ہوئے خاصے دن ہو گئے ہیں۔" چائے کے بعد اماں نے پان بنانے کی تیاری کرتے ہوئے پوچھا۔

"دادی جان! میں بینکر بننا چاہتا ہوں' ایم بی اے بھی میں نے اسی لیے کیا تھا مگر ڈیڈ ضد کر رہے ہیں کہ مجھے بزنس میں



ان کا ہاتھ بٹانا چاہیے اور میں ابھی فیصلہ نہیں کر پا رہا ہوں۔" بہت شائستگی سے اس نے جواب دیا تھا۔

"ٹھیک تو کہہ رہے ہیں تمہارے ڈیڈ! تمہیں اپنے والد کا کاروبار ہی سنبھالنا چاہیے بیٹا! ویسے بھی لوہار کا بیٹا لوہار اور سنار کا بیٹا سنار ہی بنتا ہے پھر تم اپنے والدین کے اکلوتے بیٹے ہو' تم کو ان کا اور بہنوں کا بے حد خیال رکھنا چاہیے۔" دادی نے نفاست سے پان کا ایک ٹکڑا لے کر کتھا' چونا لگایا' چھالیہ اور سونف ڈال کر دونوں طرف سے موڑ کر منہ میں رکھا تھا پھر پان کھاتے ہوئے وہ اپنے پاندان کو درست کرنے لگی تھیں ساتھ ہی وہ اس کو سمجھاتی بھی جا رہی تھی جب کہ شیری بڑی دلچسپی سے ان کی تمام کارروائی دیکھنے کے بعد گویا ہوا۔

"جی..... جی بہتر دادی جان! آپ کہتی ہیں تو میں ڈیڈ کے ساتھ ہی آفس جانے لگتا ہوں' آپ کی بات تو میں ٹال ہی نہیں سکتا ہوں۔"

"جیتے رہو' خوش رہو' اللہ تمہیں کامیاب کرے ہر امتحان میں۔"

"دادی جان! یہ آپ نے کیا کھایا ہے ابھی؟"

"پان ہے بیٹا یہ۔" انہوں نے مسکراتے ہوئے بتایا' اسی اثناء میں عادلہ بھی دادی کے قریب بیڈ پر بیٹھ گئی تھی' شیری کرسی پر بیٹھا تھا۔

"کیا آپ مجھے یہ کھلانا پسند کریں گی؟"

"ارے تم کھاؤ گے پان! ابھی دیتی ہوں۔"

"آپ کھائیں گی تو میں بھی کھا سکتا ہوں دادی جان! میں جانتا ہوں یہ پان کوئی اسپیشل چیز ہے جو آپ کھا رہی ہیں' میرے خیال میں یہ اسپیشل نہ بھی ہو تو آپ کے کھانے سے اسپیشل بن جاتا ہے۔"

"دادی کی عادت ہے پان کھانے کی ورنہ پان میں کوئی اسپیشلیٹی نہیں ہے۔ ہم نے بہت چاہا دادی پان کھانا چھوڑ دیں' مگر دادی کھانا چھوڑنے کو تیار تھیں پان نہیں۔" عادلہ نے ہنستے ہوئے کہا۔

"ارے چھوڑ دیں' بندر کیا جانے ادرک کا مزا۔ عادلہ! یہ تو بادشاہوں کے شوق ہیں ہر کوئی تھوڑی کر سکتا ہے' اس شوق کو پورا پھر تمہیں کیا پتا ہے میرا شوق' یہ تو ہمارا خاندانی ورثہ ہے۔ چائے اور پان ہمارے گھرانے کی تو پہچان ہیں۔"

"جی! بالکل درست کہہ رہی ہیں دادی جان آپ۔" شیری نے کوئی لمحہ ضائع کیے بغیر ان کی ہاں میں ہاں ملائی تھی۔

"دادی جان! آپ کو ڈاکٹر نے پان کھانے سے منع کیا تھا' اس لیے پاپا چاہتے ہیں آپ پان نہ کھایا کریں صرف یہ وجہ ہے۔" شیری کی سعادت مندی نے عادلہ کو پریشان کر دیا تھا۔

"ڈاکٹر تو ہر اچھی چیز کو منع کرتے ہیں اور خود کیا کرتے ہیں؟ ہڑتالیں..... وہ لوگ جو زمین پر رہتے ہوئے بھی فرشتے کہلائے جاتے ہیں' آج اپنی خواہشوں کے پیچھے مسیحائی بھول کر انسانیت کو موت کا کفن پہنا رہے ہیں' عرش سے پستیوں میں جا گرے ہیں۔"

"یہاں تو ہر طرف ہی ایسی افراتفری و بے حسی دکھائی دیتی ہے' لوگ خود غرض ہو گئے ہیں' ذاتی مفاد کو اولیت دینے لگے ہیں۔" شیری نے کہا تھا اس کے انداز میں اب بے کلی ابھرنے لگی وہ جس کی چاہ میں یہاں کشاں کشاں کھنچا چلا آیا تھا وہ ستم گر موجود ہی نہ تھی خاصی دیر سے وہ دل کو تھپکیاں دے رہا تھا۔

وہ بھی آئے گی..... مگر وقت گزر رہا تھا' وہ نہیں آئی تھی۔ اس کی متلاشی نظروں میں اضطراب ہلکورے لینے لگا تھا۔ وہ دادی سے اجازت لے کر اٹھ گیا' ساتھ ہی جلد آنے کے وعدے کے ساتھ عادلہ اسے کار تک چھوڑنے کے لیے آئی تھی۔

"آپ نے دادی سے وعدہ کیا ہے بہت جلد آنے کا' کیا آپ سچ مچ جلد آئیں گے؟" لان میں کوئی بھی نہیں تھا دادی

www.pdfbooksfree.pk

بھی گھٹنوں کے درد کے باعث کمرے تک محدود تھیں' ملازمہ کچن میں مصروف تھی آج کوئی بھی تو گھر میں موجود نہیں تھا اور اس نے راستہ صاف دیکھ کر دل کی بات کہنا مناسب سمجھا جو اشیری نے ڈرائیونگ ڈور کھولتے ہوئے اس کی طرف مڑ کر دیکھا پرپل سوٹ میں ملبوس سیاہ زلفوں کو بکھیرے لائٹ میک اپ میں وہ ایک خوب صورت لڑکی تھی۔ اس کی خوب صورتی ایسی تو نہ تھی جو نظر انداز کی جاسکے پھر وہ جن نظروں سے شیری کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دیکھ رہی تھی۔

"آپ چاہتی ہیں میں آؤں؟" اس نے جھک کر سرگوشیانہ لہجے میں استفسار کیا۔

"ہاں بالکل! میں انتظار کروں گی۔" عادلہ نے بھی مسکرا کر اسی انداز میں سرگوشی کی تھی۔

"پھر تو آپ سے فرینڈ شپ کرنی پڑے گی' کیا آپ کریں گی؟"

"ہاں کیوں نہیں شیری! اس نے شیری کا بڑھا ہوا ہاتھ تھامتے ہوئے کہا۔ اس کا ہاتھ تھامتے ہوئے شیری کی آنکھوں میں پُراسراریت چمک اٹھی۔

☆

ضروری نہیں ہے
جو ساحل کی گیلی خنک ریت پر
ہاتھ میں ہاتھ دے کر
سفر اور تلاطم کے قصے سنائے
اور آنکھوں سے اوجھل کناروں پہ بکھرے
ہوئے منظروں' ذائقوں اور رنگوں کی باتیں کرے
وہ ان وارداتوں سے گزرا بھی ہو
گر کہے آؤ ہم ان پریشاں موجوں کا پیچھا کریں
جو تیرے اور میرے پاؤں کو چومتی ہیں
تلاطم کی بے نام منزل سے گزریں
یہ دیکھیں ہوائیں کسے ڈھونڈتی ہیں
تو چلنے سے پہلے سوچ لینا
ضروری نہیں ہے جو ان دیکھے رستوں کی خبریں سنائیں
وہ ان راستوں کا شناسا ہو
کہیں یہ نہ ہو جو سمندر میں تم
اس کو ڈھونڈ و تو وہ
ساحلوں پہ کھڑا مسکراتا رہے

"رخ! تم مجھے بار بار یہ مت کہو میں نے تمہیں دھوکہ دیا ہے۔"

حارث کرمانی کے حکم پر ساحر کو ایک بار پھر اس کوٹھری میں پہنچایا گیا تھا' وہ حبشی ملازمہ ان کے درمیان موجود تھی' ساحر کے یہاں آنے سے قبل وہ ایک ریشمی رومال سے ماہ رخ کے ہاتھ باندھ چکی تھی۔

"جو دوسروں کو دھوکہ دیتے ہیں ان کو بھی بدلے میں دھوکے ہی ملتے ہیں۔ تم کیا سمجھ رہی تھیں جو گڑھا کھود رہی ہو اس میں تم نہیں گرو گی؟ تم جھوٹ پہ جھوٹ بولتی جاؤ گی' دغا پر دغا دیتی جاؤ گی اور کوئی پکڑے گا نہیں؟ تم ایک سبزی فروش کی بیٹی



تھیں اور کالج میں بتاتی تھیں تمہارے ڈیڈی بہت بڑے بزنس مین ہیں۔" وہ گردن جھکائے سن رہی تھی آنسو تواتر سے بہہ رہے تھے وہ خود کو میدان حشر میں کھڑا محسوس کر رہی تھی۔ وہ برہنہ کھڑی ندامت و خوف کے پسینے میں ڈوبی ہوئی تھی۔ اس کا اعمال نامہ سنایا جا رہا تھا اور وہ پسینے میں ڈوبتی جا رہی تھی۔

"تم سے دوسری ملاقات کے بعد ہی میں جان گیا تھا کہ تم وہ نہیں ہو جو بن کر آتی ہو اور میرا یہ تجسس مجھے بہت جلد تمہاری اصلیت کی جانب لے گیا تھا اور ایک دن تمہارا پیچھا کرتا ہوا میں علاقے میں پہنچ گیا تھا اور تمہیں ایک قدیم طرز کے تعمیر شدہ گھر میں داخل ہوتے دیکھ کر مجھے پہلے یقین ہی نہیں آیا تھا اور میں نے جب وہاں کے لوگوں سے معلومات لیں تو میرا شک سچ ثابت ہو چکا تھا۔ تم ایک غریب لڑکی تھیں جو گھر سے کالج کے لیے نکلتی تو ایک بڑی سی شال میں لپٹی ہوتی تھیں جو کالج تک پہنچتے پہنچتے غائب ہو جاتی اور کالج میں داخل ہونے والی لڑکی پردے دار کسی سبزی فروش کی بیٹی نہیں ہوتی تھی بلکہ وہ ایک جھوٹے کریکٹر کی دولت مند ماڈرن لڑکی بن جاتی تھی۔" ایک کے بعد ایک گناہ افشا ہو رہا تھا۔

آگ کے طوق تھے جو اس کے گلے میں پہنائے جا رہے تھے جس سے گردن تھوڑی سی جا لگی تھی' شعلوں سے بھرکتی بیڑیاں اس کے وجود کو جکڑتی جا رہی تھیں' تکلیف و درد کا احساس تھا۔ ذلت و رسوائی کا احساس تھا۔ جھوٹ کی لذت شدید اذیت بن کر وجود میں سرائیت کر رہی تھی' منوں ٹنوں بوجھ اس کی گردن پر آن پڑا تھا کہ وہ جنبش بھی نہیں کر پا رہی تھی۔

"جو ہوا سو ہوا ماہ رخ! خوابوں کی قیمت چکانی پڑتی ہے۔ تم جس طرح کی شاہانہ زندگی گزارنے کی خواہش مند تھیں' وہ زندگی تمہاری منتظر ہے پھر تم کیوں بھاگ رہی ہو؟" اس کو ماضی کا آئینہ بھرپور طریقے سے دکھانے کے بعد ساحر نرم لہجے میں گویا ہوا تھا لیکن ماہ رخ اسی طرح خاموشی سے گردن جھکائے آنسو بہاتی رہی تھی دوبارہ اس سے بات نہیں کی تھی۔

"تم خوش قسمت ہو ماہ رخ! جو سمجھانے کے لیے حارث صاحب نے مجھے یہاں بلوایا ہے یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ تم کو پسند کرنے لگے ہیں وگرنہ عورتوں کے معاملے میں وہ بہت بے رحم و سفاک ہیں۔ ذرا رعایت دینے کے عادی نہیں ہیں عورت کو۔" ملازمہ صابرہ ٹکر ٹکر ان دونوں کو دیکھے جا رہی تھی ان کے درمیان ہونے والی گفتگو میں استعمال ہونے والی زبان سے وہ نابلد تھی مگر اپنی زنانہ فطری تجسس سے مجبور وہ سمجھنے کی سعی میں مگن تھی۔

"ماہ رخ..... ماہ رخ! میری باتیں سمجھنے کی کوشش کرو تم۔"

"مرنے دو مجھے' میں تمہاری کوئی بات سمجھنا نہیں چاہتی' دفع ہو جاؤ یہاں سے' میں تمہاری صورت تک دیکھنا نہیں چاہتی ہوں۔" وہ اس کی جانب دیکھے بنا نفرت سے غرائی تھی۔

"جا رہا ہوں میں لیکن تم بھی اپنا یہ پارسائی کا ناٹک بند کرو اور حارث صاحب جو چاہتے ہیں وہ کرو' یہی بہتر ہے تمہارے لیے۔"

"میں خواہشوں کے پھول توڑنے کی خاطر اپنا آپ کانٹوں سے الجھا بیٹھی ہوں اور اب تا دم مرگ مجھے ان ہی کانٹوں کی سیج پر لوٹ پوٹ ہونا ہے' جو میں نے کیا اسے تو شاید اللہ تعالیٰ بھی معاف نہ کریں گے' پھر بھی میں مرتے دم تک اپنے گناہوں کا کفارہ ادا کرنے کی کوشش کروں گی۔" ایک دم ہی آنسو صاف کرتے ہوئے ایک عزم اس کے اندر بیدار ہوا تو وہ مضبوط لہجے میں بولی۔

"میں نے ماں باپ کو دھوکہ دیا تو بدلے میں میری زندگی جہنم بنا دی گئی' تمہارا کیا ہوگا تم نے نامعلوم کتنی لڑکیوں کو تباہ کیا ہے؟"

☆

"نانو جان! میں گھر واپسی جا رہی ہوں۔" وہ چائے پی کر فارغ ہو کر عشرت جہاں سے گویا ہوئی۔

www.pdfbooksfree.pk

"اتنے عرصے بعد آئی ہو ٹھہر جاؤ ابھی چند دن اور بیٹا!"

"دادی کی طبیعت بہتر نہیں ہے' گھٹنوں کے درد نے بہت بے چین کیا ہوا ہے' ان کو اٹھنے بیٹھنے میں تکلیف ہو رہی ہے۔"

"جوڑوں کے درد کی وہ پرانی مریضہ ہیں اور اسپیشلی ونٹر میں تو بے حد تکلیف دیتی ہے یہ بیماری' اچھا ہے ان کے لیے جو آپ اتنا ان کا خیال رکھتی ہیں۔" ثنیٰ نے پری کو ستائشی نگاہوں سے دیکھا تھا۔

"دادی بھی میرا بے حد خیال کرتی ہیں مما! وہ مجھ سے اتنی محبت کرتی ہیں کہ میری حمایت میں عامرہ پھپھو اور آصفہ پھپھو کو بھی بے بھاؤ کی سناتی ہیں اور وہ دادی سے اسی بات پر ناراض ہوتی ہیں۔" وہ مسکرا کر بتاتی ہوئی اپنے روم کی طرف جاتے ہوئے گویا ہوئی۔

"میں اپنا سامان پیک کرتی ہوں نانو! آپ شوفر کو کہیں مجھے ڈراپ کر آئے رات سے پہلے میں گھر جانا چاہتی ہوں۔"

"ٹھیک ہے پری! میں شوفر سے کہتی ہوں۔" وہ ڈائننگ روم سے چلی گئیں ملازمہ نے ٹیبل سے برتن اٹھانا شروع کیے تو ثنیٰ جو کرسی پر بیٹھی سوچوں میں گم تھیں وہاں سے پری کے پاس چلی آئیں پری نے بیگ میں کپڑے اور دیگر سامان رکھتے ہوئے ایک نگاہ ان کی طرف دیکھا تھا وہ اس کو ہی دیکھ رہی تھیں۔

"کیا ہوا مما! آپ میری طرف اس طرح کیوں دیکھ رہی ہیں؟"

"آپ مجھ سے ابھی بھی خفا ہیں پری؟" زپ بند کرتے ہوئے اس کے ہاتھ رک گئے' ثنیٰ کے لہجے میں ایک گہرا درد تھا۔ وہ درد جو اس کے وجود کا ایک حصہ بن گیا تھا۔ اس نے ان کی طرف دیکھا جہاں چہرے کے نقوش میں یاسیت' دکھ کی ایک ایسی کسک جو سنجیدگی بن کر ان کے وجود پر چھا گئی تھی۔

پچھتاوے کی ایک ایسی آنچ جو نمی بن کر اکثر ان کی آنکھوں میں رہتی تھی اور یہی یاسیت' ایسی ہی کسک' ایسی ہی آنچ دیتی ہوئی نمی اس نے اپنے پاپا کے چہرے پر اور ان کی آنکھوں میں دیکھی تھی اور جس کا حصہ وہ بھی تھی' ان کے درد میں بڑا حصہ اس کا بھی تھا۔

"پری! میری جان..... میری روح!" ثنیٰ نے آگے بڑھ کر اس کے ساکت وجود کو سینے سے لگا لیا پہلی بار ان کی ممتا کا یہ پُرجوش اظہار تھا اس سے قبل وہ چاہنے کے باوجود بھی اسے سینے سے لگانے میں ہچکچاہٹ کا شکار رہی تھیں ان کے درمیان جو خاموش تکلف بھری بے گانگی تھی وہ آج ان کے اشکوں میں بہہ گئی دونوں ہی اپنے جذبات سنبھال نہ سکی تھیں۔

"میں آپ کو چھوڑنا نہیں چاہتی تھی اور نہ فیاض کو میں نے ہر ممکن سعی کی تھی تعلقات کو نبھانے' اپنے آشیانے کو بچانے کی لیکن کچھ بھی نہ بچ سکا سب ٹوٹ کر اس طرح بکھرا کہ جڑ نہ سکا۔" ان کے لہجے میں حسرتوں کے جلے ہوئے چراغوں کا دھواں تھا۔

"مما! کیا صرف یہی ریزن تھا آپ کا اور پاپا کی طلاق کا یا کوئی اور بھی وجہ تھی؟" وہ آہستگی سے استفسار کر بیٹھی تھی۔

"یہی ریزن تھا بیٹا! وہاں فیاض کی ماں' بہنوں کی میں ناپسندیدہ تھی تو یہاں نمی اور آنٹی (صفدر کی ماں) فیاض کے خلاف محاذ تیار کر کے بیٹھے ہوئے تھے' وہاں فیاض کی ماں اپنی بہن کی بیٹی صباحت کو ہر صورت فیاض کی بیوی بنانا چاہتی تھیں تو اس طرف مما اور آنٹی گویا قسم کھا کر بیٹھی تھیں کہ فیاض کی جگہ میری زندگی میں صفدر کو دلوا کر رہیں گی پھر بھیانک طریقوں سے سازشیں تیار ہوتی گئیں' فیاض کو صفدر کی جانب سے شک و شبہے میں مبتلا کیا جانے لگا تو میری سماعتوں میں بھی صباحت کی جانب سے زہر بھرا جانے لگا' شروع شروع میں ہم ایک دوسرے پر یقین ہی نہ کرتے تھے مگر کب تک؟ مسلسل گرنے والا پانی کا قطرہ بھی پتھروں میں سوراخ کر کے کمزور بنا دیتا ہے پھر ہم تو انسان تھے نرم و نازک احساس



رکھنے والے' ہماری محبت کی بنیاد بھی ایسی زہر آلود باتوں سے کمزور پڑنے لگی۔"

"یہ کیسی محبت تھی مما! آپ نے اور پاپا نے دنیا سے ٹکر لے کر شادی کی اور پھر اتنی جلد لوگوں کی باتوں میں آ کر جدا بھی ہو گئے۔ کیا محبت ایک دوسرے پر اعتبار نہ کرنے کا نام ہے؟ کیا محبت اس کو کہتے ہیں؟" پری کے لہجے میں عجیب حیرانی تھی۔

"آپ نہیں سمجھو گی میری جان! اس جذبے کو بھی۔" وہ بھیگی آنکھوں سے مسکرائیں اور شوخ لہجے میں گویا ہوئیں۔

"جب محبت ہو گی کسی سے پھر معلوم ہو گا آپ کو' محبت کس قدر بہادر بناتی ہے اور کس قدر کمزور بھی' یہ اعتبار بھی بخشتی ہے اور بے اعتباری بھی' یہ راحت بھی دیتی ہے اور تکلیف بھی۔"

"میں محبت نہیں کروں گی مما!" وہ بے حد سنجیدگی سے بولی۔

"کیوں؟ محبت کے بغیر زندگی ادھوری ہوتی ہے پری۔"

"محبت کر کے بھی جب زندگی ادھوری ہی رہے تو مما۔" چند ساعتیں تو وہ کچھ کہہ ہی نہ سکیں کہ وہ سیدھے ان کی زندگی پر سچائی بیان کر رہی تھیں' کچھ توقف کے بعد گویا ہوئیں۔

"میری بہت ساری دعائیں ہیں آپ کے ساتھ بیٹا! آپ کی زندگی کبھی ادھوری نہیں ہو گی' آپ کی زندگی میں خوشیوں کے گلاب ہمیشہ مہکیں گے' روشنیاں ساتھ رہیں گی آپ کے اور پھر مجھے توقع ہے فیاض کبھی بھی آپ کے لیے غلط فیصلہ نہیں کریں گے۔"

"مجھے شادی نہیں کرنی ممی!" وہ اٹھ کھڑی ہوئی تھی۔

"شادی نہیں کرنی ہے..... مگر کیوں؟" وہ متعجب ہوئیں۔

"یہ ضروری تو نہیں ہے کہ شادی کی جائے' بہت سے لوگ ہوتے ہیں دنیا میں جو اپنی زندگی آزادی سے جیتے ہیں اور میں بھی اپنی زندگی دادی جان کی خدمت کرتے ہوئے گزارنا چاہتی ہوں۔"

❁.....☆.....❁

ایک' دو' تین تواتر سے لوہے کی سلاخ راحیل کے سر پر پڑی تھی وہ عائزہ کو چھوڑ کر درد سے کراہتا ہوا پہلے گھٹنوں کے بل بیٹھا پھر سر پر پڑنے والی پے در پے ضربوں سے چکرا کر دونوں ہاتھوں سے سر پکڑ کر گرتا چلا گیا تھا' تیزی سے نکلنے والے خون نے اس کے چہرے اور آسمانی رنگ کی شرٹ کو سرخ کر ڈالا تھا وہ فرش پر گرا ہوا درد سے تڑپ رہا تھا۔ عائزہ پہلے ہی اس کی بدلتی نیت سے شاکڈ تھی مستزاد اس ملنے والی امداد غیبی پر کھڑی کی کھڑی رہ گئی تھی۔ اس کی نگاہیں ہاتھ میں سلاخ پکڑے کھڑی ایک بے حد دبلی پتلی عمر رسیدہ خاتون پر تھیں جو خون میں لت پت راحیل کو تڑپتے ہوئے وحشت و دیوانگی بھری نظروں سے دیکھ رہی تھی۔

"رات دن تماشہ کرتا تھا تُو یہاں کتنا سمجھایا میں نے تجھے باز آ جا اپنے گناہوں سے توبہ کر لے' عورت کی عزت کرنا سیکھ' حرام سے باز آ جا لیکن تُو باز نہیں آیا تیری پرواز ہر گزرتے دن کے ساتھ بلند ہوتی گئی اور تجھے معلوم ہی نہ تھا۔ ایک حد قائم ہوتی ہے بلندی کی بھی جو اس حد سے تجاوز کرتا ہے اس کے پَر ٹوٹ جاتے ہیں۔" اس عورت کے کپڑے ملگجے اور سفید بال بے تماشا الجھے ہوئے تھے۔ ان کے انداز میں دیوانگی و اشتعال انگیزی شامل تھی' وہ ہوش و خرد سے بے گانہ تڑپتے ہوئے راحیل سے لفظ جما جما کر کہہ رہی تھیں۔

"ماں..... ماں!" وہ پھٹی پھٹی آنکھوں سے اس طرف دیکھتے ہوئے کہہ رہا تھا۔

"ماں!" وہ اسے گھورتے ہوئے قہقہے لگانے لگی تھی' ان کی نگاہ راحیل پر تھی اردگرد سے ان کو کوئی سروکار نہ تھا حتیٰ کہ

www.pdfbooksfree.pk

کونے میں دیوار سے لگی عائزہ کو بھی وہ نہیں دیکھ رہی تھیں اور عائزہ نے اپنے حواس درست کرتے ہوئے اپنے کانپتے وجود کو آہستہ آہستہ باہر کی سمت دھکیلنا شروع کیا تھا۔

"میں تیری ماں نہیں ہوں' میں تیری ماں ہوتی تو تُو مجھے رسیوں سے باندھ کر رکھتا؟ تُو مجھے روٹی سے' پانی سے ترساتا' تُو مجھے مارتا؟ جانوروں جیسا سلوک کرتا میرے ساتھ..... بول..... جواب دے؟" وہ ہذیانی انداز میں کہہ رہی تھیں جب کہ راحیل کی آنکھیں بند ہونے لگی تھیں۔ فرش پر خون پھیلتا جا رہا تھا وہ عورت ہذیانی انداز میں بولے جا رہی تھیں۔ عائزہ نے اپنا پرس اٹھایا اور دبے قدموں وہاں سے نکل آئی۔

❁.....☆.....❁

"عادلہ..... عادلہ! اری او عادلہ..... کہاں بیٹھ گئی ہو جا کر؟" خاصی دیر تک وہ پلٹ کر نہ آئی تو دادی آوازیں دینے لگیں۔

"اوہو! ہر وقت دادی کی خدمت میں حاضر ہی رہو بس۔" عادلہ شیری کی مدھ بھری باتوں میں گم لاؤنج میں بیٹھی مسکرا رہی تھی۔ معاً ان کی کراری آوازوں نے اسے بڑبڑانے پر مجبور کر دیا۔

"جی دادی!" وہ ان کے کمرے میں آ کر بولی۔

"تم تو شہریار کو گیٹ تک چھوڑنے گئی تھیں' گھنٹہ بھر ہو گیا پلٹ کر ہی نہیں آئی۔"

"وہ تو کب کے چلے گئے میں تو لاؤنج میں بیٹھی تھی۔"

"لڑکیوں کا خوانخواہ ہاتھ پہ ہاتھ دھر کر بیٹھنا کوئی اچھی بات نہیں ہے' پری کو دیکھتی ہو کبھی اس طرح فارغ بیٹھے ہوئے؟ کسی نہ کسی کام میں لگی رہتی ہے ملازمہ کی موجودگی میں بھی۔" پری کے نام پر ان کے منہ میں شہد سا گھل گیا تھا۔

"مجھے کیا کرنا ہے یہ بتائیے دادی جان؟" وہ جل کر بولی۔

"بیڈ شیٹ بدل دو پان لگاتے ہوئے کتھا گر گیا ہے۔"

"جی! ابھی بدلتی ہوں۔" وہ منہ بناتی ہوئی دیوار گیر الماری کی طرف بڑھی تھی' جہاں ایک حصے میں پری نے ترتیب سے تہہ در تہہ بیڈ شیٹ رکھی ہوئی تھیں۔ اس نے ایک بیڈ شیٹ اٹھائی تو ایک طرف رکھی کچھ فائلز کے نیچے اس کو ایک لفافہ دبا ہوا نظر آیا تھا۔

"دادی! کون سی بیڈ شیٹ نکالوں؟" اس نے محتاط نگاہوں سے ان کی جانب دیکھتے ہوئے سرعت سے وہ لفافہ نکال کر اپنے سوئیٹر کی جیب میں ڈالا تھا۔ اماں جو صوفے پر بیٹھیں تسبیح پڑھ رہی تھیں ان کی نگاہ سے اس کی یہ حرکت اوجھل رہی تھی۔

"کوئی سی بھی نکال لے عادلہ!" ان کا لہجہ نرم تھا۔

"دادی جان! میں آتی ہوں شاید کسی کا فون آ رہا ہے۔" وہ دادی کا جواب سنے بغیر وہاں سے تیزی سے نکلی تھی اور تقریباً بھاگتی ہوئی اپنے کمرے میں آ کر دروازہ لاکڈ کرنے کے بعد جیب سے وہ لفافہ نکالا تھا اور اس کو بیڈ پر الٹ دیا تھا۔

"واؤ! یہ ہوئی نا بات' مجھے ان کی ہی تلاش تھی۔" وہ خوشی سے چہکی تھی بیڈ پر پری کی وہ فوٹو گراف تھیں جو شیری نے اتاری تھیں اور دادی اور پری کی ناراضگی پر مسز عابدی وہ فوٹوز دادی کو دے گئی تھیں' جس کی تلاش اس کو اور صباحت کو تب سے ہی تھی' پری کی موجودگی میں ان کو موقع نہیں ملا تھا ان فوٹوز کو حاصل کرنے کا اور قسمت سے آج عادلہ ان کو حاصل کرنے میں کامیاب ہو گئی تھی۔

"تھوڑا صبر کرو ابھی دیکھنا میں تمہارا کیا حشر کرتی ہوں پری صاحبہ! پہلے طغرل اور اب شیری کو بھی تم اپنی مٹھی میں



جکڑ کر رکھنا چاہتی ہو۔ ہونہہ! میں شیری کو تم سے بچالوں گی' خواہ اس کی کوئی بھی قیمت مجھے ادا کرنی پڑے۔" اس نے پری کی تصویروں کو نفرت سے دیکھتے ہوئے دوبارہ سمیٹا اور بیڈ کی سائیڈ دراز میں حفاظت سے رکھ دیں۔

"کہاں ہو بھئی تم؟" وہ کمرے سے باہر آئی تو صباحت لاؤنج سے نکل کر اس طرف ہی آ رہی تھیں عادلہ کو دیکھ کر وہ بولیں۔

"کمرے میں تھی ممی! آپ کب آئی ہیں؟"

"ابھی آئی ہوں عائزہ کو بلاؤ۔" وہ خاصی ایکسائیٹڈ تھیں۔

"عائزہ..... ! گھر پر نہیں ہے ممی!" وہ اٹکتے ہوئے گویا ہوئی۔

"گھر پر نہیں ہے؟" وہ رک کر حیرانی سے گویا ہوئیں۔

"کہاں گئی ہے وہ..... اور کس کے ساتھ؟"

"راحیل سے ملنے گئی ہے اور وہ بھی تنہا۔" وہ بے پروا انداز میں بولی۔

"راحیل سے ملنے؟ اور تم نے جانے دیا' میں نے کتنی سختی سے منع کیا تھا وہ اب راحیل سے نہیں ملے گی پھر بھی تم نے روکا نہیں اس کو۔" غم و غصے سے ان کی آواز بلند ہو کر رہ گئی تھی۔

"روکا تھا..... مگر وہ مجھے کوئی اہمیت ہی کہاں دیتی ہے جو میری بات مان کر رک جاتی' میں نے روکنے کی بے حد کوشش کی' مگر....." وہ شانے اچکا کر ان کی پیروی میں تیز لہجے میں بولی تھی۔

"آہستہ بات کرو' فاخر آیا ہے مجھے ڈراپ کرنے اگر اس نے کچھ سن لیا تو مسئلہ ہو جائے گا۔" ان کو ابھی یاد آیا کہ فاخر اُن کے ساتھ آیا ہے۔

"فاخر بھائی آئے ہیں اور آپ اب بتا رہی ہیں۔"

"آتے ہی تو تم نے ایسی بات سنائی ہے جس سے دماغ الٹ کر رہ گیا ہے میرا' نا معلوم بیٹیاں ہیں یا سزائیں ہیں میرے لیے۔" وہ بڑبڑاتی ہوئی کچن کی طرف گئی تھیں اور عادلہ لاؤنج میں۔

"السلام علیکم! فاخر بھائی کیسے ہیں آپ؟" وہ لاؤنج میں داخل ہو کر بولی۔

"میں ٹھیک ہوں' تم سناؤ کیسی ہو؟ بہت بزی رہنے لگی ہو گھر آنا ہی بھول بیٹھی ہو تم۔" وہ جواب دے کر اس سے شکایت کرنے لگا تھا۔

"ایسی کوئی خاص مصروفیت تو نہیں ہوتی' جلد ہی آؤں گی آپ کے گھر' یہ بتائیں پہلے کیا لیں گے آپ؟" عادلہ کو اس کی خاطر و مدارات کا خیال آیا۔

"آنٹی زینب کے ہاں سے چائے پی کر آ رہا ہوں' ممی کو لے کر گیا تھا وہاں صباحت آنٹی شوفر کا انتظار کر رہی تھیں' میں ان کو یہاں ڈراپ کرنے چلا آیا اور سوچا آج عائزہ سے بھی ملاقات کر لی جائے' بلاؤ تو اس کو میں اس سے ملنا چاہتا ہوں۔"

"آج سے پہلے تو آپ نے کبھی یہ خواہش کی نہیں ہے فاخر بھائی!" اس کی غیر متوقع خواہش نے اس کے اوسان خطا کر ڈالے تھے وہ جبراً مسکرا کر شوخ لہجے میں گویا ہوئی۔ فاخر کے لب مسکراہٹ سے نا آشنا ہو رہے تھے۔

"دیر آید درست آید۔ دیر سے ہی سہی مجھے خیال تو آیا اپنی فیانسی سے ملنے کا' تم دیر مت کرو اب پلیز۔"

"اچھا میں دیر نہیں کروں گی' دراصل عائزہ گھر پر نہیں ہے۔"

"کہاں ہے وہ؟ تم گھر پر ہو' دادی ہیں پھر آنٹی میرے ساتھ آئی ہیں۔ پھر وہ کہاں ہے؟ میں جانتا ہوں ہماری فیملی اتنی ماڈرن نہیں ہوئی ہے جو اپنی لڑکیوں کو گھر سے تنہا نکلنے کی اجازت دے دیں۔" اس کا لہجہ کسی حد تک سرد ہو گیا تھا۔

"وہ کہیں دور نہیں گئی ہے فاخر بھائی! سائیڈ میں جو فرینڈ ہیں ہمارے ان کے گھر گئی تھی شوفر کے ساتھ' میں دیکھتی ہوں

www.pdfbooksfree.pk

اسے۔" عادلہ گویا جان چھڑا کر وہاں سے کچن میں آئی تھی۔

"ممی! مارے گئے لگتا ہے فاخر بھائی کو شک ہو گیا ہے وہ عائزہ سے ملنا چاہ رہے ہیں' حالاں کہ آج سے قبل ایسا نہیں ہوا تھا۔"

"تم مزید پریشان مت کرو مجھے اس نے پہلے بھی مجھ سے کہا تھا وہ عائزہ سے ملنا چاہتا ہے اور میں نے اس خوف سے کہ عائزہ کچھ الٹا سیدھا نہ کہہ دے فاخر کو اسی لیے ٹالتی رہی تھی لیکن اب مجھے کچھ سوچنا ہی پڑے گا' عائزہ دن بہ دن ہاتھوں سے نکلتی جا رہی ہے۔" وہ اندر آتی عائزہ کو دیکھ کر سخت لہجے میں بولیں۔

☆

"ارے میری بچی آ گئیں تم۔" دادی نے ہمیشہ کی طرح اس کو لپٹاتے ہوئے محبت سے کہا اور ہاتھ پکڑ کر اپنے قریب ہی بٹھا لیا تھا۔

"بہت یاد آ رہی تھی آپ کی یہ بتائیں درد کیسا ہے آپ کی ٹانگوں کا؟"

"ویسا ہی ہے جیسا تھا' بوڑھاپے کی بیماریاں ہیں بیٹی۔"

"چلیں آپ لیٹیں میں آپ کی ٹانگیں دبا دیتی ہوں۔"

"تمہاری یہی خدمتیں تو یاد آتی ہیں' مجھے کام تو وہ ہی اچھا لگتا ہے جو بغیر کہے کیا جائے اپنی خوشی اور محبت سے۔" وہ لیٹتے ہوئے اطمینان بھرے لہجے میں گویا ہوئیں وہ ٹانگیں دبانے لگی' جب اچانک اس کی نگاہ ٹیبل پر رکھے پھولوں پر پڑی تھی۔

"دادی جان! یہ پھول کون لایا؟"

"وہ آیا تھا شہریار! وہ ہی لایا ہے یہ ڈھیروں پھول۔"

"وہ کیوں آیا تھا؟ اور کیا یہاں بھی آیا تھا' ہمارے روم میں؟" اس کے لہجے کی ناپسندیدگی محسوس کر کے دادی نے اس کی جانب دیکھ کر کہا۔

"پری..... بیٹی! وہ لڑکا بُرا نہیں ہے جو ہم اس کو سمجھتے تھے۔"

"دادی جان سب جاننے کے بعد آپ یہ کہہ رہی ہیں؟ دکھ ہو رہا ہے مجھے آپ کی بات پر' آپ ایک گرے ہوئے شخص کی تعریف کر رہی ہیں۔ کیا ہوا ہے آپ کو؟" وہ سخت کبیدگی سے گویا ہوئی۔

"دیکھو بات سمجھنے کی کوشش کیا کرو' آتے ہی اب تم منہ پھلا کر مت بیٹھ جانا' تم سے زیادہ لوگوں کی پہچان ہے مجھے۔"

"جی جی مجھے معلوم ہے کتنی پہچان ہے آپ کو' کوئی بھی آ کر آپ کی ہاں میں ہاں ملائے گا تھوڑی سی تابعداری و تمیز و تہذیب کا مظاہرہ کرے گا اور آپ اس کے کردار اور اخلاق کی معترف ہو جائیں گی۔" پری کو سخت اشتعال آ رہا تھا دادی کی سادگی اور شیری کی مکاری پر اس نے دادی کو گرفت کرنے کی پلاننگ کی تھی۔

"ہاں! تم تو بڑی علامہ ہو اب عقل تم سے ہی تولوں گی میں۔"

"کچھ بھی ہو دادی جان! وہ شخص اب یہاں نہیں آئے گا۔"

"میرے کان مت کھاؤ' جا کر اپنے باپ کو کہو وہ پابندی لگائے اس پر میں بھلا کسی پر کس طرح روک ٹوک کر سکتی ہوں۔"

"پاپا کی نہیں وہ آپ کی اجازت سے یہاں تک آیا ہے دادی جان آپ ہی منع کریں گی' بس....." اس کے انداز میں ضد تھی۔

"عجیب دھونس ہے تمہاری پری! بچوں کو ایسی دھونس اور ضد نہیں کرنی چاہیے' معافی مانگ کر گیا ہے تمہارے فوٹو بنانے پر بار بار معذرت کر رہا تھا کہ غلطی سے وہ حرکت کر بیٹھا تھا۔" دادی نے اپنے لہجے کو نرم کیا تھا۔ وہ کچھ نہیں بولی خاموشی سے



اپنا کام کرتی رہی اس کا موڈ آف ہو گیا تھا۔

"اچھا تم کہتی ہو تو نہیں بات کرتی میں شہریار سے' چلو اب تو خوش ہو جاؤ اور میرے لیے چائے بنا کر لاؤ۔ تمہارے پیچھے تو چائے میں سواد نہیں آیا اب تمہارے ہاتھ کی چائے پیوں گی تو قرار ملے گا۔" وہ کچن میں جانے کے لیے لاؤنج کے قریب سے گزری تو فاخر اس سے مخاطب ہوا تو مجبوراً اس کو بھی رک کر سلام دعا کرنی پڑی۔

"شاید آپ بھی کہیں سے آ رہی ہیں؟" وہ مسکرایا تھا۔

"جی! میں نانو کے ہاں گئی ہوئی تھی آپ بیٹھیں نا پلیز۔"

"نہیں! اب میں چلتا ہوں ممی انتظار کر رہی ہیں میرا۔" رسٹ واچ دیکھتا ہوا کہنے لگا۔

"میں ممی کو بلاتی ہوں' آپ تشریف رکھیں فاخر بھائی!" وہ اس سے کہہ کر صباحت کے کمرے کی طرف جا رہی تھی معاً عادلہ کے کمرے سے آنے والی آوازیں سن کر رک گئی تھی۔

"کیا ہوا ہے تمہیں عائزہ! کیا ہوا ہے تمہارے ساتھ' کیوں خاموش ہو اس قدر کچھ بتاؤ تو سہی۔" صباحت کی آواز میں پریشانی تھی۔

"اداکاری کر رہی ہے یہ' اب اس کو معلوم ہے ممی کو پتا چل گیا ہے' یہ راحیل سے ملنے گئی تھی اور یہاں فاخر بھائی اس سے ملنے آئے ہیں۔ اب خود کو بچانے کے لیے اس کو یہ ڈرامہ تو کرنا ہی ہے..... ہونہہ!" عادلہ کسی ناگن کی طرح پھنکار رہی تھی اور پری کی سمجھ نہیں آ رہا تھا وہ کمرے میں جا کر اطلاع دے فاخر کے جانے کی یا واپس یہیں سے لوٹ جائے' اندر سے آوازیں بڑھتی جا رہی تھیں۔

"چپ کر جاؤ عادلہ! دیکھ رہی ہو یہ شاکڈ ہے۔"

"شاکڈ ہے' گھر تک صحیح سلامت آ گئی اور گھر میں آ کر شاکڈ ہو گئی ہے' وہ خدایا! کتنی ٹاپ کی ایکٹریس ہے یہ عائزہ بھی۔"

"جا کر ذرا فاخر کو تو دیکھو وہ جانے کی کہہ رہا تھا' کولڈ ڈرنک ہی دے دو اس غریب کو' آئی ہوں میں ابھی' کیا سوچے گا وہ کہ مجھے لاؤنج میں چھوڑ کر غائب ہو گئی ہیں۔" عادلہ کی زبان دھڑا دھڑ طنزوں کے تیر برسا رہی تھی جب کہ عادلہ کسی مورت کی مانند بے حس و حرکت بیٹھی تھی کہ وہ ہمت کر کے راحیل کے فلیٹ سے نکل آئی تھی۔ اس کے ٹوٹے پھوٹے زینے کی سیڑھیوں سے کئی بار گری تھی جس سے اس کے کپڑے گندے ہو گئے تھے جسم میں کئی جگہوں پر چوٹوں سے خون رسنے لگا تھا۔

بڑی مشکل سے وہ ٹیکسی میں گھر تک پہنچی تھی اور گھر آتے ہی اس کے حوصلے بکھر گئے تھے اس کو ہر طرف خون بہتا ہوا دکھائی دے رہا تھا' اس کے اعصاب شل ہو گئے تھے۔

"ممی! آپ جائیں میں ہوں اس کے پاس۔" اس نے بے پروائی سے کہا۔ پری نے اندر جانا مناسب نہیں سمجھا وہ کچن میں چلی آئی۔

"میرے جانے کے بعد تم کو خیال رکھنا ہے عائزہ کا وہ کوئی پھر الٹی سیدھی حرکت نہ کر بیٹھے اس سے ہمارے خاندان کی رسوائی و بدنامی ہو گی۔" طغرل کی آواز اس کی سماعتوں میں گونجی تھی اور ساتھ ہی عائزہ کی دل خراش چیخ بھی گونجی اور ساتھ بھاگتے قدموں کی آوازیں بھی۔

(ان شاء اللہ باقی آئندہ ماہ)

www.pdfbooksfree.pk





# گئی رُت کا ملال

سدرہ سحر عمران

مدت کے بعد ہے وہ ستم گر ملا مجھے
جس کی مجھے تلاش تھی گوہر ملا مجھے
میں چاہتی تھی وہ فقط میرا ہو ہمسفر
وہ میری کائنات سے بڑھ کر ملا مجھے

اورآج پورے چار برس بعد یہ چہرہ میرے مقابل تھا۔ یہ چہرہ جو کبھی میرے دل میں بستا تھا مگرآج مجھے اتنا اجنبی کیوں لگ رہا تھا۔اس کی سیاہ آنکھوں میں اس قدر ویرانی اور وحشت تھی کہ میرا سارا جوش وخروش ماند پڑ گیا تھا۔ یہ واقعی زینب امین تھی یا مجھے غلط فہمی ہوئی تھی۔

”زینب! یہ تم ہو؟“ میری آواز مجھے خود بھی اجنبی لگی تھی اوراس کے لبوں پر زخمی مسکراہٹ بکھر گئی۔

”چار سال اتنے طویل تو نہیں ہوتے کہ تم مجھے پہچان ہی نہ سکو۔ وہ شکستہ کواڑوں کے سامنے سے ہٹ گئی تھی مگر میرا بے جان وجود ہلنے سے انکاری تھا۔

”آجاؤ اندر...... میرا گھر تمہارے شایان شان تو نہیں ہے مگر قبرستان ایسے ہی ہوتے ہیں۔“

”زینب! تمہیں کیا ہوگیا ہے تم اتنی بدل گئی ہو؟“ میرے لہجے میں ابھی تک حیرت پنہاں تھی۔

”جن کی قسمت بدل جائے ان کے چہرے نہیں دیکھا کرتے۔“ اس نے لکڑی کی پرانی طرز کی بے رنگ کرسی اپنے آنچل سے صاف کرکے میرے سامنے رکھ دی۔ میں نے اس کے زرد چہرے کے سیاہی مائل نقوش کو دیکھا۔ ”چار سال چار صدیوں میں کیسے بدل گئے زینب! یہ وقت اتنا طویل نہیں تھا کہ تمہیں گھر سے کھنڈر بنادیتا۔“

”جب دل کھنڈر ہوجائے تو ظاہر کی پروا کسے رہتی ہے۔ تم بیٹھونا! میں چائے بنا کرلاتی ہوں۔“

”نہیں، تم یہاں بیٹھو میرے پاس۔ مجھے بتاؤ کہ تمہیں کیا ہوا ہے؟“ میں نے اس کا ہاتھ کھینچ کر اپنے سامنے بٹھالیا۔

”مجھے کچھ نہیں ہوا ہے۔ میں بالکل ٹھیک ہوں تابی!“ وہ زبردستی مسکرائی۔ ”اپنے نصیب کا لکھا بھگت رہی ہوں، مقدر ناانصافی پر اتر آئے تو انسان کھنڈر ہی ہوجاتا ہے۔ تم سناؤ، شادی وادی کی؟“

”نہیں...... تم نے کرلی؟“

”ہاں......“ اس نے آنکھوں کو زور سے جھپکا۔ ”باہر چارپائی پر جو شخص لیٹا ہے، تم نے دیکھا نہیں اسے؟“

”باہر...... وہ جو......؟“ میرے ذہن میں جھلنگا چارپائی پر بے سدھ لیٹا ستر اسی سال کا بوڑھا جس کے گدلے چہرے پر مکھیاں بھنک رہی تھیں، کا عکس سرسرایا۔ اسے دیکھ کر میرا دل متلانے لگا تھا۔ نشئی ایسے ہی تو ہوتے ہیں۔

”ہاں، وہ ہی تو میرے مجازی خدا ہیں۔“ وہ اب بھی مسکرا رہی تھی مگر آنکھیں ساتھ دینے سے انکاری تھیں۔

www.pdfbooksfree.pk

"کیا!" میرے ہاتھوں سے قیمتی موبائل فون پھسل گیا۔ شاک کے باعث میری آنکھیں پھٹ گئیں۔ "تم..... تم سچ کہہ رہی ہو زینب!"

"زینب کے ساتھ تو خود زندگی نے مذاق کیا ہے اب زینب کسی کے ساتھ مذاق نہیں کرتی۔" اس قدر زہر اور تلخیاں تھیں اس کے لہجے میں..... میں بے ساختہ رونے لگی۔

"تم کیوں رو رہی ہو تابی! رونا تو مجھے چاہیے مگر کیا کروں اب تو آنسو بھی خشک ہو گئے ہیں۔" اس نے میرا سر اپنے شانے سے لگالیا۔

❀.....❀.....❀

بے تابی سے برستی شفاف پانی کی بوندیں کھڑکی کے شیشے پر پھسلتی جارہی تھیں۔ سبز پتوں کی جھنکار کے سنگ بوندوں کا رقص جاری تھا۔ باہر آسمان رو رہا تھا تو اندر میرا دل..... میں جو چار برسوں سے آنسوؤں پر بند باندھتی آرہی تھی' آج سارا ضبط چھلک گیا تھا۔

"زینب امین! میری محبت کا خوب صورت چہرہ! آج اس کا بچھڑا ہوا وجود دیکھ کر ہر عضو آنکھ بن کر برسنے لگا تھا۔ جب میں نے پہلی بار اسے دیکھا تو وہ فسوں خیز فسانوں جیسی تھی۔ اس کا سلونا چہرہ اور اس پر جگمگاتی طلسمی آنکھوں میں بلا کی پراسراریت تھی۔ میں اسے کھوجنے کی چاہ میں اس کی ذات میں داخل ہوتی چلی گئی۔ حالانکہ میرے اور اس کے منصب میں زمین آسمان کا فرق تھا' میں حویلی کے وارث کی واحد نشانی تھی تو وہ ہمارے جدی پشتی ملازم امین بخش کی اولاد۔ میرا اور اس کا کوئی میل نہیں تھا پھر بھی ہم ایک دوسرے کا سایہ بن گئی تھیں۔ میں نے اسے کبھی خود سے کمتر نہیں جانا' میرے نزدیک وہ صرف میری مخلص سہیلی تھی گو کہ مجھے ہر قدم پر احساس دلایا گیا تھا کہ کمی کمین لوگوں کو اتنا منہ نہیں لگاتے مگر میں نے کبھی اتنی سطحی باتوں پر توجہ دینے کی کوشش نہیں کی تھی۔ ہم دونوں کا درد مشترک تھا' زخم یکساں تھے' تو دل بھی قریب ہو گئے تھے۔ میں نے "مرتبے" کی پرواہ نہیں کی تو وہ بھی احساس کمتری سے نکل آئی تھی۔ خضراں اس کی سوتیلی ماں تھی۔ مگر دونوں کی عمروں میں تین چار برس کا فرق تھا اس لیے دونوں کی خوب بنتی تھی۔ اس کی ماں تو اسے جنم دیتے ہی زندگی کی بازی ہار گئی تھی' اس کے بابا اس وقت زندہ تھے۔

❀.....❀.....❀

ایزی چیئر کو جھلاتے ہوئے میں نے اسٹڈی ٹیبل کی دراز سے سیاہ مخملی ڈائری نکال لی۔ چار سال سے یہ ڈائری میری ٹیبل کی دراز میں بند تھی۔ چار سال پہلے میں نے آخری بار کب لکھا تھا' مجھے یاد نہیں تھا۔ میری زندگی کی تلخ یادیں اس سیاہ ڈائری میں مقید تھیں۔ میں نے اس کا پہلا صفحہ کھولا تو زینب کے ہاتھ سے لکھی ہوئی نظم نے میری پلکیں پھر سے نم کر دی تھیں۔ اسے شاعری وغیرہ سے کوئی شغف نہیں تھا میرے اصرار کرنے پر یہ نظم اس نے بہت مشکلوں سے لکھی تھی۔

اسے تو ہوش ہی نہ تھا
کھلی ہتھیلیوں پر جو نصاب ہجر لکھ گیا
وہ وقت کیسے تھم گیا
کہ پھر سحر نہ ہو سکی
اسے خبر نہ ہو سکی
شاہراہ فراق نے ستارہ سحر سے کیا کہا
کہ پھر سحر نہ ہو سکی
قبیلہ فراق میں
جو دل میں ہے نہ کہہ سکیں
کہ اختیار کا رواج ہی نہیں
قبیلہ فراق میں "خراج"
نہیں ہے جرأت تکلم بھی
کہ دنیا میں قدم رکھتے ہی
گروی رکھ چکی ہوں میں
غموں کی شام بھی' صبح بھی تبسم بھی

"یہ نظم میں نے خاص طور پر تمہارے لیے لکھی ہے تابی! فی الحال تم ہی میری دوست ہو' میری محبوب ہو۔"



سیاہ مارکر ٹیبل پر رکھتے ہوئے وہ نظم دوبارہ پڑھنے لگی۔

"دوست کی حد تک تو ٹھیک ہے' یہ محبوب وجبوب کا چکر رہنے دو۔ خوامخواہ میں مجھے تم سے رومینس جھاڑنا پڑے گا۔" میں نے کہا تو وہ کھلکھلا کر ہنس دی۔

"اور اب تو یوں لگتا ہے جیسے تمہارے لب کبھی مسکرائے ہی نہیں زینو!" میں نے ہتھیلی سے آنسو مسل ڈالے' اگلے صفحے پر چودہ ستمبر انیس سو چھیاسی کی تاریخ رقم تھی' اس وقت میں سولہ برس کی ہو چکی تھی' یہ ڈائری مجھے ارمغان حجازی نے گفٹ کی تھی۔ میرا ذہن سولہ برس پیچھے چلا گیا۔

❀.....❀.....❀

زینب کو میں نے پہلی بار آٹھ برس کی عمر میں دیکھا تھا' وہ اپنی ماں خضراں کے ساتھ پہلی مرتبہ حویلی میں آئی تھی۔ خضراں' امان بخش کی دوسری بیوی تھی' زینب کی ماں چند سال قبل ہی کرنٹ لگنے سے فوت ہو گئی تھی۔ خضراں کا بیٹا سجاول جو ابھی پانچ برس کا تھا اکثر اس کے ساتھ آتا تھا لیکن زینب پہلی بار آئی تھی۔

"خضراں' یہ تمہارے ساتھ کون ہے؟" سترہ سالہ خضراں کو میں اس کے نام سے ہی بلاتی تھی۔

"یہ میری بیٹی ہے بی بی صاحب! زینب نام ہے اس کا..... اس کو حویلی اندر سے دیکھنے کا بہت شوق ہے' میں نے کہا چل آج حویلی اندر سے بھی دیکھ لے۔"

"بیٹی.....؟" میں نے استعجابیہ نظروں سے گیارہ سالہ زینب کو دیکھا جس کے سلونے صحت مند چہرے پر سیاہ آنکھیں اس قدر سحر خیز لگ رہی تھیں کہ میں وفور شوق سے اسے دیکھتی چلی گئی۔

"امان بخش کی پہلی زنانی کی کڑی ہے جی زینب' تو میری بیٹی لگی نا!" اپنے لمبے پراندے کے گھنگرو چھنکاتے ہوئے وہ بڑی بڑی آنکھیں پٹ پٹا کر کہہ رہی تھی۔

"اچھا..... اچھا" میں نے سمجھداری کا مظاہرہ کرتے ہوئے زور سے سر ہلایا پھر اس گھبرائی سی لڑکی کی طرف مڑی۔ "تو تمہارا نام ہے زینب۔ مجھ سے دوستی کرو گی؟"

"جی۔" وہ میری پھیلی ہتھیلی کو حیرت سے دیکھنے لگی۔ خضراں نے نفی میں سر ہلایا۔

"رہن دو جی..... بانو آپا کو غصہ لگے گا۔ وہ تو اپنی بیٹیوں کو سجاول سے بات کرنے پر بھی ڈانٹتی ہیں۔"

"خضراں! تم پچن میں جاؤ اور زینب تم میرے ساتھ پائیں باغ میں چلو۔" میں نے اس کا ہاتھ تھام کر خالص مالکوں والے انداز میں خضراں کو انگلی سے اشارہ کیا۔

"جی بی بی!" وہ مزید بحث سمیٹ کر دالان کی طرف مڑ گئی۔ میں زینب کا ہاتھ تھامے باغ میں چلی آئی۔

"میرا نام تاباں ہے..... تاباں فاروقی..... تھرڈ کلاس کی اسٹوڈنٹ ہوں اور تم.....؟"

"میں بھی۔" وہ قدرے مطمئن ہو گئی تھی میرا انداز دیکھ کر۔

"کون سے اسکول میں پڑھتی ہو تم.....؟ میں نے تو اپنے اسکول میں تمہیں کبھی نہیں دیکھا۔"

"میں آپ والے اسکول میں تھوڑی پڑھتی ہوں' وہ تو بہت مہنگا اسکول ہے جی..... میں تو یہاں ماسٹر فیض احمد کے اسکول میں پڑھتی ہوں جو آپ کے دادا نے بنایا تھا' گاؤں کے بچوں کے لیے۔" وہ خاصی باتونی لگ رہی تھی۔

"کتنے بہن بھائی ہیں تمہارے؟"

"میں ایک ہی بہن ہوں..... بھائی سجاول..... مجھ سے چھ سال چھوٹا ہے آپ نے دیکھا ہوگا۔"

"ہاں سجو..... اسے تو میں نے دیکھا ہے' مجھے بہت اچھا لگتا ہے' میری بہت بنتی ہے اس سے..... تمہیں پانچا کھیلنا آتا ہے۔"

"ہاں جی' آتا ہے۔"

"چلو آؤ کھیلتے ہیں۔" میں نے بنچ کی سائیڈ پہ رکھی گیند اور ٹھیکریاں اٹھائیں۔

یہ میرا زینب امین سے پہلا تعارف تھا۔

❀.....❀.....❀

www.pdfbooksfree.pk

"مجھے تو سیب بہت اچھے لگتے ہیں' تمہیں جانے کیوں پسند نہیں۔" خضراں سنہری سیبوں کی نفاست سے کاٹی ہوئی قاشیں میرے سامنے رکھ گئی تھی مگر مجھے تو ثابت سیب کے بڑے بڑے بائٹ لینے میں مزہ آتا تھا۔ تیز تیز جھولا جھولتی ہوئی میں ایک ہاتھ سے سیب کھا رہی تھی تو دوسرے سے رسی تھامی ہوئی تھی۔

"مجھے تو بس کینو پسند ہیں۔" اس نے آنکھیں پٹپٹائیں۔

"تو کینو بھی پڑے ہیں نافریج میں..... لے آؤ۔" میں نے رفتار آہستہ کی۔

"نہیں نہیں....." اس نے نفی میں سر ہلایا۔ "مجھے نہیں کھانے....."

"ارے واہ! کھانے کیوں نہیں؟ خضراں! خضراں!"

"سچی تاباں مجھے نہیں کھانے....." وہ ایک دم گھبرا گئی تھی۔ میں جھولا روک کر حیرت سے اسے دیکھنے لگی۔

"تمہیں کیا ہوا؟ اتنی گھبرا کیوں رہی ہو؟"

"تم آؤنا..... انگلش کا سبق یاد کرتے ہیں۔ صرف چار دن رہ گئے ہیں امتحانوں میں۔"

"مجھے یاد ہے سب۔" میں چھلانگ لگا کر نیچے اتری۔

"تو مجھے گرامر ہی سمجھا دو۔" میرے بار بار ٹوکنے پر وہ "آپ" کہنا چھوڑ چکی تھی۔

"چلو اچھا' ویسے گرامر تو میری اپنی بھی ایویں ہے۔ غنی سے کہتی ہوں اگر پھپھو نے اسے آنے دیا تو.....؟"

"نہیں تابی ان سے نہیں کہنا' کل بھی شاہ جی نے بہت ڈانٹا تھا انہیں۔"

"شاہ جی کو تو شوق ہے ہر کسی کو خوامخواہ میں ڈانٹنے کا..... میں بلاتی ہوں اسے۔"

"تاباں....." تاباں" وہ مجھے منع کرنا چاہ رہی تھی اور میں پونی جھلاتی مہمان خانے میں چلی آئی۔ ارمغان' بانو پھپھو کے شکنجے میں پھنسا ان سے 'عقل و دانش' کی کلاس لے رہا تھا۔

"غنی.....!" میں نے پردہ سرکا کر اندر جھانکا۔

"ہاں!" وہ فوراً اٹھا تو پھپھو ناگواری سے مجھے دیکھنے لگیں۔

"مجھے گرامر! سمجھا دو گے؟"

"ہاں..... ہاں کیوں نہیں۔"

"اس نے تمہیں سمجھانے کا ٹھیکا نہیں لے رکھا' جو ٹیوٹر رکھا ہے وہ کس مرض کی دوا ہے؟"

"اس بڈھے کھوسٹ کی مجھے ایک سمجھ نہیں آتی۔" میں نے ناک چڑھا کر کہا۔

"تو وہ پیسے کس بات کے لیتا ہے؟" بابا کی وجہ سے وہ انداز دھیما رکھ کے بات کرتی تھیں۔

"پتا نہیں..... یہ تو آپ اس سے پوچھئے گا! غنی! باغ میں آجاؤ۔"

"اسی سے سمجھنا جو سمجھنا ہے۔ غنی! تم جاؤ' میں نے جس کام کا کہا ہے پہلے وہ کرو۔"

"چاچی مارکیٹ شام میں کھلتی ہے' ابھی تو چار بجے ہیں۔ میں دوپٹا پھرلا دوں گا' اگر تاباں کو ٹیوٹر کی سمجھ نہیں آتی تو میں سمجھا دیتا ہوں' حرج ہی کیا ہے؟"

"جسے ٹیوٹر کی سمجھ نہیں آتی اسے تمہاری کیا آئے گی۔ توجہ ہے ہی نہیں پڑھنے کی طرف..... الٹے سیدھے کام جتنے مرضی کروالو۔" انہیں ارمغان کی بے تابی ایک آنکھ نہیں بھائی۔

"چلو تابی!" وہ میرے پیچھے چلا آیا۔

"مجھے نہیں' زینو کو بھی ہے' زینو کا پی لے آؤ۔"

"مگر....." وہ متذبذب ہو کر مجھے دیکھنے لگا۔

"اچھا! اپنی چاچی کا ڈر ہے تو میں بھی بیٹھ جاتی ہوں۔"

"نہیں' میں چاچی سے نہیں ڈرتا۔" وہ بینچ پر بیٹھ گیا۔

"پتا ہے' پتا ہے" میں نے صاف مذاق اڑایا تھا۔ وہ خجل ہو کر کاپی دیکھنے لگا۔

❀.....❀.....❀



بابا کی طبیعت اکثر ہی خراب رہتی تھی۔ پتا نہیں انہیں کیا مرض تھا۔ میں نے انہیں زیادہ تر سوتے ہی دیکھا تھا۔ جب میں چھوٹی تھی تو وہ اکثر میرے ساتھ کھیلتے' ہنستے' کھلکھلاتے اور بہت سی باتیں بھی کرتے تھے لیکن ان تین برسوں میں جانے انہیں کیا ہو گیا تھا' وہ ایک بار شدید بیمار ہو گئے تھے۔ انہیں ٹائیفائیڈ ہوا تھا گو کہ وہ ٹھیک بھی ہونے لگے تھے مگر پھر پہلے کی طرح تندرست نہیں ہو سکے تھے۔ پھپھو مجھے ان کے پاس جانے نہیں دیتی تھیں۔ ان کے خیال میں میں انہیں ڈسٹرب کرتی تھی۔ مجھے ان سے محبت تو بہت تھی مگر ان کی طویل بیماری نے مجھے الجھا دیا تھا۔ دس گیارہ برس کی عمر میں قدرے سمجھ دار ہو چکی تھی' یا خبر نہیں جن کی مائیں نہ ہوں' انہیں وقت پہلے سمجھدار کر دیتا ہے۔ انہی دنوں میں نے خضراں کی آنکھوں میں بے پناہ خوف و ہراس بکھرا دیکھا تھا' وہ پہلے کی طرح پٹر پٹر باتیں بگھارتا اور اونچے اونچے قہقہے لگانا بھولی ہوئی تھی' مجھے اس کی باتیں سن کر مزہ آتا تھا مگر وہ جانے کیوں چپ چپ رہنے لگی تھی۔ میرے چھٹی جماعت کے امتحان ہو چکے تھے جبکہ زینب کے جاری تھے۔ وہ زیادہ تر گھر میں رہنے لگی تھی' ارمغان بھی میٹرک بورڈ کے پیپرز دے رہا تھا۔ میں سخت بوریت محسوس کر رہی تھی۔ نغمانہ باجی مجھ سے پانچ سال بڑی تھیں' اور پڑھنے کی غرض سے اپنے ددھیال میں رہتی تھیں' ثمرانہ ان سے دو سال چھوٹی اور اپنے آپ میں گم رہنے والی لڑکی تھی۔ سونیا سے تو میری بنتی ہی نہیں تھی' اسے شروع سے ہی پرخاش رہی تھی مجھ سے..... ہر وہ چیز جو مجھے پسند آتی وہ اس پر ہاتھ رکھ دیتی اور پھر میری طرف تمسخر سے دیکھتی تو میرا معصوم دل جل کر کوئلہ ہو جاتا۔ پھپھو کو ہر وقت نت نئے ریشمی کپڑے اور کئی تولہ سونا خود پہ لادے رہنے کا ہوکا تھا۔ سارا دن گاؤں اور مزارعوں کی عورتوں کے سامنے شیخیاں بگھارتی رہتیں۔ حالانکہ یہ حویلی میرے بابا کے نام تھی' مگر اس پر بانو پھپھو اور ان کے شوہر احمد شاہ حکمرانی کرتے تھے۔ دراصل میرے دادا خضر حیات کی دو ہی اولادیں تھیں۔ بانو پھپھو اور میرے بابا حسنین فاروقی..... پرانے وقتوں کی مستطیل طرز پر بنی یہ سرخ حویلی میرے دادا نے اپنی زندگی میں ہی بابا کے نام کر دی تھی' میرے دادا پر جلال شخصیت کے انصاف پسند انسان تھے' ان کے سوتیلے بھائی مہتاب فاروقی البتہ ان سے بہت مختلف تھے۔ خاصی جابر اور عیاش طبیعت پائی تھی انہوں نے..... اس لیے دادا ان سے سخت نالاں رہتے تھے اور پھر جب انہوں نے اپنی بائیس سالہ پرانی منگنی توڑ کر غیر خاندان کی لڑکی سے شادی کی تو پوری برادری نے ان سے قطع تعلق کر لیا تھا۔ دادی صغریٰ خانم بیوہ لیکن کروڑوں روپے کی جائیداد کی مالکہ تھیں۔ مہتاب فاروقی نے ان کی محبت میں شادی کی تھی یا ان کی دولت کی وجہ سے تاہم وہ اپنا کھیل کامیابی سے کھیل چکے تھے۔ احمد شاہ انہی کی اولاد تھے۔ دادا نے تو ان سے ملنا جلنا بھی ترک کر دیا تھا مگر جانے کیسے احمد شاہ ان کے راستے میں آ گئے تھے اور بانو پھپھو کو اپنے جال میں ایسے پھنسایا کہ دادا کی ناپسندیدگی کے باوجود انہوں نے احمد شاہ سے شادی کر لی تھی۔ میرے بابا پھپھو سے بارہ برس چھوٹے تھے اس لیے ان پر رعب بھی بہت تھا۔ وہ شروع سے ہی ان سے دب کر رہے تھے اور جب میری ماں اس گھر میں بیاہ کر آئیں تو پھپھو نے ان کو بھی اپنے رعب میں لے لیا تھا۔ دادی تو عرصہ پہلے ہی انتقال کر چکی تھیں اس لیے اب سرخ حویلی پر اجارہ داری قائم کرنے کے لیے وہ دونوں میاں بیوی میرے ماں باپ کو اپنی جی حضوری پر مجبور کر چکے تھے۔ پھر "میراں" نام کا کانٹا تو بہت جلد ان کی زندگی سے نکل گیا تھا اور پھپھو نے تو شاید زردے کی دیگیں پکائی ہوں گی جس روز میں پیدا ہوئی۔ سب نے ان کی تعریف کی۔ ان کی اعلیٰ ظرفی کو سراہا کہ بھتیجی کی پیدائش پر اتنا جشن منا رہی ہیں لیکن 'بھتیجا' تو ان کے لیے رستے کی دیوار ہی ثابت ہونا تھا اس لیے ان کی خوشی لائق دید تھی اور پھر میری ماں بھی مجھے جنم دینے کے تین دن بعد رخصت ہو گئی تھیں۔ بابا کو پھپھو نے بھی

www.pdfbooksfree.pk

کسی قابل سمجھا ہی نہیں تھا۔ احمد شاہ بھی انہیں ملازم کا درجہ دیتے تھے' بانو آپا اپنے سسرال کے بجائے یہیں رہتی تھیں اور اس کا جواز یہ گھڑا تھا کہ حسنین ابھی حویلی کی ذمہ داریاں سنبھالنے کے قابل نہیں ہوا جبکہ وہ انہیں قابل بنانا ہی نہیں چاہتی تھیں۔

میں بابا سے خود ہی باتیں بگھار کر نچلی منزل کی سیڑھیاں اترنے لگی تو کافی عرصے سے بند پڑے کمرے میں ہلچل سی محسوس ہوئی۔

''یہاں پر کون ہے.....؟'' میں نے ایک کھڑکی سے جھانکا اور اندر کا منظر دیکھ کر میرا سانس رک گیا تھا۔

☆☆☆.....

خضراں بہت چپکے سے مر گئی تھی' کسی کو بھی اس کی خودکشی کی وجہ سمجھ میں نہیں آئی تھی لیکن میرا ننھا سا دل آندھیوں کی زد میں آ گیا تھا۔ احمد شاہ سے تو مجھے پہلے بھی انسیت نہیں تھی اور ان دنوں تو میرا دل چاہتا اپنے چھوٹے چھوٹے ہاتھوں سے اس کا کریہہ چہرہ نوچ لوں۔

''تاباں! لوگ اتنی جلدی کیوں مر جاتے ہیں؟ اماں کی عمر تھی جانے کی محض اٹھارہ سال.....! پتا نہیں انہوں نے خودکشی کیوں کر لی.....؟ ابا بھی ہر وقت روتا رہتا ہے میرا چھوٹا بھائی سارا دن اماں کو ڈھونڈتا رہتا ہے' میں کہاں سے لاؤں اسے.....؟ سجاول کا رونا مجھ سے دیکھا نہیں جاتا۔ میرا دل صدمے سے پھٹنے لگتا ہے' جب وہ مجھ سے پوچھتا ہے کہ باجی اماں حویلی سے واپس کیوں نہیں آئی.....؟'' وہ رو رہی تھی اور میں نے اپنی سسکیاں بہت مشکلوں سے دبائی تھیں۔ ''حویلی والوں کو ان کے جانے سے کوئی فرق نہیں پڑا مگر ہماری تو دنیا اندھیر ہو گئی ہے نا! شاہ جی کتنے سنگدل ہیں' ابھی تین دن بھی نہیں ہوئے میری ماں کو مرے۔ صبح مجھ سے کہہ رہے تھے کہ اگر تنخواہ لینی ہے تو اپنی ماں کی ذمہ داری سنبھال لو۔ ابھی تو میں نے ساتویں کا امتحان پاس کیا ہے۔ اماں کہتی تھی تو نے بہت سارا پڑھنا ہے زینو! وہ مجھے کسی کام کو ہاتھ نہیں لگانے دیتی تھی حالانکہ مجھے بھی یہی کام کرنا ہے ساری عمر پھر بھی.....اور مرنے سے ایک دن پہلے انہوں نے مجھ سے کہا تھا کہ اگر عزت سے جینا ہے تو کبھی حویلی مت جانا زینو! بھوکی مر جانا پر حویلی نہیں جانا۔ اس نے ایسا کیوں کہا تھا تابی!''

''پپ.....پتا نہیں۔'' میں نے گھٹنوں میں سر چھپا لیا۔

''ابا تو پہلے ہی بستر پر پڑا ہے' شوگر نے اس کو کسی کام کا نہیں چھوڑا' سجاول ابھی آٹھ سال کا بھی نہیں ہوا' تیسری میں پڑھتا ہے۔ اگر کوئی کام نہیں کرے گا تو ہم کھائیں گے کہاں سے؟'' وہ اپنے مسئلوں میں الجھی ہوئی تھی اور میں اس کے پاس سے اٹھ کر اپنے بابا کے پاس چلی آئی۔ وہ گہری نیند سو رہے تھے۔ خضراں نے خودکشی کیوں کی تھی' کوئی نہیں جانتا تھا مگر میں جانتی تھی۔

''بابا!'' میں نے ان کے ساکت ہاتھ پر سر ٹکایا اور پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔

❀.....❀.....❀

''زینو! اتنے دن ہو گئے سجو حویلی نہیں آیا' کہیں گیا ہوا ہے؟'' لکڑی کی بینچ پر کتابوں سے گھر بناتے ہوئے میں نے ستون سے ٹیک لگائے گہری سوچ میں گم زینب کی طرف دیکھا۔

''ہاں' اسے عذرا پھپھو لے گئی اپنے ساتھ.....یہاں تو سارا دن روتا ہی رہتا تھا۔ میرے آنسو تو خشک ہو گئے تابی! لیکن سجاول کو ابھی یہ بات سمجھ میں نہیں آئی کہ اماں ہمیشہ کے لیے کھو گئی ہے۔ وہ مجھ سے کہتا تھا 'باجی! اتنی بڑی حویلی ہے' اس میں اتنے کمرے ہیں' اماں مجھ سے ناراض ہو کر پہلے کی طرح کمرے میں چھپ گئی ہو گی۔ تم اسے ڈھونڈ کے لانا۔ اب مجھے کیا پتا اسے کس کمرے کے اندھیرے نے نگل لیا۔''

''تمہاری پھپھو تو کراچی میں رہتی ہے نا!'' مجھے کھلی ہوا میں گھٹن کا احساس ہوا۔

''ہاں.....سجو کراچی چلا گیا ہے۔ پہلے پہلے مجھے اس



کے بغیر نیند نہیں آتی تھی لیکن اب عادی ہو گئی ہوں۔'' وہ اپنی سرخ ہتھیلی کو غور سے دیکھ رہی تھی۔

''تابی! ریکٹ کھیلو گی۔'' ارمغان ریکٹ پر شٹل کاک اچھالتا باغ میں چلا آیا۔

''نہیں۔''

''کیوں یار! دو تین دن سے تم مجھ سے بات نہیں کر رہیں۔ میں نے کل بلایا تو جواب بھی نہیں دیا۔''

''میری مرضی!'' میں کتابیں ترتیب سے رکھنے لگی۔

''مجھ سے کوئی غلطی ہو گئی ہے؟'' وہ میرے مقابل بنچ پر آ کر بیٹھ گیا۔

''تم یہاں کیوں بیٹھے ہو؟ اٹھو یہاں سے.....'' میں نے اسے دھکیلنا چاہا تو اس نے میرا ہاتھ تھام لیا۔

''تابی! بتاؤ تو سہی.....مجھے کیسے پتا چلے گا!''

''تم تمہاری جرأت کیسے ہوئی میرا ہاتھ پکڑنے کی.....؟'' میں نے تڑپ کر ہاتھ چھڑایا تو وہ حیرت سے مجھے دیکھنے لگا۔

''تمہیں کیا ہوا تابی! تم اس طرح کیوں کر رہی ہو؟''

''کہا نا میری مرضی.....! اب دفع ہو جاؤ یہاں سے۔'' میں نے تنفر سے منہ پھیرا۔

''نہیں' اس طرح نہیں .....تم میری اچھی دوست ہو۔''

''کچھ نہیں ہوں میں تمہاری۔ سنا تم نے اور آئندہ مجھے بلانے کی کوشش بھی مت کرنا ورنہ نتیجے کے ذمہ دار تم خود ہو گے۔'' میں نے انگلی اٹھا کر تنبیہہ کی اور تقریباً بھاگتی ہوئی اندر چلی آئی۔

''تمہارے پیچھے کیا کتے لگ گئے ہیں؟'' شاہ جی صوفے پر پھیل کر بیٹھے سگار کے کش لگا رہے تھے۔

''ہاں۔'' میں نے ان کو گھور کر دیکھا۔ ''انسان نما کتے۔''

''ہاہاہا!'' انہوں نے بے ہنگم انداز میں قہقہہ لگایا۔ ''تو اتنی بڑی ہو گئی ہے کہ انسان اور کتے میں تمیز کر سکے؟''

''یہ مشکل نہیں ہے شاہ جی! ہر غلیظ آنکھوں اور بھونکنے والا شخص کتا ہی ہوتا ہے۔''

''اچھا'' انہوں نے سگار ایش ٹرے میں مسل دیا۔ ''میری شہزادی بہت عقل مند ہو گئی ہے۔''

''ہونہہ!'' میں اوپری منزل کی سیڑھیاں چڑھ گئی اور زینب تھوڑی دیر بعد ہی چائے کا کپ لیے میرے کمرے میں آئی تو میں سمجھ گئی کہ اسے کھد بد لگی ہو گی۔

''تابی' ارمغان تو اتنے اچھے ہیں' تم نے اتنی بے عزتی کیوں کی ان کی؟ سچ مجھے تو بہت غصہ آیا تھا تم پر۔''

''کوئی اچھا نہیں ہے زینب' سب نے چہروں پر نقاب چڑھا رکھے ہیں اچھائی کے۔'' میں بیڈ پر اوندھی لیٹ گئی۔

''تیرے ساتھ کوئی بدتمیزی کی تھی اس نے.....؟ میری پشت پر اس کی سیاہ طلسمی آنکھیں چبھنے لگی تھیں۔

''اس کی جرأت ہے مجھ سے بدتمیزی کرنے کی.....؟'' میں جھٹکے سے اٹھ بیٹھی۔

''تو پھر.....؟''

''بس مجھے اچھا نہیں لگتا وہ.....شاہ جی کا بھتیجا ہے نا! اس لیے زہر لگنے لگا ہے۔ میں مانتی ہوں کہ وہ میرا اچھا دوست تھا پر اب میں نے اس سے دوستی ختم کر لی ہے۔''

''تو سچ کہہ رہی ہے! بس اسی وجہ سے تو نے اس کا دل توڑ دیا کہ وہ شاہ جی کا بھتیجا ہے؟'' اس کی آنکھوں میں بے یقینی تھی کیونکہ یہ تو میں شروع سے جانتی تھی کہ وہ شاہ جی کے بھائی کا بیٹا ہے۔

''ہاں.....'' میں نظریں چرا کر چائے کے گھونٹ لینے لگی۔ ''اب یہ موضوع ختم کر دو' میں اس پر مزید کوئی بات نہیں کرنا چاہتی۔''

''تو نہیں بتانا چاہتی نہ سہی پر کوئی بات ہے ضرور.....'' وہ ٹرے اٹھا کر باہر نکل گئی اور میں اپنی جان سے عزیز سہیلی کو وجہ بتا ہی نہ سکی۔

❀.....❀.....❀

میٹرک کے بعد میں نے کالج میں داخلہ لینا چاہا تو پھپھو اور شاہ جی نے صاف انکار کر دیا کہ لڑکیوں کو زیادہ

www.pdfbooksfree.pk

پڑھنا نہیں چاہیے دماغ خراب ہوجاتا ہے۔

"اچھا! تو آپ کی بیٹیاں کیا لڑکیوں میں شمار نہیں ہوتیں؟" میرے لہجے میں طنز سمٹ آیا۔

"تبھی تو کہہ رہے ہیں۔" مجھے پھپھو کی آواز پہلی بار پست لگی تھی۔ جب سے نغمانہ نے اپنے کلاس فیلو کے ساتھ کورٹ میرج کی تھی ان کا انداز قدرے دھیما ہوگیا تھا۔ شاہ جی اس کی صورت دیکھنے کے بھی روادار نہیں تھے مگر اس میں میرا تو قصور نہیں تھا۔

"پھپھو نغمانہ باجی نے اپنی پسند سے شادی کرلی تو اس میں میری کیا خطا ہے؟ اور پھر آپ ہی....."

"تیری خطا ہو نہ ہو بس تجھے نہیں پڑھنا۔" شاہ جی نے ہاتھ اٹھایا۔

"یہ تو آپ کا اپنا فیصلہ ہے نا! اب میرا فیصلہ بھی سن لیں، مجھے ہر صورت میں آگے پڑھنا ہے چاہے کچھ بھی ہوجائے۔" میں ازلی ہٹ دھرمی سے کہہ کر سیڑھیاں اترنے لگی تو ارمغان سامنے آ گیا۔

"کیسی ہو؟" آج پورے ڈیڑھ سال بعد اس نے مجھے بلایا تھا۔

"تم سے مطلب.....؟" میں پاس سے گزر کر دالان میں چلی آئی۔

"یہ میں داخلہ فارم لایا تھا۔" اس نے فارم آگے بڑھایا۔

"تم کیا سمجھتے ہو اس طرح کی ہمدردیاں جتا کر تم میرا دل جیت لوگے؟ یاد رکھنا مسٹر ارمغان حجازی! تاباں حسنین فاروقی نہ تو معذور ہے نہ کم ہمت۔" میں نے فارم پکڑ کر بغور دیکھا۔

"میں احمد چچا اور بانو چچی کو منا سکتا ہوں۔" اس نے قطعی برا نہیں منایا۔

"اس کی ضرورت نہیں ہے۔ جو کام میں خود کرسکتی ہوں اسے دوسروں پر نہیں چھوڑتی..... تم نے زحمت کی شکریہ لیکن میں اتنے گھٹیا کالج میں ایڈمیشن نہیں لینا چاہتی۔" میں نے فارم ٹکڑے کرکے اس پر اچھال دیا۔

"تاباں! تم اچھا نہیں کر رہیں۔" اس کا لہجہ پست تھا۔

"یہ تمہارا دردِ سر نہیں ہے۔" میں سر جھٹک کر جھولا جھولنے لگی۔

"اور ابھی دو ماہ ہی ہوئے تھے کالج میں داخلہ لیے کہ انہی دنوں بابا انتقال کرگئے۔ پہلے وہ بستر پر سوئے رہتے تھے اور پھر قبر میں جا سوئے۔ میرا دکھ بہت بڑا تھا' آنسو ختم ہوگئے درد کم نہیں ہوا تھا۔ واحد زینب ہی تھی جس نے میرا غم بانٹا تھا کہ ارمغان کی تو تعزیت بھی سننا گوارا نہیں کی تھی میں نے..... دنیا دکھاوے کو حویلی پر بھی آزردگیاں اور اداسیاں اتری تھیں لیکن جلد ہی سب سنبھل گئے تھے مگر میرے ذہن میں بابا کی زندگی کی آخری رات آسیب بن کر چمٹ گئی تھی۔

"ڈاکٹر! میرے بابا کو کیا ہوا؟ یہ اس طرح اچانک ....." میں نے ڈاکٹر ادیب حشمت کی طرف آنسو بھری آنکھوں سے دیکھا جو میرے فون کرنے پر بھاگے آئے تھے۔

"بیٹا! مجھے لگتا ہے تمہارے بابا مرے نہیں ہیں' انہیں مارا گیا ہے۔" وہ ڈسٹ بن میں گری ننھی منی بوتلوں کو بغور دیکھ رہے تھے۔

"جی۔" میرے سر پر تو سات آسمان آ گرے تھے۔ اسی وقت شاہ جی تیر کی طرح اندر داخل ہوئے۔

"ہارٹ اٹیک ہوا ہے انہیں ابھی ہسپتال لے جانا ہوگا۔ شیدے! مکھن!" ماتھے سے پسینے کے قطرے پونچھتے ہوئے وہ عجلت سے کہہ رہے تھے۔ میں نے ڈاکٹر کو اور انہوں نے مجھے دیکھا۔

"اس کی ضرورت نہیں ہے شاہ صاحب!" انہوں نے بابا کا ہاتھ آہستگی سے بیڈ پر رکھا۔ "یہ مر چکے ہیں۔"

"جی.....! آپ ہوش میں تو ہیں۔ یہ کیا کہہ رہے ہیں آپ! حسنین اس طرح ..... نہیں..... بانو.....! بانو!" صاف لگ رہا تھا کہ وہ اداکاری کر رہے ہیں۔ ڈاکٹر ادیب خاموشی سے اٹھ کر چل دیئے' میں جہاں کی



تہاں رہ گئی تھی۔ بعد میں میں نے ڈاکٹر ادیب سے بابا کا پوسٹ مارٹم کرنے کا ذکر کیا تو وہ بیان بدل چکے تھے۔ میں جانتی تھی کہ شاہ جی نے ان کی جیب نوٹوں سے بھر دی ہوگی اس لیے ان کے الفاظ بدل گئے مگر اس وقت خاموش رہنے کے سوا میرے پاس کوئی چارہ نہیں تھا۔ زینب میٹرک کے بعد گھر بیٹھ گئی تھی' میں نے اسے بہت اکسایا کہ میرے ساتھ داخلہ لے لو مگر اس نے کہا کہ وہ اپنی اوقات نہیں بھولنا چاہتی۔ میں نے اس سے ڈاکٹر ادیب کا ذکر کیا تو وہ بولی۔

"شک تو بہت سے لوگوں کو ہے لیکن جہاں پیسہ بولتا ہو وہاں انصاف گونگا ہوجاتا ہے' تجھے اگر سچ تک پہنچنا ہے تو آنکھیں کھلی اور زبان بند رکھنی ہوگی۔" اور میں نادان تو نہیں تھی اسی لیے خاموشی کو ہتھیار بنالیا۔

"میں تو سمجھتا تھا کہ تیری بھتیجی بہت شور کرے گی لیکن یہ تو شرافت سے بیٹھ گئی ہے۔ لگتا ہے عقل میں بھی تیرے بھائی پر ہی گئی ہے۔" بابا کے انتقال کے سات دن بعد میں نے شاہ جی کی سرگوشی سنی تھی۔

"ڈرتو مجھے بھی تھا لیکن لگتا ہے صدمے نے زبان گنگ کردی ہے۔ ابھی زیادہ خوش ہونے کی ضرورت نہیں ہے' دن ہی کتنے ہوئے ہیں حسنین کو مرے..... کتنی بے رحمی اور سفاکی سے وہ اپنے سگے بھائی کی موت کا ذکر کر رہی تھیں۔ میں نے سہارے کے لیے ستون تھاما۔

"کیا پیسہ اتنی سفاک حقیقت ہے کہ لہو کو بھی پانی میں بدل دیتا ہے؟"

"اب جلدی سے اس کا رشتہ دیکھ کر چلتا کر۔ کاغذات پر تو انگوٹھے لگوا لیے تھے میں نے اور وہ حویلی کے کاغذات ڈھونڈے تو نے؟"

"پتا نہیں ابا جی نے کس کنوئیں میں پھینک دیئے کاغذات تو نئے بھی بن جائیں گے۔"

"اس پر بھی تو پیسہ لگے گا احمق عورت!"

"اب اس کے سوا کوئی راستہ بھی تو نہیں ہے۔"

"حسنین کو اسی وجہ سے ہی اتنے سال لٹکا کر رکھا کہ کاغذات قبضے میں آجائیں لیکن....." وہ بے چینی سے کہہ رہے تھے اور میں سسکیاں روکنے کی کوشش میں کمرے کی طرف بھاگی تو ارمغان لدا پھندا دیوان کی طرف بڑھ رہا تھا۔

"کیا ہوا؟" وہ ٹھٹک کر رک گیا اور میں چہرے پر ہاتھ رکھے کچن کی طرف بھاگ لی۔ "تابی! بات تو سنو۔" وہ میرے پیچھے لپکا مگر میں نے پوری قوت سے دروازہ بند کیا تھا۔ "آؤچ....." آواز آئی اس کی انگلیاں دروازے میں آ گئی تھیں۔ مارے تکلیف کے اس نے دھڑ سے دروازہ کھولا۔ "تم..... تم سمجھتی کیا ہو اپنے آپ کو....." تکلیف کی شدت کے باعث اس کے ہونٹ کانپ رہے تھے مگر مجھے بے تحاشہ روتے دیکھ کر وہ واپس پلٹ گیا۔ میں زینب کی گود میں سر رکھے بس روئے جارہی تھی۔

❀.....❀.....❀

احمد شاہ حسن اس بار الیکشن میں کھڑے ہو رہے تھے۔ بھرپور تیاریاں جاری تھیں' مزارعوں اور کسانوں کا دل جیتنے کے لیے انہیں اضافی فنڈ بھی دیئے جارہے تھے۔ ارمغان بھی دن رات مصروف تھا اور اس کی مصروفیت میرے تن بدن کو آگ لگا رہی تھی۔ احمد شاہ حسن نے اسے بیٹا بنا کر اپنے ساتھ رکھا ہوا تھا اور وہ بیٹا بن کر دکھا رہا تھا۔ میرے سیکنڈ ایئر کے امتحانات کل ہی ختم ہوئے تھے۔ خوب سونے کے بعد شام کو اٹھی تو ارمغان باغ میں کین کی کرسی پر بیٹھا شیدے اور مکھن کو ہینرز اور اسٹیکر چسپاں کرنے کی ہدایات دے رہا تھا۔

"زینب! یار چائے تو پلادو۔" شام کے سنہری پنکھ پھیلتے ہی باغ میں جھولا جھولنا اور پھل توڑ کر کھانا میرے برسوں کے معمول میں شامل تھا چونکہ یہ باغ حویلی کے پچھواڑے تھا اسی لیے آنے جانے میں بھی آسانی تھی۔ میرون پرنٹڈ لباس کی شکنیں درست کرتی میں جھولے پر بیٹھ گئی' دوپٹے کا ایک سرا زمین کو چھو

www.pdfbooksfree.pk

رہا تھا۔ میرون سوٹ میری گلابی رنگت پر کھلتا بھی بہت تھا۔ اسی لیے ارمغان کی نگاہوں کا ٹھٹکنا مجھے معمول کی بات لگا تھا' اس وقت کئی مزارعے بھی وہیں چلے آئے۔ جانے کیا سوچ کر میں نے شیدے کو بلایا اور اس کے ہاتھ سے اسٹیکر لے لیے۔

''انتخابی نشان' چھتری!'' میں نے احمد شاہ حسن کی بدہیئت تصویر کو دیکھتے ہوئے ہلکا سا قہقہہ لگایا۔ ''حالانکہ ان کا انتخابی نشان تو ''لوٹا'' ہونا چاہیے۔''

''آپ جائیں اندر.....'' ناگواری سے کہتے ہوئے ارمغان نے میرے ہاتھ سے اسٹیکرز لے لیے۔ زندگی میں پہلی بار اس نے مجھ سے اتنے اجنبی انداز میں بات کی تھی۔

''چچ.....چچ.....وکالت پڑھتے ہوئے بھی اس قدر ناانصافی؟'' میں نے تاسف سے سر ہلاتے ہوئے اپنے ہاتھ میں موجود دو درجن کے قریب اسٹیکرز مسل کر نیچے پھینک دیئے۔ شیدا ہکا بکا رہ گیا تھا۔ مزارعے بھی ایک دوسرے کو دیکھنے لگے۔ ارمغان نے مکھن سے ان کو باہر لے جانے کا کہا۔

''کیوں افسانہ بنوا رہی ہیں؟'' وہ پھر مجھ سے دانت پیس کر دھیمے لہجے میں بولا تو میری ہنسی چھوٹ گئی۔

''میں تو تمہیں شاہ جی کا بھتیجا سمجھتی تھی لیکن یہ نہیں پتا تھا کہ تم ان کے زرخرید بھی ہو۔''

''تاباں!'' وہ مارے ضبط کے مٹھیاں بھینچ کر رہ گیا۔ خاموش رہو۔''

''جاؤ شیدے.....مکھن پورے گاؤں میں یہ اسٹیکر لگا آؤ' بینرز لٹکا آؤ۔ میں بھی دیکھتی ہوں کہ جیت ان کی ہوتی ہے یا میری.....'' جھولے سے اتر کر میں نے ارمغان کی آنکھوں میں دیکھ کر کہا تو وہ حیران رہ گیا۔

''تم.....تم ان کے مقابلے پر آؤ گی؟''

''ہاں.....!''

''اتنا آسان سمجھتی ہو الیکشن میں کھڑے ہونا؟ اتنی چھوٹی عمر ہے تمہاری کچھ پتا.....''

''پیسہ ہو تو کچھ مشکل نہیں'' میں شیدے اور مکھن کو دیکھنے لگی جو اشتہاروں پر لئی لگا رہے تھے۔

''اٹھارہ سال کوئی اتنی کم عمر بھی نہیں ہے' ویسے بھی میرا شناختی کارڈ بن چکا ہے۔''

''اچھا مذاق کر لیتی ہو۔'' وہ اب ہنسنے لگا تھا۔

''یہ مذاق ہے یا حقیقت.....تمہیں جلد ہی پتا چل جائے گا۔''

''تاباں!'' میرے لہجے کی سنجیدگی نے اسے خائف کر دیا۔ ''کیوں جانتے بوجھتے کنوئیں میں چھلانگ لگانا چاہتی ہیں؟ تمہیں اچھی طرح معلوم ہے کہ مقابل احمد شاہ حسن ہے جو اپنے راستے کی ہر دیوار کو ٹھوکر سے اڑانے کا فن جانتا ہے۔ تم اتنی نازک اور کمزور سی لڑکی ہو' جذباتی ہو کر سوچتی ہو۔ بھلے وہ میرے چچا ہیں میں ان کی سانپ جیسی فطرت سے اچھی طرح واقف ہوں۔ میں بچپن سے یہاں رہا ہوں۔ ان کی جی حضوری کرتا آیا ہوں' یہ میری فطرت ہے یا میری مجبوری.....لیکن مجھے اقرار کرنے دو کہ اس کی وجہ صرف اور صرف تم ہو تاباں! ہمارے درمیان اب دوستی کا واحد رشتہ بھی ختم ہو چکا ہے تم نے ایسا چاہا تھا میں نے نہیں لیکن میں تمہارا عجیب رویہ دیکھ کر پیچھے ہٹ گیا۔ تم میرے لیے کیا ہو' یہ میں لفظوں میں نہیں بتا سکتا لیکن یہ سچ ہے کہ صرف تمہاری خاطر میں نے.....'' زینب کو آتے دیکھ کر اس کی بات درمیان میں ہی رہ گئی تھی اور میں جو آنکھیں پھاڑے اسے دیکھ رہی تھی ایک دم ہوش میں آئی تھی۔

''بس.....ڈراما ختم ہو گیا ہو تو یہاں سے جاؤ۔ اس قسم کے مکالمے مجھ پر اثر انداز نہیں ہو سکتے۔''

''تاباں تم.....!'' وہ کچھ کہنے لگا تھا مگر پھر لمبے لمبے ڈگ بھرتا وہاں سے چلا گیا۔

''بچارے کو کبھی تو بخش دیا کرو۔'' زینب نے کپ آگے بڑھایا۔

''بخش دوں گی' جب وقت آئے گا۔'' میرا ذہن اس کی باتوں سے کھولنے لگا تھا۔



❀.....❀.....❀

''تابی! ایک دم بے وقوف ہے تو!'' میری بات سننے کے بعد اس نے سرگوشی میں کہا' وہ ادھر ادھر دیکھتے ہوئے مجھے کمرے میں لے آئی اور کرسی پر بٹھا کر میرے قدموں میں بیٹھ گئی۔ ''اگر تجھے شاہ جی کو نیچا دکھانا ہے تو یہ وقت بہت مناسب ہے' تو ارمغان کو سیڑھی بنا سکتی ہے۔ اسے تجھ سے محبت کا دعویٰ ہے تو پتا چل جائے گا کہ کتنے پانی میں ہے۔''

''مطلب؟'' میری آنکھوں میں واضح الجھن تھی۔

''مطلب یہ میری بھولی بھالی مالکن!'' اس کے عنابی لبوں پر مسکراہٹ بکھر گئی۔ ''میں نے کبھی شطرنج کھیلی تو نہیں ہے لیکن واقفیت ضرور ہے' تجھے ارمغان سے کہنا ہے کہ اگر وہ اپنی محبت میں سچا ہے تو اسے وہی کرنا ہوگا جو تو چاہے گی۔''

''اور وہ ایسا کر لے گا؟''

''اسی مہرے کو تجھے چلنا ہے احمق! اگر وہ تیرے لیے سنجیدہ ہوا تو اسے تیرا ساتھ دینا پڑے گا۔ وگرنہ اپنے شاہ جی کا.....''

''مگر زینو.....! میں تو اسے منہ لگانا پسند نہیں کرتی کجا کہ اس سے مدد مانگوں؟'' میں تذبذب میں پڑ گئی۔

''وقت پڑنے پر گدھے کو بھی باپ بنانا پڑتا ہے چندا! شاہ جی کی زمینوں پر جو ڈیرہ ہے اس کی معلومات کروانی ہے تجھے..... ہو سکے تو تصویریں بھی بنوا لینا۔ پر تو شاہ جی پہلے ہی پھسلے۔''

''تجھے کیسے پتا اس ڈیرے کا.....؟''

''سب کو پتا ہے' پورا گاؤں جانتا ہے یہ بھی جانتا ہے کہ وہاں کیا کیا ہوتا ہے۔ شاہ جی پہنچ والے بندے ہیں اسی لیے دال گل رہی ہے وگرنہ پچھلے دنوں جو بخشو موچی کی چودہ سالہ رافیہ کا ریپ کیس ہوا تھا سیدھا جیل کی ہوا کھانی پڑتی پھپو پا صاحب کو.....''

''شاہ جی کے خاص بندوں نے کیا تھا ایسا.....شاہ جی تو.....'' میں نے کمزور سی آواز میں کہا۔

''ڈوریاں تبھی ہلتی ہیں جب انہیں ہلایا جائے اور ہلانے والے ہاتھ نظر تو نہیں آتے لیکن کٹھ پتلی تماشہ سبھی دیکھتے ہیں۔ عاصم رافیہ کا بھائی آیا تھا نا اس دن' دیکھی تھی اس کی حالت.....؟'' اس کی سیاہ طلسمی آنکھیں سرخ ہونے لگی تھیں۔ میں کچھ دیر اسے دیکھتی رہی پھر آہستگی سے بولی۔

''میری تو شاہ جی سے دشمنی کی وجہ واضح ہے زینو پر' تو ان سے اتنی نفرت کیوں کرتی ہے؟''

''صرف میں نہیں گاؤں کا ہر فرد ان سے نفرت کرتا ہے تاباں! ابلیس سے کوئی محبت کر سکتا ہے؟ تمہارے دادا جی نے اس گاؤں کو جو عزت' شہرت' ترقی اور مان دیا تھا شاہ جی نے گلیوں کی راکھ بناڈالا۔ آج کوئی لڑکی اس ڈر سے گھر سے باہر نہیں نکلتی کہ شاہ جی کے پالتو کتوں کی نظر نہ پڑ جائے اس پر.....جس کا جب جی چاہتا ہے لڑکی اٹھا لیتا ہے' عورت کو بازاری شے بنا کر رکھ دیا ہے۔ میرا اس گھر کے سوا کوئی آسرا نہیں رہا' جب سے ابا کا انتقال ہوا ہے' آخری پناہ گاہ بھی یہی بن گئی ہے۔ سجاول وہاں کراچی میں کام کرنے لگا ہے۔ میں نے اسے بلایا تھا مگر وہ کہتا ہے کہ تم کراچی آجاؤ۔ میں کراچی کیسے جاؤں.....؟ صرف تمہارا آسرا ہے مجھے جو شاہ جی کے عتاب سے بچی ہوئی ہوں وگرنہ ان کی غلیظ نظروں سے گھن آتی ہے مجھے.....اور تم نفرت کی وجہ پوچھتی ہو؟ میں تو یہ سوچ کر حیران ہوتی ہوں تابی! جن کے اپنے گھر میں بیری ہو وہ دوسروں کے آنگن میں پتھر کیوں اچھالتے ہیں؟''

''حریف پارٹی کون ہے؟'' میں نے ماحول کی تلخی کم کرنا چاہی۔

''علی عباس گیلانی.....عباس گیلانی کا بیٹا ہے۔ جوان ہے جذباتی ہے جیتنے کی ہر ممکن کوشش کرے گا۔ تجھے معلومات وغیرہ جو بھی ہوں کسی نہ کسی طرح اس کے حوالے کرنی ہیں۔ اخبار میں خبر آ گئی تو خود ہی شکست ہو جائے گی۔ انتخابی پارٹیاں اک دوجے کی کمزوری

www.pdfbooksfree.pk

خوب اچھالتی ہیں لیکن یہ کام بہت احتیاط سے ہونا چاہیے۔ شاہ جی کے کتوں کو بھنک بھی پڑگئی نا تو نوچ کھائیں گے اور ہاں ابھی الیکشن میں دو ہفتے ہیں پہلے تو ارمغان سے اپنا رویہ بدل۔"

"وہ تو سمجھ جائے گا فوراً کہ میں اسے استعمال کررہی ہوں۔" میں بیڈ سے اٹھ کر کھڑکی میں آ کھڑی ہوئی۔

"سمجھنے دے...... منصف ہوا تو تیرا ساتھ دے گا کیونکہ شاہ جی الیکشن جیت گئے تو اس گوٹھ کے ساتھ دوسرے گوٹھوں کو بھی ان کا عتاب سہنا پڑے گا جو کہ سراسر ظلم ہوگا۔"

"تیری بات دل کو تو لگی ہے لیکن......" میں پُرسوچ انداز میں ارمغان کو دیکھنے لگی جو شیدے اور مکھن سے مذاکرات میں مصروف تھا۔

"شاہ جی کو ہرانا مقصود ہے تو ایسا کرنا پڑے گا اور پھر یہ تو ثواب کا کام ہوگا۔"

"چلو دیکھتے ہیں۔" میں ارمغان کو دیکھتی رہ گئی۔

❀......❀......❀

ادھر فضا میں خنک اور بے کیف ہواؤں نے موسم کے بدلنے کی خبر دی اور ادھر مجھ پر زکام نے حملہ کردیا۔ بدلتے موسم ہر بار ہی میری نازک صحت کا امتحان لیتے رہے ہیں۔ سو میں نے زکام کو ہمیشہ کی طرح معمولی اہمیت ہی دی تھی۔ اس وقت بھی سر درد کی شدت سے بھاری ہورہا تھا' میں ٹیبلٹ لے کر دالان میں ہی چلی آئی جہاں پھپھو اور سونیا جانے کون سے راز و نیاز میں مصروف تھیں۔ صوفے پر دراز ہوکر میں نے ٹانگیں پھیلالیں۔

"نہیں چاچو! آپ فکر مت کریں' علی عباس کی پہنچ ہمارے برابر کی نہیں...... جلسہ ضرور کامیاب ہوگا' میں نے سارے انتظامات دیکھ لیے ہیں۔" ارمغان کی باتیں سن کر میرے سر کا درد مزید شدید ہونے لگا۔

"جو کھیو کو ساتھ رکھنا' کام کا بندہ ہے۔ حاجی کرم داد کو بلاوا دے دیا تو نے؟" شاہ جی مہمان خانے کی طرف بڑھ گئے۔

"جی' جی دے دیا۔ جاؤ مکھن' ...... بلالاؤ۔ شاہ جی! طریقے سے بات کیجیے گا۔ آپ تو غصے میں بھی جلد آجاتے ہیں۔" وہ انہیں ہدایات دیتا دیوان میں چلا آیا۔

"چاچی! آج جمعہ کی وجہ سے سنار کی دکان بند ہے۔ زیور کل ملے گا۔" وہ اب پھپھو کو ان کا مطلوبہ سامان تھمارہا تھا۔

"ہونہہ!" میں نے نفرت سے ہنکارا بھر کر آنکھیں موندلیں۔

"کیا ہوا؟ طبیعت دشمناں ناساز ہے کیا!" درمیانی میز سے اخبار اٹھاتے ہوئے وہ میرے مقابل بیٹھ گیا۔

"ویسے اگر نیند آرہی ہے تو اپنے کمرے میں جاکر سو جاؤ۔ یہاں اتنے بے ڈھنگے انداز میں سونے کی کوئی تک بنتی ہے بھلا؟" اس کی پیشانی شکن آلود ہوئی تھی میرا بی پی شوٹ کرگیا۔

"تمہیں کیا تکلیف ہے؟ میں جہاں مرضی سوؤں' جیسے مرضی سوؤں۔ تم کون ہوتے ہو مجھے آداب سکھانے والے؟ اپنی ہدایتیں اور نصیحتیں انہی تک محدود کرو جنہیں ضرورت ہو مجھے تمیز سکھانے کی ضرورت نہیں ہے سمجھے۔"

"تاباں!" اس کا منہ کھلا رہ گیا تھا میرا انداز دیکھ کر۔

"غنی! تمہیں کیا ضرورت ہے اس کے منہ لگنے کی......؟" سونیا نے ناک چڑھا کر کہا تو پھپھو کو تقریر کا موقع مل گیا۔

"ہاں ہاں...... دفع کرو' یہ ہے ہی نہیں اس قابل کہ بندہ کوئی عقل کی بات سمجھا دے۔ اپنی ماں کی طرح ہے کسی آئے گئے کو برداشت نہیں کرتی۔"

"نہیں ہوں میں اپنی ماں کی طرح......" میں قدموں میں گرا دوپٹا اٹھا کر تیزی سے اٹھی تھی۔ "میراں اور تاباں میں بہت فرق ہے شاہ بانو بیگم! وہ میراں ہی تھی جو آپ لوگوں کا ظلم' زیادتی' جبر سہہ کر خاموشی سے مرگئی۔ میں اس جیسی نہیں ہوں۔ بزدل' کم حوصلہ اور بے



ہمت...... مجھے سارا نفع و نقصان سود سمیت وصولنا ہے آپ لوگوں سے...... میں منہ پھٹ ہوں' بدلحاظ ہوں تو آپ کی طرح...... آپ لوگ......" بے تحاشا بہتے آنسوؤں کی وجہ سے بولنا دشوار ہوگیا تھا۔ زینب مجھے گھسیٹ کر لے گئی۔

"کیوں لگتی ہے ان کے منہ...... جب سب جانتی ہے تو جتاتی کیوں ہے؟" وہ میرا سر اپنے کندھے سے لگا کر سہلانے لگی اور جانے کیوں میرے آنسو رکنے کا نام نہیں لے رہے تھے۔ اپنی ماں جسے میں نے دیکھا تک نہیں تھا اور بابا جن کے اندر زندگی ڈھونڈتے ڈھونڈتے میں تھک گئی تھی۔ آج بے تحاشہ یاد آرہے تھے۔

"میری ماں کو قدرت نے چھینا تھا مجھ سے مگر بابا......! مجھے یتیم کر کے بھی یہ لوگ کتنے آسودہ حال جی رہے ہیں زینو! تو مجھ سے صبر کرنے کا کہتی ہے تو بتا کتنا صبر کروں؟"

"تابی! کیا ہوگیا ہے تجھے۔ اتنی کم ہمت تو تُو کبھی بھی نہیں رہی؟" اس نے میرے آنسو ہتھیلی میں سمیٹ لیے۔

"میرے سر میں بہت درد ہورہا ہے زینو!" میں سسک رہی تھی۔

"میں چائے بنا کر لاتی ہوں تیرے لیے...... تو اپنے کمرے میں چل پھر سر دباتی ہوں آ کر۔"

"ٹیبلٹ بھی لے آنا۔" میں نے ریلنگ سے سر ٹکادیا۔ زینب میرے پاس چائے کا کپ رکھ کر شاہ جی کے دوستوں کو بھگتانے لگی تھی۔ میں نے چائے پی کر کپ ریلنگ پر رکھا اور ملگجے سفید کپڑوں کی شکنیں درست کرتی اٹھی تو چکر سا آ گیا۔ "کیا مصیبت ہے؟" ریشمی بال جوڑے سے نکل کر شانوں پر بکھر گئے تھے۔ میرے بال میری بے پروائی کے باوجود قدرتی طور پر کتنے گھنے اور لمبے تھے کہ میں انہیں سنبھالنے میں بیزار ہوجاتی تھی۔ بینڈ ہاتھ پر چڑھا کر میں نے بالوں کو جوڑے کی شکل دیتے ہوئے سامنے نگاہ کی تو ارمغان دروازے سے ٹیک لگائے سینے پر دونوں ہاتھ باندھے یک ٹک میری طرف دیکھ رہا تھا۔ میرے گھورنے پر بھی اس کے زاویۂ نگاہ میں کوئی تبدیلی نہ آئی تو میں سرعت سے سیڑھیاں اتر آئی۔ "راستہ دو۔" وہ دروازے میں پھیل کر کھڑا تھا۔

"آئی ایم سوری تاباں! میری وجہ سے......" اس کے لہجے میں ندامت تھی۔

"چپ رہو' مجھے تمہاری معذرت سے کوئی دلچسپی نہیں ہے۔" میں نے تنفر سے کہہ کر گزر جانا چاہا تو اس نے میرا ہاتھ بھینچ لیا۔ میں نے بمشکل توازن برقرار رکھا تھا۔

"بیہودہ انسان' تمہاری ہمت کیسے ہوئی۔" میرا ہاتھ بے ساختہ اٹھا تھا مگر اس نے سرعت سے اپنی مضبوط ہتھیلی میں قید کرلیا۔ "چھوڑو میرا ہاتھ......" میں نے ہاتھ چھڑانے کی کوشش کی۔

"اپنے سارے دکھ' سارے غم مجھے دے دو تابی! خدا کی قسم اپنی پلکوں سے تمہارے آنسو چن لوں گا۔" اس کے لہجے میں جانے کیا تھا' میں ششدر رہ گئی۔

"چھ...... چھوڑو مجھے......" اور اسی وقت مجھے زینب کی باتیں یاد آ گئیں جنہیں سر درد کے باعث میں بھولی ہوئی تھی۔ اس نے میرا ہاتھ چھوڑ کر راستہ دے دیا تھا مگر میں وہیں پر کھڑی رہی۔ "تم مجھ سے کتنی محبت کرتے ہو؟" میں نے بساط بچھانی شروع کی۔ وہ تحیر سے میری طرف پلٹا۔

"تمہیں دلچسپی ہے میری محبت سے......؟"

"میں نے پوچھا کہ تم مجھ سے کتنی محبت کرتے ہو؟"

"میں لفظوں میں نہیں بتا سکتا۔"

"میرا ایک کام کروگے؟" میں نے پانسہ پھینکا۔

"میں ڈائیلاگ جھاڑنا پسند نہیں کرتا پھر بھی بتا دیتا ہوں کہ اگر تم جان......"

"نہیں ...... مجھے تو ایک بہت چھوٹا سا کام ہے تم سے...... یہ جان وان کو تم رہنے دو۔" میں نے ہاتھ اٹھا کر کہا تو وہ خجل سا ہوکر ہنس دیا۔

www.pdfbooksfree.pk

"میں اسی لیے کچھ کہنے سے ڈرتا ہوں۔"

"بولو منظور ہے۔" میری بات نے اس کے چہرے کا رنگ بدل دیا تھا۔

"تم مجھے آزمانا چاہتی ہو؟"

"میں پتا نہیں کیا چاہتی ہوں لیکن تمہیں ہاں یا ناں میں جواب دینا ہے۔ بدلے میں......"

"مجھے کچھ نہیں چاہیے' تمہارے اقرار کے سوا۔"

"اس کا مطلب ہے تم میرا کام کردو گے لیکن میں اقرار کی گارنٹی نہیں دے سکتی۔"

"چلو' جو تم چاہو۔ میں ایسا ہی کروں گا جیسا تم چاہتی ہو۔" وہ وہاں سے چلا گیا تھا اور میں وہیں کھڑی رہ گئی۔

❀......❀......❀

اور پھر ویسا ہی ہوا تھا جیسا میں نے چاہا تھا' شاہ جی الیکشن ہار گئے تھے۔ ان کے کالے کرتوتوں کی کہانیاں خوب چھپی تھیں اخبارات میں...... وہ آج کل زخمی سانپ کی طرح بلبلاتے پھر رہے تھے اور اس سانپ کو ڈھونڈنے میں ہلکان تھے جو ان کی اپنی آستین میں تھا۔ پھپھو اور ان کی بیٹیاں شاہ جی کے کارناموں کی وجہ سے منہ چھپائے شاہ جی سے ناراض پھر رہی تھیں اور میری تو دلی مراد بر آئی تھی۔ پنجاب یونیورسٹی میں ایڈمیشن لینے کی غرض سے میں دو دن کے لیے اپنی رشتے کی خالہ کی طرف چلی گئی تھی اس لیے کہ اپنی خوشی کو بھرپور طریقے سے منا سکوں اور پھر وہاں اپنے ننھے منے کزنز اور خالہ خالو کی محبت میں ہفتہ لگا بیٹھی تھی۔ مجھے اپنی جیت کی اس قدر سرشاری تھی کہ ان دنوں میں زینب کو بھی بھولی ہوئی تھی۔ اس زینب کو جسے میں اپنا سایہ کہتی تھی۔ اگر مجھے ذرا بھی خبر ہوتی کہ میری کچھ دنوں کی دوری زینب کو ہمیشہ کے لیے مجھ سے دور کردے گی تو میں آگے پڑھنے سے تو انکار کردیتی لیکن کبھی لاہور نہیں جاتی۔

❀......❀......❀

میں لاہور سے واپس آئی تو ایک خبر بلکہ قیامت میری منتظر تھی۔ زینب میرے ماں باپ کے بعد وہ واحد ہستی تھی جسے میں نے اپنے دل کی سب سے اونچی مسند پر بٹھا رکھا تھا۔ وہ میرے لیے کیا تھی' میں نے کبھی جاننے کی کوشش نہیں کی تھی۔ میں لاہور سے خوب شاپنگ کے دوران اس کے لیے بھی بہت کچھ لائی تھی مگر مجھ سے پہلے ہی بدنصیبی اس کی چوکھٹ پر پہنچ گئی تھی۔ غلامو چاچا کے تانگے پر سوار اس کے دس سالہ چھوکرے سے باتیں مٹھارتی میں بڑے مزے سے حویلی کے مین گیٹ پر پہنچی تو چند مزارعے کسی لڑکے کو بری طرح زدوکوب کررہے تھے۔ میرا دل انجانے وسوسوں سے دہل اٹھا۔

"یہ...... یہ کیا ہورہا ہے چاچا!" میں نے چلتے تانگے سے چھلانگ لگانا چاہی تو انہوں نے فوراً تانگہ روک دیا۔

"پتا نہیں پتر! مولا خیر کرے۔" وہ بھی گھبرا گئے تھے پھر مجھے جلدی سے اتار کر آگے بڑھتے ہوئے بڑبڑائے۔ "بڑے لوگوں کے بڑے سیاپے۔"

میں نے سیاہ سفری بیگ شانوں پر لٹکا کر تیزی سے اندر کا رخ کیا۔

"یہ...... یہ کیا کررہے ہو؟ تم لوگ پاگل ہوگئے ہو' کیوں اس مظلوم کو جان سے مارنے پر تلے ہو؟" میں ان کو پیچھے ہٹاتی آگے آئی تو نڈھال سے عاصم کو دیکھ کر آنکھیں پھٹ گئیں۔ یہ بخشو موچی کا بیٹا تھا۔ اکثر حویلی کسی نہ کسی کام سے آتا رہتا تھا۔

"آپ اندر جاؤ بی بی! خواہ مخواہ اس سیاپے میں نہ پڑو۔ شاہ جی پہلے ہی بڑے غصے میں ہیں۔ کہیں آپ پر نہ برس جائیں۔" شیدے نے مجھے منع کیا تو میں چیخ پڑی۔

"خاموش رہو' کیوں مار رہے ہو اسے...... کیا کیا ہے اس نے......؟"

"اس نے تو......" مکھن نے بے دردی سے اس کی کمر پر لات رسید کی۔

"بی بی! میں نے کچھ نہیں کیا۔ میں نے کچھ نہیں کیا میم صاحب!" عاصم رو رہا تھا۔

"دفع ہوجاؤ تم لوگ یہاں سے...... بے کار میں ایک غریب لڑکے کو مار رہے ہو۔" میں نے مزارعوں کو پرے دھکیلا۔

"دیکھیں بی بی! آپ بات جانے بغیر فیصلے نہ دھریں۔ اس بے غیرت کو تو......" وہ گالیاں بکنے لگا۔

"شیدے! اپنی اوقات میں رہو' مجھے سبق پڑھانے کی ضرورت نہیں ہے۔ زبان گدی سے کھینچ لوں گی اگر زیادہ بک بک کی تو۔"

"بیگم صاحب! دماغ نہ چاٹیں ہمارا...... اندر جائیں' بڑے آئے کہیں سے اوقات والے۔"

"مکھن! ہم اوقات والے ہی ہیں اسی لیے اتنا سنبھل کر بات کررہے ہیں۔ عاصم! تم بتاؤ' ہوا کیا ہے؟" میں نے گھٹنوں کے بل بیٹھ کر اس کا سر اونچا کیا تو سب کی آنکھیں ابل پڑیں۔

"بی بی! مجھے بچالو' چھوٹی بی بی' میں نے کچھ نہیں کیا۔ یہ لوگ......" اس کا حلق خشک ہو رہا تھا۔ میں نے مزارعوں کو باہر بھیج دیا۔

"تم ٹھہرو' میں پانی لے کر آتی ہوں۔" مگر جب میں اندر آئی تو مکھن رپورٹ پیش کرچکا تھا۔

"اس کتیا کی بچی کی وجہ سے یہ نوبت آئی ہے۔ وہ حرام زادہ خود تو مر گیا اپنی بلا ہمارے سر منڈھ گیا۔ آج نکالو اسے......" شاہ جی پھنکارتے ہوئے باہر نکلے تو میں کچن کی اوٹ میں ہوگئی۔

"کتیا کی بچی' حرام زادہ۔" میرا جسم کانپنے لگا۔ "یہ کیا قصہ خود ہوگا۔" میں کچن میں آئی تو سوجی آنکھوں بکھرے بالوں' زخم زخم چہرے کے ساتھ زمین پر بے جان بیٹھی زینب کو دیکھ کر ایک اور شاک لگا۔ دونوں ہاتھ شکست خوردہ انداز میں فرش پر ڈھیر کیے وہ دوپٹے سے بے نیاز آنسو بہا رہی تھی بلکہ آنسو خود بہ خود لکیر کی صورت بہتے ہوئے اس کے دامن میں جذب ہورہے تھے۔ اس کی نظریں ساکت تھیں جیسے موت کے بعد انسان سرد پڑ جاتا ہے اس کی حالت بھی ویسی ہی تھی۔ زندگی کی ڈور وہ ان سانسوں سے بندھی نظر آرہی تھی جو بے حد ارزاں اور بے مول تھے' میں اس کی حالت دیکھ کر ڈھے سی گئی تھی۔

"زینب...... زینو تجھے کیا ہوا ہے؟" سرگوشی کے انداز میں میرے لبوں سے یہ لفظ نکلے تھے اور وہ کھوئی ہوئی آنکھوں سے مجھے دیکھنے لگی۔ "زینو...... کیا ہوا ہے تجھے؟" میں نے اسے جھنجوڑا...... وہ ہنوز پاگلوں کی طرح مجھے تک رہی تھی۔ "زینب! میں کیا پوچھ رہی ہوں تجھ سے۔" میں نے اس کے شانوں کو زور سے دبوچ کر ہلایا۔

"تابی......! تو آگئی......؟" اس نے حیرانی سے استفسار کیا۔ "تو آگئی تاباں......! میری بربادی کا تماشہ دیکھنے۔" اس نے میرے چہرے کو چھو کر محسوس کرنا چاہا۔

"زینو! میری جان...... بتا تو سہی' تجھے ہوا کیا ہے؟ میرا دل دہل رہا ہے۔" میں نے بے تابی سے اس کا چہرہ تھام کر پوچھا تو وہ مچل کر میرے سینے سے آلگی۔

"تو اب آئی ہے تابی......! سب کچھ ہونے کے بعد...... مجھ پر قیامت بیت گئی اور تو اب آئی ہے؟" وہ بچوں کی طرح پھوٹ پھوٹ کر رو رہی تھی۔

"اب تو آگئی ہوں زینو! مجھے بتا تو سہی...... ہوا کیا ہے؟" میں نے اس کے بالوں پر اپنے لب رکھ دیئے۔ "تیری یہ حالت کیسے ہوگئی۔ کس نے کیا ہے یہ......؟"

"اتنا ظلم تابی...... جس کا میں نے زندگی میں کبھی تصور بھی نہ کیا تھا۔" وہ چند لمحوں کے لیے رک کر میرا چہرہ دیکھنے لگی۔ "میں نے کون سا گناہ کیا تھا تاباں! جس کی سزا مجھے زندگی میں ہی مل گئی۔ تجھے یاد ہے......؟ بول تجھے پتا ہے اس بارے میں کچھ......! میں تو کب سے یاد کررہی ہوں مجھے نہیں یاد آرہا......" وہ پھر سے رونے لگی۔ "اے اللہ! مجھے موت کیوں نہیں آجاتی' میں مر کیوں نہیں جاتی...... اتنا ظلم سہہ کر بھی زندہ ہوں' اتنی ہی سخت جان ہوں میں کیا؟" اس نے ہتھیلی پھیلا کر مجھ سے سوال کیا تھا۔

"بس کر زینو! بس کر...... خدا کے واسطے!" میں بے

www.pdfbooksfree.pk

اختیار رونے لگی تھی۔

”تو مجھے چھوڑ کر کیوں گئی تھی تاباں! تو نہ جاتی...... تیرے آسرے پر تو میں اس سفاک حویلی میں زندگی کے دن پورے کر رہی تھی۔ تو نے بھی کڑے وقت میں میرا ہاتھ چھوڑ دیا؟“ مجھے اس کے لفظوں سے حالات کی سنگینی کا اندازہ ہو رہا تھا تاہم میں مکمل بات سمجھنے سے قاصر تھی۔

”تیری اس حالت کا ذمہ دار کون ہے زینب! تو صرف مجھے یہ بتا۔“ میں نے اس کے بال سمیٹ کر دوپٹا اس کے سر پر اوڑھایا اور اس کے اشک اپنی ہتھیلیوں سے صاف کرتے ہوئے وہاں سے اٹھ گئی۔

”کون ہوسکتا ہے تاباں! تو اتنی بھولی تو نہیں۔“ اور میں مٹھیاں بھینچ کر اپنے کمرے کی طرف بڑھ گئی تھی۔

......☆☆☆......

”تم کب آئیں لاہور سے......؟“ میں دونوں ہاتھوں میں سر گرائے جھولے پر بیٹھی زینب کے متعلق سوچ کر ہلکان ہو رہی تھی جب ارمغان میرے قریب آ کر ٹھہر گیا۔

”دو گھنٹے پہلے......“ میں نے سپاٹ لہجے میں جواب دیا تھا۔

”ایڈمیشن ہو گیا تمہارا؟“

”زینب کو کیا ہوا ہے ارمغان!“ میں نے ایک دم ہی اس کے چہرے پر نگاہیں گاڑ کر سوال کیا تھا۔

”کیا ہوا زینب کو......؟“ وہ قدرے حیران ہو کر اردگرد دیکھنے لگا جیسے زینب یہیں کہیں موجود ہو۔

”اتنے انجان مت بنو......“

”بخدا میں ابھی آیا ہوں شہر سے...... کیا ہوا ہے اسے......؟“ وہ اب تشویش سے کہتے ہوئے سنگی بینچ پر بیٹھ گیا تھا۔ اور میں اس کی بات پر چپ سی ہو گئی تھی۔ ”بتاؤ نا تاباں...... کیا ہوا ہے اسے......؟“

”مجھے معلوم ہوتا تو تم سے کیوں پوچھتی؟“

”اس نے بتایا نہیں تمہیں......؟ کیا اس کی طبیعت خراب ہے، زیادہ خراب ہے تو ڈاکٹر......“

”طبیعت نہیں، اس کا مقدر خراب ہے۔“ میں نے آزردگی سے کہا۔

”نصیب تو میرے بھی کچھ زیادہ اچھے نہیں ہیں اس لیے اس پر کیا کہہ سکتا ہوں۔ خیر...... تم یہاں بیٹھ کر کیا کر رہی ہو، تمہیں اس سے پوچھنا چاہیے تھا کہ اسے کیا ہوا ہے......؟“

”میں نے پوچھا تھا۔“

”تو پھر......؟“

”پھر کیا......! تمہارے چاچو نے اسے زبان بند رکھنے کے لیے دھمکیاں دی ہوں گی۔ میں جانتی ہوں ان کی رذیل فطرت کو...... لیکن اس سے کیا ہوگا، میں اگلوا تو لوں گی زینب سے۔“

”اوہو، تو مجھے کیوں کاٹ کھانے کو دوڑ رہی ہو؟“ وہ چڑ کر بولا۔

”تم میرے منہ مت لگو تو بہتر ہے میں پہلے ہی شدید غصے میں ہوں۔“

”وہ تو تم ہر وقت رہتی ہو، نئی بات کیا ہے اس میں......؟“

”تم یہاں سے جاؤ گے یا میں اٹھ کر چلی جاؤں؟“ میں کہنے کے ساتھ ہی اٹھ گئی۔

”نہیں تم بیٹھو، میں چلا جاتا ہوں۔ تمہیں تو میری شکل دیکھ کر ہی......“ وہ بڑبڑاتے ہوئے اندر چلا گیا۔ میں زینب کی وجہ سے بے حد پریشان تھی۔ میں جوا سے خوشخبری سنانا چاہتی تھی کہ میرا یونیورسٹی میں ایڈمیشن ہو گیا ہے، اس کی حالت دیکھ کر میرا سارا جوش و خروش ماند پڑ گیا تھا۔

”زینب نے ایسا کیا کیا تھا جو یہ......“ میں سوچتے سوچتے تھک گئی تھی۔

❀......❀......❀

مجھے حویلی آئے چار گھنٹے سے زائد ہو گیا تھا۔ زینب کو روتے دیکھ کر میری حالت عجیب ہو گئی تھی اس لیے



میں اپنے کمرے میں قید ہو گئی تھی۔ میں جانتی تھی جب زینب کی حالت کچھ سنبھلے گی تو وہ خود ہی مجھے ہر بات بتادے گی، اس وقت مجھے اندازہ نہیں تھا کہ بات کس نوعیت کی ہے۔ ذہن میں یہی آیا تھا کہ احمد شاہ نے اپنی خباثت کا مظاہرہ کیا ہوگا جس پر زینب نے شور مچادیا ہوگا اور اس نے الٹا اسی پر الزام دھر دیا ہوگا۔ ابلیس سے شر کے سوا امید بھی کیا رکھی جاسکتی ہے۔ لیکن عاصم کو کیوں پیٹ رہے تھے وہ لوگ...... اس کا کیا قصور ہے، وہ تو بہت سادہ اور معصوم سا لڑکا ہے۔ اس سے کیا گناہ سرزد ہو گیا......؟ میں ادھر ادھر چکر لگا کر تھک گئی تھی۔

لیکن یہ حویلی والے انہیں دوسروں کی نیکیاں بھی گناہ لگتی ہیں اور اپنے گناہ بھی نیکیاں...... مجھے کچھ اور نہ سوجھا تو میں پھر سے زینب کے پاس چلی آئی۔

”زینب میں جانتی ہوں مجھ سے بہت بڑی غلطی ہو گئی ہے۔ مجھے اس طرح تجھے چھوڑ کر نہیں جانا چاہیے تھا۔ میں جانتی تھی ان لوگوں کو تو تجھے اپنے ساتھ ہی لے جاتی...... کاش!“ اس کے قریب بیٹھتے ہوئے میں نے آزردگی سے اس کا زرد چہرہ دیکھا تھا۔ ایک ہی ہفتے میں وہ کملا کر رہ گئی تھی۔ اس کا گداز وجود نچڑ کر رہ گیا تھا۔

”قسمت پہ کسی کا کیا زور تاباں! تو کیوں خود کو الزام دیتی ہے۔ یہ سب ایسے ہی ہونا تھا۔ سارا گاؤں مجھ پر تھو تھو کر رہا ہے۔ سب میری جان لینے کے درپے ہیں، میں خود بھی مر جانا چاہتی ہوں، پر موت اتنی آسانی سے کب آتی ہے۔“ وہ سیاہ چادر اپنے وجود کے گرد مضبوطی سے لپیٹے دھیرے سے بولی۔

”جب تک تو مجھے اصل بات نہیں بتائے گی مجھے حقیقت کا اندازہ کیسے ہوگا۔ میں جانتی ہوں تو غلط نہیں ہو سکتی۔ مجھے تجھ پر اندھا اعتماد ہے پر بات کیا ہوئی تھی...... یہ تو بتا مجھے......“

”کیا لوگوں کو مجھ پر اعتبار نہیں تھا تاباں! میں تو اپنا وجود لوگوں سے بھی چھپا کر رکھتی تھی اور اب سب کی بینائی احمد شاہ حسن نے خرید لی ہے۔ پیسے میں بڑی طاقت ہوتی ہے تاباں! یہ ایمان بھی خرید لیتا ہے، لوگ پتھروں کو خدا کہنے لگتے ہیں اس کے خوف سے۔“

”لوگ ڈرتے ہیں زینب! وہ جانتے ہیں احمد شاہ حسن کے خلاف جا کر انہیں سوائے ذلت اور رسوائی کے کچھ نہیں ملے گا۔ وہ اپنے گھر والوں کی عزت کے لیے جھوٹ کا ساتھ دے رہے ہیں۔ یہ تو تو بھی جانتی ہے نا کہ یہاں ظلم کی فصلیں مفلسی کے کھلیانوں میں اگ رہی ہیں۔ یہ لوگ مجروح ایمان نہیں رکھتے بس فرعونیت سے خائف ہیں لیکن کبھی تو حق کا علم بلند ہوگا، خدا کی لاٹھی بے آواز ہوتی ہے زینب! وہ ظالم کی رسی دراز کرتا ہے تو ایک دم کھینچ بھی لیتا ہے تو وجہ تو بتا اس ظلم کی؟ رونے سے کیا ہوتا ہے، آنسوؤں سے تقدیر تو نہیں بدل سکتی......“ میں اس کا ہاتھ تھام کر بولی تو وہ پھر سے رونے لگی۔

”تاباں! میں اپنی حرماں نصیبی کا ماتم کر رہی ہوں، اس کے سوا کر بھی کیا سکتی ہوں، ہم جیسوں کے پاس اور ہوتا بھی کیا ہے آنسوؤں کے سوا، تیرے اور میرے حالات میں مقدر کا ہی فرق ہے ورنہ زندگی کی کہانی تو وہی ہے نا...... بس یہ ہے کہ تجھے تیری دولت اور امارت نے مضبوط کر دیا ہے اور مجھے میری غربت نے کمزور...... ظالم کا ہاتھ ہم پر اسی لیے تو پڑتا ہے کہ اسے خبر ہوتی ہے کہ ان کی مجبوریوں سے انہیں خریدا جاسکتا ہے، آسائش کون نہیں چاہتا پر ہمیں تو خریدا جاتا ہے۔“

”احمد شاہ حسن خریدنا چاہتا تھا تجھے......؟“ اس کا جواب جانتے ہوئے بھی میں نے سوال پوچھا تھا۔

”تاباں! میری بات سنو!“ میں زینب کے جواب کی منتظر تھی جب ارمغان نے اچانک وہاں آ کر مجھے ہاتھ سے پکڑ کر اٹھانے کی کوشش کی۔

”یہ کیا بدتمیزی ہے؟“ مجھے بے حد غصہ آیا تھا اس کے طرزِ عمل پر۔

”ایک منٹ باہر آ کر میری بات سنو پلیز۔“

”مجھے تمہاری کوئی بات نہیں سننی......“ میں نے ہاتھ چھڑانے کی کوشش کی مگر اس کی گرفت مضبوط تھی۔

www.pdfbooksfree.pk

"کبھی کسی کی بات سن بھی لیا کرو۔" اس نے سخت لہجہ اختیار کرتے ہوئے مجھے پائیں باغ میں کھینچ لیا۔ "تم اپنے کمرے میں چلو فوراً......" وہ اب مجھے حویلی کی پچھلی طرف کھینچ رہا تھا۔

"یہ کیا کر رہے ہو تم......؟ چھوڑو مجھے۔"

"میں نے کہا نا اپنے کمرے میں جاؤ تم...... باقی بات بعد میں ہوگی۔" وہ مجھے سیڑھیوں کے قریب لے کر جارہا تھا۔ میں نے پوری قوت سے زور لگا کر اپنا بازو اس کی گرفت سے آزاد کروایا اور دوبارہ زینب کے پاس جانے کی غرض سے بھاگنے لگی تھی لیکن وہ غافل نہیں تھا مجھ سے۔ اس نے لمحہ ضائع کیے بغیر میرا ہاتھ پھر سے پکڑ لیا۔

"تمہیں خدا کا واسطہ ہے اپنے کمرے میں چلی جاؤ اس وقت......" اس کے ملتجی لہجے میں کچھ ایسا تھا کہ میں ٹھٹک کر اسے دیکھنے لگی۔

"کیا ہوا ہے...... تم اس طرح کیوں کہہ رہے ہو؟"

میں کسی قدر کمزور پڑ گئی۔

"کسی وجہ سے ہی کہہ رہا ہوں نا! تم چلو اوپر...... اور اپنا کمرہ بند کرلو۔"

"کچھ تو بتاؤ مجھے...... پریشان کیوں کر رہے ہو؟"

"پریشان تو تم کرتی ہو مجھے...... ہر پل، ہر لمحہ......"

میں اس کے ساتھ کھنچی چلی آئی تھی۔ اس کا الزام سن کر تڑپ گئی۔

"میں نے کبھی اپنی وجہ سے تمہیں پریشان نہیں کیا۔"

"تو اور کیا کرتی ہو پھر...... سائے کی طرح تمہارا تعاقب کرتا ہوں۔ زمانے کے سرد و گرم سے تمہیں بچانا چاہتا ہوں اور تم اپنے ساتھ مجھے بھی مصیبت میں ڈال دیتی ہو۔"

"کس نے کہا ہے تعاقب کو...... میں نے تو نہیں کہا۔"

"بس یہ دل ہے نا......" اس نے انگلی سے سینے کی طرف اشارہ کیا۔ "کاش کہ یہ بھی تمہاری طرح کٹھور اور بے حس ہوتا...... اس نے مجھے باندھ رکھا ہے تمہارے وجود سے...... وگرنہ ارمغان حجازی کبھی کسی کی پروا نہیں کرتا۔"

"ہونہہ! جیسے میں جانتی نہیں ہوں تمہیں۔ تمہاری چمچہ گیریوں سے ناواقف نہیں ہوں، تم تو احمد شاہ حسن کے پالتو......"

"با...... س۔" اس نے ہاتھ اٹھا کر اتنی سختی سے کہا تھا کہ میں گنگ ہوگئی۔

"بہت کر چکیں تم بکواس...... اب خاموش ہو کر یہاں بیٹھو۔" مجھے کرسی پر دھکیل کر وہ لمبے لمبے ڈگ بھرتا ہوا باہر نکل گیا۔

"بدتمیز، بیہودہ!" میں محض یہی کہہ سکی اور معاً مجھے خیال آیا کہ اس نے اپنی باتوں میں مجھے ایسے الجھایا تھا کہ میں اصل بات سے دھیان ہٹا بیٹھی۔ میں تیر کی طرح اٹھ کر دروازے کی طرف آئی تو وہ باہر سے بند تھا۔ میں سناٹے کی کیفیت میں رہ گئی۔

"مجھے اس طرح قید کیوں کیا گیا ہے۔" میں نے دروازہ زور زور سے بجانا شروع کر دیا لیکن وہاں سب بہرے ہو چکے تھے غالباً!

اور پھر وہ چلی گئی۔

"کب...... کہاں......؟ میں لاعلم تھی۔ تاباں فاروقی جو خود کو بہت مضبوط سمجھتی تھی، بھربھری مٹی کی دیوار کی طرح ڈھے گئی۔ اپنی ذات میں دفن ہوگئی تھی، جسے محسوس ہوتا تھا کہ زینب امین کے بغیر اس کی ذات ادھوری ہے وہ اس کے بغیر بھی مکمل تھی۔ وقت نے اسے رفتہ رفتہ احساس دلا دیا کہ کوئی کسی کے بغیر ادھورا اور نامکمل نہیں ہوتا، یہ محض کتابی باتیں ہیں۔ زینب سے میرا رابطہ ختم ہوئے چھ ماہ سے زائد ہوگئے تھے اور میں اس کے بن جی رہی تھی، جینے پر مجبور تھی۔ مجھے اس کے نہ ہونے سے زیادہ یہ احساس رلاتا تھا کہ میں اس کے لیے کچھ بھی نہ کرسکی تھی۔ اس کے شفاف دامن کو میلا ہونے سے نہ بچاسکی حالانکہ میں ایسا کرسکتی تھی لیکن ارمغان حجازی نے میرے سامنے ہاتھ جوڑ دیئے تھے کہ میں اس معاملے سے خود کو دور رکھوں۔

"میں جانتا ہوں تاباں کہ تمہارے دل پر کیا قیامت گزر رہی ہے اس وقت...... لیکن پلیز اپنی عزت کے لیے خاموشی اختیار کرلو۔"

"تم تو ایسے ہی کہو گے، تمہیں کیا فرق پڑتا ہے اس سے...... آخر تمہاری رگوں میں بھی وہی خون دوڑ رہا ہے جو......"

"تاباں پلیز...... ہر شخص کو ایک ہی زاویے سے مت دیکھا کرو۔"

"تو تم میرا ساتھ دینے کی بجائے ان کا ساتھ کیوں دے رہے ہو؟ تمہیں وکیل بن کر بھی ایسے ہی لوگوں کا ساتھ دینا ہے تو افسوس ہے تم پر۔"

"مصلحت پسندی بھی کوئی شے ہے آخر۔"

"میں کسی مصلحت کو نہیں مانتی، میں جھوٹ کا ساتھ نہیں دے سکتی...... سچ پر پردہ نہیں ڈال سکتی، تمہاری طرح...... میں بے ضمیر نہیں ہوں۔" میں نے انگلی سے اس کی طرف اشارہ کیا تو اس نے گہری سانس خارج کرتے ہوئے پیشانی رگڑ دی۔

"تم کیا ہو تاباں! یہ مجھ سے بہتر کوئی جان بھی نہیں سکتا، تاہم میری بات پر ٹھنڈے دل و دماغ سے غور کرو۔ میں تمہارے بھلے کے لیے ہی کہہ رہا ہوں۔ پہلے بھی میں نے تمہارا ہی ساتھ دیا تھا۔ اب بھی میں تمہارے ساتھ ہوں۔" وہ بغور میری آنکھوں میں دیکھ کر کہہ رہا تھا اور مجھے یقین تو تھا کہ یہ آنکھیں جھوٹ نہیں کہہ سکتیں پھر بھی میں قدرے خائف تھی۔

"اس وقت تمہاری اپنی پوزیشن بھی کچھ کم نازک نہیں ہے کیونکہ تمہارے ساتھ کوئی نہیں ہے۔ تم اکیلی ہو۔ کسی کی حمایت حاصل نہیں ہے تمہیں۔"

"میرے ساتھ میرا مالک و مختار ہے۔ میرا اللہ ہے ارمغان! بچپن سے ہی میں نے اس کے سوا کسی کو پکارا نہ کسی سے مانگا...... مجھے اس کی حمایت حاصل ہے۔" میں سہل انداز میں کہہ رہی تھی۔ وہ مسکرا دیا۔

"اس بات سے کسے انکار ہے مگر اللہ مصلحت کو پسند کرتا ہے۔"

"اس میں کیا مصلحت ہے؟"

"دیکھو تاباں! زینب کو میں خود انصاف دلانا چاہتا ہوں۔ تم مجھے جو بھی سمجھو لیکن میں اتنا بھی برا نہیں ہوں جتنا تم سمجھتی ہو بخدا......"

"میں اس وقت سنجیدہ ہوں۔"

"اور سنجیدگی کے ساتھ ہی تمہیں مخلصانہ مشورہ دے رہا ہوں۔"

"مجھے تمہارے مخلصانہ مشوروں کی کوئی ضرورت نہیں، میں وہی کروں گی جو میرا دل کہے گا۔"

"اور تمہارا دل......" اس نے پھر سانس کھینچ کر کہا۔ "بی بی! زندگی کے بعض فیصلے دماغ سے کرنے چاہئیں۔"

"جانتی ہوں میں، بے وقوف نہیں ہوں۔"

"تو پھر میری بات پر عمل کرو۔ ابھی اس موضوع کو ختم کردو کیونکہ تم چاچو سے بخوبی واقف ہو، وہ کبھی تمہیں اتنی اجازت نہیں دیں گے کہ تم ان پر ہاتھ ڈالو۔ ان کے ہاتھ بہت لمبے ہیں۔"

"قانون سے زیادہ لمبے تو نہیں ہوسکتے۔" میں پھنکاری۔

"قانون......!" وہ استہزائیہ انداز میں ہنسا۔ "کس قانون کی بات کرتی ہو تم۔ وہ جو پچھلے چوبیس برسوں سے یہاں رائج ہے۔ یہاں وہی ہوتا ہے جو احمد شاہ حسن چاہتے ہیں۔"

"میں لاہور کی عدالتوں میں مقدمہ لے کر جاؤں گی۔"

"کون سا مقدمہ؟"

"زینب کے اغواء کا مقدمہ...... اس پر تشدد کا مقدمہ...... اور...... اور میں تمہیں کیوں بتاؤں......؟ تم پر اعتبار نہیں کرتی میں۔"

www.pdfbooksfree.pk

"کیا ابھی بھی تمہیں مجھ پر اعتبار نہیں ہے تاباں!" اس کا لہجہ بوجھل ہوگیا تھا میں نظریں چرا کر سبز شاخوں پہ پھدکتی چڑیوں کو دیکھنے لگی۔

مجھے کسی پر اعتبار نہیں ہے ارمغان! سگے رشتوں نے مجھے اتنے درد دیئے ہیں کہ میرا یقین کھو چکا ہے۔ میں اس خالی کمرے کی طرح ہوں جہاں روشنی کا گزر نہیں' ہر طرف تاریکیاں ہیں پھر بھی میں نے اپنے اندر کو مرنے نہیں دیا' کیونکہ میں جینا چاہتی ہوں' پورے اعتماد اور طاقت کے ساتھ۔" میری گردن خود بخود تن گئی تھی۔

"اس کے لیے تمہیں اپنے قدموں پر کھڑا ہونے کی ضرورت ہے۔ ابھی تو تم خود اسٹوڈنٹ ہو' کسی مقام پر پہنچنے کے لیے تمہیں وقت درکار ہے اور اگر تمہیں جینے کی خواہش ہے تو اس خواہش کو یہیں دفن کردو۔"

"تمہارا مطلب ہے زینب.....!"

"ہاں..... کیونکہ اس میں سراسر نقصان ہے تمہارا۔ جب وہ وقت آجائے کہ تم ان کے مقابل آسکو پھر تمہیں گڑے مردوں کو اکھاڑنا چاہیے۔ تمہاری سمجھ میں آرہی ہے نا میری بات.....؟"

"مگر میں....." اس پل سونیا کو روش پر آتے دیکھ کر میں خاموش ہوگئی۔

"ثنی! تم کتنی دیر سے یہاں بیٹھے وقت ضائع کررہے ہو۔ جب میں نے تم سے شاپنگ کا کہا تھا تو تمہیں بہت ضروری کام یاد آگئے تھے۔" اس نے آتے ہی طنز کا نشتر اچھالا تھا۔

"میں تاباں سے ضروری بات ہی کررہا تھا۔" وہ بات ادھوری رہ جانے کی وجہ سے جز بز ہوگیا تھا۔

"اچھا.....! ایسی کون سی ضروری بات ہورہی تھی' ذرا مجھے بھی تو پتا چلے....."

"تمہارے مطلب کی نہیں ہے۔" اس نے کہا تھا اور میں خود کو غیر اہم محسوس کرتے ہوئے وہاں سے اٹھ گئی۔

❀.....❀.....❀

ارمغان جو بات مجھے سمجھانا چاہتا تھا وہ بخوبی مجھے سمجھ میں آگئی تھی۔ میں نے چپ سادھ لی تھی اور پھپھو نے تو شکر ادا کیا تھا کہ میری نوگز لمبی زبان اندر ہوگئی تھی۔

میں نے تعلیمی سفر بدستور برقرار رکھا تھا اور آج کل ایم فل کررہی تھی۔ وہ تپتی جولائی کی ایک گرم دوپہر تھی جب زینب کی پہلی بددعا نے عرش کا تختہ ہلایا تھا۔ جانے یہ کیا تھا مگر احمد شاہ حسن پر فالج کے حملے نے اس کی اکڑ' غرور' تمکنت سب چھین لیا اور وہ اسپتال کے کمرے میں ایک ناکارہ وجود کی طرح پڑا رہ گیا۔ اس سے اگلے ہی ماہ سونیا جو یونیورسٹی ٹرپ پر شمالی علاقہ جات گئی تھی' اس کی ویگن کو حادثہ پیش آنے کی وجہ سے موقع پر ہی جاں بحق ہوگئی تھی۔ میں خاموش تھی اور آسمان والا فیصلے کررہا تھا۔

چھوٹی اور لاڈلی بیٹی کی نعش گھر آنے پر وہ کہرام بپا ہوا کہ پھپھو نیم پاگل سی ہوگئیں۔ بڑی دونوں بیٹیوں کی آنکھوں میں بھی بے پناہ خوف تھا گو کہ نعمانہ شادی شدہ تھی لیکن اس کا شوہر انتہائی حریص اور لالچی طبیعت رکھتا تھا' اس نے نعمانہ سے اس کی دولت جائیداد کی خاطر ہی شادی کی تھی۔ اور وہ اس بات پر مصر تھا کہ وہ جائیداد نے اپنا حصہ لے کر آئے' جب سے پھوپا بستر پر آئے تھے وہ تب ہی حویلی آئی تھی ورنہ اسے اجازت نہیں تھی۔ پھپھو نے تو اسے کبھی کا معاف کردیا تھا لیکن احمد شاہ حسن یہاں آکر بہت باعزت اور غیرت مند ہوگیا تھا۔ خیر! اب تو وہ نہ تین میں رہا تھا اور نہ تیرہ میں۔ ملازموں کے رحم وکرم پر زندگی کے باقی ماندہ دن گزارنے پر مجبور ہوچکا تھا۔ پھپھو گم صم سی کیفیت میں تھیں۔ ان کی زبان جو ہمہ وقت شعلے اگلتی تھی اب گنگ ہوکر رہ گئی تھی۔ اور میں تو ان دنوں ہر احساس سے عاری اپنے امتحانات کی فکر میں غلطاں تھی۔ اس وقت بھی میں کتاب گھٹنوں پر رکھے سیب کترنے میں مشغول تھی جب گرے کاٹن کے کلف زدہ سوٹ میں ارمغان جانے کس لمحے میرے بائیں طرف آکر بیٹھ گیا۔

"کب ہے تمہارا پیپر؟" اس نے یونہی بات شروع کرنے کی غرض سے پوچھا۔



"مکمل تو....."

"ختم کب تک ہوں گے؟"

"چودہ تک۔"

"تیاری کیسی ہے؟"

"جیسی ہونی چاہیے۔" میں نے کتاب سائیڈ پر رکھ کر ٹانگیں نیچے لٹکالیں۔

"تم کبھی اچھے موڈ میں بھی ہوتی ہو؟" اس نے گردن گھما کر مجھے دیکھا۔

"نہیں....."

"عجیب لڑکی ہو تم.....!"

"جانتی ہوں میں.....اور کچھ.....؟"

"پھر بھی اچھی لگتی ہو۔" اب کے میں نے اسے دیکھا تھا۔ وہ الوہی چمک آنکھوں میں لیے محویت سے مجھے تک رہا تھا۔ میں نظریں چرا گئی۔

"یہ بھی پرانی بات ہے۔"

"نئی بات تم ہی کرلو۔"

"مجھے نہیں آتی۔"

"مجھ سے دوستی کروگی۔"

"دشمنی کب تھی؟" بے ساختہ لبوں سے پھسلا۔

"اچھا.....! واقعی.....؟"

"مجھے ضرورت نہیں تم سے دوستی کی....."

"تو پھر محبت ہی کرلو۔"

"بکواس بند کرو۔"

"ہاہاہا....." اس نے بے اختیار قہقہہ لگایا تھا۔ کتنے عرصے بعد میری سماعتوں میں کسی ہنسی کی آواز گونجی تھی اور بے حد اچھا محسوس ہوا' میرا دل چاہا وہ اسی طرح ہنستا رہے لیکن پھر میں خود ہی گھبرا گئی۔

"میں نے کوئی لطیفہ نہیں سنایا۔"

"تمہاری باتوں پر مجھے ہنسی بھی آتی ہے اور غصہ بھی۔"

"تو میں کیا کروں۔"

"کہنا محبت کرلو۔"

"کیا تم مجھے پڑھنے دو گے؟"

"میں نے کب منع کیا ہے۔"

"تو جائیں تشریف لے جائیں یہاں سے تاکہ میں کچھ پڑھ سکوں۔"

"آج کوئی سونیا نہیں آئے گی۔" وہ یونہی بول گیا۔ میں چپ رہی۔

"تمہیں سونیا کی موت پر افسوس ہوا ہے؟"

"تمہیں خوشی ہے تو میں کیا کرسکتی ہوں۔" اب کی بار وہ دوبارہ ہنسا تھا مجھے گھبراہٹ ہونے لگی۔ "پلیز! تم یہاں سے جاؤ۔"

"چلا جاتا ہوں' میں تو تمہیں ایک بات بتانے آیا تھا۔"

"مجھے تمہاری کسی بات سے کوئی دلچسپی نہیں ہے۔"

"اچھا..... ایسی بات ہے تو یونہی سہی۔" وہ ہاتھ جھاڑ کر اٹھ گیا۔ مجھے ذرا بھی تجسس نہیں ہوا۔

"میں نے زینب کو دیکھا تھا کل....." اس نے میری سماعتوں میں بم پھوڑا تھا۔

"کیا.....! تم سچ کہہ رہے ہو؟" میں بے یقین تھی۔

"میرا خیال ہے میں جھوٹ نہیں بولتا اور کم از کم تم سے تو بالکل بھی نہیں۔" اس نے گردن موڑ کر بغور مجھے دیکھا اور لمبے لمبے ڈگ بھرتا آگے بڑھ گیا۔

"ارمغان!" میں نے پکارا تھا۔ اس نے سنا ہی نہیں۔

❀.....❀.....❀

"تمہیں پتا ہے میں کتنی بے تاب ہوجاؤں گی یہ خبر سن کر..... پھر بھی تم پوری بات بتائے بغیر چلے گئے؟" وہ اسی دن لاہور چلا گیا تھا اور پورے دو دن بعد واپس آیا تھا۔ ایسا پہلی بار ہوا تھا کہ میں اس کے انتظار میں دن کیا لمحے گنتی رہی تھی۔

"چلو کسی بہانے تم نے مجھے یاد تو کیا ہوگا۔" وہ کتنا بے نیاز بن رہا تھا۔

"کہاں دیکھا تم نے زینب کو..... کیسی ہے

www.pdfbooksfree.pk

وہ.....؟''

''میں دوسرے گاؤں گیا تھا اپنے ایک دوست کے والد کی وفات پر..... وہیں وہ آئی ہوئی تھی' میں اسے پہچان نہیں پایا' اس نے پہچان لیا تھا اور حال احوال پوچھا تھا میرا..... اور.....''

''اور.....'' میں تیزی سے گھڑی ہوگئی۔

''اور تمہارا ذکر کر کے رونے لگی تھی۔''

''پلیز! مجھے اس کے پاس لے چلو..... پلیز ارمغان!'' میری آنکھوں میں نمی پھیلنے لگی تھی۔

''پھر کبھی جانا ہوا تو لے جاؤں گا۔''

''پلیز غنی!'' میں نے بے اختیار آگے بڑھ کر اس کا بازو چھوا تھا۔ یہ قطعی غیر اختیاری عمل تھا۔ جہاں وہ ٹھٹکا میں اپنی جگہ خجل سی ہو کر رہ گئی۔

''غنی.....'' اس نے دھیرے سے اپنا نام دہرایا یہ میں اسے بہت بچپن میں کبھی کہا کرتی تھی۔ ''پھر کہو تاباں.....! پھر سے کہو۔''

''مجھے زینب کے پاس لے چلو گے؟''

''ابھی چلو.....'' وہ یقیناً بہت خوش تھا جبھی تیار ہوگیا۔

''کیا واقعی ابھی.....؟''

''ہاں..... میں گاڑی نکال رہا ہوں' تم چادر لے آؤ۔''

''میں بس ابھی آتی ہوں۔'' مجھے یقین نہیں تھا وہ اتنی آسانی سے مجھے زینب سے ملوانے لے جائے گا۔ میں بے حد خوش تھی۔ زینب سے ملنے کا تصور ہی اتنا خوش کن تھا کہ میں اس دن اس کی ہر فضول بات چپ چاپ سنتی رہی۔

❀.....❀.....❀

''تاباں! میری زندگی کا ہر گزرتا دن آزمائش ہے اور ہر آنے والا پل خوف..... مجھے اپنے نصیب کا بہت پہلے سے ادراک تھا۔ ہم جیسے لوگ جو مجبوری کا رزق کھاتے ہیں' ان کے نصیب آزمائشوں سے مشروط ہوتے ہیں۔ میں پہلے بھی بخت آور نہ تھی لیکن احمد شاہ نے تو میری بدقسمتی کے تابوت میں آخری کیل ٹھونک دی تھی۔ تو اس کی حریص طبیعت سے تو لاعلم نہیں تاباں! وہ عورتوں پر کس حد تک ظلم کرتا ہے تجھے پتا ہے۔'' اس نے کچی زمین پر انگلی سے لکیر کھینچی۔ یہ کیفیت اس کے اندرونی اضطراب کی غماز تھی۔

''وہ مجھے دولت جائیداد کا لالچ دیتا' وہ مجھے حویلی کی مالکن بنانا چاہتا تھا..... مگر میں بدنصیب ضرور تھی' بدکردار نہیں تھی' تاباں! معاشرے میں طوائفیں یونہی نہیں جنم لیتیں' اسے احمد شاہ جیسے بے ضمیر آدمی مجبور کرتے ہیں۔ جن کے اپنے آنگن میں بیریاں ہوں وہ دوسروں کے گھر پر پتھر کیوں اچھالتے ہیں؟'' عجیب سوال تھا' میں چپ رہی' کہتی بھی کیا؟ ''تیرا وجود ایک سائبان کی مانند تھا' میں ہر لمحہ تیرے ساتھ خود کو بہت محفوظ تصور کرتی تھی تو گئی تو مجھے لگا کہ وہ کسی لمحے آ کر مجھے دبوچ لے گا۔ میں بہت ڈری ہوئی تھی' میں تجھ سے رابطہ کرنا چاہتی تھی کہ تو جلد سے جلد واپس آ جا۔ اسی روز مجھے پتا چلا کہ چاچا کرم الٰہی جو ویگن کے اڈے پر ملازم تھا' لاہور جا رہا ہے' مجھے کچھ اور نہ سوجھا تو میں نے جلدی سے تیرے نام خط لکھ کر اس کے نواسے کو بلوا بھیجا کہ وہ تجھ تک میرا رقعہ پہنچا دے۔ میں نے اس میں احمد شاہ کی غلاظتوں کی داستان لکھی تھی' وہ آیا تو میں نے خط اسے حفاظت سے تجھ تک پہنچانے کا کہا مگر.....'' سسکی لی۔ ''خدا جانے اس نے سارے ابلیس حویلی کی قسمت میں کیوں لکھ دیئے تھے۔ اس نے میرے خط کو غلط رنگ دیتے ہوئے شاہ حسن کو بتا دیا۔ وہ تو پہلے ہی سے خار کھائے بیٹھا تھا' وہ زخمی سانپ کی مانند پھنکارتا ہوا وہاں آیا تھا اور میری روح فنا ہوگئی' اسے دیکھ کر..... عاصم کے چہرے کا رنگ بھی اڑ چکا تھا۔ وہ احمد شاہ کو دیکھ کر وہاں سے بھاگا تو اسے اس کے ملازموں نے پکڑ لیا۔ وہ اس سے خط چھیننا چاہتے تھے جس میں میں نے احمد شاہ کی سیاہ کاریوں کی داستان لکھی تھی۔ میں چلائی تھی کہ وہ یہ خط کسی کو نہ دے'



اور اس غریب نے گھبرا کر وہ خط ٹکڑے ٹکڑے کر کے ہوا میں اڑا دیا۔ اس کا یہ کرنا تھا کہ احمد شاہ کے پالتو کتے اس پر پل پڑے۔ مجھے اس طرح نہیں کرنا چاہیے تھا لیکن میں کرتی بھی کیا..... احمد شاہ کے پالتو کتے عاصم کو پیٹ رہے تھے اور وہ مجھے..... اس نے انتہائی رکیک الزامات لگائے مجھ پر..... اس نے کہا میں نے پہلے بھی دونوں کو کئی بار رنگے ہاتھوں پکڑا' سمجھایا بھی لیکن یہ باز نہیں آنے والے..... اٹھارہ سال کا وہ معصوم لڑکا..... بری طرح پٹ رہا تھا اور میں تو اپنے اوپر لگنے والے الزامات کو سن کر ہی غش کھا گئی تھی پھر تماشائی تماشا دیکھتے رہے اور..... میں نے مرنے کی بہت کوشش کی لیکن بچ گئی کاش! میں مر جاتی تاباں کاش.....!'' وہ رو رہی تھی اور میرے آنسو بھی کب رکے تھے۔ ''پھر اس نے مجھے حویلی سے نکلنے کا حکم دے دیا' میں کہاں جاتی تاباں! میرا کون تھا اس دنیا میں..... مجھے تو کوئی راستہ بھی نہ آتا تھا' اور تو بھی تو میرے لیے کچھ نہ کر سکی..... مجھے ارمغان نے کہا تھا کہ میں اپنی زبان بند رکھوں' وہ تیری بھلائی چاہتا تھا' وہ نہیں چاہتا تھا کہ تو احمد شاہ کے مقابلے میں آئے اور وہ تیرے ساتھ بھی کچھ غلط کرے..... وہ انسان کے روپ میں شیطان ہے تاباں' اس سے ہر بات کی توقع رکھی جا سکتی ہے۔ میں یہ بات سمجھ گئی تھی اس لیے میں نے اس وقت اپنے لب سی لیے..... مجھے پتا تھا تو میرے راستے میں دیوار بن کر ضرور کھڑی ہوگی' اور احمد شاہ سے کچھ بعید نہ تھا کہ وہ اپنی پست ذہنیت کا ثبوت دینے کے لیے تیرے شفاف دامن پر بھی کالک مل دیتا' ارمغان اس بات سے ڈرتا تھا' اس لیے وہ تجھے خاموش رہنے کا کہتا تھا' کیونکہ تو بھی تو تنہا تھی..... تیری طرف اٹھنے والی انگلی کو کون روکتا۔'' اس کی باتیں سن کر مجھے وہ وقت یاد آیا جب میں ارمغان سے بہت برگشتہ ہو چکی تھی۔ مجھے لگتا تھا کہ وہ بھی احمد شاہ کے ساتھ ملا ہوا تھا کیا خبر تھی وہ میرے بھلے کے لیے ہی ایسا کہتا تھا۔ ''پھر میں نے ارمغان کے کہنے پر ہی حویلی چھوڑ دینے کا سوچ لیا کیونکہ احمد شاہ مزید میرے ساتھ کیا سلوک کرتا اس سے بے خبر نہیں تھی میں..... ارمغان مجھے میرے نام نہاد ماموں کے گھر چھوڑ گیا تھا جو آج میرا شوہر ہے۔'' ململ کے دوپٹے سے آنکھیں رگڑتے ہوئے اس نے میری طرف دیکھا۔ ''حمید اختر کی پہلی بیوی مر چکی تھی تو اس نے مجھ سے نکاح کر لیا۔ اس کی چار بیٹیاں تھیں چاروں مجھ سے بڑی ہیں اور میں ان کی ماں ہوں۔'' وہ استہزائیہ انداز میں مسکرائی۔ ''تاباں! مقدر کتنا رلاتے ہیں نا! نصیب برے ہوں تو انسان رل جاتا ہے۔ میری آنکھوں میں بینائی کے ساتھ سمندر بھی رکھ دیا ہے مالک نے جو کسی لمحے خشک نہیں ہوتیں۔ حمید شطرنج اور جوئے کا کھلاڑی ہے۔ نشے میں دھت میرے گھر آتا ہے تو میں اپنے ہاتھوں کی لکیروں میں خوش قسمتی کا عنصر ڈھونڈتی رہ جاتی ہوں۔ میں خود کو بہت سخت جان سمجھتی تھی مگر میرا وجود تو بہت کھوکھلا نکلا' مجھے کینسر کی بیماری ہے دماغی کینسر۔''

''کیا!'' میں چیخی۔ ''زینب! پلیز ایسا مت کہو۔''

''حقیقت چھپ نہیں سکتی اور پھر مجھے اس بات کا کوئی غم نہیں ہے' میں نے اتنا برداشت کیا ہے' زندگی کو کہ اب اس بیماری سے بھی فرق نہیں پڑتا۔ تھوڑے سے ہی دن رہ گئے ہیں زندگی کے..... میں تو موت کا انتظار کرتی رہتی ہوں۔''

''زینب! تو اس قدر پتھر ہو چکی ہے' میں حیران ہوں؟''

''حیران مت ہو..... میں نے بھی حیران ہونا چھوڑ دیا ہے۔''

''کینسر کا علاج تو ہے زینب' تو چل میرے ساتھ..... میں لاہور لے کر جاؤں گی تجھے' تیرا علاج کرواؤں گی۔''

''مجھے جی کر کرنا بھی کیا ہے تاباں! کس کے لیے زندگی کا سامان کروں تو خود سوچ..... اس زندگی سے تو بہتر یہی ہے نا کہ میں مر جاؤں۔''

www.pdfbooksfree.pk

"میں ابھی چلتی ہوں زینب! جلدی میں نکل آئی ہوں، پھر بہت جلد آؤں گی۔" میں اس کی اداسی ختم کرنے کی غرض سے بولی تو وہ مسکرادی۔

"میں تیرا انتظار کروں گی، جلدی آنا۔" میں اٹھی تو وہ بھی ساتھ ہی کھڑی ہوگئی۔

"تاباں! ایک بات کہوں، برا تو نہیں مانے گی؟"

"تم چار برس مجھ سے دور رہ کر یہ بھی بھول گئی ہو کہ میں تمہاری کسی بات کا برا نہیں مناتی؟"

"ہاں..... جانتی ہوں..... لیکن....." وہ رکی

"تاباں! تو ارمغان کا ہاتھ تھام لے وہ تیرے بخت کا ایسا ستارہ ہے جو تیری تقدیر بدل دے گا۔"

"تو جانتی ہے زینب!"

"ہاں میں یہ بھی جانتی ہوں کہ احمد شاہ کا بھتیجا ہونے کی وجہ سے تو اسے پسند نہیں کرتی پر وہ تجھ سے محبت کرتا ہے تاباں! حویلی میں وہ تیری خاطر رہتا ہے اور اس سے بے خبر تو بھی نہیں ہے۔ اس نے ہمیشہ تیرا ساتھ دیا ہے، تجھے دھوپ سے بچائے رکھا، وہ ایک چھتنار درخت کی مانند ہے تیرے لیے..... تیرے سارے دکھ بانٹ لے گا، سارے آنسو چن لے گا، میری بات پر غور ضرور کرنا۔"

"میں اس سے ہارنا نہیں چاہتی۔" میرا لہجہ کمزور تھا۔

"پگلی! اس ہار میں تیری جیت ہے، آزمالینا میری بات کو....." اس نے مجھے گلے سے لگایا تو پھر سے رو دی۔

❁.....❁.....❁

گئے دنوں کی عزیز باتیں
روشن صبحیں، گلاب راتیں
بساط دل بھی عجیب شے ہے
ہزار جیتیں، ہزار ماتیں
جدائیوں کی ہوائیں لمحوں کی
خشک مٹی اڑا رہی ہیں
گئی رتوں کا ملال کب تک
چلو کہ شاخیں ٹوٹتی ہیں
چلو کہ قبروں پر خوب رونے سے
اپنی آنکھیں ہی پھوٹتی ہیں!!

اور میں امتحانات کے بعد زینب سے دوبارہ ملنے کے لیے جانا چاہتی تھی جب ارمغان نے خبر دی کہ زینب تین دن پہلے اس دنیا سے جاچکی ہے اور میں ششدر رہ گئی تھی۔

کیا وہ ایک بار صرف مجھ سے ملنے کی غرض سے زندہ تھی؟

مگر وہ جیتی تو تب جب اسے جینے کی خواہش ہوتی اور اسے برباد کرنے والے کون سا سکھی رہے تھے۔ احمد شاہ کی بدحال حالت میں کوئی اس کے قریب نہیں جاتا تھا۔ پھپھو تو ویسے ہی نیم پاگل سی ہوگئی تھیں، کبھی بیٹھے بیٹھے ہنسنے لگتیں اور کبھی بے تحاشا روتیں..... سرینہ نے نغمانہ کی دیکھا دیکھی خود بھی اپنی پسند سے شادی کرلی تھی۔ وہ دولت و جائیداد جس کے حصول کے لیے پھپھو اور احمد شاہ حسن نے زندگی بھر گناہ کمائے تھے، اب ان کے کس کام کی رہی تھی، دونوں ہی لاچار، مجبور اور بے بس تھے۔ واقعی خدا کی لاٹھی بے آواز ہوتی ہے۔ وہ لوگ جو پیسوں کے بدلے اپنی وفاداریاں تبدیل کرچکے تھے، اب سب کے سب احمد شاہ کے مخالف ہوگئے تھے اور میں نے دیگر تمام لوگوں کو سکھ کا سانس لیتے دیکھا تھا۔

"زینب گناہ گار نہیں تھی، اسے ثابت کیا گیا تھا۔" وہی لوگ جو چند سال پہلے تک زینب کے کردار پر انگلی اٹھاتے تھے آج ان کی رائے بدل چکی تھی۔ اور مجھے دکھ اس بات کا تھا کہ وہ زینب ہی نہ رہی تھی جو اپنے شفاف اور بے داغ کردار کی گواہ خود تھی۔

"کیا یہ زینب کی زندگی میں نہیں ہوسکتا تھا۔" میں بے حد اداس تھی۔

"ہوسکتا ہے اس میں بھی کوئی مصلحت ہو اللہ کی....." ارمغان کے پاس ہمیشہ یہی جواب ہوتا۔

"ہاں شاید....." میں نے ٹھنڈی سانس لی۔



"تو آخر زینب کی زندگی کا کردار ختم ہوگیا۔"

"ہاں اس کا کردار یہیں تک تھا۔"

"اس قصے میں سب سے بدقسمت تو زینب ہی رہی نا، جانے کیوں کوئی خوشی اس کا مقدر نہ بن سکی۔ کچھ لوگ بدقسمت سمجھتے ہیں خود کو لیکن ایک وقت آتا ہے جب ان کی قسمت کا پانسہ پلٹ جاتا ہے، تقدیر اپنے مہرے تبدیل کردیتی ہے، میرا شمار ان لوگوں میں ہوتا ہے، کچھ لوگ تاعمر قسمت کی بساط پر بازیاں جیتتے ہیں، ہار کبھی ان کا مقدر نہیں بنتی، وہ تم جیسے لوگ ہوتے ہیں۔" میں نے اس کی طرف دیکھا۔

"میری زندگی کی سب سے بڑی اور اہم ترین بازی تو تم ہو تاباں! تمہیں تو میں ابھی تک جیت نہیں سکا!" وہ کہہ رہا تھا، میں ان سنی کرگئی۔

"اور کچھ لوگ زینب کی طرح ہوتے ہیں تاعمر بدنصیبی ان کے تعاقب میں رہتی ہے۔ ان کے تاریک مقدر امید و خوشی کا کوئی جگنو ان کے دامن میں نہیں ڈالتے۔"

"ٹھیک کہتی ہو تم....."

"میں ہمیشہ ٹھیک ہی کہتی ہوں۔"

"اتنی خوش فہمیاں بھی اچھی نہیں ہوتیں۔"

"تو کیا غلط کہتی ہوں؟" میں نے گھورا تو وہ سہمنے کی اداکاری کرتے ہوئے بولا۔

"نہیں نہیں میڈم! میری اتنی جرأت کہ میں آپ کو غلط کہوں؟"

"گڈ..... تم یقیناً اچھے شوہر ثابت ہوسکتے ہو۔" میں نے ہلکے پھلکے لہجے میں کہا تھا اور اس پر تو شادیٔ مرگ کی کیفیت طاری ہوگئی۔

"تا..... باں.....! ابھی کیا کہا تم نے.....؟"

"جو تم نے سنا۔" میں نے مسکراہٹ دبائی۔

"کیا واقعی..... کیا تم نے وہی کہا جو میں نے سنا..... یہ میری سماعتوں کا دھوکا ہے؟"

"پتا نہیں....."

"پلیز تاباں! سنجیدہ ہوجاؤ۔ میرا ہارٹ فیل بھی ہوسکتا ہے، میں کمزور دل کا بندہ ہوں۔"

"ٹھیک ہے، تو میں اپنے الفاظ واپس لیتی ہوں۔"

"نہیں..... نہیں..... میں نے ایسا کب کہا.....؟ اچھا ٹھہرو میں یقین تو کرلوں۔" وہ اپنے دل پر ہاتھ رکھ کر کھڑا ہوگیا۔

"یہ کیا کررہے ہو.....؟ مجھے اچنبھا ہوا۔

"میرا دل معمول کی رفتار سے زیادہ رفتار میں دھڑک رہا ہے۔"

"تو میں کیا کروں؟"

"تم.....!" اس نے ادھر ادھر دیکھا اور کیاری میں جھک کر ادھ کھلے گلاب کی سرخ کلی توڑی اور میرے سامنے گھٹنوں کے بل بیٹھ کر بولا۔ "میڈم! آپ مجھ سے شادی کریں گی۔" وہ گلاب کی ادھ کھلی کلی میری طرف بڑھائے ہوئے تھا۔

"نہیں....." میں نے ہنستے ہوئے گلاب کی کلی تھام لی۔ وہ فرط مسرت سے خود پر قابو نہیں رکھ پارہا تھا۔

"تاباں! کاش تم جان سکو کہ آج تم نے مجھے زندگی کی سب سے بڑی خوشی سے نوازا ہے۔ بے حد شکریہ تاباں!" وہ اپنی آنکھوں میں آئی ہوئی نمی صاف کررہا تھا میں حیرت سے بت بن گئی۔ "میں زندگی بھر تمہارے اس احسان کا بدلہ نہیں چکا سکوں گا۔"

"اتنی محبت کرتے ہو تم مجھ سے.....؟" میرے لب لرزے۔

"یہ وقت بتادے گا تمہیں۔" وہ ڈوبتے سورج کی شفق کو نم آنکھوں سے دیکھ رہا تھا اور میں اس کی آنکھوں میں تیرتی محبت کو.....

آج کی شام کا آغاز کتنا آزردہ ہوا تھا اور انجام.....! شاید اسی کو تقدیر کہا جاتا ہے!

www.pdfbooksfree.pk





# مجھے حکم اذان

اُم مریم

جب کشتی ثابت و سالم تھی، ساحل کی تمنا کس کو تھی
اب ایسی شکستہ کشتی پر ساحل کی تمنا کون کرے
جو آگ لگائی تھی تم نے، اس کو تو بجھایا اشکوں نے
جو اشکوں نے بھڑکائی ہے، اس آگ کو ٹھنڈا کون کرے

## گزشتہ قسط کا خلاصہ

یہ کہانی نندنی گریوال سے شروع ہوتی ہے جس کا تعلق دو مختلف مذاہب سے ہے باپ کرسچن جبکہ ماں ہندو ہے۔ نندنی اپنی ماں کے ساتھ انڈیا میں مقیم ہے جبکہ سا کا بھائی اپنے باپ کے ساتھ امریکا میں مقیم ہے۔ برسوں پہلے امریکا میں نندنی کسی اجنبی ایشیئن سے ملتی ہے اور اس کا دل اس اجنبی کی فسوں خیز شخصیت کا اسیر ہو جاتا ہے۔ انڈیا واپس آنے کے کئی برس بعد بھی وہ اسے اپنے دل سے نہیں نکال پائی اور ہر جگہ اسے ڈھونڈتی رہتی ہے اور ہر مندر میں جا کے اس کے ملنے کی پراتھنا کرتی ہے۔ کہانی کا دوسرا بڑا کردار عباس ایک جاگیردار گھرانے کا چشم و چراغ و وسیع جائیداد کا مالک ہے۔ اس کے والد بچپن میں اس کی نسبت اپنے چھوٹے بھائی کی بیٹی لاریب سے جبکہ اس کے بڑے بھائی وقاص کی نسبت لاریب کی بڑی بہن ایمان سے طے کر چکے ہیں۔ ایمان اپنے گھر والوں کی مرضی کے خلاف اپنے یونیورسٹی فیلو شرجیل کو پسند کرتی ہے جبکہ عباس انگلینڈ سے تعلیم مکمل کرنے کے بعد شوبز کی فیلڈ جوائن کر لیتا ہے جس کی مخالفت کرتے ہوئے اس کے گھر والے قطع تعلقی اختیار کر لیتے ہیں۔ جس کا سب سے زیادہ اثر لاریب پر ہوتا ہے جو بچپن سے عباس کے خواب اپنی آنکھوں میں سجائے بیٹھی ہے۔ عباس فلم انڈسٹری کی ایک مقبول ترین شخصیت بن جاتا ہے اور لاریب کی بجائے عریشہ کو منتخب کرتا ہے۔ جس سے اس کی ملاقات اتفاقیہ طور پر ہوئی ہے مگر مختصر سی وہ ملاقات اس کے دل میں عریشہ کی محبت بٹھا دیتی ہے جس کی وجہ سے وہ فلم انڈسٹری تک چھوڑنے پر آمادہ ہو جاتا ہے۔ سریتا دیوی (نندنی کی ماں) کے دوسرے شوہر کا پہلا بیٹا نندنی کی محبت میں گرفتار ہو جاتا ہے مگر وہ اس کی شکل دیکھنے کی بھی روادار نہیں۔

## اب آپ آگے پڑھئے

وہ عجیب مشکل میں گرفتار ہوئی تھی۔ یعنی وہی ڈھاک کے تین پات! شاید شرجیل خود بھی جان گیا تھا اس کے بابا سائیں کبھی نہیں مانیں گے۔

"ایمی پلیز ٹیل می؟" شرجیل نے اس کے ہاتھوں کو آہستگی سے دبا کر گویا اسے بولنے پر اکسایا۔ وہ مضطرب، بے چین سی ہو کر اسے نم آنکھوں سے تکنے لگی۔ کچھ کہنے سے گریزاں تھی یا اس کے غصے سے خائف تھی مگر یہ بات بھی تو ایسی نہ تھی کہ وہ مان لیتی۔

"میں جانتا ہوں ایمی یہ سب کچھ تمہارے لیے آسان نہیں ہے۔ کسی بھی شریف اور خوددار لڑکی کے لیے یہ مرحلہ آسان نہیں ہوسکتا مگر...... ذرا سوچو اگر تمہارے بابا سائیں نے انکار کر دیا جو کہ وہ ہر صورت کریں گے ہی تو تم میرے بغیر رہ سکو گی؟ شاید رہ لو مگر ایمی میں، میں ہرگز تمہارے بغیر نہیں رہ سکتا، یاد رکھنا اگر تم نے میرا ساتھ نہ دیا تو میں خودکشی کر لوں گا۔ میری بات کو مذاق مت سمجھنا ایمان!" شرجیل کا تند و تیز لہجہ اس کے اندرونی خلفشار کی

www.pdfbooksfree.pk

واضح عکاسی کررہا تھا ایمان کا دل دہل سا گیا۔

"ایسی باتیں مت کرو شرجیل! میں آل ریڈی بہت پریشان ہوں۔" وہ عاجز ہونے لگی۔

"تمہیں صرف اپنی پریشانی کی پروا ہے میرا خیال نہیں' اور سنو میں آئندہ ایسی بات کبھی نہیں کروں گا اگر تم مجھ سے میرا ساتھ نبھانے کا وعدہ کرلو۔"

"تم مجھے کچھ سوچنے کا موقع تو دو شرجیل ہوسکتا ہے کوئی راہ نکل آئے۔ اللہ مسبب الاسباب ہے۔" ایمان نے کسی قدر رسان سے کہا۔ شرجیل نے گہرا سانس بھر کے اس کے ہاتھوں سے اپنے ہاتھ ہٹا لیے۔ ایمان نے خائف نظروں سے اس کا جائزہ لیا۔

"تم نے اپنے گھر والوں سے بات کی؟"

"تم نے کی؟" شرجیل نے طنزیہ نگاہیں اس پر جمائیں ایمان بے ساختہ نظریں چرا گئی۔ وہ زہر خند ہوا۔

"پلیز اپنے گھر والوں سے بات کرو۔ انہیں ہمارے ہاں بھیجو پھر دیکھتے ہیں بابا سائیں کیا کہتے ہیں۔" ایمان ایکا ایکی جیسے کسی فیصلے پر پہنچ گئی۔ بہرحال یہ طے تھا کہ اسے وقاص حیدر سے شادی نہیں کرنا تھی۔ وہ جس کی نظروں میں اس نے کھلی ڈھلی ہوس دیکھی تھی جس کے چہرے پر ہر دم ایک شیطانیت رقص کرتی تھی۔ اس کی محبت اچھی نہیں تھی وہ جانتی تھی ایک ایسے سطحی سوچ کے مالک انسان کو وہ شریک حیات کے طور پر ہرگز بھی قبول نہیں کرسکتی۔ جس کی نگاہوں میں اس کے لیے یا اس کی بہنوں کے لیے عزت ہو نہ احترام۔ اس نے کئی بار وقاص کی نگاہوں کو لاریب کے علاوہ امامہ کا بھی پوسٹ مارٹم کرتے دیکھا تھا۔ کیا فرق پڑے گا اگر میں وقاص سے منگنی توڑ دوں گی۔ اس سے پہلے عباس بھی تو یہ روایت قائم کرچکا ہے۔ پھر لاریب میں تو کوئی کمی بھی نہیں تھی۔ اس نے جیسے خود کو ڈھارس دلادی تھی۔

"اور اگر وہاں سے انکار ہوگیا تو.....؟" شرجیل نے نخوت سے پوچھا۔ ایمان اپنے خیالات کی یورش سے ابھری اور کچھ توقف سے اس کی بات کا مفہوم سمجھی۔

"اس صورت میں پھر وہی ہوگا شرجیل جو تم چاہتے ہو۔" ایمان نے بات ختم کرکے اس کے چہرے کی جانب نہیں دیکھا وہ جانتی تھی شرجیل کے لیے یہ بات کتنی خوشی کا باعث ہے۔

❀.....❀.....❀

عباس حیدر کی شادی کی تاریخ طے ہوگئی تھی۔ اس کی کوشش تھی اس سے پہلے پہلے شوٹ مکمل کروادے مگر یہ کام لمبا ہوتا جارہا تھا ادھر عریشہ کی جھنجلاہٹ اور خفگی بھی۔ بالآخر عباس کو اس نے فون پر سخت سست سنائی تھیں۔

"یہ ہے تمہاری محبت عباس! بہت شور مچاتے تھے محبت' عشق' جنون' شادی میں چند دن رہ گئے اور تمہیں اتنی بھی فرصت نہیں کہ میرے ساتھ برائیڈل ڈریس ہی پسند کرنے چل سکو۔" وہ غصے میں بولتی چلی گئی تھی۔ عباس کو مان اور استحقاق بھرا یہ انداز بہت بھایا تھا۔ جبھی دل سے مسکرایا تھا۔

"تم کچھ بولتے کیوں نہیں ہو؟ میں پاگل ہوں جو بکواس کررہی ہوں؟" وہ جھنجلا کر اس پر الٹ پڑی۔

"میری جان تم چپ کیوں ہو بولو' مجھے تمہیں سننا اچھا لگ رہا ہے۔" وہ ہنسنے لگا۔ جبکہ عریشہ کا موڈ کچھ اور خراب ہوگیا تھا۔

"عباس تم اگر آج شام تک میرے پاس نہیں پہنچے نا تو پھر اپنا حشر دیکھنا۔" عریشہ نے دھمکی دینے کے بعد فون بند کردیا۔ عباس وہ اہم شوٹ ادھوری چھوڑ کر ڈائریکٹر کی منت کی پروا کیے بغیر چلا گیا تھا۔

اسی رات عباس عریشہ کے ساتھ شاپنگ مال میں اس کا برائیڈل ڈریس چوز کررہا تھا تو ایک اخباری رپورٹر کی اس پر نظر پڑ گئی تھی۔ اگلی صبح کے اخبار میں دونوں کی تصویر چھپی تھی۔ شہ سرخی سمیت۔

"مشہور اداکار ساحر عباس حیدر اپنی منگیتر کے ساتھ شادی کا جوڑا پسند کرتے ہوئے۔ انہوں نے اس جوڑے کی خریداری کے چکر میں اپنی شوٹ ادھوری چھوڑ دی۔ ڈائریکٹر کا لاکھوں کا تیار کرایا سیٹ بے کار گیا۔ ساحر اپنی



منگیتر کی خوشی کے آگے ہر کام کو غیر اہم سمجھتے ہیں۔"

لاریب نے یہ خبر اور اس کی تفصیلات اپنے کالج کی لائبریری میں پڑھی تھیں اور اس کے اندر جیسے بھول اگ آئے تھے۔ ایک آگ کا دریا تھا جس میں اس کا وجود غوطے کھا تا رہا تھا۔ دل و دماغ کچھ بھی تو قابو میں نہیں رہا تھا۔ بس رد ہونے ٹھکرائے جانے کا ایک ایسا اذیت انگیز احساس تھا جس کا کوئی انت تھا نہ حساب اسے نہیں خبر ہوسکی وہ کالج سے حویلی تک کیسے پہنچی' اگلے دو دن تک بخار نے اس کی سدھ بدھ بھلائے رکھی تھی۔ تیسرے دن کہیں جاکے وہ حواسوں میں آئی تھی۔

"کیا ہوگیا تھا تمہیں لاریب؟ ڈاکٹر کہہ رہا تھا کوئی ذہنی شاک پہنچا ہے۔" ایمان کی نگاہوں میں الجھن کے ساتھ پریشانی بھی تھی۔ وہ نظریں چرا گئی۔ جب سے عباس حیدر نے فلم انڈسٹری جوائن کی تھی دونوں حویلیوں میں اخبار یا میگزین کبھی گھسنے نہیں دیا گیا تھا۔ بہت سخت پابندی تھی کاغذ کے ان ٹکڑوں پر وہ اس کے متعلق خبر لاسکتے تھے۔ پھر بھلا عباس کے لیے کوئی گنجائش کہاں تھی۔ پیر کرامت علی شاہ اپنے اصولوں کے اتنے ہی سخت تھے اور بابا سائیں تو ان کے بھائی تھے۔ ان کے ہر کام میں چاہے وہ جائز ہو یا ناجائز ان کا ساتھ دینے والے.....

"لاریب میری جان کیا دکھ ہے تمہیں؟ مجھے بتاؤ؟" ایمان نے اس کی دہکتی آنکھوں میں مچلتی نمی دیکھی تو بے اختیار تڑپ اٹھی۔

"باجو پلیز مجھے تنہا چھوڑ دیں۔" اس نے التجا کی تھی۔ ایمان اسے دیکھ کر رہ گئی۔ اس سے قبل کہ سرہانے بیٹھی امامہ کوئی اٹھنے کا اشارہ کرتی دروازہ مدھر سروں میں بج اٹھا۔

"کون ہے آجاؤ۔" ایمان نے گردن موڑ کر دیکھا کھلے دروازہ وا ہوا اور سکندر کی صورت نظر آئی۔ بڑھی ہوئی شیو' کھدر کا بادامی سوٹ بڑی بڑی آنکھوں میں جلتے بجھتے سرخیاں نمایاں تھیں۔

"ایمان بی بی بابا سائیں نے گاڑی تیار کرائی ہے کہہ رہے ہیں لاریب بی بی کو لے آیئے۔" سکندر نے ایک مختصر مگر بے حد خاص قسم کی نگاہ لاریب کے ستے ہوئے چہرے پر ڈال کر ایمان کو مخاطب کیا تو وہ جیسے کچھ یاد آنے پر ایک دم الرٹ ہوگئی۔

"افوہ میں تو بھول گئی تھی بالکل! لاریب اٹھو ہری اپ' آج تمہارا چیک اپ ہوگا۔"

"مگر کیوں؟"

"بھئی تمہارا بخار نہیں اتر رہا بابا سائیں نے شہر کے ڈاکٹر سے ٹائم لیا ہے۔ اسپشلسٹ ہے چلو چلو کم آن۔"

"مگر میں اب ٹھیک ہوں پلیز باجو بابا سائیں کو منع کریں میں کہیں نہیں جارہی۔"

"اونہہ لاریب اس طرح نہیں کرتے جانو۔ اٹھو۔" ایمان نے اسے اٹھا کر ہی دم لیا تھا۔ اگلے دن جب وہ کالج جانے کو تیار تھی تو ایمان نے بھی اسے منع کیا تھا مگر وہ کب کسی کی سنتی تھی۔ اس کے اندر تو ایک ہیجان برپا تھا۔ بس نہ چلتا تھا کہیں سے عباس حیدر سامنے آجائے اور وہ اس انسلٹ کا بدلہ لے لے ایسا ممکن نہیں تو پوری دنیا کو آگ لگا دے۔ یہ بھی کہاں ممکن تھا۔ ہاں..... ایک اور حل تھا ایک اور طریقہ' عباس کو جتلانے کا اسے بتانے کا کہ وہ اس کی راہ نہیں تک رہی' اسے کوئی کمی نہیں ہے وہ اس سے پہلے شادی کرے گی مگر کس سے' اس کی تیز گام ٹرین کی طرح بھاگتی دوڑتی سوچیں اس مرکز پر آکے ٹھٹکیں۔ بے خیالی ہی بے خیالی تھی۔ اس کے ہاتھ پر گلاب توڑتے ہوئے کانٹا چبھ گیا تھا۔

"سکندر' سکندر۔" ایمان برآمدے کے آخیر میں کھڑی پکار رہی تھی' اس نے چونک کر اس سمت دیکھا۔ سکندر جانے کس کونے سے نکل کر تیز قدموں سے اس کی جانب آیا تھا۔

سفید کھدر کا عوامی سوٹ اونچا پورا قد' چوڑے مضبوط شانے' سیاہ گھنیرے بال' سادہ سے سیاہ چپل۔ وہ اتنا برا تو نہیں تھا بلکہ اچھا خاصا تھا اس نے سوچا اور بے خیالی میں سوچتی چلی گئی۔ وہ اپنی پراگندہ سوچوں' مضطرب خیالوں اور بے ارادہ فیصلوں میں اتنی بے دھیان تھی کہ یہ

www.pdfbooksfree.pk

بھی خیال نہ رہا وہ سکندر جسے وہ اس حوالے سے سوچ رہی ہے چاہے ٹھکرائے جانے کے بعد ہی عباس حیدر کے پاسنگ کہیں بھی نہیں ہے وہ ان کا ملازم ہے جسے کل تک وہ خود بھی جوتے کی نوک پر رکھتی آئی تھی۔ یہ اس کی ذہنی تباہی اور خیالات کی ہیجان آمیزی ہی تھی کہ اس نے سکندر کے لیے ایسا سوچا اور اس فیصلے پر عمل کی مہر ثبت کردی تھی۔

"سکندر......!" اس نے ایمان کے حکم کی تعمیل میں تیزی سے کچن کی سمت جاتے سکندر کو بے ساختہ پکارا۔

"جی لاریب بی بی؟"

"گاڑی نکالو مجھے کالج جانا ہے۔"

"مم مگر بی بی آپ تو......"

"شٹ اپ سکندر! تم جانتے ہو مجھے سوال جواب سے کتنی نفرت ہے جو کہا ہے وہ کرو۔" وہ اس پر برس پڑی۔ سکندر نے خائف سی نگاہ اس کے لال بھبوکا چہرے پر ڈالی اور اثبات میں سر ہلایا۔ پاس سے گزرتی سکھاں کو روک کر ایمان کے لیے فریش جوس بھجوانے کا کہا اور خود پورٹیکو کی جانب چلا گیا۔ لاریب کمرے میں آئی بیگ اٹھایا اور کسی سے بھی کچھ کہے بغیر چپ چاپ آ کے سکندر کے ساتھ گاڑی میں بیٹھ گئی۔

"تمہیں ہائی کورٹ کا راستا تو معلوم ہوگا سکندر۔ اکثر زمینوں کے کیس کے سلسلے میں آتے جاتے ہوگے۔"

"جی مگر آپ......!" معاً وہ بات ادھوری چھوڑ گیا۔ شاید اپنی حیثیت کا خیال سوال کرنے سے باز رکھ گیا تھا۔ مگر الجھن ہنوز تھی جسے لاریب نے اگلے لمحے دور کردیا تھا۔

"وہیں چلو ہم کالج نہیں وہاں چلیں گے۔" وہ بہت رسانیت سے کہہ کر کھڑکی سے باہر دیکھنے لگی۔ جبکہ سکندر کے اعصاب کو جھٹکا لگا تھا۔

"آپ کو وہاں کیا کام ہے آپ مجھے بتائیے پلیز میں خود کرآؤں گا۔" کچھ دیر کی خاموشی کے بعد سکندر نے کسی قدر لجاجت سے کہا تھا۔ وہ عجیب سے انداز میں مسکرائی۔

"یہ کام میری موجودگی کے بغیر نہیں ہوسکتا سکندر۔"

"ایسا کون سا کام ہے؟ آپ بتائیے تو......" سکندر نے الجھ کر بلکہ پریشان ہو کر اسے دیکھا۔

"نکاح کرانا ہے مجھے تمہارے ساتھ بولو ہو جائے گا یہ کام میری موجودگی کے بغیر؟" وہ خود پرسکون رہ کر بھی گویا سکندر کو کسی طاقت ور بم کے دھماکے سے اڑا چکی تھی۔ سکندر کو اپنی سماعتوں پر شبہ محسوس ہوا تھا گاڑی ایک دم لہرائی اور پھر یکلخت رک گئی۔ ایک زور کا جھٹکا لگا تھا...... سکندر کے چہرے پر جیسے تاریکیوں کا سایہ تھا وہ ہنوز اپنے آپ کو فضا میں معلق محسوس کررہا تھا۔ اگر یہ لاریب کا مذاق تھا تو بے حد بھیانک! جس کی تاب نہ لاتے ہوئے سکندر کا دل دھڑکنیں بھول گیا تھا۔

"کیا ہوا شاک کیوں لگا ہے تمہیں؟" لاریب ہنوز پرسکون تھی۔ اس نے بہت طنزیہ نظروں سے سکندر کو دیکھا جس کا چہرہ دھواں دھواں تھا۔

"بی بی صاحبہ یہ بہت گھٹیا مذاق ہے۔ میں جانتا ہوں میں ایک حقیر انسان ہوں مگر......"

"سکندر بند کرو یہ اپنی تھرڈ کلاس جذباتی تقریر میں مذاق نہیں کررہی۔" وہ بے ساختہ قسم کی ناگواری سمیت اسے ٹوک گئی۔ سکندر نے ٹھٹک کر اسے دیکھا۔

"آپ......"

"تمہیں کیسے یقین دلاؤں کہ میں سو فیصد سنجیدہ ہوں۔" سکندر کے ہونق چہرے کو تکتے ہوئے لاریب کا جی سر پیٹ لینے کو چاہا تھا۔ اف یہ احساس کمتری کے شکار لوگ!

"آپ کو یقین دلانے کی ضرورت نہیں ہے میرا خیال ہے ہمیں واپس چلنا چاہیے۔ ویسے آج تو فرسٹ اپریل بھی نہیں کہ میں خود کو فول بنائے جانے کا یقین کرلوں۔"

"سکندر...... بکواس مت کرو تمہارا کیا خیال ہے میں یہ سب مذاق کررہی ہوں؟" وہ یکایک مشتعل ہو کر چیخی۔

"گاڑی چلاؤ کورٹ پہنچو جب میں نکاح کے پیپرز پر سائن کروں گی تمہیں از خود یقین آجائے گا۔" لاریب کے اگلے الفاظ نے سکندر کو فضا میں معلق کردیا۔ وہ



آنکھیں پھاڑ کر یوں لاریب کو تکنے لگا جیسے اس کی دماغی حالت پر شبہ کا گمان ہو۔ لاریب کو بمشکل غصہ ضبط کرنا پڑا۔

"لاریب بی بی! اگر آپ سریس بھی ہیں نا تب بھی سن لیں مجھے اپنی اوقات پتا ہے مجھے نہیں پتا آپ یہ بھیانک مذاق مجھ سے کیوں کررہی ہیں۔ بہرحال میں آپ کا اس میں مزید ساتھ نہیں دے سکتا اور......" اس کی بات ادھوری رہ گئی تھی اگلا لمحہ قیامت تھا۔ لاریب نے ایک دم ہسٹریک ہوتے ہوئے پہلے اس کے منہ پر بھرپور تمانچہ مارا پھر اس کا گریبان پکڑ کر بہت زور کا جھٹکا دیتے ہوئے ہذیانی انداز میں چیخ چیخ کر بولتی چلی گئی تھی۔

"تمہیں اندازہ ہے تم کیا کہہ رہے ہو! تمہیں پتا ہے تم کسے ٹھکرا رہے ہو؟ لاریب علی شاہ کو...... جس کے پیچھے ایک دنیا دیوانی ہے جو کسی کی طرف دیکھنا بھی گوارا نہیں کرتی اور تم...... تم...... اسے ٹھکرا رہے ہو اس کی بات کو؟" وہ یقیناً حواسوں میں نہیں رہی تھی۔ ایک بار پھر غیر ارادی طور پر ہی سکندر کے الفاظ اس کے سسکتے بلکتے احساسات کو رد ہونے کی اذیت سے دوچار کر گئے تھے وہ اذیت جس کی تاب نہ لاتے ہوئے وہ یہ اتنا بڑا اسٹیپ لے رہی تھی جذباتیت میں۔ جو بھی تھا بہرحال وہ ایک بار پھر بکھر گئی تھی۔ سکندر کے تو اوسان خطا ہونے لگے وہ خود اس چویشن میں چکرا کر رہ گیا تھا۔ پہلے تو اسے خود کو سنبھالنا پڑا پھر لاریب کو بڑی دقتوں سے وہ یہ مرحلہ سر کر پایا۔

"آئی ایم سوری! رئیلی ویری سوری بی بی صاحبہ اگر آپ کو میرے الفاظ سے تکلیف پہنچی میں خود کو کسی بھی حوالے سے اس مرتبے کے قابل نہیں پاتا بس یہ وجہ تھی۔" وہ وضاحتوں پہ وضاحتیں دیتا ہانپنے لگا۔ پانی کی بوتل کا ڈھکن کھول کر اسے پلایا تاکہ وہ کچھ حواسوں میں لوٹے۔

"مجھے آج ابھی یہ نکاح کرنا ہے۔ ہر صورت میں اسے جتانا چاہتی ہوں کہ وہ اکیلا ہی اپنی زندگی کا فیصلہ کرنے کا حق نہیں رکھتا میں بھی کرسکتی ہوں اس سے پہلے کروں گی وہ مجھے اپنا منتظر نہ سمجھے اس نے مجھے ٹھکرایا نہیں میں اسے بتاؤں گی میں نے اسے ٹھکرایا ہے۔" وہ واقعی حواسوں میں نہیں تھی جبھی تو وہ باتیں سکندر سے کہہ رہی تھی جن کا سامنا اس نے سالہا سال تک خود بھی نہیں کیا تھا۔ ہمیشہ نظریں چرائی تھیں کترائی تھیں سکندر نے سنا سمجھا اور جیسے اندر تک تھک گیا۔ تو یہ وجہ تھی اس کا دل گہرے سمندر میں ڈوبنے لگا۔ اتنی ناقدری ایسی بے مائیگی۔

"تم مجھے بتاؤ کرو گے مجھ سے نکاح یا نہیں۔" انکار کرنے سے قبل جان لینا سکندر کہ میں حویلی واپس نہیں جاؤں گی یہیں اپنی جان دے دوں گی۔" وہ ایک بار پھر ہسٹریک ہونے لگی۔ سکندر نے دیکھا اس کی آنکھوں میں وحشت ہی وحشت تھی۔ وہ عجیب مشکل میں پھنس گیا تھا۔ جبکہ وہ اس کے جواب کی منتظر تھی۔

"یہ دیکھو میں خودکشی کا سامان ساتھ لے کر چلی تھی اور تمہاری جرأت نہیں کہ مجھے روک سکو۔ اگر میری بات ماننا ہے تو گاڑی کا رخ کورٹ کی طرف موڑ لو ورنہ گاڑی سے باہر نکل کر کھڑے ہو جاؤ میں ابھی اسی وقت اپنی کلائی کی رگ کاٹ لوں گی۔" وہ اس ہیجانی کیفیت کے زیر اثر اسے سرخ آنکھوں سے گھورتے ہوئے بولی۔ سکندر ہونٹ بھینچے کچھ دیر اسے تکتا رہا پھر اس نے گاڑی اسٹارٹ کرکے کورٹ جانے والی شاہراہ پر ڈال دیا۔ لاریب کے تنے ہوئے چہرے پر ایک آسودہ قسم کی مسکراہٹ بکھر گئی۔ ابھی وہ اتنی ارزاں تو نہیں تھی کہ کوئی اسے نہ اپناتا۔

❀......❀......❀

اس نے اپنے سامنے کاغذ کے پرزے پر درج نمبر مسکراتے ہوئے ڈائل کیا اور دوسری جانب مدھر سروں میں بجنے والی بیل کی آواز سنتی اپنی دھڑکنیں شمار کرنے لگی۔ دھڑکنیں جن کا غیر معمولی شور اسے جزبز کر گیا تھا۔ بھلا اب کیوں؟ اس نے تو عباس حیدر کو نیچا دکھا دیا تھا۔ اس نے تو عباس حیدر کو اس کی محبت کو اپنے دل سے نوچ کر پھینک دیا تھا پھر یہ دل اس سے بات کرنے اس کی بات سننے کے خیال سے اتنا اتاؤلا اور نروس کیوں ہوا جاتا تھا؟ اسے اپنے سوالوں کے جواب نہیں ملے تھے کہ دوسری جانب سے

www.pdfbooksfree.pk

کال بیک کرلی گئی۔

"السلام علیکم! عباس حیدر اسپیکنگ۔" ریسیور سے بھاری، گمبھیر آواز اس کی سماعتوں میں اتری اور اسے جیسے اس کا مقصد ہی نہیں زمان و مکان بھلا گئی۔ وہ جتنا خود ڈیشنگ اور ہینڈسم تھا اسی لحاظ سے اس کی آواز کا جادو بولتا تھا۔ اسے لگا وہ گنگ ہوگئی ہے جبکہ عباس دوسری کچھ دیر پکارنے کے بعد جھنجلا کر رابطہ منقطع کرچکا تھا۔ وہ جیسے ہڑبڑا کر گہری نیند سے جاگی اور ششدر ہوکر رہ گئی۔

"یہ مجھے کیا ہوا تھا؟" اس نے خود سے سٹپٹا کر سوال کیا؟

"کیا میں اسے بھلا پائی ہوں جبکہ اس کی آواز نے مجھے میری ہستی فراموش کراڈالی۔" وہ کم صم سی اپنی کیفیت کو پرکھتی رہی پھر کچھ سوچ کر پھر سے نمبر ڈائل کیا۔ بیلز جاتی رہیں مگر کسی نے کال ریسیو نہیں کی مگر وہ بھی ڈھیٹ بن گئی۔ آج ہی تو اس سے بات کرنا تھی۔ آج ہی تو اسے جتلانا تھا' سب کچھ وہ کسی سے کم نہیں وہ عباس سے کم نہیں۔ تیسری کے بعد چوتھی مرتبہ ٹرائی کرنے پر کال ریسیو کرلی گئی۔

"ہیلو! کون ہیں آپ؟ کیوں اپنا اور میرا وقت برباد کررہی ہیں؟ اگر کچھ بولنا نہیں تو فون کرنے کا مقصد؟" اس مرتبہ وہ جھنجلا کر بولتا چلا گیا تھا مگر لہجہ اس خفگی میں بھی دھیما اور سبک ہی رہا تھا وہ کنٹاڈیسنٹ کتنا شاندار تھا۔ چار سال قبل لاریب یونہی تو اس پر دل و جان نہیں ہار گئی تھی۔ وہ سنبھلی اور بے ساختہ مسکرائی۔

"مجھے آپ سے بات کرنی ہے جبھی کال کی ہے اور سنیں میں آپ کی طرح بے کار نہیں ہوں' جو اپنا ٹائم ضائع کرتی پھروں سمجھے آپ؟" اس نے نخوت سے ناک چڑھا کر گویا جتلانا ضروری سمجھا۔ عجیب شاہانہ انداز تھا دوسری جانب یقیناً عباس ششدر ہوا ہوگا مگر اسے بھلا کب پروا تھی۔

"آپ ہیں کون؟ کیوں بات کرنا چاہتی ہیں مجھ سے؟" عباس کے لہجے میں خفیف سی جھنجلاہٹ در آئی۔

تقریباً آدھا گھنٹہ قبل راجہ صاحب کی کال آئی تھی کہ ایک لڑکی بار بار اصرار کررہی ہے کہ اسے ساحر کا لینڈ لائن نمبر چاہیے۔

"یار صبح سے سر کھایا ہوا ہے' میرا پلیز دے دوں بتاؤ؟" اور عباس کے لیے یہ نئی بات نہ تھی لینڈ لائن نمبر پر لڑکیاں اکثر اسے کال کرتی تھیں البتہ وہ موبائل نمبر کسی کو نہیں دیتا تھا۔ جبھی اس نے سرسری انداز میں ہاں کردی تھی۔ مگر اس کالر کا انداز و اطوار سابقہ کالرز سے یکسر مختلف تھا۔ اس کا چونکنا فطری تھا۔

"یہی بتانے والی تھی میں آپ کو اگر آپ مجھے اپنی کوئی فین سمجھنے جارہے ہیں تو اس خیال کو دل سے نکال دیں میں ہرگز بھی اتنی احمق نہیں ہوں کہ ان فضولیات میں پڑوں۔" عباس کو اپنی پیشانی تپتی ہوئی محسوس ہوئی مگر وہ خود پہ جبر کیے اس کی اگلی بات کا منتظر ہوا تھا۔

"جی فرمائیے کیوں کال کی آپ نے؟" اس کی ازلی رواداری اور تربیت اسے ہمیشہ ہر کسی کے ساتھ سبھاؤ وقار اور شائستگی سے ملنے پر اکساتی تھی۔

"میں لاریب ہوں لاریب علی شاہ! آپ کو اپنی وہ عم زاد یاد تو ہوگی جسے آپ کے بزرگوں نے آپ کی مرضی کے بغیر آپ سے منسوب کردیا تھا۔" اس نے لمحہ بھر کا توقف کیا جبکہ عباس حیدر یکدم ساکت ہوکر رہ گیا تھا۔ اس کے سان گمان تک بھی نہیں تھا لاریب اسے اس طرح کال بھی کرسکتی ہے۔

"میں نے محض یہ بتلانے کے لیے آپ کو زحمت دی ہے مسٹر عباس حیدر کہ لاریب علی شاہ اتنی گری پڑی نہیں تھی کہ آپ نے اسے قبول نہیں کیا تو وہ آپ کے نام پر بیٹھی رہ گئی۔ آپ کی شادی تو جانے کب ہو مگر میں اللہ کے فضل سے کسی کی منکوحہ ہوں۔" اس کا ٹھنڈا ٹھار طنزیہ انداز اپنے اندر بہت ترش قسم کی کاٹ لیے ہوئے تھا۔ عباس حیدر یہ سمجھنے سے قطعی قاصر رہا کہ لاریب آخر اسے یہ سب کیوں بتا رہی ہے جبکہ اسے اس کے رد کردینے سے کوئی فرق بھی نہیں پڑا۔



"چپ کیوں ہوگئے؟ آپ کو اچھا نہیں لگا کیا کہ آپ کی فیانسی کسی اور کی بیوی بن گئی ہے۔ کیا آپ کی سوچ بھی عام روایتی جاگیرداروں کی طرح ہے؟" وہ اسی تنفر سے اسے پیٹ پیٹ کر طنز کے تیر مار رہی تھی۔ عباس کو ناگواری کے شدید احساس نے گھیر لیا۔ اسے اپنا دفاع کرنا پڑا تھا۔

"ٹیک اٹ ایزی لاریب علی شاہ! میں ہرگز بھی ایسی روایتی سوچ نہیں رکھتا میں نے ہرگز بھی کبھی یہ نہیں سوچا کہ آپ میرے نام پہ جوگ لے لیں۔ میں آپ کی زندگی کے نئے سفر پر آپ کے لیے نیک تمنائیں اور دعائیں کرتا ہوں۔ خدا آپ کو ہمیشہ خوش رکھے آمین۔" اس نے جیسے بات ختم کی لاریب کو شاید اس سے ایسی توقع نہیں تھی وہ تو اسے خفت کا شکار کرنا چاہتی تھی ایسا تو کچھ بھی نظر نہیں آیا تھا اسے بتانا بے کار گیا تھا۔ اب اسے کچھ اور بولنا تھا کہ جس سے اس کی اپنی خفت کم ہوسکے۔ جبھی وہ گلا کھنکار کر گویا ہوئی تھی۔

"او کے اگر آپ کو اتنی ہی خوشی ہوئی ہے تو پھر اس خوش قسمت انسان کے متعلق کسی قسم کا کوئی سوال نہیں کریں گے مثلاً وہ کون ہے کیا نام ہے کیا کرتا ہے؟" اسے اندازہ نہیں ہوا عباس کو نیچا دکھانے کی کوشش میں وہ خود اپنے پھیلائے جال میں پھنستے جارہی ہے۔ عباس اس کی بات سن کر رواداری سے مسکرا دیا۔ "جی ضرور اگر آپ بتائیں تو مجھے خوشی ہوگی۔ اونہہ جھوٹا فریبی۔ ماسک چڑھا کر اپنے جذبے مجھ سے چھپاتا ہے اندر سے جل تو لازمی رہا ہوگا۔" اس نے سوچ کی انتہا پہ جاکے سوچا اور بے ساختہ ہنسی۔

"سکندر نام ہے اس کا اور....."

معاً اسے ایکدم بریک لگ گیا تھا۔ کیا کرتا تھا سکندر؟ حویلی کی نوکری۔ کون تھا وہ؟ اس کے آگے ایک سوالیہ نشان تھا۔ یہ تو سکندر خود بھی نہیں جانتا تھا کیونکہ اسے منشی صاحب کے گھر تک لانے والی وہ ملازمہ کب کی مرگئی تھی یا تھا اس کا نام نشان وہ تو شاید منشی صاحب سے بھی کم نسب نامہ تھا۔

لاریب کو جیسے اسی پل ہوش آیا۔ لائبریری میں عباس کی ہونے والی شادی کی خبر پڑھ کر عباس کو فون ملانے تک وہ جیسے واقعی حواس گنوائے ہوئے پھر رہی تھی یہ ہیجان یہ وحشت یہ اضطراب یہ ردہونے کی اذیت اس سے کیا کروا چکی ہے اسے کیسے پابند اور محصور کرچکی ہے اس کا اندازہ اسے اسی پل ہوا تھا۔ یہ کیا کردیا تھا اس نے؟ کیسے کیوں؟ وہ ششدر بھونچکی سی چکراتے سر کے ساتھ خود سے سوال کیے گئی۔

سکندر..... سکندر اس کی حویلی کا ملازم' یہ تھا اس کا انتخاب؟

عباس حیدر کا نعم البدل؟ جو کسی بھی لحاظ سے اس کے پاسنگ بھی نہیں تھا۔ یہ اس نے کیا کیا تھا؟ کیسے؟ یہ ہیجان اس سے بھاری قیمت چکا گیا تھا۔ کیسی تھی یہ وحشت جس نے اس کی عقل سمجھ بوجھ سب ضبط کرڈالی تھی۔ نقصان ہی نقصان تھا۔ اذیت ہی اذیت تھی۔ اسے در و دیوار گرتے اور چھت اپنی جانب لپکتی محسوس ہوئی۔ یہ حقیقت اتنی تلخ اتنی ناقابل یقین تھی کہ برداشت سے باہر وہ اپنی بے جان ہوتی ٹانگوں سمیت وہیں نیچے بیٹھتی چلی گئی۔ اس کے ہاتھ سے چھوٹ کر لٹک جانے والے ریسیور سے عباس کی ہیلو ہیلو کی پکار آتی رہی پھر ریسیور بھی خاموش ہوگیا مگر لاریب کے دماغ میں برپا قیامت نہیں تھمی اس کا پتھرا جانے والا وجود حرکت نہیں کرسکا تھا۔

☆☆☆

اے جذبۂ دل گر میں چاہوں
ہر چیز مقابل آجائے
منزل کی طرف دو گام چلوں
اور سامنے منزل آجائے
اے جذبۂ دل گر میں چاہوں.....

سکندر بہت فریش گنگناتے ہوئے انداز میں گھر میں داخل ہوا تھا۔ چولہے کے آگے بیٹھی پھونکنی سے آگ جلاتی ثانیہ نے اس کی گنگناہٹ سنی تو اپنا کام ادھورا چھوڑ کر سر اٹھا کر اس کی شکل دیکھی سرشاری و سرمستی کو محسوس کیا اور مسکرا دی۔

www.pdfbooksfree.pk

"کیابات ہے سکندرے بہت خوش لگ رہا ہے؟"

"صرف خوش نہیں بے حد بے حساب خوش ہوں۔ مجھے تو لگ رہا ہے میں نے دنیا فتح کر لی۔" وہ بے ساختہ کھلکھلایا' کچھ فاصلے پر مکئی صاف کرتی اماں نے نظریں اٹھا کر بہ غور اسے دیکھا۔ وہ بہت کم مسکرایا کرتا تھا کھلکھلانا تو بہت دور کی بات۔

"ماشاءاللہ اللہ خوش شاد رکھے میرے پتر کو ہمیشہ' پر کوئی خوشی کی خبر ہے تو ہمیں بھی بتا۔" اماں کے چہرے پر اشتیاق در آیا۔

"مجھے تو لگتا ہے اماں اس کی کوئی بڑی لاٹری نکل آئی ہے۔ دیکھو ذرا پانچ کلو کا مٹھائی کا ڈبہ ساتھ لایا ہے۔" ثانیہ کی نگاہ ابھی ابھی مٹھائی کے ڈبے پر گئی تھی جسے سکندر نے اماں کے سرہانے لا کر رکھا تھا۔

"لاٹری نہیں پرائز بانڈ نکل آیا ہے سمجھ لے اماں میں سالوں سے صرف اس کی دعا ہی مانگتا تھا' بلکہ میں تو اپنی حیثیت سے بڑھ کر دعا مانگتے بھی ڈرتا تھا۔" وہ جیسے کہیں کھوسا گیا۔ کل وہ سارا دن ملول رہا تھا یہ احساس ذلت اور تکلیف کے احساس کو بڑھاوا دیتا رہا تھا کہ لاریب نے جوش جذبات میں محض عباس کو نیچا دکھانے کو یہ قدم اٹھایا ہے ورنہ وہ ہرگز ہرگز بھی اس کا انتخاب نہیں ہو سکتا تھا۔ مگر پھر اسے لگا تھا جیسے وہ ربّ کی اس اتنی بڑی نعمت کی ناشکری کا مرتکب ہو رہا تھا۔ کیسے دل کے نہاں خانوں میں چھپی خواہش کو ربّ نے پورا کیا تھا اور وہ مسبب الاسباب ہے اسی نے تو یہ سبب پیدا فرمایا تھا۔ یہ خیال یہ سوچ اس کا سارا اضطراب بہا کر لے گئی تھی۔ وہ کتنا ہلکا پھلکا سا ہو گیا تھا۔ جو بھی تھا جیسے بھی تھا اس کے لیے تو مقام تشکر مقام عاجزی تھا پھر کیوں وہ خوشی محسوس نہ کرتا۔

"اماں سارے گاؤں میں مٹھائی بانٹنا اس لیے تو اتنی ساری لایا ہوں۔" وہ چارپائی پر ان کے ساتھ ہی بیٹھ گیا۔ اماں نے مسکرا کر اس کی صورت نثار ہونے والی نظروں سے دیکھی۔

"ضرور پتر میں تو سب سے تیری مزید کامیابیوں کی دعا بھی کرواؤں گی۔ پر یہ تو بتا ہے کیا خوشی کی خبر؟" وہ اس سوال پر ایک دم گڑبڑایا بلکہ تھا وہ تو جواب دینے والا ہی تھا؟ اب ایسے بات سنبھالی بھی نہیں جا سکتی تھی۔ جبھی اسے کوئی نہ کوئی تو بہانہ گھڑنا تھا۔

"اماں وہ میں نے سولہویں جماعت کے پرچے دے رکھے تھے نا بس اسی امتحان میں کامیابی ملی ہے۔ پر تو لوگوں کو نہ بتانا اٹھائیس سال کی عمر میں ایم اے کرنے پر مجھے اپنی ہنسی نہیں اڑوانی۔" وہ حفظ ماتقدم کے طور پر بولا تو اماں نے برا منا لیا۔

"اے ہائے اس میں شرمندگی کی کیا بات ہے پتر؟ اٹھائیس وروں میں ہی کیا' کیا تو یہاں تو آس پاس کے سارے منڈے ہی نکمے اور جاہل ہیں۔" اماں کے لہجے میں انوکھا سا فخر در آیا۔ تو سکندر نے مسکرا کر گویا بات ان کی مرضی پہ چھوڑ دی۔

"اماں میں پلیٹیں لے آؤں اندر سے نئی ڈنر سیٹ کی اس میں مٹھائی بانٹ آتی ہوں۔ سب سے پہلے اپنی سہیلی رجو کے گھر دوں گی۔ اماں اس میں ذرا دو لڈو زیادہ ڈال دینا۔ میری بہت گوڑی سہیلی ہے وہ۔"

"چل نی رہن دے آرام سے بیٹھ۔ ڈنر سیٹ کا ڈبہ کھولنے کی ضرورت نہیں۔ تام چینی کی پلیٹ لے آ بس اور یہ لڈو نہیں گلاب جامن ہے۔ چار چار سے زیادہ نہیں دوں گی۔" اماں نے جھاڑ کر رکھ دیا ثانیہ کا منہ لٹک سا گیا۔

"دیکھ سکندرے تیری اتنی بڑی خوشی کے موقع پر بھی اماں مجھے نوی پلیٹیں نہیں نکالنے دے رہی۔" اس نے جیسے سکندر سے شکایت جڑی۔ سکندر جو لاریب کے متعلق کچھ سوچتے ہوئے دھیمے سے مسکرا رہا تھا ایکدم ہڑبڑا کر چونکا اور سوالیہ نگاہیں ثانیہ پہ جمائیں۔

"کیا کہہ رہی ہو ثانی؟"

"کچھ نہیں پتر نمانی ہے اسے پتا ہی نہیں اس کے جہیز کے لیے خریدا ہے پورے بارہ سو کا۔ اب نکالوں گی ورت کر خراب نہ ہوگا؟ دل چھوٹا کرتی ہے کملی جھلی نہ ہووے۔ بھلا کنج مجھاواں بعد وچ وی تے دونویں ہی استعمال

www.pdfbooksfree.pk

کرو گے۔'' اماں مسکرا مسکرا کر انوکھی بات کر رہی تھیں جس نے ثانیہ کو شاد کیا تو سکندر کے سر کے دو فٹ اوپر سے گزر گئی۔ بھلا ثانیہ کے جہیز کی چیزیں سکندر نے کہاں استعمال کرنی تھیں۔ خیر اماں یہ نہیں چاہتی کہ ابھی نکالی جائیں تو خیر ہے۔

''ثانیہ تم ویسا ہی کرو جیسے اماں کہہ رہی ہے۔ سیانے غلط نہیں کہا کرتے اچھا پتر!'' کچھ فاصلے پر حقہ گڑگڑاتے بابا نے بھی مداخلت کی ثانیہ نے سر اثبات میں ہلا دیا ویسے بھی جو بات اماں نے کہی تھی ابا نے تائید کی تھی وہ ایسی پاور فل ٹانک کا کام دیتی تھی کہ ثانیہ کا ملال جاتا رہا۔ وہ خوشی خوشی اندر سے پرانی تام چینی کی پلیٹیں ہی اٹھا لائی۔

''اے ثانی! تجھے آخیر آئی ہے مٹھائی ونڈن کی پہلے سکندرے کو روٹی ٹکر تو دے دے۔'' اماں کو گلاب جامن پلیٹ میں نکالتے خیال آیا تو پھر سے ثانیہ کے لتے لیے۔

ثانیہ کا اشتیاق ایک دم سے دھیما پڑا۔

''جا تو ثانیہ میں کھانا خود نکال لوں گا۔ یہ بھی کوئی کام ہے۔'' سکندر نے اس کا بجھتا چہرہ دیکھ لیا تھا۔

''کیوں کام نہیں ارے سارے دن کا کھپا ہے۔ اب اتنا سا کام بھی نہیں ہم کر سکتے۔'' بابا نے فوراً سکندر کی حمایت کی، وہ مسکرا دیا۔

''ارے نہیں بابا جانے دیں اسے، پھر اندھیرا ہو جائے گا، تو اماں کہاں نکلنے دے گی اسے۔'' اس کی طرف داری پر اماں اور بابا دونوں کو خاموش ہونا پڑا۔ ثانیہ بڑے سے تانبے کے تھال میں پلیٹیں رکھ کے دستر خوان سے ڈھک کر چلی گئی تو اماں سکندر کے منع کرنے کے باوجود اسے خود کھانا گرم کر کے دینے لگیں۔

''چاء پئے گا سکندرے؟ ساتھ میں یہ مٹھائی بھی کھالے، خود تو نے تو منہ میٹھا کیا نہیں۔'' جس وقت اماں نے یہ بات کہی قریبی مسجد سے مغرب کی اذان کی صدا بلند ہوئی تھی۔

(اکیلا کیسے کھالوں یہ مٹھائی تو اس کے ساتھ کھانے کا مزا آئے گا) اس کے چہرے پر ایک خوش کن سا احساس بکھرنے لگا۔

''بولتا نہیں ہے، بنا دوں چاء......؟'' اماں کے سوال پر اس نے چونک کر انہیں دیکھا۔

''اوہو گلاں کرتی رہنا، پوچھتی کیوں ہے، بنا دے پی لے گا۔'' اس سے پہلے کہ وہ کچھ کہتا بابا نے اماں کو ڈپٹ دیا تھا۔

''بابا آپ بھی تو منہ میٹھا کریں نا، آپ نے بھی نہیں چکھی۔'' سکندر نے باری باری پلیٹ دونوں کے آگے کی۔

''میں تو اپنے پتر کے ویاہ کی مٹھائی رج رج کر کھاواں گی۔ اپنی بیماری کی پروا کیے بغیر۔'' اماں کو شوگر تھی میٹھا سختی سے منع تھا انہوں نے چھوٹا سا ٹکڑا توڑ کر منہ میں رکھا، سکندر مسکرا دیا۔ (آپ کو کیا خبر اماں، یہ میرے ویاہ کی ہی مٹھائی ہے)۔

''اماں ذرا جلدی چائے پیالی میں نکال دو۔ مجھے نماز پڑھنے جانا ہے۔'' سکندر کے فقرے پر اندر آتی ثانیہ نے فی الفور گرفت کر لی۔

''اے ہائے کچھ...... ربّ پہ پیار نہیں آ گیا۔ سکندرے نمازیں پڑھنے لگا ہے ساری۔'' وہ کھلکھلا کر ہنسی۔ سکندر جھینپ سا گیا۔ (تجھے کیا پتا ثانیہ مجھے میرے سوہنے ربّ نے کتنا اور کیسا نواز دیا ہے۔ اتنا شانت ہوا ہوں کہ جی چاہتا ہے عمر بھر سجدے سے سر نہ اٹھاؤں)

''بابا آپ بھی نماز پڑھنے چلیں میرے ساتھ۔'' سکندر نے بڑے بڑے چند گھونٹوں میں پیالی خالی کر کے رکھی اور اٹھتے ہوئے بولا۔

''او پترا میں صبح سے پڑھوں گا، اللہ نے چاہا تو......'' بابا نے کھسیا کر کہا تھا سکندر سر ہلاتا باہر نکل گیا۔ نماز سے فراغت کے بعد جی بھر کے دعا مانگی کچھ دیر قرآن کی تلاوت کرتا رہا رات کو جب گھر کو لوٹا تو عشا میں تھوڑا ہی ٹائم باقی تھا۔ اماں اور ثانیہ اسے گھر کے باہر ہی کچھ پریشانی کے عالم میں نظر آ گئیں۔

''اماں خیریت؟ یہاں کیوں کھڑی ہیں باہر؟'' وہ تیز قدموں سے نزدیک آتا ہوا بولا تھا۔ دونوں کے چہروں سے اتنا اندازہ تو بہر حال لگا لیا تھا کہ کچھ گڑبڑ ہے۔

''سکندرے خیر نہیں ہے پتر، حویلی سے تیرے لیے سندیسہ آیا تھا۔ لاریب بی بی کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔ شہر کے اسپتال لے جانا ہے۔ جلدی جا۔ خبرے کی ہو یا ہے بی بی کو؟'' اماں کی بات پہ سکندر کا رنگ لمحہ بھر کو اڑ سا گیا۔ ان کی پوری بات سنے بغیر ہی سکندر اندھا دھند حویلی کی سمت بھاگ کھڑا ہوا تھا۔

❀......❀......❀

''نندنی...... نندنی بیٹا!'' مام اسے پکارتی ہوئی آ رہی تھیں۔ اس نے سرعت سے پہلے نم گال رگڑ کر آنسوؤں کے نشان مٹائے پھر کتاب بند کر کے تکیے کے نیچے رکھ دی اور سیدھی ہو بیٹھی۔ مام نے اندر آ کے مسکرا کر اسے دیکھا۔

''ہاؤ آر یو سویٹی؟''

''فائن تھینکس۔'' اس نے مختصر ترین جواب دیتے گویا ان کے حوصلے پست کرنے چاہے مگر وہ اسی طرح مسکراتی رہیں۔

''بیٹا دیو کیسا لڑکا ہے؟'' چند ادھر ادھر کی باتوں کے بعد وہ اپنے مقصد کی طرف آئیں۔ نندنی کا حلق کڑوا ہونے لگا۔

''وہ آپ کا بیٹا ہے مام! مجھ سے زیادہ آئی تھنک آپ کو اس کے بارے میں پتا ہونا چاہیے۔'' اس کا لہجہ کاٹ دار تھا۔ مام کی مسکراہٹ گہری ہو گئی۔

''مجھے تو پتا ہے وہ اچھا شریف لڑکا ہے، سب سے بڑھ کر تمہارا کلیگ رہ...... ہمیں اور کیا چاہیے؟''

''مگر مجھے یہ نہیں چاہیے مام مائنڈ اٹ۔'' اس کا ضبط جواب دے گیا وہ چیخ پڑی۔ سریتا دیوی نے ناگواری سے اسے دیکھا۔

''یہ بات کرنے کا کون سا انداز ہے نندنی؟'' ان کے ماتھے کی شکنیں بڑھنے لگیں۔ نندنی نے بمشکل خود کو کمپوزڈ کیا۔

''مام آپ میری پسند اور مرضی کے بغیر میری شادی نہیں کر سکتیں بہر حال۔''

''کیا کمی ہے دیو میں؟'' مام نے بگڑ کر سوال کیا۔ نندنی نے ہونٹ بھینچ لیے۔ وہ تلخ بول کر مام کا مزاج مزید برہم نہیں کرنا چاہتی تھی کہ پھر مشکلات بھی اسے ہی سہنا پڑتیں۔ وہ سخت مزاج تھیں۔

''وہ مجھے پسند نہیں، کسی کمی کا ہونا ضروری نہیں ہے مام۔'' اس نے رسانیت سے سمجھانا چاہا مگر مام بھڑک اٹھی تھیں۔

''کون پسند ہے تمہیں؟ اور سنو یہ تمہارے باپ کا ملک نہیں ہے یہ انڈیا ہے یہاں ماتا پتا کی مرضی سے شادیاں ہوا کرتی ہیں سمجھیں۔''

''ہوتی ہوں گی، میری کوئی مجبوری نہیں ہے مام کہ میں ایسا کرتی پھروں۔ آپ مجھے ڈیڈ کے پاس بھجوا دیں میں وہیں رہ لوں گی۔'' وہ پسند والی بات کو جان کر گول کر گئی۔ اس کے باوجود انہیں جیسے آگ لگ گئی تھی۔

''کیوں بھجوا دوں تمہیں اس خبطی کے پاس؟ تا کہ وہ تمہیں بھی اپنے رنگ میں رنگ لے۔''

''مائنڈ یور لینگویج مام! آپ کا ان سے رشتہ ختم ہو گیا ہو گا مگر میرے وہ ڈیڈ ہیں اور رہیں گے۔'' نندنی کا چہرہ سرخ ہو گیا تھا۔ سریتا نے زور سے سر جھٹکا۔

''خیر لعنت بھیجو میں اس ٹاپک کو کلوز کر چکی۔ تم بتاؤ کیا اعتراض ہے دیو سے......''

''مام میں یہ شادی کبھی نہیں کروں گی، چاہے آپ کچھ کر لیں۔'' نندنی نے شدید قسم کے اشتعال کا مظاہرہ کیا تو سریتا بھی آپے سے باہر ہونے لگیں۔

''تو پھر ٹھیک ہے تم جو کر سکتی ہو کر لینا میں تمہاری سگائی فکس کر چکی ہوں۔'' انہوں نے اپنی بات کہہ کر نندنی کو حیران کر دیا۔ وہ آنکھیں پھاڑ کر غیر یقینی سے انہیں تکنے لگی۔

''مجھ سے پوچھے بغیر؟'' اس کا لہجہ سخت احتجاجی ہو گیا۔

''میں نے کہا نا یہ انڈیا ہے یعنی ایشیا یہاں ایسی شادیاں عام ہیں۔'' انہوں نے بے نیازی سے کہا اور اٹھ کر باہر نکل گئیں۔ نندنی نے طیش میں آتے ہوئے ہاتھ

www.pdfbooksfree.pk

مار کر ٹیبل پر دھرا کرسٹل واز فرش پر پھینک دیا۔ ایک مہین سا چھناکا ہوا اور واز کرچیوں کی صورت بکھر گیا۔

"میں مر جاؤں گی مام مگر آپ کی یہ خواہش کبھی پوری نہیں ہونے دوں گی۔" کچھ دیر تک اس نے بکھرے کانچ کو دھندلائی نظروں سے تکا پھر جھک کر کانچ کا ایک نوکیلا ٹکڑا اٹھایا اور بے دردی سے اپنی کلائی کو کاٹ ڈالا۔ بھل بھل بہتا خون تیزی سے اس کے لباس کو نہ صرف رنگین کرنے لگا بلکہ اس پہ نقاہت بھی طاری کرتا جا رہا تھا۔ وہ ہونٹ بھینچے یہ ناقابل برداشت درد سہتی رہی پھر اس کی آنکھیں بند ہوتی چلی گئیں۔

❀.....❀.....❀

اگر میری محبت نہیں تو کوئی بھی نہیں

اس نے مکمل طور پر غافل ہونے سے قبل بڑبڑانے کے انداز میں جیسے سر یتا دیوی سے مخاطب ہو کر کہا تھا مگر وہ تو کیا وہاں تو دور دور تک بھی کوئی نہیں تھا۔

وہ ایک معصوم سی چاہت وہ اک بے نام سی الفت
وہ میری ذات کا حصہ وہ میری زیست کا قصہ
مجھے محسوس ہوتا ہے وہ میرے پاس ہے اب بھی
وہ جب جب یاد آتا ہے نگاہوں میں سماتا ہے
زباں خاموش ہوتی ہے مگر یہ آنکھ روتی ہے
میں خود سے پوچھ لیتا ہوں اُسے کیا پیار تھا مجھ سے؟

فراز نے اس کے کمرے میں قدم رکھا تو پہلی نگاہ ٹیبل پر رکھی ڈائری پر پڑی۔ صفحات کے درمیان قلم کھلا پڑا تھا مگر شرجیل خود کہیں نہیں تھا۔ فراز نے صفحات پر نگاہ ڈالی پھر کاندھے اچکا دیئے۔ اسی پل شرجیل واش روم سے باہر آیا تھا۔

"یہ تو کسی گم گشتہ محبت کا فسانہ لگتا ہے۔ ایمان صاحبہ کا کیا ہوا؟"

"تم میری اتنی سی آئی ڈی کیوں رکھتے ہو؟" شرجیل نے قہر بار نظروں سے اسے دیکھا۔

"آپ ہر وقت مجھ سے غصے میں بات کیوں کرتے ہیں۔" وہ شاکی ہوا' شرجیل نے ہونٹ بھینچ لیے۔ پھر برش اٹھا کر بال بناتے ہوئے بولا تھا۔

"کبھی پڑھائی بھی کر لیا کرو۔"

"آپ نے ڈبل ڈبل ماسٹرز کر کے کون سے تیر مار لیے جو میں مار لوں گا۔ جب جاب ہی نہیں ملنی تو فائدہ دماغ خراب کرنے کا۔"

"جاب ضروری تو نہیں' ایم بی اے کلیئر کر لو' پاپا اور تاؤ جی کے ساتھ بزنس کرنا۔"

"مجھے کوئی شوق نہیں ہے۔ دو اور دو جمع چار کرنے کا۔" وہ ناک چڑھا کر نخوت سے بولا تو شرجیل نے حیرت سے اسے دیکھا تھا۔

"جاب نہیں کرنی' بزنس نہیں دیکھنا پھر کیا کرنا ہے۔"

"نام کمانا ہے۔ مشہور ہونا ہے' ٹھاٹ سے رہنا ہے۔" وہ مستی میں آ کر جھوم کر گنگنانے لگا۔ شرجیل نے ترچھے انداز میں اسے گھورا۔

"تم شیخ چلی کب سے بن گئے؟"

"بھائی مذاق مت اڑائیں۔ یہ نہ ہو کل مجھ سے آٹو گراف لینے والی قطار میں آپ بھی شامل ہوں۔" وہ کالر کھڑے کر کے اترایا تو شرجیل کی ہنسی چھوٹ گئی۔

"کون سی فیلڈ میں جھک مارنے کا ارادہ ہے۔ بھائی اگر کرکٹ کا ارادہ ہے تو رہنے دو یار' صرف ورلڈ کپ کی ٹور ہے اب تو وہ بھی اگر پاکستانی ٹیم کوارٹر فائنل جیت جائے تو..... باقی بیچ کے چار سال کھلاڑیوں کو کوئی پوچھتا بھی نہیں اور ورلڈ کپ چار سال بعد آتا ہے واضح رہے۔"

"میں آپ کو احمق لگتا ہوں۔ مجھے شوبز میں جانا ہے۔ اپنا شہزادہ ہے نا وہاں مائی موسٹ فیورٹ ساحر عباس!" فراز کی آنکھیں چمکنے لگیں تھیں تو شرجیل کی حیرت سے پھٹ سی گئیں۔

"تم شوبز جوائن کرو گے؟ تاؤ اور چاچا کا پتا ہے۔ تمہیں اتنے چھتر ماریں گے کہ سر گنجا کر دیں گے۔" شرجیل نے گویا ڈرایا مگر فراز نے ناک سے مکھی اڑا دی تھی۔

"بھائی آپ بھائی کو بلانے آئے تھے یا یہاں بیٹھ کر



گپیں ہانکنے؟ کھانا ٹھنڈا ہو رہا ہے۔" تبھی شناء چلی آئی خفا خفا سی۔ فراز نے کھسیا کر سر پر ہاتھ مارا۔

"سوری مجھے یاد ہی نہیں رہا۔ چلیں بھائی۔" وہ یکدم اٹھ گیا۔

"کیا پکا ہے شناء؟" اس کے انداز میں بے دلی کی کیفیت نمایاں تھی۔

"بریانی اور کوفتے ہیں ساتھ میں ٹرائفل' کباب بھی فرائی کیے ہیں۔" شناء نے مینو بتا کر اس کی شکل دیکھی جس کی بے زاری ہنوز تھی۔

"پھر تو آج تاؤ جی کی موج لگی ہے صحیح معنوں میں۔ میں بہت اسپائسی کھانے پسند نہیں کرتا۔ تم سونے سے قبل ایک گلاس دودھ دے جانا مجھے اور ہاں جب ماما اور پاپا اپنے کمرے میں چلے جائیں تب بتانا مجھے او کے۔"

"آپ کھانا نہیں کھائیں گے بھائی؟" شناء کو فوری تشویش ہوئی۔ تاؤ جی کو گھر کے ایک بھی فرد کی کھانے کی ٹیبل سے غیر موجودگی سخت برہم کر دیا کرتی تھی۔ شرجیل سے تو انہیں ویسے ہی بہت ساری شکایات تھیں۔

"مجھے بھوک نہیں ہے۔"

"بھائی میں آپ کے لیے آملیٹ یا جو آپ پسند کریں بنا دیتی ہوں لیکن پلیز رات کا کھانا مت چھوڑا کریں۔" شناء اس کی سگی بہن نہیں تھی چاچو کی بیٹی تھی مگر شرجیل سے خصوصی لگاؤ تھا اسے۔ شرجیل یہ بات جانتا تھا تبھی بے ساختہ ہی چہرے پر ایک مشفق سی مسکان بکھر گئی۔

"خوامخواہ زحمت کرو گی مائی سسٹر! مجھے واقعی بھوک نہیں۔"

"بھائی تاؤ جی خفا ہوں گے پلیز چند نوالے لے لیجئے گا۔" وہ ملتجی ہوئی تو شرجیل کو ہاں کرنی پڑی تھی۔

"او کے تم اور کچھ مت بنانا میں سلاد اچار رائتہ ڈال کر بریانی کھا لوں گا اس سے مرچیں کم ہو جائیں گی۔" شرجیل سر ہلا کر کہتے ہوئے اس کا سر تھپکا تو وہ یکدم پرسکون ہوئی۔

"صاحبزادے کو وقت مل گیا فیملی کے لیے؟" وہ

### غزل

جیسے کبھی دریا کے کنارے نہیں ملتے
ایسے ہی تو جاں بخت ہمارے نہیں ملتے
کھل جائے نہ تم پر یہ کہیں وصل کی خواہش
ہم تم سے اسی خوف کے مارے نہیں ملتے
وہ پیار ہی کیا اشک جو آنکھوں کو نہ بخشے
وہ عشق ہی کیا جس میں خسارے نہیں ملتے
جب ضبط کے بندھ ٹوٹنے لگتے ہیں میری جاں
آنکھوں کے کناروں کو کنارے نہیں ملتے
لگتا ہے کہ وہ شام بھی ہے شام غریباں
جس دن تیرے ملنے کے اشارے نہیں ملتے
اے دل تیری فریاد یہاں کون سنے گا
ٹوٹے ہوئے پتوں کو سہارے نہیں ملتے
ملنے کو تو ہم روز ہی مل لیتے ہیں سید
لیکن یہ مقدر کے ستارے نہیں ملتے

ثمینہ سید: انتخاب: سیدہ شوال رضا..... لاہور

ڈائننگ ہال میں آیا تو وسیع و عریض میز کی تمام کرسیاں پر ہو چکی تھیں ماسوائے اس کی چیئر کے۔ اس طنز کا اس کے پاس کوئی جواب نہیں تھا۔ سو خاموشی سے نشست سنبھالی۔ تاؤ جی کا اپنا مزاج تھا۔ برہمی چھلکاتا متکبرانہ وہ کچھ کچھ منتقم مزاج بھی تھے۔ شرجیل بہت کم ان سے الجھا کرتا البتہ فراز موقع تلاش کیا کرتا پتا نہیں کون کون سے بدلے چکانے تھے اسے ان سے۔ ماما پاپا کی ناراضی کی پروا کیے بغیر ٹھونک بجا کر جواب دیتا۔

"بابا کی جانب سے میں سوری کرتی ہوں شرجی! ان کی بات کا برا نہ مانا کرو۔" صالحہ کی کرسی اس کے مقابل تھی۔ وہ اس کی سمت جھک کر سرگوشی میں بولی۔ شرجیل نے ہونٹ بھینچ لیے۔ بھوک تو بالکل نہیں تھی۔ اب تو گویا کھانے سے جی ہی اچاٹ ہو گیا۔ صالحہ صاحبہ اسے ایک آنکھ نہیں بھاتی تھیں مگر وہ شاید اسے دونوں آنکھوں سے پیارا تھا جبھی تو اسے دیکھتے ہی چہرے پر رونق اتر آئی۔ واجبی سے نقوش بھاری بھرکم سراپا' وہ جتنی عام تھی اسی قدر

www.pdfbooksfree.pk

اداؤں سے بھرپور تھی۔ امی کی ہی نہیں تائی ماں کی بھی بھرپور کوشش تھی کہ وہ شرجیل کو اپنی طرف مائل کرلے۔

''آہم آہم' بھائی ذرا یہ چکن روسٹ کی ڈش تو پکڑائیں۔'' فراز نے صالحہ کو اس کی جانب جھکتے اور سرگوشی کرتے دیکھ لیا تھا۔ انداز میں شرارت تھی' اس کے برعکس شرجیل کے چہرے پر ناگواری و برہمی کا تاثر نمایاں تھا۔ اس نے چکن روسٹ کی سجی سجائی ڈش فراز کو پکڑائی نہیں بلکہ پٹخی تھی۔

''کل میں نے اور چچی جان نے اسٹور کی صفائی کی' ایک بہت پرانا سا ٹرنک بھی نکلا زنگ آلود سا۔ جس میں پرانے زمانے کے بہت خوب صورت سی ساڑھیاں کچھ زیوروں کے خالی ڈبے اور ایک تصویروں کا البم تھا۔ چاچی بیگم نے ہی سب سے تعارف کروایا تھا مگر دو شخصیات ایسی تھیں جنہیں میں سرے سے نہیں جانتی تھی آپ کو پتا ہے بھائی وہ دو لوگ کون تھے؟''

''کھانے کے بعد جب وہ سب نوجوان پارٹی ٹی وی لاؤنج میں اکٹھے بیٹھے تھے تب سمیعہ (فراز' شرجیل اور نبیل کی بہن) نے اچانک کچھ یاد آنے پہ تجسس پھیلاتے ہوئے کہا۔ اس کا بالخصوص مخاطب شرجیل نہیں تھا اس کے باوجود وہ چونک کر اسے تکنے لگا تھا۔

''کس کی تھیں؟'' نبیل نے ریموٹ سے ٹی وی کی آواز دھیمی کی اور حیران ہوکر سوال کیا۔

''آپ کو کیا لگتا ہے بھائی کہ ہمارے خاندان کے تمام افراد بس اتنے ہی تھے؟'' سمیعہ نے کچھ اور بھی تجسس کری ایٹ کیا تو فراز کو غصہ آنے لگا۔

''تم سیدھی طرح سے بات کیوں نہیں کرتی ہو؟ جاسوسی رسالے پڑھ پڑھ کر خود کو بھی انہی کا ایک کردار سمجھنا شروع کردیا ہے۔'' وہ جھلا اٹھا تھا۔ شرجیل نے خفیف سا اسے گھورا پھر چھوٹی بہن کی سمت متوجہ ہوا۔

''نہیں ہمارے خاندان کے دو افراد اور تھے دادا اور دادی جان۔ تم نے انہی کی تصویریں دیکھی ہوں گی۔ میں اور آفاق بھائی ہی تھے تب جب ان کا انتقال ہوگیا۔''

''نہیں نا بھائی! دادا اور دادی کے علاوہ...... ہمارے ایک چاچو...... اور ان کی مسز۔''

''واٹ؟'' فراز زور سے چیخا۔ باقی سب کے بھی منہ کھلے رہ گئے۔

''پھر اب وہ کہاں ہیں؟'' یہ سوال ثناء نے اٹھایا تھا' باقی سب بھی گویا سر ہلا کر تائید کررہے تھے۔

''ان کی ڈیتھ ہوگئی ہے۔ دونوں کی ہی' مگر بھائی سوچنے کی بات یہ ہے اگر وہ پاپا اور تاؤ چاچو کے سگے بھائی تھے تو پھر ان کا گھر میں کبھی تذکرہ کیوں نہیں ہوا؟ کبھی ان کا نام کیوں نہیں لیا گیا اور سب سے بڑی بات یہ کہ ان سے وابستہ چیزوں کو اتنا غیر اہم جان کر اسٹور میں کیوں پھینک دیا گیا۔'' سمیعہ کے لہجے میں اسرار تھا۔ بے چینی و اضطراب تھا فراز نے کچھ کہے بغیر اس کے سر پر ایک چپت لگادی۔

''میں نے کہا نا تم خود کو جاسوسی کہانی کا کردار سمجھنا چھوڑ دو۔''

''فراز تم چپ کرو۔ سمی مجھے بتاؤ گڑیا تم نے چچی جان سے یہ سوال کیا؟'' شرجیل فراز کی نسبت اس معاملے کو سرسری نہیں لے رہا تھا۔ وہ سنجیدہ تھا' جبھی اس نے فراز کو بھی جھڑک دیا۔

''پوچھے تھے بھائی مگر انہوں نے صرف مجھے یہی بتایا کہ یہ ہمارے چچا تھے اور بس' بلکہ میں نے تو محسوس کیا وہ یہ بتا کر بھی جیسے پشیمان ہوگئی ہوں کچھ گھبراہٹ بھی میں نے محسوس کی ان کے انداز میں۔ یوں جیسے منہ سے بات نکل جانے پہ بندہ سٹپٹا جائے۔'' سمیعہ کے تفصیلات فراہم کرنے پہ فراز نے دانت پیس لیے۔

''بھائی آپ بھی کس کی باتوں میں آرہے ہیں۔ آپ کو پتا ہے یہ اکثر ہانکتی ہے۔ رائی کا پہاڑ بنانا کوئی اس سے سیکھے۔''

''اس وقت وہ اسنیپس مل سکتی ہیں سمی آئی مین میں انہیں دیکھنا چاہتا ہوں۔'' شرجیل نے فراز کو صرف گھورنے پر اکتفا کرتے ہوئے سمیعہ کو مخاطب کیا جو یکایک پرجوش نظر آنے لگی۔



''شیور وائی ناٹ بھائی' بی کوز چاچی نے وہ البم ہی نہیں وہ سارا باقی کا سامان اسی بکس میں پھر سے ڈال دیا تھا۔''

''گڈ! پھر میں ضرور دیکھوں گا' اور کون کون دیکھنا پسند فرمائے گا؟'' فراز نے اعلان کرنے کے انداز میں کہا کتنے ہی ہاتھ کھڑے ہوئے۔ فراز کا انداز مذاق اڑانے والا تھا۔ جبھی سمیعہ روہانسی ہوگئی تھی۔

''بھائی دیکھیں ذرا فراز بھائی کو میرا مذاق اڑانے کی کوشش کررہے ہیں۔''

''کوشش! ارے احمق میں تمہارا مذاق اڑا رہا ہوں۔ اونہہ۔'' اس سے پہلے کہ شرجیل کچھ کہتا فراز نے نخوت زدہ انداز میں کہہ کر سمیعہ کو اور چڑایا۔ اس نے آنسو بھری آنکھوں سے سخت احتجاجی انداز میں پہلے شرجیل کو دیکھا وہ کسی گہری سوچ میں مستغرق تھا پھر فراز کو جس کے ہونٹوں پر دل جلاتی مسکراہٹ تھی وہ اٹھی اور پیر پٹختی ہوئی واک آؤٹ کرگئی۔ فراز نے کاندھے اچکائے اور ریموٹ نبیل سے جھپٹ کر اپنی پسند کا چینل منتخب کیا اور آواز بڑھادی۔ اعصاب کو کشیدہ کردینے والا میوزک سماعتوں پر ناگوار بوجھ بن کر گرا وہ سب ایک ایک کرکے اٹھنے لگے' نبیل بھی انہی میں سے ایک تھا۔ اپنے کمرے کی جانب جاتے ہوئے کچن کے دروازے سے اسے دھانی آنچل کی جھلک دکھائی پڑی تو ارادہ ملتوی کرتا اسی سمت آ گیا۔ وہ رخ پھیرے اپنے کام میں مصروف تھی۔ نرم و نازک گداز سراپا مخصوص بانکپن' حسن' جاذبیت اور بے تحاشا معصومیت وہ نئی نکمل تھی ہر رنگ میں وہ گم صم سا ایک ٹک اسے دیکھے گیا۔ ثناء نے بھی چونک کر اسے دیکھا تھا۔

''نبیل بھائی! کچھ چاہیے۔'' وہ کم عمر اور نوخیز تھی۔ جبھی شاید اس کی آنکھوں میں مچلتے جذبوں سے مکمل آگاہی حاصل نہیں کرپائی تھی۔

''بھائی!'' نبیل کا حلق اس ایک لفظ سے کڑوا سا ہو جاتا۔ اس وقت بھی اچھا بھلا موڈ غارت ہوگیا۔

''کیا کررہی ہو؟'' وہ گہرا سانس بھر کے بولا۔ (ذرا اور بڑی ہوجاؤ میڈم پھر سب سے پہلا کام تمہیں اس جذبے




رنگا رنگ کہانیوں سے آراستہ دلچسپ جریدہ

aanchal.com.pk

تازہ شمارہ شائع ہوگیا ھے

ماہنامہ نئے افق کراچی

مسلسل اشاعت کے 36 سال

سچ بیتیاں اور جگ بیتیاں ایک دلچسپ سلسلہ دنیا بھر سے منتخب کردہ تحریروں کا مجموعہ جنہیں پڑھ کر آپ کا دل و ذہن روشن ہوجائے گا۔ نسلوں کو متاثر کرنے والا پاکستان کا واحد صاف ستھرا اور تفریحی جریدہ وقت کے ساتھ ساتھ نئے آہنگ' نئے رنگ اور نئے انداز میں قدیم اور جدید ادب کا امتزاج لیے ہر ماہ آپ کی دہلیز پر

قارئین کی دلچسپی کیلئے خوبصورت سلسلے

خوشبوئے سخن: منتخب غزلیں' نظمیں۔ ذوق آگہی اقتباسات' اقوال زریں' احادیث وغیرہ معروف دینی اسکالر حافظ شبیر احمد سے اپنے دنیاوی مسائل کا حل جانیے

پرچہ نہ ملنے کی صورت میں دفتر سے رابطہ کریں۔ فون 35620771/2

www.pdfbooksfree.pk

سے آ گاہی بخش کردوں گا۔ ہاہ وہ بھی کیسا حسین پل ہوگا۔ حیران سے چہرے پر خوب صورت رنگوں کی برسات کا لمحہ)

"شرجی بھائی کے لیے دودھ میں اوولٹین ملا رہی ہوں۔ آپ پئیں گے؟" ادھر وہی معصومیت اور بے خبری تھی۔

"نہیں البتہ اگر ایک کپ چائے مل جائے بہت اسٹرانگ قسم کی تو......"

"کیوں نہیں بھائی میں ابھی لاتی ہوں۔"

"نہیں میرے کمرے میں مت لانا' میں ٹی وی لاؤنج میں ہوں اوکے۔"

"جی بھائی۔" وہ مسکرا کر فرمانبرداری سے بولی تو نبیل آہستگی سے پلٹ گیا تھا۔ ثناء اپنے کام میں مصروف پھر سے مصروف ہوگئی تھی۔

❀......❀......❀

اس نے آنکھیں کھولیں تو بند پلکوں کے پیچھے جمع گرم سیال بہت سرعت سے کنپٹیوں سے ہوتا تکیے میں جذب ہونے لگا۔ ایمان جو پاس ہی تھی اسے روتے دیکھ کر تڑپ اٹھی۔

"لاریب میری جان! ایسے مت کرو پلیز۔" ایمان نے اس کا چہرہ ہاتھوں کے پیالے میں لے لیا اور جھک کر اس کی پیشانی چومی۔

"کیوں بچایا آپ لوگوں نے مجھے کیوں؟ نفرت ہے مجھے خود سے اس زندگی سے' نہیں جینا چاہتی میں۔" وہ ایک دم پھوٹ پھوٹ کر روتی تکیے پر سر پٹخنے لگی۔ ایمان سے اسے سنبھالنا دشوار ہونے لگا۔

اس کھینچا تانی اور مزاحمت کے باعث اس کی کلائی میں لگی ڈرپ کی سوئی اپنی جگہ سے ہٹ کر وین کو پھاڑتی باہر آ نکلی ساتھ ہی خون بھی جاری ہوگیا۔

"سکندر سکندر! پلیز ڈاکٹر کو بلاؤ۔" ایمان نے سراسیمہ سا ہوتے ہوئے چیخ کر دروازے سے باہر کھڑے سکندر کو پکارا تھا۔

"سکندر......! وہی تو تھا اس بے زاری کا باعث۔"

لاریب کے اعصاب پر جیسے کسی نے ایک کوڑا بہت بے دردی سے برسایا تھا۔ وہ گویا بلبلا اٹھی۔ اور بہت بے دردی سے ہونٹوں کو کچلا۔

"باجو فار گاڈ سیک کسی کو مت بلائیں' مجھے کسی قسم کی مدد کی ضرورت نہیں۔ مجھے میرے حال پر چھوڑ دیں۔" وہ یونہی ہچکیوں اور سسکیوں کے درمیان بولی تھی۔ ایمان نے پلٹ کر دھندآلود نظروں سے اسے دیکھا۔

"کیا ہوگیا ہے تمہیں لاریب! کیوں یہ سب کر رہی ہو؟ تمہیں بابا سائیں کی پریشانی کا اندازہ ہے؟ کسی ایک شخص پر آ کے زندگی ختم نہیں ہوجاتی۔ عباس جیسے ہزاروں ملیں گے۔" ایمان کا لہجہ تندی اور شدت لیے تھا۔ لاریب ساکت ہونے لگی۔ (انہیں کیسے پتا چل گیا اتنا چھپانے کے باوجود...... آہ مگر وہ رنجکشن وہ اذیت اور آپ کو کیا پتا باجو! عباس پوری دنیا میں صرف ایک تھا' ایک ہے' کوئی اور اس جیسا نہیں۔ یہ تو ناقابل تلافی نقصان ہے۔ آپ کو کیا پتا؟ آپ نے محبت نہیں کی۔ آپ کو کیا پتا آپ نے ہجر نہیں جھیلی۔ آپ نے نارسائی کا عذاب نہیں سہا۔) وہ اذیتوں کے پل صراط طے کرتی رہی۔ تبھی سکندر ڈاکٹر کے ساتھ اندر چلا آیا۔ پریشان' مضطرب اور بے کل بے کل سا' اس نے ایک محتاط قسم کی خائف سی نگاہ لاریب پر ڈالی' اتنا تو بہرحال وہ بھی جان گیا تھا اس طرح جان پر کیوں کھیلی ہے وہ۔ ساری خوشی ساری سرشاری دھری رہ گئی تھی وہ پھر سے احساس کمتری' احساس ندامت کا شکار ہونے لگا تھا۔

"بابا سائیں کہاں ہیں؟" ڈاکٹر کو نرس کے ساتھ لاریب کو ٹریٹمنٹ دیتے دیکھ کر ایمان کو خیال آیا تو سوال کیا۔ سکندر سب کچھ بھلائے لاریب کو دیکھ رہا تھا' جو آنکھیں موندے نڈھال سی پڑی تھی' اس سوال پہ سنبھلا۔

"نماز پڑھنے مسجد گئے ہیں۔" مختصر سا جواب بہت دھیمے انداز میں دے کر وہ پھر سے ہونٹ بھینچ گیا۔ لاریب کے معاملے میں بہت احتیاط برتی گئی تھی۔ خاص طور پر بڑی حویلی پیر کرامت علی شاہ کی فیملی سے۔ وہ صرف بھائی



نہیں بیٹیوں کے سسر بھی تھے اور اس نازک معاملے میں رازداری کی وجہ بھی یہی تھی۔ باہر کے لوگوں میں سے اگر کوئی اور انوالو تھا تو وہ صرف سکندر تھا اور سکندر سے تو کبھی بھی کوئی بات پوشیدہ رکھی ہی نہ گئی تھی۔

"ایمان بی بی ان کا خیال رکھیئے خلاف مزاج فی الحال کوئی بات مت کیجیے گا۔ نقصان کا باعث ہوسکتی ہے۔" ڈاکٹر نرس کے ساتھ کمرے سے گیا تو سکندر نے گویا ایمان سے التجا کی تھی۔ ایمان نے ایک گہرا سانس بھر کے نشہ آور دواؤں کے زیراثر غافل ہوجانے والی لاریب کو دیکھا اور افسردگی سے مسکرادی۔

"ہاں سکندر مجھے پتا ہے تم فکر نہ کرو۔"

"ٹھیک ہے میں چلتا ہوں' بابا سائیں نے صدقے کے بکرے کا کہا ہے' آپ کو کچھ کام ہے تو بتادیں۔" وہ سادگی سے استفسار کرتا سوالیہ نگاہوں سے اسے تکنے لگا۔

"ایسے نازک موقع پر تو صرف دعاؤں کی ضرورت ہے سکندر' کر ہوسکے تو......"

"آپ کو کہنے کی ضرورت نہیں ہے ایمان بی بی! اس گھر کی عزت پریشانی سب میں میرا حصہ ہے۔" وہ ایمان کی آواز کی بھراہٹ کو محسوس کر کے نرمی سے بولا۔ ایمان کے چہرے پر طمانیت اور تشکر بکھر گیا۔ اس نے ممنون و مشکور نگاہوں سے سکندر کو دیکھا اور آہستگی سے سر ہلا دیا۔ سکندر پلٹ کر جا رہا تھا۔

❀......❀......❀

شہر دو معروف شخصیت تھا جبھی اس کی شادی کی تقریبات کو خصوصی کوریج دی گئی تھی۔ عباس نے عریشہ کی تصاویر کو رسائل اور میگزین کی زینت بنانا پسند نہیں کیا تھا یہاں تک کہ فوٹو گرافرز اور مووی میکرز کی رسائی عریشہ تک نہ ہوسکی تھی۔ البتہ ان کی شادی کا خصوصی چرچا ضرور ہوتا رہا تھا۔ نجی چینل لمحے لمحے کی خبر ناظرین تک پہنچا رہے تھے۔ عباس حیدر نے اپنی وہ نئی کوٹھی مہر میں عریشہ کو دی تھی جس میں وہ اسے بیاہ کر لایا تھا۔ عریشہ کی قسمت پہ رشک کرنے والوں کی تعداد بہت زیادہ تھی تو حسد اور جلن کا شکار لوگ بھی کم نہیں تھے مگر وہ دونوں ہر قسم کے احساس سے بے نیاز بہت خوش' مگن اور سرشار تھے۔

عباس تمام رسموں کی ادائیگی کے بعد اپنے کمرے میں آیا تو ایئر فریشنر اور گلابوں کی ملی جلی خوشبو نے اس کا استقبال کیا تھا۔ ہزاروں روپے عباس نے صرف بیڈروم کی ڈیکوریشن پر صرف کردیئے تھے۔ ایسی ڈیکوریشن اور آرائش کہ شاید ہی اس سے قبل کی گئی ہو۔ اس رات کو حسین تر بنانے کے لیے عباس نے شہر کے سب سے مہنگے اور مشہور انٹیریئر سے اپنا ویڈنگ روم ڈیکوریٹ کروایا تھا جبکہ لاکھوں کا فرنیچر اس کے علاوہ تھا۔ جب عریشہ بیڈروم میں داخل ہوئی تو دروازے کے اندر سے خود بخود گلاب کے پھولوں کی اس پہ بارش ہونے لگی اور جب وہ گلاب اور چنبیلی کے اصلی پھولوں سے بھرے بیڈ پر بیٹھی تھی تو اطراف میں مخملیں ہلکے گلابی پردے جن پر خوب صورت گلاب کی کلیاں سجی تھیں نیچے آ گرے اور مسہری چھپر کٹ میں بدل گئی تھی۔ ان کا ڈریسنگ روم انتہائی خوب صورتی سے سجا تھا۔ شیشے کا

**نایاب سید**

چپ چاپ گزر جاتی درد کی منزل
جو تم راستے سے بلا نہ لیتے تو

آداب عرض ہے ہم نایاب سید ہیں' پہچان لیا نا' ہاں کیوں نہیں پہچانیں گے دوست ہوں آپ کی سب سے جدا' ہے نا۔ میں اکلوتی ہوں میرا اسٹار حمل ہے' بہت خوش مزاج ہوں' ہر وقت ہنستی رہتی ہوں۔ دوست بنائے بہت مگر کوئی راس نہیں آیا۔ بس جی اپنی زندگی اب کیسے آپ کے سامنے رکھوں' میں بی اے کی اسٹوڈنٹ ہوں خواب تو بہت سارے ہیں لیکن ایک خواب جس کی جستجو ہے۔ آپ سمجھ گئے ہوں گے آخر عقل مند جو ٹھہرے۔ رنگوں میں مجھے سفید رنگ بہت پسند ہے۔ سادہ سا دل ہے ہمارا' کسی کو دکھ میں نہیں دیکھ سکتی لیکن لوگ ہمیں چوٹ ضرور دیتے ہیں۔

ہماری مسکراہٹ ہی چھین لی اس بے وفا زمانے نے
کوئی غور سے دیکھے بھی تو رونا آجاتا ہے

www.pdfbooksfree.pk

حیرت کدہ بنایا گیا تھا چاروں دیواریں شیشے کی تھیں۔ یہ سب کچھ عریشہ پہ اس کی اہمیت اور خاصیت کو خوب اجاگر کررہا تھا۔ عباس حیدر جب کمرے میں آیا تو اس کی شوخ نگاہوں کے بے باک مچلتے تقاضوں سے عریشہ نے گھبرا کر شرما کر اس کے آگے ہاتھ جوڑ دیئے تھے مگر عباس کی شوخ جسارتوں پہ بند باندھنا اس کے بس سے باہر ہی تو تھا۔ عباس حیدر کی شدتوں اور وارفتگیوں نے ہی تو اسے باور کرایا تھا وہ اس کے نزدیک کس قدر اہم خاص اور ضروری تھی۔

عباس حیدر نے اسے جو رونمائی گفٹ دیا تھا اسے دیکھ کر تو عریشہ صحیح معنوں میں مغرور ہو اٹھی تھی۔ بے حد خوب صورت اصلی ہیرے کا بریسلیٹ اور لاکٹ سیٹ جیسے عباس نے اپنے ہاتھ سے پہنائے تھے۔ عباس نے وائٹ گولڈ میں ڈائمنڈ اور پرل رکھوائے تھے۔ عریشہ کی آنکھیں ان چاہتوں کو پاکر بھیگنے لگی تھیں۔ عباس نے اس کی آنکھوں کی نمی کو محسوس کیا تو بے چین ہو اٹھا تھا۔

''واٹ ہیپنڈ عریشہ!''

''نتھنگ!'' وہ بھیگی پلکوں سمیت مسکرائی۔

''تم روئیں کیوں؟''

''عباس مجھے تمہاری محبتوں کی شدتیں خوفزدہ کرنے لگی ہیں۔ دامن تنگ پڑتا محسوس ہوتا ہے۔ تمہیں پتا ہے عباس! مجھے چند سال پہلے کسی نے ایک بات کہی تھی۔''

''کیا بات؟'' عباس تکیے کے سہارے نیم دراز تھا اٹھ کر بیٹھ گیا۔

''یہی کہ میں بہت لمبا عرصہ تک خوشیاں نہیں پاسکوں گی۔'' وہ افسردہ تھی۔ عباس کی پیشانی پہ ناگواری شکنوں کی صورت سمٹ گئی۔

''یہ کیا فضول بات ہے۔ یونو غیب صرف ربّ جانتا ہے اور......''

''عباس میں بھی تو ہم پرست نہیں ہوں مگر مجھے ڈر......''

''ہر فضول بات اپنے ذہن سے جھٹک دو۔ ہم ان شاء اللہ ہمیشہ ساتھ رہیں گے اور خوش بھی [illegible]'' عباس نے اس کا گال نرمی سے سہلا کر کہا تو عریشہ آہستگی سے مسکرادی مگر اس کا دل بھاری ہی رہا تھا۔

❁......❁......❁

آنکھوں پر بازو رکھے' وہ ساکن لیٹی تھی۔ آنکھوں پر دھرا بازو بھی گویا ایک آڑ ایک پردہ تھا ان آنسوؤں کو چھپانے کی غرض سے جو روکے نہ رکتے تھے۔ دل تھا کہ ٹوٹ ٹوٹ کر وجود میں بکھرتا تھا کیسی بے کلی تھی' کیسی بے چینی' اضطراب ایسا گویا وجود کو کند چھری سے کاٹا جاتا ہو اور بے بسی سی بے بسی آنسوؤں پہ اختیار تھا' سو جی بھر کے بہائے تھے مگر جانے یہ غم کا کیسا سورج چڑھا تھا جسے زوال ہی نہ تھا۔ مام اس سے سخت خفا تھیں' یہ ان کی خفگی کی شدید ترین انتہا تھی کہ انہوں نے موت کے منہ سے واپس لوٹ آنے والی نندنی سے کلام کرنا بھی گوارا نہ کیا تھا۔

''ایسا مت کریں مام! اسے ایسی سچویشن میں آپ کی توجہ محبت کے ساتھ آپ کے جذباتی سہارے کی بھی ضرورت ہے۔'' انہیں ایسی باتیں سمجھانے والا دیو کے سوا کون ہوسکتا تھا۔ پتا نہیں کیوں وہ بندہ اس کے لیے اتنا مخلص تھا حالانکہ نندنی نے اس کی تحقیر اس کی ذلت میں کبھی بھی کوئی کسر اٹھا نہ رکھی تھی مگر اس کا ضبط اس کا استقلال اسے جھنجلانے پر مجبور کردیتا تھا۔ شاید اس میں عزت نفس ہے ہی نہیں۔ وہ اکثر سوچتی اور کبھی یہ جان نہ پاتی' محبت یونہی بے بس بے کس کردینے والا جذبہ ہے۔

''میں اسے معاف نہیں کرسکتی دیو! ناگن ہے یہ' سانپ کی طرح اس نے بھی مجھے ڈسا تھا نا آج اس نے بھی......''

''مام پلیز! ایسی باتیں مت کریں۔ ہوسکتا ہے وہ جاگ رہی ہو۔''

''تم مجھ سے فی الحال کچھ مت کہو دیو۔'' انہوں نے لجاجت سے کہا مگر دیو باز نہیں آیا اور بالآخر وہ جیتا۔ مام نے اس سے بات کی تھی پیار بھی کیا مگر کون جانتا تھا نندنی کو کیا چاہیے تھا' وہ تو کسی کے بھی بس کی بات نہ تھی شاید۔



''میں کیا کروں؟ کیا کروں میں ایسا کہ وہ مجھے مل جائے۔'' اس کا جی چاہا اپنے بال نوچ ڈالے' اپنے نقصان پہ بلند آواز سے بین کرے' محبت کی گمشدگی سے بڑھ کر بھی کوئی نقصان ہے؟ نہیں یہ نندنی سے بڑھ کر کون جان سکتا تھا۔

''میم آپ جاگ رہی ہیں؟'' مہین نسوانی آواز پر وہ جو خیالات کی خارزار وادی میں بھٹک رہی تھی چونک کے متوجہ ہوئی۔ پیازی کلر کا عبایا ہم رنگ بڑے سے اسکارف میں سرتاپا ملفوف وہ ڈاکٹر زینب خان تھی۔ اس کی معالج جس کے ہاتھوں تک پر سیاہ گلوز ہمہ وقت چڑھے رہتے تھے۔

''کیسی طبیعت ہے اب آپ کی؟'' نندنی کو اپنی سمت متوجہ پاکر وہ نرمی سے گویا ہوئی تھی۔ نندنی اسے دیکھے گئی۔ آف وائٹ اسکارف سے جھانکتی ان آنکھوں اور سیاہ ریشمی پلکوں کی باڑھ میں اتنا حسن سمٹا ہوا تھا کہ بے اختیار نندنی کا جی اس کا چہرہ دیکھنے کو مچل گیا۔ اپنی خواہش کی اس شوریدہ سری نے خود نندنی کو بھی ششدر کردیا تھا۔

''مجھے حق تو نہیں ہے نندنی گریوال مگر کہنا چاہوں گی کہ ایسا کیا تھا جس کی وجہ سے آپ نے خود زندگی جیسی خوب صورت نعمت کو ٹھکرادیا تھا۔ سوسائیڈ تو کسی مذہب میں بھی اچھا فعل نہیں ہے نا؟'' اس کی شخصیت کی طرح اس کی آواز بھی بے حد متاثر کن تھی اور لب ولہجہ کا فسوں تو گویا دلوں پر سحر طاری کرتا تھا۔ جانے کیوں نندنی کا دل [illegible]یا۔ ڈاکٹر زینب خان نے اس کی آنکھ کی پور سے ڈھلکتی نمی کو دیکھا اور ہاتھ بڑھا کر اس کے گال کو سہلایا۔

''بی بریو نندنی گریوال!'' نندنی نے جانے کس جذبے سے مغلوب ہوکر ڈاکٹر زینب کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں جکڑ لیا تھا۔

''آر یو مسلم ڈاکٹر زینب؟''

''الحمدللہ ربّ العالمین۔'' ڈاکٹر زینب نے نرمی سے [illegible] مگر نندنی سمجھنے سے قاصر رہی۔ ڈاکٹر زینب کو سر اثبات میں ہلانا پڑا تھا۔

**وعدہ**

وعدہ یہ تم وفا کرنا جاناں
بس مجھ سے ہی وفا کرنا جاناں
میں بس تجھ سے ہی محبت کرتی ہوں
تو زندگی بھر حقِ محبت ادا کرنا جاناں
یہ زمانہ تو جلتا ہے پیار کرنے والوں سے
تو اس زمانے کی پروا نہ کرنا جاناں
گر آتی ہے موت تو تیری بانہوں میں آئے
میری حیات ہے تیری بانہوں میں مرنا جاناں
تجھے پاکر جہاں بھر کی خوشی پائی ہے
تھی ہر سُو اداسی وگرنہ جاناں
تیرے بھی دل میں بس میرا خیال رہے
اپنے دل سے مہناز کو کبھی جدا نہ کرنا جاناں

مہناز نجم شہزاد...... حیدر آباد

''میرے فادر کرسچن جبکہ مام ہندو ہیں۔ میں نے دونوں مذاہب کے مطابق اپنی خواہش کی تکمیل مانگی مگر......'' وہ بات مکمل نہیں کرسکی۔ اس کی ہچکیاں بڑھنے لگی تھیں ڈاکٹر زینب نے آہستگی اور نرمی سے اس کا ہاتھ سہلایا۔ گویا ڈھارس بندھائی۔

''مجھ پر ایک احسان کردیں ڈاکٹر زینب! مجھے زندگی کی قید سے آزاد کرادو' پلیز مجھے یہ زندگی نہیں چاہیے۔'' وہ ایک دم سے بلک کر بولی۔ تو ڈاکٹر زینب کچھ مضطرب ہونے لگی۔

''نندنی گریوال! خود کو سنبھالیں ابھی آپ جذباتی ہو رہی ہیں ورنہ زندگی میں آپ کے لیے یقیناً بہت کچھ ہے۔''

''مگر میں...... میں اس کے بغیر نہیں رہ سکتی......'' وہ کچھ اور شدتوں سے رو پڑی۔

''کس کے بغیر؟'' ڈاکٹر زینب نے پرسکون آواز میں سوال کیا۔

''وہ جو مجھے صرف ایک بار نظر آیا تھا۔ جسے میں نے بہت ڈھونڈا بہت کھوجا مگر...... مجھے اس سے محبت ہے

www.pdfbooksfree.pk

بہت محبت مگر وہ مجھے نہیں ملتا ایک بار بھی نہیں ......" وہ وحشت زدہ ہی نہیں تھی بے ربط بھی تھی۔ ڈاکٹر زینب نے اپنے ہمراہ موجود نرس کو اشارہ کیا جسے سمجھتے ہوئے نرس نے انجکشن میں دوا بھری اور تیار انجکشن ڈاکٹر زینب کے اشارے پہ اس کی بے خبری کے عالم میں نندنی کے بازو میں لگا دیا۔ مسکن دوا کے اثر سے وہ اگلے چند لمحے بعد پرسکون نیند کی آغوش میں چلی گئی۔

"اب یہ چند گھنٹے بعد اٹھیں گی تو پرسکون ہوں گی ڈونٹ وری۔" ڈاکٹر زینب خان نے سریتا دیوی کو مخاطب کیا جو نندنی کی زبان سے ہونے والے انکشافات سے ساکن و صامت کھڑی تھیں۔ اللہ جانے ڈاکٹر زینب کی بات بھی انہوں نے سنی بھی یا نہیں۔

......☆☆☆......

"لاریب یوں کب تک چلے گا؟" ایمان نے اس کے مقابل بیٹھ کر بہت محبت سے اس کے ہاتھ تھام لیے تھے۔ لاریب کی آنکھیں جو ضبط کی کوشش میں سرخ تھیں۔ بہت تیزی سے بھیگتی چلی گئیں۔ ایمان نے اس کی بدلتی کیفیت دیکھی اور ہونٹ بھینچ لیے تھے۔

"یہ سب کچھ نیا تو نہیں ہے لاریب! چار سال بیت چلے ہیں تم چار سالوں سے جانتی تھیں کہ وہ تمہارا نہیں رہا تمہیں نہیں مل سکتا پھر اب......؟ اب نیا کیا ہوا؟"

"وہ شادی کر چکا ہے باجو! اس آس کو توڑ دیا ہے اس نے جو میرے دل نے کبھی ٹوٹنے نہیں دی تھی۔ میری ساری دعائیں عرش سے بغیر قبولیت کے لوٹا دی گئیں عمر بھر کی نارسائی نصیب ٹھہری ہے اور......" وہ ایک دم یوں خاموش ہوگئی جیسے بروقت خود پہ قابو پایا ہو۔ ایمان اسے بغور دیکھ رہی تھی جس کے چہرے پہ وحشت اور ہراس یکلخت گہرا ہوگیا تھا جو یقیناً کسی سوچ کسی خیال کی غماز تھی۔

"اور کیا؟ لاریب اس ایک نقصان کے علاوہ اور کون سا نقصان ہوا ہے تمہارا کیا کھویا ہے تم نے؟ مجھے بتاؤ دل کا بوجھ ہلکا ہو جائے گا۔" لاریب کے چہرے پہ لمحہ بھر کو تاریکیاں چھا گئیں۔ اس نے بوکھلا کر ایمان کی صورت دیکھی وہاں بے خبری تو تھی مگر جاننے کی بے قراری کے ساتھ۔ اس کا بے اوسان پھڑ پھڑاتا دل ذرا سا سنبھلا۔ یہ ایسی بات ہرگز نہیں تھی کہ کسی کو شریک راز کیا جاتا۔ ابھی تو شرمندگی اور پچھتاوے کے کرب سے وہ خود باہر نہیں آ سکی تھی۔

"جتنا بڑا بھی دکھ ہو اس کا احساس عمر بھر ساتھ نہیں چلتا۔ وقت ہر زخم پر مرہم رکھتا ہے۔ تم بھی اسے بھول جاؤ گی ڈونٹ وری۔" ایمان نے گویا اسے سمجھایا تھا' وہ کچھ نہیں بولی۔ خاموش پر ملول سی سر جھکائے ناخن سے ٹیبل کی سطح کھرچتی رہی۔

"تم نے دوا لی...... کھایا بھی یقیناً کچھ نہیں ہوگا؟" ایمان کو خیال آیا پھر کھانے کی ٹرے جوں کی توں دیکھ کر اس نے شاکی نظریں اس پر جمائیں۔

"لاریب تمہیں کیا لگتا ہے اس طرح کر کے تم صرف خود کو نقصان پہنچا رہی ہو؟ بابا سائیں کی پریشانی کا تمہیں اندازہ ہے؟ بہانہ بنایا تھا میں نے کہ وہ سلیپنگ پلز تم نے غلطی سے پھانک لی تھیں۔ اب تمہارے یہ انداز و اطوار ان پہ کیا ثابت کر رہے ہیں تم سمجھ تو سکتی ہو۔"

"باجو آپ مجھے کچھ دیر کے لیے تنہا نہیں چھوڑ سکتیں۔" اس نے عجب بے کسی بے چارگی سے کہا تو ایمان کی آنکھوں میں حدت سمٹ آئی۔

"نہیں ہرگز بھی نہیں۔ میں تمہیں تمہارے حال پہ نہیں چھوڑ سکتی سنا تم نے۔" اس سے قبل کہ لاریب جواب میں کچھ کہتی بابا سائیں کے ساتھ سکندر اور ڈاکٹر صاحب دروازہ ناک کر کے اندر چلے آئے۔

"اب کیسی طبیعت ہے آپ کی بیٹا؟" ڈاکٹر صاحب نے مسکرا کر سوال کیا۔ لاریب کے اعصاب سکندر کی آمد کے ساتھ ہی کشیدہ ہوگئے تھے۔ سکندر کی بہت محتاط انداز میں اٹھی نگاہ اس کے چہرے پر ہی جمی رہ گئی تھی۔ محض تین چار دنوں میں ہی وہ کیسے نچوڑ کر رہ گئی تھی۔ سحر طراز آنکھوں کے پپوٹے بوجھل اور ورم آلود تھے' آنکھوں کے نیچے سیاہ گہرے حلقے' ستا ہوا چہرہ' پپڑی زدہ ہونٹ' سکندر کے جیسے دل پہ گھونسہ لگا تھا۔ وہ کتنی بے دردی سے ہونٹ چبا رہی تھی جیسے خود پر جبر کر رہی ہو اور یہ جبر یقیناً سکندر کی وہاں موجودگی تھی۔ احساس ہوتے ہی وہ الٹے قدموں پلٹا۔

"سکندر کہاں جا رہے ہو؟ ڈاکٹر صاحب جو دوائیں لکھیں گے وہ نسخہ لے کر جانا پتر!" بابا سائیں اس سے غافل نہیں تھے۔ سکندر کو نا چاہتے ہوئے بھی ٹھہرنا پڑا۔ البتہ پھر نظر بھر کے لاریب کی بے بسی کو اس سے دیکھا نہیں گیا تھا۔ شہر کے کیمسٹ سے دوائیں لے کر وہ واپس لوٹا تو بھی اسی کیفیت کے زیر اثر تھا۔

"سکھاں یہ دوائیں بی بی صاحبہ کو پہنچاؤ' اور سنو ان سے پوچھ آنا مزید کسی چیز کی ضرورت تو نہیں ہے۔" وہ اس وقت خود کو بہت تھکا ہوا محسوس کر رہا تھا۔ جبھی اب گھر لوٹ جانا چاہتا تھا۔ سکھاں نے اس کا بڑھایا لفافہ تھامنے سے اجتناب برتا تھا اور جلدی سے بولی تھی۔

"سکندر سائیں بڑی بی بی صاحبہ نے کہا تھا آپ آؤ تو آپ کو وہیں ان کے پاس بھیج دوں۔ شاید کچھ کام ہو جی۔" سکھاں کے پیغام نے سکندر کے اندر سرسراتی تھکن کو یکدم بڑھا ڈالا۔ وہ ڈھیلے قدموں سے گریزاں سا ایمان کے کمرے کی جانب آیا۔ حالانکہ جانتا تھا آج کل ہر پل ایمان لاریب کے ساتھ پائی جاتی ہے۔ پھر بھی وہ جیسے اس صورت حال سے فرار چاہ رہا تھا۔ ایمان کمرے میں نہیں تھی' البتہ ملازمہ اس کے کمرے میں موجود تھی اور صفائی کر رہی تھی۔ اسی نے بتایا تھا ایمان لاریب کے کمرے میں ہے۔ سکندر گہرا سانس بھرتا اسی سمت ہو لیا تھا۔

"آ جاؤ سکندر۔" دستک کے جواب میں ایمان کی مضطرب سی آواز ابھری گویا اس کی آمد کی منتظر تھی۔ سکندر نے دروازہ کھول کر اندر قدم رکھا۔ ایمان' امامہ اور لاریب سب بیڈ پر موجود تھیں ایمان فروٹ کی باسکٹ سامنے رکھے سیب کاٹ رہی تھی۔

"لے آئے میڈیسن، بہت دیر لگا دی تم نے؟"

"آپ کو کچھ کام تھا بی بی صاحبہ!" سکندر کا سر جھکا ہوا تھا۔ اس نے دواؤں کا لفافہ میز پر رکھ دیا تھا۔

"تمہارے جانے کے بعد مجھے یاد آیا تھا سکندر کہ میرے کچھ سوٹ ٹیلر کے پاس ہیں۔ خیر یہ کارڈ رکھ لو جب شہر جاؤ تو یاد سے لیتے آنا۔" ایمان نے سیب کی چھلی ہوئی قاش پلیٹ میں رکھ کر بیڈ کی دراز سے کارڈ نکال کر اس کے سامنے رکھا۔ جسے سکندر نے ذرا سا جھک کر اٹھا لیا تھا۔

"ابھی آپ کو ضرورت ہے تو میں ابھی لا دیتا ہوں۔ شاپ کھلی ہوگی۔" یہ سعادت مندی اس کی حیثیت کی متقاضی تھی۔ ایمان مسکرا دی۔

"نہیں بھئی اب ایسی خاص ضرورت بھی نہیں۔"

"جی بہتر میں......"

"تم...... تم...... کیوں آ رہے ہو بار بار؟ میری بے بسی کا تماشا دیکھنے؟" سکندر کی بات مکمل نہیں ہو سکی تھی' اپنے دھیان میں واش روم کا دروازہ کھول کر باہر آتی لاریب کی نظر اس پہ پڑی تھی اور وہ جیسے غم و غصے اور نفرت کے ملے جلے احساسات سمیت اسے روبرو پاتے ہی پاگل ہو اٹھی تھی۔ سکندر کو دیکھنا اس کا سامنا کرنا اس وقت گویا دنیا کا مشکل ترین کام تھا۔ وہ اس کی شکست اس کی انا و خودداری اور نقصان کا سب سے بڑی وجہ تھا۔ اور اب بار بار اس کا سامنا گویا اسے اپنے منہ پر اپنی ہار محسوس ہو رہی تھی۔ ضبط چھلکا تھا اور وہ ہیجانی ریلے میں بہہ کر ایک بار پھر حواس گنوا چکی تھی۔ سکندر کا گریبان اس کے ہاتھ میں تھا جو اس کے ایک ہی جھٹکے سے دامن تک چرتا چلا گیا۔ ٹوٹتے بٹن یہاں وہاں بکھرے تھے۔ سکندر اس حملے کے لیے تیار نہیں تھا۔ ایمان اور امامہ بھی شاکڈ رہ گئیں۔

(جاری ہے)

www.pdfbooksfree.pk

# دیر لگی آنے میں

نزہت جبین ضیاء

دیر لگی آنے میں تم کو شکر ہے پھر بھی آئے تو
آس نے دل کا ساتھ نہ چھوڑا ویسے ہم گھبرائے تو
شفق، دھنگ، مہتاب، گھٹائیں، تارے، نغمے، بجلی، پھول
اُس دامن میں کیا کیا کچھ ہے وہ دامن ہاتھ میں آئے تو

"گرمی کی شدت میں مزید اضافہ ہوتا جارہا ہے' لگتا ہے گرمی سارے ریکارڈ توڑ دے گی۔" آصفہ بیگم نے کرسی کی پشت پر پڑی چادر اٹھاتے ہوئے فیروزہ کو مخاطب کیا۔

"ہاں! واقعی بے حد گرمی ہے اور اس وقت بسوں میں دھکے کھانا کسی عذاب سے کم نہیں۔" آنکھوں پر گلاسز لگاتے لگاتے فیروزہ نے کہا۔

"اچھا بھئی اللہ حافظ۔" آصفہ بیگم نے کہا۔

"ہاں بھئی سائرہ! آج شام کو آرہی ہو نا۔" انہوں نے اسٹاف روم سے نکلتے نکلتے رک کر برقعہ پہنتی سائرہ کو



مخاطب کیا۔

"جی..... جی بالکل!" سائرہ نے کہا تو آصفہ بیگم سر ہلا کر باہر نکل گئیں۔ اسکول کے احاطے سے نکلتے نکلتے سوچنے لگیں کہ جاتے جاتے چائے ناشتے کا سامان لے جائیں تاکہ شام کو مشکل نہ ہو۔ اسکول سے گھر ذرا فاصلے پر تھا' بس سے آنا جانا پڑتا تھا' اسکول کے قریب بیکری سے نمکو' بسکٹس اور کیک لے کر دو شاپر سنبھالے جیسے ہی بیکری کی سیڑھیوں سے اتریں کہ سامنے سے آتے شخص سے بُری طرح ٹکرا گئیں۔

"اوہ سوری میم!" انتہائی شرمندگی اور انکساری سے معذرت کی۔

"کوئی بات نہیں۔" آصفہ بیگم نے کہہ کر نگاہ اٹھائی۔

"میم..... آپ..... آپ ٹیچر آصفہ تو نہیں؟" سامنے کھڑے نوجوان نے انہیں دیکھ کر قدرے چونکتے ہوئے پوچھا۔

"ہاں..... لیکن میں نے آپ کو نہیں پہچانا۔" آصفہ بیگم نے ایک ہاتھ سے چشمہ اوپر کرتے ہوئے پُرسوچ لہجے میں کہا۔

"میں..... میں..... جاذب ہوں میم..... جاذب قریشی! آپ نے بچپن میں مجھے پڑھایا تھا۔ آپ نے مجھے نہیں پہچانا؟"

"آں..... ہاں!" آصفہ بیگم نے قدرے چونک کر سر سے پیر تک اس کا جائزہ لیا۔ "جاذب! یہ تم ہو' کیسے پہچانوں ماشاء اللہ سے تم پورے آدمی بن چکے ہو۔" نیس قیمت کپڑوں میں ملبوس جاذب بالکل بدل چکا تھا۔

"اوہ میم! شکر خدا کا کہ آپ مل گئیں' میں بہت کوشش کررہا تھا آپ سے ملاقات کرنے کی اور آپ کیسی ہیں؟ انکل صفدر اور آپ کی بیٹی..... سب کیسے ہیں؟" بچوں کی طرح خوش ہوتا وہ سوال کیے جارہا تھا' بہت اموشنل ہورہا تھا۔

"تمہارے انکل کی ڈیتھ ہوگئی ہے....."

"اوہ ویری سیڈ!" وہ اچانک افسردہ ہوگیا۔ "ویسے میم آپ کا گھر کہاں ہے' آپ نے گھر چینج کرلیا ہے نا۔ آیئے میں آپ کو گھر چھوڑ دوں' بہت گرمی ہے۔" لمبی سی خوب صورت گاڑی کا دروازہ کھول کر آفر دی۔

"ارے نہیں بیٹا' زیادہ دور نہیں میں رکشہ کرلوں گی' تمہیں تکلیف ہوگی۔"

"کیسی باتیں کررہی ہیں آپ؟ یہ آپ ہی تو ہیں جس کی وجہ سے میں اس مقام پر ہوں۔" اس کی آنکھوں میں ماضی جھلملانے لگا تھا۔

"نہیں بیٹا! ایسی بات نہیں تم خود بھی اچھے بچے تھے۔" آصفہ بیگم مروتاً بولیں۔

"چلیں! اب مزید اچھائی کا موقع دیں۔" اس نے آگے بڑھ کر شاپر ہاتھ سے لیتے ہوئے بے تکلفی سے کہا اور آصفہ بیگم مسکراتی ہوئی اس کے برابر میں آبیٹھیں۔

"بیٹا! ٹھنڈا پانی تو پیو گے نا۔" گھر پر اترتے ہوئے آصفہ بیگم نے پوچھا۔

"ضرور۔" وہ جھٹ سے اتر آیا۔

اسے ڈرائنگ روم میں بٹھا کر آصفہ بیگم دوسرے کمرے میں آگئیں' جہاں ماہین تھی۔

"بیٹی ایک گلاس لیموں کا شربت بنا کر لے آؤ۔"

"امی! کون آیا ہے؟" ماہین نے اٹھتے ہوئے پوچھا۔

"میرا بہت پرانا اسٹوڈنٹ ہے۔ ٹیوشن بھی لیتا تھا مجھ سے۔" آصفہ بیگم نے چادر اتار کر کھونٹی سے لٹکاتے ہوئے کہا۔ آصفہ بیگم کے لائے ہوئے شاپر سنبھال کر ماہین کچن میں آگئی۔

"یہ سامان شام کے لیے ہے۔" پیچھے سے آصفہ بیگم نے آہستگی سے کہا' ماہین ان کا مطلب سمجھ گئی تھی۔

وہ ٹرے میں دو گلاس شربت لیے جیسے ہی ڈرائنگ روم میں داخل ہوئی تو امی سے باتیں کرتے ایک خاصے ہینڈسم اور امیر سے نوجوان کو دیکھ کر ٹھٹک گئی۔

"آؤ آؤ ماہین....." آصفہ بیگم کی آواز پر وہ آگے بڑھی۔ "یہ جاذب ہے اور جاذب! یہ میری بیٹی ماہین!"

www.pdfbooksfree.pk

آصفہ بیگم نے تعارف کروایا۔

"السلام علیکم! بیٹھیں۔" شربت کا گلاس لیتے ہوئے سلام کے ساتھ ہی جاذب نے صوفے کی طرف اشارہ کر کے کہا اور ماہین کچھ دور صوفے پر ٹک گئی۔

"جب میں میم کے پاس پڑھنے آتا تھا تو آپ اتنی سی تھیں۔" اس نے ہاتھ کے اشارے سے کہا۔

"ہاں مجھے بھی یاد آ گیا ہے آپ امی سے مار بہت کھاتے تھے لیکن اس وقت تو آپ مخنی سے تھے اب تو ماشاء اللہ....." ماہین نے کچھ یاد کرتے ہوئے قدرے حیرانی سے اسے دیکھا تو جاذب کھل کر ہنس دیا۔

"اچھا میم! اب اجازت' ان شاء اللہ مما کو لے کر آؤں گا وہ بھی آپ کو بہت یاد کرتی ہیں۔" شربت کا گلاس ٹرے میں رکھ کر وہ اٹھ کھڑا ہوا۔

❁.....❁.....❁

یہ ان دنوں کی بات تھی جب آصفہ بیگم نے نیا نیا اسکول جوائن کیا تھا اس وقت جاذب کا ایڈمیشن کلاس ٹو میں ہوا تھا۔ جاذب پڑھائی میں ٹھیک ٹھاک تھا لیکن اسکول آنے سے بہت ڈرتا تھا' وجہ یہ تھی کہ پہلے ہی دن کسی ٹیچر نے اسے بُری طرح ڈرا دیا تھا اور وہ خوف زدہ ہو گیا تھا دیگر بچوں کی طرح وہ تیز اور شریر نہ تھا۔ بہت خاموش اور ڈرا ڈرا سا رہتا تھا تب آصفہ بیگم نے اسے بڑے پیار سے سنبھالا' وہ فطرتاً ہی خوف زدہ اور ہراساں تھا۔ آصفہ بیگم نے اس کی والدہ کو بلوا کر بات کی تب پتا چلا کہ ان کے شوہر جاذب کے والد امریکا میں رہتے ہیں' ان کی ساس اور تین غیر شادی شدہ نندیں بہت تیز اور لڑاکا ہیں۔ معمولی معمولی باتوں پر جاذب اور اس کی ماں کو اتنا ستاتے اور جاذب کی پٹائی کر دیتے تھے۔ جاذب کے والد کو ان لوگوں کو باہر بھی بلوانے نہیں دیتے' گھریلو حالات کی وجہ سے جاذب اپ سیٹ رہتا ہے۔ آصفہ بیگم کو جاذب پر بہت ترس آیا پھر انہوں نے جاذب پر خصوصی توجہ دینی شروع کر دی اور اسکول کے علاوہ گھر پر بھی اسے ٹیوشن دینے لگیں۔ آصفہ بیگم کے شوہر صفدر صاحب بھی جاذب کا بہت خیال رکھتے پڑھائی کے بعد چار سالہ ماہین اور جاذب ایک ساتھ کھیلا کرتے' یہاں آ کر جاذب بہت خوش اور مطمئن رہتا۔

ڈھیر سارے دن گزر گئے اس وقت جاذب کلاس فور میں تھا کہ جب آخر کار جاذب کے پاپا نے جاذب اور ان کی مما کو اپنے پاس بلوا لیا۔ جاتے وقت جاذب بہت اداس تھا اور آصفہ بیگم کو بھی جاذب اور اس کی مما سے لگاؤ ہو گیا تھا' انہیں بھی بُرا محسوس ہو رہا تھا لیکن وہ اس بات پر خوش تھیں کہ اب جاذب اور اس کی مما خوش رہیں گے۔

کچھ عرصہ تک برابر جاذب کے فون آتے رہے پھر اچانک صفدر صاحب کا انتقال ہو گیا اور آصفہ بیگم کو سرکاری گھر چھوڑنا پڑا۔ زندگی کو نئے سرے سے شروع کرتے کرتے وہ پریشان ہو گئیں' گھر اسکول' پھر دوسرے محلے میں نئے لوگوں کے درمیان گزارا کرنا' ماہین کی ذمہ داری جو پرائمری اسٹوڈنٹ تھی۔ یہ سب کچھ کرنا بہت مشکل لگ رہا تھا۔

صفدر صاحب کے انتقال کے بعد ملنے والی رقم سے انہوں نے چھوٹا سا گھر خرید لیا اور حالات سے سمجھوتہ کرتے ہوئے نئے سرے سے زندگی شروع کی۔ ماہین بھی قدرتی طور پر سمجھدار بچی تھی' کوئی فرمائش نہ کرتی جو ملا پہن لیتی' جو ملا کھا لیتی' کوئی ضد نہ کرتی عام سی صورت شکل والی ماہین پڑھنے میں بہت اچھی اور سگھڑ تھی۔

آصفہ بیگم نے گریجویشن کروانے کے بعد اسے گھریلو امور میں بھی طاق کر دیا تھا اور مناسب رشتہ ملتے پر شادی کا ارادہ تھا لیکن کوششوں کے باوجود ابھی تک رشتہ طے نہ ہو سکا حالاں کہ گریجویشن کیے بھی ایک سال سے زیادہ عرصہ ہو چکا تھا۔ آصفہ بیگم نے لوگوں سے کہہ رکھا تھا اس سلسلے میں رشتہ لگانے والی رضیہ خالہ بھی کوشش کر رہی تھیں لیکن معمولی صورت شکل اور بظاہر ایسی لڑکی جو کہ یتیم تھی جس کی ماں ایک ٹیچر تھی وہ کیا جہیز لے جاتی اکثر رشتے یہ سن کر لوٹ جاتے۔

اب تو الٹے سیدھے لوگوں کے سامنے آتے آتے



ماہین کو بھی جھنجلاہٹ ہونے لگی تھی۔ ابھی کچھ عرصہ پہلے کی بات تھی کہ رضیہ خالہ چند خواتین کو لے کر آئیں ایک لڑکے کی ماں اور دو بہنیں تھیں۔ تینوں بڑی تیز طرار اور فیشن ایبل نظر آ رہی تھیں گو کہ لگتا تھا کہ ان کا تعلق نچلے طبقے سے ہے۔ لڑکیوں نے گہرے گہرے رنگوں کے ستاروں والے جدید فیشن کے سوٹ پہن رکھے تھے اچھی خاصی کالی رنگت پر بھاری اور تیز میک اپ نے چہروں کو مضحکہ خیز بنا دیا تھا جب کہ والدہ بھی اپنے سفید بالوں پر گہرا رنگ کیے تیز میک اپ میں بھاری بھرکم اور بے تکے جسم پر کسے ہوئے سوٹ میں کارٹون لگ رہی تھیں۔

"کیا کرتی ہو؟" ایک لڑکی نے ماہین کو اوپر سے نیچے تک دیکھ کر پوچھا تھا۔

"میں ٹیوشن پڑھاتی ہوں۔" ماہین دھیرے سے بولی۔

"ہائے کم از کم بیوٹیشن کا کورس ہی کر لیتیں' آسانی ہو جاتی۔" منہ بنا کر اعتراض کیا۔

"جی....." ماہین نے حیرت سے انہیں دیکھا۔ رضیہ خالہ بے چاری جز بز ہو گئیں۔

"ہاں بھئی ہم نے تو سوچا ہے کہ لڑکی ایسی ہو کہ ایک تو میک اپ کر سکے اور دوسرا کپڑوں کی سلائی کر لے۔ یہ درزی تو کھال کھینچنے لگے ہیں آج کل۔" والدہ صاحبہ نے بھی بیٹی کی تائید میں مزید ایک جملے کا اضافہ کیا۔

"ویسے ابا کیا کرتے ہیں؟" دوبارہ پوچھا۔

"جی بہن! میرے شوہر کا انتقال ہو گیا ہے۔" آصفہ بیگم نے افسردگی سے کہا۔

"کوئی بھائی ہے لڑکی کا؟" والدہ نے منہ بنا کر دوبارہ سوال کیا۔

"نہیں جی! میری اکلوتی بچی ہے۔" آصفہ بیگم ان کے رویے سے بہت کچھ جان گئی تھیں۔

"اچھا ہم چلتے ہیں۔" تینوں نے آنکھوں آنکھوں میں ایک دوسرے کو اشارے کیے اور اٹھ کھڑی ہوئیں۔

"ارے بہن! بیٹھیں تو....." رضیہ خالہ بے چاری شرمندگی سے بولیں۔

"رضیہ ادھر آنا۔" لڑکے کی والدہ نے باہر نکلتے نکلتے رضیہ خالہ کو پاس بلا کر کان میں کچھ کہا اور رضیہ خالہ کا چہرا ایک دم ہی پھیکا پڑ گیا' وہ لوگ گھر سے نکل گئے اور رضیہ خالہ رہ گئیں۔

"کیا کہہ رہی تھیں وہ.....؟" آصفہ بیگم نے رضیہ خالہ سے پوچھا۔

"وہ کہہ رہی تھیں کہ لڑکی کا نہ باپ ہے نہ بھائی' کیا لے کر آئے گی اگر تم یہ گھر لڑکے کے نام کر دو تو....."

"بس خالہ خاموش ہو جائیں۔" ماہین کی آواز پر رضیہ خالہ کا جملہ ادھورا رہ گیا۔ "خالہ! آپ ایک محبت کرنے والی اور ہمدرد خاتون ہیں' میں جانتی ہوں کہ آپ ہمارا بھلا ہی چاہیں گی لیکن پلیز اب اس سلسلے میں کسی کو نہ لائیے گا۔" ماہین نے سخت لہجے میں کہا اور فوراً ہی واپس پلٹ گئی۔

آصفہ بیگم کی آنکھیں بھر آئیں اور رضیہ خالہ بھی رنجیدہ ہو گئیں۔

"آصفہ آپا! فی الحال اس بات کو یہیں ختم کر دیتے ہیں' ان شاء اللہ آگے بہتری ہو گی۔ اس وقت ماہین بھی اپ سیٹ ہے۔ دیکھنا ہمارا ربّ ضرور بہتری کرے گا۔ اس کے پاس دیر ہے اندھیر نہیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ہماری ماہین کی قسمت ایسی چمکے گی کہ دنیا رشک کرے گی۔"

"آپا! تم ایک نیک خاتون ہو اور خدا تعالیٰ تمہاری دعائیں رائیگاں نہیں کرے گا۔" نم آنکھوں اور بھیگے لہجے میں رضیہ خالہ نے آصفہ بیگم کو تسلی دی اور آصفہ بیگم سر جھکائے سنتی رہیں۔

❁.....❁.....❁

کچھ عرصہ آصفہ بیگم خاموش رہیں لیکن دل پر بھاری بوجھ تو تھا۔ وہ سوچتیں اگر خدانخواستہ انہیں کچھ ہو جائے تو' ماہین کا کیا ہو گا۔ یہ سوچیں اکثر انہیں بے چین کیے دیتیں۔

www.pdfbooksfree.pk

اور پھر کچھ عرصہ بعد سائرہ نے جواُن کے ساتھ پڑھاتی تھی ایک رشتہ کی بابت بتایا اور پھر نئی امید کے ساتھ انہوں نے تیاری شروع کردی اور آج لڑکے والے آنے کا کہہ رہے تھے۔

''امی یہ جاذب تو بہت امیر ہوگیا ہے۔'' جاذب کی لمبی چوڑی گاڑی اور اس کے حلیے سے ماہین مرعوب لگ رہی تھی۔

''آں..... ہاں.....'' ماہین کی آواز پر آصفہ بیگم خیالات سے چونکیں۔

''ہاں! ماشاء اللہ ایم بی اے کرکے امریکہ سے آیا پچھلے دنوں وہ لوگ پاکستان آئے ہیں۔ بتا رہا تھا کہ میں اسے ہمیشہ یاد آتی تھی اور یہاں آکر ہمیں بہت تلاش کیا۔ اس کی ماں بھی بہت اچھی عورت ہے' آج کل کے زمانے میں ایسے اسٹوڈنٹ بہت کم ہوتے ہیں جو ٹیچرز کو اتنی عزت دیں۔'' آصفہ بیگم کے لہجے میں جاذب کے لیے شفقت تھی۔

شام کو آنے والے مہمان نہیں آرہے تھے' سائرہ کا فون آیا تھا کہ ان کی امی کی طبیعت خراب ہوگئی ہے اس لیے کسی اور وقت آئیں گے۔ دونوں ماں بیٹی ایک دوسرے کو دیکھ کر چپ ہوگئیں۔

دو دن بعد اس شام حسب معمول ماہین بچوں کو ٹیوشن پڑھا رہی تھی صحن میں بچے دری پر بیٹھے تھے' پاس ہی کرسی پر ماہین بیٹھی تھی جب کہ کونے میں بنے چبوترے پر آصفہ بیگم نمازِ عصر ادا کررہی تھی کہ جاذب آگیا۔ ساتھ ہی ایک سوبری خاتون تھیں' آصفہ بیگم نے فوراً پہچان لیا' دوڑ کر لپٹ گئیں وہ جاذب کی مما تھیں۔

''آیئے اندر چلیں۔'' ماہین نے جلدی سے بچوں کو چھٹی دے دی اور ان کو اندر کمرے میں لے جانا چاہا۔

''نہیں بھئی! ہم یہیں بیٹھیں گے جہاں آپ لوگ بیٹھی ہیں۔'' شگفتہ بیگم نے پلٹ کر ماہین کو دیکھ کر خوش گوار لہجے میں کہا۔

''یہ ماہین ہے نا میم!'' انہوں نے سوالیہ نظر ماہین پر ڈالتے ہوئے آصفہ بیگم کو مخاطب کیا۔

''جی!'' آصفہ بیگم کے کہنے سے پہلے جاذب بولا تو شگفتہ نے ماہین کو گلے سے لگالیا۔ صحن میں بچھے پلنگ پر آصفہ بیگم اور شگفتہ بیٹھ گئیں۔

''آپ یہاں بیٹھ جائیں۔'' ماہین نے جاذب کو مخاطب کرکے کرسی کی طرف اشارہ کیا۔ تھینکس کہہ کر جاذب بھی وہیں بیٹھ گیا۔ کچھ دیر بعد ماہین چائے کے ساتھ پکوڑے اور سویوں کا میٹھا بنا کر لے آئی۔ شگفتہ بہت بے تکلفی سے باتیں کررہی تھیں۔ جاذب کے پاپا کا انتقال کچھ عرصہ قبل ہوگیا تھا تب ہی یہ لوگ پاکستان لوٹ آئے تھے یہاں پر اچھے علاقے میں گھر لے لیا تھا۔

''اب آپ اسے سمجھائیں میم! یہ لڑکا شادی کرنا ہی نہیں چاہتا جو لڑکی دکھاتی ہوں انکار کردیتا ہے۔'' باتوں باتوں میں شگفتہ نے شکایتی انداز میں آصفہ بیگم سے کہا۔

''ارے کیوں بھئی!'' آصفہ بیگم نے جاذب کو مخاطب کیا۔

''میم! مما نے کوئی ایسی لڑکی نہیں دکھائی کہ پسند آسکے' ان شاء اللہ کرلوں گا شادی لیکن سوچ سمجھ کر۔'' پکوڑا منہ میں ڈالتے ہوئے خوش دلی سے جواب دیا کچھ دیر بعد اپنے گھر آنے کی دعوت دے کر وہ لوگ لوٹ گئے۔

''واقعی کتنے اچھے اور سادہ لوگ ہیں' اتنا پیسہ ہونے کے باوجود بھی ہمیں کتنی عزت دیتے ہیں۔ کاش..... کاش جاذب میرا داماد بن جائے۔'' اپنی سوچ پر آصفہ بیگم خود ہی پھیکی سی ہنسی ہنس دیں۔

کہاں وہ خوبرو امیر اور اسمارٹ سا جاذب اور کہاں معمولی شکل وصورت کی غریب سی ماہین۔'' انہوں نے چائے کی ٹرے اٹھا کر لے جاتی ہوئی ماہین کو دیکھ کر ٹھنڈی سانس بھری۔

بعض اوقات دعائیں یوں بھی پوری ہوتی ہیں' خواہشات ایسے بھی پایہ تکمیل تک پہنچتی ہیں کہ انسان انگشت بدنداں رہ جاتا ہے۔



آج اتوار کا دن تھا اتوار کے دن ماہین مشین لگا کر کپڑے دھوتی' دوپہر کے کھانے پر خصوصی اہتمام ہوتا تھا۔ اس روز بھی کپڑے دھو کر کھانا بنا کر تقریباً چار بجے وہ لوگ فارغ ہوئے کہ دروازے پر بیل بجی۔ جاذب آیا تھا آج وہ آصفہ بیگم کے کمرے میں آبیٹھا تھا کچھ دیر بعد عصر کی اذان ہوئی تو آصفہ بیگم نماز پڑھنے اٹھ گئیں۔

''امی میں تو چائے لے آئی تھی۔'' آصفہ بیگم کو اٹھتا دیکھ کر چائے لے کر آئی ماہین نے کہا۔

''بیٹی تم لوگ پیو میں ابھی نماز پڑھ کے آتی ہوں۔'' جاذب کو چائے دے کر ماہین بھی وہیں بیٹھ گئی۔

''ماہین! ایک بات کہنا چاہتا ہوں آپ سے۔'' کچھ لمحوں بعد جاذب بولا۔

''جی۔'' ماہین نے سر اٹھایا۔

''اگر آپ مناسب سمجھیں تو میں..... میں آپ سے شادی کرنا چاہتا ہوں۔''

''کیا..... کیا..... کہہ رہے ہیں آپ؟'' چائے کی پیالی ماہین کے ہاتھوں میں لرز گئی۔ اسے لگا جیسے جاذب پاگل ہوگیا ہو۔ اچھی شکل وصورت اور بہترین پوزیشن والا جاذب ایک عام اور معمولی سی لڑکی سے یہ کہے تو..... یہ تو لطیفہ تھا۔

''جاذب! آپ ایک جولی انسان ہیں لیکن مجھ سے ایسا مذاق مت کریں' آپ کو کوئی حق نہیں ہے۔'' بہ مشکل حواسوں کو بحال کرکے سخت لہجے میں کہا۔

''ماہین! آپ مجھے غلط سمجھ رہی ہیں' میں کوئی مذاق نہیں کررہا' میں سیریس ہوں۔''

''لیکن جاذب! آپ کو اچھی سے اچھی لڑکی مل سکتی ہے..... پھر آپ.....؟''

''بے شک ماہین! مجھے کوئی بھی لڑکی مل سکتی ہے' حسین وجمیل اور دولت مند لیکن مجھے میم آصفہ جیسی ماں کی بیٹی چاہیے۔ آپ نہیں جانتیں کہ میم آصفہ ہمیشہ سے میری آئیڈیل رہی ہیں اور ماہین! مجھے بیوی چاہیے کوئی ماڈل نہیں' ایسی لڑکی جو میری ماں کو ماں سمجھے' میرے گھر کو صحیح معنوں میں گھر بنائے اور میرے خیال میں اگر مجھے آپ کا ساتھ مل جائے تو یہ میری خوش نصیبی ہوگی' ویسے یہ زبردستی نہیں ہے لیکن میرے بارے میں ایک بار سوچیے گا ضرور۔ مجھے کچھ نہیں چاہیے ماہین! ایک اچھا اور سنجیدہ ساتھی درکار ہے۔ جو میری خوشیوں اور غموں میں میرا سچے دل سے ساتھ دے سکے' گھر ظاہری خوب صورتی اور بے تحاشا دولت سے نہیں بنتے ماہین! گھر بنانے کے لیے محبت' ایمان داری' خلوص اور سمجھ داری کی ضرورت ہے اور .....اور میں سمجھتا ہوں کہ آپ ان تمام خوبیوں سے مالا مال ہیں۔ لہجے میں اعتماد اور سچائیاں نمایاں تھیں۔'' ماہین حیرت سے اسے دیکھ رہی تھی' اتنا خوبرو بندہ اس کے سامنے دستِ سوال دراز کررہا تھا' جس کی آنکھوں میں کوئی جھوٹ یا ریاکاری نہ تھی' اس کا لہجہ اور اس کی آنکھیں سچائی کی گواہی دے رہی تھیں۔ شرم سے ماہین کی نگاہیں جھک گئیں۔

''ماہین پلیز..... پلیز میں آپ کے جواب کا منتظر رہوں گا' کیا آپ کو میرا ساتھ منظور ہے۔'' اس کے سامنے ہاتھ پھیلائے وہ بے تابی سے سوال کررہا تھا۔

ماہین نے اپنا لرزتا ہوا ہاتھ جاذب کے پھیلے ہوئے ہاتھ پر رکھ کر خوب صورت اعتراف کرلیا۔ جاذب کے لبوں سے خوش گوار سانس خارج ہوئی۔ اسی لمحے اندر آتی آصفہ بیگم نے جو دیکھا اور جو سنا ان کے لیے کسی انہونی جیسا تھا۔ وہ الٹے پاؤں شکرانے کے نفل ادا کرنے پلٹ گئیں اور ساتھ ہی رضیہ خالہ کے الفاظ ان کی سماعتوں میں گونجنے لگے۔

''آپا ان شاء اللہ ہماری ماہین کی قسمت ایسے چمکے گی کہ ساری دنیا رشک کرے گی۔''

واقعی خدا تعالیٰ نے آصفہ بیگم کی عبادتوں کے بدلے انہیں بہت خوب صورت انعام دیا تھا۔ ان کی آنکھوں سے تشکر کے آنسو بہہ نکلے۔

www.pdfbooksfree.pk

# میرا ہمنوا

سمیرا غزل

آنکھ کھل جاتی ہے جب رات کو سوتے سوتے
کتنی سونی نظر آتی ہے گزر گاہِ حیات
ذہن و وجدان میں فاصلے تن جاتے ہیں
شام کی بات بھی لگتی ہے بہت دور کی بات

میرا ہمسفر.....
میرا ہمنوا.....
میرا چارہ گر.....
میرا رازداں.....
میرے درد کی تھی اسے خبر.....
نہیں تھا وہ مجھ سے بے خبر.....
اسے چاہنا.....
اسے کھوجنا.....
میرا مشغلہ تھا ایک ہی
اس کی آنکھوں میں نمی دیکھ کر.....
لرز اٹھتا تھا دل میرا
اس کے ماتھے پہ شکنیں دیکھ کر.....
کانپ اٹھتی تھی یہ روح.....
کبھی ایسی کوئی شب نہ گزری
کہ میں ٹوٹ کے اس کی راہ میں نہ بکھری
اس کی ہر ایک چاہ.....
اس کے لبوں سے نکلنے سے پہلے ہی میرا.....
من پڑھ لیتا تھا.....
اسے چھو کر.....
اس کے سنگ.....
میری ذات مکمل ہوتی تھی.....
وہ بھی مجھے اپنا مان سمجھتا تھا مگر.....
میری قربت میں میری پناہوں میں
وہ جب کبھی بھی سماتا تھا
اس کے ماضی کی سیاہ پرچھائی.....
اس پہ یوں حاوی ہو جاتی تھی.....
کہ.....
جیسے ایک اور پل بھی وہ میرے پاس رہا
تو مارے اذیت کے اس کا دم گھٹ جائے گا
جسم سے جسم کا رشتہ.....
روح سے روح تک نہ بن پایا کبھی.....
اس کے شہر دل میں بسی تصویر.....
کے سانچے میں میرا روپ نہ ڈھل پایا کبھی
میری روح کی تھکن.....
خلش،
گزرتے ہر اک پل کے ساتھ بڑھتی جاتی ہے
زندگی تنہائی کے خول میں سمٹتی جاتی ہے
بھلا میں.....
کیسے بھلا پاؤں اپنی پہچان
کہ.....

www.pdfbooksfree.pk

اسی ہم سفر ہمنوا راز داں
کی زیست میں
"میں"
فقط اک دوسری عورت ٹھہری.....!

خنک رات میں بھی وہ پسینے میں نہا گئی تھی کمرے میں چار سو پھیلی ائر فریشنر کی خوشبو نے اس کی سانسوں میں حبس بھر دیا تھا۔ ہجر کی فراق کی یہ شب طویل سے طویل تر ہوتی جا رہی تھی۔ رات کی رانی غم ہجراں منانے والوں پہ ماتم کناں تھی۔ آسمان پہ چمکتے تارے آج اس کی سیاہی شب پہ ساکت تھے۔ اپنی ہی لکھی گئی اس نظم کے ایک ایک حرف کو وہ بار بار پڑھ رہی تھی۔ یہ نظم اس کی زندگی پہ یوں حاوی ہو جائے گی اس نے کبھی نہ سوچا تھا اس نے اپنے استاد سے سنا تھا کہ کبھی کبھی شاعری سچ بھی ہو جاتی ہے اور آج شدت سے اسے اس نظم کے لکھنے پہ افسوس ہو رہا تھا۔ اس کی ہیزل آنکھوں سے متواتر آنسو بہہ رہے تھے۔ شدت درد سے سانس لینا محال لگ رہا تھا اس نے کرب سے آنکھیں موند لیں۔

❁.....❁.....❁

رات روتے روتے نجانے کب وہ وادیٔ نیند میں گم ہو گئی تھی۔ آنکھوں کی گہری لالی اس کی سیاہی شب کا ثبوت دے رہی تھی کمرے میں پھیلی مخصوص کلون کی خوشبو نے اسے آنکھیں کھولنے پر مجبور کر دیا۔ اس نے بوجھل دماغ کے ساتھ بہ مشکل آنکھیں کھول کے دیکھا سامنے ہی دشمن جان تیار ہو رہا تھا۔ آئینے میں اسے اٹھتا دیکھ وہ اس کے قریب چلا آیا۔

"اٹھ گئیں پری؟" معاویہ نے اپنائیت سے اس کے پاس بیڈ پر بیٹھتے ہوئے پوچھا۔

"جی بس اٹھ گئی پتا ہی نہیں چلا کہ اتنی دیر سو گئی۔ آپ کب آئے اسلام آباد سے؟" پری وش نے وضاحت دیتے ہوئے پوچھا۔

"فجر کے وقت پہنچا تھا نماز پڑھ کے تھوڑی دیر سو گیا تھا۔ تم سو رہی تھیں اس لیے جگانا مناسب نہیں سمجھا رات کو تمہیں کال کر رہا تھا مگر تمہارا نمبر بند جا رہا تھا خیریت تھی؟" اب کے معاویہ نے تفصیل بتاتے ہوئے اس سے پوچھا تو رات غم ہجراں کا منظر اس کی آنکھوں میں گھوم گیا۔ پل بھر کو اس دشمن جاں کو دیکھ کے جو اس کے دل میں محبت و اپنائیت کا احساس جاگا تھا وہ معدوم پڑ گیا تھا۔ ایک ایک کر کے اس کی بے اعتنائی و بے رخی اسے یاد آتی چلی گئی وہ ایک جھٹکے سے اٹھ کے بنا کچھ جواب دیے واش روم میں گھس گئی معاویہ اپنی جگہ دم بخود بیٹھا رہ گیا۔ پری وش کے رویے سے اسے کافی تکلیف ہوئی تھی مگر ایسا کوئی پہلی بار نہیں ہوا تھا۔ جب بھی وہ اسلام آباد سے واپس آتا وہ ایسا ہی رویہ اختیار کر کے اسے کرب میں مبتلا رکھتی تھی۔ اک گہرے ملال و تاسف نے معاویہ کو آ گھیرا وہ موبائل اور والٹ اٹھا کے کمرے سے نکل گیا۔

پروی وش کے رویے سے اسے حقیقتاً بہت دکھ پہنچا تھا۔ آج آفس میں بھی اس سے کوئی کام نہیں ہو پا رہا تھا۔ وہ غائب دماغی سے سگریٹ پہ سگریٹ پھونک رہا تھا۔ دل بھٹک بھٹک کے ماضی کی بھول بھلیوں میں گم ہو رہا تھا۔ اس نے چیئر سے ٹیک لگا کر آنکھیں موند لیں اس کی آنکھوں کے پردوں پہ اس شام کا منظر گھوم گیا جب اس نے پہلی بار پری وش کو دیکھا تھا۔

❁.....❁.....❁

درد بڑھنے لگا جب شام ہوئی
دل دھڑکنے لگا جب شام ہوئی
دیکھ کے حال دل میرا آ
غم مسکرانے لگا جب شام ہوئی
وہ بھی میری یاد میں پھر
ہجر منانے لگا جب شام ہوئی
عالم تنہائی میں موسم بہار
دل جلانے لگا جب شام ہوئی
خواب وصل دل جلا کے غزل
راکھ اڑانے لگا جب شام ہوئی

کراچی میں یوتھ آرگنائزیشن کی جانب سے منعقدہ



مشاعرے میں نہایت اعتماد سے غزل پڑھتی وہ اسی شام کا حصہ لگی تھی۔ جس طرح اک اک لفظ کو محسوس کر کے وہ ادا کر رہی تھی سب داد دیے بنا نہ رہ سکے تھے جبکہ وہیں موجود معاویہ وقاص اس کے لب و لہجے میں بسی یاسیت و تشنگی میں گم تھا۔ اس نے کہیں پڑھا تھا کہ محبت روح سے روح کا رشتہ ہے اکثر سب کچھ پا کے بھی انسان کے اندر اک عجب سی خلش باقی رہ جاتی ہے۔ وہ اس لیے کہ شاید آپ کو آپ کی حقیقی محبت نہ ملی ہو اور محبت بھی وہ جسے اگر اک نظر دیکھ لو تو صدیوں کی تشنگی سیراب ہو جائے جس میں کچھ کھونے یا پانے کی تمنا نہ ہو۔ آج اسے بھی ایسا لگ رہا تھا کہ اس کی تشنگی مٹ گئی ہو۔ ان آٹھ سالوں میں کبھی اس نے صنف نازک کی طرف پیش قدمی نہیں کی تھی۔ خود کو اس قدر مصروف رکھا تھا کہ دل میں پھر کوئی جذبہ کوئی محبت کا پھول اس کے دل کی بنجر زمین پہ نہ کھل پائے مگر آج پری وش کو دیکھ کر اسے اپنی ریاضت کہیں مٹی ہوئی محسوس ہوئی۔

وہی سرو قامتی' تراشا ہوا پیکر' لانبی انگلیاں' بڑی بڑی آنکھوں پر گھنی پلکیں' گداز خوب صورت کٹ والے ہونٹ' موتیے جیسے دانت' موتیے کی مانند بند کلی جیسی مہین سی ناک' گھنیرے ریشمی آبشار جیسے بال اور اگر بس ذرا سی رنگت نکھر جاتی.....!

اپنے کندھے پہ کسی کا دباؤ محسوس ہوا تو اس کی سوچوں کا ارتکاز ٹوٹا۔

"کہاں گم ہو یار چلنا نہیں ہے کیا؟ مشاعرہ کب کا ختم ہو گیا۔" اس کے عزیز از جان دوست احمد نے اسے گم دیکھتے ہوئے کہا۔

"ہاں چلو یار کچھ نہیں بس ایسے ہی کچھ یاد آ گیا تھا۔" معاویہ نے اٹھتے ہوئے کہا تو احمد مسکرا کر اس کے ساتھ چل پڑا۔

❁.....❁.....❁

معاویہ وقاص' کرن احسان اور راؤ احسان صاحب کا سب سے بڑا بیٹا تھا۔ خدا نے معاویہ کے آمد کی ڈیڑھ سال بعد انہیں فاطمہ اور پھر اس کے تین سال بعد طلحہ سے نوازا تھا۔ احسان صاحب اپنے والدین کے اکلوتے سپوت تھے لہٰذا ان کی وفات کے بعد سارا بزنس احسان صاحب نے سنبھالا اور اپنی محنت و لگن سے بلندیوں تک پہنچایا ان کا شمار اسلام آباد کے ٹاپ بزنس مین میں ہوتا تھا۔ جب بچے بڑے ہوئے تو انہوں نے بزنس کی تمام ذمہ داری سنبھال لی اور احسان صاحب گھر بیٹھ گئے۔ معاویہ نے بزنس کے ساتھ ساتھ ایم بی اے کر لیا تھا۔ جس سے اس کی صلاحیتوں کو چار چاند لگ گئے تھے۔ معاویہ کی محنت و لگن کو دیکھتے ہوئے احسان صاحب نے اپنے عزیز از جان دوست اکبر کی اکلوتی بیٹی سارہ اکبر سے اس کی شادی طے کر دی تھی۔ معاویہ کے دل میں کوئی اور صورت نہیں تھی۔ لہٰذا اس نے والدین کے فیصلے کو تابعداری سے مان کر انہیں مان بخشا تھا۔ احسان صاحب نے معاویہ کے ساتھ ساتھ کرن کی بھی شادی اس کی پسند سے اس کے کلاس فیلو نبیل کے ساتھ طے کر دی تھی۔ دونوں بہن بھائی اپنی اپنی شادیوں سے بہت خوش تھے۔ معاویہ کو بھی سارہ کافی اچھی لگی تھی۔ دونوں ایک دوسرے کے سنگ اپنی زندگی میں رنگ بھرنے میں مگن تھے۔ تب ہی اللہ نے انہیں ایک سال بعد پھول جیسی بیٹی سے نوازا احسان صاحب اور کرن اپنے آپ کو جنت کا مکین سمجھنے لگے تھے۔ ان دونوں نے اپنی پوتی کا نام حورعین رکھا تھا۔ ہر سو خوشیوں کا رقص تھا مگر قدرت نے شاید کچھ امتحان باقی رکھا تھا۔ اس رات حورعین کو خاصا بخار تھا۔ معاویہ بزنس میٹنگ کے سلسلے میں کراچی گیا ہوا تھا۔ طلحہ بھی گھر پہ نہیں تھا۔ وہ ڈرائیور کے ساتھ حورعین کو لے کر کلینک چلی گئی واپسی میں ہلکی بارش موسلا دھار بارش میں تبدیل ہو چکی تھی۔ سردی کے باعث جلد از جلد گھر پہنچنے کی جلدی میں ڈرائیور سے گاڑی سنبھل نہ پائی اور سامنے سے آتے ہوئے ٹرک سے ٹکرا گئی۔ اس شدید ایکسیڈنٹ کے نتیجے میں سارہ' حورعین اور ڈرائیور اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے اس حادثے کی خبر نے ان کے ہنستے کھیلتے گھر میں صف ماتم بچھا دی تھی۔ کوئی بھی اس ناقابل یقین واقعے کو قبول نہیں کر پا رہا تھا۔ خاص کر

www.pdfbooksfree.pk

معاویہ جو اپنے حواس کھو چکا تھا اس کا نروس بریک ڈاؤن ہو گیا تھا۔ سب اس کی صحت کے لیے دعا گو تھے سب کی دعاؤں کے سبب معاویہ بچ تو گیا تھا مگر کومے میں چلا گیا تھا۔ تقریباً چھ ماہ کومے میں رہنے کے بعد وہ اپنے حواس میں لوٹا تھا۔ سب نے اس کی خدمت میں دن رات ایک کر دیے تھے۔ سب کی دل جوئی و محبت سے وہ واپس زندگی میں لوٹ آیا تھا۔ اسے اکبر صاحب کی بہت فکر تھی۔ جب ہی اس نے اکبر صاحب کو نہ صرف بیٹا بن کے پیار دیا بلکہ ان کا بزنس بھی سنبھال لیا۔ معاویہ نے خود کو تنہائی اور یادوں کے خول میں بند کر لیا تھا۔ اس نے سارہ سے کوئی پسند کی شادی نہ کی تھی مگر اسے نہایت ایمانداری و خلوص سے اپنایا تھا وہ اس کی شریک حیات تھی اس کی بیٹی کی ماں تھی۔ یہ ہی رشتا ان کے درمیان محبت کی بنیاد تھا۔ ابھی تو اک دوجے کے سنگ بہت سی مسافتیں طے کرنی تھیں مگر سارہ کی اس اچانک موت سے وہ اندر سے ٹوٹ گیا تھا خاص کر حورعین سے جدائی اس کے لیے ناقابل برداشت تھی مگر تقدیر کے اس فیصلے کو آہستہ آہستہ سب نے قبول کر لیا تھا سوائے معاویہ کے اس نے اپنے دل کے دروازے ہمیشہ کے لیے بند کر دیے تھے مگر آج پری وش نے آٹھ سال بعد اس کے دل کے دروازے پر دستک دی تھی۔ نجانے کیوں رہ رہ کر اسے اس کا یاسیت زدہ چہرہ و انداز بار بار یاد آ رہا تھا وہ خود اپنی اس کیفیت سے بے خبر تھا۔

❁.....❁.....❁

"آخر تم شادی کیوں نہیں کر لیتے یار کب تک یوں اکیلے زندگی گزارو گے؟ میں جانتا ہوں یہ جو تم نے اپنے اوپر طمانیت کا خول چڑھایا ہوا ہے یہ صرف ظاہری ہے آٹھ سال ہو چکے ہیں معاویہ اب تو جی لو دوبارہ اپنی زندگی۔" اس شام معاویہ احمد کے گھر اس سے ملنے گیا تو چائے کے دوران اِدھر اُدھر کی رسمی گفتگو کے بعد احمد نے اسے سمجھایا تھا۔ اس بار معاویہ نے اسے جھڑکا اور نہ ہی انکار کیا بس گہری سوچ میں ڈوب گیا تھا۔

"کہاں کھو گئے میں تم سے بات کر رہا ہوں۔ کہاں آج کل کہاں کھو جاتے ہو تم سب ٹھیک ہے نا؟" احمد نے اسے سوچ میں گم دیکھ کے دوبارہ پوچھا تو وہ جیسے اپنے خیالوں کی دنیا سے باہر آیا۔

"کچھ نہیں میں تمہاری بات پہ غور کر رہا تھا۔" معاویہ نے جواباً کہا تو احمد نے چونکتے ہوئے معاویہ کو دیکھا۔

"واہ مابدولت آج سوچ بچار کر رہے ہیں ہماری گزارش پہ نوازش حضور۔" اب کی بار احمد نے شرارت سے مسکراتے ہوئے کہا تو معاویہ کے لبوں پہ بھی دھیمی سی مسکراہٹ در آئی۔

"ویسے کل مشاعرے میں مزا آیا تھا نا مجھے۔ بہت خوشی ہوئی ادب کی فیلڈ میں کافی نئے چہرے متعارف ہو رہے ہیں۔ خاص کر وہ کیا نام تھا اس کا ہاں پری وش کافی اچھی اور سلجھی ہوئی شاعرہ لگ رہی تھی۔" احمد نے مشاعرے کا تذکرہ کرتے ہوئے معاویہ سے پوچھا۔ پری وش کے ذکر پہ اک بار پھر اس کے خیالوں میں پری کی ہلکی سی شبیہ لہرائی تھی۔ اس نے اپنا سر جھٹک کے خیال کی نفی کی۔

"ہاں واقعی بہت ہی خوش آئند بات ہے کہ اردو ادب سے اب کافی لوگ وابستہ ہو رہے ہیں۔" معاویہ نے احمد کی تائید کرتے ہوئے کہا۔ دونوں دوست کالج فرینڈ تھے۔ احمد اسلام آباد پڑھائی کے سلسلے میں ہاسٹل میں رہتا تھا۔ جس کی وجہ سے معاویہ سے اس کی اچھی خاصی دوستی ہو گئی تھی۔ جس میں زیادہ ہاتھ دونوں کا اردو ادب سے بے حد لگاؤ تھا۔ اکثر دونوں ساتھ ہی مشاعروں و دیگر پروگراموں میں شرکت کرتے تھے۔

"اچھا اب میں چلتا ہوں یار لائبریری میں بھی کچھ کام ہے اور کلائنٹس سے میٹنگ ہے تم بھی بھابھی کو ٹائم دو اب۔" معاویہ نے اجازت لیتے ہوئے مسکرا کے کہا۔

"ہاں ہاں اب بس وہ دن بھی دور نہیں جب تم بھی ہماری بھابھی کو ٹائم دو گے۔" احمد نے شرارت سے کہا تو معاویہ اسے گھور کے رہ گیا۔ احمد نے زوردار قہقہہ لگایا۔ معاویہ اس سے گلے ملتے ہوئے باہر چلا آیا۔ احمد نے دل



سے اپنے عزیز از جان دوست کی خوشیوں کے لیے دعا کی۔

❁.....❁.....❁

افسانوں کی دنیا میں سب جھوٹ نہیں ہوتا
دل اور بھی اچھے گا پڑھیے نہ کتابوں کو

ریک سے کتابیں نکالنے میں مگن وہ اپنی ہی دھن میں تھی جب کسی نامانوس سی آواز پہ اس کے ہاتھ رکے تھے۔ اس نے پلٹ کے دیکھا تو نگاہوں میں ہلکی سی شناسائی کا رنگ ابھرا تھا۔ اسے اچھی طرح یاد تھا کہ اس دن مشاعرے میں کوئی نہایت محویت سے اسے دیکھ رہا تھا۔ وہ بہت حساس شاعرہ تھی کسی کی نگاہوں سے اٹھتے جذبوں میں کون سا رنگ ہے وہ سمجھ سکتی تھی۔ اس نے حیرت سے اپنے سامنے کھڑے خوبرو نوجوان کو دیکھا جو نہایت سنجیدگی سے اس کی جانب دیکھ رہا تھا۔

"جی..... آپ کون..... کچھ کہنا تھا؟" اس نے حیرت سے استفسار کیا۔

"معاویہ..... معاویہ وقاص! اس دن مشاعرے میں آپ کو دیکھا تھا۔

کافی اچھی شاعری کرتی ہیں آپ دراصل میں جب بھی کراچی آتا ہوں تو لیاقت لائبریری میں کچھ نہ کچھ ڈونیٹ کرتا ہوں آج بھی یہاں اسی سلسلے میں آیا تھا تو آپ پہ نظر پڑ گئی سوچا تعارف و تعریف ہو جائے۔" معاویہ نے کافی تفصیل سے اسے وضاحت دی تھی۔

"گڈ..... زبردست بہت اچھا لگا کہ آج کے اس ترقی یافتہ مشینی دور میں بھی کچھ لوگ ایسے ہیں جو اپنا قیمتی وقت نکال کے لائبریری میں وقف کرتے ہیں۔ آج کل واقعی ایسے اداروں کو آپ جیسے لوگوں کے فنڈز کی بہت ضرورت ہے۔" اسے حقیقتاً یہ سب جان کر خوشی ہوئی تھی۔ اس نے معاویہ کو سراہتے ہوئے کہا تو وہ مسکرائے بنا نہ رہ سکا۔

"مطالعے کا کافی شوق ہے آپ کو؟" معاویہ نے اس کے ہاتھ میں سعادت حسن منٹو کی کتاب دیکھتے ہوئے کہا۔

"جی بہت زیادہ..... مطالعے کے بغیر تو ویسے بھی زندگی ادھوری سی لگتی ہے مجھے۔" پری وش نے کتاب ٹیبل پر رکھ کے چیئر پہ بیٹھتے ہوئے کہا تو معاویہ بھی اس کے سامنے والی چیئر کھسکا کے بیٹھ گیا۔ اس وقت شام کی وجہ سے لائبریری میں رش قدرے کم تھا وہ دلچسپی سے اس کے خیالات جاننے لگا۔

"آپ کی شاعری میں آپ کی نجی زندگی کا دخل کتنا ہے میرا مطلب تجربہ یا مشاہدہ؟" پری وش کو اتنے پرسنل سوال کی اس سے توقع نہیں تھی وہ قدرے حیرانی سے معاویہ کو دیکھنے لگی جو نہایت دلچسپی سے اس کے چہرے پہ نظریں مرکوز کیے ہوئے تھا وہ کچھ پزل سی ہوئی۔

"دونوں اور ضروری نہیں شاعری صرف تجربہ ہی ہو مشاہدہ بھی بہت ضروری ہے۔ دوسروں کے درد و جذبات کو محسوس کر کے لفظوں کا پیراہن دینا ہی اصل شاعری ہے۔" پری وش نے خود کو سنبھالتے ہوئے اعتماد سے کہا تو وہ متاثر ہوئے بنا نہ رہ سکا۔

"امیزنگ! پھر تو آپ کو یہ بھی پتا ہوگا کہ شاعری ادھوری بات ہوتی ہے۔ اگر ہم اس میں پوری بات کہہ کر تمام جذبات کی ترجمانی کر دیں تو اس کی خوب صورتی ختم ہو جاتی ہے۔ جذبات و درد کی عکاسی کا سب سے بہترین طریقہ افسانہ ہے یا ناول آپ افسانے لکھا کریں مجھے یقین ہے آپ بہت آگے جائیں گی۔" معاویہ نے اسے سراہتے ہوئے صلاح دی تو وہ مسکرا اٹھی۔

"اچھا اب میں چلتی ہوں ٹائم کافی ہو گیا ہے..... اچھا لگا آپ سے مل کے۔" پری نے گھڑی کی جانب دیکھتے ہوئے فکرمندی سے کہا جو اس وقت شام کے سات بجا رہی تھی۔

"جی ضرور..... اپنا خیال رکھیے گا بہت۔" معاویہ نے بھی کھڑے ہو کر اس کی موہنی صورت کو نگاہوں میں جذب کرتے ہوئے مسکرا کے کہا اور باہر نکل گیا۔ آج کی شام واقعی اس کے لیے نہایت خوش گوار ثابت ہوئی تھی۔ اس خوش گوار ملاقات کے بعد وہ کافی عرصے بعد سکون کی

www.pdfbooksfree.pk

نیند سویا تھا۔

نیند کی دیوی اس پر مہربان تھی جب ہی رات کے پچھلے پہر اسے وہ روح فرسا خبر ملی جسے سن کے اسے اپنا وجود مٹتا محسوس ہوا وہ پہلی فلائٹ سے اسلام آباد پہنچا تھا۔

"کہاں ہیں مما..... اب کیسی طبیعت ہے ان کی اور ڈاکٹرز نے کیا کہا ہے ان کی کنڈیشن کے بارے میں؟" اسپتال پہنچتے ہی اس نے کوریڈور میں موجود طلحہ سے ایک ہی سانس میں کئی سوال کر ڈالے تھے۔

"ریلیکس بھائی! اب ٹھیک ہیں مما حوصلہ رکھیں اس طرح پریشان مت ہوں کل رات ہارٹ اٹیک ہوا تھا مما کو اب ٹھیک ہیں وہ اور کچھ دیر بعد ڈاکٹر نہیں پرائیویٹ روم میں شفٹ کر دیں گے تو آپ مل لیجیے گا۔" طلحہ نے اسے حوصلہ دیتے ہوئے تفصیل بتائی۔

"مگر ہوا کیسے یہ سب جب میں گیا تھا تب تو وہ ٹھیک تھیں پھر اچانک ایسی کیا ٹینشن ہوگئی جو یہ سب ہو گیا اگر کچھ ہو جاتا مما کو تو.....؟" معاویہ نے جھنجلاتے ہوئے کہا تو طلحہ نے آگے بڑھ کر اسے گلے لگایا۔ وہ جو خود کو نہایت مضبوط ظاہر کر رہا تھا مگر سہارا ملتے ہی اس کا ضبط ٹوٹ گیا۔

"بیٹا سنبھالو خود کو کچھ نہیں ہوا۔ سب ٹھیک ہے اب اللہ کا شکر کرو۔" احسان صاحب جو کچھ دیر پہلے ہی ڈاکٹر سے بات کر کے آئے تھے معاویہ کو یوں روتے دیکھ کر پریشان ہو گئے تھے۔ انہوں نے اسے سنبھالتے ہوئے کہا۔

"جی پاپا میں بھی کب سے بھائی کو یہی سمجھا رہا ہوں کہ مما ٹھیک ہیں اب بالکل مگر یہ سمجھ ہی نہیں رہے۔" اب کے طلحہ نے بھی احسان صاحب کی طرفداری کرتے ہوئے کہا تو اس کے دل کو تھوڑا اطمینان ہوا دل سے بے اختیار شکر الٰہی ادا ہوا وہ روم کے باہر سے اک نظر اپنی ماں پر ڈالتے ہوئے شکرانے کے نفل ادا کرنے چلا گیا۔

❁.....❁.....❁

"مما اب آپ آرام کریں میں چلتا ہوں۔" معاویہ نے انہیں دوائیں دے کے آرام کرنے کی تاکید کرتے ہوئے اٹھتے ہوئے کہا تو انہوں نے اس کا ہاتھ تھام لیا۔

"بیٹھو تھوڑی دیر مجھے تم سے کچھ ضروری بات کرنی ہے۔" انہوں نے اسے دیکھتے ہوئے کہا تو وہ پھر بیٹھ گیا۔

"جی مما کہیں کیا بات ہے؟" معاویہ نے تابعداری سے پوچھا۔

"پہلے وعدہ کرو منع نہیں کرو گے۔" انہوں نے التجائیہ انداز میں کہا تو وہ معاویہ نے اثبات میں سر ہلایا اور ان کے پاؤں دبانے لگا۔

"شادی کر لو بیٹا اب میں تمہاری ایک نہیں سنوں گی اگر اس دن مجھے کچھ ہو جاتا تو یہ ارمان میرے دل میں ہی رہ جاتا پلیز بیٹا۔"

"اللہ نہ کرے مما آپ کو کبھی کچھ ہوتا آئندہ ایسی بات مت کیجیے گا پلیز۔ کرلوں گا میں شادی بھی آپ ٹھیک تو ہو جائیں پہلے ابھی آپ کو ڈسچارج ہوئے ایک ہفتہ بھی نہیں ہوا ہے۔ آرام کریں آپ پلیز۔" معاویہ نے ان کی بات کاٹتے ہوئے تڑپ کر کہا۔

"تم سچ کہہ رہے ہو معاویہ واقعی تم شادی کے لیے تیار ہو؟" انہوں نے بے یقینی سے معاویہ کو دیکھا اک طمانیت سی ان کی رگ و پے میں سرائیت کر گئی تھی۔

"میں آپ سے جھوٹ بول سکتا ہوں کیا؟ اب بس جلدی سے مجھے میری پہلے والی مما لوٹا دیں۔" معاویہ نے مسکراتے ہوئے انہیں خود سے لگا لیا تو فرط مسرت سے ان کی آنکھیں چھلک پڑیں۔

"اچھا اب آپ سوچا میں کل بات کریں گے اس بارے میں ٹھیک اب تو خوش ہیں نا آپ؟" معاویہ نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"سو رہی ہوں بس اب تو آرام کر کر کے بھی تھک گئی ہوں۔" انہوں نے خوشی سے کہا۔

"مما وہ آپ نے کوئی لڑکی تو نہیں دیکھی نا ابھی؟" معاویہ نے احتیاطاً پوچھا۔

"ہیں ایک دو نظر میں مگر کیوں کہیں تمہاری نظر میں تو کوئی نہیں؟" اب کے انہوں نے شرارت سے کہا تو



معاویہ کے چہرے پر پھیلتے رنگوں سے انہیں اندازہ ہو گیا تھا کہ اس کے دل کی بنجر زمین پھر آباد ہو چکی ہے۔ وہ ماں تھیں بیٹے کے دل میں کیا ہے یہ ان سے بہتر کون جان سکتا تھا۔

"بس ایسے ہی۔" معاویہ نے کہا تو انہوں نے اس کے سر پر ہلکی سی چپت لگائی۔

"کون ہے وہ جس نے میرے بیٹے کے چہرے پر وہ پھول کھلا دیے ہیں جنہیں دیکھنے کے لیے میں اتنے سالوں سے ترس رہی تھی۔" انہوں نے اس کی آنکھوں میں بغور دیکھتے ہوئے کہا تو وہ نظریں جھکا گیا اور پری وش کے بارے میں انہیں سب کچھ بتا دیا۔ جسے سن کر انہیں حقیقتاً بہت خوشی ہوئی تھی۔ بہت جلد پری وش کے گھر جانے کا عندیہ دے کے وہ پرسکون ہو گئی تھیں۔ آج ان کے سر سے اک بوجھ ہٹ گیا تھا۔ پری وش سے متعلق تمام معلومات احمد کے ذریعے معلوم کر کے اس نے جب کراچی چلنے کا کہا سب کے ویران چہروں پر اک بار پھر زندگی کی بہار بن کے چھا گئی تھی۔

❁.....❁.....❁

پری وش کا تعلق متوسط طبقے سے تھا پری وش جمال الدین اور آسیہ جمال الدین کی سب سے بڑی بیٹی تھی۔ پری وش کی پیدائش کے بعد خدا نے انہیں مزید تین بیٹیوں سے نوازا تھا۔ گھر کے حالات جو پہلے ہی ناخوشگوار تھے بچیوں کی پیدائش کے بعد ان میں مزید بگاڑ پیدا ہو گیا تھا۔ جمال صاحب دل میں بیٹے کی حسرت لیے بیٹھے رہے مگر خدا نے ان کی قسمت میں یہ نعمت نہیں رکھی تھی۔ اسی وجہ سے ان کے مزاج میں اک عجیب چڑچڑا پن پیدا ہو گیا تھا۔ وہ خوامخواہ بات بات پر آسیہ اور بچیوں سے الجھتے تھے۔ ان کے رویے کی وجہ سے بچیوں خاص کر پری وش کے مزاج میں اک تلخی سی آن بسی تھی۔ آسیہ بیگم نے جیسے تیسے کر کے بچیوں کو بنیادی تعلیم دلوائی جبکہ پری وش نے ٹیوشنز کے ساتھ پرائیویٹ ٹیوشنز و اسکول میں جاب کر کے بھائی اور بہنوں کی پڑھائی میں مالی تعاون کیا۔ وہ فطرتاً

## شبانہ شمس

کیسی ہیں آپ سب؟ بادولت کو شبانہ شمس کہتے ہیں، میں سندھ کے چھوٹے سے شہر گھوٹکی میں رہتی ہوں۔ ہم اس رنگ برنگی دنیا میں رحمتوں کے مہینے میں یعنی رمضان المبارک میں جلوہ افروز ہوئے۔ مجھے دوستیں بنانے میں بہت مزا آتا ہے، کالج میں میرا گروپ ہے جسے خان گروپ کہتے ہیں۔ مجھے میری دوستیں جان سے بھی زیادہ عزیز ہیں لیکن میرے ساتھ کسی نے بھی وفا نہیں کی، کوئی بات نہیں کیونکہ ان کے بدلے مجھے اپنی بہنوں کا بہت سارا پیار مل جاتا ہے۔ گھر کے کام کرنا مجھے بالکل اچھا نہیں لگتا، کھانے میں جو مل جائے کھا لیتی ہوں۔ نخرے نہیں کرتی، شلوار قمیص بہت پسند ہے۔ بہت حساس ہوں، غصے کی بہت تیز ہوں، مجھے کالا رنگ بہت پسند ہے۔ آنچل سے میرا تعلق ایک سال سے ہے، آنچل بہت بہت اچھا رسالہ ہے اس کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے۔ امید ہے کہ آپ کو میرا تعارف ضرور پسند آئے گا۔

شاعرہ تھی مگر حالات کی تلخیوں نے اس کے لفظوں میں ایسا درد و تاثیر بھر دی تھی کہ وہ جو لکھتی سب سراہتے ابھی وہ پرائیویٹ ماسٹرز کر کے فارغ ہی ہوئی تھی کہ ابا کی ناساز طبیعت نے اسے اک ادبی جریدے میں نوکری کرنے پر مجبور کر دیا جس سے اس کے اندر چھپے ہوئے تخلیقی فن کو بہت تقویت و نام ملا۔ ایسے تلخ حالات میں معاویہ وقاص کا رشتہ ان کے گھر زندگی کی نوید بن کر آیا تھا۔ آسیہ بیگم کو معاویہ بہت پسند آیا مگر ان کی حیثیت و مرتبے نے ان کے اندر ایک فطری جھجک و خدشہ پیدا کر دیا تھا جسے کرن احسان نے اپنے اعلیٰ اخلاق سے پس پشت ڈال دیا تھا۔ انہیں بھی ہلکی سانولی سی نفیس سی پری وش بہت پسند آئی تھی۔ یوں ایک ہی مہینے کے اندر سادگی سے وہ پری وش جمال سے پری وش معاویہ وقاص بن گئی تھی۔

❁.....❁.....❁

www.pdfbooksfree.pk

پورا کمرا گلاب کی معطر خوش بو سے مہک رہا تھا۔ ہر چیز نفاست و سلیقے سے اپنی جگہ پر موجود تھی۔ اک نظر کمرے کا طائرانہ جائزہ لے کر وہ اپنی انگلیاں چٹخانے لگی جب سے اسے ممی نے معاویہ کی پہلی شادی اور اس کی بیوی و بیٹی کی وفات کا بتایا تھا اس کا دل عجیب اندیشوں و وسوسوں کا شکار ہو رہا تھا۔ اسے اچھی طرح اپنی اور معاویہ کی پہلی باضابطہ اتفاقیہ ملاقات یاد تھی۔ سنجیدہ سا وہ شخص اسے کافی سلجھا ہوا اور اچھا لگا تھا مگر اس کا دل عجب انداز سے دھڑک رہا تھا۔ ابھی اس کی سوچوں کا سلسلہ اور طویل ہوتا کہ معاویہ دروازہ کھول کے اندر داخل ہوا اس نے نظریں جھکا لیں وہ دھیرے دھیرے چلتا ہوا اس کے قریب ہی آن بیٹھا۔

"السلام علیکم!" معاویہ نے دھیمے لہجے میں اسے سلام کیا تو اس نے نظریں اٹھا کے اس کی جانب دیکھا۔ جو نہایت محویت سے اسے دیکھ رہا تھا۔ وہ شرما کے نظریں جھکا گئی۔

"وعلیکم السلام!" اس نے ہنوز نظریں جھکائے اپنے ہاتھوں کی جانب دیکھتے ہوئے کہا۔

"مانا کہ تمہارے ہاتھ خوب صورت لگ رہے ہیں مگر ایسی بھی کیا افتاد کہ تم انہیں ہی دیکھے جاؤ اور مجھ جیسے ہینڈسم بندے کو اگنور کرو۔" معاویہ نے شرارت سے اس کا ہاتھ تھامتے ہوئے کہا تو اک دھیمی سی مسکان اس کے لبوں پہ بکھر گئی۔

"یہ تمہارے لیے۔" معاویہ نے اس کی نازک کلائی میں کنگن پہناتے ہوئے اس کے حنائی ہاتھوں پر مہر محبت ثبت کرتے ہوئے کہا تو اک خوشنما سا احساس اس کی رگ وپے میں سرائیت کر گیا۔

معاویہ سے متعلق تمام خدشات اسے ہوا میں معلق ہوتے ہوئے محسوس ہوئے دونوں نے اس نئے رشتے کو محبت و سچائی سے قبول کر کے وصل بہار کا رنگ عطا کیا۔

❁.....❁.....❁

ابھی شادی کو بہ مشکل ایک ہفتہ ہی گزرا تھا کہ کرن احسان نے سب کو اسلام آباد واپس چلنے کے آرڈرز دے ڈالے۔ پری وش نے بھی معاویہ سے مستقل اسلام آباد میں رہنے کی خواہش کا اظہار کیا تھا۔ ان دنوں معاویہ کی سنگت میں وہ اپنے آپ کو خوش قسمت ترین لڑکی تصور کر رہی تھی کچھ ہی دنوں میں وہ سب سے اچھی طرح گھل مل گئی تھی۔ یونہی خوشی خوشی وہ اسلام آباد چلی آئی۔

"پری بیٹا آپ آرام کر لو جا کے اپنے روم میں معاویہ تھوڑی دیر تک آ جائے گا۔" کرن بیگم نے پری وش کے گال تھپتھپاتے ہوئے کہا جو معاویہ کے اس طرح گھر آتے ہی بنا بتائے کہیں چلے جانے پر پریشان سی بیٹھی تھی۔

"جی امی جا رہی ہوں وہ کمرا کس طرف ہے؟" پری وش نے اٹھتے ہوئے پوچھا۔ وہ گھر کے دیگر حصوں سے ناواقف تھی۔ اس نے جھجکتے ہوئے انہیں دیکھا تھا۔

"آؤ بیٹا میں تمہیں گھر اور تمہارا کمرا دکھا دوں سامان رضیہ بی رکھ دیں گی تھوڑی دیر میں۔" انہوں نے اس کی جھجک کو محسوس کرتے ہوئے مسکرا کر کہا اور اسے گھر دکھانے لگیں۔ جواباً وہ بھی نہایت اپنائیت سے ان کی باتیں سن رہی تھی۔ اسے اس کے کمرے کے باہر چھوڑ کے انہوں نے اسے آرام کرنے کی تاکید کی تو وہ مسکرا اٹھی تھی اتنے پیار و خلوص پر۔ کمرے میں داخل ہوتے ہی اک طائرانہ نظر اس نے کمرے کی ترتیب پر ڈالی تھی۔ بے ساختہ اس کی نظر سامنے دیوار پر لگی تصویر پر جا ٹھہری تھی کس قدر مکمل تھا سب کچھ اس کی آنکھوں میں نمی در آئی دھیرے دھیرے چلتے ہوئے وہ تصویر کے قریب آئی تھی کتنی خوب صورت تھی وہ لڑکی بے اختیار اس کے دل سے نکلا تھا کس قدر خوش تھی معاویہ کی آنکھوں میں اس نے گہری نظروں سے جانچا تھا پھر آئینے میں پڑتے اپنے عکس کو اک بار دیکھا..... کیا تھی وہ اس کے سامنے سانولا رنگ اور کچھ بھی نہیں اور وہ مجسمہ حسن..... "پرفیکٹ کپل۔" اس کے منہ سے بے اختیار نکلا تھا۔

"بی بی جی ایسے کیا دیکھ رہی ہیں یہ سارہ بی بی؟ معاویہ بھائی اور حورعین کی تصویر ہے آپ کو تو پتا ہوگا۔" رضیہ بی نے اس کے ارتکاز کو توڑا تھا۔

"ہاں پتا ہے سامان لے آئیں تم؟" پری وش نے موضوع بدلتے ہوئے پوچھا۔

"جی بی بی جی یہ رہا سامان آپ کا۔" رضیہ بی نے بیگ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔

"اچھا اب جاؤ تم۔" پری وش نے اسے جانے کا عندیہ دیا۔

"بی بی جی یہ تصویر ہٹا دوں؟" جاتے جاتے رضیہ بی نے پلٹ کے پوچھا تھا۔

"ہوں..... نہیں رہنے دو۔" پری وش نے منع کرتے ہوئے دوبارہ اپنی نظریں تصویر پر مرکوز کر دیں تھیں۔ پل بھر کو اک احساس رقابت اس کے دل میں جاگا تھا۔ اس نے جھرجھری سی لی اور اپنا دھیان ہٹا کے معاویہ کو کال کرنے لگی۔

❁.....❁.....❁

"پری تم یہاں کچن میں مصروف ہو میں نے کہلوایا بھی تھا رضیہ سے کہ بابا آئے ہیں تم جلدی آؤ۔" معاویہ نے تھوڑا غصہ سے پری وش کو کہا جو اس وقت کھانا بنانے میں مصروف تھی۔

"اتنا غصہ کیوں کر رہے ہیں آ ہی رہی تھی بس اور یہ بابا کون ہیں؟" اس نے حیرانی سے استفسار کیا تھا۔

"پاپا کے بیسٹ فرینڈ ہیں بابا ہی بولتا ہوں میں انہیں۔ زیادہ سفر نہیں کر سکتے وہ اس لیے ہماری شادی میں نہیں آئے تھے۔ آج تم سے خصوصی طور پر ملنے آئے ہیں وہ اب چلو بھی۔" معاویہ نے تفصیل بتاتے ہوئے کہا۔

"چلیں۔" اس نے چائے و دیگر لوازمات ٹرالی میں سجاتے ہوئے کہا اور معاویہ کے ساتھ باہر آ گئی۔

"السلام علیکم انکل۔" ڈرائنگ روم میں داخل ہوتے ہوئے اس نے سلام کیا تو اکبر صاحب نے جو احسان صاحب سے باتوں میں مگن تھے نظر اٹھا کے بہت اپنائیت سے دیکھا دل سے بے اختیار ان دونوں کے لیے دعا نکلی تھی۔ آج اتنے سالوں بعد انہوں نے معاویہ کو یوں خوش دیکھا تھا۔ سارہ کی موت کے بعد جس طرح اس نے ان کا بیٹا بن کے انہیں سہارا دیا تھا وہ قابل تحسین تھا وہ واقعی بہت خوش ہو گئے تھے۔ اسے خوش دیکھ کے۔

"وعلیکم السلام بیٹا خوش رہو تم دونوں سدا آباد رہو۔" انہوں نے کھڑے ہو کر پری کے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا اور معاویہ کو گلے لگا لیا تھا۔

"آپ دونوں کا پیار ختم ہو گیا ہو تو چائے پی لیں اب ٹھنڈی ہو رہی ہے۔" احسان صاحب نے شرارت سے مسکراتے ہوئے کہا تو سب ہی مسکرا اٹھے۔ پری حیرت سے ان دونوں کو دیکھ رہی تھی کس قدر پیار تھا ان دونوں میں بنا کسی خونی رشتے کے جب کہ اس نے کبھی سگے رشتوں کو اس طرح وفا کرتے نہ دیکھا تھا۔

"ارے بیٹا آپ کس سوچ میں پڑ گئیں؟" احسان صاحب نے اسے یوں گم صم دیکھ کر کہا تو وہ چونک کے اپنے خیالوں کی دنیا سے باہر نکلی تھی۔

"کچھ نہیں پاپا۔" آپ لوگ باتیں کریں آرام سے میں ذرا ماما کو دیکھ لوں۔" اس نے وضاحت دی اور اک نظر معاویہ پر ڈال کر باہر آ گئی۔

❁.....❁.....❁

آنے والے کچھ دنوں میں اس پر یہ انکشاف ہوا تھا کہ معاویہ اب بھی اپنے فیملی بزنس کے بجائے اکبر انکل کا بزنس سنبھالتا ہے۔ جب اسے یہ بھی پتا چلا کہ سارہ اکبر انکل کی بیٹی تھی۔ عجیب سے احساسات اس پر حاوی ہو رہے تھے۔ وہ نا چاہتے ہوئے بھی معاویہ کی پچھلی زندگی کو سوچے جا رہی تھی۔ اس گھر میں ان دونوں کا پیار تھا اسے وحشت سی ہونے لگی یہاں کے در و دیوار سے جب ہی اس نے معاویہ سے صاف بات کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔

"سنیں مجھے آپ سے کچھ بات کرنی ہے۔" اس رات وہ کھانے کے بعد لیپ ٹاپ پہ کچھ کام کر رہا تھا جب اس نے ہمت کر کے اسے مخاطب کیا۔

"بولو پری سن رہا ہوں۔" اس نے ہنوز اسکرین پہ نظریں جمائے کہا تو وہ تپ سی گئی۔

www.pdfbooksfree.pk

"آپ ابھی تک اکبر انکل کا بزنس کیوں سنبھالتے ہیں اپنے پاپا کا کیوں نہیں؟" اتنے غیر متوقع سوال پہ معاویہ نے چونک کے اسے دیکھا۔

"دیکھو پری میں نے پہلے بھی کہا تھا وہ میرے بابا جیسے ہیں اور تمہیں بزنس کے معاملات میں دخل نہیں دینا چاہیے انڈراسٹینڈ۔" اس نے اسے سمجھانا چاہا۔

"بابا جیسے ہیں بابا ہیں تو نہیں نا وہ سارہ کے بابا ہیں آپ کے نہیں اور آپ کے پاپا کا خود اتنا بڑا بزنس ہے طلحہ اکیلا سنبھال رہا ہے مجھے لگتا ہے اب آپ کو اسے ہی سنبھالنا چاہیے۔" اس نے نہایت تلخی سے کہا تو معاویہ نے نہایت غصے سے اسے دیکھا تھا۔

"پری پلیز تم چپ ہو جاؤ آئندہ نہیں سنوں میں ایسی کوئی بات۔" اس نے غصے سے کہا۔

"تو ٹھیک ہے نہیں کہوں گی پھر آپ میری بات مان لیں۔"

"کون سی بات؟" اس نے حیرت سے استفسار کیا۔

"ہم کراچی میں رہیں گے اب اور پلیز آپ منع نہیں کریں گے۔" اس نے نہایت آرام سے اپنی بات مکمل کی جسے سن کے معاویہ سناٹے میں آ گیا تھا۔

"ادھر بیٹھو پری یہ کیا کہہ رہی ہو تم تمہیں اندازہ بھی ہے سب کتنا ہرٹ ہوں گے تمہاری یہ بات سن کے تمہیں تو سب کے ساتھ رہنا ہے ہمیشہ ماما کا خیال رکھنا ہے کتنی خوش ہیں وہ تم سمجھ رہی ہو نہ میں کیا کہہ رہا ہوں۔" معاویہ نے اس کا ہاتھ تھام کے بیڈ پر بٹھاتے ہوئے نرمی سے سمجھانا چاہا۔

"اور میں جو ہرٹ ہو رہی ہوں اس کا کچھ اندازہ ہے آپ کو اگر آپ کو اپنی مرحومہ بیوی اتنی ہی عزیز تھی تو کیوں مجھے لائے تھے...... اس کے رشتوں کی آپ کو پروا ہے مگر میرے لیے آپ کے پاس وقت نہیں۔ وحشت سی ہونے لگی ہے۔ مجھے یہاں کے در و دیوار سے ہر وقت آپ کے اور اس کے رشتے کا لمس محسوس ہوتا ہے مجھے۔ نہیں رہ سکتی میں یہاں پلیز چلیں آپ میرے ساتھ۔" وہ پھٹ پڑی تھی۔

کتنا کچھ غلط سوچ رہی تھی وہ جبکہ وہ تو پوری رضامندی و محبت سے اسے اپنی زندگی میں لایا تھا اس کو تاسف سا ہوا اس کی سوچ پہ جو اتنی ذمہ دار ہو کہ بھی اس نہج پہ سوچ رہی تھی۔ پھر کچھ سوچ کے اس نے ہامی بھر لی۔

"ٹھیک ہے چلیں گے مگر تم کسی سے کچھ نہیں کہو گی۔" اس نے بے یقینی سے اسے دیکھا تھا مگر اگلے ہی لمحے اک طمانیت کی لہر اس کے اندر اتر گئی تھی اس کے کشادہ سینے میں اس نے اپنا سر چھپا لیا تھا۔

❀......❀......❀

معاویہ نے نجانے کیا کہہ کر سب کو مطمئن کر دیا تھا کہ کسی نے بھی اس کے کراچی شفٹ ہونے پر شکوہ نہیں کیا تھا۔ سب نے محبت کے ساتھ دونوں کو رخصت کیا تھا۔ وہ سرشار سی کراچی آ گئی تھی مگر معاویہ کی دن بدن بڑھتی مصروفیات اور اکثر اسلام آباد جانے پر اسے اعتراض رہنے لگا تھا۔ اس نے حالات کو اپنے ہی زاویے سے سوچنا شروع کر دیا تھا۔ جس سے دونوں کے مابین ایک عجیب سی سرد مہری آن بسی تھی۔ معاویہ بارہا اسے سمجھانے کی سعی کرتا مگر وہ اس سے دور ہوتی جا رہی تھی یہی بات اسے پریشان کیے دے رہی تھی جذبہ محبت کہیں تھک کے سو گیا تھا۔ اس بار بھی جب وہ اسلام آباد سے کراچی لوٹا تھا پری نے بجائے خوشی سے اس کا خیر مقدم کرنے کے سرد مہری دکھائی تھی۔ اسے دوسری شادی کرنا جرم لگنے لگا تھا۔

❀......❀......❀

"معاویہ کیا بات ہے تم ٹھیک ہو اتنی دیر ہو گئی اب تک گھر نہیں گئے اور یہ تم نے اسموکنگ کیوں کی؟" نجانے کب سے وہ آفس میں بیٹھا ماضی کی تلخ یادوں میں گم تھا کہ احمد نے آ کر اسے جھنجوڑا اس نے اک نظر سامنے دیوار پر لگی وال کلاک پہ ڈالی جو رات کے گیارہ بجا رہی تھی۔

"ہوں کچھ نہیں بس ایسے ہی تم کیوں نہیں گئے بھابی انتظار کر رہی ہوں گی۔" معاویہ نے سگریٹ ایش ٹرے میں مسلتے ہوئے پوچھا۔



"جا ہی رہا تھا پھر گارڈ سے پتا چلا کہ تم اب تک یہیں ہو تو چلا آیا اور بھابی تو تمہارا بھی انتظار کر رہی ہوں گی۔ تم کیوں نہیں گئے اتنا کام بھی نہیں ہے آج تو پھر؟" احمد نے رسانیت سے کہا۔

"بھابی انہیں کہاں انتظار ہو گا میرا بھلا۔" معاویہ نے تلخی سے کہا۔

"کیا مطلب؟" احمد نے چونک کے پوچھا تو معاویہ نے اتنے دن سے دل میں پنپتا غم اس کے سامنے بیان کر دیا۔ احمد کو اپنے عزیز از جان دوست کی یہ حالت دیکھ کر بہت افسوس ہوا تو وہ گہری سوچ میں ڈوب گیا۔

"فکر نہیں کرو سب ٹھیک ہو جائے گا بھابی فطرتاً شدت پسند ہیں اس لیے انہیں تمہاری زندگی میں سارہ بھابی کی یادوں کی بھی مداخلت گوارا نہیں۔" احمد نے کچھ سوچتے ہوئے کہا۔

"کون سی یادیں یار تم جانتے ہو میں پری کو پسند کرتا ہوں جب ہی میں نے اتنا بڑا فیصلہ کر کے شادی کی تو پھر یہ سب کیوں؟" معاویہ نے یاسیت سے کہا۔

"میں جانتا ہوں مگر یہ جو عورت ذات ہوتی ہے نا کئی بار اپنے اندیشوں وسوسوں کو حقیقت کا روپ دے کر سچ مان لیتی ہے۔ تمہارا انکل کا بزنس سنبھالنا بھی شاید اس لیے انہیں پسند نہیں آیا اور جہاں تک میں سمجھتا ہوں اس سب میں غلطی تمہاری بھی ہے۔ تمہیں ان کی سوچ کو صحیح کرنا چاہیے تھا۔ اپنی وفا و محبت کا یقین دلانا چاہیے تھا۔ اس طرح وقت کے دھارے پر سب کچھ چھوڑ کے خاموشی اختیار کر لینے سے سب ٹھیک تو نہیں ہو جائے گا؟" احمد نے سمجھاتے ہوئے کہا تو معاویہ گہری سوچ میں ڈوب گیا تھا۔ واقعی اس سب میں وہ خود زیادہ قصوروار نظر آ رہا تھا۔ اس نے سر جھکا لیا۔

"اب ریلیکس ہو جاؤ اور بھابھی کو پورا ٹائم دو آئی سمجھ انہیں کنوینس کر کے اسلام آباد ہی چلے جاؤ تم دونوں یا کسی ہنی مون ٹرپ پر۔ اکبر انکل کے بزنس کا کراچی والا سارا کام میں سنبھال لوں گا اس کی فکر نہیں کرو ویسے میرے


قابل علاج ہیں
مردوں میں چھاتیوں کا بڑھنا، زنانہ مردانہ بانجھ پن، عورتوں کے چہرے پر بال، بالوں کا گرنا قبل از وقت سفید ہونا چھائیاں زدہ چہرہ بچے کا مٹی کھانا، بستر پر پیشاب کا نکل جانا، قد کا چھوٹا رہ جانا، سوکڑا پن، موٹاپا، پیدائشی گونگا بہرہ آنکھوں کا ٹیڑھا پن قابل علاج ہیں

اگر دکھتے ہوئے دانت اکھاڑ دینے کا نام علاج ہے تو دکھتے ہوئے سر، آنکھ، کان اور ناک کے بارے میں کیا خیال ہے؟

شوگر، گینگرین سے اعضاء کٹوانے کی ضرورت نہیں

گردہ مثانہ، پتہ کی پتھریوں، ہر قسم کی رسولیوں، گلٹیوں بواسیر، موتیا، ہرنیا اور اپنڈے سائیٹس کے
آپریشن کی ضرورت نہیں





بائے پاس کو اب
بائے بائے
کر دیں

شوگر، دمہ، بلڈ پریشر، شیزوفرینا، آئیوٹیزم قابل علاج ہیں
ہیپاٹائٹس اور ڈائیلائیسز سے خوف زدہ ہونے کی ضرورت نہیں

ہومیو پروفیسر ڈاکٹر نیاز اکمل فرید ہومیو پیتھک کلینک اینڈ ریسرچ سنٹر
وی آئی پی صرافہ مارکیٹ، چوک صادق آباد، راولپنڈی
صبح 11 تا دن 2 بجے | شام 5 تا رات 9 بجے
موبائل: 0323-5193267 E-mail:dr.niazakmal@gmail.com

www.pdfbooksfree.pk

پاس ایک راستا ہے اگر تم چاہو تو اس پر عمل کر سکتے ہو۔" احمد نے اس کا کندھا تھپتھپاتے ہوئے کہا۔

"کیسا راستا؟" احمد کی آخری بات پر اس نے چونک کے دیکھا تھا اور پھر جو احمد نے اسے کہا اس کی آنکھیں چمک اٹھیں تھیں۔ ایک امید کا جگنو اسے مل گیا تھا۔

❁ ...... ❁ ...... ❁

آج صبح سے ہی اس کی طبیعت عجیب بوجھل سی ہو رہی تھی بخار نے اسے اپنی لپیٹ میں لے رکھا تھا اس وقت بھی وہ اپنے کمرے میں آرام کر رہی تھی کہ ملازمہ نے اسے اس نے امی کے آنے کی خبر دی۔ امی کو اندر بھیجنے کا عندیہ دیا۔ بخار میں اسے اٹھ کے باہر جانا محال لگ رہا تھا۔

"پری کیا ہے یہ سب...... یہی تربیت کی تھی میں نے تمہاری کہ تم اس عمر میں مجھے ذلیل کراؤ۔" نہ حال احوال پوچھا نہ پیار جتایا انہوں نے آتے ہی اس کی کلاس لے ڈالی تھی۔ اس نے ناسمجھی سے ماں کی طرف دیکھا۔

"کیا کر دیا امی جان میں نے؟"

"بس کرو تم کب سے اپنا گھر چھوڑے یہاں بیٹھی ہو...... کیا یہی سب سکھایا تھا میں نے تمہیں بیٹا اس طرح رشتوں میں دوریاں بڑھ جاتی ہیں تمہیں تو رشتے جوڑنا سکھایا تھا نا۔" انہوں نے ہنوز غصے سے کہا وہ جو کب سے اپنے دل میں دہکتے الاؤ کو باہر نکلنے سے روک رہی تھی ماں کو دیکھ کے سنبھل نہیں پائی اور سسک اٹھی ماں کے گلے لگ کے آج اس نے سب کچھ بتا دیا تھا۔

"بس چپ کرو، میری بچی تم تو میری سب سے سمجھدار بیٹی ہو...... تم اتنی بے وقوف کیسے ہو سکتی ہو؟" انہوں نے اسے چپ کراتے ہوئے کہا اس نے حیرانی سے ماں کو دیکھا تھا۔

"پاگل ہو گئی تھیں تم اپنے ہاتھوں سے اپنا گھر برباد کرنے چلی تھیں۔ آج اگر میں نہ آتی تو پتا نہیں کیا کرتیں کتنا غلط سوچتی ہو تم۔ بیٹا اگر معاویہ کو تم سے محبت نہ ہوتی تو وہ اسلام آباد سے کراچی آ کر تم سے شادی کیوں کرتا اگر اسے صرف دوسری شادی کرنی ہوتی تو کیا وہاں اسلام آباد میں لڑکیاں نہ تھیں۔ وہ صرف تمہارے پاس آیا اور بیٹا اگر وہ سارہ کے ابو کا بزنس سنبھالتا ہے تو اس میں کیا غلط ہے۔ سارہ اکبر بھائی کی کل کائنات تھی اس کے جانے سے ان کے پاس کچھ نہ بچا تھا۔ ایسے میں معاویہ نے ان کا بیٹا بن کے انہیں سہارا دیا تو کیا غلط کیا بولو اور ایسے تو وہ میرے اور تمہارے بابا کی بھی اتنی عزت کرتا ہے ہر ممکن کوشش کرتا ہے ہمارے کام آنے کی اور رہی بات سارہ کی تو بیٹا وہ اس کی بیٹی کی ماں تھی، اس کی بیوی تھی اس نے کتنا کچھ کھو دیا کیا آسان ہے یہ سب بھلانا؟ تمہیں تو اس کی شریک حیات بن کے اس کے ہم قدم چلنا چاہیے تھا۔ اس کا آئینہ بن کے رہنا چاہیے تھا اس کے دل سے تمام یادوں کو نکال کے اپنا عکس نقش کرنا چاہیے تھا۔ اس کے گھر والوں کے ساتھ رہ کے ایک بیٹی بن کے اپنے تمام فرائض نبھانے چاہیے تھے یا یہ کہ اسے لے کے یہاں آ گئی۔" وہ رسانیت سے اسے سمجھا رہی تھیں اور ایک ایک کر کے تمام گرہیں کھلتیں جا رہی تھیں۔ دماغ پہ جمی گرد ہٹی تو اسے سب صاف اور شفاف لگنے لگا تھا۔

"آپ صحیح کہہ رہی ہیں امی میں ہی غلط تھی۔" اس نے شرمندگی سے اعتراف کیا۔

"اب اپنی غلطی تسلیم کر ہی لی ہے تو معاویہ کے ساتھ واپس چلی جاؤ بیٹا یاد رکھنا ہر انسان کی جگہ و اہمیت الگ الگ ہوتی ہے تم کبھی سارہ نہیں بن سکتی اور نہ کبھی سارہ تمہاری جگہ لے سکتی ہے۔ دوسری عورت پہلی عورت کبھی نہیں بن سکتی لیکن اگر وہ اپنا دل بڑا کرے تو اس کی جگہ کبھی کوئی نہیں لے سکتا۔" انہوں نے شائستگی سے کہا تو اس نے اپنی عظیم ماں کو دیکھا جو اس کے لیے کتنی پریشان تھیں۔ اس نے محبت سے انہیں گلے لگایا۔ وہ بھی مطمئن ہو گئی تھیں کہ ان کی بیٹی کی زندگی اب سہل ہو جائے گی۔

❁ ...... ❁ ...... ❁

شام کو جب معاویہ گھر لوٹا تو خلاف معمول پری وش کو تیار اپنا انتظار کرتے دیکھا اسے خوشگوار حیرت سی ہوئی۔ نیوی بلیو کلر کے جدید ملبوس میں ہلکا میک اپ کیے وہ بہت اچھی



اور دل کے قریب لگ رہی تھی۔

"دیکھتے ہی رہیں گے یا اندر بھی آئیں گے؟" اس کے ہاتھوں سے بریف کیس لیتے ہوئے چٹکی بجا کے اس نے معاویہ کی محویت کو توڑا تھا۔

"اوہ، کیوں نہیں۔" وہ مسکرا اٹھا تھا اتنے دن بعد اس کے قدم سے قدم ملا کے چلتے ہوئے وہ اپنے روم میں آ گیا تھا۔

"سنیں گھر واپس چلیں۔" پری نے آہستگی سے اس کا ہاتھ تھام کر کہا تو معاویہ نے بے یقینی سے اسے دیکھا۔

"ایسے کیا دیکھ رہے ہیں پلیز میں واقعی بہت شرمندہ ہوں کس قدر غلط تھی میں، آپ کو بھی نہیں سمجھ پائی کتنا نقصان کر بیٹھی ہوں میں اپنا اور آپ کا پلیز مجھے معاف کر دیں۔" پری نے بیڈ پر بیٹھتے ہوئے شرمندگی سے کہا وہ بھی اس کے پاس ہی آن بیٹھا تھا۔

"ادھر دیکھو پری آئندہ معافی نہیں مانگنا، اپنوں سے میں کبھی ناراض نہیں ہوتا۔ مجھے اندازہ ہے میں بھی غلط تھا اگر تم غلط سوچ رہی تھیں تو مجھے تمہاری غلط فہمی دور کرنی چاہیے تھی مگر نہیں کی۔ تم اپنے آپ کو قصوروار مت سمجھو۔" معاویہ نے اس کے جھکے چہرے کا رخ اپنی طرف کرتے ہوئے کہا۔

"آپ بہت اچھے ہیں میری کسی غلطی پر آپ نے کبھی نہیں ڈانٹا کبھی شکایت نہیں کی اگر آج امی نہیں آتیں تو پتا نہیں میں کب تک غلطی پہ غلطی کرتی رہتی۔" اس نے اعتراف کرتے ہوئے کہا۔

"اب تو نہیں ہونا خفا...... امی کو میں نے ہی بھیجا تھا ورنہ تم احمق کبھی نہیں سمجھتیں۔" معاویہ نے شرارت سے کہا تو پری نے چونک کے اسے دیکھا تھا۔

"کیا آپ نے امی کو...... معاویہ آپ نے تو حد کر دی۔" وہ حیرت سے چلائی تھی تو معاویہ کی ہنسی نکل گئی۔

"ہاں تو اگر امی کو نہیں بتاتا تو آپ سدا کی بے وقوف تھوڑی مان جاتیں ویسے وہ صرف آپ کی نہیں میری بھی امی ہیں۔ میں کچھ بھی بتا سکتا ہوں انہیں۔" معاویہ نے اسے خود سے قریب کرتے ہوئے کہا۔ آج اسے سب کچھ مل گیا تھا۔ پری کے پیار کی صورت میں اس نے دل سے احمد کو دعا دی جس کے کہنے پر اس نے امی کو سب بتا کے ان کی مدد لی تھی۔

"اب فریش ہو جائیں آپ؟" پری نے اس کے حصار سے نکلنا چاہا۔

"نہیں ابھی تمہیں تھوڑی دیر اور بیٹھو۔" معاویہ نے اس کی ناک دباتے ہوئے کہا۔

"مگر......!" معاویہ نے اس کے لبوں پر اپنا ہاتھ رکھ کے اسے چپ کرا دیا۔

بھیگی سی اک رات یہ لے آئی کیا ساتھ یہ
خاموشی کے درمیاں کب چاہی تھی بات یہ
دھڑکنیں جو ہمیں کہنے لگی ہیں
نہ کہو نہ سنو خاموش گفتگو ہونے لگی ہے
زندگی خواب میں کھونے لگی ہے
تعبیریں لے آؤں میں تم سپنے دے دو مجھے
ایسا کیا ہے اتنا کیوں اچھے لگتے ہو مجھے
تم ہی جیون کی آرزو
نہ کہو نہ سنو خاموش گفتگو ہونے لگی ہے
زندگی خواب میں کھونے لگی ہے
ہر آہٹ پر دھڑکے دل کروٹ کروٹ رات ڈھلے
چاروں اور چہرہ تیرا یوں سپنوں کے دیپ جلے
سپنے ہیں اپنے پیار کے
نہ کہو نہ سنو خاموش گفتگو ہونے لگی ہے
زندگی خواب میں کھونے لگی ہے

معاویہ نہایت مخمور لہجے میں اس کی سماعتوں میں اسم محبت پھونک رہا تھا اور وہ اتنے پیار پہ نہال ہو گئی تھی۔ اس نے نہایت اعتماد سے اس کے سینے پہ سر ٹکا دیا تھا اس کے ذرا سا دل بڑا کرنے سے اک بار پھر محبت چاندنی بن کے اس کی روح کو منور کر گئی تھی۔

www.pdfbooksfree.pk



قسط نمبر 5

# ٹوٹا ہُوا تارہ

سمیرا شریف طور

جو کاری زخم لگا ہے دل پر، پہلے اس کی فکر کرو
یہ بعد میں دیکھا جائے گا یہ کس کی کار گزاری ہے
جو صاحب گھر گھر میری بابت زہر اگلتے پھرتے ہیں
وہ صرف میرے ہمسائے نہیں ہیں، اُن سے قرابت داری ہے

## گزشتہ قسط کا خلاصہ

تابندہ بی مصطفیٰ کو کال کر کے شہوار کی اس رشتے کے لیے ناراضی کی بابت بتاتی ہیں۔ مصطفیٰ کو یہ سن کر اپنا شک درست محسوس ہوتا ہے کہ یہ رشتہ شہوار کی رضامندی کے بغیر طے ہوا ہے۔ تابندہ مصطفیٰ سے شہوار کو قائل کرنے کا کہتی ہیں اور ساتھ ہی شہوار کی ان سے ناراضی دور کرنے کا بھی کہتی ہیں۔ مصطفیٰ کی باتوں سے وہ کافی حد تک پرسکون ہو جاتی ہیں اور انہیں اپنے فیصلے پر فخر محسوس ہوتا ہے۔ ایاز اپنے دوستوں کے ساتھ باتوں میں مصروف ہوتا ہے جب ہی عبدالقیوم اسے فوراً گھر پہنچنے کا کہتے ہیں جس پہ وہ دوستوں سے معذرت کرتا ہوا گھر آ جاتا ہے گھر پہنچتے ہی عبدالقیوم اس سے بینک سے پانچ لاکھ روپے نکلوانے کی بابت پوچھتے ہیں جس پہ وہ غصے میں آ جاتا ہے اور کافی بدتمیزی کرتا ہے۔ عبدالقیوم اسے اس کی عیاشیوں پہ وارن کرتے ہیں کہ اب اگر وہ کسی مصیبت میں پھنسا تو وہ اس کی مدد نہیں کریں گے ساتھ ہی وہ عادلہ کو بھی سمجھاتے ہیں کہ وہ الگ گھر لینے کی ڈیمانڈ چھوڑ کے اپنے سسرال واپس چلی جائے۔ جس پہ سب ہی ان کی مخالفت کرتے ہیں۔ عادلہ سب کو شہوار اور مصطفیٰ کے رشتے کی بابت بتاتی ہے جس پہ تمام نفوس چونک جاتے ہیں۔ کالج ڈراپ کرتے وقت مصطفیٰ شہوار کی بات تابندہ بی سے کرواتا ہے جس پر شہوار نہایت غصے سے رسمی بات کر کے کال منقطع کر دیتی ہے شہوار کینٹین میں انا کا انتظار کر رہی ہوتی ہے جب ہی ایاز اپنے دوستوں کے ساتھ آ کر اس سے الجھتا ہے جس پہ وہ گھبرا جاتی ہے اور اسے باز رہنے کو کہتی ہے مگر وہ نہایت بدتمیزی پر اتر آتا ہے کینٹین میں رش ہونے کی وجہ سے سب کی توجہ ایاز اور شہوار کی جانب مبذول ہو جاتی ہے ایسے میں فائنل ایئر کا ایک اسٹوڈنٹ ہاشم ایاز کو روکتا ہے جس پہ دونوں گروپ کے مابین مڈبھیڑ ہو جاتی ہے اور معاملہ چیئرمین تک پہنچ جاتا ہے۔ شہوار کو اتنی ذلت سے شدید صدمہ پہنچتا ہے جس سے اس کی طبیعت کافی بگڑ جاتی ہے۔ انا اسے سنبھالتے ہوئے شاہ زیب کو فون کر کے بلا لیتی ہے۔ شہوار کی طبیعت کا سن کے وہ کافی پریشان سے کالج پہنچتے ہیں اور فوراً اسے گھر لے آتے ہیں۔ ڈاکٹر اسے آرام و سکون کی تاکید کرتے ہیں جس پہ مہرالنساء بیگم کافی پریشان ہو جاتی ہیں انا روشی کے ساتھ شہوار کو دیکھنے آتی ہے۔ روشی کو دیکھ شہلا ور کو کسی چہرے کی شباہت محسوس ہوتی ہے جبکہ روشی کو بھی شناسائی کا احساس ہوتا ہے۔

اب آگے پڑھئے

www.pdfbooksfree.pk

"وعلیکم السلام!" شہوار بے اختیار اس کے گلے لگ گئی۔

"مجھے بہت شوق تھا شہوار آپ سے ملنے کا۔ انا نے اتنی تعریفیں کر رکھی ہیں کہ جس کی کوئی حد نہیں۔" روشی نے بے پناہ محبت و اپنائیت سے کہتے اس کے ہاتھ دبائے۔

مہر النساء اور لائبہ مسکراتی نگاہوں سے تینوں کو دیکھ رہی تھیں۔

"بھابی یہ انا ہے اور یہ روشی۔ انا کی کزن روشانے نام ہے ان کا۔" لائبہ بھابی سے تعارف کرانے پر دونوں نے اٹھ کر فرداً فرداً ان کو گلے لگایا۔

"شہوار بھی بہت ذکر کرتی ہے آپ لوگوں کا، بہت خوشی ہوئی آپ دونوں سے مل کر۔" بھابی نے اخلاقاً کہا۔

"یہ انا بٹی تمہارے لیے لائی ہے شہوار......!" مہر النساء آنٹی نے ہاتھوں میں تھاما بکے اس کی گود میں رکھ دیا۔ تازہ سرخ گلابوں کو دیکھ کر اس نے بڑی ممنوع اور مجروح نگاہوں سے اسے دیکھا۔ وہ مسکرا دی۔

روشی نے بغور شہوار کو دیکھا وہ اسے حزن و غم میں ڈوبا نہایت خوب صورتی و دلکشی سے تراشا ایک بلوری (کانچ) مجسمہ لگی۔ جو ذرا سی ٹھیس سے ٹوٹ سکتا ہو...... دوپٹہ سر سے اترا ہوا تھا جس کی وجہ سے اس کے کالے گھنے بالوں کی چٹیا پر اس کی نگاہ پڑی۔ انا کی زبان سے وہ اس کے حسن کے قصیدے سن چکی تھی مگر اسے لگا وہ سب تو بہت کم تھا۔ وہ حقیقتاً بہت حسین تھی۔ عجیب سی کشش تھی اس کے وجود میں...... بے پناہ مقناطیسیت...... اسے اپنا دل لوہے کا ٹکڑا محسوس ہوا جو اس لڑکی کی طرف کھنچا چلا جا رہا تھا۔

"تم لوگ باتیں کرو میں کچھ کھانے کو لاتی ہوں۔" بھابی سوپ والا باؤل تھامے باہر نکل گئی تھیں۔ مہر النساء بیگم بھی انہیں بے تکلفی سے بیٹھنے کا کہتے مغرب کی نماز پڑھنے نکل گئی تھیں۔

"کیا ہو گیا ہے تمہیں یار! یہ سب کچھ نیا تو نہیں نا۔ ٹھیک ہے جو بھی آج ہوا ہے یہ بہت زیادہ ہے مگر تمہیں خود کو سنبھالنا ہو گا۔ تمہارے انکل نے تمہاری طبیعت کی خرابی کی وجہ پوچھی اور میں نے کچھ نہ کہا مگر وہ پریشان ضرور ہو گئے تھے۔" وہ اس کے پاس ہی بیٹھی اس کے دونوں ہاتھ تھامے محبت سے کہہ رہی تھی، جبکہ روشی ناسمجھی سے دونوں کو دیکھ رہی تھی۔

"کیسے سنبھالوں خود کو...... یوں لگتا ہے کہ جیسے سارے زمانے کا گند وہ بد باطن شخص میرے چہرے پر مل گیا ہے۔ مر جانے کو جی چاہ رہا ہے...... ایسی ذلت اور رسوائی...... مائی گاڈ......" وہ پھر بری طرح رو دی۔

روشی بڑی حیرانی سے دونوں کی گفتگو سن رہی تھی۔

وہ کچھ بھی نہ سمجھ پائی تھی۔

"میں نے ہمیشہ سر اٹھا کر زندگی گزاری ہے۔ پھونک پھونک کر قدم رکھا ہے اور آج میری ذات سے متعلق پورے کالج نے وہ ڈرامہ دیکھا ہے جس کا تصور میں مر کر بھی نہیں کر سکتی...... جی چاہتا ہے کہ ابھی موت آ جائے، نجانے چیئر مین صاحب اب اس واقعے کو کس طرح لیتے ہیں۔ وہ انکل کے دوست ہیں اگر بات بڑھ گئی تو انکل تک بھی پہنچ گی اور میں اپنی نظروں سے ہی گر جاؤں گی۔" اس کا تراشا وجود اب پھر سسکیوں سے لرزیدہ تھا۔ کسی بید مجنوں کی شاخ کی مانند ہچکولے کھاتا۔ خوب صورت دلکش چہرے پر زردیاں سمٹ آئی تھیں۔ اس کا ڈپریشن پھر انتہا کو بڑھنے لگا تھا۔ انا نے فوراً سہم کر اسے تھاما۔



"شہوار پلیز......! کنٹرول یور سیلف...... آنٹی یا کوئی اور آ جائے گا؟ تمہیں یوں روتے دیکھ کر ان پر کیا بیتے گی بھلا؟" اس نے اسے جذباتی کیفیت سے نکالنے کے لیے کہا۔

اپنے ساتھ لگا کر مزید کچھ کہے بغیر اس سے تسلی آمیز محبت کا اظہار کرتی رہی تھی۔

"تم لیٹ جاؤ، تمہاری طبیعت اب بھی بہتر نہیں لگ رہی ہے۔ بہت تیز بخار ہو رہا ہے۔ آگ کی طرح تپ رہی ہو تم......" اسے محبت سے خود سے جدا کرتے بستر پر لٹا دیا۔ تبھی بھابی چائے اور دیگر لوازمات کے ساتھ رخشندہ کے ہمراہ چلی آئی تھیں۔

"اچھا تم جاؤ چائے میں خود بنا لوں گی......" رخشندہ ٹرالی رکھ کر چلی گئی تھی۔ انہوں نے چائے بنا کر دونوں کو کپ تھمائے۔

"شہوار چائے پیو گی؟" انہوں نے آنکھیں بند کیے شہوار سے پوچھا۔ اس نے نفی میں سر ہلا دیا۔

"پی لو...... برف ہوتے اعصاب کے لیے چائے بہت سود مند رہتی ہے۔ تمہیں افاقہ ہو گا۔" انا نے کہا اور پھر بھابی کو چائے بنانے کا اشارہ کیا۔ انہوں نے کپ بنا کر اسے تھما دیا۔ انا نے کپ لے کر شہوار کو دیکھا جو آنکھیں کھولے اسے دیکھ رہی تھی۔

"پی لو...... شاباش۔" وہ خاموشی سے مہر بہ لب تھی۔ پھر ذرا سا اٹھ کر کپ تھام لیا۔

"کمرا تو بہت پیارا ڈیکوریٹ کیا ہوا ہے تم نے شہوار؟" چائے پیتے دیگر لوازمات سے لطف اندوز ہوتے انا نے اطراف کا بھی بھرپور جائزہ لیا تھا۔

"یہ ہماری "ماں جی" کا کمرا ہے۔ شہوار کا کمرا تو دوسرا ہے۔" بھابی خود بھی چائے پیتے بتا رہی تھیں۔

"اوہ ویری نائس......" روشی کی نگاہوں میں توصیف تھی۔

"آپ روشی بالکل خاموش بیٹھی ہوئی ہیں۔ کچھ اپنے بارے میں ہی بتایئے۔" بھابی کے سوال پر شہوار نے بھی اس کی طرف دیکھا۔

"میں انا کے ماموں کی بیٹی ہوں۔ ہم دو بہن بھائی ہیں...... ولید بھائی مجھ سے بڑے ہیں۔ ہماری والدہ کا انتقال بہت کم عمری میں ہی ہو گیا تھا، بقول بابا کے تب میں دو سال کی تھی، اپنی ساری لائف ہم نے امریکہ میں گزاری ہے۔ بابا دو سال پہلے پاکستان شفٹ ہوئے تھے جبکہ ہم اب کچھ عرصہ قبل ہی آئے ہیں۔ بھائی نے بزنس ایڈمنسٹریشن کیا ہے اور ایجوکیشن کمپلیٹ کرنے کے بعد انہوں نے اسی فیلڈ میں کئی طرح کے کورسز بھی کیے ہیں۔ اس کے علاوہ وہ وہاں جاب بھی کر چکے ہیں۔ جبکہ میں نے لاء پڑھا ہے، ایجوکیشن کی وجہ سے ہم وہاں رکے ہوئے تھے۔ جیسے ہی میری ایجوکیشن کمپلیٹ ہوئی اور ڈگری ملی بھائی نے بھی تمام کورسز ترک کیے اور جاب چھوڑ کر ہم پاکستان آ گئے۔ اب یہاں بھائی اور بابا دونوں انا کے پاپا کے ساتھ مل کر بزنس کر رہے ہیں۔ بابا نے کئی سال پہلے انویسٹمنٹ کی تھی جبکہ باقاعدہ شمولیت اب بھائی کی آمد کے بعد اختیار کی ہے۔" اس نے اپنے متعلق مکمل تفصیل سے بتایا۔

"زبردست۔" تبھی مہر النساء بیگم بھی نماز پڑھ کر آ چکی تھیں۔ ان کے پاس ہی بیٹھ گئی تھیں۔ اور باتوں کا ایک خوب صورت سلسلہ چل نکلا تھا جس پر انا شرارت سے کہنے لگی۔

"ان محترمہ کا ایک تعارف یہ بھی ہے کہ یہ عنقریب ہمارے اکلوتے بھائی احسن کی دلہن بننے والی ہیں۔ اور اگلے ماہ شادی ہو رہی ہے۔" انا نے شرارتی نگاہوں سے روشی کو دیکھتے کہا تو وہ بری طرح جھینپ گئی۔ شہوار کو اس کا یہ شرماتا روپ بڑا دلکش لگا۔

www.pdfbooksfree.pk

"ویل ڈن، کانگریجولیشن۔" بھابی نے دل سے مبارک باد دی۔

"میں شادی میں انوائیٹ کروں گی آنٹی...... آپ سب نے آنا ہوگا۔" انا نے کہا۔

"جی ضرور بیٹا! تم شہوار کی واحد دوست ہو تم ہمارے گھر آئیں مجھے تو بڑی خوشی ہوئی ہے تمہیں اپنے ہاں دیکھ کر......" مہرالنساء بیگم نے بھی بڑے خلوص کا مظاہرہ کیا تھا۔

"آنٹی میں آپ کی اس بیٹی کو کئی بار اپنے گھر آنے کی آفر کرچکی ہوں مگر یہ کبھی ہامی تک نہیں بھرتی۔ آپ اسے لے کر بھابی کے ہمراہ کسی دن آیئے گا نا۔ یقین مانیے مجھے بہت خوشی ہوگی۔" اس نے بھی خلوص سے دعوت دی۔

"ہاں ضرور آئیں گے۔ اب تم کہہ رہی ہونا...... شہوار منع بھی کریں گی تو بھی میں انھیں کھینچ کھانچ کر لے آؤں گی۔" بھابی نے دلاسا دیا۔

انا کے آنے اور اس کے دلاسا دینے سے شہوار کا ذہن وقتی طور پر بٹ گیا تھا۔

"لائبہ تم بچیوں کو گھر دکھاؤ۔ جب سے آئی ہیں ایک ہی جگہ پر ٹک گئی ہیں۔ کوئی تکلف نہیں کرو بچیوں تم لوگوں کا اپنا گھر ہے۔" ادھر ادھر کی باتوں کے بعد وہ اٹھ کھڑی ہوئی تھیں۔

"مرد حضرات کا گھر آنے کا ٹائم ہوگیا ہے۔ میں ذرا کچن دیکھ لوں۔ لائبہ تم ان کو گھر دکھاؤ۔" جانے سے پہلے انہوں نے وضاحت کی تھی اور لائبہ کو تاکید بھی کی۔

"آؤ شہوار! تم بھی ہمارے ساتھ چلو......" انا نے بستر سے اٹھتے ہوئے کہا۔

"نہیں تم لوگ جاؤ...... میرے جسم میں اتنی بھی طاقت نہیں کہ میں اٹھ کر بیٹھ جاؤں۔ ہاں تم لوگوں کے ساتھ میں اپنے کمرے تک ضرور چلتی ہوں۔" وہ کمبل ہٹا کر چادر درست کرتے لائبہ کے سہارے بستر سے اتر آئی تھی۔

وہ چند گھنٹوں میں ہی بہت کمزور اور بیمار نظر آرہی تھی۔ بھابی کے ساتھ ساتھ انا نے بھی ایک طرف سے اس کا ہاتھ تھام لیا تھا۔

اس کے کمرے میں اسے لٹا کر کمرے کا جائزہ لے کر وہ باقی گھر دیکھنے لگ گئی تھیں۔ لائبہ بھابی بہت ملنسار اور خوش اخلاق خاتون تھیں۔ ان کے ساتھ گھر دیکھتے ہوئے بوریت نہیں ہوئی تھی محل کی طرح بڑا سارا گھر اور اس کے مطابق آرائش و زیبائش دیکھ کر دونوں متاثر ہوئی تھیں۔

"ماشاءاللہ بہت ہی پیارا گھر ہے آپ کا تو۔" روشی کئی مرتبہ یہ الفاظ دہرا چکی تھی۔ وہ دونوں واپس شہوار کے کمرے میں چلی آئی تھیں، تبھی رخشندہ آ گئی تھی۔

"آپ کا ڈرائیور آ گیا ہے۔"

ڈرائیور کا سن کر دونوں اٹھ کھڑی ہوئی تھیں۔

"اپنا بہت سارا خیال رکھنا، میری مانو تو تین چار دن کالج سے چھٹی کرلو صحت اچھی رہے گی۔" اس نے واپسی کے ارادے سے اٹھتے اسے نصیحت کی تھی اور پھر گلے لگا کر محبت سے ہاتھ دبائے تھے۔

وہ شہوار سے مل کر بھابی کے ہمراہ باہر آئیں تو مہرالنساء بیگم چلی آئیں۔

"تم لوگ اب کھانا کھا کر جانا، سب تیار ہے بیٹا۔" وہ بہت محبت سے کہہ رہی تھیں۔

"جی ضرور، مگر ہم مزید نہیں رک سکتیں۔ ماما مغرب کے بعد گھر سے باہر نکلنے کے سخت خلاف ہیں۔ یہ تو ڈرائیور ساتھ ہے ورنہ ماما کہیں نہیں جانے دیتیں۔ پھر سہی، پھر کسی دن چکر لگائیں گے۔" انا نے معذرت کی تھی۔



## حورین حسن

آنچل کی محفل میں آداب پیش کرتی ہوں۔ کیسے ہیں آپ سب لوگ؟ میری دعا ہے خدا آپ سب کو خوشیاں دے اس طرح کہ آپ کو کبھی غم نہ آنے پائیں۔ معذرت کہ میں تو اپنا تعارف ہی کروانا بھول گئی تو جناب مجھے حورین حسن کہتے ہیں۔ ہم سات بہنیں اور ایک بھائی، بہت خوش اور مطمئن زندگی بسر کررہے ہیں۔ ماما جان ہاؤس وائف جب کہ بابا پہلے سیکشن آفیسر تھے مگر ریٹائرمنٹ کے بعد ہائیکورٹ میں وکالت کرتے ہیں، ہم جھنگ جسے محبت کی سرزمین کہتے ہیں، میں رہتے ہیں اور جہاں تک تعلیم کا حق ہے تو جناب ہم نے گریجویشن کیا ہے اور اب مزید ترقیوں کے خواب آنکھوں میں سجائے آگے بھی پڑھیں گے۔

تو جناب اب ہم اپنی خامیوں کا تذکرہ کریں گے کہ خوبیاں سننا یا سنانا تو سب کو پسند ہوتا ہے مگر خامیوں پر لوگ کم ہی متوجہ ہوتے ہیں تو مجھ میں شاید یہ خامی ہے کہ میں دوسروں سے توقعات بہت جلد وابستہ کرلیتی ہوں پھر جب وہ پوری نہیں ہوتیں تو خوب مایوس ہوجاتی ہوں۔ اس کے علاوہ میری سوچ بہت کتابی سی ہوگئی ہے ہر کام میں، میں سچائی، ایمان داری اور سلیقے کو دیکھنا چاہتی ہوں مگر جب حقیقی زندگی میں ایسا نہیں ہوتا تو یقین مانیں بہت دکھی ہوتی ہوں۔ اس کے علاوہ شاید یہ خامی بھی ہے کہ میں بہت زیادہ تر فیملی سے الگ تھلگ اپنی کتابوں کی دنیا میں مست رہتی ہوں اور کچھ کر دکھانے کا جذبہ مجھ سے یہ احساس بھی چھین لیتا ہے کہ موسم میں بہت شدت ہے اور لائٹ بھی نہیں مگر...... مگر میں اپنے کام میں مگن رہتی ہوں اور خوبیاں...... ویسے یہ تو ہم سے وابستہ لوگ ہی بہتر بتاسکتے ہیں مگر یقین مانیں مجھ سے کبھی کسی کو شکایت نہیں ہوئی اور میں ایک اچھی رازدار ایسے ہوں کہ ایک اجنبی بھی مجھ سے عہد لے کر کوئی بات بتائے تو میں اسے اپنے تک محدود رکھوں گی اور خوب صورت ڈریس ڈیزائننگ کرنا اور کبھی کبھی کوئی ڈیکوریشن پیس بنانا تو جناب یہ ہی خوبیاں ہوسکتی ہیں

چونکہ میری پیدائش (بلکہ ہم سب بہنوں اور بھائیوں کی) لاہور میں ہوئی اور بچپن وہیں گزرا تو مجھے اس شہر سے خاصا لگاؤ ہے۔ اس کے علاوہ ایف ایم سننا بھی اچھا لگتا ہے خاص طور پر ایف ایم آر جے شمس، فریال آپی، اسامہ صدیقی بہت اچھا پروگرام پیش کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ کھانے پینے سے اتنا لگاؤ نہیں مگر پانی بہت پیتی ہوں اور دن میں تقریباً آدھا گھنٹہ واک کرنا اچھا لگتا ہے۔ میں ہر ایک سے بہت خوش اخلاقی سے ملتی ہوں مگر دوستی جسے کہتے ہیں وہ شاید مجھے آج تک کسی سے نہیں ہوسکتی اور اسی لیے میں اپنی ہر بات اللہ تعالیٰ سے ہی شیئر کرتی ہوں اور مجھے گفٹ خریدنا اور اپنی فرینڈز کو دینا بہت ہی اچھا لگتا ہے۔ میں زیادہ تر اپنے کمرے میں رہنا ہی پسند کرتی ہوں جہاں بہت سے ڈائجسٹ، اخبار اور کتابوں کا ڈھیر ہے اور ساتھ میرے تین خوب صورت سے ٹیڈی بیئر بھی...... اوہ سوری جی! میں تو بھول گئی کہ میرے علاوہ میری اور بھی فرینڈز نے اس محفل کو یقیناً خوب صورت لفظوں سے سجانا ہے۔

میری خواہش ہے کہ میں ایک اچھی رائٹر اور اسلامک اسکالر بنوں، لاسٹ میسج یہ کہ "منزل کو پانے کی خواہش آپ کے اندر ایک امید پیدا کرتی ہے اور یہی امید زندگی کا دوسرا نام ہے جو درد کے اندھیروں میں چپکے سے آپ کو زندگی کا رقص کرنا سکھلاتی ہے۔"

"یہ اچھا نہیں لگتا بیٹا...... گھر آئے مہمان کھانا کھائے بغیر چلے جائیں۔" انہوں نے اصرار کیا تو روشی ہنس کر ان کا ہاتھ تھام کر کہنے لگی۔

"یقین مانیں آنٹی پھوپو بہت پریشان ہورہی ہوں گی۔ کافی ٹائم ہوگیا ہے۔ ڈرائیور کے ساتھ واپس جانا ہے...... ورنہ ساتھ کوئی بھائی ہوتا تو ہم ضرور رک جاتے۔" روشی کے انداز میں یا چہرے پر ایسی دلکشی تھی کہ وہ مبہوت ہوکر اس کی طرف دیکھے گئی تھیں۔ روشی ان کے یک ٹک دیکھنے پر سمجھی کہ ناراضی سے دیکھ رہی ہیں۔

"چلیں وعدہ رہا نیکسٹ ٹائم ہم ڈے ٹائم آئیں گے اور سارا دن آپ کے ساتھ گزار کر کھانا کھا کر ہی جائیں گے۔" انہوں نے ایک گہرا سانس لیا اور نگاہ چرالی مگر نگاہ بھٹک بھٹک کر صرف اسی ایک چہرے کا طواف کرنے لگ گئی تھی۔ انہوں نے بے پناہ اپنائیت و محبت سے اس کا چہرہ تھام کر چوم لیا۔

انہیں لگا کہ جیسے بے پناہ روشنی سی ان کے وجود میں اتر گئی ہو۔

www.pdfbooksfree.pk

"ماشاءاللہ بہت پیاری صورت دی ہے ربّ نے۔ اللہ مقدر بھی اچھے کرے۔" انہوں نے دعا دی اور روشی اس والہانہ پن پر گھبرا گئی تھی۔ ان کے گلے لگانے پر تھم سی گئی تھی۔

وہ دونوں ان کو گیٹ تک چھوڑنے آئی تھیں۔ ان دونوں کو بے پناہ محبت اور دعا کے ساتھ رخصت کیا تھا۔

❁.....❁.....❁

"کیا بات ہے شہزادے آج بڑا غمگین بیٹھا ہے۔ لگتا ہے کسی گہرے غم سے آشنائی ہوگئی ہے آج ہمارے جگر کی..... نہ وہ پہلے جیسی چہکار نہ وہ رعب و دبدبہ..... یار یہ کتنا بور ہوتا جارہا ہے دن بدن۔" کامران اسے یوں بیٹھے دیکھ کر حیران ہوا تھا مذاق میں چھیڑا تھا۔

"شٹ اپ....." اس کے مذاق پر اس نے سلگتی کھا جانے والی نظروں سے تمام ساتھیوں کو دیکھا۔

اس واقعے کو کتنے گھنٹے گزر چکے تھے مگر لگتا تھا کہ جیسے ابھی کچھ دیر پہلے اس شکست کا سامنا بھری پری کینٹین میں کیا گیا ہے۔ اور وہ ہاشم لوگ اس کا بس نہیں چل رہا تھا کہ وہ پسٹل لے اور جا کر اسے اور اس کے تمام ساتھیوں کو موت کے گھاٹ اتار دے۔

"کسی بات پر غصہ آرہا ہے تو پھر ہمیں کیوں کاٹ کھانے کو دوڑ رہا ہے۔ کہیں کسی سے جھگڑا وگڑا تو نہیں کرلیا ہے تو نے۔ ویسے جیسی تیری طبیعت ہے لگتا ہے اپنے باپ سے لڑ جھگڑ کر آیا ہے۔ تیرا باپ بھلے تو غصہ کرنے ہے بڑا کھڑوس۔ دولت پر ناگ بن کر بیٹھا ہے۔" شہزاد نے بھی اس کی دکھتی رگ پر ہاتھ رکھا اور وہ بھنا اٹھا۔

"بکواس اگر کی نہ تو میں ایک منٹ میں اٹھ کر چلا جاؤں گا۔" امین نے رازدرانہ نظروں سے شہزاد اور کامران کو دیکھا۔

"تو کچھ منہ سے بھی پھوٹے گا یا یہی سوگ والی صورت لیے گلاس پر گلاس چڑھائے گا۔ یار دوست آخر کس مرض کی دوا ہیں۔ تو بول تو سہی۔ آج ہمارے شہزادے کی ہنسی کیوں روٹھی ہوئی ہے۔" کامران تھا ہی خبیث..... خباثت سے مسکرا کر بولا تھا۔

"مجھے پتا ہے یہ کیوں شکست خوردہ انسان کی طرح بیٹھا اپنی شکست کا سوگ منا رہا ہے۔" امین نے طنزیہ و رازدارانہ نظروں سے سب کو دیکھا۔ شہزاد اور کامران کے ساتھ وہ بھی اس کے انداز پر چونکا تھا۔

"اس نے تو قیامت تک منہ سے پھوٹنا ہی نہیں چل تو ہی بتا۔ پتا چل جانا ہے کہ ابھی تھیلے سے کون سی بلی سامنے آتی ہے۔" کامران نے اسے آنکھ مار کر امین کا کندھا پکڑا تھا۔ ایاز کا جی چاہا کہ آگے پڑا گلاس اٹھا کر اس کے سر پر دے مارے۔

"اس کا آج کالج میں سب سے اسٹرانگ گروپ کے لیڈر سے جھگڑا ہوا ہے اور جواباً ان لوگوں نے اپنے ساتھیوں سمیت اس کی خاصی ٹھکائی کردی تھی..... آخری خبر آنے تک وجہ تنازعہ اس کا اپنی محبوبہ کو کینٹین میں چھیڑنا اور راہ روک کر بدتمیزی کرنا تھا جس پر وہ معصوم لیلیٰ جوش میں آکر اس کے منہ پر کتاب مار گئی اور پھر میدان کارزار بن گیا۔" وہ چونک کر حیران ہوا تھا۔

یہ چاروں لڑکے علیحدہ علیحدہ گھرانوں کے تھے..... میڈیکل کالج میں صرف ایاز پڑھتا تھا وہ حیران ہوا کہ اس قدر درست رپورٹ امین کو کہاں سے ملی ہے۔

"ہائے..... کیا واقعی.....؟" کامران اور شہزاد تو ایکدم اچھل کر اس کے قریب ہوئے تھے اور پھر بغور اس کا چہرہ دیکھا نیم تاریک کلب کے ٹیرس میں کی گئی روشنی خاصی محدود تھی مگر اس محدود روشنی میں بھی امین کی نظریں اس کے

www.pdfbooksfree.pk

چہرے کے نیل اور چوٹ کے نشانات کو نہایت تمسخرانہ نظروں سے دیکھ رہی تھیں۔

"اس کے چہرے سے تم لوگوں کو ساری کہانی کی رپورٹ مل سکتی تھی۔ لگتا ہے زیادہ نشہ ہی چڑھ گیا ہے تم لوگوں کو‘ آنکھیں کھول کر دیکھو تو سہی اپنے شہزادے کو۔"

"بکواس نہیں کرو......" ایاز ایکدم طیش سے اٹھ کر ٹہلنے لگا۔ "میں زندہ نہیں چھوڑوں گا اس بلڈی بچ کو...... نہایت پارسا بنتی ہے‘ جن لوگوں کے سامنے اس نے مجھے ذلیل کیا ہے انہی کے سامنے اسے ذلت کی گہرائیوں میں دھکیلوں گا۔" وہ غصے وتنفر سے اپنے جذبات آشکار کررہا تھا‘ امین نے تمسخرانہ نظروں سے اسے دیکھا۔

"مگر کیسے......؟ وہ تو تمہیں گھاس ڈالنے پر بھی راضی نہیں۔"

"شہزاد اس کو سمجھالو ورنہ میں اس کی گردن توڑ دوں گا۔" امین کا طنز سیدھا دل پر لگا تھا۔ وہ ایکدم بھنا کر اٹھا تھا۔

"امین چپ کرو تم...... تم ادھر بیٹھو بتاؤ تو سہی ہوا کیا ہے؟" شہزاد نے اس کا بازو پکڑ کر اسے پھر کرسی پر بٹھا دیا۔ اس نے ان کے بار بار پوچھنے پر ساری رام کہانی کہہ سنائی۔ امین بڑی مطمئن نظروں سے اسے دیکھ دیکھ کر مسکراتا رہا اور اس کی نظریں اسے مزید طیش دلاتی رہیں۔

"ہائے...... تو کیا چیئر مین صاحب نے تمہیں کالج سے نکال دیا۔" کامران نے حیرت سے پوچھا۔

"ویسے اچھا ہی کیا تو کون سا سنجیدگی سے وہاں پڑھ رہا تھا۔ صرف خوب صورت پریوں کا تعاقب کرنے وہاں داخل ہوا تھا۔ پیسہ ہاتھ میں ہونا چاہیے ایسی ڈگریاں تو یوں چٹکی میں ہاتھ میں آجاتی ہیں۔" کامران نے اس کی تسلی کا سامان بھی کیا تو کس انداز میں۔

"ابھی نکالا نہیں...... نیکسٹ میٹنگ میں سارا معاملہ پیش ہوگا اور پھر ہی کوئی حتمی فیصلہ ہوگا۔" کامران کے الفاظ سے زیادہ وہ امین کی نظروں سے چڑ کر بولا۔

"چلو فوراً پھانسی کی سزا نہ سہی...... قسطوں میں ہی سہی‘ ویسے سنا ہے کہ قسطوں میں ملنے والی سزا زیادہ تکلیف دہ ہوتی ہے۔" وہ بھی امین تھا چوٹ کرنے سے پھر بھی باز نہ آیا تھا۔

"اس سے لڑنے کا بھلا کیا فائدہ...... تم بتاؤ اگر واقعی نکال دیا تو کیا کرو گے؟" شہزاد سنجیدگی سے پوچھ رہا تھا کامران ہنس دیا۔

"لوبیا چنے بیچے گا۔" اس کی ہنسی اس کی روح پر تازیانے کی مانند لگی۔

"جس طرح میٹرک ایف ایس سی کی ڈگریاں ملی ہیں ویسے یہ لوبیا چنے بھی بیچ لے تو بڑی بات ہے۔" امین نے تو حد ہی کردی تھی وہ ایکدم بلوریں گلاس اٹھا کر اسے مارنے لگا تو شہزاد نے فوراً ہاتھ تھام کر اسے روک دیا۔

"حد کرتے ہو یار...... یہ تو شروع سے ہی ان لوگوں کا مزاج ہے۔ تو کیوں غصہ کرتا ہے۔"

"میں اس وقت بہت غصے میں ہوں ان کو کہو اپنی بکواس بند کریں نہیں تو یہاں سے دفع ہوجائیں ورنہ میں کچھ کر بیٹھوں گا۔"

"تمہارا زور صرف حسینوں کو پٹانے میں چلتا ہے...... مردوں والی کوئی صفت نہیں ہے تم میں سوائے اس کے کہ باپ کے پیسے پر عیاشی کرتے رہو۔"

امین کا سلگتا جملہ اسے مزید سلگا گیا تھا۔ شہزاد نے گھور کر امین کو دیکھا۔

"میں ہاشم لوگوں کو زندہ نہیں چھوڑوں گا۔ اگر کالج سے نکالا تو میں قیامت مچادوں گا...... سمجھ کیا رکھا ہے ان لوگوں نے......" وہ بپھرا ہوا تھا۔



"ویسے قصور تمہارا ہے...... مٹی ڈالو ایسی لڑکی پر...... کیوں خوار ہورہے ہو اس کے پیچھے۔ یوں سرعام بھری کینٹین میں اس کا راستہ روکو گے تو کوئی نہ کوئی اس کی حمایت میں آئے گا ہی نا......" شہزاد نے حقیقت پر مبنی تجزیہ پیش کیا۔

"ویسے بھی تمہیں کون سا لڑکیوں کی کمی ہے...... اس جیسی ایک چھوڑ دس تمہارے لیے......" کامران نے بھی اس کا حوصلہ بلند کرنا چاہا۔

"بشرطیکہ وہ اس جیسے کم عقل کو گھاس ڈال لیں تو......" امین اب بھی سلگانے سے باز نہ آیا تھا۔ امین کی یہ عادت تھی۔ معاملہ کسی کا بھی ہوتا وہ اسی طرح سلگاتا تھا۔ مگر آج اس کا دل کچھ زیادہ ہی ڈسٹرب تھا تو اسے یہ سب کچھ زیادہ ہی لگ رہا تھا۔

"بھئی ان لڑکیوں کا بھی ایک اسٹینڈر ہے...... پیسے کا کیا ہے کہیں سے بھی مل سکتا ہے۔ ہماری بھی جیبیں بھری پڑی ہیں۔"

"اس کو یہاں سے دفع کرو ورنہ میں چلا جاتا ہوں۔" وہ اٹھنے لگا تو شہزاد نے گھور کر امین کو دیکھا اور پھر اسے بٹھالیا۔

"تمہارے والد صاحب کو اس صورت حال کا پتا ہے کیا؟" اس کے چہرے پر نیل کے نشانات بغور دیکھتے ہوئے اس نے کہا تو اس نے نفی میں سر ہلا دیا۔

"نہیں...... میں ابھی گھر گیا ہی نہیں اور اگر پتا چل بھی جائے تو کیا ہوجائے گا بھلا......! ہوگا تو وہی جو میں چاہوں گا۔"

"تو پھر کالج چھوڑ دے گا؟"

"ہاں...... میرا دل وہاں اب نہیں لگتا...... میں نے زیادہ پڑھ کر بھی کیا لینا ہے۔ باپ کا اکلوتا بیٹا ہوں‘ جو بھی ہے سب کچھ میرا ہی تو ہے۔ کروڑوں کا بزنس بعد میں بھی میں نے ہی سنبھالنا ہے اور اب بھی‘ تو پھر اب کیوں نہیں...... ویسے بھی یہ انسانیت کی خدمت ودمت ہم سے نہیں ہوتی۔"

"اچھا فیصلہ ہے...... خوامخواہ اتنے سال ضائع کیے تو نے۔ کسی آرٹس سبجیکٹ میں بی اے کر کے ماسٹر کرلیتا تو آج ہماری طرح تمہارے پاس بھی ڈگری ہوتی۔ خیر دیر آید درست آید......" شہزاد نے بھی اس کا حوصلہ بڑھایا تھا۔ شہزاد اس کے گروپ میں تینتیس سے اوپر کی عمر کا تھا۔ گھر میں بیوی بچے تھے مگر فطرت نہیں بدلتی‘ امین تیس کا تھا جبکہ کامران اس کا ہم عمر تھا۔ مگر شوق اور دلچسپیاں ایک ہونے کی وجہ سے سب دوست تھے۔

"تو ایسا کر اس لڑکی کو اٹھالے......" امین نے بڑی سنجیدگی سے اسے مشورہ دیا۔

"کاش ایسا کرسکتا......" اس نے ایک گہری سانس بھری۔

"کیوں بھلا......؟ ہمارے لیے یہ کون سا مشکل کام ہے۔ اگر ایسی ہی وہ دو ٹکے کی لڑکی ہے تو اس کے لیے تمہیں اتنا خوار ہونے کی ضرورت ہی کیا ہے‘ چند دن پاس رکھنا‘ دل بھر جائے تو کسی کے ہاتھ آگے ٹرانسفر کردینا۔ نہ ہی ثبوت بچے گا نہ ہی کوئی مسئلہ ہوگا۔" کامران کا یہ مشورہ تھا۔ اس نے سر جھٹکا۔

"اب وہ اتنی بھی دو ٹکے کی نہیں ہے‘ بڑی مضبوط بیک ہے‘ ڈی آئی جی شاہزیب حیات علی اسے اپنی بھتیجی شو کرواتے ہیں۔ بھلے وہ ان کے بھائی کی بیٹی نہیں ہے مگر ان کے گھر وہ ان کی بیٹی کی ہی طرح رہ رہی ہے۔ سیکیورٹی میں وہ کالج آتی اور جاتی ہے۔ ان کے گھر کے باہر گارڈ کھڑے ہیں۔ اندر کیمرے نصب ہیں۔ اور مصطفیٰ پولیس ڈیپارٹمنٹ میں انتہائی اونچی پوسٹ پر بیٹھا یہ شخص اپنے باپ سے کئی گنا بڑھ کر چالاک ہے۔ اتنا آسان نہیں ہے یہ سب۔"

"تو پھر گولی مار...... کیوں اپنے آپ کو ایک لڑکی کے پیچھے برباد کررہے ہو۔" شہزاد خاصا جل کر بولا۔

www.pdfbooksfree.pk

"کاش گولی ہی مار سکتا۔ لیکن میں نے بھی سوچ لیا ہے کہ اسے ہر حال میں حاصل کر کے رہوں گا چاہے اب اپنا طریقہ کار ہی بدلنا پڑے۔" اس کے ارادے مصمم تھے۔ ان تینوں نے ایک دوسرے کو دیکھا۔

"مثلاً کیا کرو گے۔"

"میں شادی کروں گا اور ساری عمر اسے اس طرح سلگاؤں گا کہ وہ اپنے زخم چاٹتی پھرے گی سالی....." غلیظ گالی بکتے ہوئے اس نے اپنے ارادے ظاہر کیے تھے۔

"زبردست..... چلو اچھی بات ہے۔ اگر وہ اتنی مضبوط بیک میں ہے تو تم پھر بھی گھاٹے کا سودا نہیں کرو گے پھر بھی تمہاری بہن کے سسرالی ہیں اس کو اپنانے کا سب سے بہتر طریقہ ہے اس طرح تمہاری سسٹر کا گھر بھی محفوظ رہے گا۔"

شہزاد کو اس کا ارادہ بہت پسند آیا تھا۔ اس نے فوراً سراہا بھی تھا۔

"کیا وہ لوگ تمہیں لڑکی دے دیں گے۔" امین نے کھوجتی نظروں سے اسے دیکھا۔

"اگر نہ بھی دیں تو بھی اور بہت سے طریقے ہیں..... اب یہ طے ہے کہ مجھے شادی اسی سے کرنی ہے۔" اس کا بے لچک انداز تھا۔

"ویل ڈن..... بیسٹ آف لک۔" کامران نے بھی سراہا تھا جبکہ امین نے تمسخرانہ نظروں سے اسے دیکھتے کندھے اچکا دیئے تھے۔

اور ایاز نے جان بوجھ کر اس کا انداز نظر انداز کر دیا تھا۔

❁.....❁.....❁

وہ اپنی مخصوص اسپیڈ میں گاڑی ڈرائیو کرتا آ رہا تھا۔ آج وہ خلاف معمول لیٹ تھا۔ احسن عموماً میٹنگز وغیرہ اٹینڈ کرتا تھا مگر آج اسے جانا پڑ گیا تھا۔ نو بجے تک وہ فارغ ہوا تھا۔ گھر سے احسن اور بابا کے دو فون آ چکے تھے۔ وہ انہیں جلدی پہنچنے کی اطلاع کے ساتھ اسپیڈ سے گاڑی دوڑا رہا تھا۔ وہ سارا دن کی از حد مصروفیت و تھکاوٹ کی وجہ سے اب خود بھی جلد از جلد گھر پہنچ کر آرام کرنا چاہتا تھا۔

رات کا وقت تھا اسی وجہ سے ٹریفک بھی کم تھا۔ ابھی وہ گھر سے کچھ فاصلے پر ہی تھا جب ایک تیز رفتار گاڑی کو سامنے سے آتے دیکھ کر اس نے جلدی سے اپنی گاڑی کی اسپیڈ کم کی تھی۔ ون وے سڑک تھی ہارن دیتے اس نے سامنے والی گاڑی کے ڈرائیور کو متوجہ کرنے کی کوشش کی تھی مگر لگتا تھا کہ اس گاڑی کا ڈرائیور بہرہ تھا گاڑی کی اسپیڈ کم ہونے کی بجائے اور بڑھی تھی۔ ممکنہ حادثے سے ڈر کر ولید نے فوراً بریک پر پاؤں رکھا تھا مگر دیر ہو چکی تھی۔ سامنے سے آنے والی گاڑی لہرا کر اس کی گاڑی کے بمپر سے ٹکراتی لہراتی فٹ پاتھ پر چڑھ کر ایک طرف لڑھک گئی تھی۔

ولید نے فوراً اپنا چہرہ نیچے جھکا لیا تھا مگر ایسا کرنے سے اس کا چہرہ تو ونڈ اسکرین کی تباہ کاریوں کی زد میں آنے سے بچ گیا تھا مگر ولید کو لگا کہ جیسے اس کی گردن اور کندھے شیشے کی نوکوں سے چھل گئے ہیں۔ ونڈ اسکرین اور سائیڈ کی کھڑکی کا شیشہ بری طرح ٹوٹا تھا۔

حادثہ کافی شدید اور فوری تھا۔

اس نے اپنے حواس کو قابو کرتے ہوئے سر اٹھا کر دیکھا تو کئی ٹیسیں درد کی اسے اپنے کندھوں اور بائیں بازو کے ساتھ ساتھ گردن سے بھی اٹھتی محسوس ہوئیں۔

اس نے اپنے آپ کو سنبھالتے احتیاط سے ٹکڑے پیچھے کرتے دروازے کو کھولا تھا۔ باہر آ کر اس نے دوسری گاڑی



کو دیکھا۔ رات کے وقت ٹریفک اس سڑک پر نہ ہونے کے برابر تھی۔ کافی دیر بعد کوئی کوئی گاڑی گزر رہی تھی۔ اس نے گاڑی ٹکراتے ہوئے ایک بھرپور نسوانی چیخ سنی تھی جو یقیناً دوسری گاڑی سے برآمد ہوئی تھی۔ گاڑی جس طرح الٹی پڑی تھی لگتا تھا کہ گاڑی کے افراد خاصے زخمی ہوں گے اگر بچ بھی گئے تو یقیناً چوٹیں تو شدید نوعیت کی ہوں گی۔

وہ اپنے زخموں اور تکلیف کو بھلائے سرعت سے دوسری گاڑی کی طرف بڑھا تھا۔ گاڑی سائیڈ سے الٹی ہوئی تھی۔ اس نے اس کے ٹوٹے شیشوں سے جھانکا تو گاڑی میں ایک نسوانی وجود کے علاوہ اسے کوئی اور نظر نہ آیا تھا۔ لڑکی ڈرائیونگ سیٹ پر تھی پتا نہیں زندہ بھی تھی کہ مر کھپ گئی تھی۔ خون بہت تیزی سے بہہ رہا تھا۔

ولید نے سوچا چپ چاپ اپنی خیر منائے اور نکل جائے مگر اس کا دل کسی کو یوں بے یار و مددگار چھوڑ کر جانے کو نہ چاہا۔ اس نے اپنی تمام قوت استعمال کر کے گاڑی کو دھکا لگایا تو وہ لڑکھڑاتی کچھ سیدھی ہوئی تھی اب گاڑی کا دروازہ کھل سکتا تھا اس نے زور سے دروازہ کھولتے اندر سر ڈالا۔

لڑکی کا بازو تھام کر دیکھا نبض چل رہی تھی۔ وہ یقیناً ابھی زندہ تھی بروقت طبی امداد سے وہ بچ بھی سکتی تھی اس نے اس کو دونوں بازوؤں کے حصار میں لے کر اپنی طرف کھینچا تھا۔ خون اس قدر بہہ رہا تھا کہ پہچاننا مشکل ہو رہا تھا۔ مگر باہر زمین پر ڈالتے اس نے اندازہ لگایا کہ لڑکی نہ صرف خاصی خوب صورت تھی بلکہ جس طرح کا لباس وہ زیب تن کیے ہوئے تھی وہ خاصی ماڈ اور روشن خیال بھی تھی۔

اس کے برہنہ بازوؤں اور ہوش ربا وجود سے نگاہیں چراتے اس نے پھر گاڑی میں سر دیا تھا۔ دوسری سیٹ کے پیچھے پڑا بیگ، موبائل اور دوسری چیزیں اس نے اٹھا کر بیگ میں ڈالتے ہوئے گاڑی کی چابی بھی اگنیشن سے کھینچ لی تھی۔

لڑکی کو اپنی گاڑی کی پچھلی سیٹ پر منتقل کر کے اس نے اپنا کوٹ اتار کر اس کے وجود پر ڈال دیا تھا۔

نجانے کس گھرانے، کس خاندان کی عزت تھی۔ اسے اپنے اعصاب سلگتے محسوس ہوئے، اس کی نگاہوں میں ایک ڈھکا چھپا سراپا در آیا، امریکہ جیسے روشن خیال معاشرے میں رہنے کے باوجود روشی اپنی اقدار نہیں بھولی تھی مگر یہ لڑکی اس نے سر جھٹکا۔ ڈرائیونگ سیٹ سے کانچ کے ٹکڑے ہٹاتے اس نے گاڑی اسٹارٹ کی۔

سب سے پہلے اس لڑکی کو ہاسپٹل پہنچانے کا انتظام کرنا تھا۔ وقتی طور پر اسے اپنے زخم اور تکلیف بھول گئی تھی۔ انسانیت کے ہی ناتے ایک بے بس موت کے منہ میں جاتے وجود کی مدد کرنا یہی سب کچھ تو بابا انہیں ساری عمر سکھاتے رہے تھے اور وہ بھلا ان کی تعلیمات کیسے فراموش کر دیتا۔

ہاسپٹل میں لڑکی کو اسٹریچر پر ڈالا اور ایمرجنسی روم میں فوراً منتقل کر دیا گیا تھا۔

"آپ لڑکی کے کیا لگتے ہیں؟" چند منٹ بعد نرس نے آ کر پوچھا تو وہ سٹپٹا گیا۔

"کچھ بھی نہیں..... لڑکی کی گاڑی کا ایکسیڈنٹ ہوا تھا اور میں نے انسانیت کے ناتے اس کی مدد کی ہے۔" نرس نے سلوں نظروں سے اسے سر سے پاؤں تک دیکھا۔

"یہ کیسے ہو سکتا ہے؟ آپ جانتے ہیں یہ ایک پرائیویٹ ہاسپٹل ہے لاکھوں لگ جاتے ہیں علاج کے لیے۔ ہم تو سمجھے تھے کہ آپ اس کے ہزبینڈ ہیں۔"

لڑکی کی ظاہری کنڈیشن بھی کھاتے پیتے گھرانے کی لگ رہی ہے۔ اس کی ٹریٹمنٹ پر آنے والے اخراجات بھلا ون افورڈ کرے گا اب....." نرس کا انداز ہمدردی کی بجائے پیشہ ورانہ تھا۔ ولید کو تاسف سا ہوا۔ اس سے بہتر تو امریکہ

www.pdfbooksfree.pk

کا معاشرہ تھا جہاں فوراً زخمی کو امداد تو دی جاتی ہے۔

"میں افورڈ کروں گا ظاہر ہے میں ہی لے کر آیا ہوں۔ آپ بتائیں کیا چاہیے؟" اس نے تلخی سے کہا تو نرس نے چونک کر اسے دیکھا۔

"فوری بلڈ کا بندوبست کرنا ہوگا۔ آپ کو ایک پرخلوص مشورہ ہے لڑکی کسی بڑے گھرانے کی لگ رہی ہے یہ نہ ہو کہ آپ محض جذبہ ہمدردی میں مارے جائیں۔ جتنی جلدی ہو سکے اس کے ورثا کو ٹریس کریں۔ کیونکہ لڑکی کی حالت خاصی تشویش ناک ہے۔" وہ اسے مشورہ دے کر فوراً پھر ایمرجنسی روم میں گھس گئی تھی۔

اسے تشویش نے آ گھیرا تھا۔ اس نے اپنی سفید شرٹ پر ایک نگاہ ڈالی جو لڑکی کو اٹھانے سے خون سے رنگین ہو چکی تھی۔ وہ دوبارہ پارکنگ میں آیا گاڑی میں سے لڑکی کا بیگ نکال کر وہ واپس اندر آ گیا تھا۔

ایک سائڈ کرسی پر بیٹھ کر اس نے اس کا بیگ چیک کرنا شروع کیا تھا۔ بڑے سے جہازی سائز بیگ میں ہر چیز تھی جو عورتوں کو اپنے حسن کو نکھارنے کے لیے استعمال کرنا ہوتی ہے اگر نہیں تھا تو کوئی اس کا اتا پتا نہیں تھا۔ اس نے کوفت سے اس کا موبائل پکڑ لیا۔ کنٹیکٹ لسٹ چیک کرنا شروع کر دی تھی۔

وہ ابھی موبائل چیک ہی کر رہا تھا کہ افتاں وخیزاں وہ نرس پھر باہر آئی تھی۔

"کچھ پتا چلا لڑکی کے ورثا کا......؟"

"جی کوشش تو کر رہا ہوں۔" اس نے سنجیدگی سے کہا۔

"دیکھیں فوری بلڈ چاہیے...... ہاسپٹل میں اس کے گروپ کا بلڈ دستیاب ہے اگر آپ ہر طرح کی ذمہ داری قبول کرتے ہیں تو ٹریٹمنٹ دیا جا سکتا ہے ورنہ ایم سوری۔"

وہ نرس خالص اپنے بڑوں کی زبان بول رہی تھی۔ اس نے برہمی سے اسے دیکھا۔

"تو کیا آپ لوگ اس کے مرنے کا ویٹ کر رہے ہیں۔ اسے فوری ٹریٹمنٹ دیں۔ میں ہر طرح کی صورت حال کو قبول کرتے اس کی ذمہ داری قبول کر رہا ہوں۔ اور بحیثیت انسانیت ہر طرح کے ڈیوز بھی پے کرنے کو ریڈی ہوں۔ کہیں بھاگا نہیں جا رہا۔ کائنڈلی آپ یہاں کے ڈاکٹروں سے میری بات کروائیں۔ حیرت ہے کیسی بے حسی اور سفاکیت ہے؟ انسانیت نام کو نہیں...... گوشت پوست کا بنا انسان آخری ہچکیوں پر ہے اور آپ لوگوں کو اپنے فوائد کی پروا ہے...... اوہ مائی گاڈ۔" وہ ایکدم غصے میں آ کر تمام چیزیں صوفے پر رکھ کر اٹھ کھڑا ہوا تھا۔

نرس فوراً اندر کی طرف بھاگ گئی اور دو منٹ بعد وہ ایک ڈاکٹر سے بات چیت کرتے مختلف پیپرز پر سائن کر رہا تھا۔ اس کی جیب میں جتنے روپے تھے وہ سب جمع کروا کر اس نے ان کو فی الحال مطمئن کر دیا تھا۔ باقی کچھ وقت مختلف چیزیں اور ادویات فراہم کرنے میں لگ گیا تھا۔

"کیا بنے گا اس ملک کا؟ یہ ڈاکٹرز نہیں لٹیرے ہیں...... کیسے لوٹتے ہیں یہ لوگ، مائی گاڈ......" اس کے لیے یہ صورت حال نئی ہی نہیں تشویش ناک بھی تھی۔ وہ غم و غصے سے ٹہلتا رہا تھا اور پھر ایک دم لیفٹ اینڈ رائٹ کرتے چونک گیا تھا۔ لڑکی کے بیگ کے پاس رکھا موبائل بج رہا تھا۔ اس نے فوراً موبائل اٹھا لیا تھا۔

"عادلہ......" نام دیکھ کر اس نے فوراً کال پک کی تھی۔

"ہیلو......" اس کے الفاظ منہ میں ہی رہ گئے تھے جبکہ دوسری طرف نسوانی آواز میں کوئی بری طرح برس رہا تھا۔

"کہاں ہو تم...... ٹائم دیکھ رہی ہو کیا ہو رہا ہے مائی گاڈ رات کے بارہ بج رہے ہیں اور تمہارا کہیں نام و نشان نہیں...... مام پریشان ہو رہی ہیں فوری گھر پہنچو......" نجانے یہ کس قسم کی افتاد تھی اس کا ہیلو سنے بغیر ایکدم اسٹارٹ



ہوئی تھی اور اپنی بات سنا کر کھٹاک سے فون بند کر دیا گیا تھا۔

"یا اللہ......"

ولید نے گھور کر موبائل کو دیکھا اور پھر آنے والی کال پر ری ڈائل کر دیا۔

چند بیلز کے بعد کال ریسیو کر لی گئی تھی مگر انداز ہنوز پھاڑ کھانے والا تھا۔ اس کی سنے بغیر وہ پھر "چلتی کا نام گاڑی" کی مانند فل اسپیڈ سے بول رہی تھی۔

"اب کیا تکلیف ہے...... میری نیند سخت خراب ہو گئی ہے، صرف تمہاری وجہ سے۔ اور مام انہیں بھی چین نہیں، ہر دو منٹ بعد انہیں تمہارے درد اٹھ رہے ہیں۔ خدا کے واسطے اب یہ ایکسکیوز مجھے پیش کرنے کی بجائے مام کو پیش کرنا...... میں تنگ آ چکی ہوں تمہاری طرف سے بہانے بنا بنا کر...... آج پھر اپنے کسی بوائے فرینڈ کے ساتھ رات بھر کا کسی ہوٹل میں پروگرام ہے تمہارا......"

ولید سن کر ہی پسینوں پسینے ہو گیا تھا۔ وہ تو صرف ہاسپٹل کے عملے کی بے حسی پر کڑھ رہا تھا یہاں تو حقیقی رشتوں میں بے حسی تھی۔ کیسی بے پروائی تھی اور کیا انداز تھا؟

"دیکھیے میم! آپ مجھے بھی کچھ بولنے کا موقع دیں تو عرض کروں کچھ......" اس سے پہلے کہ وہ کال بند کرتی اس نے فوراً بات کاٹ کر کہا تو دوسری طرف اجنبی مردانہ آواز سن کر ایک پل کو خاموشی چھا گئی تھی اور پھر شروع ہو گئی تھی۔

"خبردار تم اس کی حمایت میں کچھ بولے تو...... میں جانتی ہوں تم لڑکوں کو...... دولت اور حسن دیکھ کر رال ٹپکنے لگتی ہے تمہاری...... اور وہ بھی اتنی کم عقل اور بے وقوف ہے کہ اپنا اسٹینڈر تک نہیں دیکھتی۔ ایسے للو پنجو قسم کے دو ٹکے کے لڑکوں کی ڈیمانڈ اور اوقات میں بہت اچھی طرح جانتی ہوں مسٹر......"

اس عورت کی گفتگو ایسی عامیانہ اور گھٹیا تھی کہ وہ ایکدم اشتعال میں آیا تھا۔

"اوہ...... یو شٹ اپ......" وہ ایکدم بولا تھا، دوسری طرف ایک دم خاموشی چھائی تھی۔

"آپ کو صرف یہ اطلاع دینی ہے کہ یہ جس محترمہ کا بھی نمبر ہے وہ اس وقت ایکسیڈنٹ کی وجہ سے زندگی و موت کی جنگ لڑ رہی ہیں۔ اگر آپ کی ریلیٹو ہیں تو رابطہ کر لیجیے گا...... شکریہ۔" موبائل بند کر کے اس نے پھر صوفے پر پھینک دیا اور اس عورت کے الفاظ پر اسے ابھی تک اپنی کنپٹیاں سلگتی محسوس ہوئیں۔

"مائی گاڈ...... کیسے غلیظ لوگ ہیں، کیا عورت ذات اتنا پستی میں بھی گر سکتی ہے اور وہ بھی مسلمان عورت؟" وہ سوچ سوچ کر سلگ رہا تھا۔

موبائل ایک دفعہ پھر بجنا شروع ہو چکا تھا اس نے بے حسی سے بجتے موبائل کو دیکھا۔ وہ اب جلد از جلد اس مصیبت سے چھٹکارا چاہتا تھا، دل تو چاہا کہ ایسی سفاک عورت سے بات کرنے کی بجائے موبائل اٹھا کر دیوار پر دے مارے۔

اس نے اپنے اشتعال پر قابو پاتے موبائل اٹھا لیا۔ آن کرتے خاموشی سے کان سے لگا لیا۔

"میں کاشفہ کی سسٹر بول رہی ہوں...... آپ نے چند پل پہلے جو اطلاع دی ہے کیا وہ درست ہے؟" لڑکی کا نام یقیناً کاشفہ تھا۔

"یس......" اس نے مختصراً کہا۔

"اگر یہ آپ کی سسٹر کا نمبر ہے تو ان کا بیگ اور گاڑی کی چابی اس وقت میرے پاس ہے...... ان کی گاڑی کا ایکسیڈنٹ ہو گیا تھا۔ اور میری بدقسمتی کہ میں انہیں انسانیت کے ناتے ہاسپٹل لے آیا اور اب اس کی سزا بھگت رہا ہوں۔ وہ اس وقت ایمرجنسی میں ہیں...... گاڑی بری طرح ڈیمج ہوئی ہے اگر میں بروقت انہیں ہاسپٹل نہ پہنچاتا تو وہ

www.pdfbooksfree.pk

اب تک مر چکی ہوتیں۔" اس نے سنجیدہ دوٹوک انداز میں اطلاع دی تھی۔

"مائی گاڈ۔"

"ایکسیڈنٹ کیسے ہوا..... اور وہ خیریت سے تو ہے نا.....؟" اب کے وہ لڑکی خاصی پریشانی سے پوچھ رہی تھی اس کی پریشانی محسوس کرتے وہ بھی تھوڑا سا دھیما پڑ گیا۔

"شاید گاڑی کی بریک فیل ہو گئی تھیں۔ گاڑی کے انداز سے تو یہی لگتا ہے۔ اور وہ اس وقت ایمرجنسی میں ہیں۔ ڈاکٹر اس کی زندگی بچانے کی کوشش کر رہے ہیں۔"

"کون سے ہاسپٹل میں ہے؟" وہ پوچھ رہی تھی اس نے ہاسپٹل کا نام بتا کر کال ڈس کنیکٹ کر دی تھی۔

کوئی آدھ گھنٹے بعد ایک مرد عورت اور لڑکی پریشان گھبرائے ہوئے آتے دکھائی دیئے تھے۔ یقیناً وہ ریسپشن سے اس کے متعلق ہی پوچھ کر آئے تھے۔

وہ کرسی سے اٹھ کر کھڑا ہو گیا تھا۔

"میں کاشفہ کا والد اور یہ اس کی والدہ اور بہن ہیں۔" آدمی نے ہی آگے بڑھ کر تعارف کروایا تھا۔ فارمیلٹی کے طور پر اس نے ان سے ہاتھ ملاتے حادثے کی وجہ' صورت اور اب تک کی تمام تفصیلات بتاتے ڈاکٹر کے رویے بھی بتا دیئے تھے۔

عبدالقیوم صاحب آتے ہی مختلف ڈاکٹرز اور اسٹاف سے رابطے میں لگ گئے تھے اور ٹھیک پندرہ منٹ بعد ہی جیسے سارے ہاسپٹل کا اسٹاف اور عملہ ایک جگہ سمٹ آیا تھا۔ ولید خاموشی سے کارکردگی دیکھ رہا تھا۔

وہ ڈاکٹرز جو بمشکل لڑکی کو ٹریسمنٹ دے رہے تھے' اب بڑی جانفشانی سے لڑکی کو ہینڈل کر رہے تھے۔

ایک بجے کے قریب ڈاکٹرز نے بتایا کہ لڑکی کی کنڈیشن بہتر ہے اور اب خطرے سے باہر ہے تو اس نے بے اختیار تشکر کا سانس لیا تھا۔

"تھینک گاڈ..... او کے عبدالقیوم صاحب اب مجھے اجازت دیجیے میرے گھر والے پریشان ہو رہے ہوں گے' آپ کی بیٹی کو اللہ شفا دے اور ہدایت پہ مبنی لمبی زندگی دے۔" اس نے دل سے دعا دی تھی۔

"تمہارا بہت بہت شکریہ بیٹا! تم نے میری بیٹی کو دوسرے لوگوں کی طرح فٹ پاتھ پر پڑا رہنے نہ دیا..... تمہاری بروقت مدد سے وہ بچ گئی ہے۔" وہ تشکر سے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھتے گویا تھے اور پہلی بار شاید اسے غور سے دیکھا تھا۔

ہاسپٹل میں رات کے وقت وہ اسے دیکھ کر ایک پل کو چونک گئے تھے۔

یہ چہرہ' یہ انداز' یہ لب ولہجہ' وہ بری طرح ٹھٹکے تھے۔

"ایسی کوئی بات نہیں' بحیثیت انسان یہ تو میرا فرض تھا' ان کی جگہ کوئی بھی ہوتا تو بھی میں اس کی مدد کرتا اور اپنے تمام سورسز استعمال کرواتا اس کی جان بچانے کے لیے....." وہ بغیر پلکیں جھپکائے اس کے روشن خوبرو نہایت حسین و جمیل چہرے کو تک رہے تھے۔

"کیا نام ہے تمہارا؟" اپنے کسی خیال سے چونک کر انہوں نے پوچھا تو وہ مسکرا دیا۔

اپنی وجاہت سے تو وہ خود بھی باخبر تھا اکثر لوگ اسے دیکھ کر اسی طرح مبہوت رہ جاتے تھے۔ خصوصاً لڑکیاں تو مرتی تھیں۔

"جی ولید ضیاء احمد۔"



"اوہ....." وہ ایکدم ریلیکس ہوئے تھے اپنے ذہن کو جھٹکتے وہ مسکرائے تھے۔

"تھینک یو بیٹا..... ہم اب یہیں ہیں تم جا کر آرام کرو۔"

ایک ہاتھ اس کے کندھے پر رکھے دوسرا اس کے ہاتھ میں ڈالے وہ بہت محبت و شفقت سے کہہ رہے تھے۔ یہ ان کا خاص انداز تھا کسی کو اپنا گرویدہ بنانے کا..... ولید قدرے متاثر ہوا۔

"اور تم بھی شاید زخمی ہو....." اس کی گردن پر نظر ڈالتے قمیص رنگین دیکھ کر وہ تشویش سے بولے تھے۔ ولید مسکرا دیا۔

"نہیں انکل' بس ہلکے سے زخم اور خراشیں ہیں ڈونٹ وری۔"

"کسی ڈاکٹر کو دکھا لیتے ہیں۔ بینڈیج تو ضرور ہونی چاہیے نا۔" گردن پر ہاتھ رکھ کر زخم دیکھتے وہ کہہ رہے تھے۔ ان کا لہجہ پر شفقت ہی نہیں پر تشویش بھی تھا۔

"جی ضرور کرواتا مگر کیا کروں خاصا لیٹ ہو چکا ہوں گھر والوں کے کئی فون آ چکے ہیں اور دوست کے پاس ٹھہر جانے کے بہانے بنا بنا کر اب میں بھی تھک چکا ہوں۔ میں ان شاء اللہ صبح چکر لگاؤں گا۔ یہ کارڈ ہے رکھ لیں کسی بھی سلسلے میں ضرورت ہو تو کال کر لیجیے گا۔ چونکہ یہ ایکسیڈنٹ کا کیس تھا تو کاغذی کارروائی پر میرے ہی دستخط ہیں۔ کوئی پریشانی ہو تو بلا لیجیے گا۔" عادلہ اپنی ماں کو لیے سائیڈ کے صوفوں پر ٹک گئی تھی۔ ولید نے انہیں کار کی چابی بیگ اور موبائل تھما دیا تھا۔

اور پھر وہ ان لوگوں کو خدا حافظ کہہ کر وہاں سے نکل آیا تھا۔

"بڑا نیک اور سلجھا ہوا لڑکا ہے۔" عبدالقیوم صاحب نے اپنی بیگم کو دیکھ کر کہا۔

"کسی نیک اور سلجھے ہوئے گھرانے کا لگتا ہے۔" بیگم نے بھی تائید کی تھی۔ اور عادلہ بھی قائل ہوئی کہ اس نے ایک دفعہ بھی تو سر اٹھا کر اس کی طرف دیکھنے کی کوشش نہ کی تھی۔

یہ اس کی شرافت کی گواہی ہی تو تھی۔

عبدالقیوم صاحب ہاتھ میں پکڑا کارڈ جیب میں ڈالتے نڈھال سے انداز میں صوفے پر ٹک گئے تھے۔

❁.....❁.....❁

اسٹڈی کے دوران اسے کافی کی شدید طلب ہوئی۔ وہ پچھلے کئی دنوں سے روشی اور ولید کی ہدایت کی وجہ سے کافی پینے سے احتیاط برت رہی تھی مگر آج طلب بڑھتے دیکھ کر وہ سب کچھ وہیں چھوڑ کر باہر نکل آئی تھی۔ ارادہ اس کا کچن کی طرف جانے کا تھا مگر لاؤنج سے ٹی وی کی آواز آتے دیکھ کر وہ ادھر چلی آئی۔

روشی اپنی جمائیاں روکے ٹی وی دیکھتی صوفے پر نیم دراز تھی۔

اس نے وال کلاک کی طرف نگاہ کی۔

رات کے ساڑھے بارہ بج رہے تھے۔

"تم سوئی نہیں روشی؟" وہ اس کے پاس ہی صوفے پر آ بیٹھی منہ پر ہاتھ رکھے جمائی روکتے وہ اٹھ بیٹھی..... نیند سے اس کا برا حال تھا۔ آنکھوں کے ڈورے نیند کی وجہ سے سرخ ہو رہے تھے۔ وہ اس وقت اس حالت میں نہایت پرکشش لگ رہی تھی۔

"ولید بھائی کا ویٹ کر رہی ہوں۔" اپنے جاگنے کی وجہ بیان کی تو وہ چونکی۔

"کیا ولی ابھی تک نہیں لوٹا۔" نہایت حیرت و استعجاب سے پوچھا۔

"نہیں..... میں نے ایک گھنٹہ پہلے کال کی تھی تو کہہ رہے تھے کہ دوست کے پاس ہوں۔ لیٹ ہو جاؤں گا۔ اور

www.pdfbooksfree.pk

اس کے بعد مسلسل خاموشی ہے۔ میں نے کئی بار کال کی ہے مگر وہ اٹینڈ نہیں کر رہے۔"

"لاؤ دو موبائل میں کال کرتی ہوں۔" اس نے روشی کے ہاتھ سے اس کا موبائل لے کر نمبرز ملائے تھے بجائے اس کے کہ کال ریسیو کی جاتی فوراً کاٹ دی گئی۔

"کاٹ دی نا؟" روشی اس کے ہاتھ نیچے کر لینے پر گویا ہوئی۔ اس نے سر ہلا دیا۔

"آپ کدھر ہیں..... اور کب تک پہنچ رہے ہیں؟" اس نے دوبارہ میسج سینڈ کیا جس کا Reply فوراً مل گیا تھا۔

"میں دوست کے ساتھ ہوں..... ڈونٹ وری..... کچھ لیٹ ہو جاؤں گا..... تم آرام سے جا کر سو جاؤ۔"

میسج پڑھ کر اس نے گہری سانس لیتے روشی کو موبائل تھما دیا تھا۔

"ولی بھائی کا ایسا کون سا دوست ہے جو اتنی رات کو باہر ہیں ابھی تک؟" وہ روشی کو دیکھ کر پوچھ بیٹھی۔

"کافی پیو گی؟"

"نہیں پہلے ہی نیند سے برا حال ہے۔ اس ٹائم کافی پی کر اپنی نیند خراب نہیں کرنی....." اس کے ساتھ وہ بھی کھڑی ہو گئی تھی۔

"میں سونے جا رہی ہوں اور تم بھی کافی کو چھوڑ کر سونے کی کوشش کرو۔"

"تم چلو میں تمہارے کمرے میں ہی کافی بنا کر آتی ہوں۔"

کچن میں آ کر اس نے اپنے لیے کافی بنائی تھی۔ مگ لیے وہ روشی کے کمرے میں آئی تو وہ محترمہ بستر پر دراز نیند میں تھی۔

"روشی۔" اس کے پاس ہی بیٹھ کر اسے جھنجوڑا۔

"کیا ہے؟" نیند سے مندھی مندھی آنکھیں کیسی سحر طراز تھیں۔ اسے ٹوٹ کر روشی پر پیار آیا۔

"تمہیں شہوار کے گھر جا کر کیسا لگا؟" روشی کے ساتھ واپسی پر ڈرائیور کی وجہ سے شہوار والے معاملے پر زیادہ بات چیت نہ ہو سکی تھی۔ گھر آ کر ٹائم ہی نہیں ملا تھا کہ دونوں آرام سے بیٹھ کر اس موضوع پر ڈسکشن کرتیں۔

"اچھا لگا..... بلکہ بہت اچھا مگر یار یہ کون سا وقت ہے ان لوگوں کو ڈسکس کرنے کا' صبح نہیں ہو سکتی کیا؟" اس کا نیند سے برا حال تھا۔ وہ مسکرا دی۔

"اٹھ کر بیٹھ جاؤ..... ورنہ میں یہ کافی کا بھرا مگ تمہارے اوپر انڈیل دوں گی۔ مجھے نیند نہیں آ رہی اور تمہاری سزا یہ ہے کہ تم بھی میرے ساتھ جاگو گی۔" روشی نے بڑی بڑی آنکھوں سے اسے گھورا اور اسے مسکراتے ہوئے کافی کی چسکیاں بھرتے دیکھ کر کلسی۔

"دفع ہو جاؤ..... اپنے کمرے میں جا کر مرو..... لے کر میری نیند خراب کر رہی ہو۔ پہلے ولی بھائی کی وجہ سے اب تمہاری وجہ سے..... میں پھوپو کو درغلاتی ہوں تمہارا اب کوئی پکا بندوبست کریں..... تمہیں راتوں کو نیند نہیں آتی۔ تمہارے لیے تمہارے ساتھ جاگنے والا ایک انسان ڈھونڈیں اب....." روشی کے الفاظ پر انا کا دل بے اختیار دھڑک اٹھا تھا۔ شرم سے اس کے گلنار رخساروں پر پلکوں کا رقص بڑا دلکش تھا۔ وہ ایکدم سٹپٹا کر رہ گئی۔

"بکواس مت کرو....." اس نے ڈپٹا تھا وہ ہلکا سا ہنس دی تھی۔ نیند سے اٹی ہنسی..... ماحول میں ارتعاش سا بکھر گیا۔

"بکواس نہیں حقیقت میں اب ایسا ہی کروں گی اب اگر تم نے میری نیند خراب کی تو..... اچھا ہے تمہیں بھی لگام

www.pdfbooksfree.pk

ڈالنے والا کوئی ہونا چاہیے۔ جس کے سامنے تمہاری بولتی بند ہو۔ وہ تمہاری راتوں کو اپنے وجود کی قربتوں سے منور کرے پھر تمہیں جاگنے کا مزہ آئے گا۔" روشی نے گویا اگلے پچھلے سارے حساب چکائے تھے وہ ایک دم شرم سے کٹ کر رہ گئی۔ خجالت سے اپنا ہاتھ کھینچ کر اس کے کندھے پر مارا "وہ ہائے وائے کرتے کراہ کر رہ گئی۔

"بہت چلتی ہے تمہاری زبان..... لگتا ہے احسن بھائی زیادہ ہی تنگ کرنے لگے ہیں تمہیں..... ویسے انہیں شرم آنی چاہیے شادی سے پہلے ان کی یہ حرکتیں..... ماما سے شکایت کروں گی....." روشی اس کی دھمکی پر ایکدم ہڑبڑا کر اٹھ بیٹھی تھی انا نے بے ساختہ اپنی مسکراہٹ ہونٹوں تلے روکی۔

"خبردار پھوپو کو کچھ کہا بھی تو..... ایسی کوئی بات نہیں میری تو کبھی احسن سے ایک دو لفظوں سے زیادہ بات چیت ہی نہیں ہوئی۔" وہ گھبرا کر صفائی پیش کر رہی تھی وہ کھل کر ہنس دی۔

روشی نے ایک زوردار دھموکا اسے جڑ دیا۔

"بہت بری ہو تم؟" وہ منہ پھلا کر کروٹ بدل کر لیٹ گئی۔

"انا شہوار کے ساتھ کیا پرابلم ہے؟ وہ کس شخص کی بات کر رہی تھی کالج میں اس کے ساتھ کیا کچھ ہوا ہے؟" کچھ دیر بعد یاد آنے پر وہ اس کی طرف رخ کیے پوچھ رہی تھی۔ انا فوراً سنجیدہ ہوگئی۔

"بس ہے ایک شخص پورے کالج کے لیے ناسور تقریباً کالج کی تمام لڑکیاں اس سے بدظن اور دور بھاگتی ہیں۔"

"اس کا شہوار سے کیا تعلق ہے؟" یہ ٹاپک اتنا حساس تھا کہ انا سوچنے لگی کہ بات کہاں سے شروع کرے۔

"اس کا اس سے کوئی تعلق نہیں....." اس نے خاصی حقارت سے کہا۔

اور پھر چیدہ چیدہ مختصراً الفاظ میں اسے تمام پچھلی باتوں کے ہمراہ موجودہ صورت حال سمیت سب بتا دیا۔ روشی کو یہ سب سن کر بہت دکھ ہوا۔

"ویری سیڈ۔"

"ویسے وہ لوگ بہت اچھے پرخلوص اور ملنسار ہیں شہوار کے لیے تو بہت مخلص ہیں۔"

"ہوں۔" اس نے ہنکارا بھرا اس کی ساری شوخی و شرارت ہوا ہوگئی تھی۔ اسے رہ رہ کر شہوار کا حزن وملال میں ڈوبا چہرہ یاد آ رہا تھا۔

"ایسے لڑکے کے لیے تو کڑی سے کڑی سزا بھی کم ہے۔ تم فکر مت کرو۔ سب ٹھیک ہو جائے گا۔" روشی تبصرہ کرتے کرتے انا کی افسردگی دیکھ کر رک گئی۔

"ولی بھائی بھی کتنے بے پروا ہو گئے ہیں..... اب تو آ جانا چاہیے تھا انہیں۔"

وال کلاک کی طرف دیکھا تو سوا ایک ہو رہا تھا۔ انا کا بھی دھیان بھٹکا۔ روشی پھر لیٹ گئی تھی۔ انا کی توجہ ولید کی طرف ہوگئی۔

"تمہیں تو نیند آنے والی نہیں اب..... میں سو رہی ہوں تم ولی بھائی کا انتظار کر لینا۔ وہ آئیں تو کھانا وغیرہ پوچھ لینا پلیز....." نیند سے بھری آنکھیں اس نے پھر بند کر لی تھیں۔ وہ روشی کے بیڈ پر بیٹھی چند منٹ کچھ سوچتی رہی اور پھر اٹھ کر باہر ٹیرس پر آ نکلی۔

ڈیڑھ بجے کے قریب گاڑی کے ہارن کی آواز پر وہ چونکی۔

شاید ولید آ گیا تھا۔

وہ سیدھی ہو کر گیٹ کی طرف دیکھنے لگی۔ چوکیدار اپنے کمرے سے نکل کر گیٹ کی طرف جا رہا تھا..... ولید گاڑی



اندر لے آیا تھا۔ سارا لان اور ارد گرد کا سارا ماحول گہرے تاریک اندھیرے میں غرق تھا وہ اپنی گاڑی سے نکل کر چوکیدار کو نجانے کیا کہہ رہا تھا۔ چوکیدار صرف سر ہلا رہا تھا اور پھر ولید اپنے والے پورشن کی طرف چلا آیا تھا۔

ولید کا کمرا روشی کے کمرے کے ساتھ ہی تھا۔

وہ جیسے ہی سیڑھیاں چڑھتا اوپر آیا تھا سامنے ہی ٹیرس کی ریلنگ کے ساتھ لگی انا کو دیکھ کر ٹھٹکا تھا۔

"تم ابھی تک جاگ رہی ہو؟" ورنہ اسے یقین تھا کہ روشی کے علاوہ سب ہی سو چکے ہوں گے اور روشی کو بھی اس نے میسج کر کے سونے کا کہا تھا جس کا مطلب تھا کہ وہ واقعی سو گئی ہوگی۔ وہ اس کی کچی نیند کے بارے میں اچھی طرح آگاہ تھا۔ مگر روشی کی جگہ انا کو چوکیداری کرتے دیکھ کر چپ ہو گیا تھا۔

انا تو حیران وششدر سی آنکھیں پھاڑے ولید کی خون آلود شرٹ کو دیکھ رہی تھی۔

"یہ خون کیسا ہے.....؟ ایکسیڈنٹ ہو گیا ہے کیا؟" حیرت کے سمندر سے نکلتے ہی بہت گھبرا کر نہایت خوفزدہ وہ اس کے قریب آ کر پوچھ رہی تھی وہ جواب دینے کی بجائے کمرے میں چلا گیا تھا۔

اور انا بھی اس کے پیچھے کمرے میں داخل ہوگئی تھی۔

"کہ..... کہ کیسے ہوا ہے ایکسیڈنٹ.....؟" وہ لاکھ بہادر سہی ایک مستقبل کی لائق فائق ڈاکٹر سہی مگر ولید کو اس حالت میں دیکھ کر اس کے اوسان خطا ہونے کو تھے۔ ولید نے ہاتھ میں تھاما بیگ ٹیبل پر رکھ دیا تھا۔

"کوئی ایکسیڈنٹ نہیں ہوا میں ٹھیک ہوں۔" اس کی بے پناہ گھبراہٹ اور پریشانی دیکھ کر اس نے تسلی دینا چاہی تھی۔

"تو پھر یہ.....؟" اس نے بے یقینی سے اس کا چہرہ دیکھتے اس کی خون آلود شرٹ کی طرف اشارہ کیا۔

"کچھ نہیں یار! بس کسی کا ایکسیڈنٹ ہو گیا تھا تو اس کو ہاسپٹل پہنچاتے یہ حالت ہوگئی۔" لفظ ایکسیڈنٹ سن کر ہی ہاتھ پیر پھول جاتے ہیں وہ تو پھر اس قدر خون آلود شرٹ دیکھ کر گھبرا گئی تھی۔ وہ ایکدم آگے بڑھ کر اس کا ہاتھ تھام کر کھڑی ہوگئی تھی۔

"آپ جھوٹ بول رہے ہیں نا؟" اس کی آنکھوں میں آنسو سمٹ آئے تھے۔ "سچ سچ بتائیں..... کیا ہوا ہے؟" ولید نے خاصا چونک کر اسے دیکھا۔

"تھنک مور یار.....! اور میں جھوٹ کیوں بولوں گا۔ بس چند خراشوں کے سوا میں بالکل ٹھیک ہوں۔" وہ اس کی کیفیت سے خاصا متاثر ہوا تھا۔ دھیمے سے اس کا رخسار تھپتھپا کر اسے ریلیکس کرنا چاہا مگر وہ خون سے بھری شرٹ کو دیکھ کر کچھ بھی ماننے کو تیار نہ تھی۔

ساری شرٹ خون آلود تھی یقیناً کوئی بڑی بات ہوئی ہوگی۔

"میں ماموں اور ماما کو بتاتی ہوں۔" صورت حال کا اندازہ لگاتے اس کا ہاتھ چھوڑ کر باہر نکلنے والی تھی۔

"پاگل پن کی باتیں مت کروانا....." ولید نے ایکدم اس کا بازو پکڑ کر اسے روک لیا تھا۔

"آپ زخمی ہیں نا.....!" اس کی آنکھوں میں بے پناہ خوف وہراس تھا۔ وہ محسوس کرتے کچھ دھیما پڑ گیا۔

"ہاں مگر اتنا زیادہ نہیں جتنا تم سوچ رہی ہو..... چند ہلکی پھلکی گردن بازو اور کندھوں پر خراشیں ہیں..... تم خود میڈیکل کی اسٹوڈنٹ ہو..... بہت کمزور اعصاب کی مالک ہو تم تو؟" اسے ڈپٹ کر آخر میں اس نے جتایا تو وہ خجل سی ہوگئی مگر وہ کیا کرتی کسی اپنے کو خون آلود حالت میں دیکھ کر دل پر کیا بیتتی ہے یہ زندگی کا فرسٹ اور حیران کن ایکسپرنس تھا۔ مریض کو تو وہ اکثر دیکھتی ہی رہتی تھی بلکہ عادی تھی۔

"آپ نے بینڈ ایج کروائی؟" وہ مسلسل تھانیداروں کی طرح کھڑی تفتیش کر رہی تھی۔ ولید جو پہلے ہی اعصاب

www.pdfbooksfree.pk

شکن تھکاوٹ کا شکار تھا اوپر سے ایکسیڈنٹ نے رہی سہی طاقت سلب کرلی تھی۔ گردن اور کندھوں سے اٹھنے والی ٹیسیں بڑی تکلیف دہ تھیں۔ وہ آرام سے بستر پر بیٹھ کر پاؤں کو جوتوں سے آزاد کرنے لگا تھا۔

انا نے دیکھا اس کی گردن بھی زخمی تھی۔ جس کی وجہ سے خون بہنے سے شرٹ کا پچھلا حصہ بھی خون آلود ہو چکا تھا۔

"آپ گھر کیوں آئے..... ڈاکٹر کے پاس کیوں نہیں گئے؟" وہ چیخی تھی۔ اس نے سر اٹھا کر اسے دیکھا۔

"انا پلیز میں چینج کرنا چاہتا ہوں' پلیز ڈونٹ ڈسٹرب می۔" اس کے ان الفاظ نے اس کے دل پر بری طرح چوٹ لگائی تھی۔ اس کے آنسو بے اختیار تھے۔

"مجھے بہت تکلیف ہو رہی ہے آپ کو اس حالت میں دیکھ کر' آپ کی تکلیف کے احساس سے میرا دل بند ہو جائے گا۔" وہ شدت سے رو دی تھی جبکہ ولید اس ردعمل پر حیران رہ گیا تھا۔

وہ اچھی خاص میچور لڑکی تھی اس جذباتیت کی اس سے توقع تو نہ تھی۔ ولید کو تو لینے کے دینے پڑ گئے تھے فوراً اٹھ کر اس کے قریب ہوا تھا۔

"مائی گاڈ..... یہ کیا طریقہ ہے یار.....؟ ڈونٹ وری آئی ایم آل رائٹ۔" تسلی دینے کو اس کے سر پر ہاتھ رکھا تھا مگر وہ تو بے اختیار اس کے قریب ہوتے اس کے کندھے پر پیشانی ٹکاتے رو دی تھی۔ اور یہ سب کچھ اس قدر اچانک تھا کہ ولید بھی اپنی جگہ سٹپٹا کر رہ گیا تھا۔

"آپ کو کچھ بھی ہوا تو بائی گاڈ میں مر جاؤں گی۔" پتا نہیں وہ حواس میں تھی یا نہیں ولید تو تڑپ کر پیچھے ہوا تھا۔ جانچتی نظروں سے اسے دیکھا۔

نہ ہی وہ کوئی ناسمجھ بچہ تھا اور نہ ہی انا کے الفاظ غیر واضح تھے۔

تو پھر.....! اس کا یوں رونا..... ری ایکٹ کرنا..... اور اب بھی وہ اپنے الفاظ کا احساس کیے بغیر ہاتھوں میں چہرہ چھپائے رو رہی تھی۔

"انا ڈونٹ بی سلی! یہ کیا بیوقوفی ہے یار۔" وہ جھنجلا کر کہہ رہا تھا۔ "تم اچھی خاصی میچور لڑکی ہو..... میڈیکل کے فورتھ ایئر کی اسٹوڈنٹ ہو کر ایسا ری ایکشن حیرت ہے۔ ذرا سا خون دیکھ کر تمہاری یہ حالت ہے اگر کسی دن خون میں لت پت وجود کو ٹریٹمنٹ دینے کی ضرورت پڑ گئی تو پھر؟" وہ سنجیدہ ہو گیا تھا۔

"ایم سوری....." اپنی جذباتیت پر خود بھی گھبرا کر سر اٹھا کر اسے دیکھا۔ ولید نے خاموشی سے اس کی بھیگی نگاہوں سے نظریں چرالیں۔

ایکدم دل کو کچھ ہوا تھا۔

"فرسٹ ایڈ باکس لے کر آؤ ہری اپ۔" الماری کی طرف بڑھتے اس نے اس کے وجود کو سامنے سے ہٹانا چاہا تھا۔ بڑا سا دوپٹہ لیے جس کا ایک پلو سر پر تھا اس کے سامنے کھڑی روتی آنسو بہاتی' اسے عجیب سے احساسات سے دوچار کر گئی تھی۔ انا نے کچن میں آ کر فرسٹ ایڈ باکس نکالا۔

اپنی کیفیت اس کے اپنے لیے بھی بڑی پریشان کن تھی اور اس کے قطعی اختیار سے باہر بھی۔

وہ جتنا بھی خود کو نارمل کرنے کی کوشش کرتی مگر وہ اپنے احساسات و جذبات کے سامنے قطعی بے بس تھی۔

بعض احساسات و جذبات فطری ہوتے اور واقعے کو مدنظر رکھتے انسان کے اندر سے امڈتے ہیں یوں کہ اسے خود بھی اندازہ نہیں ہو پاتا کہ وہ کس قسم کی جذباتیت کا مظاہرہ کر رہا ہے یا سامنے والے انسان پر اس کی جذباتیت کس طرح اثر انداز ہو رہی ہے۔ اس وقت وہ بھی کچھ ایسی ہی سچویشن سے دوچار تھی۔ وہ صرف جذبات کے تابع تھی۔



وہ فرسٹ ایڈ باکس لیے واپس کمرے میں آئی تو وہ چینج کر چکا تھا۔ جسم پر بنیان اور ٹراؤزر تھا۔ کندھوں پر وہ ٹاول ڈالے جیسے اس کا ہی منتظر تھا۔

اب گردن اور بازوؤں کے زخم خاصی تکلیف دے رہے تھے۔ جنہیں وہ مسلسل معمولی خراشیں اور ٹیسیں کہہ کر نظر انداز کر رہا تھا۔ اس نے لب بھینچ رکھے تھے۔

"میں بینڈ ایج کرلوں گا تم جاؤ اب....." اس کے ہاتھ سے باکس لے کر وہ کھول رہا تھا جبکہ وہ خاموشی سے اس کی گردن اور بازو کے زخم کو خاصی تشویش سے دیکھ رہی تھی۔

"آپ خود کیسے کریں گے.....؟ بہتر تھا کہ ہاسپٹل سے ہی کروا کر آتے۔" وہ اپنے آپ کو خاصا سنبھال چکی تھی باکس سے روئی اور ڈیٹول لے کر ولید کی سوالیہ نظروں کو نظر انداز کرتی اس کی سائیڈ پر آ کھڑی ہوئی۔

"ٹھیک ہے میں کچھ پل قبل ایک کمزور ڈاکٹر ثابت ہوئی ہوں مگر اب کی بار آپ کو ناکامی نہیں ہوگی۔ اب میں اتنی بھی اناڑی نہیں ہوں۔"

مسکرا کر کہتے اس وقت وہ کسی بھی صورت حال کو ذہن میں جگہ دیئے بغیر صرف جذبۂ ہمدردی کے تحت یہ سب کرنے پر مجبور تھی شاید اس کے پیشہ ورانہ ڈاکٹری کے جذبات ابھر آئے تھے۔ یا پھر وہ اپنے احساسات و جذبات کے سامنے قطعی بے بس تھی۔

ولید بھی شاید اس کے احساسات سمجھ گیا تھا اس نے دوبارہ ٹوکا نہیں تھا۔

"آپ ادھر چیئر پر آ کر بیٹھ جائیں۔" ولید بستر کے کنارے سے اٹھ کر چیئر پر آ بیٹھا تھا جو اس نے اسٹڈی ٹیبل کے سامنے سے اٹھا کر ڈریسنگ کے سامنے رکھی تھی۔

وہ ٹاول ہٹا کر اس کی گردن سے بڑی احتیاط سے چپکے کانچ صاف کر رہی تھی۔

"کب ایکسیڈنٹ ہوا تھا؟" وہ نظریں اپنے پاؤں پر جمائے اس کے رحم و کرم پر تھا اس کے سوال پر نظریں اٹھا کر مرر میں اسے دیکھا وہ مکمل توجہ اس کی گردن کی طرف کیے روئی اور ڈیٹول کی مدد سے گردن سے خون کے ساتھ ساتھ شیشے کی کرچیاں بھی چن رہی تھی۔

"شاید نو بجے کی ٹائمنگ تھی۔"

"مائی گاڈ تب سے اب تک آپ اسی حالت میں گھومتے پھر رہے ہیں؟" اس نے حیران ہو کر ولید کے چہرے کی طرف دیکھا جو جھکا ہوا تھا وہ اس کے تاثرات ملاحظہ نہ کر سکی تھی۔

"ہمت ہے آپ کی' جس طرح کانچ گردن کی کھال میں گھس گئے ہیں تکلیف تو ناقابل برداشت ہو جاتی ہے۔" کمرے میں پڑا جگ اٹھا کر وہ واش روم میں گھس گئی تھی پانی بھر کر لا کر ڈیٹول کے چند قطرے ڈال کر اس نے پہلے تو اس کے ٹاول سے کانچ اور جما ہوا خون صاف کیا اور پھر جہاں زخم گہرا تھا وہاں آئنمنٹ لگا کر اس نے پٹی کر دی تھی۔ دائیں بازو' دائیں کندھے اور گردن کا پچھلا حصہ دائیں طرف سے زیادہ متاثر ہوا تھا باقی تو خراشیں ہی تھیں صرف۔ مرہم پٹی کر کے اس نے جھک کر باکس میں تمام چیزیں ڈالی تھیں اور پھر تمام چیزیں سمیٹ کر وہ اٹھ کھڑی ہوئی۔

"کھانا کھائیں گے؟" اس کے سوال پر ولید کو شدید بھوک کا احساس ہوا جو بھاگ دوڑ میں کہیں رفو چکر ہو چکا تھا۔

"تم رہنے دو پہلے ہی بہت خدمت کر لی ہے میری..... آج تو نیم حکیم جی کو بھی مجھے تختۂ مشق بنانے کا موقع مل گیا ہے۔ پہلے تو تمہاری ڈاکٹری کی زد میں جسٹ بابا جان ہی آتے تھے۔" بینڈ ایج کے دوران وہ ایک لفظ بھی نہ بولا تھا

www.pdfbooksfree.pk

اوراب اس کے الفاظ پر وہ مسکرادی۔

"تم جاؤ..... صبح کالج بھی جانا ہوگا تم نے..... خواہ مخواہ میری وجہ سے تم نے اپنی نیند برباد کی..... بھوک تو واقعی مجھے لگ رہی ہے اور تھکن سے بھی برا حال ہے اب جی چاہتا ہے کہ پڑ کر سو جاؤں مگر کھانا کائے بغیر نیند نہیں آئے گی۔ میں خود ہی کچن سے کچھ نہ کچھ لے لوں گا۔ تمہارا بہت شکریہ تم نے اتنی زحمت کی۔"

"زحمت کیسی.....؟ آپ پلیز آرام سے لیٹ جائیں میں کھانا لے آتی ہوں۔" اس نے مسکرا کر کہتے باہر نکلنا چاہا کہ ولید نے منع کر دیا۔

"تم رہنے دو پہلے ہی تمہیں خاصا ڈسٹرب کر چکا ہوں..... تمہیں نیند آ رہی ہوگی۔"

"میری نیند کی آپ فکر نہ کریں۔ وہ تو پہلے ہی کم ہی آتی ہے۔ ساری رات بستر پر کروٹیں بدلنے سے بہتر ہے کہ آپ کی خدمت ہی کر لوں۔ کہتے ہیں کہ مریض کی عیادت اور خدمت میں بھی بڑا ثواب ہے اور میں ٹھیری پکی مسلمان یہ ثواب بھلا کیسے چھوڑ دوں۔" وہ ہنس کر کہتے کمرے سے چلی گئی۔

آج انا کے تمام رویے ولید کے لیے بڑے حیران کن تھے۔ اس نے ڈریسنگ کے شیشے میں اپنے زخموں کو دیکھا جہاں پر اس نے بینڈ ایج کی تھی۔ اس کی نرم انگلیوں کا لمس ابھی بھی گردن پر محسوس ہو رہا تھا۔ اس کے آنے سے پہلے اس نے الماری سے قدرے ڈھیلی ڈھالی شرٹ نکال کر پہن لی تھی۔ ہاتھ منہ دھو کر بستر پر آ بیٹھا تو وہ بھی کھانے کی ٹرے اٹھائے چلی آئی۔

"میں دودھ گرم کر کے اس میں ہلدی ڈال کر لائی ہوں۔ یہ گھریلو بہت اچھا ٹانک ہے۔ Pan کے لیے بھی اور صحت کے لیے بھی..... اس کے علاوہ پلیٹ میں درد اور زخموں کو فوری مندمل کرنے کے لیے یہ ٹیبلٹس ہیں۔ کھانا کھا کر لے لیجیے گا۔" سلیقے سے سر پر دوپٹہ لیے اس نے اس کے سامنے جھک کر بستر پر ٹرے رکھ دی تھی۔

"تھینکس یار.....! تم نے تو اچھا خاصا ٹریٹمنٹ کر ڈالا ہے۔ ڈاکٹر تو فوری علاج کر کے ٹالتے ہیں۔ یہ پہلی ڈاکٹر دیکھی ہے جو ٹریٹمنٹ دینے کے بعد اپنے مریض کی اتنی خدمتیں بھی کر رہی ہے۔" ہلکے پھلکے انداز میں کہتے اس نے ٹرے اپنے قریب کر لی تھی۔ انا مسکرا کر واپس پلٹ گئی تھی۔

"انا....." اس سے پہلے کہ وہ کمرے سے نکلتی اس نے پکارا تو انا کو یوں لگا کہ جیسے کسی نے اس کا نام ہی نہیں لیا بلکہ اس کے جسم سے روح تک کھینچ لی ہے۔

"جی....."

اپنی دھڑکنوں کو سنبھالتی وہ مڑے بغیر صرف گردن موڑ کر دیکھ رہی تھی۔

"تھینکس اینڈ یار بابا روشی یا گھر میں کسی کو بھی نہیں بتانا۔ خوامخواہ سب پریشان ہوں گے۔ اوکے۔"

"جی ٹھیک ہے۔" وہ سعادت مندی سے ایسے سر جھکا گئی کہ جیسے وہ اس کی معمول ہو۔

کبھی کبھار وہ اسے بڑی ناقابل فہم لگتی تھی جیسے کہ اب؟ وہ اس کے انداز پر چونک گیا۔

پھر وہ دھیمے سے مسکرا دیا تو وہ جلدی سے کمرے کا دروازہ بند کرتے نکل گئی تھی۔

❁.....❁.....❁

ساری رات وہ سخت بخار میں پھنکتی رہی تھی۔ مہرالنساء بیگم اس کے پاس ہی لیٹی تھیں۔ میڈیسن اور نیند کی گولی کی وجہ سے وہ سوئی رہی تھی مگر نیم غنودگی والی نیند تھی۔ اس کے اعصاب گہری تیز آواز سے بیدار ہوئے تھے۔

چند پل لیٹے رہنے کے بعد اسے صورت حال کا اندازہ ہوا تو اس نے دیکھا اس کی سائیڈ ٹیبل پر رکھے اس کے بیگ



میں پڑا موبائل بج رہا ہے۔

اس نے اٹھ کر بیٹھنا چاہا مگر کمزوری اس کے وجود پر غالب آ گئی تو اس نے بے چارگی سے موبائل کی آواز سن کر کانوں پر ہاتھ رکھ لیے۔

موبائل بج بج کر خود ہی خاموش ہو گیا تھا۔

وہ اسی طرح لیٹی رہی..... پھر وقت کا تعین کرنے کو اس نے اپنی کلائی پر بندھی گھڑی دیکھی۔

دن کے آٹھ بج رہے تھے۔ وہ اس وقت کمرے میں تنہا تھی۔ وہ چند منٹ اسی طرح لیٹی رہی تو مہرالنساء بیگم کو کمرے میں داخل ہوتے دیکھا۔

"اٹھ گئیں تم..... اب کیسی طبیعت ہے؟ رات تو بہت تیز بخار تھا۔ ہوش و حواس ہی برقرار نہ رہے تھے۔ رات کے بارہ بجے ڈاکٹر زبیری کو کال کرنا پڑ گئی تھی۔ انہوں نے آ کر انجیکشن لگائے اور مختلف دوائیاں دی تھیں۔"

اس کے پاس ہی بیٹھ کر محبت سے اس کی پیشانی چوم کر بال سمیٹے۔

اس والہانہ محبت پر اس کی آنکھیں بھیگ گئیں۔

اگر ان کو پتا چلے کہ وہ ان کے سب سے چہیتے بیٹے کے لیے انکاری ہے تو کتنا دکھ ہوگا انہیں۔

اور مصطفیٰ.....!

پتا نہیں اس کی خراب طبیعت کا سن کر اس کا کیا ری ایکشن رہا ہوگا..... ذہین تو خاصا ہے فوراً کڑی سے کڑی ملاتے بات کی تہہ تک پہنچ جائے گا۔

"بخار تو کم ہوا ہے..... شکر ہے اللہ کا" اس کے چہرے اور گردن کو چیک کرتے وہ خاصی مطمئن ہوئی تھیں۔ اور اسی وقت اس کا موبائل پھر بجنے لگا تھا۔

"لو دیکھو تمہارا موبائل ساری رات بجتا رہا ہے..... ایک دو بار انانے کال کر کے تمہاری خیریت پوچھی تھی..... اور ایک بار تابندہ کی کال تھی۔ میں نے کہہ دیا کہ تم سو گئی ہو تمہاری طبیعت کا نہ بتایا کہ خوامخواہ وہ پریشان ہوگی....." اسے بتاتے ہوئے انہوں نے اس کے بیگ سے موبائل نکال لیا تھا۔

"مصطفیٰ کی کال ہے....." اسکرین دیکھ کر انہوں نے کہا۔

"آپ سن لیں پلیز.....!"

موبائل اس کی طرف بڑھایا تو اس نے نفی میں گردن ہلا دی۔ ساتھ حیران بھی تھیں۔

"السلام علیکم....."

"وعلیکم السلام.....!" مصطفیٰ کے سلام کا انہوں نے جواب دیا تھا۔ آج جمعہ کا دن تھا۔ یقیناً وہ گھر میں ہی ہوتا تھا تو پھر کال کیوں کی اس کے نمبر پر؟

"کیسی ہیں آپ..... اور شہوار کہاں ہے..... اس کا موبائل آپ کے پاس کیوں ہے؟"

ادھر ادھر الجھنے کی بجائے اس نے ڈائریکٹ پوچھا تھا۔

"میں ٹھیک ہوں، شہوار بھی پاس ہی ہے۔ طبیعت ٹھیک نہیں..... کل کالج میں طبیعت خراب ہونے کی وجہ سے وہ گھر آ گئی تھی۔ ساری رات بخار میں پھنکتی، بے ہوش رہی ہے۔ آدھی رات کو ڈاکٹر زبیری آ کر چیک کر کے دوا دے کر گئے تھے۔" وہ نجانے کدھر تھا جو ساری صورت حال سے بے خبر تھا۔ وہ چونک گئی۔

"لو..... کیا ہوا اسے؟" وہ فوراً تشویش کا شکار ہوا تھا۔

www.pdfbooksfree.pk

"بی پی لو ہو گیا تھا......" شہوار آنٹی کی یکطرفہ گفتگو سے کچھ نہ سمجھ پائی۔

"کالج سے واپسی اکیلی آئی تھی کیا...... یا ڈرائیور لینے گیا تھا؟" موبائل سے ہلکی سی آتی آواز پر مہر النساء آنٹی کے کانوں کے علاوہ اس کی سماعت کو بھی فیض یاب کر رہی تھی۔

"ڈرائیور تو ہمیں لے کر خالد کے گھر گیا تھا۔ تمہارے بابا کو کال کی تو وہ لینے گئے تھے۔"

"اوہ...... اب کیسی کنڈیشن ہے اس کی؟"

"رات سے بہتر ہے۔ بخار بھی اتر گیا ہے اب تو......"

"مگر آپ لوگوں نے پوچھا نہیں کہ یہ اچانک اسے ہوا کیا ہے، کل اچھی بھلی تھی۔ جب میں نے اسے کالج ڈراپ کیا تھا۔"

"لو اس کی طبیعت ہی اتنی خراب رہی ہے کہ پوچھنے کا وقت ہی نہیں ملا۔ اب بھی ابھی جاگی ہے۔" محبت سے اس کی طرف نگاہ کرتے انہوں نے کہا تھا۔ وہ خاموشی سے پلکیں موندھ کر آنکھوں پر بازو رکھ کر چت لیٹی رہی تھی۔

"اچھا ٹھیک ہے...... میں نے یہ پوچھنے کے لیے اسے کال کی تھی کہ کالج کس کے ساتھ جا رہی ہے۔ خیر میری اس سے بات کروائیں میں خود اس سے اس کی طبیعت پوچھتا ہوں۔" انہوں نے موبائل ہٹا کر اس کے بازو کو پکڑ کر اس کو متوجہ کیا۔

"مصطفیٰ سے بات کرلو وہ خیریت پوچھ رہا ہے تمہاری۔" انہوں نے موبائل اس کے چہرے کے قریب کیا۔

"آپ خود ہی بات کرلیں، اب میں بھلا ان سے کیا بات کروں گی۔" اس نے ٹالنا چاہا۔

"تو اپنی طبیعت کا بتانا چلو شاباش پکڑو بات کرو۔" انہوں نے موبائل اس کے کان سے لگا دیا تھا۔

"محترمہ! تمہیں میں کھا نہیں جاؤں گا۔" اس کی موجودگی محسوس کرتے وہ کہہ رہا تھا۔

شہوار کو اپنی ہتھیلیاں بھیگتی محسوس ہوئیں۔

"کیسی طبیعت ہے تمہاری...... اور یہ تمہیں اچانک ہوا کیا ہے؟" وہ کہہ رہا تھا۔

"بس خود ہی طبیعت خراب ہو گئی ہے۔ میں نے کون سا خود کرلی ہے۔" وہ جھلائی تھی۔

"جس طرح کی تمہاری حرکتیں ہیں...... اس میں یہ بھی بعید نہیں......" اس کا کل والا طنزیہ انداز تھا۔

مہر النساء آنٹی اٹھ کر خود ہی کمرے سے نکل گئی تھیں۔ شہوار کو بڑی سبکی کا احساس ہوا۔

"غصہ تو تمہاری کل والی حرکت پر اس قدر ہے کہ جی چاہتا ہے کہ کبھی تم سے بات نہ کروں مگر یہ بتاؤ یہ اچانک ہوا کیا تمہیں؟"

"بتا کر طبیعت خراب تھوڑی ہوتی ہے۔" اس نے دھیمے سے کہا۔

"اس قدر شدید نوعیت کی خرابی بھی تو یکدم نہیں ہوتی۔ اور مجھے تو پتا ہی نہیں چلا اور نہ ہی گھر میں سے کسی نے ذکر کیا۔ تابندہ بوا کی کال آئی؟ ان سے کوئی بات ہوئی تمہاری؟" وہ شاید اس کی گفتگو سے اصل صورت حال کا جائزہ لگانا چاہ رہا تھا۔

"پتا نہیں میری بے ہوشی کے دوران شاید انہوں نے کال کی تھی میں تو شام کو اٹھی تھی تھوڑی دیر کو اور اب بیدار ہوئی ہوں۔ باقی سارا وقت مجھے کچھ نہیں پتا کہ کیا ہوا ہے؟ اور کہاں ہوں......!"

"مائی گڈنیس اتنی خراب طبیعت رہی ہے تمہاری۔" وہ اس کے منہ سے سن کر حیرت زدہ رہ گیا تھا۔

"آپ کہاں ہیں اس وقت؟" اس کے کال کرنے کا سوچتے وہ چونکی تو پوچھا۔



"مجھے ایک ارجنٹلی کام سے کل بارہ بجے اسلام آباد آنا پڑ گیا تھا شام تک فری ہوں گا۔ میں نے دو تین بار گھر فون کیا ہے مجھے کسی نے بھی نہیں بتایا۔"

"تو کیا ہو جانا تھا اگر آپ کو بتا بھی دیتے...... مجھ پر آنے والی تکلیف آپ اپنے اوپر لینے سے تو رہے؟" وہ کل صبح اس سے ناراض ہوا تھا اور آج صبح دوبارہ بات ہو رہی تھی، کل وہ سامنے تھا آج صرف آواز تھی مگر انداز وہی تھا۔ سو وہ جھنجلا گئی تھی۔

"ہوسکتا ہے لے ہی لیتا۔" ذو معنی انداز میں اس نے کہا تو شہوار کو اپنے کانوں کی لوئیں تک تپتی محسوس ہوئیں...... اس نے تو بڑے عام اور سادہ لفظوں میں کہہ دیا تھا مگر اندازہ نہ تھا کہ وہ بات کو اپنے انداز میں لے لے گا۔

"کیا کر رہی ہو؟" اس کی خاموشی محسوس کر کے اس نے بات پلٹ دی تھی۔

"لیٹی ہوئی ہوں۔"

"یعنی کہ مستقبل کی ڈاکٹر صاحبہ اس وقت خود بھی مریضوں والے گیٹ اپ میں ہیں۔"

وہ ہنس دی...... اسے لگا کہ اس شخص سے بات کرتے ہوئے اس کے دل و دماغ پر چھائی تمام کثافت پل بھر کو پس منظر میں چلی گئی ہے۔

ذہن ہلکا پھلکا ہوا تو اعصاب روئی کے گالوں کی مانند لطیف سے ہو گئے۔

"ڈاکٹر بھی تو عام انسانوں کی مانند ہوتے ہیں ان کے اندر بھی عام انسانوں کی طرح ری ایکٹ کرنے والا پرزہ فٹ ہے جو موسم، رویے، واقعات کو دیکھ کر متاثر ہونے کی صلاحیت رکھتا ہے...... ہر چیر پھاڑ کرنے والا وجود اتنا ظالم بھی نہیں ہوتا...... اسی طرح ڈاکٹرز لوگ بھی ہیں۔ میں بھی آپ کی طرح عام سی انسان ہوں۔" اس کے ہلکے پھلکے انداز کو انجوائے کرتے اس نے بھی بات آگے بڑھا دی تھی۔

"صبح صبح اتنی گاڑھی گفتگو مجھے تو شک ہو رہا ہے کہ اس وقت محترمہ بیماری سے نہیں کسی سیریس قسم کے ڈاکٹری فارمولے میں الجھی ہوئی ہیں...... کیوں ڈاکٹر صاحبہ......" وہ اس کی بات پر بے اختیار ہنس دی۔

اس کی جھرنوں کی مانند خوشگوار ہنسی دوسری طرف کی سماعت پر میٹھی پھوار کی مانند برسی تھی۔

"آپ کیا کر رہے ہیں...... لگتا ہے خاصی فرصت سے آپ نے فون کیا ہے؟"

"فرصت کیسی؟ اس وقت تیار ہو رہا ہوں اور ساتھ ساتھ بات کر رہا ہوں، کچھ دیر بعد کچھ آفیسرز کے ساتھ میٹنگ ہے پھر ایک ضروری کام ہے۔ رات کی فلائٹ سے اپنے شہر پہنچ جاؤں گا۔ پھر گھر آ کر تمہاری خیریت تفصیلی پوچھوں گا۔"

وہ خاموش رہی۔

"تمہارے یہ الفاظ کہ خود ہی طبیعت خراب ہوئی ہے، اور بتا کر خراب تھوڑی ہوتی ہے۔ پر ذرا یقین نہیں کیا میں نے گھر آ کر تفصیلی انداز میں بات کروں گا۔ بہتر ہے کوئی معقول قسم کا بہانہ ڈھونڈ کر رکھنا۔" اس کے الفاظ پر وہ سٹپٹا سی گئی۔

"اور ہاں کالج میں کل کا دن کیسا گزرا؟" اس نے وہی سوال کر ڈالا تھا جو اس کی اس خرابی طبیعت کی اصل وجہ تھا۔

"مصروف ہی گزرا پھر طبیعت خراب ہو گئی تو گھر آ گئی۔" اس نے پرسکون لہجے میں کہا مگر اندر تو ایک آتش فشاں پھٹ پڑا تھا۔ زخم نئے سرے سے ادھڑے تھے۔

"ایاز نے کوئی بدتمیزی تو نہیں کی نا؟" وہ اصل سوال کی طرف لوٹ آیا تھا اور شہوار کو لگا وہ بس ابھی پھوٹ پھوٹ کر رو دے گی۔

www.pdfbooksfree.pk

اسے اپنے جذبات پر ذرا کنٹرول نہ رہا اور بڑی روکنے کی کوشش کرتے ہوئے بھی ایک سسکی اس کے لبوں سے خارج ہوگئی۔

"کیا بات ہے شہوار..... خاموش کیوں ہو..... تم نے بتایا نہیں.....؟"

وہ پوچھ رہا تھا اور اس نے خاموشی سے موبائل کان سے ہٹاتے کال ڈس کنیکٹ کر ڈالی تھی۔ وہ اسے کیا بتاتی بھلا وہ لمحے تو اس کے لیے قیامت سے بڑھ کر تھے۔

وہ شدت سے پھوٹ پھوٹ کر رو دی..... وہ آنسو بہانے میں اتنی منہمک تھی کہ موبائل پھر بجنے لگ گیا تھا۔ اس نے اسکرین کی طرف دیکھا۔ "مصطفیٰ" پھر کال کر رہا تھا۔

اس نے آہستگی سے آن کرتے موبائل کان سے لگالیا۔

"جی.....!" بغیر سلام دعا کے وہ گویا ہوئی تھی۔

"تم نے کال کیوں کاٹ دی اور میری بات کا جواب نہیں دیا؟" وہ پوچھ رہا تھا۔ خاصی برہمی تھی لہجے میں۔

"تمہاری اس قدر شدید طبیعت خرابی کے پیچھے کہیں ایاز کی کوئی بدتمیزی تو نہیں۔" وہ ذہین تھا کیسے ایکدم اصل نکتہ تک پہنچا تھا اور وہ اس سے چھپاتی بھی تو کیا؟ وہ ششدر رہ گئی۔

اس کے بہتے آنسو یکدم ٹھہر گئے۔ گویا منجمد ہوگئی ہو۔

"شہوار پلیز بتاؤ..... کیا بات ہے اس قدر خاموش کیوں ہو..... تم رو رہی ہو؟" اس کی مسلسل خاموشی پر وہ کیسے اندازہ لگا رہا تھا جیسے سامنے ہی کھڑا ہے بالکل۔ اور اب کی بار اس نے اپنے آنسوؤں کو روکنے کی قطعی کوشش نہیں کی تھی۔ اس کی سسکیاں بلند تر ہوتی گئیں تو دوسری طرف مصطفیٰ کی سماعت پر جیسے عذاب اتر آیا تھا۔

"کیا بات ہے شہوار پلیز ٹیل می..... کیوں رو رہی ہو..... کیا کیا ہے اس ذلیل خبیث انسان نے؟" وہ مسلسل رو رہی تھی۔ وہ دوسری طرف بالکل خاموش ہوگیا تھا۔ چند پل خاموش رہنے کے بعد وہ کہنے لگا۔

"اگر تم خاموش نہ ہوئیں تو ابھی میں بابا اور ماں جی کو کال کر کے سب کچھ بتادوں گا۔ رونے دھونے کی بجائے تم مجھے اصل بات بتاؤ۔" کافی سختی سے اس نے دھمکی دی تھی۔ شہوار یکدم خاموش ہوگئی۔

"مصطفیٰ آپ آجائیں بس میں آپ کو سب بتادوں گی۔ اگر میں نے آپ سے کچھ بھی نہ کہا تو میرے دماغ کی رگیں پھٹ جائیں گی۔" وہ پھر رو دی تھی۔ اور اس کا رونا مصطفیٰ کے لیے بڑا اعصاب شکن تھا۔

"او کے اپنا خیال رکھنا۔ اس قدر خراب کنڈیشن ہو رہی ہے تمہاری مائی گاڈ۔ کل اور اب تک نجانے کس طرح تم ری ایکٹ کرتی رہی ہو..... میں میٹنگ کے بعد دوپہر تک فوراً پہنچنے کی کوشش کرتا ہوں تب تک خود کو سنبھالو پلیز۔"

وہ اور بھی نجانے کیا کیا کہہ رہا تھا اس نے کال بند کر دی تھی۔

پتا نہیں اس نے مصطفیٰ کو بتا کر اچھا کیا تھا یا برا مگر وہ اب تنہا یہ بوجھ نہیں اٹھا سکتی تھی۔ کم از کم مصطفیٰ کے سامنے دل کا بوجھ تو ہلکا ہو ہی جائے گا بھلے بعد میں پچھتانا پڑے۔

موبائل ایک طرف رکھ کر اس نے کرب سے آنکھیں موند لی تھیں۔

❁.....❁.....❁

وہ ابھی تک گم صم موبائل تھامے کھڑا تھا۔

کل اسے ایمرجنسی میں اسلام آباد آنا پڑا تھا۔ بس فوراً گھر آ کر ضروری چیزیں لے کر وہ ایئرپورٹ کے لیے نکل گیا تھا۔ اس کے وہم و گمان میں بھی نہ تھا کہ اس کے پیچھے وہ کمزور سی لڑکی اس قدر شکست و ریخت سے دوچار

www.pdfbooksfree.pk

ہو جائے گی۔

اس کا یوں ری ایکٹ کرنا......

اس کی لرزتی آواز‘ سسکیاں‘ شدت سے رونا۔

”مصطفی آپ آ جائیں بس تو میں آپ کو سب بتادوں گی۔“ کیسا ٹوٹا لہجہ تھا۔ یہ سب اس کے اعصاب پر کسی بم کی طرح لگ رہا تھا۔

کالج میں ایسی کیا بات ہوئی ہوگی کہ وہ اس حالت تک جا پہنچی؟ وہ جوں جوں سوچ رہا تھا اس کا فشار خون بڑھتا جا رہا تھا۔

بہت غصے سے اس نے ایک نمبر ڈائل کیا تھا۔

”السلام علیکم سر......!“ اٹینشن آواز میں سلام کیا گیا۔

”وعلیکم السلام!“ اس نے برہمی سے جواب دیا۔ دوسری طرف اس کی برہمی پر چند پل کو خاموشی چھا گئی تھی۔

”خیریت سر؟“

”کل آپ کہاں تھیں؟“

”سر کل آپ اسلام آباد روانہ ہوئے تو گھر پر ایک ایمرجنسی ہوگئی تھی۔ میری والدہ باتھ روم میں گر گئی تھیں تو میں امجد خان کو اطلاع دے کر گھر چلی گئی تھی۔“ انسپکٹر شہناز اس کی برہمی پر تفصیلی بیان دے رہی تھی۔

”اور آپ نے یہ اطلاع مجھے کیوں نہیں دی؟“ اس نے بہت غصے سے پوچھا تو دوسری طرف وہ خاموش رہ گئی تھی۔

”آپ کو پتا ہے آپ کی ذرا سی نااہلی کے سبب مجھے کتنی تکلیف سہنا پڑ رہی ہے۔“ اس نے اپنا سارا غصہ اس پر نکالا تھا۔

”سر میں نے کسی خوشی میں کل چھٹی نہیں کی تھی میری بھی مجبوری تھی‘ اگر کوئی اور والدہ کو دیکھنے والا ہوتا تو میں کیوں گھر آتی۔“

”اوکے...... اب کیسی طبیعت ہے آپ کی والدہ کی۔ خیریت تو رہی نا کوئی نقصان تو نہیں ہوا؟“ انسپکٹر شہناز کے الفاظ پر اسے احساس ہوا کہ وہ کچھ زیادہ ہی سخت کہہ گیا ہے۔ فوراً اپنے رویے کی تلافی کرنا چاہی۔

”جی سر خیریت ہی رہی۔ صرف پاؤں میں موچ آئی ہے۔ اب بہتر ہیں۔“

”اوہ......“ اس کا انداز سنجیدہ ہوگیا۔

”سر میں آج آن ڈیوٹی ہی ہوں۔“ انسپکٹر شہناز نے کہا تو وہ بھی اصل موضوع کی طرف آ گیا۔

”کل کیا ہوا آپ سب کچھ ڈیٹیل سے پتا کر کے مجھے آدھ گھنٹے میں انفارم کریں۔“

”یس سر۔ سر سب خیریت ہے نا...... اینی پرابلم؟“

”یس...... آپ فوراً پتا کریں شہوار آج کالج نہیں گئیں ان کی فرینڈ ہوسکتا ہے آئی ہوں...... آپ براہ راست یا بالواسطہ جس طرح بھی ممکن ہو اصل صورت حال کا پتا کریں۔“

”جی سر میں پتا کرتی ہوں۔“

”اوکے اللہ حافظ۔“

”اللہ حافظ سر۔“ اس نے موبائل آف کرتے ہوٹل کے روم میں ایک طائرانہ نگاہ دوڑائی اس کے اعصاب پر ابھی تک پھوٹ پھوٹ کر روتا لہجہ عجیب ضربیں لگا رہا تھا۔ اس نے انتہائی غم و غصے سے مٹھیاں بھینچ لیں۔



❁......❁......❁

وہ سو کر اٹھی تو سب ناشتے کی ٹیبل پر تھے۔ وہ فجر کی نماز پڑھ کر سوگئی تھی وہ رات ہی ڈیسائڈ کر کے سوئی تھی کہ جب شہوار جائے گی تو اسی دن وہ بھی کالج جائے گی۔ شہوار کے بغیر اسے کالج جانا اچھا نہ لگا۔ خوامخواہ جا کر بور ہو جاتی۔

منہ ہاتھ دھو کر وہ ناشتے کی ٹیبل پر آ گئی۔ روشی کے ساتھ والی کرسی گھسیٹ کر وہ بیٹھی تو نگاہ سیدھی ڈائننگ روم میں داخل ہوتے ولید پر پڑی۔ سادہ بلیک شلوار قمیص میں ملبوس وہ اس کے ساتھ والی کرسی گھسیٹ کر بیٹھ گیا تھا۔

”تم کالج نہیں گئیں؟“ اسے رات والے حلیے میں ہی دیکھ کر وہ چونکا۔

”نہیں آج چھٹی کرنے کا موڈ ہو رہا ہے۔“ توس پر جیم لگاتے اس نے کہا۔

”پاکستانی قوم بلا کی سست کاہل اور کام چور ہے۔ شاید اسی لیے ہم ترقی نہیں کر پا رہے۔“ اس کی پلیٹ میں رکھا دوسرا سلائس اٹھا کر اس کے سامنے رکھی جیم کی شیشی اس نے اپنی طرف گھسیٹ لی تھی۔ ایک تو ان الفاظ اور دوسرا اس دھاندلی پر اس نے اسے گھورا۔

”یہ خوبیاں آپ میں ہوں گی میں ایسی قطعی نہیں ہوں۔“ کھا جانے والا انداز تھا وہ مسکرا کر جیم لگاتا رہا۔

”یہ کون سا انداز ہے انا! بڑا ہے تم سے ایسے منہ پھاڑ کر کہتے ہیں۔“ ماما نے فوراً اسے ٹوکا تو اس نے منہ بنالیا۔

”صاحب جی! آپ کے لیے پراٹھا لے آؤں گرما گرم۔“ صغراں نے پوچھا تو اس نے سر ہلا دیا۔

”لے آؤ بھئی ان سلائس وغیرہ سے بھی کچھ بنتا ہے‘ یہ تو مریل کمزور لوگوں کی خوراک ہے‘ آج میرا چھٹی کرنے کا ارادہ ہے چلو اسی بہانے پراٹھا کھالیں گے۔“ صبح صبح خاصا جتاتا انداز...... انا نے مشکوک نظروں سے دیکھا۔

”کیوں بھئی تم کیوں چھٹی کر رہے ہو۔“ احسن نے ناشتے سے ہاتھ روک کر اسے دیکھا۔

”ایک ضروری کام تھا۔“ انا نے بس اسے دیکھا۔

”ویسے بھی کہتے ہیں خربوزے کو دیکھ کر خربوزہ رنگ پکڑتا ہے۔ پاکستانی کاہل سست کام چور لوگوں کی قسم کے ساتھ رہ رہے ہیں تو صحبت کا کچھ نہ کچھ تو اثر ہونا ہی ہے نا۔“ اب کے پھر اس نے اس پر چوٹ کی تھی۔ اس کی بات پر سب ہنس دیئے تھے۔ ماسوائے انا کے۔

”ولی بیٹا رات تم کب آئے تھے گھر؟“ ماما کو اچانک یاد آیا تو پوچھا۔

”رات بارہ بجے تک آ گیا تھا پھوپو۔“ اس صاف جھوٹ پر روشی نے حیران ہو کر پہلے انا اور پھر بھائی کی صورت دیکھی۔ ایک بجے تک تو وہ انا کے ساتھ زبردستی باتیں کرنے پر مجبور رہی تھی وہ بھلا کب آیا تھا۔

”ایسا کون سا دوست تھا تمہارا جسے میں نہیں جانتا؟“ احسن نے پوچھا۔

”اب آیا نا اونٹ پہاڑ کے نیچے۔“ انا کی بڑبڑاہٹ اتنی واضح ضرور تھی کہ ولید نے اسے گھور کر دیکھا مگر وہ مسکرا کر دودھ کا گلاس لبوں سے لگا گئی۔

”تھا ایک دوست...... بلکہ ہے‘ ملواؤں گا کسی دن۔“ احسن ناشتا کر چکا تھا بس بیٹھا اخبار کا مطالعہ کر رہا تھا۔

”ولید بیٹا صبح واک کرتے مجھے گیراج میں تمہاری گاڑی دکھائی نہیں دی۔“ وقار صاحب نے اخبار پڑھتے ایک پل کو رک کر پوچھا۔

”وہ انکل جی کچھ پرابلم ہوگئی تھی تو صبح صبح میں نے چوکیدار کو کہہ دیا تھا کہ کسی ورکشاپ میں لے جائے تو وہ چھوڑ آیا ہوگا۔“

”اچھی بھلی تھی کل تک تو اسے کیا ہوا ہے؟ بالکل نئی گاڑی بھلا کیوں پرابلم ہوگئی۔“ ضیاء صاحب بھی متوجہ

www.pdfbooksfree.pk

ہوئے تھے۔

"ہوسکتا ہے ایکسیڈنٹ ہوگیا ہو گاڑی کا۔" بڑی معصومیت سے انا نے بم پھوڑا۔

ولید ایک دم گھبرایا تھا۔ اس نے بظاہر تو خود کو نارمل ہی رکھا تھا مگر ٹیبل کے نیچے سے اس نے زور سے اپنا پاؤں انا کے نازک سے پاؤں کے اوپر رکھ کر مسلا تھا۔

"ایسی کوئی بات نہیں ہوئی۔ مذاق کر رہی ہے یہ۔" اس نے ساتھ ہی اطمینان دلایا۔

"ہائے....." وہ اچھلی تھی

"تمہیں کیا ہوا ہے؟" وہ سب کے دیکھنے پر شرمندہ ہوگئی تھی مگر اس کا پاؤں آزاد نہ ہوا تھا۔

"کچھ نہیں....." اس نے ہاتھ بڑھا کر اس کی ٹانگ پیچھے کرنا چاہی تھی مگر اس نے اس کا ہاتھ بھی پکڑ لیا تھا۔

اب صورت حال یہ تھی کہ ٹیبل کے نیچے اس کا ہاتھ اور پاؤں دونوں ولید کے آہنی شکنجوں میں تھے۔

"صبح صبح بھلا کون سی ورکشاپ کھلی ہوگی۔ دن چڑھے دیتے تم۔" وہ خاموش رہا۔ صغراں اس کے لیے گرما گرم پراٹھا اور آملیٹ لے آئی تھی۔

ولید نے اس کا ہاتھ چھوڑ دیا تو اس نے جلدی سے کھینچ لیا۔ ہاتھ سخت گرفت سے سرخ ہو چکا تھا۔

وہ اب انڈے پراٹھے کے ساتھ انصاف کر رہا تھا۔ انا نے مزید سلائس پلیٹ میں رکھے۔ ٹیبل کے نیچے وہ مسلسل دوسرے پاؤں کی مدد سے اپنا پاؤں آزاد کروانے کی کوشش میں تھی مگر لگتا تھا کہ وہ آج کی تاریخ میں آزاد ہونے والا نہیں تھا۔ درمیانی دو انگلیوں پر ہونے والی جلن بڑھ گئی تھی۔

"تم چھٹی کیوں کر رہے ہو ایسا کون سا ضروری کام ہے تمہیں؟" احسن نے پھر پوچھا انا کو بروقت بدلہ چکانے کا گویا موقع ملا تھا۔

"بخار ہوگا محترم کو اور ہوسکتا ہے جس دوست کا رات ذکر کر رہے تھے نہ وہ کوئی لڑکی ہو۔"

"تمہیں بڑی انفارمیشن ہے میرے متعلق۔" لقمہ نگلتے اسے گھورا تو اس نے منہ پھیر لیا۔

"ولی کیا واقعی تمہیں بخار ہے۔" ماما کو یکدم تشویش ہوئی۔

"اوہ نہیں پھوپو یہ یونہی کہہ رہی ہے۔" اس نے انہیں مطمئن کیا۔

"یہ لڑکی کا کیا سلسلہ ہے بھائی؟" روشی نے پوچھا۔

"دماغ خراب ہے اس کا اور کچھ نہیں..... چھوٹی سی عقل ہے اس کی وہ بھی غلط موقعوں پر غلط انداز میں استعمال کرتی ہے۔" دودھ پینے کے بعد نیپکن سے منہ صاف کرتے اس نے پھر انا کو سلگایا۔

"ہاں..... ایویں خود تو جیسے بڑے عقل کل ہیں نا۔" وہ سلگی پاؤں میں بری طرح درد ہو رہا تھا مگر وہ بھی آزاد کرنے کو تیار نہ تھا۔

"کچھ جلنے کی بو آ رہی ہے احسن۔" اسے اس نے مزید سلگایا تھا۔

"دیکھ لیجیے گا میں بھی آپ کو بعد میں کیسے پوچھوں گی۔" وہ فوراً برا مان گئی تھی۔ ولید مسکرا کر اسے دیکھ کر چڑا تا رہا۔

"انا! آج اگر آف کیا ہے تو روشی کے ساتھ بازار کا ہی چکر لگا لینا۔ شادی کی کئی چیزیں ہیں جو ابھی خریدنے سے رہ گئی ہیں۔" ماما نے اس کی توجہ اپنی طرف کر لی تھی۔

"مگر ماما شادی کی ڈیٹ کا بھی تو پتا چلے نا..... تاکہ اس کا اندازہ لگاتے تیاری فائنل کریں۔ آج تو ویسے بھی فرائیڈے ہے مارکیٹ بھلا کب کھلی ہوں گی؟" احسن نے بڑی مسکراتی نگاہ روشی کی طرف ڈالی تو وہ



جھینپ کر فوراً سر جھکا گئی۔

"ڈیٹ کا کیا ہے اگلے ماہ کا کوئی بھی دن طے کرنا ہے۔ اپنے گھر کی بات ہے۔ ہم کون سا باہر سے لا رہے ہیں۔ ابھی بیٹھے ہیں ابھی فائنل کر لیتے ہیں۔ کیوں ضیاء بھائی کون سی ڈیٹ فائنل کریں۔" روشی اٹھ کر کچن کی طرف چلی گئی تھی۔ انا ہنس دی۔

"بچوں سے پوچھ لو کام والے لوگ ہیں سب..... جن دنوں انہیں فراغت ملتی ہے وہی دن رکھ لیتے ہیں۔" ضیاء ماموں نے پرسکون لہجے میں کہا۔

"میرا خیال ہے کہ اگلے ماہ کی پچیس تاریخ ٹھیک رہے گی۔" ولید نے کہا تو سب نے تائید کی۔

احسن اٹھا تو ولید بھی اٹھ گیا..... انا نے جاتے ہوئے ولید کی پشت کو گھورتے اپنا پاؤں کرسی پر رکھ کر دیکھا۔ پاؤں کا اگلا حصہ بری طرح سرخ ہو چکا تھا۔ درمیان والی دو انگلیاں چھل گئی تھیں۔

"ظالم....." پاؤں پر نرمی سے انگلی پھیرتے وہ بڑبڑائی تھی۔

وہ اٹھ کر لاؤنج میں آ بیٹھی بائیں ہاتھ سے دایاں بازو بڑی نرمی و محبت سے تھام لیا۔

اس کی آنکھوں میں کئی روز پہلے کے خوابوں کا عکس اتر آیا اور وہ اسی عالم میں کتنی دیر تک بیٹھی رہی۔

❁.....❁.....❁

وہ کمرے سے باہر آیا تو صغراں شڑاپ شڑاپ پانی بہاتے کوریڈور دھو رہی تھی۔

"سب گھر والے کہاں ہیں۔" ولید کی آواز پر وہ اچھلی تھی۔

"بڑے دونوں صاحب تو احسن بھائی کے ساتھ ہی آفس چلے گئے تھے۔ بی بی جی اپنے بوتیک، چھوٹی دونوں بیبیاں اندر ہیں۔" وہ اندر آیا تو انا اسے لاؤنج کے صوفے پر گھٹنوں میں سر دیئے بیٹھی دکھائی دی۔

آنکھوں میں بڑا خوشنما تاثر تھا۔ ٹی وی چل رہا تھا مگر اس کی توجہ ٹیبل پر پڑے گلدان کی طرف تھی۔ روشی کہیں نہیں تھی۔

وہ بڑے ڈھیلے ڈھالے انداز میں ایسے لگی کہ جیسے وہ یہاں بڑی فرصت سے کافی دیر سے بیٹھی ہوئی ہے۔

ولید نے انگلی کی مدد سے دروازہ ناک کیا اور پھر اندر چلا آیا۔ وہ ناک کی آواز پر ہڑبڑا کر سیدھی ہوئی، خوب صورت خواب کا عکس ٹوٹا تھا۔ وہ ولید کو آتے دیکھ کر سیدھی ہوگئی تھی۔

ولید کی آمد پر چہرے کے رنگوں میں کئی گنا اضافہ ہوا۔

"کیا بات ہے بڑی گہری سوچوں میں گم تھیں۔ خیریت تو ہے ناں....." وہ سامنے صوفے پر آ بیٹھا تھا۔

"روشا نے کہاں ہے؟ نظر نہیں آ رہی؟" ارد گرد دیکھتے اس نے براہ راست اس کی آنکھوں میں دیکھا تو وہ نظریں جھکا گئی یوں جیسے اپنی خوشنما آنکھوں کے خوب صورت تاثر کو اس سے چھپانا چاہتی ہو۔

"پتا نہیں..... باہر ہی کہیں ہوگی؟" اپنے پاؤں پر انگلی پھیرتے اس کی پوری توجہ اپنے پاؤں کی ہی طرف تھی۔ ولید نے اس کی توجہ کے مرکز کی طرف دیکھا، اور پھر اسے پاؤں کا جائزہ لیتے دیکھ کر اس کے ہونٹوں پر مسکراہٹ سمٹ آئی تھی۔

"کیا ہوا ہے پاؤں میں؟" اس نے صرف ایک پل کو سر اٹھا کر اسے دیکھا۔ اس شکایتی نگاہ میں نجانے کیسا تاثر تھا کہ وہ ایک پل کو خود بھی سٹپٹا گیا تھا۔

"میں نے تو آرام سے ہی پاؤں رکھا تھا۔ کیا زیادہ ہی دباؤ پڑ گیا؟" اس کے معصوم بننے پر انا نے انگلیوں سے اٹھتے

www.pdfbooksfree.pk

درد کو محسوس کرتے پاؤں ٹیبل پر رکھا۔

"تو اور کیا یہ دیکھیں یہ دونوں انگلیاں کیسی چھل گئی ہیں۔ پاؤں ہے کہ ہتھوڑا یوں کھینچ کر مارا تھا۔ ہر ایک کو اپنے جیسا باڈی بلڈر سمجھ رکھا ہے' میرا نازک سا پاؤں مسل کر رکھ دیا۔ من سے بھی زیادہ وزن ہے آپ کے پاؤں کا۔"

ولید نے تاسف سے اس کی سرخ چھلی انگلیوں کو دیکھا اور پھر مسکرا دیا۔

الجھا ہے پاؤں یار کا زلف دراز میں
لو آپ اپنے دام میں صیاد آ گیا

شعر انا کے سر سے گزر گیا تھا سر اٹھا کر تعجب سے اس کے مسکراتے لبوں کو دیکھا اور پھر فوراً برا مان گئی۔

"کتنے افسوس کی بات ہے لے کر میرا نازک پاؤں کا ستیاناس مار دیا ہے اور ذرا بھی اپنے رویے پر تاسف نہیں۔"

"تمہارا کیا خیال ہے' اپنی گود میں رکھ کر تمہارے اس نازک سے پاؤں کی مرہم پٹی کروں اب۔" اس نے مسکرا کر گھورا۔

"خیر اب ایسی بھی احمق نہیں کہ آپ سے کسی انسانیت کی توقع کروں۔ یہ تو دل سے محسوس کرنے والے لوگوں کا کام ہے۔ جنہیں اپنی غلطی کا احساس ہو۔" اس نے گہری چوٹ کی۔

"مرہم لگا لو..... اب ایسی بھی کوئی قیامت نہیں آ گئی۔ ذرا سا چھل گیا ہے۔" اس کے مشورے پر وہ بڑبڑا کر رہ گئی۔

ولید نے ٹیبل پر پڑا میگزین اٹھایا تو وہ چونکی۔

"آپ کی طبیعت کیسی ہے؟" اس نے میگزین سے سر اٹھا کر اسے دیکھا۔

"کیوں مجھے کیا ہوا ہے؟" وہ بن رہا تھا وہ کلسی۔

"میرا خیال ہے کہ اگر میری یادداشت کمزور نہیں تو رات جناب کوئی ایکسیڈنٹ کروا کر آئے تھے۔"

"اوہ..... وہ معمولی سی خراشیں تھیں۔ ایسی معمولی خراشوں کی کیا پروا؟" اس نے بے پروائی سے کہا۔

"ہاں دیکھ چکی ہوں' آپ کی ہمت' تو پھر آفس سے چھٹی کیوں کی ہے؟" وہ جرح پر اتر آئی۔

"بس دل کر رہا تھا۔" اور پھر کوئی خیال آتے ہی وہ چونک کر سیدھا ہوا۔

"مائی گڈنیس۔"

"میرا خیال ہے کہ مجھے ہاسپٹل کا ایک چکر لگا لینا چاہیے پتا کرنا چاہیے کہ وہ مریضہ اب کیسی ہے؟"

"کیا مطلب رات جس کا ایکسیڈنٹ ہوا تھا وہ کوئی عورت تھی....." انا تو حقیقتاً چونکی تھی۔

"عورت نہیں لڑکی تھی۔" اس نے تصحیح کی اور انا منہ پھاڑے اسے دیکھ رہی تھی۔

خون سے رنگین سفید شرٹ اس کی آنکھوں کے سامنے ناچنے لگی تو اس کے اوسان خطا ہونے لگے۔

"ایکسیڈنٹ کیسے ہوا؟"

"پتا نہیں..... ویسے میرا اندازہ ہے کہ لڑکی کی کار کی بریک فیل ہو گئی تھیں اور اس کو گاڑی پر کنٹرول نہیں رہا تھا۔ گاڑی ون وے روڈ ہونے کی وجہ سے میری گاڑی کے دائیں بمپر اور سائیڈ سے ٹکرا کر فٹ پاتھ سے نیچے اتر کر ایک طرف لڑھک گئی تھی۔"

"مائی گاڈ! وہ لڑکی کیسے بچ گئی اور اتنی رات کے وقت وہ تنہا کیا کر رہی تھی؟" سوال کے ساتھ ساتھ اس نے اعتراض بھی کیا تھا۔

"ڈاکٹرز کی محنت اور اللہ کی عنایت کہ وہ بچ گئی۔ مگر جس حالت میں اسے ہاسپٹل لے کر گیا تھا مجھے خود بھی ڈاؤٹ تھا



کہ یہ شاید ہی بچ پائے۔"

"اوہ....." پھر پرسوچ انداز میں اسے دیکھا۔

"آپ اکیلے تھے کہ اور بھی لوگ تھے آپ کے ساتھ؟" وہ نجانے کیا جاننا چاہتی تھی ولید چونکا۔ پھر نفی میں سر ہلا دیا۔

"رات کے اس پہر اکا دکا گاڑی ہی گزر رہی تھی۔ باقی سواری کوئی بھی نہ تھی۔ ظاہر ہے میں اکیلا ہی تھا..... مجھے خود ہی گاڑی سے اسے نکال کر ہاسپٹل پہنچانا پڑا تھا۔"

انا نے کھا جانے والی نظروں سے اسے دیکھا اور پھر مزید کچھ کہے بغیر اٹھ کھڑی ہوئی۔

ولید بھی کھڑا ہو گیا وہ شاید ہاسپٹل چکر لگانے کے لیے سوچ رہا تھا۔

انا کے اندر سرد مہری اتر آئی۔

"آپ نے اس لڑکی کو ہاسپٹل پہنچا دیا..... اس کی زندگی کی تگ و دو کے لیے اتنی کوشش کی وہ زندہ بچ گئی..... اب دوبارہ ہاسپٹل جانے کی بھلا کیا ضرورت ہے۔" وہ انجانے سے احساس سے سلگتی گویا ہوئی تو ولید نے حیرت سے اس کے لب و لہجے کو دیکھا۔ اسے کچھ تلخی سی محسوس ہوئی آنکھوں کا خوشنما تاثر اب غائب تھا بلکہ سلگتا سا احساس تھا۔

"بھئی مریض کی عیادت ہمارا فرض ہے۔ بے شک اس کے ورثاء کچھ دیر بعد پہنچ گئے تھے چونکہ حادثہ میری ہی گاڑی سے ٹکرانے سے پیش آیا ہے تو اخلاقی تقاضا یہی ہے کہ جب تک وہ ٹھیک نہیں ہو جاتی میں ہاسپٹل کا چکر لگاتا رہوں۔"

"اوف..... یہ اخلاقی تقاضے۔" وہ منہ ہی منہ میں بڑبڑائی۔

"آپ نے دیکھا وہ کیسی تھی؟"

"ہائے..... مجھے بھلا کیا ضرورت ہے اسے دیکھنے کی۔ اس وقت سچویشن ایسی تھی کہ خون سے لت پت وجود کو صرف ہاسپٹل پہنچانے کی جلدی تھی وہ جیسی بھی ہو اس سے کیا؟ میں نے تو صرف اپنا فرض ادا کیا تھا۔"

"اونہہ..... بن تو ایسے رہے ہیں کہ جیسے آنکھوں پر پٹی باندھ رکھی ہو گی۔" انا کے اندر آگ سی جل اٹھی۔

"ساری شرٹ ایویں ہی رنگین ہو گئی تھی۔ وہ کس قدر قریب رہی ہو گی۔" اس تصور سے ہی اس کو اپنی سانسیں جلتی محسوس ہوئیں..... وہ سر جھٹک کر اپنے ہی خیال سے گھبرا کر باہر کی طرف بڑھی۔

"میں ہاسپٹل جانے لگا ہوں چلو گی میرے ساتھ؟" وہ پوچھ رہا تھا اس نے پلٹ کر تعجب سے اسے دیکھا۔ پھر کسی خیال سے اس کی آنکھیں چمک اٹھی تھیں۔

"اوکے۔"

"ٹھیک ہے میں چینج کر لوں پھر....." وہ گردن ہلاتے اپنے کمرے میں آ گئی تھی۔

(باقی ان شاء اللہ آئندہ ماہ)

www.pdfbooksfree.pk

# تم سے محبت ہو گئی ہے

عائشہ نور محمد

دل میں شکایتیں نہیں، لب پہ فغاں نہیں
جیسے اب اہلِ دل کا کوئی راز داں نہیں
بے اعتنائی سے مجھے صَرفِ نظر نہ کر
منزل نما ہوں، گردِ رہِ کارواں نہیں

"میں اکثر اس بات پر حیران ہوتی ہوں کہ میں ہر کام اتنا پرفیکٹ کیسے کر لیتی ہوں؟" اپنے بالوں کو دیکھتی ملیحہ غصے سے ہیئر برش لیے پلٹی وہ جو اپنی کارکردگی پر حیران سی اسے دیکھ رہی تھی ملیحہ کو غصے میں دیکھ کر ہنسی۔

"اگر تم میری ماں کی بھانجی اور باپ کی بھتیجی نہ ہوتیں تو ایسی کند ذہنیت پر میں تمہارے سر پر یہ برش دے مارتی۔"

"بس اللہ کی عنایت ہے میں نے غرور کبھی نہیں کیا۔" بے نیازی سے کہتے اس نے سائیڈ پر سے اپنا دوپٹہ اٹھایا۔

"ہنی دفع ہو جاؤ یہاں سے۔" اس کی برداشت ختم ہو گئی۔

"میں پہلے ہی جا رہی ہوں کیونکہ مجھے پتا تھا تمہارا کام نکل گیا ہے اب تم نے یہی کہنا ہے۔" اس نے ملیحہ کے اندر لگی آگ پر تیل ڈالا اور باہر نکل گئی۔

"ایڈیٹ۔" وہ بھی باہر نکلی تھی۔

"ہنی میں نے تم سے دو گھنٹے پہلے کچھ کہا تھا۔" بڑی تائی کو اسے دیکھتے ہی یاد آیا۔

"مجھے یاد ہے بڑی تائی آپ جانتی ہیں میں کچھ بھی بھولا نہیں کرتی۔" ان سے کہتی ہوئی وہ کچن میں داخل ہوئی اور اگلے پل اس کا حلق اندر تک کڑوا ہو گیا وہ آگے بڑھی اور کام میں مصروف ہو گئی۔

"کافی کا ڈبہ کہاں رکھا ہے؟" اس نے بڑی صفائی سے اس آواز کو نظر انداز کیا اسی پل چچی اندر داخل ہوئیں اور انہوں نے آگے بڑھ کر کافی کا ڈبہ انہیں دیا۔ اور لب بھینچے اسے دیکھا جو سارے مصالحے ڈبوں میں منتقل کر رہی تھی۔

"سوری آپ کو تکلیف دی اصل میں ہمارے کچن کی صفائی ہو رہی ہے اور کمال نے یکدم کافی کی فرمائش کر دی۔" انہوں نے ایک زہر خند نظر اس پر ڈالتے ہوئے دلچسپی سے کہا۔

"کوئی بات نہیں رخسانہ۔" چچی نے کہا اور ان کے اور ہنی کے درمیان کھڑی ہو گئیں۔ رخسانہ نے جاتے جاتے پلٹ کر اسے دیکھا جو اس طرح مصروف تھی جیسے وہاں اکیلی ہو۔

"اے ہنی تمہارے لیے آنٹی کی طرف سے گفٹ آیا ہے۔" شارم جلال نے ایک گہرا سانس لیتے ہوئے کہا۔ وہ چاروں چونک اٹھیں۔

"ارے پہلے روزے پر ہی اس کی عیدی آ گئی۔" ملیحہ بہت خوش ہوئی۔

"شاید انہیں معلوم ہو گیا ہو گا کہ زکوۃ جلدی دینا اچھی بات ہوتی ہے۔" کہتے ہوئے اس نے ڈبہ کیبنٹ میں رکھا اور کچن سے نکل گئی اس کا ارادہ اپنے کمرے میں جانے کا تھا اسے کوئی شوق نہیں تھا اس گفٹ کو دیکھنے کا۔ مگر وہ رکی، سامنے سے کمال الدین آ رہے تھے۔

"شارم کہاں رکھا ہے ماما کا بھیجا ہوا سامان۔" کمال

www.pdfbooksfree.pk

الدین نے چونک کر اس کی طرف دیکھا تھا۔ وہ چاروں جو اس کی بات پر افسردہ ہوئے تھے اس کی آواز پر سمجھ گئے کہ کمال صاحب سے اس کا سامنا ہو گیا ہے۔

"لاؤنج میں ہے۔" شارم نے کہا۔

"دیکھنا ملیحہ ماما نے اب کے بھی ایک سے بڑھ کر ایک چیز بھیجی ہوگی ان کی پسند ایک دم پرفیکٹ ہے ہر معاملے میں۔" وہ بلند آواز میں کمال الدین کو سناتی ہوئی شارم کے پیچھے لاؤنج میں داخل ہو گئی۔ وہ لب بھینچے باہر نکل گئے تو وہ وہیں سے پلٹ کر اپنے کمرے میں آ گئی وہ جانتی تھی کہ شام تک اسے اس سے بھی زیادہ پرفیکٹ عیدی ملے گی جو اس کے باپ کی طرف سے اس کے لیے گفٹ ہوگی لیکن وہ دونوں نہیں سمجھتے تھے اسے ان کے تحائف کی نہیں بلکہ ان کی ضرورت تھی۔

یہ اس لڑکی کی کہانی ہے جس کے ماں باپ دونوں الگ الگ راہوں کے مسافر ہیں اس کی ماں اپنے گھر شوہر اور بچوں میں مگن تو باپ اپنے گھر بیوی اور بچوں میں مگن۔ اس کی کوئی پروا نہیں تھی اور اس کی پروا تو کبھی تھی ہی نہیں اگر ہوتی تو وہ کبھی الگ نہ ہوتے۔ وہ پانچ سال کی تھی جب اس کے ماں باپ الگ ہوئے جس میں زیادہ قصور اس کے پاپا کا تھا۔ اس کی چچی جو اس کی خالہ بھی تھیں اس سے اپنی بیٹیوں کی طرح ہی پیار کرتی تھیں اور اکثر اس کی سوتیلی ماں کے اور اس کے بیچ آ کھڑی ہوتیں۔ اس کے دھیال اور ننھیال میں اس سے بڑی محبت کی جاتی تھی۔ صبیحہ آپی کی شادی ہو چکی تھی اور ملیحہ اس کی بیسٹ فرینڈ تھی۔ اس کی ماں ابیروڈ میں تھی۔ مہینے دو مہینے بعد اسے فون کر لیتی تھی، لیکن اس کا باپ سامنے ہو کر کبھی اس سے بات تک کرنے کا روادار نہ تھا۔ اس کا باپ کوئی سخت قسم کا بے پروا انسان نہ تھا بس اس سے ہی کوئی دشمنی تھی ورنہ اپنی دوسری اولاد تو اس کے سر آنکھوں پر رکھی۔ اس کی سوتیلی ماں اور بہن روایتی سوتیلی تھیں کوئی موقع جانے نہیں دیتی تھیں اسے تڑپانے کا۔ بقول شارم ہنی سے کوئی کام پرفیکٹ نہیں ہوتا سوائے نظر انداز کرنے کے۔

"ہنی اپنی ماں سے اتنی بدگمان مت ہو بیٹا۔" رات اسے دودھ دیتے آنٹی چچی افسردگی سے بولی تھیں اس کی ماں کا فون آیا تھا وہ پوچھ رہی تھیں کہ ہنی کو سب کچھ پسند تو آیا ناں۔ اور ملیحہ کی باتیں بھی اس کی ماں کو مطمئن نہ کر سکیں۔

❁.....○.....❁

"کیا سوچ رہی ہو رائمہ۔" فیضان آفریدی نے پیچھے سے آ کر گم صم بیٹھی رائمہ آفریدی کے کندھوں پر ہاتھ رکھا۔

"سوچ رہی ہوں فیضان کہ آپ نے مجھے کیا کچھ نہیں دیا اور جواباً میں آپ اولاد کی خوشی تک نہیں دے پائی۔"

"رائمہ تمہیں کتنی بار کہا ہے کہ اولاد اللہ کے فضل سے ہے وہ دے یا نہ دے۔"

"فیضان اگر آپ دوسری شادی کر لیں تو۔" رائمہ نے جھجکتے ہوئے یاسیت سے کہا۔

"رائمہ اگر اولاد میرے نصیب میں نہیں ہے تو کچھ بھی کر لوں مگر اولاد نہیں ملے گی۔"

"آپ اپنے پاس سے فرض کر کے بیٹھ گئے ہیں ایک بار....." رائمہ نے احتجاج کیا۔

"میں اسی لیے پاکستان آنے کے خلاف ہوں لوگوں کی باتیں سن کر آپ کا دماغ خراب ہو جاتا ہے۔ ہم صبح ہی لندن جا رہے ہیں۔" وہ ان کی بات کاٹ کر قطعیت سے بولے تھے۔

"یہاں کے لوگ یہ باتیں نہیں کرتے فیضان، میرا بھی دل چاہتا ہے خود کو ماں کہلوانے کا۔" ان کی آنکھیں آنسوؤں سے بھر گئیں۔ فیضان نے یاسیت سے انہیں دیکھا۔ اللہ کے فضل سے ان کے پاس سب کچھ تھا۔ کئی ممالک میں ان کا بزنس پھیلا ہوا تھا مگر وہ اولاد کی نعمت سے محروم تھے۔ پانچ سال ہو چکے تھے ان کی شادی کو۔ انہیں تو اتنی نہیں، لیکن رائمہ آفریدی کو از حد اولاد کی چاہت تھی۔

"آپ کیوں نہیں سمجھتے ہیں فیضان کسی بھی ملک میں جانے سے میری اولاد کی چاہت کم نہیں ہوگی۔" وہ لندن آ چکے تھے۔ وہ ان کی اچھی بزنس پارٹنر تھیں وہ انہیں ہر پل مصروف رکھتے تھے۔



"اور لیس کیا ہوا؟" وہ دونوں نکل ہی رہے تھے کہ منیجر کو پریشان حالت میں اپنی گاڑی کے قریب دیکھ کر رک گئے۔

"سر میری وائف کا فون تھا اس کی طبیعت خراب ہے اور گاڑی اچانک یہاں خراب ہو گئی۔"

"اوہ آئیں ہم ڈراپ کر دیں۔" رائمہ آفریدی نے کہا کوئی اور وقت ہوتا تو وہ پس و پیش سے کام لیتا مگر اس وقت بیٹھ گیا گھر پہنچے تو برابر سے پتا چلا کہ اس کی وائف سلپ ہو گئی کر گئی تھی اور برابر والی خاتون اسے اسپتال لے گئیں وہ تینوں پریشان حال ہوتے اسپتال پہنچے۔ اس کی بیوی کی حالت نازک تھی۔

"اور لیس آپ کے ماں باپ....."

"ہم دونوں آپس میں کزن ہیں اور اکلوتے بھی ہیں اور والدین کا انتقال ہو چکا ہے۔"

فیضان بہت تھکے ہوئے تھے لیکن اور لیس کو پریشانی کے عالم میں چھوڑ کے جانے کا دل بھی نہیں کر رہا تھا۔

"فیضان اور لیس کی حالت دیکھی نہیں جا رہی ہے۔" رائمہ نے افسوس سے کہا۔ فیضان نے بھی لب بھینچ لیے اور لیس پلٹ کر تیزی سے سیڑھیوں کی طرف گیا اور بوکھلاہٹ میں سیڑھیوں سے گر پڑا تھا۔ اسے ٹریٹمنٹ کے لیے لے جایا گیا۔

"سر میری وائف۔" اسے دو گھنٹے بعد ہوش آیا تھا۔ فیضان نے نظریں چرا لیں وہ پھٹی پھٹی نگاہوں سے فیضان کو دیکھنے لگا۔

"اور لیس سنبھالو خود کو۔ تمہارا بیٹا ہوا ہے اب تمہیں ہی اسے پالنا ہے۔"

"میرا بیٹا..... میرا انس....." اس کی حالت بگڑنے لگی تھی۔ فیضان نے ڈاکٹرز کو بلایا۔ اس کی حالت تشویش ناک تھی۔ دو دن بعد وہ اپنے بیٹے کو چھوڑ کر چلا گیا۔

"فیضان اور لیس کا انس کتنا بد قسمت ہے۔" رائمہ نے تاسف سے کہا۔

"نہیں رائمہ ہمارا انس آفریدی بہت خوش قسمت ہے۔" فیضان کی بات پر وہ چونک گئی اور یوں یہ راز ہمیشہ کے لیے ان کے سینے میں دفن ہو گیا اور انس آفریدی نے ماں باپ کے مر جانے کے باوجود ماں باپ کو پا لیا تھا۔ اس کی ہر خواہش لبوں سے نکلتے ہی پوری کرنا رائمہ فیضان آفریدی پر فرض تھا۔ انس آفریدی کی خوب صورتی بے مثال تھی۔ رائمہ آفریدی نے بے تحاشہ پیار کے باوجود اس کی بہترین پرورش کی تھی۔ اس میں غرور نام کو بھی نہیں تھا لیکن فخر سے اس کی گردن اس وقت تن جاتی جب لوگ اسے دیکھتے اور دیکھتے ہی رہ جاتے۔ وہ اپنی دولت پر نہیں لیکن اپنے حسن پر اکثر مغرور ہو جاتا تھا۔ کوئی ایک نظر اس پر ڈالے اور مرعوب نہ ہو ایسا ممکن ہی نہیں تھا بعض اوقات تو لوگ اتنے مرعوب ہو جاتے کہ وہ اکتا جاتا۔

"پاپا فرانس چلیں۔" کبھی اس ملک کبھی اس ملک گھومتے گھومتے وہ بڑا ہو گیا وہ ہر شے سے بہت جلد اکتا جاتا تھا گھر تبدیل ہوتے شہر تبدیل ہوتے اور ملک تبدیل ہو جاتے رائمہ آفریدی کو انس آفریدی کی یہ عادت کبھی کبھی بہت پریشان کر دیتی تھی۔

"ٹھیک ہو جائے گا اور یہی عمر تو ہے گھومنے پھرنے کی۔ جب بزنس کی طرف آئے گا تو کام کام اور کام۔" فیضان کے لیے کوئی مسئلہ نہ تھا۔

"فیضان مجھے بھی پتا ہے یہ اس کے گھومنے پھرنے کی عمر ہے لیکن وہ جلد اکتا کیوں جاتا ہے۔ لوگوں سے 'چیزوں سے؟" رائمہ ماں تھیں اور ان کی فکر اپنی جگہ تھی۔

"پاپا پاکستان چلیں۔" انہیں چھ ماہ سوئزرلینڈ میں ہو چکے تھے۔ فوری امکان تھا کہ اب جلد ہی وہ کسی دوسرے ملک جانے کا تقاضا کرنے والا ہے لیکن اس کے منہ سے پاکستان کا سن کر وہ دونوں حیران ہوئے۔

"اوکے۔" اس کی کسی بات پر "نہیں" کہنا تو فیضان آفریدی نے سیکھا ہی نہیں تھا۔

پاکستان میں بھی لوگ اس کی خوب صورتی و شخصیت کے گرویدہ ہو گئے تھے لیکن اب اسے اس بات کی عادت ہو چکی تھی۔ اس کے لیے کچھ بھی نیا نہیں تھا خاندان میں اس کے بہت سے دوست بن گئے تھے جن میں اس کے تایا کی

www.pdfbooksfree.pk

بیٹی دعا آفریدی سرفہرست تھی۔ چند ہی دنوں میں دعا کو اندازہ ہوگیا تھا کہ وہ بہت جلد چیزوں سے اکتا جاتا ہے۔

❁.....○.....❁

"ہائے کیا میں یہاں بیٹھ سکتا ہوں؟" پاکستان آ کر اس نے ایم بی اے فائنل ایئر میں مائیگریٹ کروالیا تھا اور اس کا آج پہلا دن تھا۔ وہ فرسٹ رو میں بیٹھے ایک لڑکے کے پاس آ رکا وہ لڑکا مرعوب ہوا تھا تو ساتھ بیٹھی لڑکی بت بنی اسے دیکھے جا رہی تھی۔

"اوہ یس کیوں نہیں۔" لڑکا قدرے بوکھلایا تھا۔

"تھینکس میرا نام انس آفریدی ہے۔" اس نے بیٹھتے ہوئے مصافحہ کے لیے ہاتھ بڑھایا۔

"میرا نام شارم جمال ہے۔" لڑکا مسکرایا اور پھر چونکا۔

"یہ ایم بی اے کی فائنل کلاسز ہیں آپ یہاں کیسے؟" اس نے حیرت سے استفسار کیا۔

"میں سوئزرلینڈ سے آیا ہوں۔ یہاں مائیگریٹ کروایا ہے میں نے۔" اس نے وضاحت دی۔

"وہاں سے ڈگری نہیں لائے۔" شارم جمال نے حیرت سے پوچھا۔

"وہاں سے سارا حسن جو سمیٹ لائے ہیں۔" ساتھ بیٹھی لڑکی نے گفتگو میں حصہ لیتے ہوئے کہا تو دونوں نے چونک کر اسے دیکھا۔

"ہائے میرا نام روحینہ کمال ہے۔" اس نے مسکراتے ہوئے اپنا تعارف کرایا۔

چند منٹ میں وہ دونوں اس کے اچھے دوست بن گئے تھے۔

"مے آئی کم۔ان" اس پل کوئی دروازے پر ٹھہرا اجازت طلب کر رہا تھا۔

"اپنی کلاس کے علاوہ ہر جگہ پائی جاتی ہیں آپ وقت پر۔" سر نے طنز کیا۔

"سوری سر۔" اس نے شرمندگی سے کہہ کر وضاحت دینی چاہی۔

"اصل میں سر اردو ڈیپارٹمنٹ کے....."

"اٹس فائن۔ مجھے آپ کی ہمدردیوں کے بارے میں پتا ہے اب آ جائیں کلاس میں۔" سر نے اس کی بات کاٹ کے اندر آنے کی اجازت دی۔

"تھینک یو۔" فرسٹ رو پہلے ہی فل تھی اسے مجبوراً سیکنڈ رو میں آنا پڑا اور روحینہ کمال نے اسے اپنے پیچھے بیٹھتے دیکھ کر خوشی محسوس کی تھی۔ کلاس ختم ہونے کے بعد سارے کلاس فیلوز انس آفریدی کو گھیرے میں لے چکے تھے۔ پچھلی رو میں بیٹھی لڑکی نے اپنی کتابیں سمیٹیں اور اپنے کلاس فیلوز کے پاگل پن پر ایک نظر ڈالتی باہر نکل گئی۔ وہ روحینہ کمال کے سائے سے بھی دور رہتی تھی کیونکہ وہ جی جلا کر جینا نہیں چاہتی تھی۔

"پاکستان آ کر کیسا لگ رہا ہے انس؟" روحینہ نے کلاس ختم ہونے کے بعد اس سے پوچھا۔

"ابھی تو انجوائے کر رہا ہوں۔" وہ مسکرایا اور روحینہ کمال اس سے اس کی فیملی کے متعلق سوالات کرنے لگی۔ وہ مسکرا کر اسے جواب دیتا رہا۔ کافی دیر گزر چکی تھی۔ تبھی شارم اس لڑکی کے ساتھ آتا نظر آیا۔

"ہنی یہ ہمارے نئے کلاس فیلو ہیں انس آفریدی۔" اس نے نظریں اٹھائیں انس آفریدی سے زیادہ اس کی نگاہیں روحینہ کمال پر فوکس تھیں جو بڑی کوفت بھری نظروں سے انہیں دیکھ رہی تھی۔

"اور انس یہ میری کیوٹ سی کزن ہے میزاب کمال۔" انس آفریدی نے اسے بغور دیکھا جو نگاہوں میں بنا کوئی ستائش لیے اسے دیکھ رہی تھی وہ اسے دیکھ بھی رہی تھی یا نہیں انس آفریدی کو اس بات پر شبہ ہوا تھا شاید وہ دیکھ نہیں سکتی تھی، ورنہ کوئی انس آفریدی کو مرعوب ہو کر نہ دیکھے ایسا تو کبھی ہوا ہی نہیں تھا۔ اس نے شارم جمال سے اپنا ہاتھ چھڑوایا اور پیچھے جا کر بیٹھ گئی جبکہ دوسری طرف روحینہ کمال کے ماتھے کی سلوٹیں ختم ہوئیں۔ اس دن انس آفریدی کے لیے سب کچھ اچھا تھا سوائے میزاب کمال کے۔ یونیورسٹی سے باہر نکلتے ہوئے، شارم جمال کی بائیک پر پیچھے بیٹھی میزاب کمال کسی لڑکی کو مسکرا کر ہاتھ ہلاتی وہ لڑکی نہیں تھی جو کلاس میں بڑی بیزاری سے شارم جمال سے اپنا ہاتھ چھڑوا کر پیچھے جا بیٹھی تھی۔

❁.....○.....❁

"ماما آج میری ایک لڑکے سے دوستی ہوئی میں آپ کو ملواؤں گا تو آپ حیران رہ جائیں گی حسن میں تو لڑکیوں کو بھی مات دے دی ہے۔" شارم پانچ بجے سو کر اٹھا تو کھانا کھاتے ہوئے یہ داستان لے بیٹھا ملیحہ نے چونک کر میزاب کمال کی طرف دیکھا کیونکہ اس نے کوئی ذکر تک نہ کیا تھا۔

"اتنی تعریفیں وہ بھی پہلی ملاقات میں۔" بڑی تائی اپنے بیٹے سے واقف تھیں جلد ہی وہ ہر کسی سے دوستی نہیں کرتا تھا۔

"سچ ماما..... وہ ہے ہی قابل تعریف ہے ناں ہنی؟" آخر میں اس سے تائید مانگی لیکن وہ چپ چاپ چائے کے گھونٹ حلق سے اتارتی رہی۔

"کیا روحینہ سے بھی اس کی دوستی ہوگئی ہے؟" ملیحہ کے ذہن میں اس کی خاموشی کی وجہ آئی۔ اس نے نظر اٹھا کر ملیحہ کو دیکھا وہ سچ مچ اس کی بہترین دوست تھی جو جانتی تھی کہ روحینہ کمال اور اس سے جڑی ہر چیز سے وہ فاصلے پر رہتی ہے۔ "وہ ہے ہی اتنا بااخلاق کہ سب کا دوست بن گیا ہے ہماری کلاس میں بہترین اضافہ ثابت ہوگا انس آفریدی۔" ملیحہ نے نظر اٹھا کر اسے دیکھا جس کے چہرے پر نہ تو بیزاری تھی نہ ہی ناگواری اور نہ ہی دلچسپی تھی۔ اچھا تھا کہ وہ ایسی تھی اس نے سوچا۔

❁.....○.....❁

"کیسا گزرا میرے بیٹے کا پہلا دن۔" ماما کچن میں تھیں جب وہ لوٹا تو سیدھا ان کے پاس چلا آیا۔ انہوں نے اپنی بانہوں کے گھیرے میں لے کر اس کی پیشانی چومی تھی۔

"ہمیشہ کی طرح..... زبردست۔"

"چلو میں کھانا لگاتی ہوں تم فریش ہو کر آ جاؤ۔" انہوں نے کہا تو وہ اپنے کمرے کی طرف آیا آئینے کے سامنے کھڑے ہو کر بالوں میں برش کرتے ہوئے وہ یکدم چونکا۔

"میزاب کمال۔" وہ یکدم پلٹا لیکن وہ وہاں نہیں تھی۔

"ارے یہ کیا؟" وہ حیران کھڑا رہ گیا۔ باہر سے آتی رائمہ آفریدی کی آواز پر وہ اپنے خیالات کی دنیا سے باہر نکلا تھا۔

"ماما آج مجھے کوئی ایسا شخص ملا جس کے لفظوں اور نظروں میں میرے لیے کوئی ستائش نہیں تھی۔" وہ بہت دیر تک میزاب کمال کو اپنے اندر رکھ نہ سکا یوں بھی اس نے آج تک اپنی ماں سے کچھ نہ چھپایا تھا۔

"کیا....." رائمہ آفریدی کو حیرت بھرا جھٹکا لگا۔ "کیا وہ خود بہت خوب صورت ہے؟" انہوں نے پوچھا۔

"نہیں۔" اس نے تصور میں میزاب کمال کے سراپا پر غور کیا۔

"میں نہیں مانتی کہ ایسا ہو سکتا ہے۔"

"ویسے ہے کون وہ؟" اب کے انہوں نے دلچسپی سے پوچھا۔

"کلاس فیلو ہے میری، میزاب کمال نام ہے۔" وہ تفصیل سے ایک ایک بات بتاتا گیا۔

"جو لوگ تمہیں پسند کرتے ہیں تمہاری تعریف کرتے ہیں وہ لوگ تمہارے ذہن پر اتنے سوار نہیں ہوتے ہیں اور وہ لڑکی تمہارے دماغ پر حاوی ہے جس نے تمہیں نظر بھر کر دیکھا تک نہیں۔"

"کیونکہ میری زندگی میں شاید ایسا پہلی مرتبہ ہوا ہے۔" اس نے قدرے منہ بناتے ہوئے کہا تو رائمہ آفریدی ہنس پڑیں۔

❁.....○.....❁

ایک ماہ ہو گیا تھا انس آفریدی کو ان کے ساتھ۔ شارم مسکرا کر انس کی طرف بڑھا تھا جبکہ وہ پیچھے جا بیٹھی۔ وہ چونکہ روحینہ کمال کی سائیڈ پر بیٹھتی تھی اسی وجہ سے روحینہ کمال کو دیکھنے سے وہ بھی واضح نظر آتی تھی انس آفریدی سیدھا ہو بیٹھا تو اس کی مسکراہٹ بھی گم ہوئی تھی پہلے دن سے لے کر وہ اب تک اس لڑکی کو سمجھ نہیں پایا تھا۔ وہ اس کی طرف دیکھتی تک نہیں تھی لیکن وہ خود کو بندھا ہوا محسوس کرتا تھا۔ وہ بولتی کم تھی لیکن جب بولتی تھی تو کلاس میں کوئی اس کے خلاف کھڑا نہیں ہوتا تھا انس آفریدی جانے کیوں

www.pdfbooksfree.pk

چاہنے لگا تھا کہ اس کے خلاف بولے مگر اس کے خلاف وہی بول سکتا تھا جس کا نظریہ زندگی غلط ہو یہی وجہ تھی کہ میزاب کمال کی بھرپور تائید ہوتی تھی وہ بولتی ہی اس لہجے میں تھی کہ جو وہ کہہ رہی ہے وہی ٹھیک ہے باقی سب غلط۔ جانے کیوں انس آفریدی کو اس کے اس لہجے سے چڑ ہو چلی تھی۔ اس نے پہلے دن کی طرح پھر کبھی میزاب کمال کو ماما سے ڈسکس نہیں کیا تھا۔ کیونکہ اسے میزاب کا نام لینا بھی اپنی توہین لگتا تھا مگر وہ اسے اتنا سوچتا کیوں تھا وہ سمجھ نہیں پا رہا تھا۔

❁.....○.....❁

"ہنی تمہاری ماں تمہیں بلا رہی ہیں' فون آیا تھا آج' چھٹیاں ہوں تو چلی جانا۔" دوپہر کو کھانا کھا کے وہ اپنے کمرے میں آئی تو چچی بھی اس کے کمرے میں چلی آئیں تھیں انہوں نے اس کے پاس بیٹھتے ہوئے کہا۔

"پلیز چچی۔" وہ اپنا موڈ خراب نہیں کرنا چاہتی تھی۔

"اپنی بدنصیب ماں کا دل مزید مت دکھاؤ وہ تمہارے لیے سچ مچ پریشان رہتی ہے ایک بار اس سے مل آؤ۔" اس نے لیٹ کر تکیہ میں اپنا منہ چھپا لیا۔

"وہ تم سے بہت پیار کرتی ہے تمہارے باپ کی طرح تم سے بے پروا ہرگز نہیں ہے۔" بڑی تائی بھی چلی آئیں' انہوں نے بھی اسے سمجھاتے ہوئے کہا مگر وہ خاموش رہی۔

"ان چھٹیوں میں تم اس کے پاس جا رہی ہو۔" بڑی تائی کا لہجہ فیصلہ کن تھا۔

"ہرگز نہیں۔" وہ ان سے بھی زیادہ قطعیت سے بولی تو وہ دونوں یکدم حیران رہ گئیں۔

"چچی' بڑی تائی پلیز مجھے غلط مت سمجھیں۔" وہ آگے بڑھ کر یکلخت چچی سے لپٹی۔

"بڑی تائی میرے نہ جانے کی وجہ یہ نہیں ہے کہ میں اپنی ماں کو تکلیف دینا چاہتی ہوں' بلکہ میں اس لیے وہاں نہیں جانا چاہتی کہ کہیں ان کی تکلیف کی وجہ نہ بن جاؤں۔"

"کیا.....؟" وہ دونوں چونکیں اور اس کا دل بھر آیا۔

"آپ کو یاد ہے جب میں نے میٹرک کے پیپر دیئے تھے تو ماما مجھے اپنے ساتھ لے کر گئی تھیں۔ تب ماما کے شوہر نے ماما سے لڑائی کی تھی اور کہا کہ میں ان کے سامنے نہ آیا کروں اور کہا تمہیں پتا ہے ناں زیب میں استعمال شدہ تولیہ استعمال نہیں کرتا' اس لڑکی کو دیکھ کر مجھے خیال آتا ہے میں بیوی کسی اور کی استعمال کرتا ہوں۔ وہ ماما سے بہت پیار کرتے ہیں' ان کا بہت خیال کرتے ہیں لیکن میں ان سے برداشت نہیں ہوتی جیسے پاپا کی بیوی ہیں پاپا کا خیال کرتی ہیں لیکن مجھے برداشت نہیں کر سکتی ہیں۔ مجھے ان سے کوئی شکایت نہیں ہے چچی' میں وہاں جانا نہیں چاہتی بس ان کا ریلیشن خراب نہیں کرنا چاہتی۔" اس نے روتے ہوئے ان کو سب کچھ بتا دیا۔

"میری جان۔" تائی نے ہاتھ بڑھا کر اسے اپنے قریب کھینچا تو وہ ان سے لپٹ کر اور زور سے رونے لگی۔

"سوری بیٹا مجھے پتا ہی نہیں تھا۔" چچی نے شرمندگی سے کہا۔

"اور ہاں چچی..... انہیں پاپا کے اور میرے ریلیشن کے متعلق بھی مت بتایا کریں کم از کم انہیں یہ احساس تو خوش رکھے کہ میں اپنے باپ کے پاس خوش ہوں۔"

"ہوں..... تم ٹھیک کہہ رہی ہو۔" بڑی تائی متفق تھیں۔ چچی بھی تائید میں گردن ہلا رہی تھیں۔

❁.....○.....❁

"ماما کہاں ہیں۔" انس آفریدی نے لاؤنج میں داخل ہوتے ہوئے دعا آفریدی سے پوچھا۔ جو اس کے انتظار میں ٹہل رہی تھی۔

"وہ چاچو کے ساتھ چلی گئیں۔ اب تم جلدی سے تیار ہو جاؤ میں تمہارا ہی انتظار کر رہی تھی۔"

"او کے..... تم رکو میں آتا ہوں تیار ہو کے۔" اس نے کہا تو وہ مسکرا دی کچھ دیر بعد وہ واپس آ گیا وائٹ کاٹن کے قمیص شلوار میں وہ بہت پیارا لگ رہا تھا۔ انس آفریدی نے اس کے لیے فرنٹ ڈور کھولا تو وہ بیٹھ گئی' انس آفریدی نے کار آگے بڑھائی۔

"انس ایک بات میری سمجھ میں نہیں آتی۔" دعا نے



خاموشی توڑتے ہوئے اس سے پوچھا۔

"کیا؟" انس آفریدی نے مسکراتے ہوئے پوچھا۔

"یہی کہ پاکستانی یونیورسٹی میں پڑھنے کی کیا تک ہے آج کل تو لوگ باہر ممالک کی یونیورسٹی میں پڑھنے کی شدید خواہش رکھتے ہیں اور تم باہر سے یہاں آ گئے۔" دعا آفریدی کے اس طرح کہنے پر وہ ہنس پڑا۔

"پتا ہے ایک جیسی چیزیں حالات' چہرے' جگہیں مجھے بور کرنے کے لیے کافی ہیں' میں اکتانے لگتا ہوں۔ یقین کرو میں یورپی ممالک میں رہتے رہتے تنگ آ گیا اسی لیے میں نے پاپا سے کہا کہ پاکستان چلیں۔ ماما پاپا تو بہت پہلے سے چاہتے تھے کہ ہم پاکستان آئیں مگر کبھی میں نے نہیں چاہا تو ماما پاپا کیسے یہاں آ سکتے تھے۔" اس نے تفصیلاً جواب دیا۔

"تم اتنی جلدی اکتا کیوں جاتے ہو انس؟" اس کے دل کو دھڑکا سا لگا تھا۔

"پتا نہیں یار بس مجھے ایک جیسی چیزیں اور چہرے بہت دیر تک برداشت نہیں ہوتے۔" انس کے خیالات سن کر دعا آفریدی کو چپ سی لگ گئی۔ یہ شہزادوں جیسی آن بان رکھنے والا شخص پہلے ہی دن اس کے دل میں ٹھہر گیا تھا اسے انس آفریدی سے محبت ہو چکی تھی لیکن انس آفریدی کی جو یہ ایک جیسے چہرے کہہ کر اکتا جانے والی عادت تھی اس نے دعا آفریدی کو ششدر کر دیا تھا۔ اگر کبھی کہہ دیا کہ "دعا سامنے سے ہٹ جاؤ تنگ آ گیا ہوں تمہیں دیکھ دیکھ کر" تو کیا ہوگا.....؟

❁.....○.....❁

"روحینہ میری جان آئی ایم سوپی..... تمہارے پاپا کے جو دوست اور بزنس پارٹنر ہیں نا مسٹر زبیر وہ چاہتے ہیں کہ تمہارے پاپا سے دوستی کو رشتہ داری میں بدل لیں تو انہوں نے اپنے بیٹے کا پرپوزل دیا ہے تمہارے لیے۔" رخسانہ نے اسے گلے لگا لیا۔

"واٹ..... مام آپ کو مجھ سے پوچھنا تو چاہیے تھا۔"

"کیا مطلب تمہیں کوئی اعتراض ہے کیا؟" وہ حیران ہوئیں۔

"مام میں نے اپنے لیے لائف پارٹنر چن لیا ہے انس آفریدی' آپ دیکھیں گی تو دیکھتی رہ جائیں گی اتنا خوب صورت اور گڈ لکنگ ہے۔"

"خوب صورتی کو کیا شوکیس میں رکھنا ہے دولت مند ہے کہ نہیں؟"

"ارے ایسا ویسا۔" وہ ہنس پڑی۔

"لیکن روحینہ مسٹر زبیر سے تمہارے پاپا کی دوستی ہے' تمہارے پاپا کو یہ اچھا نہیں لگے گا۔"

"پاپا کو میری خوشی سے بڑھ کر کچھ عزیز نہیں ہے۔" اسے اپنے پاپا کی محبت پر فخر تھا۔

"تمہارے پاپا تو چلو مان جائیں گے لیکن اس انکار کو مسئلہ بنا کر کہیں مسٹر زبیر پارٹنر شپ ختم نہ کر دیں۔" انہوں نے پریشانی سے کہا۔

"کیا ہو گیا ہے کیوں بے جا وہم پال رہی ہیں۔" روحینہ حقیقتاً جھنجلا گئی۔

"کچھ سوچنا ہوگا۔" وہ بڑبڑائیں اور باہر نکل گئی تھیں۔

"انس آفریدی کے سوا کچھ نہیں سوچنا۔" اس کے لبوں پر مسکراہٹ بکھر گئی۔

❁.....○.....❁

"کیا سوچ رہا ہے میرا بیٹا۔" مما کی آواز پر اس نے چونک کر سر اٹھایا۔ اس کی فائل سے صفحے بکھر کر ادھر ادھر پڑے تھے اور اسے خبر تک نہ ہوئی۔

"کچھ نہیں مما۔" وہ اتنا سنجیدہ کبھی نہیں رہا تھا رائمہ آفریدی نے غور سے دیکھا۔

"مما آپ کچھ کہنے آئیں تھیں۔" اس نے پوچھا۔

"ہاں مجھے تم سے کچھ بات کرنی تھی۔"

"جی فرمائیں۔" اس نے تھوڑا مسکراتے ہوئے کہا۔

"ہمارا ارادہ ہو رہا ہے دعا کو اپنی بہو بنانے کا۔" انہوں نے اسے دیکھتے ہوئے اپنی بات کی۔

"مجھ سے پوچھ رہا۔" اس نے حیرت سے استفسار کیا۔

"آپ سے پوچھنے ہی تو آئی ہوں۔" پاپا کا بلاوہ چاچو کو دینے آئی دعا آفریدی لاؤنج کے دروازے پر ہی رک

www.pdfbooksfree.pk

گئی۔ رائمہ آفریدی کی آواز کے ساتھ ہی دعا آفریدی کا ہر عضو جیسے سماعت بن گیا۔

"نہیں مما ایسا کبھی نہیں ہوسکتا۔ دعا کو میں نے کبھی اس نظر سے نہیں دیکھا۔ آپ اس خیال کو دل سے نکال دیں۔" اس نے اپنے مخصوص اکتائے ہوئے لہجے میں کہا اسی دن کا تو دعا آفریدی کو ہمیشہ سے ڈر تھا اس سے وہاں کھڑا ہونا محال ہوگیا وہ واپس گھر آ کر بے تحاشہ روئی۔

"خدا کرے انس تمہیں بھی محبت ہو اور وہ تمہیں ٹھکرا دے۔" اس نے بڑے خلوص سے بددعا دی۔

"میرا بیٹا کیسا لائف پارٹنر چاہتا ہے اپنی مما سے شیئر نہیں کرے گا۔" انہوں نے محبت سے پوچھا۔

"کچھ بہت خاص ہو اس کے اندر' میرا دل میری اجازت کے بغیر اس کا ہوجائے اور میں دیکھتا رہ جاؤں۔" اس نے آنکھیں موند کر ان کی گود میں سر رکھ دیا۔ انہوں نے ایک پل بڑی حیرت سے اسے دیکھا اور اگلے ہی پل ہنستی چلی گئیں۔

"اللہ میرے بیٹے کو اس لڑکی سے جلد ملا دے۔" انہوں نے خلوص دل سے دعا کی۔ یہ ایک ماں کی دعا تھی جسے قبول ہونا تھا۔

❁......○......❁

"دیکھ کر چلنا آپ کو منع ہے کیا؟" وہ بڑی تیزی سے سیڑھیاں اتر رہا تھا جب سیڑھیاں چڑھتی میزاب کمال سے ٹکرا گیا۔ اس نے ہاتھ تھام کر اسے گرنے سے بچایا۔

"سوری۔" وہ شرمندہ ہوا۔ میزاب کمال نے اپنی کتابیں اٹھائیں اور اس کی سوری کا جواب دیئے بنا لائبریری کی سیڑھیاں چڑھ گئی اور وہ وہیں کھڑا یہ سوچتا رہ گیا کہ ٹکرانے سے گرنے تک' گرنے سے اٹھنے تک اور اٹھ کر چلے جانے تک میزاب کمال نے اس کی سمت کتنی بار دیکھا تھا؟

"ایک بار بھی نہیں۔" میزاب کمال نے ایک بار بھی نہیں دیکھا تھا لیکن گھر آ کر اس نے شیشہ بڑی دیر تک دیکھا تھا۔ وہ اسے کیوں سوچتا تھا' اسے نہیں پتا تھا یا شاید یہ ایک فطری سی بات تھی کہ وہ اتنا حسین تھا کہ اسے نظر انداز کرنا مشکل ہی نہیں ناممکن بھی تھا اور یہ کام میزاب کمال نہایت ہی خوب صورتی سے کر رہی تھی۔ انس آفریدی کا الجھنا حق بجانب تھا۔ آخر میزاب کمال تھی کیا چیز......؟

❁......○......❁

"ہنی تمہیں پتا ہے تم اس دنیا کی سب سے بور لڑکی ہو۔" شارم جلال نے اچانک دروازہ کھول کر کہا وہ جوایزی چیئر پر جھول رہی تھی چونک اٹھی۔

"مجھے یہ واقعی نہیں پتا چلا۔" وہ مسکرائی آج بڑی تائی' چچی اور ملیحہ تینوں ماموں کے گھر گئے تھے۔ وہ لوگ ڈنر کر چکے تھے ابھی تک ان تینوں کا پتا نہیں تھا بڑے تایا کی فرمائش پر وہ ان کے چچا کے اور شارم کے لیے چائے بھی بنا چکی تھی وہ ابھی آ کر کمرے میں بیٹھی تھی تبھی وہ چلا آیا۔

"چلو آئس کریم کھانے چلتے ہیں۔" اس نے پیش کش کی۔

"میرا موڈ نہیں ہے۔" اس نے سہولت سے انکار کیا۔

"چلو ناں یار کچھ ہوا خوری کر کے آتے ہیں پلیز منع مت کرنا۔" شارم نے کچھ اس طرح سے التجا کی کہ وہ خاموشی سے اٹھ کر اس کے ساتھ باہر آ گئی۔

"میں تمہیں اس حلیے میں باہر لے کر جاؤں گا پانچ منٹ دیتا ہوں چینج کرلو۔" اس نے اس کے رف حلیے پر چوٹ کرتے ہوئے کہا۔

شارم جلال ملیحہ کی بڑی خالہ کی بیٹی میں انٹرسٹڈ تھا اور چونکہ وہ ان کی خالہ تھیں اسی لیے شارم جلال اسے یا ملیحہ کو لیے بغیر ان کے گھر کبھی نہیں گیا تھا۔ وہ پانچ منٹ میں تیار ہوئی تھی' اپنا پرس اور موبائل لے کر وہ باہر آ گئی۔

"پاپا میں اور ہنی آئس کریم کھانے جارہے ہیں واپسی پر شاید ہمیں دیر ہوجائے۔" اس نے لاؤنج کے دروازے پر رک کر بڑے تایا سے کہا تو انہوں نے اثبات میں سر ہلایا۔ وہ دونوں باہر نکل آئے۔

"مجھے لگ رہا ہے آج پیٹرول کے ختم ہونے پر ہی تم یہ بائیک روکو گے۔" خالہ کا گھر فاصلے پر تھا اور تقریباً پون گھنٹہ ہوچکا تھا۔

"بے فکر رہو پیٹرول ختم ہونے سے پہلے منزل آجائے گی۔"



"تمہاری منزل تو جب آئے گی تب آئے گی میری منزلیں بارہا آئی ہیں۔ اس نے قریب آتے آئس کریم پارلر کی طرف اشارہ کیا۔ شارم جلال ہنس پڑا پھر مزید پندرہ منٹ بعد بائیک ایک شاندار سے آئس کریم پارلر کے باہر روکی وہ مسکرائی تو وہ بھی ہنس پڑا وہ دونوں اندر آ گئے' جب وہ آئس کریم کھا کے باہر نکلے تو وہ بری طرح سے چونکی۔

"ارے شارم میں اپنا پرس اندر بھول آئی۔"

"ہنی تم بھی ناں۔" اس نے کچھ کہنے کے لیے لب کھولے مگر وہ اندر جا چکی تھی پرس لے کر وہ بھاگتی ہوئی باہر آرہی تھی جب آئس کریم پارلر کی سیڑھیاں چڑھتے ایک سوٹڈ بوٹڈ شخص سے ٹکرا گئی۔ اس کا پیر اس بری طرح مڑا تھا کہ اس شخص کے سنبھالتے سنبھالتے بھی وہ تین چار سیڑھیاں لڑھکی تھی۔ دونوں ہاتھوں سے اپنے لبوں کو بھینچ کر وہ وہیں بیٹھی رہ گئی۔

"ہنی۔" شارم تڑپ کر اس کے پاس آیا۔ اس کے بائیں پاؤں کی سینڈل کا اسٹیپ اس کے پاؤں میں دھنس گیا تھا جس سے خون بہنے لگا تھا۔

"اوہ یہ تو خاصی گہری چوٹ ہے۔" وہ ازحد پریشان ہوا' یہاں دور دور تک کوئی ہوسپٹل نظر نہ آرہا تھا۔

"بیٹا ہمارا گھر یہاں قریب میں ہی ہے۔ آپ میرے گھر چلیں۔" اس شخص کے ساتھ کھڑی خاتون نے پریشانی سے کہا۔

"جلدی کرو بہت خون بہہ رہا ہے۔" اس شخص نے بھی کہا وہ لب بھینچے اسے اٹھا کر ان کی گاڑی تک لایا۔

"فیضان جلدی چلائیں۔" رائمہ ازحد پریشان تھیں وہ دو منٹ کا سفر بھی دس گھنٹے کا لگ رہا تھا۔ وہ اسے اندر لے گئی تھیں لاؤنج میں بٹھا کر انہوں نے اس کا اسٹیپ نکالا وہ اتنا اندر گڑ گیا تھا کہ وہ چیخ اٹھی۔

"ریلیکس بیٹا اب ٹھیک ہے۔" رائمہ آفریدی نے اس بار بڑے غور سے اسے دیکھا تھا۔

"بہت درد ہو رہا ہے ہنی۔" شارم اس کے قریب آیا۔

"نہیں۔" اس نے صوفے کی پشت سے سر لگا کر نفی میں سر ہلایا۔ کیا اسے درد نہیں ہو رہا تھا یا وہ بڑی صفائی سے اسے چھپا رہی تھی۔ تکلیف کی شدت اس کے چہرے سے ظاہر تھی۔

"لو بیٹا یہ گولیاں لے لو درد میں کمی آجائے گی۔" اس نے گولیاں کھالیں۔

"آپ کا بے حد شکریہ میری اتنی ہیلپ کرنے کا میں تو اپنے حواس ہی کھو بیٹھا تھا۔ چلیں کزن۔" شارم بولا اس نے اثبات میں سر ہلایا۔

"آپ لوگ جائیں گے کیسے؟" فیضان نے کہا۔

"آئس کریم پارلر کے باہر میری بائیک ہے۔"

"آپ تو چلے جاؤ گے اتنی دور مگر ہنی کے پیر میں تازہ چوٹ ہے یہ کیسے چلیں گی۔"

"شارم آنٹی ٹھیک کہہ رہی ہیں تم پلیز بائیک یہاں لے آؤ' میں نہیں چل پاؤں گی۔" اس نے تکلیف سے نڈھال ہوتے ہوئے کہا۔

"اوکے تم گھبرانا مت...... میں آتا ہوں' اس نے اثبات میں سر ہلایا شارم کو یوں اجنبی لوگوں کے بیچ اسے چھوڑ کر جانے کا دل نہیں کر رہا تھا مگر مجبوری تھی اسے جانا پڑا۔ اس نے صوفے سے ٹیک لگا کر آنکھیں بند کرلیں تو اس کے آرام کے خیال سے فیضان آفریدی چلے گئے۔

"آپ یہاں" انس آفریدی دروازے کے بیچ و بیچ کھڑا تھا۔ اسے اپنے گھر میں دیکھ کر ایک خوشگوار سی حیرت اس کے رگ و پے میں اتری تھی۔ حیرت ہوئی یہ ٹھیک تھا لیکن خوشی ہوئی' یہ کیا تھا؟

"آپ یہاں۔" وہ بھی حیران ہوئی وہ ایک خوب صورت ایکوریم دیکھ رہی تھی اسے رائمہ آفریدی کے جانے کی خبر نہ ہوسکی۔

"یہ میرا گھر ہے۔" انس آفریدی نے کہا تو اس نے اس بار پورے لاؤنج کو بغور دیکھا۔ انس آفریدی کو لگا اس کی کنپٹی سلگ اٹھی ہو یہ "انس لاج" ایک شاندار محل تھا لوگ دیکھتے اور مرعوب ہوجاتے تھے لیکن وہ لڑکی بالکل اس

www.pdfbooksfree.pk

نظر سے دیکھ رہی تھی جیسے کوئی شہزادی اپنے محل سے نکل کر کسی غریب کی کٹیا کو دیکھے۔

"آپ یہاں رہتے ہیں؟" اس نے لفظ جھونپڑی کو شاید خارج کیا اپنے جملے سے۔ انس آفریدی کا غصہ یکلخت سرد ہوا وہ اس لڑکی کو کتنا جاننے لگا تھا اس کی ابرو کی جنبش تک سمجھنے لگا تھا۔ یہ کیا تھا.....؟ وہ اس پر نظریں جمائے خود کو سمجھنے کی کوشش کر رہا تھا وہ کیوں اس لڑکی کو اتنا سوچتا ہے۔ اس پل وہ جان لینا چاہتا تھا اس نے اس کی نظروں سے الجھ کر نظریں تھما کر اس ایکوریم کو دیکھا جسے وہ اس کے آنے سے پہلے بھی دیکھ رہی تھی۔ ایکوریم کی مچھلیاں بہت خوب صورت تھیں اور اس وقت رقص کے موڈ میں بھی تھیں۔ وہ قدرے دلچسپی سے دیکھنے لگی۔ انس آفریدی کے ہوتے ہوئے کوئی دوسری چیز میں دلچسپی لے سکتا ہے یہ انس آفریدی کے لیے حقیقتاً حیرت انگیز تھا۔ وہ یکلخت آگے بڑھا اور اس کے قدموں کے قریب بیٹھ کر اس کا چہرہ بغور دیکھنے لگا۔ اس کی شاید دور کی نظر کمزور ہوگئی تھی۔ اس لیے وہ قریب سے یہ دیکھنا چاہتا تھا کہ اسے ہمیشہ نظر انداز کرنے والی یہ لڑکی جان بوجھ کر ایسا کرتی ہے یا واقعی وہ اس سے مرعوب نہیں ہوتی ہے۔ اور وہ بری طرح چونک کر حیرت سے اسے دیکھنے لگی اس کے یونہی دیکھتے رہنے پر دوسرے پل وہ سٹپٹا کر نظریں گھما گئی۔

"آپ مجھے ایسے کیوں دیکھ رہے ہیں۔" وہ جھنجلا گئی۔ وہ بنا پلکیں جھپکے اسے دیکھ رہا تھا۔ وہ چونکی بھی سٹپٹائی بھی گھبرائی بھی جھنجلائی بھی ان سب رنگوں میں مرعوبیت کہیں نہیں تھی۔ وہ شاید بہت بڑی فنکار تھی جو خود کو چھپا گئی یا پھر سچ مچ وہ جس طرح اور لوگوں کے دلوں میں گھر کر لیتا تھا اس لڑکی کے قریب سے گزر تک نہ پایا۔ انس آفریدی نے رگ وپے میں بے چینی محسوس کی۔ وہ لب بھینچے ایکوریم کو دیکھنے لگی اگر وہ اٹھ سکتی تو یقیناً یہاں سے بھاگ چکی ہوتی۔

"تم میری طرف دیکھنے سے اتنی گریزاں کیوں رہتی ہو میزاب کمال؟" وہ جو بظاہر مضبوط بنی بیٹھی تھی لیکن دل خوف سے پتے کی طرح کانپ رہا تھا ایک بار پھر چونک کر اسے دیکھنے لگی۔ بے یقینی نے اس کے چہرے پر اپنا تسلط جما لیا۔ اگلے پل وہ پہلے سے زیادہ بری طرح چونکی تھی۔ پاپا کی چہیتی بیٹی کی چاہت اس کے قدموں میں بیٹھی تھی۔ ماما کو اس سے شکایت تھی کہ وہ ان کے پاس آتی نہیں ہے لیکن پاپا کو اس سے کوئی تکلیف نہیں تھی اب شاید پاپا کو ایک اچھی سی تکلیف دینے کا وقت آیا تھا۔ اور انس آفریدی..... اس کا جی چاہا کہ سامنے پڑی ٹیبل پر رکھی کرسٹل کی ایش ٹرے اٹھا کر میزاب کمال کے سر پر دے مارے جس کی نظریں انس آفریدی پر تھیں لیکن وہ اسے دیکھ نہیں رہی تھی۔

"ارے انس آپ کب آئے؟" مما کی آواز پر اس نے پلٹ کر دیکھا۔

"ابھی مگر یہ؟" اس نے پوچھنا چاہا تھا مگر مما نے اس کی بات کاٹ کر مختصر سا بتایا جسے سن کر وہ بے چین ہوا تھا۔

"ہنی بیٹا یہ ہلدی والا دودھ پی لو خون بہنے کے بعد فوری اسے پینا ازحد فائدے مند ہوتا ہے۔"

"ارے نہیں۔" دونوں کے منہ سے ایک ساتھ نکلا۔

"ہنی تو شاید دودھ پینے سے منع کر رہی ہے لیکن آپ کس چیز کو منع کر رہے ہیں۔" فیضان آفریدی جو ابھی آئے تھے حیران ہوئے۔

"ان کا نام ہنی نہیں میزاب کمال ہے۔" انس نے کہا۔

"آپ جانتے ہیں انہیں؟" فیضان حیران ہوئے تو رائمہ آفریدی مسکرائیں وہ باپ تھے تبھی پوچھ رہے تھے اور وہ ماں تھیں جان گئی تھیں۔

"جی میری کلاس فیلو ہیں۔" اس نے جواب دیا۔

"لیکن میں نے انہیں ہنی کے نام سے جانا ہے میرے لیے تو یہ ہنی ہی رہیں گی۔" رائمہ آفریدی مسکرا کر اس کے قریب آئیں۔

"آپ یہ دودھ پیئو۔" انہوں نے گلاس میزاب کو تھماتے ہوئے کہا۔

"آنٹی میں نہیں پی سکوں گی۔" اس پیلے دودھ کو دیکھ کر



اس کی روح فنا ہونے لگی تھی۔

"ہنی کیا ہوا؟" شارم کی آواز پر انس آفریدی نے مڑ کر دیکھا۔

"ارے انس!" شارم نے اس کو دیکھتے ہوئے حیرت سے کہا۔

اب انس آفریدی اس کا تعارف کروا رہا تھا اور شارم اس اتفاق پر حیران تھا کہ وہ لوگ انس آفریدی کے گھر میں ہیں۔

"اگر تمہاری اہم باتیں ختم ہوگئی ہیں تو ہم چلیں۔" وہ جھنجلا گئی۔

"اوہ چلو۔" شارم شرمندہ ہوگیا نجانے کیا سوچ رہے ہوں گے وہ سب۔

"میں چل سکتی ناں تو اب تک چلی گئی ہوتی۔" اس نے ایک ایک لفظ چبا کر ادا کیا۔

"اوہ ہاں....." شارم کو بھی یاد آیا کہ وہ چل نہیں پائے گی تو اس نے آگے بڑھ کر اس کا ہاتھ تھاما۔ شارم کا مکمل سہارا لینے پر بھی اس کی تکلیف مزید بڑھ گئی۔

"اوہ شارم مجھے بہت درد ہو رہا ہے۔" وہ پہلی بار گھبرائی تھی تکلیف کی شدت پر اس کی آنکھوں سے آنسو نکلے جسے اس نے ہتھیلی کی پشت سے صاف کیا انس آفریدی ساکت سا اسے دیکھتا رہ گیا۔

"شارم! ہنی آپ کے ساتھ بائیک پر نہیں جا سکتی اس کی حالت بالکل ٹھیک نہیں ہے۔" رائمہ آفریدی نے اس کے پیر کی طرف دیکھتے ہوئے کہا وہاں سے اک بار پھر خون رسنے لگا تھا۔

"انس ہنی کو آپ چھوڑ آؤ۔" وہ بے چین کھڑے انس آفریدی کی طرف مڑیں۔

"جی مما۔" انس آفریدی کو پہلی بار اپنا یہ گھر برا لگا تھا اس کا سفر ختم نہیں ہو رہا تھا۔

"نہیں میں شارم کے ساتھ ہی چلی جاؤں گی۔" اس نے انکار کرتے ہوئے کہا۔

"نہیں..... تم انس کے ساتھ جاؤ گی تمہارے پیر سے بلیڈنگ ہو رہی ہے۔" شارم نے اس کے انکار کو نظر انداز کرتے ہوئے حتمی انداز میں کہا تو وہ چپ ہوگئی۔

مما نے سہارا دے کر اسے فرنٹ سیٹ پر بٹھایا۔ شارم اپنی بائیک پر چلا گیا۔

"آپ کا گھر کہاں ہے.....؟" انس نے پوچھا۔ اس نے چونک کر آنکھیں کھولیں پھر اسے علاقے کا نام بتا کر آنکھیں بند کر لیں۔ کافی اسپیڈ سے ڈرائیونگ کرتے ہوئے وہ اس علاقے میں آدھا گھنٹے میں پہنچ گیا تھا۔

"اب کس طرف جانا ہے۔" وہ اس کی طرف مڑا لیکن بری طرح چونکا۔

"انس گولیوں میں نشہ ہے اسے نیند آجائے گی اس کی فیملی کو انفارم کر دینا کہیں اسے سوتا دیکھ کر وہ لوگ پریشان نہ ہو جائیں۔" مما نے اس سے چلتے ہوئے کہا تھا مگر وہ اتنی جلدی سو جائے گی اس کے وہم وگمان میں بھی نہ تھا۔ اس نے پورے راستے اس کا تکلیف زدہ چہرہ دیکھنے سے گریز کیا تھا اب گہری نیند میں اس کے چہرے پر تکلیف کے آثار تھے لیکن شدت نہ تھی۔ اسے اتنی تکلیف میں دیکھ کر آگہی کا کوئی در وا ہوا تھا۔ اگر وہ اسے اتنا سوچتا تھا تو یہ اندر کہیں چھپی میزاب کمال کی بے نیازی تھی جو اسے اپنی سمت کھینچ رہی تھی۔

"وہ لڑکی تمہارے دماغ پر حاوی ہے جس نے تمہیں نظر بھر کر دیکھا تک نہیں۔" مما شریر لہجے میں بولیں۔

"تمہارے دل میں گھر نہ کر لیا تو میرا نام انس آفریدی نہیں۔" اس نے اس کا ہاتھ تھام کر اس سے کوئی گہرا عہد کیا تھا۔ اسی پل اس کا موبائل بجا تو وہ چونکا۔

"انس کہاں ہو تم میزاب کی طبیعت کیسی ہے؟" دوسری طرف گھبرایا ہوا شارم تھا۔

"جسٹ فائن..... پر وہ سو گئی ہے اور مجھے تمہارے گھر کا راستہ نہیں پتا۔" اس نے وضاحت دی۔

"اوہ تم کہاں ہو؟" شارم نے پوچھا تو اس نے اسٹاپ کا نام بتایا وہ تھوڑی دیر میں آ گیا۔ حالانکہ اس نے کہا تھا کہ وہ راستہ اسے سمجھا دے مگر شارم نے بتایا کہ اب گلیوں میں آنا تھا اور وہ بھٹک سکتا تھا اور واقعی پانچ منٹ میں ہی

www.pdfbooksfree.pk

ان کا گھر آ گیا۔ شارم چچا کی مدد سے سوئی ہوئی میزاب کو اٹھا کر لے گیا تھا۔

"اپنے ماں باپ کا ہماری طرف سے شکریہ ادا کردینا بیٹے۔" بڑے تایا، چچا اس کی شخصیت سے مرعوب ہو چکے تھے وہ بمشکل مسکرا سکا تبھی گھر کی تینوں خواتین آ گئیں اور تینوں کی نگاہیں اسے دیکھ کر پھٹنے کی حد تک پھیلیں تھیں۔ شارم نے تعارف کروایا دونوں خواتین نے اسے دعائیں دیں اور مما کا شکریہ ادا کرنے کی خاص تاکید کی تھی۔ وہ باہر نکل آیا تھا۔

"دنیا میں سب نارمل ہیں سوائے میزاب کمال کے۔"

اسے ان سب کی حیرت بھری مرعوبیت یاد آئی تو اس کے لبوں پر مسکراہٹ بکھر گئی۔

"تمہیں میرے دل میں ٹھہر جانا کیا بہت ضروری تھا۔" اس نے سیٹ کی طرف دیکھا جہاں کچھ دیر قبل وہ موجود تھی۔

❀ ......O...... ❀

"انس آفریدی تو بڑا شاندار ہے یار۔" اس کی آنکھ کھلی تو ملیحہ پاس تھی۔ اس نے پہلا جملہ یہی ادا کیا۔

"ملیحہ مجھے بھوک لگ رہی ہے۔" اس نے بڑی خوب صورتی سے ملیحہ کے ریمارکس کو نظر انداز کیا۔

"ان کے مما پاپا آئے ہیں۔" ملیحہ کا شرماتا لجاتا لہجہ اس کے اردگرد خطرے کی گھنٹی بجی۔

"کن کے مما پاپا؟" اس نے حیرت سے پوچھا۔

"انس آفریدی کے۔" ملیحہ باہر نکلنے لگی وہ بھونچکا رہ گئی وہ انس آفریدی کو نظر انداز کرسکتی تھی مگر اس کی دلکشی سے انکار نہیں کرسکتی تھی اس کا حسن دلوں کو بس میں کرلیتا تھا، یہ ٹھیک تھا لیکن ملیحہ...... اسے بڑا عجیب لگا۔

"ملیحہ سنو اب اس کا کیا ہوگا۔"

"کس کا؟" ملیحہ حیران ہو کر پلٹی۔

"وہی جو تمہیں دیکھتے ہی...... کتنا چاہتا ہے تجھے سوچ کبھی غور تو کر، کی تفسیر بن جاتا ہے۔"

"عبید کا۔" ملیحہ چونکی۔

"ہاں اب تم تو انس آفریدی پر لٹو ہوگئی ہو پھر تمہارا منگیتر۔"

"اوہ شٹ اپ میزاب کمال، تمہاری سوچ کتنی گھٹیا ہے۔" ملیحہ کے غصے میں آنے پر وہ مطمئن ہوئی، معاملہ وہ نہیں تھا جو وہ سمجھی تھی۔

"میری سوچ یا تمہارا انداز...... تم بالکل اس انداز میں ذکر کررہی تھیں جیسے لڑکیاں اپنی سسرال والوں کے آنے پر شرما کر ذکر کرتی ہیں۔" ملیحہ غصے سے اسے گھورنے لگی۔

"ہنی کی بچی۔" اس نے ہنستے ہوئے کہا۔ اسی پل دروازہ بجا تو وہ دونوں چونکیں۔

"اوہ آنٹی پلیز آئیں ناں۔" ملیحہ مؤدب ہوگئی۔ اس نے اپنا ڈوپٹہ اٹھایا۔

"آپ کے انکل آپ سے ملنا چاہتے ہیں۔" رائمہ آفریدی نے مسکرا کر اسے کہا۔

"اوہ بلالیں آنٹی انہیں۔" اس نے دوپٹہ اپنے سر پر لیتے ہوئے کہا۔ رائمہ آفریدی کو اس کی یہ ادا بڑی پیاری لگی انہوں نے پلٹ کر فیضان آفریدی کو آواز دی۔

"کیسی ہے میری بیٹی؟" فیضان آفریدی نے اندر داخل ہوتے ہوئے کہا۔ رائمہ آفریدی مسکرائیں۔

"جی انکل ٹھیک ہوں۔ پلیز بیٹھیں۔" اس نے کہا۔

"اتنی صبح صبح آپ کو اور آپ کی فیملی کو ڈسٹرب کرنے پر معذرت خواہ ہیں۔" انہوں نے اس کے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا

"ارے انکل ایسی کوئی بات نہیں ہے۔"

"میں تو چاہتا تھا ہم شام کو آئیں مگر آپ کی آنٹی مانی ہی نہیں۔" اسی پل ملیحہ ناشتا لے آئی۔

"پلیز آئیں ناشتا کریں۔"

"پھر کروں گا اوکے رائمہ چلتا ہوں، اوکے بیٹا اللہ حافظ۔" وہ ان دونوں کو ساتھ مخاطب کرتے باہر نکلنے لگے۔

"اللہ حافظ انکل۔" انہوں نے اس کی آواز پر مڑ کر دیکھا اور مسکرا دیئے۔

"پلیز آئیں آپ ناشتا کریں۔"

"ناشتا تو میں انس کے ساتھ کرکے آئی ہوں وہ

www.pdfbooksfree.pk

میرے بغیر کچھ کھاتا نہیں ہے۔" اس کے اصرار پر انہوں نے چائے لے لی۔

❁.....○.....❁

"مام.....مام۔" وہ بلند آواز میں انہیں آوازیں دیتی اندر داخل ہوئی۔

"کیا ہوا روحینہ۔"

"مام آپ کو پتا ہے آج انس آفریدی کی مما آئی تھیں۔"

"کیا!" وہ بری طرح چونکیں۔ "مگر کہاں آئیں وہ۔"

"نیچے میزاب کمال کی عیادت کرنے' مجھے انس آفریدی نے بتایا' اصل میں اسے میرے اور میزاب کے رشتے کے متعلق پتا نہیں ہے تو اس نے مجھے اس لیے بتایا کہ میں بھی میزاب کمال کی عیادت کرلوں۔" اس کا بس نہیں چل رہا تھا کہ وہ اس میزاب کمال کو تو کسی کنویں میں پھینک دیتی' انس آفریدی کس قدر فکرمند ہو رہا تھا۔

"لیکن وہ بیمار ہے یہ انس کو کیسے پتا اور اس کی مما کیسے آ گئیں؟" یہ سوال تو اس نے بھی انس سے کیا تھا اور جواب میں جو تفصیل انس نے اسے دی تھی وہ اس نے انہیں دے دی۔

"ماما پلیز کچھ کریں مجھے ہمیشہ اس لڑکی سے نفرت رہی ہے لیکن آج پہلی بار ڈر لگ رہا ہے' کہیں وہ مجھ سے انس آفریدی کو نہ چھین لے۔" اس نے پریشانی سے کہا۔

"ڈونٹ وری جان ایسا نہیں ہوگا' تم اپنی ماں کو جانتی نہیں ہو۔" وہ مسکرائیں۔ "سانپ بھی ماروں گی اور لاٹھی بھی نہیں ٹوٹنے دوں گی۔"

❁.....○.....❁

"ملیحہ اٹھو مجھے چائے پینی ہے۔" اس نے ملیحہ کو ہلایا۔

"افوہ کراچی والوں میں یہ چائے پینے کی عادت پتا نہیں کہاں سے گھس گئی۔"

"بے فکر رہو وہ لاہور والے بھی اتنی ہی چائے پیتے ہوں گے۔" عبید ان کے ماموں کا بیٹا تھا جو لاہور میں رہتے تھے۔

کچھ دیر بعد دستک ہوئی تو وہ چونکی ان کے گھر میں دستک دے کر آنے کا رواج نہیں تھا۔

"تم اتنے شریف ہو گئے یہ اچھا ہوا۔" شارم جلال اسے دیکھنے آیا ہوگا اور یقیناً اس کے لیٹے ہوئے ہونے کے خیال سے دروازہ بجا رہا ہوگا۔

"میں تمہارے استقبال کے لیے دروازے پر نہیں آ سکتی تم اندر آ جاؤ۔" وہ منہ بنا کر بولی اور اگلے پل سانس تک لینا بھول گئی۔ اندر داخل ہونے والے کمال الدین تھے۔

"کیسی طبیعت ہے۔" تیس سال میں اسے بہت سی چوٹیں لگی تھیں مگر وہ اسے کبھی دیکھنے نہیں آئے تھے وہ بڑی حیرت سے انہیں دیکھ رہی تھی۔

"کیسی ہے میری بیٹی۔" وہ بہت اپنائیت سے اس کی خیریت پوچھ رہے تھے۔

"کیسی ہو ہنی۔" رخسانہ بھی پیچھے چلی آئیں۔

"جی ٹھیک ہوں۔" وہ بے حد پریشان ہو گئی تھی۔ اس کا پریشان ہونا صحیح تھا وہ پوچھتے کب تھے پھر کمال الدین تھوڑی دیر بعد چلے گئے لیکن رخسانہ وہیں رہیں اور بعد میں بھی آتی رہیں۔ روحینہ کمال ایک بار بھی نہیں آئی البتہ کمال الدین اس کے بعد ایک بار پھر آئے تھے۔

"شکر ہے تمہارے باپ کو اتنی عقل تو آئی کہ خیریت پوچھنے لگا ہے اب۔" چچی خوش تھیں۔

"چچی میرا دل الجھ جاتا ہے ان کے آنے سے..... مجھے اچھا محسوس نہیں ہوتا۔"

"ہنی بیٹا دل کو وسیع کرو..... زندگی سے یوں شکایت لے کر نہیں جیتے ہیں۔ شاید یہی وقت لکھا تھا تمہارے باپ کی تم سے محبت کا۔" اس نے چچی کو دیکھا وہ اسے ہمیشہ اچھی صلاح دیتی تھیں۔

"مجھے کوئی شکایت نہیں ہے چچی پر اب ان کی ضرورت بھی محسوس نہیں ہوتی۔" اس نے کہا۔

"نہیں بیٹا رشتوں کی ضرورت انسان کی زندگی سے کبھی ختم نہیں ہوتی۔"

"لیکن رشتے روپ بدل لیتے ہیں۔ میرے ماں باپ کے رشتوں نے بھی چچا چچی کا روپ لے لیا ہے اور مجھے یہ رشتے بہت عزیز ہیں۔" وہ ان سے لپٹ گئی۔



❁.....○.....❁

"مما وہ میزاب کی طبیعت کیسی ہے؟" عصر کے بعد چائے پیتے انس نے یکدم پوچھا۔

"یہ آپ مجھ سے کیوں پوچھ رہے ہیں۔ یہ بات تو آپ کو شارم سے پوچھنا تھی جو آپ کا کلاس فیلو اور اس کا کزن ہے اور دوسری بات یہ کہ آپ اس کے متعلق جاننے کے لیے اتنے بے چین کیوں ہو رہے ہو؟" مما کا لہجہ شرارت لیے ہوئے تھا وہ خفیف سا ہو کر مسکرا دیا۔

"پہلی بات یہ کہ شارم سے پوچھنا اچھا نہیں لگتا اور دوسری بات یہ کہ آپ اپنے بیٹے کے دل سے اتنی انجان کیوں بن رہی ہیں۔" اب کے اس نے مسکراتے ہوئے وضاحت دی۔

"ارے یہ تو بہت ہی غلط بات ہے آپ میرے بیٹے کے دل کو جانتی ہیں اور انجان بن رہی ہیں۔" فیضان آفریدی اسی پل آئے تھے رائمہ آفریدی ہنس پڑیں وہ بھی مسکرا دیا۔

"کیا خواہش ہے میرے بیٹے کی۔" انہوں نے محبت سے پوچھا۔

"خواہش تو میری بھی ہے اور میں چاہتی ہوں میرا بیٹا اسے جلد ہی پورا کر دے۔"

"آپ کی خواہش۔" فیضان آفریدی حیران ہوئے۔

"کیوں آپ کی خواہش نہیں ہے کیا کہ آپ کی ایک عدد پیاری سی بہو ہو پیارے پیارے پوتا پوتی ہوں۔" رائمہ آفریدی مصنوعی برہمی سے بولیں۔

"ہاں یہ تو ہے۔" فیضان آفریدی نے اثبات میں سر ہلایا وہ ہنس پڑا۔

"تو بس میں اپنے بیٹے سے پوچھنا چاہتی ہوں وہ بہو کو کب گھر لا رہا ہے۔" رائمہ آفریدی نے کہا تو وہ کھڑا ہو گیا۔

"دیکھیں بھاگ رہا ہے۔" فیضان آفریدی نے کہا تو رائمہ آفریدی نے اسے گھورا۔

"بھاگ نہیں رہا بلکہ آپ کی بہو سے پوچھنے جا رہا ہوں کہ وہ کب تک گھر آئے گی۔"

"بہو کہاں ہے۔" فیضان آفریدی چونکے۔

"ماما کو پتا ہے۔" کہتے ہوئے وہ باہر نکل آیا اور پیچھے رائمہ آفریدی ہنس پڑیں۔

❁.....○.....❁

"محترمہ آپ سے مجھے انتقام لینا ہے اور آپ ہیں کہ پردے میں بیٹھ گئی ہیں۔" میزاب کمال کو دیکھنے کی بے پناہ چاہت اسے اس کے دروازے تک لے آئی۔

"وہ کتنی شاکڈ ہوگی یہ جان کر کہ میں اس سے ملنے آیا ہوں۔" اس کے دروازے پر نظریں جمائے وہ دھیرے سے مسکرایا۔ "لیکن اس کی فیملی' شاید انہیں اچھا نہ لگے نجانے وہ لوگ کیا سوچیں گے..... اوکے میں شارم کا پوچھ لوں گا کہ وہ یونیورسٹی کیوں نہیں آیا۔" اس نے کار سے اتر کر کھلے ہوئے دروازے کی بیل بجائی لیکن اگلے پل جو کچھ ہوا وہ اسے شاکڈ کر گیا۔

❁.....○.....❁

"ہنی تمہارے پاپا اور میں آج ایک پارٹی میں جا رہے ہیں تم بھی تیار ہو جاؤ۔" وہ غش کھاتے کھاتے رہ گئی۔ چچی اور بڑی تائی بھی چونک گئیں۔ ملیحہ اور شارم صبیحہ آپا کے گھر گئے ہوئے تھے۔

"گھر میں پڑے پڑے بھی بندہ تھک جاتا ہے آج تمہاری طبیعت بھی کافی بہتر ہے تم چلو ہمارے ساتھ کمال کہہ رہے تھے کہ تمہیں لے چلوں۔" چچی اور وہ چونک گئی تھیں جبکہ بڑی تائی نے شاید ان کی بات صحیح سے سنی نہیں تھی۔

"ارے اسے کون سا روز روز پارٹیز میں جانے کی عادت ہے' جو گھر میں پڑے پڑے بور ہوگی۔" بڑی تائی بیزاری سے بولیں۔

"ہنی تم جاؤ۔" چچی نے اسے صرف اس بات کے لیے بھیجنا چاہا کہ آج پہلی بار اس کا باپ اسے کہیں لے جانا چاہتا تھا۔

"مگر....." بڑی تائی اور اس کے منہ سے ایک ساتھ نکلا مگر چچی نے دونوں کو ہاتھ اٹھا کر روک دیا تھا۔

"تم تیار ہو جاؤ ہنی میں بھی تیار ہوتی ہوں۔" رخسانہ

www.pdfbooksfree.pk

مسکرا کر اسے پیار کرتی اٹھ گئیں۔

"چچی میں ان کے ساتھ نہیں جاؤں گی۔" اس نے انکار کرتے ہوئے کہا۔

"پاگل مت بنو ہنی' تمہارے باپ کے دل میں اگر تمہاری جگہ بن رہی ہے تو اس جگہ کو بڑھاؤ۔" انہوں نے سمجھانا چاہا۔

"مگر چچی....." اس نے کچھ کہنا چاہا مگر چچی نے اس کے لبوں پر ہاتھ رکھ دیا۔

"تیار ہو جاؤ جا کر۔" پھر چچی نے خود اس کی پوری تیاری کروائی۔ سفید چوڑی دار پاجامے فراک میچنگ جیولری اور سفید چوڑیوں سے اس کی دونوں کلائیاں بھر دیں۔

"ملیحہ ہوتی تو تمہارا اچھا سا کوئی ہیئر اسٹائل بنا دیتی مگر اب تم یہ بال کھلے چھوڑ دو۔"

"چچی پتا نہیں کیسی پارٹی ہے اور آپ نے مجھے اتنا تیار کر دیا۔" وہ اپنے باپ کے بلاوے پر جانا نہیں چاہتی تھی کیونکہ اب وہ وقت گزر گیا تھا جب اسے اپنے باپ کی ان کے بلاوے کی ان کی محبت کی ضرورت تھی۔

"چلو ہنی چلیں۔" رخسانہ نے اس کے کمرے میں جھانکا۔

"جی۔" وہ ان کے ساتھ باہر نکلی۔

"اللہ حافظ بڑی تائی' چچی۔"

"اللہ حافظ بیٹا۔" بڑی تائی' چچی نے کہا تو وہ باہر نکل آئی۔

"تو آپ اسے لے کر جا رہی ہیں۔" روحینہ شاید کہیں باہر سے آئی تھی۔

"تمہارا راستہ انس آفریدی کے لیے صاف رہے اسی وجہ سے اس کے نخرے اٹھانے پڑ رہے ہیں مجھے۔" انہوں نے نہایت ناگواری سے کہا۔

"اوہ سوئیٹ مما۔" وہ ان کے گلے لگی تھی۔

"ہو سکتا ہے وہ زبیر کی فیملی کو پسند آ جائے تو تمہارے پاپا کا بزنس بھی بنا رہے..... تمہارے پاپا کے ذہن میں میں نے یہی بات ڈالی تھی وہ اس کی شکل دیکھنے کے لیے تیار ہوئے ورنہ تو تم جانتی ہو وہ کتنی نفرت کرتے ہیں اس سے۔" انہوں نے وضاحت دیتے ہوئے کہا۔

"اور اس نفرت میں سب سے زیادہ ہاتھ بھی تو آپ کا ہے۔" روحینہ کمال ہنس پڑی۔

"تو کیا اپنا جی جلا کر جیتی۔" وہ بھی ہنسیں۔ رخسانہ وہ ناگن تھیں جن کے ساتھ کتنا بھی اچھا کر لو وہ ڈسے بغیر نہیں رہیں گی۔

"لیجیے ہنی آ گئی۔ روحینہ کی اس پر نظر پڑ گئی تھی ورنہ وہ شاید اندر پلٹ جاتی اور کبھی اس کا سامنا نہیں کرتی۔ وہ باوجود کوشش کے خود کو سنبھال نہیں پا رہی تھی۔ اس کے اندر اک آگ لگی ہوئی تھی جو ہر چیز اس پل تہس نہس کر دینا چاہتی تھی۔

"چلو ہنی ہمیں دیر ہو رہی ہے۔" رخسانہ نے مسکرا کر کہا اسی پل دروازے پر بیل ہوئی اس نے نظریں اٹھائیں اور اندر لگی آگ پر پانی برسنے لگا۔ رخسانہ کمال اور روحینہ کمال نے پلٹ کر دیکھا اور بری طرح چونک گئیں۔

"میں کب سے آپ کا ویٹ کر رہی ہوں اور آپ جناب اب آ رہے ہیں۔" وہ نہایت بے تکلفی سے بولتی انس آفریدی کے قریب چلی آئی۔ انس آفریدی چونک کر پیچھے مڑا لیکن اپنے پیچھے کسی کو نہ پا کر وہ شاکڈ رہ گیا میزاب کمال اتنی بے تکلفی سے اس سے مخاطب تھی۔

"آنٹی کا فون آیا تھا انہوں نے مجھے بتایا کہ آپ مجھے لینے آ رہے ہیں۔" وہ مما کو کب بتا کر آیا تھا کہ وہ یہاں آ رہا ہے اسے میزاب کمال کی ذہنی حالت پر شبہ ہوا۔ وہ تو صرف پوچھنے آیا تھا کہ وہ کب چلے گی لیکن وہ تو چلنے کو تیار تھی۔

"معذرت چاہتی ہوں اب آپ کے ساتھ نہیں جا سکتی ہوں۔ پھر آپ لے جانا چاہیں گی تو ضرور چلوں گی۔" وہ رخسانہ کی طرف پلٹی۔ انس آفریدی آنکھیں پھیلائے اس کے اس پاگل پن کو سمجھنے کی کوشش کر رہا تھا۔ روحینہ کمال "کاٹو تو لہو نہ ملے" کی عملی تفسیر بنی کھڑی تھی۔ یونیورسٹی میں ایک دوسرے پر نظر ڈالے بغیر گزرنے والے وہ دونوں اتنے بے تکلف کب ہوئے' وہ دم بخود تھی۔

"چلیں انس۔" اس نے حیران سے کھڑے انس آفریدی کے آگے ہاتھ ہلایا۔

"السلام علیکم آنٹی میں انس آفریدی ہوں میزاب اور



روحینہ کا کلاس فیلو۔" وہ اسے بغور دیکھتی جواب دینے کے قابل نہیں تھیں ان کی بیٹی کی پسند ایسی شاندار ہو گی انہیں اس کا اندازہ نہیں تھا' لیکن وہ میزاب کمال کے ساتھ کھڑا تھا ان کا دل دھڑکنا بھول گیا۔

"آپ کا تعارف ختم ہو گیا تو ہم چلیں۔" اس نے بڑی کوفت کے ساتھ پوچھا تو وہ اسے دیکھنے لگا جو بڑی سج دھج سے تیار تھی۔

"کیا سچ مچ مما نے اس سے کچھ کہا ہے۔" وہ اسے دیکھتا پلٹا تھا اگر وہ ابھی بھی نہ پلٹتا تو میزاب کمال اس کا ہاتھ تھام کر اسے وہاں سے لے جاتی..... اس کے ساتھ فرنٹ سیٹ پر بیٹھنے کے بعد گاڑی آگے بڑھا لینے تک وہ بے یقین تھا کہ وہ اس کے ساتھ آئی ہے۔ اس نے تیزی سے پرس سے موبائل نکالا اور چچی کو ساری بات بتانے لگی وہ دم بخود رہ گئی تھیں۔

"چچی آپ ان سے کوئی بات مت کیجیے گا سوائے اس کے کہ رائمہ آنٹی کا فون آیا تھا۔ بڑی تائی کو بھی کچھ مت بتائیے گا ورنہ وہ غصے میں آ کر کچھ نہ کچھ کہہ دیں گی۔" اس نے پوری تفصیل میں سے صرف ایک ڈائیلاگ حذف کیا تھا۔

"تمہارا راستہ انس آفریدی کے لیے صاف رہے۔" وہ یہ بات انس آفریدی کے سامنے نہیں کہہ سکتی تھی انس آفریدی یہ سب سن کر چپ ہو گیا تھا۔ وہ انس آفریدی سے اتنی بے تکلف کیوں ہوئی یہ اسے سمجھ آ گیا تھا اس نے اپنی انسلٹ کا بدلہ روحینہ کمال کے دوست سے دوستی کر کے لے لیا تھا۔ اس شاطر لڑکی نے اسے مہرہ بنایا اور وہ بے وقوفوں کی طرح اس کے اشارے پر چل پڑا۔ اسے خود پر غصہ آ رہا تھا۔

"روک دیں۔" اسٹاپ پر اس کی آواز انس آفریدی کو سنائی دی۔

"آپ نے مجھے اپنا نوکر سمجھا ہوا ہے کہ آپ کہیں گی چلو میں چل دوں گا آپ کہیں گی کو میں رک جاؤں گا۔" وہ بے حد تلخ لہجے میں بولا تو وہ چونک گئی۔ اسے یکدم ہوش سا آیا وہ کیا کر بیٹھی ہے وہ اپنے دشمنوں کو اذیت دینے کے لیے کنویں میں چھلانگ لگا بیٹھی ہے۔ وہ اس شخص کو نہیں جانتی تھی وہ کیسی عادت کا مالک تھا اس کی ذہنی سطح کیا تھی وہ اس کے ساتھ کچھ بھی کر سکتا تھا اس کا وجود لرز اٹھا۔

"انس پلیز گاڑی روک دیں۔" وہ التجائیہ لہجے میں بولی۔

"آپ کو مما نے بلایا ہے ناں..... تو ابھی میرا گھر نہیں آیا۔" وہ برہمی سے بولا۔

دل پہلے ہی رونے کو مچل رہا تھا اب آنکھیں بھی بھرنے لگیں۔

"رونے کا پروگرام نہیں چلے گا او کے۔" انس آفریدی کو اس سے ہمدردی ہو ہی نہیں سکتی تھی اسے پتا تھا لیکن وہ اسے کہاں لے جا رہا تھا اسے خبر نہ تھی اس کا دل بری طرح سے کانپ رہا تھا' اپنے نفع نقصان سے بے پروا ہو کر یہ اس نے کیا کر ڈالا' وہ لب بھینچے رہ گئی۔

"ہنی۔" اپنے بیٹے کے ساتھ سجی سنوری ڈری سہمی میزاب کمال انہیں حیرت زدہ کر گئی تھی۔

"آپ نے کہا تھا ناں لے آؤ تو میں لے آیا۔" اس نے مما سے کہا تو وہ بے یقین سی ہنس پڑیں اور طنز کا یہ تیر میزاب کمال کے چھلنی دل کی تکلیف بڑھا گیا۔

"آنٹی پلیز آپ مجھے غلط مت سمجھیں اپنی اسٹیپ مدر کی باتوں پر میں اتنی غصے میں آ گئی مجھے پتا ہی نہیں چلا کہ میں کیا کر رہی ہوں۔" وہ بے بسی سے اپنی صفائی پیش کر رہی تھی۔ رائمہ آفریدی چونکیں اور انس آفریدی مسکرا دیا اس کا ایک جملہ دونوں کے دل پر لگا تھا' ایک کے دل پر خوشی بن کر اور دوسرے کے دل پر تیر بن کر۔

"کیا ہوا ہنی۔" انہوں نے اسے خود سے لگایا اور اس کا دل بھر آیا' ان کے گلے لگ کر وہ بے تحاشا روئی تھی انس آفریدی لب بھینچے دیکھتا رہا گلے مل وہ باہر نکل گیا' کافی دیر بعد لوٹا تو وہ مما کے ساتھ بیٹھی باتیں کر رہی تھی بلکہ مما اس کے ساتھ اپنی خوشگوار یادیں شیئر کر رہی تھیں۔ اس کے چہرے پر افسردہ سی مسکراہٹ پھیلی تھی۔ پاپا بھی وہیں بیٹھے تھے۔

"انس ہنی کو چھوڑ آؤ۔" انہوں نے اس کو آتے دیکھ کر کہا۔

"نہیں آنٹی میں چلی جاؤں گی۔" وہ ایک بار پھر اس

www.pdfbooksfree.pk

کی طرف دیکھنے سے گریزاں تھی۔ اس نے بڑے غور سے دیکھا۔

"مما میں ہر بار یہی سنوں گا کیا؟" اس نے قدرے معصومیت سے پوچھا۔

"نہیں یہ فائنل ہے۔" رائمہ آفریدی نے شرارت سے مسکرا کر اسے دیکھا۔

"یہ آپ دونوں کی خفیہ کوڈ والی باتیں مجھے اکثر پاگل کر دیتی ہیں۔" فیضان آفریدی نے حیرت سے ان کے مکالمے سنے تھے۔

"تو آپ اسے لے آئیں جو ہماری باتیں ڈی کوڈ کر کے آپ کو بتائے۔" رائمہ آفریدی نے مسکرا کر کہا۔

"ہوں..... سوچنا پڑے گا اس بارے میں۔" ان کی بات پر وہ دونوں مسکرا دیئے۔ اور پھر اس کے منع کرنے کے باوجود انس آفریدی اسے گھر تک چھوڑنے آیا اور یہ اس کی شرافت ہی تھی کہ اس نے ایک لفظ بھی منہ سے ادا نہیں کیا اور وہ کیوں چپ رہا.....؟ صرف اس وجہ سے کہ وہ آج بہت پریشان ہوئی تھی اور اس نے مزید ستانا مناسب نہیں سمجھا۔

❁.....○.....❁

"کاش اس وقت میں بھی موجود ہوتی اور ان کا چہرہ دیکھتی۔" ملیحہ کو خاصا افسوس ہوا۔ وہ چپ لیٹی رہی۔

"پتا ہے جب ہم آئے تھے تو ایک ڈرامہ یہاں بھی ہو رہا تھا۔"

"کیا.....؟" وہ چونکی۔

"چھوٹے تایا یہ مطالبہ کر رہے تھے کہ تمہیں اسی وقت بلایا جائے تو پھر بڑے تایا نے بے نقط سنا ڈالیں۔ صاف لفظوں میں کہہ دیا کہ وہ تمہارا نام بھی اپنی زبان پر نہ لائیں۔ تمہاری زندگی کا ہر فیصلہ چونکہ پاپا اور بڑے تایا نے کیا ہے لہٰذا اب تمہاری شادی کا فیصلہ بھی وہی کریں گے جو کوئی بزنس ڈیلنگ نہیں بلکہ تمہاری خوشی ہوگی۔" تو یہ تھا اس کے باپ کا اسے تئیس سال بعد یاد کرنے کا مقصد صرف ایک بزنس ڈیلنگ جبھی تو اس کا دل ان کی آمد پر الجھ سا جاتا تھا اس کے دل کی گواہی ہمیشہ صحیح ہوتی تھی۔

❁.....○.....❁

"بھائی صاحب میں ہنی کو اپنی بہو بنانا چاہتا ہوں یہ میرے پورے گھر کی وہ خوشی ہے جس کا دارومدار آپ کی ہاں پر ہے۔" بوکھلا کر اس نے انس آفریدی کو دیکھا جو ہمیشہ کی طرح اسے بڑے غور سے دیکھ رہا تھا۔ اگلے پل وہ سٹپٹا کر تیزی سے لاؤنج سے باہر نکل گئی۔ رائمہ آفریدی نے مسکرا کر انس آفریدی کو دیکھا جو ایک گہری سانس لے کر رہ گیا۔

"اللہ ہماری ہنی کتنی لکی ہے۔" ملیحہ خوشی سے اچھل پڑی تو بڑی تائی اور چچی نے اسے گھور کے دیکھا۔

"آپ کی فیملی اور آپ کے بیٹے سے اگرچہ ہم متاثر ہیں بھائی صاحب لیکن پھر بھی ہم چاہتے ہیں کہ آپ ہمیں سوچنے کا وقت دیں۔" انہوں نے سوچتے ہوئے کہا۔

"پاپا سوچنے کا وقت مت لیں دیکھا نہیں کل کیا ہوا؟" شارم سے بیچ محفل اس بے وقوفی کی امید کسی کو نہیں تھی وہ تینوں چونکے تھے تو گھر والوں نے گھورا تھا۔

"پاپا شارم ٹھیک کہہ رہا ہے ہنی کو آپ کا ہر فیصلہ قبول ہوگا۔" ملیحہ نے اس کی سائیڈ لی۔

"کوئی زبردستی نہیں چلے گی۔ ہر فیصلہ میزاب کی خوشی اور مرضی سے ہونا چاہیے۔" انس آفریدی نے کہا اور کھڑا ہو گیا۔

"جی بھائی صاحب آپ سوچ سمجھ کر جواب دیجیے گا۔" رائمہ آفریدی نے کہا اور اس کے بعد وہ لوگ گھر آ گئے۔ گھر پہنچتے ہی اس نے شارم کو فون کیا تھا۔

"شارم اگر برا نہیں مانو تو ملیحہ سے بات کروا دو۔"

"تم میزاب کمال سے بھی بات کر سکتے ہو میں برا نہیں مانوں گا۔" وہ ہنسا تھا۔

"السلام علیکم۔" ملیحہ کی آواز میں حیرانی تھی۔

"وعلیکم السلام! میزاب کمال نے کیا جواب دیا۔"

"سوچ سمجھ کر جواب دیں گے جناب۔" اس کی بے



چینی پر ملیحہ مسکرا دی۔

"وہ جواب بڑے دیں گے مجھے میزاب کمال کا جواب چاہیے مجھے پتا ہے تم اس کا جواب جانتی ہو۔" اس کے اتنے یقین سے کہنے پر ملیحہ ہنستی چلی گئی۔

"دیکھو ملیحہ میرے ہاتھ میں ایک کرسٹل کی ایش ٹرے ہے۔ اگر ان کا جواب انکار میں ہوا تو میں ابھی آ کر یہ ایش ٹرے ان کے سر پر مادوں گا لیکن اگر ان کا جواب اقرار میں ہوا تو یہ ایش ٹرے میں اپنے سر پر ماروں گا۔"

"یہ کیا بات ہوئی۔" ملیحہ حیران رہ گئی۔

"دیکھو یار اگر اس نے انکار کیا تو اس کا مطلب ہے میں اسے اچھا نہیں لگتا اور کسی نارمل شخص کو میں برا نہیں لگتا تو یہ ایش ٹرے اس کے سر پر مار کر اس کا دماغ ٹھکانے لگاؤں گا لیکن اگر اس کا جواب اقرار ہوا تو اس کا مطلب ہے کہ میں اسے کبھی برا نہیں لگا بس میں ہی سمجھ نہیں سکا تو میں جو ہر کسی کو سمجھنے کا دعوا کرتا ہوں تو اس میں غلط ثابت ہونے پر ایش ٹرے اپنے سر پر مار کر اپنا دماغ ٹھکانے لگاؤں گا۔" ملیحہ ہنستی ہی چلی گئی۔

"او کے جناب تو ایسا کریں کہ یہاں آ جائیں اور یہاں آ کر وہ ایش ٹرے اپنے سر پر مار لیں مجھے ایسے سین دیکھنے کا بڑا شوق ہے۔" ملیحہ کی بات پر اس کا سانس بحال ہوا تھا ملیحہ نے فون بند کر دیا تھا اور مسکرا کر آنکھیں موند لیں۔

"افوہ یہ اتنی صبح صبح کون رنگ کر رہا ہے۔" بمشکل آنکھیں کھول کر اس نے موبائل کان سے لگایا۔

"انس بھائی..... انس بھائی۔" ملیحہ کی گھبرائی آواز پر اس کی آنکھیں جھٹکے سے کھلی تھیں۔

"کیا ہوا ملیحہ۔" صبح کے ساڑھے نو بجے کا ٹائم اور ملیحہ کی اتنی گھبرائی ہوئی آواز اس کا دماغ کام نہیں کر رہا تھا کہ ہوا کیا ہے وہ تکیوں کی ٹیک لگا کر بیٹھا تھا۔

"ہنی اپنی ماما کے پاس ایبروڈ جا رہی ہے۔"

"اوہ..... اور واپس کب آئیں گی محترمہ۔" اس نے پریشانی سے پوچھا۔

"ہم سب کی زبردستی پر بھی وہ کبھی وہاں نہیں گئی اور اب جا رہی ہے تو واپس آنے کے لیے نہیں۔"

"کیا.....؟" وہ بھونچکا رہ گیا۔ "مگر کیوں ملیحہ۔"

"ہمیں کچھ بھی نہیں بتا رہی ہے بس ایک بات کہ "میں نے کبھی برا نہیں کیا اور اس میں بھی ہمارا بھلا ہے۔" اس کا اس میں کچھ بھلا نہیں ہے یہاں چھوٹی تائی نفرت کرتی ہیں اور وہاں خالو ناپسند کرتے ہیں اور وہ اگر ہمیشہ کے لیے جا رہی ہے تو آئی تو وہ ہمیشہ خالہ کے ساتھ نہیں رہے گی بلکہ کہیں اور شفٹ ہو جائے گی۔" ملیحہ نے وضاحت دی۔

"او کے میں کچھ کرتا ہوں۔" اس نے گہرا سانس لیا۔

"کہاں ہے میزاب کمال۔" اس نے گھر پہنچ کے ملیحہ سے پوچھا تھا۔

"روم میں ہے اپنے۔" ملیحہ نے جواب دیا۔

"چھوٹی چھوٹی باتوں پر گھر نہیں چھوڑا کرتے۔" وہ چونک گئی۔ اک پل کے لیے اس کے پیکنگ کرتے ہاتھ رک گئے تھے اس نے پلٹ کے دیکھا سامنے انس جارحانہ تیور لیے کھڑا تھا۔

"دیکھو انس۔" اس کی آواز بھرا گئی۔

"رونا نہیں ہے دیکھو میں نے مما کو اتنی جلدی بہلانے کی اجازت صرف اسی لیے دی کہ تم یہاں رہو گی تو ٹارچر ہو گی اور روؤ گی تمہارے رونے سے مجھے بہت تکلیف ہوتی ہے اسی لیے میں اپنی پڑھائی مکمل ہونے سے پہلے شادی کر رہا ہوں اب پلیز جو بھی کہنا ہے وہ بنا روئے کہنا ہے۔" اس نے اس کی بات کاٹ کر کہا اور میزاب کمال چونک گئی وہ سارے غم جو آنسوؤں کا سبب تھے جانے کہاں کھو گئے ساتھ رہ گئی تو چاہے جانے کی خوشی۔ وہ بے یقینی سے اسے دیکھتی رہی۔ اگلے پل وہ چونکی انس آفریدی کی زندگی میں میزاب کمال کے لیے کوئی جگہ نہ تھی۔ یہ طے تھا۔

"انس میرے ماں باپ اگر بچپن میں مر گئے ہوتے تو میں سوچتی کہ اگر میرے ماں باپ ہوتے تو مجھ سے پیار

www.pdfbooksfree.pk

کرتے۔ یہ سوچ مجھے کہیں نہ کہیں قرار دیتی لیکن میرے ماں باپ زندہ ہیں' اپنی اپنی دنیاؤں میں مگن ہیں' مجھے کبھی چین نہیں آیا' میں نے بچپن سے اپنے ماں باپ کی بے اعتنائی اور دوری سہی ہے' میں اس کی عادی بھی ہوگئی ہوں۔ اب مجھے اپنے ماں باپ کی کوئی ضرورت نہیں' ان کے بغیر مجھے جینا آ گیا ہے۔ ایک لڑکی کی خوشی کا سبب ماں باپ کے بعد اگر کوئی ہوتا ہے تو وہ اس کا شوہر ہوتا ہے اور میں ایسے شخص سے کیسے شادی کرلوں جس کی بہت جلد مجھے بے اعتنائی سہنی پڑے۔ اس کی دوری پر تو میں جی ہی نہیں سکوں گی۔ انس آفریدی میں جی جلا کر جینا نہیں چاہتی ہوں۔'' اس نے سر جھکا کر اپنی انگلیاں چٹخاتے ہوئے کہا۔ انس آفریدی نے کئی لمحے تک اسے بڑے غور سے دیکھا۔ اس نے ایک بار نظریں اٹھائیں مگر اسے اپنی جانب دیکھتا پا کر پھر نظریں جھکالیں۔

''مجھ سے شادی کے بعد بہت جلد تمہیں میری بے اعتنائی سہنی پڑے گی یہ تمہیں کیوں کر لگا؟'' وہ آپ جناب بھول گیا' اس پل اسے اس لڑکی پر ہمیشہ سے زیادہ غصہ آرہا تھا۔

''بہت جلدی اکتا جانے کی عادت جو ہے انس آپ کو..... تو آپ مجھ سے بھی جلد ہی اکتا جائیں گے.....'' وہ چونکا اس سے یہ شکایت صرف دو عورتوں کو ہوئی تھی ایک مما اور دوسری دعا آفریدی۔ مما نے اس سے نہیں کہا یہ طے تھا۔

''دعا آفریدی تمہیں تو میں زندہ نہیں چھوڑوں گا۔'' اس نے غصے سے کہا۔

''انس آپ دعا کو کچھ نہیں کہیں گے وہ میری بہت اچھی دوست ہے اگر اس نے مجھے کچھ بتایا ہے تو وہ میری بھلائی کے لیے ہے۔'' اس نے روتے ہوئے کہا۔

''آپ کی بھلائی' آپ کی بھلائی اسی میں ہے کہ آپ بالکل چپ ہی رہیں۔'' انس نے غصے سے کہا۔

''آپ اتنا غصہ کیوں کر رہے ہیں' اگر آپ مجھے وضاحت دیں گے تو میرے دل سے ڈر ختم ہوجائے گا۔''

وہ جتنا غصے میں تھا اسے ڈر لگ رہا تھا کہ کہیں وہ واقعی دعا آفریدی کو کچھ نہ کہے' دعا اس کی کالج فرینڈ تھی پھر کالج کے بعد ان کا رابطہ صرف فون پر ہی رہ گیا تھا۔ لیکن ایک بات تھی اور وہ یہ کہ دعا اس کی بہت مخلص دوست تھی۔ رات اس کا فون آیا تھا اور اس نے بتایا کہ اسے رائمہ آفریدی نے انس آفریدی کے رشتے کے بارے میں بتایا ہے اور لڑکی کا نام سن کر وہ چونکی تھی۔

''وضاحت دوں..... وہ بھی تمہیں' تم اس قابل ہو کہ تمہیں کچھ بتایا جائے۔ تم مجھ سے کچھ بھی پوچھے بنا مجھے چھوڑ کے جارہی تھیں۔ اگر ملیحہ مجھے عین لمحات میں فون نہیں کرتی تو..... اب تمہاری سزا یہ ہے کہ کوئی وضاحت نہیں ملے گی تمہیں۔ اب اٹھو اور چلو میرے ساتھ۔'' اس کے غصے پر وہ لب بھینچے رہ گئی۔

''مگر کہاں.....؟'' وہ اس کا ہاتھ پکڑے روم سے نکالا اور ملیحہ کو بتا کر باہر نکل آیا' کچھ دیر بعد وہ انس لاج میں تھے۔

''ہنی۔'' رائمہ آفریدی جو کمرے میں انس آفریدی کو ناپا کر کال کرتے کرتے تھک کر اس کے انتظار میں باہر لان میں چلی آئی تھیں اسے دیکھ کر چونکیں۔ ''سنبھالیں انہیں۔'' اس نے اس کا ہاتھ پکڑ کر رائمہ آفریدی کے قریب کرتے ہوئے کہا۔

''کیا ہوا کچھ بتاؤ گے مجھے۔'' انہوں نے اسے خود سے لگاتے ہوئے انس سے پوچھا۔

''ان سے پوچھیں بتائیں گی یہ خود ہی۔'' انس نے کہا۔

''کیا ہوا ہے ہنی تم ہی بتاؤ۔'' وہ باہر نکل گیا جبکہ وہ لاؤنج میں بیٹھی رہ گئی اور پھر اس نے اٹک اٹک کر انہیں سب کچھ بتا دیا' وہ کتنے لمحے بے یقینی سے اسے دیکھتی رہی تھیں۔

''ہنی آپ کا خوف اپنی جگہ بیٹا لیکن اتنا بڑا قدم اٹھانے سے پہلے ایک بار تو مجھ سے یا انس سے بات کرنی تھی۔ ہنی یہ سچ ہے کہ انس بہت جلد چیزوں سے اکتا جاتا ہے' مگر آج تک وہ جن چیزوں سے تنگ آیا ہے ان سے



کبھی اس نے محبت کا دعویٰ نہیں کیا۔ اس کی محبت کے دائرے میں صرف میں اور فیضان ہیں وہ ہم سے اتنی محبت کرتا ہے کہ بعض اوقات ہم اکتا جاتے ہیں پتا ہے ہنی میں لوگوں کے لاکھ اصرار پر بھی ان کے ساتھ کچھ کھا نہیں سکتی کیونکہ اگر میں اس کے بغیر کھانا کھالوں تو انس بھوکا رہتا ہے۔ اب میں اس سے اتنی محبت کرتی ہوں کہ اسے بھوکا نہیں دیکھ سکتی۔ آج تک ہم سے کچھ دنوں کے لیے بھی الگ نہیں ہوا اس کے دوست کہیں گھومنے کا ٹرپ کرتے ہیں تو یہ ہمیں بھی ساتھ لے کر جاتا ہے اور اب اس دائرے میں تمہارا اضافہ ہوگیا ہے۔ تم یقین کرو کہ تم اس سے اکتا جاؤ گی لیکن وہ تم سے کبھی نہیں' کیونکہ اس نے تم سے محبت کا دعویٰ کرلیا ہے۔'' وہ بے اختیار سسک اٹھی' وہ یہ کیا کرنے جارہی تھی وہ اتنی چاہتوں کو' محبتوں کو دیوانگیوں کو چھوڑ کر کہاں جارہی تھی۔

''مجھے تکلیف دینے کا اچھا طریقہ ہے ناں۔'' وہ دروازے کے بیچ و بیچ کھڑا تھا اس نے تیزی سے اپنے آنسو صاف کیے۔

''مما اپنی لاڈلی کو لے کر آجائیں مجھے بہت بھوک لگ رہی ہے۔''

''چلو ہنی ہم نے ناشتا تک نہیں کیا۔'' اس نے ٹائم دیکھا ایک بج رہا تھا وہ اٹھ کر ان کے ساتھ آ گئی۔ انہوں نے خاموشی سے لنچ کیا تھا۔

''انس ہنی کو گھر چھوڑ آؤ۔''

''نہیں آنٹی میں چلی جاؤں گی۔'' وہ بے اختیار بولی تھی۔ انس آفریدی نے اپنا سر پیٹا اور رائمہ آفریدی ہنس پڑیں۔

''مما آپ نے پچھلی بار کہا تھا کہ یہ فائنل ہے۔''

''اس بار یہ پکا فائنل ہے۔'' انہوں نے کہا تو وہ منہ بنا کے رہ گیا۔

''ہنی آج کے بعد مجھے مما کہنا ہے اور ہمیشہ انس کے ساتھ آنا جانا ہے۔''

''جی.....'' اس نے انس آفریدی کو دیکھتے ہوئے اثبات میں سر ہلایا تھا اور وہ اس کے یوں اپنی طرف دیکھتے رہنے پر حیران رہ گیا تھا۔

''اللہ حافظ مما۔'' ایسی سعادت مندی وہ چونک گیا۔

''اللہ حافظ جان۔'' مما نے اسے پیار کیا' انس آفریدی گھوم کر ڈرائیونگ سیٹ پر آ گیا۔

''تم سے محبت ہوگئی ورنہ.....

ہم تو وہ خود سر کہ اپنی بھی تمنا نہ کریں

کار کو مین گیٹ سے باہر لاتے ہوئے اس نے یکدم کہا۔

''ابھی کچھ دیر پہلے میں کافی ڈپریس رہ چکی ہوں' ایسی حالت میں مجھے مزید تنگ کرنا مناسب نہیں ہے۔'' وہ نہایت سنجیدگی سے بولی تو انس آفریدی بری طرح چونک پڑا' وہ چہرے پر سنجیدگی اور نگاہوں میں بھرپور شرارت لیے اسے دیکھ رہی تھی۔

''میزاب تم.....'' وہ جو یہ سمجھتا تھا کہ وہ لڑکی اس کا چہرہ دیکھنے کی روادار نہیں ہے' بے شک وہ اسے دیکھتی نہیں تھی لیکن اتنی گہرائی سے جانتی تھی پچھلی بار جب وہ اسے چھوڑنے گیا تھا تو اسے مزید تنگ نہ کرنے کے باعث چپ رہا تھا اور اب وہ اس دن کا حوالہ دے کر جتا رہی تھی کہ وہ جانے کب سے اسے جانتی ہے۔ وہ بے اختیار ہنس پڑا تھا۔ وہ کتنا خوش قسمت تھا جو اسے ایسی شریک سفر ملی تھی۔ وہ اسے دیکھے گئی۔ اسے دیکھنے پر جو پہرہ اس نے اپنی نظروں پر لگایا تھا آج وہ ہٹا دیا۔ کیونکہ وہ آج روحینہ کمال سے بہت فاصلے پر تھا' انس آفریدی بنا اس کی کسی کوشش کے اس کا ہوگیا تھا' اب اپنے اس رشتے کو حاسدوں کی بدنظروں سے بچائے رکھنے کی کوشش اسے ساری زندگی کرنی تھی۔

www.pdfbooksfree.pk

# یہ جنوں ہے راہِ عشق کا

عظمیٰ شاہین رفیق

گلوں کی باس چمن کا نکھار زندہ رہے
دعا کرو کہ سرشتِ بہار زندہ رہے
میں ہزار بار پیوند خاک ہوجاؤں مگر
میرا وطن میرے پروردگار زندہ رہے

شاہراہ پر اس کے بڑھتے قدم ایک جھٹکے سے رکے تھے' وہ ہاتھ میں تھامے موبائل کی اسکرین کو ساکت نظروں سے دیکھ رہی تھی۔ نیوز الرٹ کا چمکتا دمکتا میسج اس کے دل و دماغ کو اندھیرے میں لپیٹ رہا تھا۔ چند سیکنڈ اس کو دیکھتے رہنے کے بعد اس نے اپنے اردگرد نگاہ ڈالی' دوپہر ہونے کو تھی مگر سورج کا کچھ پتا نہ تھا۔ شاہراہ پر گاڑیاں رواں دواں تھیں' انتارش نہ تھا موسم خوش گوار اور ٹھنڈا تھا مگر پاک افغان بارڈرز پر آگ برس رہی تھی۔ ارضِ پاک کے محافظ اس آگ کو اپنے خون سے ٹھنڈا کر رہے تھے۔

''سلالہ چیک پوسٹ پر نیٹو کا حملہ' 24 جوان شہید' متعدد زخمی۔'' سر جھٹک کر اس نے ایک بار پھر میسج پڑھا' روشن دن میں اس کی آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا رہا تھا۔ لوگوں کی پروا نہ کرتے ہوئے وہ فٹ پاتھ پر بیٹھ گئی اور سر ہاتھوں میں تھام لیا حالانکہ اس کا حلیہ ہرگز ایسا نہ تھا کہ وہ یوں سرِ راہ بیٹھ جاتی' بلیک جینز کا ٹراؤزر' میرون



کرتا' بلیک اپر پر میرون اور بلیک ڈوٹس والا مفلر گلے میں لپیٹے' سر پر کیپ لیے اور ہاتھ میں موبائل تھامے وہ بہت متاثر کن لگ رہی تھی۔ کندھوں سے نیچے آتے بلیک سلکی بال اس نے کیچر میں جکڑ رکھے تھے۔ گوری رنگت اور تیکھے پُرکشش نقوش اور آنکھوں میں ذہانت کی چمک' اس کی شخصیت جتنی جاذب نظر تھی اس کا دل اس سے کہیں زیادہ خوب صورت تھا۔

''ایکسکیوزمی میم! کیا سب ٹھیک ہے؟'' اس نے نگاہ اوپر کی تو ٹریفک وارڈن کو پاس کھڑے پایا' اس نے نفی میں سر ہلایا اور موبائل اس کی جانب بڑھا دیا' ٹریفک وارڈن نے حیران ہوتے ہوئے موبائل اس کے ہاتھ سے لے لیا اور جب میسج پڑھا تو بے اختیار سر پہ ہاتھ مار بیٹھا۔

''او مائی گاڈ! حکمرانوں کی بے حسی اور بزدلی کا قرض ایک بار پھر ہمارے پاسبانوں کو چکانا پڑا۔''

ٹریفک وارڈن نے موبائل اس کو واپس تھما دیا اور ہدایت کی۔

''پلیز آپ گھر جائیے اللہ بہتر کرے گا۔''

''جی!'' اس نے یک حرفی جواب دیا اور اٹھ کر آگے بڑھ گئی۔ اب اس کے قدموں میں واضح سستی تھی جب کہ اس سے پہلے' اپنی منزل پر پہنچنے کے شوق میں اس کے قدم جوش سے اٹھ رہے تھے۔ ''آرمی ہیڈ کوارٹرز'' میں کشف غزنوی کی جوائننگ کا پہلا دن تھا۔

❀.....❖❖.....❀

''کشف بیٹا! اس میں سے کیا نوٹ کر رہی ہو تم؟'' وہ ایک مذہبی تنظیم کا رسالہ سامنے رکھے اپنی ڈائری میں اس میں سے کچھ نوٹ کر رہی تھی جب کہ اس کی ساتویں جماعت کی کتابیں اس کے پاس رکھی ہوئی تھیں۔

''ایک نام نوٹ کر رہی ہوں مما جان!''

''کس کا۔''

''نہاوند سنگھ۔'' اس نے جواب دیا۔

''یہ کون ہے؟'' انہوں نے حیرت سے استفسار کیا۔

''یہ انڈیا کی ایک سیاسی پارٹی کا اہم رکن ہے' اس نے قائداعظم کو بے وقوف کہا ہے' اس نے کہا ہے کہ جناحؒ ایک بے وقوف انسان تھے جس نے ازل سے ایک ساتھ رہنے والی دو قوموں کو جدا کر دیا۔''

''بیٹا! ان کا حسد اور تنگ نظری لامحدود ہے' یہ ہمیشہ سے ہمارے دشمن ہیں ان کی سوچ بدلنے والی نہیں ہے مگر اس کا نام تم کیوں نوٹ کر رہی ہو؟'' انہوں نے رسانیت سے سمجھاتے ہوئے پوچھا۔

''مما جی! اس شخص نے ہمارے پیارے قائد کی شان میں گستاخی کی ہے میں بڑے ہو کر اس سے بدلہ لوں گی۔ اس کا نام ڈائری پہ اس لیے لکھ رہی ہوں کہ کہیں بھول نہ جاؤں۔'' اس کی ماں کی آنکھوں میں پہلے حیرت ابھری پھر اس کی بچکانہ بات پہ مسکرائیں اور اس کے سر پر ہلکی سی چپت لگائی۔

''ابھی تمہاری عمر نہیں ہے ان فکروں میں پڑنے کی' پڑھائی پر دھیان دو بس۔'' وہ کہہ کر اپنے کام میں مصروف ہوگئیں' مگر کشف کا معصوم ذہن منصوبے بنا رہا تھا کہ میں نے اپنے عظیم قائد کو بُرا بھلا کہنے والے سے بدلہ کیسے لینا ہے۔ وطن کا عشق قدرت نے جی بھر کر اس کو ودیعت کیا تھا اور میٹرک تک آتے آتے یہ جذبہ اتنا پروان چڑھ گیا تھا کہ اس کی فرینڈز' کلاس فیلوز اور ٹیچرز سب کہتے تھے ''کشف غزنوی کی رگوں میں خون کی بجائے پاکستان دوڑتا ہے۔''

❀.....❖❖.....❀

اسکول جاتے ہوئے وہ ایک معمول کی صبح تھی جب وطن کے عشق نے اس کا چھوٹا سا امتحان لیا تھا۔ اسکول سے کچھ فاصلے پر ایک بچہ کھڑا تھا' اس کے قریب سے گزرتے ہوئے ایک سرسری سی نگاہ اس پر ڈالی اور ٹھٹک کر رک گئی۔

''آپ پریشان ہو؟'' اس نے بچے سے استفسار کیا۔ پوچھنے کی دیر تھی بچے کی آنکھیں آنسوؤں سے

www.pdfbooksfree.pk

لبریز ہوگئیں۔

"مجھے بتاؤ شاباش کیا مسئلہ ہے؟" کشف نے اسے پچکارا۔

"اسکول کی فیس مجھ سے گم ہوگئی ہے' ٹیچر ماریں گی اگر آج نہ دی تو....." بچے نے روتے ہوئے کہا۔

"تو آپ ان سے کہنا میں کل لادوں گا اور کل مما سے لے کر دے دینا۔" کشف نے مشورہ دیا۔

"مما اور پیسے نہیں دیں گی' پاپا نہیں ہیں نا تو مما بار بار پیسے نہیں دیتیں۔" کشف کو لگا بچے کی بات نے اسے لاجواب کردیا ہو۔

"کتنی فیس ہے آپ کی؟" کشف نے پوچھا۔

"دوسو پچاس روپے۔" بچے نے جواباً کہا تو اس نے ایک نظر سڑک کے پار بک شاپ کو دیکھا جہاں سے اسے فزکس کی پریکٹیکل نوٹ بک خریدنا تھی اور بیگ میں سے تین سو روپے نکال کر بچے کو تھمادیئے۔

"یہ لو فیس دے دینا اور باقی پیسوں سے بریک ٹائم میں کچھ کھالینا۔" بچہ پیسے پکڑتے ہوئے جھجک رہا تھا۔

"مجھ سے دوستی کرو گے؟" اس کے سوال پر بچے کے ہونٹوں پر مسکراہٹ در آئی۔

"ہاں کروں گا۔"

"ٹھیک ہے آج سے میں اور تم دوست ہیں۔ دوست' دوستوں سے چیزیں لے لیتے ہیں نا' تو تم بھی یہ لے لو ٹھیک ہے نا؟" کشف نے پیار سے کہا تو بچے نے پیسے تھام لیے۔ اس کا گال تھپتھپا کر اس نے قدم آگے بڑھادیئے تو پھر کچھ خیال آنے پر مڑی۔

"سنو! تمہارا نام کیا ہے؟"

"مستقیم!" بچے نے نام بتایا۔

"بہت پیارا نام ہے تم روز مجھ سے یہیں مل کر جایا کرنا' ٹھیک ہے؟"

"ٹھیک ہے۔" بچے نے جواباً مسکرا کر کہا اور چلا گیا۔

اس نے محسوس کیا تھا کہ اپنی پاکٹ منی وہ اس بچے کے ساتھ شیئر کیا کرے گی تو اسے خرچ کرنے کا زیادہ مزا آئے گا پھر فزکس کے پیریڈ میں ٹیچر نے نوٹ بک نہ لانے پر اس کو کھڑا کردیا۔

"کشف غزنوی! آپ کی نوٹ بک کہاں ہے؟"

"سوری میم! لانا یاد نہیں رہا۔" اس کے جواب پر ساری کلاس نے حیرت سے اسے دیکھا' کلاس کی لائق فائق طالبہ کا جواب ان کے لیے غیر متوقع تھا۔

"اسکول آنا کیسے یاد رہ گیا؟"

"سوری میم!"

"کوئی سوری نہیں' ہاتھ آگے کرو۔" نک چڑھی ٹیچر کوئی رعایت دینے کو تیار نہیں تھی۔ ایک اسٹک ہاتھ پر لگی تو وہ زیر لب مسکرادی۔ اس کی مسکراہٹ پر ٹیچر اور تپ گئی' اس نے غصے میں دوسرے ہاتھ پر پہلے سے زیادہ زور سے اسٹک ماری تو اس کی مسکراہٹ اور گہری ہوگئی۔ آج کشف کا رویہ سب کی سمجھ سے بالاتر تھا۔

یہ جنوں ہے راہِ عشق کا
کمال ہو گر سمجھ سکو تو

❀.....❖❖.....❀

"میں نے کہیں پڑھا تھا ہادیہ کہ ہر انسان اپنے الفاظ اور جذبات کے لیے آزمایا جاتا ہے۔ میں چاہتی ہوں پاکستان سے محبت کے لیے میں بھی آزمائی جاؤں۔" اس کی بات پاکستان سے شروع ہو کر پاکستان پر ختم ہوجاتی تھی۔ آئی سی ایس میں جب اس نے ایڈمیشن لیا تو اسے بورڈنگ بھجوادیا گیا تھا وہ اپنے ہاسٹل کے روم میں بیٹھی اپنی فرینڈ سے باتیں کررہی تھی۔

"تمہیں پتا ہے تم کتنی بڑی بات کررہی ہو؟ کہنا آسان ہے مگر کرنا بہت مشکل ہوتا ہے کشف!" ہادیہ نے جواب دیا۔

"مشکل ہو یا ناممکن لیکن تمہیں اتنا یقین دلاتی ہوں کہ کبھی میرے وطن نے مجھے آزمایا تو میں سُرخرو ٹھہروں گی اور تم سب فخر کرو گی اپنی دوست پر۔"

ابھی وہ یہ گفتگو کررہی تھیں کہ انڈین گانے کی آواز



سنائی دی۔

"برسات کے دن آئے
ملاقات کے دن آئے"

"یہ کس کے روم سے آواز آرہی ہے؟" کشف کے منہ کے زاویے بُری طرح بگڑے تھے' اس نے بے زاری سے پوچھا۔

"شاید حمیرا کے روم سے۔" ہادیہ نے خیال ظاہر کیا۔

"یا تو ان لوگوں کو یہ گانے بند کرنے ہوں گے یا پھر میں یہاں نہیں رہوں گی۔ آج فیصلہ ہوجائے گا۔" کشف غصے سے روم سے باہر نکلی تو ہادیہ اس کے پیچھے بھاگی۔

"کشف رکو۔" ہادیہ نے اسے روکنا چاہا مگر وہ حمیرا کے روم پر دستک دے چکی تھی۔

"حمیرا میں تم لوگوں کو منع کرچکی ہوں اس پورشن میں انڈیا کا کوئی گانا نہیں چلے گا۔" کشف نے نہایت غصے سے کہا۔

"کیوں نہیں چلے گا؟ تمہیں کیا تکلیف ہوتی ہے؟" حمیرا غصے سے بولی۔

"یہ تکلیف تو تم لوگوں کو بھی ہونی چاہیے' تمہیں کیوں نہیں ہوتی؟ میرے ملک کا بیڑا غرق کردیا ہے ہندوستان نے' کبھی دریاؤں کا پانی روکا جاتا ہے' کبھی دہشت گردی کروائی جاتی ہے' میرے لوگوں کو مروایا جارہا ہے کشمیر میں۔ سب سے بڑھ کر میرے ملک کو دو ٹکڑوں میں تقسیم کردیا ہندوستان نے' کیا کیا بتاؤں تمہیں کہ مجھے کیوں تکلیف ہوتی ہے؟" وہ برس پڑی۔

"ارے جس تھالی میں کھاتی ہو اس میں چھید کیوں کرتے ہو تم لوگ؟" اردگرد لڑکیاں اکٹھی ہوچکی تھیں۔ اس کے سوال کا جواب کسی کے پاس نہیں تھا۔

ہادیہ نے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھ کے ہلکا سا دباؤ ڈالا۔

"ریلیکس یار!" کشف نے گہری سانس لے کر

رنگا رنگ کہانیوں سے آراستہ دلچسپ جریدہ
aanchal.com.pk
تازہ شمارہ شائع ہوگیا ہے
ماہنامہ نئے افق کراچی
مسلسل اشاعت کے 36 سال
سچ بیتیاں اور جگ بیتیاں ایک دلچسپ سلسلہ دنیا بھر سے منتخب کردہ تحریروں کا مجموعہ جنہیں پڑھ کر آپ کا دل و ذہن روشن ہوجائے گا۔ نسلوں کو متاثر کرنے والا پاکستان کا واحد صاف ستھرا اور تفریحی جریدہ وقت کے ساتھ ساتھ نئے آہنگ' نئے رنگ اور نئے انداز میں قدیم اور جدید ادب کا امتزاج لیے ہر ماہ آپ کی دہلیز پر
قارئین کی دلچسپی کیلئے خوبصورت سلسلے
خوشبو سخن: منتخب غزلیں' نظمیں۔ ذوق آگہی اقتباسات' اقوال زریں' احادیث وغیرہ معروف دینی اسکالر حافظ شبیر احمد سے اپنے دنیاوی مسائل کا حل جانیے
پرچہ نہ ملنے کی صورت میں دفتر سے رابطہ کریں۔ فون 35620771/2

www.pdfbooksfree.pk

اپنے آپ کو ٹھنڈا کرنا چاہا اور دونوں ہاتھ اٹھا کر بولی۔

"او کے! تم لوگوں پر زبردستی تو نہیں کی جاسکتی لیکن جو میں نے کہا ہے اس پر سوچنا ضرور اور پلیز آئندہ جو مرضی سنو مگر آواز اپنے کمرے تک محدود رکھو' آگے تم لوگوں کی مرضی ہے۔" سرخ چہرے کے ساتھ کہتی وہ پلٹ گئی تھی پھر وقت کے ساتھ ساتھ تعلیمی مدارج طے ہوتے گئے اور وطن کے لیے اس کی فکریں بھی بڑھتی گئیں کیونکہ ملک کے حالات کبھی ٹھیک ہو بھی جاتے تو دشمن انہیں خراب کرنے کی کوئی نہ کوئی راہ نکال ہی لیتا۔ اب تک زندگی میں ہمیشہ اس کی سوچوں کا مرکز اپنا پیارا وطن اور دنیا میں ہر جگہ کفار کا ظلم سہتے مسلمان تھے۔ ایسے میں عراقی صحافی منتظر زیدی کا' بُش کو الوداع کہنے والا جوتا' دل کی تسکین کا باعث بنتا تو 2005ء کا زلزلہ اور 2010ء کا سیلاب راتیں کانٹوں پر بسر کرنے کا باعث بنتا۔ ریمنڈ ڈیوس کا تین پاکستانیوں کو مارنا تو گویا اس کے اعصاب کو ڈھا گیا تھا۔ یہ خبر اس نے سرخ چہرے اور جلتی آنکھوں کے ساتھ سنی تھی مگر اس کی رہائی کی خبر سن کر اس کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو گیا تھا اور وہ رو پڑی تھی۔

"کشف! کیوں خود کو ہلکان کر رہی ہو؟ جن کا بیٹا مرا تھا انہوں نے تو دیت کی رقم لے کر چھوڑ دیا اسے۔" اس کی چچازاد کزن زمر نے اسے سمجھانا چاہا۔

"ذلیل کر دیا ساری دنیا میں پاکستان کو ہمارے حکمرانوں نے۔" وہ بُری طرح سسک رہی تھی۔

"مجھے لگتا ہے پاکستان ایک مضروب شخص ہے جسے ہر کوئی مار رہا ہے اور ہم پاس کھڑے تماشا دیکھ رہے ہیں مگر میں تماشائی نہیں ہوں' نہیں ہوں....." اس نے جیسے خود پر لگے الزام کی نفی کی۔ "میں ثابت کروں گی کہ ہم صرف تماشا نہیں دیکھتے' کوئی ہمیں ایک تھپڑ مارتا ہے تو ہم چاہے جواب میں دو تھپڑ نہ مار سکیں مگر حساب برابر ضرور کرتے ہیں۔" اس نے بے دردی سے اپنی آنکھیں رگڑی تھیں۔

❁.....❖❖.....❁

"کیپٹن کشف غزنوی اینڈ میجر رضا! آپ اس ایکشن کو کمانڈ کریں گے' آپ کا ساتھ دینے کے لیے آٹھ جوان ہوں گے۔" لیفٹیننٹ کرنل معراج انہیں ہدایات دے رہے تھے' یہ انتہائی اہم میٹنگ تھی۔

"ایک بات یاد رکھنا اگر تم نے ان اثاثوں کے بدلے اپنی جان کی پروا کی تو پاکستان تمہیں کبھی معاف نہیں کرے گا' موت پر غالب آنا ایک مجاہد کی سب سے بڑی فتح ہے اور یہ فتح ان لوگوں کو نصیب ہوتی ہے جو یہ جان لیتے ہیں کہ ان کی زندگی اور موت صرف اللہ کے لیے ہے۔" انہوں نے بات کا اختتام کرتے ہوئے سب کی رائے جاننا چاہی۔

"یس سر!" ان سب نے مشترکہ سیلیوٹ کیا تھا۔

"اللہ آپ سب کا حامی و ناصر ہو۔" اس کے ساتھ ہی لیفٹیننٹ کرنل معراج نے میٹنگ برخاست کر دی۔

❁.....❖❖.....❁

"کہوٹہ اٹامک پاور پلانٹ!" سے ایک جدید اہم فارمولا دشمن لے اڑا تھا اور حساس ادارے چوکنا ہو گئے تھے' انہیں اپنے بقیہ فارمولاز' پروجیکٹس اور سیکرٹیز خطرے میں لگ رہے تھے۔ کیپٹن کشف غزنوی نے جلد ہی اپنی ذہانت' حب الوطنی اور فرض شناسی سے حساس ادارے کی نظروں میں اپنا مقام پیدا کر لیا تھا چنانچہ اس غدار کو پہچاننے اور انجام تک پہنچانے کا حساس ترین کام اسے سونپا گیا تھا۔ اس نے جلد ہی آستین کے سانپ بلکہ سانپوں کو ڈھونڈ لیا تھا اور جب رپورٹ ڈائریکٹر کے پاس گئی تھی تو انہیں بھی یقین کرنا محال ہو گیا تھا کہ میر جعفر میر صادق ان کی صفوں میں موجود ہیں۔ ان پر ہاتھ ڈالنا آسان نہ تھا' وہ ایٹمی ری ایکٹر کو بھی خدانخواستہ نقصان پہنچا سکتے تھے اور اب تک نجانے کون کون سے راز چند روپوں کے عوض ہمسایہ ملک کو دے چکے تھے۔ ان کے خلاف کارروائی کی تیاری بھی بہت خفیہ طور پر کی گئی تھی۔ منتخب شدہ قابل



بھروسہ لوگ تھے اور سرفہرست کیپٹن کشف غزنوی کا نام تھا جس نے اصرار کر کے اپنا نام اس کارروائی کے لیے دیا تھا۔

رات کی تاریکی میں تین افراد پلانٹ کے اندر لیب میں ایک بم ڈیزائن کو ڈی کوڈ کر رہے تھے اور سیکیورٹی سسٹم لگتا تھا انہوں نے مفلوج کر دیا ہے یہ وہ لوگ تھے جن کی وفاداری پر کسی کو شک نہیں ہو سکتا مگر درحقیقت پہلے سے زخموں سے چُور ملک کا گلا دبا دینا چاہتے تھے۔ میجر رضا اور کیپٹن کشف غزنوی اپنی ٹیم سمیت ان کے لیے موت کا پیغام بن کر آئے تھے۔

"ہینڈز اپ!" کیپٹن کشف نے کڑک دار آواز میں حکم دیا تھا۔ ان تینوں کی آنکھوں میں خوف کم اور حیرت زیادہ تھی۔ کیپٹن کشف غزنوی کے ساتھ دو جوان تھے باقی میجر رضا کے ساتھ باہر تھے' انہیں کیپٹن کشف غزنوی کی ہدایت پر اندر آنا تھا مگر اندر کی صورت حال ایسی تھی کہ ان کو بلانے کا وقت نہ تھا جو کرنا تھا اسی وقت کرنا تھا کیونکہ لیپ ٹاپ کی اسکرین پر فارمولاز صرف اپنے Send ہونے کا انتظار کر رہے تھے' ان تینوں نے پہلے ایک دوسرے کو دیکھا پھر زوردار آواز میں قہقہہ لگایا۔

"اگر جان پیاری ہے تو تم لوگ ہمیں ہمارا کام کرنے دو۔" ان میں سے ایک نے حقارت سے اپنی کنپٹی پر دھرا پسٹل پرے دھکیلا۔

"ورنہ....." اسی لمحے ایک پسٹل کیپٹن کشف کے کان سے آ لگی۔ کشف نے مڑ کے دیکھنے کی زحمت نہیں کی اس کے خون نے ابال کھایا اور اس نے ٹریگر دبا دیا۔ اپنے ساتھی کو گرتے دیکھ کر بقیہ تین فوری ایکشن میں آئے۔ کشف غزنوی کے دل پہ گولی لگی تھی۔ جواب میں کشف نے ان دونوں کی ٹانگوں پر فائر کیے تاکہ وہ بھاگ نہ سکیں اور مریں بھی نہ' انہیں زندہ رکھنا ضروری تھا۔ انہوں نے گرتے گرتے کشف پر دو فائر کیے تھے۔ فائرنگ کی آواز سن کر میجر رضا فوراً اندر آئے تھے اور اندر کا منظر ان کی توقع کے بالکل خلاف تھا۔ کیپٹن کشف غزنوی اور ایک جوان گولیوں سے چھلنی ہو چکے تھے۔ ایک مجرم بھی مر گیا تھا اور باقیوں نے ہاتھ کھڑے کر دیئے تھے۔

"ایمبولینس کو کال کرو فوراً....." میجر رضا نے چیخ کر آرڈر دیا تھا مگر کشف غزنوی نے انہیں اشارے سے اپنے قریب بلایا۔ انہوں نے کشف کا سر اپنے گھٹنوں پہ رکھا۔

"سر.....! میں تماشائی نہیں ہوں..... میری ماں کو بتا دیجیے گا اس کے جگر کا ٹکڑا دھرتی ماں پر قربان ہوا ہے۔ میرے وطن نے..... میری محبت کو قبولیت..... بخشی ہے۔" کہتے کہتے اس نے بڑے سکون سے آنکھیں موند لی تھیں اور میجر رضا بے یقینی سے اس کے چہرے کو تکتے رہ گئے تھے۔

"کاش کیپٹن کشف غزنوی! پاکستان کچھ عرصہ اور آپ کی محبت سے مہک سکتا۔" انہوں نے کشف غزنوی کے جسد خاکی کو مخاطب کیا' ان کی آنکھوں میں نمی تھی۔

پورے وطن کو' افواج پاکستان کو' اس کے ماں باپ' رشتے داروں' دوستوں سب کو کشف غزنوی پر فخر محسوس ہو رہا تھا۔ پرچم میں لپٹا تابوت اس کے گھر پہنچا تو حساس ادارے کی ساری انتظامیہ ساتھ تھی۔ انہوں نے کشف کی ماں کو سیلیوٹ پیش کیا۔ میجر رضا جو سارے واقعات کے چشم دید گواہ تھے' ان کے منہ سے بس یہ نکلا تھا۔

"ہم نے خیرات میں تو یہ پھول نہیں پائے ہیں
خونِ جگر دیا ہے تو بہار آئی ہے
خون دل دے کے نکھاریں گے رخ برگ گلاب
ہم نے گلشن کے تحفظ کی قسم کھائی ہے"

www.pdfbooksfree.pk

# روحانی مسائل کا حل

حافظ شبیر احمد

## صائمہ محمود..... شور کوٹ

جواب:(۱)سورۃ اخلاص پانی پر دم کر کے پلائیں 21 مرتبہ۔

(۲) جب گھر میں چینی آئے اس پر 3 مرتبہ سورۃ مزمل اول وآخر 3,3 مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کریں۔چینی گھر کے تمام افراد کے استعمال میں آئے۔

## سائرہ۔ ج..... ضلع چکوال

جواب:بی بی جو کچھ بھی آگے ہوگا رشتہ کے سلسلہ میں وہ آپ کے حق میں بہت بہتر ہوگا۔

درود شریف کثرت سے پڑھا کریں۔واللہ اعلم بالصواب

## خانیوانہ جھنگ

جواب:استخارہ آپ خود کرلیں۔آگے پریشانیاں آسکتی ہیں۔

## تحریم..... سرگودھا

جواب: (۱) مغرب اور عشا کی نماز کے بعد سورۃ فلق، سورۃ الناس 9,9 مرتبہ۔پانی پر دم کر کے پلائیں روزانہ۔

(۲) عشاء کی نماز کے بعد سورۃ فلق 11 مرتبہ پڑھ کر دعا کیا کریں۔

## صفیہ پروین..... ضلع، ملتان

جواب: ہر نماز کے بعد سر پر ہاتھ رکھ کر "یاباسط" 11 مرتبہ پڑھا کریں۔

سبق یاد کرنے سے پہلے بسم اللہ الرحمن الرحیم 21 مرتبہ پڑھ لیا کریں۔

## مہرین..... شاہ نکڈر

جواب:بعد نماز فجر اور عشاء سورۃ والضحیٰ 21 مرتبہ اول وآخر 7,7 مرتبہ درود شریف، پڑھتے وقت مقصد بھی ذہن میں ہو۔استخارہ کرلیں۔

## شبنم، فیروزہ

جواب:رشتہ کے لیے:سورۃ فرقان آیت نمبر 74، 70 مرتبہ۔ اول و آخر 11,11 مرتبہ درود شریف۔(بہنیں خود پڑھیں) دعا بھی کریں۔

## بشریٰ النساء..... بھمبھر روڈ چھمب

جواب:سلم قولا من رب رحیم بعد نماز فجر 111 مرتبہ اول وآخر 11,11 مرتبہ درود شریف مسائل اور جائز حاجات کے لیے۔

## آسیہ..... نواب شاہ

جواب:بعد نماز عشاء ایک تسبیح "استغفار" ایک تسبیح "درود شریف"

## فوزیہ مہناز..... نواب شاہ، بھکر

جواب:رشتہ کے لیے:بعد نماز فجر سورۃ فرقان آیت نمبر 74، 70 مرتبہ اول وآخر 11,11 مرتبہ درود شریف۔

بعد نماز مغرب اور عشاء سورہ فلق، سورۃ الناس 9,9 مرتبہ۔

مصباح جب سوجائے اس کے سرہانے کھڑے ہوکر 41 مرتبہ سورۃ العصر پڑھیں ہلکی آواز میں۔اول وآخر 11,11 مرتبہ درود شریف۔(مدت 3ماہ)

## نگینہ زمان

جواب:بعد نماز فجر سورۃ الفرقان آیت نمبر 74، 70 مرتبہ۔ اول وآخر 11,11 مرتبہ درود شریف۔



بعد نماز مغرب اور عشاء سورۃ فلق، سورہ الناس 9,9 مرتبہ۔

وظیفہ نمازوں کے مقررہ وقت پر پڑھیں۔کامیابی ضرور ملے گی۔ان شاءاللہ (مدت 3ماہ)

صدقہ بھی دیں۔

## نویرہ احمد..... آزاد کشمیر

جواب:رکاوٹیں ہیں۔بعد نماز فجر سورۃ فرقان آیت نمبر 74، 70 مرتبہ اول وآخر 11,11 مرتبہ درود شریف۔

بعد نماز مغرب اور عشاء سورۃ فلق، سورۃ الناس 9,9 مرتبہ (بہنیں خود پڑھیں) صدقہ بھی دیں۔

## اسماء کرن..... کلور کوٹ

جواب:بسم اللہ الرحمن الرحیم 21 مرتبہ پڑھ لیا کریں۔جب سبق یاد کرنے بیٹھیں۔

## انمول فاطمہ..... چندی پور

جواب:(۱) نماز کی پابندی کریں، دعا کریں۔

(۲) بعد نماز عشاء سورۃ الفاتحہ 41 مرتبہ اول وآخر 11,11 مرتبہ درود شریف دم کریں۔

## عثمان..... فیصل آباد

جواب:سورۃ "القلم" روزانہ پڑھا کریں پورے جسم پر دم کریں۔

## ظل ھما..... فیصل آباد

جواب: (۱) ناصر کے سرہانے کھڑے ہو کر سورۃ العصر پڑھا کریں۔41 مرتبہ اول وآخر 7,7 مرتبہ درود شریف جب وہ سوجائے۔نیت: فرمانبردار بن جائے۔

(۲) جب گھر میں چینی آئے اس پر 3 مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ کر دم کر دیا کریں اول وآخر 3,3 مرتبہ درود شریف۔چینی گھر کے تمام افراد کے استعمال میں آئے۔

(۳) استخارہ کرلیں۔

(۴) آیات شفاء پانی پر دم کر کے پیا کریں روزانہ 7 مرتبہ۔

## ص۔ ر۔ مرزا..... گجرات

جواب: (۱) جب گھر میں چینی آئے اس پر 3 مرتبہ سورۃ مزمل اول وآخر 3,3 مرتبہ درود شریف، چینی گھر کے تمام افراد کے استعمال میں آئے۔

(۲) سورۃ شمس 41 مرتبہ اول وآخر 11,11 مرتبہ درود شریف۔بعد نماز فجر پانی پر دم کر کے پلائیں روزانہ۔وظیفہ آپ کرلیں۔

## ک۔ ب..... میانوالی

جواب:ناریل کا تیل سر پر لگایا کریں۔

## شگفتہ کوثر..... ضلع بھاولپور

جواب:فجر کی سنت اور فرض کے درمیان سورۃ فاتحہ 41 مرتبہ۔اول وآخر 11,11 مرتبہ درود شریف۔دانتوں پر ہاتھ پھیرتے ہوئے پڑھیں پانی


روحانی مسائل اور ان کا حل

مسائل کا شکار بہن بھائی

حافظ شبیر احمد صاحب

سے اب فون پر بھی براہ راست رابطہ کر سکتے ہیں۔

اوقات فون: 4:00 تا 8:00 بجے شب

صرف جمعرات اور جمعہ

ان اوقات کے علاوہ رابطہ ممکن نہیں

فون نہ اٹھانے کی صورت میں SMS کریں۔

rohanimasail@gmail.com

0331-2225009

www.pdfbooksfree.pk

پردم کر کے بھی پئیں۔
مغرب اور عشاء کی نماز کے بعد سورۃ فلق' سورۃ الناس 9,9 مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ صدقہ بھی دیں۔

**راحیلہ پروین..... ضلع راولپنڈی**

جواب: بعد نماز عشاء آیت کریمہ 111 مرتبہ۔ اول و آخر 11,11 مرتبہ درود شریف۔ دعا کریں جو حق میں بہتر ہو ہو جائے۔

**امینہ فردوس..... مانکیالہ مسلم**

جواب: رشتہ کے لیے: بعد نماز فجر سورۃ فرقان آیت نمبر 74' 70 مرتبہ اول و آخر 11,11 مرتبہ درود شریف۔
بعد نماز عشاء سورۃ قریش 111 مرتبہ اول و آخر 11,11 مرتبہ درود شریف تمام مسئلوں کے لیے دعا کریں۔

**صاعقہ زاھد..... فیصل آباد**

جواب: (۱)' (۲) بعد نماز عشا سورۃ قریش 111 مرتبہ اول و آخر 11,11 مرتبہ درود شریف۔ دعا کریں معاشی/گھریلو مسائل کے لیے۔
(۳) مکمل میڈیکل چیک اپ کروائیں۔

**ناھید اختر..... حیدر آباد**

جواب: فجر کی سنت اور فرض کے درمیان سورۃ فاتحہ 41 مرتبہ۔ اول و آخر 11,11 مرتبہ درود شریف۔ جسمانی بیماریوں کے لیے پورے جسم پر دم کریں۔ ورزش کریں۔

**س..... مظفر گڑھ**

جواب: سورۃ والضحیٰ' فجر اور عشاء کی نماز کے بعد 41,41 مرتبہ اول و آخر 11,11 مرتبہ درود شریف' پڑھتے وقت مقصد ذہن میں ہو۔

**محمد ارشد..... ضلع جھلم**

جواب: بعد نماز فجر سورۃ رحمن کی تلاوت کیا کریں۔ مثبت سوچ رکھیں۔

**ثمینہ النساء..... ضلع چکوال**

جواب: سورۃ فلق' سورۃ الناس 21,21 مرتبہ۔ اول و آخر 3,3 مرتبہ درود شریف۔
پانی پر پڑھ کر گھر کے تمام افراد کو پلائیں روزانہ۔

**صبا**

جواب: ماں باپ کی خدمت کیا کریں۔

**ثانیہ ساقی..... ضلع چکوال**

جواب: بندش ہے۔ بعد نماز عشاء سورۃ فلق 41 مرتبہ اول و آخر 11,11 مرتبہ دورد شریف دونوں پڑھیں۔ پانی پر دم کر کے بھی پئیں ان شاء اللہ مسئلہ حل ہو جائے گا۔ (3 ماہ تک)

**گل رعنا**

جواب: بعد نماز مغرب سورۃ فلق' سورۃ الناس 11,11 مرتبہ۔ اول و آخر 3,3 مرتبہ درود شریف۔ پانی پر دم کر کے سب بچوں کو پلائیں روزانہ۔
رشتوں کے لیے: بعد نماز فجر سورۃ فرقان آیت نمبر 74' 70 مرتبہ اول و آخر 11,11 مرتبہ درود شریف۔ (بچیاں خود پڑھیں تو بہتر ہے ورنہ آپ کر لیں)
جلد اور اچھے رشتے کے لیے دعا کریں۔

**ریحانہ صابر..... کراچی**

جواب: رشتے میں رکاوٹ ہے صدقہ دیں۔
سورۃ فلق' سورۃ الناس 9,9 مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھے۔
شوہر کو سورۃ شمس پانی پر دم کر کے پلائیں۔
21 مرتبہ روزانہ اول و آخر 7,7 مرتبہ درود شریف۔

**رضیہ بیگ**



جواب: رشتہ کے لیے: بعد نماز فجر سورۃ فرقان آیت نمبر 74' 70 مرتبہ اول و آخر 11,11 مرتبہ درود شریف۔
علی حیدر جب سو جائے اس کے سرہانے کھڑے ہو کر سورۃ العصر پڑھیں 41 مرتبہ اول و آخر 7,7 مرتبہ درود شریف۔ نیت ہو کہ فرمانبردار بن جائے۔ (مدت 3 ماہ)

عدیل حسن..... شیخوپورہ۔

جواب: گلزار آپ سے مخلص نہیں ہے۔ ملازمت کے لیے "سورۃ القریش" پڑھیے۔ تسبیح روزانہ ۱۱۔ ۱۱ درود شریف۔

محمد قاسم..... راولپنڈی۔

جواب: بچے کا نام بدل دیں نام کا کافی اثر ہے۔ بچے پر برے اثرات ہیں جس کی وجہ سے پریشانی رہتی ہے۔ صبح و شام آیۃ الکرسی' الفاتحہ' سورۃ الفلق اور سورۃ الناس 7-7 مرتبہ پڑھ کر بچے پر دم کریں روزانہ اول و آخر 3-3 مرتبہ درود شریف۔ روزانہ ایک بار بچے کے سر پر ہاتھ رکھ کر یا کھوپرے کے تیل پر روزانہ ایک بار "سورۃ الزمر" پڑھ کر دم کریں یا تیل پر دم کر کے سر کی مالش کریں (نیت پڑھتے ہوئے کہ بخار میں جو جھٹکے لگتے ہیں یا سر میں جو بھی مسئلہ ہے وہ ختم ہو) 3 ماہ تک۔

ش۔م..... جلال پور۔

جواب: انا فتحنا لک فتحا مبینا. 313 مرتبہ نماز عشاء 11-11 مرتبہ درود شریف۔ جو مسائل ہیں ان کا تصور رکھ کر پڑھیں۔

ثمینہ طاہر..... کیروالا

سوال: آداب! امید ہے آپ خیریت سے ہوں گے۔ میری ہمشیرہ کی شادی کو چھ سال ہو گئے ہیں لیکن ابھی تک بچہ نہیں ہوا۔ ڈاکٹروں کو چیک کروایا ہے۔ وہ کہتے ہیں ٹیوبیں بند ہیں۔ آپریشن کروائیں۔ لیکن ہم آپریشن نہیں کرواتے۔ مہربانی سے کوئی عمل بتائیں۔ تاکہ میری ہمشیرہ اولاد کی نعمت سے فیض یاب ہو سکے۔

جواب: قل یھیھا الذی انشا ھا اول مرہ. 313 مرتبہ بعد نماز عشاء مریض خود پڑھے۔ 11-11 مرتبہ درود شریف دعا کریں شفاء کی صدقہ بھی دیں۔ 3 ماہ تک پڑھنا ہے۔

**نوٹ**

جن مسائل کے جوابات دیئے گئے ہیں وہ صرف انہی لوگوں کے لیے ہیں جنہوں نے سوالات کیے ہیں۔ عام انسان بغیر اجازت ان پر عمل نہ کریں۔ عمل کرنے کی صورت میں ادارہ کسی صورت ذمہ دار نہیں ہوگا۔
اس ماہ جن لوگوں کے جواب شائع نہیں ہوئے وہ اگلے ماہ شائع ہوں گے۔

**روحانی مسائل کا حل کوپن** برائے ماہِ اپریل ۲۰۱۳ء

نام..... والدہ کا نام..... گھر کا مکمل پتا.....

.....

گھر کے کون سے حصے میں رہائش پزیر ہیں.....

www.pdfbooksfree.pk

# آپ کی صحت

ہومیوڈاکٹر محمد ہاشم مرزا

ذیشان بھٹی لاہور سے لکھتے ہیں کہ میری کیفیت کے مطابق دوا تجویز کردیں۔

محترم آپ حمل کے پہلے ماہ CALCIUM PHOS-CH کے پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں ڈال کر پلا دیں۔ ایک بار کافی ہے ان شاء اللہ مراد بر آئے گی۔

وقاص اکبر چنیوٹ سے لکھتے ہیں کہ میرا مسئلہ شائع کیے بغیر علاج تجویز کردیں۔

محترم آپ AGNUS CAST 30 کے پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں ڈال کر تین وقت روزانہ پیا کریں۔

زاہد سرگودھا سے لکھتے ہیں کہ میرا مسئلہ شائع کیے بغیر علاج بتائیں۔

محترم آپ CONIUM-30 کے پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں ڈال کر تین وقت پی لیا کریں۔

زینت ضیاء گجرات سے لکھتی ہیں کہ شادی کو ڈیڑھ سال ہو چکا ہے اولاد سے محروم ہوں تمام ٹیسٹ درست ہیں۔ ماہانہ نظام کے اخراج میں درد بہت ہوتا ہے میرا کوئی علاج بتائیں۔

محترمہ آپ PULSATILLA-30 کے پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں ڈال کر تین وقت روزانہ پیا کریں۔ اللہ سے دعا کریں مراد بر آئے گی یہ دوا کسی بھی ہومیو پیتھک اسٹور سے حاصل کرلیں۔

ثروت جہاں وہاڑی سے لکھتی ہیں کہ میرا وزن 90 کلو ہے اس کی وجہ سے کئی مشکلات ہیں۔ مناسب علاج بتائیں۔

محترمہ آپ PHYTLACCA-Q اور FUCUSVES-Q کے دس دس قطرے آدھا کپ پانی میں ڈال کر تین وقت روزانہ کھانے سے پہلے پیا کریں۔

شہلا اوکاڑہ سے لکھتی ہیں کہ سر میں خشکی بہت ہے بال جڑ سے اکھڑ رہے ہیں لمبے بھی نہیں ہوتے روکھے ہیں اس مسئلہ کا حل بتائیں۔

محترمہ آپ 600 روپے کا منی آرڈر میرے کلینک کے نام پتے پر کردیں۔ آپ کو HAIR GROWER گھر پہنچ جائے گا۔ اس کے استعمال سے بالوں کا مسئلہ حل ہوجائے گا۔

صبا اشفاق چنیوٹ سے لکھتی ہیں کہ میرا مسئلہ شائع کیے بغیر دوا تجویز کردیں۔

محترمہ آپ GRAPHITE 30 کے پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں ڈال کر تین وقت روزانہ لیں۔

ط ارشد خان چکوال سے لکھتی ہیں کہ نسوانی حسن کی بہت زیادتی ہے بہت بڑھے ہوئے لٹکے ہوئے ہیں اس کے علاوہ سیلان الرحم حد سے زیادہ ہے۔ پوشیدہ اعضاء پر بال بہت زیادہ ہیں۔ ٹانگوں پر بہت زیادہ موٹے بال ہیں۔

محترمہ آپ CHIMAPHILA 30 کے پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں ڈال کر تین وقت روزانہ پیا کریں اور ALUMINA 200 کے پانچ قطرے ہر آٹھویں دن پیا کریں۔ APHRODITE کے لیے 900 روپے اور BREAST BEAUTY کے لیے 550 روپے ارسال کردیں ادویات آپ کے گھر پہنچ جائیں گی۔ کزن کے لیے CHINA 3X کے پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں ڈال کر تین وقت روزانہ پیا کریں اور HAIR GROWER کے لیے 600 روپے کا منی آرڈر میرے کلینک کے نام پتے پر ارسال کردیں اس کے استعمال سے بالوں کا مسئلہ حل ہوجائے گا۔ بہن کے لیے OPIUM 30 کے پانچ قطرے رات سوتے وقت روزانہ دیں اور PHYTOLACCA-Q کے دس قطرے تین وقت روزانہ لیں یہ ادویات کسی بھی ہومیو پیتھک اسٹور سے مل جائیں گی۔

محمد ماجد زمان بہاولپور سے لکھتے ہیں کہ مکمل کیفیت لکھ رہا ہوں کوئی نسخہ تجویز کردیں۔



محترم آپ CANTHRES 3X کے پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں ڈال کر تین وقت روزانہ پیا کریں۔

نادیہ شکیل حاصل پور سے لکھتی ہیں کہ میرا مسئلہ شائع کیے بغیر دوا تجویز کردیں۔

محترمہ آپ SABALSERULALTA کے دس قطرے آدھا کپ پانی میں ڈال کر تین وقت روزانہ پیا کریں یہ دوا کسی بھی ہومیو پیتھک اسٹور سے دلمار شعاب جرمنی کی سیل بند خریدیں۔ 550 روپے کا منی آرڈر میرے کلینک کے نام پتے پر ارسال کریں آپ کو دوا لگانے کی گھر پہنچ جائے گی۔

مہوش وفا ملتان سے لکھتی ہیں کہ میرے سر کے بال بہت عرصہ سے گر رہے ہیں لمبے بھی نہیں ہوتے کوئی دوا بتائیں کہ بال لمبے گھنے خوب صورت ہوجائیں والدہ کے بازو و گردن میں ایک سال سے درد ہے۔

محترمہ آپ 600 روپے کا منی آرڈر میرے کلینک کے نام پتے پر ارسال کردیں HAIR GROWER آپ کے گھر پہنچ جائے گا۔ اس کے استعمال سے بالوں کا مسئلہ حل ہوجائے گا۔ والدہ کو RHUSTOX 50 کے پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں ڈال کر تین وقت روزانہ دیں۔

حنا شہزادی نیلا لاہور سے لکھتی ہیں کہ میری عمر 18 سال ہے وزن 70 کلو ہے اس کی وجہ سے بہت پریشان ہوں۔

محترمہ آپ PHYTOLACCA-Q کے دس قطرے آدھا کپ پانی میں ڈال کر تین وقت روزانہ لیں۔ اس کے علاوہ قد بڑھانے کے لیے CALCPHOS 6X کی چار گولی تین وقت روزانہ لیں اور BERIUM CARB 200 کے پانچ قطرے ہر آٹھویں دن ایک بار لیں۔

افرا مبین شمالی سرگودھا سے لکھتی ہیں کہ میری عمر 16 سال ہے ماہانہ نظام خراب ہے۔

محترمہ آپ SENECIOAURIUS 30 کے پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں ڈال کر تین وقت روزانہ لیں۔

ناصرہ اعجاز بھاول نگر سے لکھتی ہیں کہ میری بیٹی 4 ماہ کی ہوگئی ہے باہر کا دودھ پیتی ہے کمزور بہت ہے اور میں بھی بہت کمزور ہوں۔

محترمہ آپ KALIPHOS 6 کے پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں ڈال کر تین وقت روزانہ لیں۔ بچی کو بھی دو قطرے ایک چمچ پانی میں ڈال کر تین وقت دیں۔

مدثر گل ملتان سے لکھتے ہیں کہ مسئلہ شائع کیے بغیر دوا تجویز کردیں۔

محترم آپ GRAPHITES 30 کے پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں ڈال کر تین وقت روزانہ پیا کریں۔

ثریا کنول خان پور کٹورہ سے لکھتی ہیں کہ مجھے رات بھر نیند نہیں آتی۔ نیند کی دوا کھانے سے آنکھوں کے گرد حلقے ہوگئے ہیں کوئی مناسب دوا بتائیں۔

محترمہ آپ COFFEA-30 کے پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں ڈال کر تین وقت روزانہ پیا کریں جب نارمل نیند آنے لگے تو دوا کا استعمال روک دیں۔

عاصمہ محسن فیصل آباد سے لکھتی ہیں کہ بالوں میں بہت خشکی ہے دو شاخہ ہیں جڑ سے ٹوٹتے ہیں پتلے ہیں لمبے نہیں ہوتے سفید بھی ہو رہے ہیں۔ بہن کا مسئلہ یہ ہے کہ اس کے چہرے پر دانے بہت نکلتے ہیں رنگ گورا کرنے کی بھی دوا بتادیں۔

محترمہ آپ 1200 روپے میرے کلینک کے نام پتے پر منی آرڈر کردیں آپ کو HAIR GROWER کی دو بوتل ارسال کردی جائیں گی آپ دونوں بہنوں کے بالوں کا مسئلہ حل ہوجائے گا۔

بہن کو GRAPHITE 30 کے پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں ڈال کر تین وقت روزانہ دیا کریں دانے ختم ہوجائیں گے ان شاء اللہ۔ رنگ گورا کرنے کے لیے JODUM-IM کے پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں ڈال کر پندرہ دن میں ایک بار دیں۔

خالد رضا کوٹ مومن سے لکھتے ہیں کہ مجھے پیلا یرقان ہے اور پرانا نزلہ زکام ہے۔

محترم آپ CHELIDONIUM 30 کے

www.pdfbooksfree.pk

پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں ڈال کر تین وقت روزانہ لیں مرغن غذا سے پرہیز کریں۔

پروین اختر لیہ سے لکھتی ہیں کہ دمہ کی کیفیت ہے نزلہ سائنس کی نالیوں میں گرتا ہے اور بیٹی کا مسئلہ یہ ہے کہ اس کو الرجی ہے۔ چھینکیں بہت آتی ہیں ناک و آنکھ سے پانی بہتا ہے۔

محترمہ آپ NATRUM SULF 6X کی چار چار گولی تین وقت روزانہ کھائیں اور بیٹی کو POTHOS 3X کے پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں ڈال کر تین وقت روزانہ دیں۔

کرامت سبحانی وہاڑی سے لکھتے ہیں کہ میرا عضو خاص پتلا کمزور ہے خصیوں کی گروتھ بھی رک گئی ہے۔

محترم آپ AGNUS CAST 30 کے پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں ڈال کر تین وقت روزانہ لیں۔

ایم نشاط لکھتی ہیں کہ میرے بال بہت گھنے اور سلکی تھے مگر اب گر رہے ہیں اور بہت روکھے اور بے جان ہو گئے ہیں۔

محترمہ آپ 600 روپے کا منی آرڈر میرے کلینک کے نام پتے پر کر دیں۔ HAIR GROWER آپ کے گھر پہنچ جائے گا۔ آپ کے بالوں کا مسئلہ ان شاء اللہ حل ہو جائے گا۔

انیلا اکرم فیصل آباد سے لکھتی ہیں کہ میرے مسئلے کا بھی حل بتائیں۔

محترمہ آپ FIVE PHOS 6X کی چار چار گولی تین وقت روزانہ کھائیں B. BEAUTY ارسال کر دیا گیا ہے۔

اسد طارق پشاور سے لکھتے ہیں کہ بال تیزی سے گر رہے ہیں۔ ہیئر گرووَر لگا رہا ہوں کوئی کھانے کی دوا بھی بتائیں۔ والدہ چہرے کے بالوں کے لیے ایفروڈائٹ استعمال کر رہی ہیں ان کے لیے بھی کھانے کی دوا بھی بتائیں۔

محترم آپ ACID FLUOR 30 کے پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں ڈال کر تین وقت روزانہ پیا کریں والدہ کو OLIUMJACC3X کی ایک ایک گولی تین وقت روزانہ کھلائیں۔

عبدالکریم عابد گوجرانوالہ سے لکھتے ہیں کہ مسئلہ شائع کیے بغیر جواب دیں۔

محترم آپ ACID PHOS 3X کے پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں ڈال کر تین وقت روزانہ لیں۔

حامد چوہدری لاہور سے لکھتے ہیں کہ بال بہت گرتے ہیں ہیئر گرووَر کیا میں بھی استعمال کر سکتا ہوں۔

محترم آپ ہیئر گرووَر استعمال کریں گے تو بال گرنا بند ہوں گے اور نئے بال پیدا ہوں گے گھنے اور مضبوط بال ہو جائیں گے۔

کرن منیر بٹ لاہور سے لکھتی ہیں میرے شوہر کا معاملہ ہے مکمل کیفیت لکھ رہی ہوں کوئی علاج بتائیں۔

محترمہ آپ انہیں ACID PHOS 3X کے پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں ڈال کر تین وقت روزانہ پلائیں۔

لاریب فاطمہ لیہ سے لکھتی ہیں کہ چہرہ پر بال ہیں آپ کو خط لکھا تھا آپ کو نہیں ملا دوسرے میرے سر کے بال بہت گر رہے ہیں۔

محترمہ اس کے لیے خط لکھنے کی ضرورت نہیں ہوتی آپ 1500 روپے کا منی آرڈر میرے کلینک کے پتے پر ارسال کر دیں آپ کو دونوں دوائیں گھر پہنچ جائیں گی۔

سید احتشام الحق پشاور سے لکھتے ہیں کہ بالوں کے مسئلے سے دوچار ہوں بال بہت ہلکے ہیں سر کی جلد نظر آتی ہے کیا ہیئر گرووَر استعمال کر سکتے ہیں۔

محترم آپ ہیئر گرووَر منگائیں اس کے کوئی مضر اثرات نہیں ہیں ان شاء اللہ بال لمبے گھنے اور مضبوط خوب صورت ہو جائیں گے۔

تیمور عباس سرگودھا سے لکھتے ہیں کہ میرا مسئلہ شائع کیے بغیر علاج بتائیں۔

محترم آپ NUXVOM 30 کے پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں ڈال کر تین وقت روزانہ پیا کریں اور STAPHISGARIA 200 کے پانچ قطرے ہر آٹھویں دن لیا کریں۔



گڑیا بشیر سیالکوٹ سے لکھتی ہیں کہ چہرہ پر دانے نکلتے ہیں اور بال بھی ہیں کیا میں APHRODITE استعمال کر سکتی ہوں۔

محترمہ آپ GRAPHITES 30 کے پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں ڈال کر تین وقت روزانہ پیا کریں بال ختم کرنے کے لیے 900 روپے کا منی آرڈر کلینک کے نام پتے پر ارسال کر دیں آپ کو APHRODITE گھر پہنچ جائے گا۔

شارق زمان حیدر آباد سے لکھتے ہیں کہ مسئلہ شائع کیے بغیر دوا تجویز کر دیں۔

محترم آپ STAPHISGARIA 30 کے پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں ڈال کر تین وقت روزانہ لیں۔

شاء انعم مظفر گڑھ سے لکھتی ہیں کہ میرا قد چھوٹا ہے اور چہرہ پر نشانات ہیں رنگ گورا کرنے کی بھی کوئی دوا بتا دیں۔

محترمہ آپ CALC PHOS 6X کی چار چار گولی تین وقت روزانہ کھائیں اور BARIUM CARB 200 کے پانچ قطرے ہر آٹھویں دن لیں JODUM-IM کے پانچ قطرے ہر پندرہ دن میں ایک بار لیں۔

ن س راولپنڈی سے لکھتی ہیں کہ مسئلہ شائع کیے بغیر جواب دیں۔

محترمہ آپ BORAX-30 کے پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں ڈال کر تین وقت روزانہ پیا کریں ان شاء اللہ آپ کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔

روما حاصل پور سے لکھتی ہیں کہ نسوانی حسن کی بہت کمی ہے اس کا علاج بتائیں اور یہ بتائیں کہ ان دواؤں کے مضر اثرات تو نہیں ہیں۔

محترمہ آپ SABALSERULATTA-Q کے دس قطرے آدھا کپ پانی میں ڈال کر تین وقت روزانہ پیا کریں اور 550 روپے کا منی آرڈر میرے کلینک کے نام پتے پر ارسال کر دیں۔ بریسٹ بیوٹی آپ کے گھر پہنچ جائے گا۔ اس پر لکھی ترکیب کے مطابق استعمال کریں ان شاء اللہ مسئلہ حل ہو جائے گا ہومیو پیتھک ادویات کے مضر اثرات نہیں ہوا کرتے۔

عمران قادر رحیم یار خان سے لکھتے ہیں کہ میرا مسئلہ شائع کیے بغیر دوا تجویز کر دیں۔

محترم آپ ACID PHOS 3X کے پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں ڈال کر تین وقت روزانہ پیا کریں 3 ماہ کا استعمال کافی ہوگا۔

ماسٹر گل شیر ناز ٹوبہ ٹیک سنگھ سے لکھتے ہیں کہ ایفرو ڈائیٹ کے متعلق پڑھا اس کے کوئی مضر اثرات تو نہیں ہوتے اس کو منگانے اور استعمال کرنے کا طریقہ ضرور لکھیں۔

محترم اس کے کوئی مضر اثرات نہیں ہوتے سرکاری لیبارٹری وزارت صحت سے ٹیسٹ شدہ ہے منگانے کے لیے 900 روپے کا منی آرڈر میرے کلینک کے نام پتے پر کر دیں اپنا پتا مکمل لکھیں آپ کے گھر پہنچ جائے گا۔ ترکیب استعمال بوتل پر لکھی ہوگی ان شاء اللہ فالتو بال ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائیں گے۔

نوٹ: ماہنامہ آنچل کے دفتر سے کچھ منی آرڈر ایسے وصول ہوئے ہیں جس کی سلپ پر کوئی نام پتا یا رقم، مطلوبہ دوا کا نام کچھ نہیں لکھا ہے ان لوگوں سے درخواست ہے جنہوں نے آنچل کے پتے پر رقم ارسال کی ہے وہ اپنی منی آرڈر کی رسید بمعہ مکمل پتا اور مطلوبہ دوا کا نام لکھ کر ڈاکٹر ہاشم مرزا کلینک کے نام پتے پر ارسال کر دیں تاکہ ان کو دوا ارسال کی جا سکے اور آئندہ رقم صرف ڈاکٹر محمد ہاشم مرزا کلینک والے پتے پر ہی ارسال کریں شکریہ۔

ملاقات اور منی آرڈر کرنے کا پتا۔ صبح 10 تا 1 بجے شام 6 تا 9 بجے 021-36997059۔ ہومیو ڈاکٹر محمد ہاشم مرزا کلینک دکان C-5' کے ڈی اے فلیٹس فیز 4 شادمان ٹاؤن 2' سیکٹر B-14 نارتھ کراچی 75850۔

خط لکھنے کا پتا: آپ کی صحت ماہنامہ آنچل پوسٹ بکس 75، کراچی

www.pdfbooksfree.pk

# دِش مُقابلہ

طلعت آغاز

## مٹر پاپڑی چاٹ

اجزاء:

| | |
|---|---|
| مٹر | آدھا کپ |
| سفید زیرہ | آدھا چائے کا چمچ |
| سونف | آدھا چائے کا چمچ |
| کھٹائی پاؤڈر | آدھا چائے کا چمچ |
| چاٹ مسالا | آدھا چائے کا چمچ |
| ہینگ | ایک سے دو چٹکی |
| ہری مرچ | دو عدد |
| چینی | آدھا چائے کا چمچ |
| لیمن جوس | ایک کھانے کا چمچ |
| پاپڑی | سو گرام |
| سیو | سو گرام |
| ہرا دھنیا | ایک کھانے کا چمچ |

| | |
|---|---|
| پیاز (باریک کتری ہوئی) | دو کھانے کے چمچ |
| مکھن | ایک چائے کا چمچ |
| آئل | دو کھانے کے چمچ |
| نمک | حسب ذائقہ |
| ٹماٹر (باریک کٹے ہوئے) | حسب پسند |

ترکیب:۔

مٹر تین چار منٹ کے لیے پانی میں ابالیں اور پھر نتھار لیں، توے پر آئل گرم کریں، سونف اور زیرہ اس میں بھون لیں پھر ہینگ اور باریک کتری ہوئی ہری مرچیں اس میں شامل کر کے چند سیکنڈ تک بھونیں، اب مٹر بھی شامل کریں اور ساتھ ہی کھٹائی پاؤڈر، چاٹ مسالا، چینی اور نمک ڈال دیں دو تین منٹ تک ان چیزوں کو بھونیں اور آخر میں مکھن اور لیمن جوس بھی ڈال دیں۔ اب اس چاٹ کو باؤل میں منتقل کریں اور کتری ہوئی پیاز اور ٹماٹر کے علاوہ اوپر سے پاپڑی اور سیو اس میں شامل کر دیں۔ ہرے دھنیے سے گارنش کر کے پیش کریں۔

(عظمیٰ کنڈی.....گل امام)

## افغانی چاول اور سبزیوں کا رائتہ

اشیاء:۔

| | |
|---|---|
| چاول (باسمتی) | ایک کلو |
| گوشت (بون لیس) | آدھا کلو |
| نمک | حسب ذائقہ |
| لہسن (پسا ہوا) | ایک کھانے کا چمچ |
| ادرک (پسا ہوا) | ایک چائے کا چمچ |
| کالی مرچ (ثابت) | 20 گرام |
| لونگ | 20 گرام |
| دار چینی | 20 گرام |
| سونف | ایک چائے کا چمچ |
| سفید زیرہ | ایک کھانے کا چمچ |
| سرکہ | آدھا کپ |
| سویا سوس | ایک تولہ |
| کالی مرچ (پسی ہوئی) | آدھا چائے کا چمچ |



| | |
|---|---|
| پیاز (باریک کٹی ہوئی) | ایک عدد |
| گھی | ڈیڑھ پاؤ |

ترکیب:۔

پکانے سے ایک گھنٹہ پہلے چاولوں کو بھگو لیں اور گوشت کی یخنی تیار کر لیں اب باریک کٹے ہوئے پیاز کو گھی میں سرخ کر لیں اور ساتھ ہی سفید زیرہ بھی ڈال دیں، تھوڑا سا پانی چھڑک کر ادرک پیسٹ، لہسن پیسٹ، کالی مرچ (ثابت)، لونگ، دار چینی، نمک، سونف اور پسی ہوئی کالی مرچ بھی ڈال دیں، تھوڑا سا بھون کر سرکہ اور سویا سوس ڈال دیں۔ اب گوشت میں سے یخنی الگ کر کے اس میں گوشت ڈال کر دو منٹ تک بھونیں اب چاولوں کے ناپ کے مطابق اس میں یخنی ڈال دیں، جب ابال آ جائے تو اس میں چاول ڈال دیں تھوڑی دیر پکنے کے لیے رکھیں اور پھر بیس منٹ کا دم دے دیں اور ڈش میں ڈال کر سبزیوں کے رائتہ کے ساتھ نوش فرمائیں۔

## سبزیوں کا رائتہ

اجزاء:۔

| | |
|---|---|
| دہی | آدھا کلو |
| ہرا دھنیا (پیسٹ) | آدھا کھانے کا چمچ |
| لہسن (پیسٹ) | آدھا چائے کا چمچ |
| گاجر | دو عدد (چھوٹی) |
| آلو (ابلا ہوا) | ایک عدد (بڑا) |
| مٹر (ابلے ہوئے) | ایک پاؤ |
| بند گوبھی (باریک کٹی ہوئی) | آدھی پیالی |
| کھیرا (قتلے) | تین عدد (بڑے) |
| ٹماٹر (باریک کٹے ہوئے) | آدھا پاؤ |
| پیاز (کٹی ہوئی) | دو عدد (بڑی) |
| کالی مرچ (پسی ہوئی) | آدھا چائے کا چمچ |
| نمک | حسب ذائقہ |
| چنے (ابلے ہوئے) | ایک پیالی |

ترکیب:۔

دہی کو اچھی طرح پھینٹ لیں پھر اس میں دھنیا پیسٹ اور کالی مرچ، لہسن پیسٹ ڈال کر مکس کریں اور ساری سبزیاں اور چنے ڈال دیں اور چاول سے نوش فرمائیں۔

(فرح زینب.....ملتان)

## بھیل پوری

اجزاء:۔

| | |
|---|---|
| آلو | آدھا کلو |
| سیو | ایک پاؤ |
| بھنی چنے کی دال | ایک پاؤ |
| ہرا دھنیا | آدھی گٹھی |
| ہری مرچ | چار عدد |
| ابلے ہوئے کابلی چنے | دو کپ |
| لیموں کا رس | چار کھانے کے چمچ |
| پاپڑی | چھ عدد |

ترکیب:۔

ڈش میں سیو، چنے کی بھنی ہوئی دال، ابلے ہوئے کابلی چنے اور آلو (ابال کر چوکور کاٹ لیں) ڈالیں۔ پاپڑی کا چورا کر کے ڈال دیں پھر ہرا دھنیا اور ہری مرچیں کتر کر ڈالیں اور لیموں کا رس ملا کر چمچے سے خوب اچھی طرح مکس کر لیں۔ ایک کپ دہی میں ایک چائے کا چمچہ چینی، آدھا چائے کا چمچہ کٹا ہوا زیرہ اور حسب ذائقہ نمک ملا کر چٹنی بنائیں۔ ایک کپ املی کے گودے میں ایک چائے کا چمچہ چینی، آدھا چائے کا چمچہ کٹی ہوئی مرچ اور حسب ذائقہ نمک ملا کر املی کی چٹنی بنائیں۔ ان دونوں چٹنیوں کو بھیل پوری کے اوپر ڈال کر ہلکے ہاتھ سے مکس کریں اور مزے دار بھیل پوری سے لطف اندوز ہوں۔

(طیبہ نذیر.....شادیوال گجرات)

## چنے کی دال کا حلوہ

اجزاء:۔

| | |
|---|---|
| دال چنا | آدھا کلو |
| پستے بادام | بیس عدد |

نیم گرم پانی سے دھو کر ایک گھنٹہ تک بھگو دیں

چھیل کر باریک کاٹ لیں

www.pdfbooksfree.pk

چھوٹی الائچی دس ایک چچ چینی کے ساتھ پیس لیں
عدد

اخروٹ آدھی پیالی (باریک کاٹ لیں)
کشمش پندرہ عدد
چینی دو پیالی
خشک دودھ دو پیالی
گھی ڈھائی پیالی

ترکیب:۔
بھیگی ہوئی دال کو ابال لیں کہ بکھری بکھری رہے، جب دال گل جائے تو پانی نکال کر ٹھنڈی کر لیں اور پیس لیں۔ ایک کڑاہی میں گھی گرم کریں جب گرم ہو جائے تو الائچی ڈال دیں، خوشبو آنے لگے تو دال ڈال کر بھونیں، آنچ ہلکی رکھیں، جب دال کا رنگ براؤن سا ہونے لگے تو دودھ، چینی، اخروٹ اور کشمش ڈال کر چچ ہلاتے رہیں۔ حلوے کو اتنا بھونیں کہ گھی الگ ہونے لگے، گھی بالکل الگ ہو جائے تو چولہا بند کر دیں، ایک بڑی تھالی میں چکنائی لگا کر حلوہ پھیلا کر ڈال دیں۔ پستے، بادام اوپر سے سجائیں۔ جب حلوہ ٹھنڈا ہو جائے تو چھری سے ٹکڑے کاٹ لیں۔

(فریحہ شبیر......شاہ نکڈر)

## رومن چکن

اجزاء:۔
نوڈلز دو کپ
مٹر چوتھائی کپ
پالک ایک کھانے کا چچہ
مرغی ایک کپ (بون لیس)
نمک حسب ذائقہ
کالی مرچ پاؤڈر چوتھائی چائے کا چچہ
لہسن (کرش کیا ہوا) آدھا چائے کا چچہ
ادرک (کرش کی ہوئی) آدھا چائے کا چچہ
تیل ایک کھانے کا چچہ

**وائٹ سوس کے لیے**
تیل تین کھانے کے چچے
میدہ ایک کھانے کا چچہ
نمک حسب ذائقہ
کالی مرچ پاؤڈر چوتھائی چائے کا چچہ
دودھ ڈیڑھ کپ
کریم تہائی کپ
پنیر تہائی کپ (چوپ کیا ہوا)
چائنیز نمک ایک چائے کا چچہ

ترکیب:۔
نوڈلز کو نمک اور چائنیز نمک کے ساتھ ابال لیں، حتیٰ کہ نوڈلز نرم ہو جائیں۔ اس کے بعد نوڈلز کو چھان کر ایک طرف رکھ دیں۔ مٹر، پالک اور پانی کا بلینڈ کر کے ایک طرف رکھ دیں۔ ایک کڑاہی میں ایک کھانے کا چچہ تیل گرم کریں۔ اس میں مرغی، نمک اور کالی مرچ پاؤڈر ڈال کر فرائی کریں۔ مرغی گولڈن براؤن ہو جائے تو ادرک اور لہسن مکس کر دیں۔ اس کے بعد مٹر اور پالک مکسچر ڈال کر مزید ایک منٹ فرائی کر لیں، چولہا بند کر دیں، مکسچر پر نوڈلز ڈال کر ایک طرف رکھ دیں۔

وائٹ سوس کے لیے:۔
ایک سوس پین میں تیل گرم کریں، اس میں میدہ نمک اور کالی مرچ ڈال کر فرائی کریں۔ پیسٹ تھوڑا ابلنے لگے تو دودھ اور کریم ڈال کر مسلسل چچہ چلاتے رہیں۔ سوس گاڑھا ہو جائے تو پنیر اور چائنیز نمک ڈال کر مکس کریں۔ پنیر اچھی طرح مکس ہو جائے تو پین کو چولہے سے اتار لیں۔ نوڈلز پر ٹاپنگ کر کے کیچپ کے ساتھ سرو کریں۔

(بیگم فرحت زبیر......ناظم آباد، کراچی)

## اٹالین سیلڈ

ضروری اجزاء:۔
باسمتی چاول (پکے ہوئے) چار کپ
سیب ایک عدد

لیموں کا رس ایک کھانے کا چچہ
خربوزہ (چھوٹے سائز کا) ایک عدد
مکھن ایک کھانے کا چچہ
لہسن کا جوا ایک عدد
مرغی کا گوشت ایک کپ (ابلا ہوا)
انڈے (ابلے ہوئے) دو عدد
پارسلے، گارنشنگ کے لیے
دہی پانچ کھانے کے چچے
مایونیز تین کھانے کے چچے
زیتون کا تیل ایک کھانے کا چچہ
نمک، سیاہ مرچ پاؤڈر حسب ذائقہ

ترکیب:۔
چاولوں کو ایک بڑے سلاد باؤل میں ڈالیں اور کانٹے یا ہاتھ کی مدد سے چاولوں کو توڑ لیں۔ سیب کو چھیل کر اس کے چھوٹے کیوبز کاٹ لیں اور ایک باؤل میں ڈال کر اس پر لیموں کا رس چھڑکیں اور مکس کریں۔ خربوزے کے بھی اسی طرح چھوٹے کیوبز کر کے سیب میں شامل کر دیں۔ ایک چھوٹے سوس پین میں مکھن پگھلا کر اس میں لہسن ڈال کر فرائی کریں۔ اس کے بعد فرائنگ پین میں گوشت ڈال کر پانچ منٹ کے لیے تلیں اور اس آمیزے کو سیب اور خربوزے والے باؤل میں ڈال دیں۔ ہلکا سا مکس کر کے ٹھنڈا ہونے کے لیے رکھ دیں۔

ڈریسنگ کے لیے:۔
دہی، مایونیز، زیتون کا تیل، نمک اور سیاہ مرچ پاؤڈر کو بلینڈرز میں ڈال کر اچھی طرح مکس کریں۔ ڈریسنگ کی آدھی مقدار گوشت اور سیب والے آمیزے پر اور باقی چاولوں پر ڈالیں، اب گوشت والا آمیزہ چاولوں کے اوپر ڈالیں۔ سرو کرنے سے پہلے تیس منٹ تک دم دیں، ابلے ہوئے انڈوں اور پارسلے سے گارنش کر کے سرو کریں۔

(ندا مہرین......کراچی)

## ایگ فرائیڈ رائس



اجزاء:۔
چاول آدھا کلو (بغیر نمک والے پانی میں ابال لیں)
انڈے پھینٹے ہوئے چار سے پانچ عدد



ہری پیاز آدھا کپ
ہری مرچیں چند عدد
گاجر آدھا کپ
مٹر آدھا کپ
نمک حسب ذائقہ
چائنیز نمک دو چائے کے چچے
سفید مرچ پاؤڈر دو چائے کے چچے
چائنیز سویا سوس دو کھانے کے چچے
تیل آدھا کپ

ترکیب:۔
گاجر، مٹر، ہری پیاز کو چوکور کاٹ لیں۔ سبزیوں کو ہلکا سا ابال لیں اور ٹھنڈے پانی میں ڈال دیں، تھوڑی دیر بعد سبزیوں کو پانی سے نکال دیں۔ تیل گرم کریں، اس میں انڈے ڈال کر فرائی کر لیں حتیٰ کہ انڈے سیٹ ہو جائیں، اسے ایک طرف رکھ دیں۔ آدھی سبزیاں انڈوں میں ڈال دیں اور مکس کر لیں۔ اس کے بعد آدھے چاول ڈال کر پکائیں، اس کے بعد بچی ہوئی سبزیاں اور چاول ڈال کر اچھی طرح مکس کر لیں۔ آخر میں چائنیز سویا سوس، سفید مرچ پاؤڈر، نمک، چائنیز نمک اور ہری مرچیں ڈال کر مکس کریں۔ تھوڑی دیر دم پر رکھ کر گرم گرم سرو کریں۔

(نزہت جبین ضیاء......ملیر کراچی)

www.pdfbooksfree.pk

# بیوٹی گائیڈ

روبین احمد

## ماسک کا استعمال چہرے کو نئی شادابی عطا کرتا ہے

آج کل گھریلو ماسک تیار کرنے کا رجحان فروغ پا رہا ہے۔ گھر میں بنائے جانے والے ماسک میں ایک فائدہ ضرور ہے وہ یہ کہ آپ کو اپنی جلد کے تقاضوں کے مطابق اس میں لچک رکھنے میں آسانی ہوسکتی ہے۔ گھریلو ماسک استعمال کرنے کے لیے ضروری ہے کہ آپ اپنی جلد کی نوعیت سے بخوبی آگاہ ہوں۔ بہت سے ماسک' پھلوں' سبزیوں' انڈوں' دودھ اور وٹامن سے بھی تیار کیے جاتے ہیں۔

### گاجر کا ماسک

گاجر کا پانی نکال لیں اور فریج میں رکھ دیں۔ جب ٹھنڈا ہوجائے تو روئی کی مدد سے چہرے پر لگائیں۔ یہ عمل دن میں تین مرتبہ کریں' رنگ گورا کرنے کا بہترین طریقہ ہے۔

### انڈے کا ماسک

ایک انڈہ لیں' ایک لیموں میں انڈہ توڑ کر اس کی سفیدی اچھی طرح پھینٹ لیں۔ اس میں لیموں نچوڑ کر اچھی طرح مکس کریں اور چہرے پر لگالیں۔ پندرہ منٹ تک لگائیں' بات چیت بالکل نہ کریں۔ پھر دھولیں۔ یہ ماسک خشک جلد کے لیے ہے۔

### خشک جلد کے لیے ماسک

ملتانی مٹی' ہلدی اور تین قطرے زیتون کا تیل اسکن ٹانک کے چند قطرے ملا کر پندرہ منٹ تک چہرے پر لگا رہنے دیں یا بادام پیس کر دودھ میں ملا کر چہرے پر لگائیں' بیس منٹ بعد چہرہ دھولیں۔

### جھائیوں کے لیے ماسک

بادام' ہلدی' دودھ اور لیموں استعمال کریں۔ بادام پیس کر اس میں ہلدی اور دودھ ملا کر پیسٹ بنالیں اور چند قطرے لیموں کے ڈال لیں یہ ماسک بہت مفید ہے۔

### چہرے کی جھریاں دور کرنے کا ماسک

مٹی کی ایک کوری پیالی میں ایک چمچہ بالائی اور دو تین بادام اچھی طرح دھو کر صاف کرنے کے بعد اس سے چہرے کی ہلکی پھلکی مالش کریں پھر روئی کو آہستہ آہستہ چہرے پر پھیریں اور پھر باقی مرہم لگا کر سو جائیں' صبح اٹھ کر بیسن سے منہ دھولیں یا پھر بکری کا کچا دودھ لے کر اس میں آدھا لیموں نچوڑ لیں' دودھ پھٹ جائے گا' اس پھٹے ہوئے دودھ کو سوتے وقت اچھی طرح چہرے پر مل لیں' یہ چہرے کی جھریاں دور کرنے کا شرطیہ طریقہ ہے۔

### آنکھیں رنگ و روپ کا آئینہ

عورت کی آنکھیں اس کے روپ کا آئینہ ہوتی ہیں۔ ان آنکھوں کا اپنا روپ رنگ اور بناوٹ ہوتی ہے' کسی کی آنکھیں بڑی ہوتی ہیں تو کسی کی چھوٹی۔ آج کے دور میں میک اپ کے فن نے اس قدر ترقی کرلی ہے کہ انہیں اپنی مرضی کے روپ میں ڈھالا جاسکتا ہے۔

یہاں ہم آنکھوں کے میک اپ کے حوالے سے چند کارآمد باتیں پیش کررہے ہیں۔

### چھوٹی آنکھوں کو بڑا روپ دینے کے لیے

پلکوں کے اوپری کناروں سے کریز لائن تک پیلا آئی شیڈ لگائیں۔ کریز پر گہرا گرے رنگ استعمال کریں' اس کے بعد پیلا رنگ کریز سے لے کر بھنوؤں کی ہڈیوں تک دوبارہ لگائیں۔ پتلیوں کی سمت ترچھا لے کر بھنوؤں کو باہری کنارے تک لائیں' کریز لائن کو بلینڈ کریں' اس حد تک کہ وہ ہائی لائن سے گھل مل جائے' اس کے بعد ڈارک گرے سے پلکوں پر لائن لگائیں اگر آپ سفید رنگ استعمال نہیں کررہیں تو اندرونی رم کلر استعمال نہ کریں' مسکارا زیادہ استعمال کریں۔

### لٹکی ہوئی اوپری پلکوں کو کیسے درست کریں

اوپری لٹکی ہوئی پلکوں کو درست کرنے کے لیے کریز لائن میں گہرا رنگ استعمال کریں۔ اس گہرے رنگ کو



بھنوؤں کی ہڈیوں تک لے جائیں۔ گہرا رنگ پلکوں کو سکیڑتا ہے' ہلکا رنگ پلکوں کو کھولتا ہے' مسکارا زیادہ استعمال کریں' باہری کناروں پر چند مصنوعی پلکیں بھی لگائی جاسکتی ہیں۔

### پلکوں کے جھکے ہونے کناروں کے لیے

پلکوں کے جھکے ہوئے کناروں کو درست کرنے کے لیے آئی شیڈ اور ہائی لائنر کا استعمال باہری کناروں کے پاس روک دیں' پلکوں کے نچلے حصے کو گہرے رنگ کی کوپل پینسل سے لائن کرتے ہوئے اوپری باہری کنارے تک لگائیں۔ پتلیوں کے اوپری حصے پر مسکارا زیادہ لگائیں۔

### گول آنکھوں کو لمبی شکل دینے کے لیے

گول آنکھوں کو لمبا' بادامی روپ دینے کے لیے ایک شیڈ کو پوری پلکوں پر لگائیں۔ اندرونی پلکوں کے اوپری حصے سے آغاز کرتے ہوئے ترچھی سمت میں اوپر کی طرف بھنوؤں کی ہڈیوں تک شیڈ و لگائیں۔ شیڈ و کو نچلی پلکوں کے نیچے اور اس کے آس پاس صرف باہری کناروں پر لگائیں۔ مسکارا آنکھوں کے باہری حصے پر استعمال کریں۔

### آنکھوں کو کھولنے کے لیے

سب سے پہلے آپ اس بات کا جائزہ لیں کہ آپ کی بھنویں بیچ سے ترچھی تو نہیں ہیں' کناروں سے بھنوؤں کے درمیان تک بروبون ہائی لائٹر استعمال کریں پھر اپنے آئی شیڈ و کو بیس سے بروبون تک لائیں۔ ساتھ ہی ساتھ آنکھوں کے اوپری اور نیچے کے باہری کناروں کی فیڈ رنگ کردیں' اوپری نچلی سطح پر اندرونی کناروں سے تہائی حصے پر آئی لائنر لگائیں' اوپری اور نچلی پلکوں کے باہر دو تہائی حصے پر زیادہ مسکارا لگائیں۔

### سکڑی ہوئی اوپری پلکوں کو چوڑا کرنے کے لیے

اس کے لیے ایک ہی میڈیم کے ٹون آئی شیڈ و کو استعمال کرتے ہوئے اسے بروبون کے نزدیک لائیں' اسی شیڈ و کو نچلی پلکوں کے باہر کے ایک تہائی حصے کو ہائی لائٹ کرنے کے لیے بھی استعمال کیا جاسکتا ہے اور اسی سے اس کی آؤٹ لائن بھی بنائی جاسکتی ہے۔ نیلی پینسل سے نچلی پلکوں کی کوروں کو لائن کرلیا جس سے اوپری پلکوں کے سکڑے ہوئے ہونے پر کسی کا دھیان نہیں جاتا۔ مسکارا استعمال کریں مگر لہردار مصنوعی پلکیں استعمال کرنے سے گریز کریں۔

### بھنوؤں اور پلکوں کی دیکھ بھال

یاد رکھیں کہ پلکوں کے بال بہت نازک ہوتے ہیں اس لیے ان کی دیکھ بھال میں خاص طور پر احتیاط برتنا ضروری ہوتا ہے۔ رات کو میک اپ اتارتے وقت پلکوں کے اردگرد رگڑنا نہیں چاہیے۔ ٹشو پیپر کی مدد سے نچلی پلکوں کو آہستگی سے دبا کر میک اپ دور کیا جاسکتا ہے۔ آنکھیں بند کرکے آئی ریموور ہیڈ سے یہ میک اپ صاف کیا جاسکتا ہے۔

موئی شکل کی پلکوں کے لیے اور بھنوؤں اور پلکوں کے درمیان جگہ کے لیے مسکارا لگانے سے پہلے لوز پاؤڈر استعمال کریں اوپری حصے پر پہلی پرت جڑ سے سرے تک لگائیں۔ دوسری پرت اندرونی حصے سے جڑ تک لگائیں' ایک کے بعد دوسری پرت لگانے کے لیے مسکارا سوکھنے کا انتظار کریں۔ نچلے حصے کے لیے ایک ہلکی پرت باہری کناروں پر لگانا کافی ہوگا۔

اگر آپ کی بھنوؤں میں سوکھا پن ہے تو وسلین یا ہیئر جیل کی مدد سے انہیں نرم کیا جاسکتا ہے۔ اگر بھنویں درست ہیں تو انہیں پینسل سے بار بار لائن نہ کریں بلکہ قدرتی روپ دینے کے لیے ہلکے بھورے یا گہرے رنگ کی پینسل استعمال کریں اور اس کے بعد برش کریں۔ اگر آپ کی بھنویں آپ کے بالوں کے رنگ سے زیادہ گہرے رنگ کی ہیں تو انہیں ہلکا رنگ دینے کے لیے فیسٹیل ہیئر بلیچنگ احتیاط سے استعمال کریں۔

www.pdfbooksfree.pk

اے کاش.....!

اے کاش مجھے نیند کوئی پھر سے سلا دے
میں کیا؟ کون؟ کہاں ہوں مجھ کو بھلا دے
ہے وطن کی حالت کہ پکارے ہی چلے جاتی ہے
اے مالک کون و مکاں ایک اور جناح دے
یہ نفرت یہ خون یہ وحشت کے نظارے
ہے فریاد یہ خالق سے ان سب کو مٹا دے
یہ پنجابی، سندھی، بلوچ یہ پختون
اٹھے کوئی مردِ مسلماں، جو انہیں قوم بنا دے
کشمیر کی کتنی اجڑتی چلاتی ہیں مائیں
آئے کوئی رستم جو ان کو پناہ دے
یہ ظلم کی بجلی جو گرتی ہے کابل پر
آئے کوئی عمر اور اُن کو سزا دے
اپنوں کو ہی کرتی ہے اپنوں کو یہ بھرتی ہے
اپنوں کو میرے مولیٰ بصیرت کی نگاہ دے
یہ وقت کی حقیقت پہ رکھے ہاتھ کوئی مجھ کو رلا دے
اے کاش! مجھے نیند کوئی پھر سے سلا دے

شاعر: رائے ربّ نواز رائے.....پنجاب

آج پھر لہولہو ہے میرے شہر کا آنگن.....!

آج پھر لہولہو ہے.....
میرے شہر کا آنگن
بکھری پڑی ہوئی ہیں جا بجا نعشیں
خون میں لپٹی ہوئی کلمہ طیبہ کو ترستی ہوئی
ہوا میں بارود کی مہک کا اثر طاری ہے
کہ اپنے ہی محافظ اب شکاری ہیں
کہ وہ بچہ.....
جسے آئے ہوئے چند سال ہی گزرے
اس کی آنکھوں میں
موت کا
سایہ یتیمی کا خوف چھایا ہے
کہ ظالموں نے اب کہ
میرے شہر کا اک اک چولہا بجھایا ہے
روشنی.....
جس شہر کا مقدر ٹھہرتی تھی
ہر سو جہاں خوشیاں رقص کرتی تھیں
جہاں کے لوگ ہر اک دن نئی امید
نئے ولولے کے ساتھ گھر سے باہر قدم رکھتے تھے
ہاں اب وہی لوگ
سورج نکلنے سے کچھ دیر پہلے جاگ جاتے ہیں
لاکھوں جتن کے بعد بھی خود کو
باہر جانے پر راضی نہ کر پاتے ہیں
مایوسی، خوفِ موت.....
ان کے جسم و جان پر اس طرح حاوی ہے
کہ.....!
اک اک لمحہ ایسا گزرتا ہے
کہ شاید یہاں گولی چلے گی
کسی بے آسرا بے گناہ کی دنیا لٹے گی
کہ اب اس شہر پہ
اندھیرے بادلوں کا سایا چھایا ہے
جو مسلسل گرجنے کے بعد بھی اک ترنگ سے گرجتے ہیں
عذاب الٰہی نما لگتے ہیں
جا بجا عام بے حیائی
چوری، زنا، جھوٹ کی شہنائی
ادب و اخلاق سے خالی پڑھائی
فیشن پرستی کے لبادہ میں لپٹی ہوئی سرِ عام عزت
کفر و شرک میں لتھڑے ہوئے ہم لوگ
جو اس شہر کے باسی
اشکِ ندامت و توبہ سے عاری
کہ اب بھی وقت باقی ہے
ندامت توبہ کا لبادہ اوڑھ کر
ربّ الٰہی کو راضی کر لیں
کہ یہ حجاج پھر لہولہو ہے
میرے شہر کا آنگن
جسم سے جان نکال لیتا ہے
کہ اب بے بسی کو چھوڑ کر
متحد یک جان ہو کر قرضِ دھرتی نبھانا ہے
محبت سے توبہ سے اس شہرِ روشنی کو بچانا ہے

سمیرا غزل.....کراچی

پیارے ابو جی کے نام

سنو دوستو! بچھڑ گئی ہے مجھ سے وہ ہستی
جس نے چلنا مجھے سکھایا تھا
کتاب کا پہلا حرف اسی نے پڑھایا تھا
دکھوں میں ہنسنا مجھے سکھایا تھا
دھوپ میں سائبان تھا میرا
جلتی زمین پر آسمان تھا میرا
میں گرتی تو مجھ کو وہ تھام لیتا تھا
ہر مصیبت میں آسرا تھا میرا
میری رگوں میں خون کی طرح بہنے والے
وہ میرے بابا، میرے ابو
میری جان! یقین اور مان تھے میرا

شگفتہ خان.....بھلوال

غزل

جہاں کبھی محبتوں کا ابر برستا تھا
اب وہاں لہو اہلِ وطن کا بہتا ہے
جس میں خوشبو شامل تھی شہیدانِ وطن کی
اب اس مٹی میں آہوں کا دھواں رہتا ہے
اب اس خاک میں گل و لالہ کھلیں بھی تو کیسے
جس خاشاک میں سسکیوں کا جہاں رہتا ہے
برگ گل میں محبت کا ابر برسے بھی کیسے
جہاں برہنہ توپوں تلواروں کا سماں رہتا ہے
کھینچ لے جو اس سفینہ لہو کو موج دریا سے
اس قوم میں وہ جیالا بھی اب کہاں رہتا ہے
اب حرفِ دعا باقی، حرفِ ندا بے اثر
باقی صرف مقرر کا شعلہ بیاں رہتا ہے
اک خوف چھپا ہے طلوعِ سحر سے غروبِ آفتاب تک
ادراک حقیقت بھی اب تو گماں رہتا ہے
دہشتوں کی یہ زمین جلاوطنی سے اچھی ہے
کہ ہر محبِ وطن یہاں رہتا ہے

عدیلہ طارق.....ٹوبہ ٹیک سنگھ

غزل

سفر میں زندگی کے کوئی بھی رستہ نہیں دیتا
گری ہو دھوپ تو گھر کا شجر سایا نہیں دیتا
یہاں ہر رنج و غم، درد و الم خود ہی اٹھانا ہے
کسی کو اپنی خوشیوں کا کوئی لمحہ نہیں دیتا
اسی کو جاگنا ہے رت جگے جس کا مقدر ہیں
کسی کو اپنی آنکھوں کا کوئی سپنا نہیں دیتا
اٹھانا ہے ہمیں زندگی کا بوجھ مرنے تک
کہ جب تک زندگی ہے کوئی بھی کاندھا نہیں دیتا
کیا تھا اعتبار اک شخص پر اس دن کو روتا ہوں
کوئی اپنا بنا کر یوں کبھی دھوکا نہیں دیتا
خدا ہی ہے جو رکھتا ہے ہمیں اپنی پناہوں میں
کسی کے واسطے کوئی یہاں پہرا نہیں دیتا
گلہ تہذیب غیروں کا کسی سے کس لیے کیجیے
یہاں تو ساتھ مشکل میں کوئی اپنا نہیں دیتا

راؤ تہذیب حسین تہذیب.....رحیم یار خان

غزل

میری متاعِ حیات تم تھے
سنو! کُل کائنات تم تھے
یخ بستہ موسم، تنہائی اور ہم
بیتے سرما میں ساتھ تم تھے
تمہارے بن ہیں اداس شامیں
حسرتوں کے لمحات تم تھے
باوضو جس کو پڑھا تھا ہم نے
سچ کہوں تو صلوٰۃ تم تھے

سیدہ جیا عباس کاظمی.....تلہ گنگ

خودکش حملہ

جب بھی ظلم بڑھا ہے حد سے
اور ظلم کے ہاتھ لہو سے لال ہوئے ہیں
جبر ہوا ہے معصوموں پر اور پردے پامال ہوئے ہیں
ایسے میں کچھ لوگوں پر کہ جن پر جبر ہوا ہے
جن کا سب کچھ طوفان کی نذر ہوا ہے
احساس کی سولی پر چڑھنے سے پہلے اپنے جسموں پر بارود سجا کر
اپنے رشتے ناتے اور پہچان بھلا کر خودکش حملہ کر دیتے ہیں
اپنی آنکھ کے سارے آنسو
کئی آنکھوں میں بھر دیتے ہیں.....!

صنم شاہ عرف سکی.....حضرت پیر عبدالرحمٰن

www.pdfbooksfree.pk

## غزل

آنکھوں میں کوئی غم کا ستارا نہ کر سکے
ہم لوگ تیرے خواب گوارا نہ کر سکے
دل کی تمام حسرت ادھوری ہی رہ گئی
محفل میں ذکر پھر بھی تمہارا نہ کر سکے
ہم نے تمہی کو چاہا تھا شاید تمام عمر
لیکن ہم عشق تم سے دوبارہ نہ کر سکے
تم سے تعلقات کی رسمیں تو اب بھی ہیں
دل سے تو لاکھ چاہا، کنارا نہ کر سکے
راشد کسی کے عشق میں زخموں کے باوجود
اس کے بغیر ہم تو گزارا نہ کر سکے

راشد ترین.....مظفر گڑھ

## غزل

نیلا نیلا ٹھہرا پانی
دیکھو کتنا گہرا پانی
خواب سہانے ٹوٹ گئے جب
پھر آنکھوں سے کھیلا پانی
چاروں جانب جل تھل جل تھل
پھر بھی دیکھو پیاسا پانی
میں نے اس کا حال جو پوچھا
اس کی آنکھ سے نکلا پانی
ساری فصلیں سوکھ گئی ہیں
کس نے کس کا روکا پانی
امرت جیسا میں نے پایا
ساجن تیرے ہاتھ کا پانی
دور سفر سے آیا ہے وہ
رانا اس کو دینا پانی

قدیر رانا.....راولپنڈی

## دکھ

وہ لڑکی
جسے اپنی نیند بہت پیاری تھی
جو کبھی نیند ٹوٹنے پر
خفا ہو جاتی تھی
اب وہی لڑکی
کسی کی یاد میں
ساری رات جاگتی ہے

دلکش مریم.....چنیوٹ

## ہم محبت کی نظم لکھتے ہیں

ہم محبت کی نظم لکھتے ہیں
تتلیاں، پھول، ہوا، خوشبو
چاند، بادل، ستارے، صبا اور تُو
بجلیاں، بارشیں، گھٹا، ہر سو
تیری آنکھیں، خواب، حیا اور تُو
مسکراتے لب، شوخ، چنچل قہقہہ کو بہ کو
تری آواز، ترا لہجہ، تیری ادا کی خو
جیسے کوئی اپسرا، کوئی حور نما ہو بہو
تجھ کو سوچیں تو ہوش ہی کھو دیں
ہم جب محبت کی نظم لکھتے ہیں
تجھ کو اک بار سوچ لیتے ہیں
دل کی آنکھوں سے دیکھتے ہیں تجھے
اور پھر نظم میں سموتے ہیں
ہم محبت کی نظم لکھتے ہیں
گویا
تجھے حرفوں میں ڈھال دیتے ہیں

سباس گل.....رحیم یار خان

## غزل

چار سو تنہائیاں ہیں اور اک اکیلا میں
روبرو رسوائیاں ہیں اور اک اکیلا میں
ڈوبتا جاتا ہوں اب تو ساحلوں کے آس پاس
کس قدر گہرائیاں ہیں اور اک اکیلا میں
جلتے رنگ جو شادمانی کے تھے سب خاموش ہیں
درد کی شہنائیاں ہیں اور اک اکیلا میں
سارے رشتے کھو چکے ہیں وسوسوں کی لہر میں
ہر طرف پرچھائیاں ہیں اور اک اکیلا میں
سوچتا رہتا ہوں اکثر اس کے بارے میں ندیم
اس کی بزم آرائیاں ہیں اور اک اکیلا میں

شفیق احمد ندیم.....گلشن اقبال، کراچی

## حسرت

بہارِ تازہ کے ہاتھ تھامے
برستے بادل کی بارشوں میں
مہکتے آنچل کو سر پہ اوڑھے
کوئی گلابوں کی خالی شاخوں پہ
اپنے ہونٹوں سے پھول ٹانکے
پیغام صبح نوید پڑھ کے
کوئی تو آنکھوں کی سرزمیں سے
سسکتی کلیوں کے موتی چن کے
پیاسے ہونٹوں کے مقبروں پر
گلاب رنگوں کے ہار ڈالے
کوئی شفق کے اداس دل سے
میری محبت کا نوحہ سن کے
پکڑ کے کرنوں کی انگلیوں کو
تاریک راتوں کے کاغذوں پر
جگنوؤں سے لکھے اجالے
کوئی تو ہم کو بھی اتنا سوچے
کہ خود کو ہم پر ہی وار ڈالے
کوئی تو اتنا لپٹ کے روئے
کہ اب کے ہم کو ہی مار ڈالے

آصف مہجور.....سرگودھا

دل کی خواہش ہے کہ
دل کی خواہش ہے کہ
کوئی یوں آملے
زرد موسم میں بھی پھول کھلنے لگے
راستے خود ہمیں لے کے چلنے لگے
اس کی سنگت میں دنیا بھی جنت لگے
دل کی دھرتی پہ جب اس کی نظریں پڑیں
دھڑکنیں ساز کی تار ہونے لگیں
درد گانے لگے، مسکرانے لگے
خواب آنکھوں کی چوکھٹ پہ رقص کریں
رات بھر ہم اسے بیٹھے تکتے رہیں
باتیں کرتے رہیں
باتیں سنتے رہیں
چاند تکتا رہے رات ڈھلتی رہے
دل کی خواہش ہے کہ
کوئی یوں آملے
پھر جدائی نہ ہو بے وفائی نہ ہو
میں جو چپ بھی رہوں میرے دل کی سنے
ساتھ ہنسنے لگے ساتھ رونے لگے
دنیا جلنے لگے
دل کی خواہش ہے بس
دل بھی پاگل ہے بس

شہنیلا خان.....جہانگیرہ، پشاور

## جستجو

اک جستجو مسلسل میں
ہمیشہ میں نے
سفر لاحاصل کیا
اور
تھکن بے پایاں پائی

کنیز ماہی.....بھیرہ (ہری پور)

## انتظار

کہیں ملے تو اُسے کہنا
آنکھیں تھک گئی تھیں
راہ دیکھتے دیکھتے
سو اس لیے موند لیں
یہ نہ سمجھنا کہ اب
انتظار نہیں رہا

روحان دانش

www.pdfbooksfree.pk

# بیاضِ دل

میمونہ رومان

حبا حسین.....چکوال
عجیب لوگوں کا بسیرا ہے تیرے شہر میں ساغر
انا میں مٹ جاتے ہیں مگر یاد نہیں کرتے

سباس گل.....رحیم یار خان
فیصلے بھی تیرے اور محبتیں بھی تیری
تجھ سے شکوہ گلہ اب کیا کرنا

راحیلہ رضوان.....سرگودھا
بے اعتبار وقت پر جھنجلا کے رو پڑے
کھو کر اسے کبھی تو کبھی پا کے رو پڑے
خوشیاں ہمارے پاس کہاں مستقل رہیں
باہر کبھی ہنسے بھی تو گھر آ کے رو پڑے

مہر قندیل.....اٹک
غم کی بارش نے بھی تیرے نقش کو دھویا نہیں
خود کو کھو دیا میں نے، تجھے کھویا نہیں
جانتا ہوں اک ایسے شخص کو میں بھی منیر
غم سے پتھر ہو گیا لیکن کبھی رویا نہیں

سیدہ جیا عباس.....تلہ گنگ
عجب دھڑکا سا رہتا ہے ستارے مل نہیں سکتے
مری جاں مجھ کو لگتا ہے ستارے مل نہیں سکتے
تمہیں یوں بھی تو شکوے تھے بہت میری محبت سے
چلو کہہ دو کہ اچھا ہے ستارے مل نہیں سکتے

تسلیم سحر راؤ.....نامعلوم
پتھر ہی لگیں گے تجھے ہر سمت سے آ کر
یہ جھوٹ کی دنیا ہے یہاں سچ نہ کہا کر
اب روتی ہے کیوں تجھ کو کئی بار کہا تھا
حالات کے دھارے کے مخالف نہ بہا کر

ماریہ الماس.....ہارون آباد
میں اسے آنکھوں کے دریچے سے جدا کیسے کروں
وہ میری ذات کے ہر پہلو سے بیاں ہوتا ہے

طیبہ نذیر.....شادیوال گجرات
بس یوں ہوا کہ اس نے تکلف سے بات کی
اور ہم نے روتے روتے ڈوپٹے بھگو دیئے

نگہت حق کووال.....نامعلوم
وہ گیا تو ساتھ ہی لے گیا سبھی رنگ اتار کے شہر کے
اک شخص تھا میرے شہر میں کسی دور پار کے شہر کا

فریدہ فری یوسف زئی.....لاہور
جی رہی ہوں اس اعتماد کے ساتھ
زندگی کو میری ضرورت ہے

ماہ رخ سیال.....سلانوالی
ہر لفظ کو کاغذ پر اتارا نہیں جاتا
ہر نام سر عام پکارا نہیں جاتا
ہوتی ہیں محبت میں کئی راز کی باتیں
یونہی تو اس کھیل میں ہارا نہیں جاتا

مشعال اسلام جے.....جھنگ
کیسے کہہ دوں کہ اسے مجھ سے محبت نہ تھی
اس کی محبت کی کشش مجھے آج بھی کھینچتی ہے اپنی طرف

نوشین اصغر.....گاؤں حاجی والا
جو اعلیٰ ظرف ہوتے ہیں ہمیشہ جھک کے ملتے ہیں
صراحی سرنگوں ہو کر بھرا کرتی ہے پیمانہ

مدیحہ کنول سرور.....چشتیاں
ڈھونڈ رہی ہوں لیکن ناکام ہوں اب تک
وہ لمحہ جس میں تُو یاد نہ آتا ہو

رمشاء عظمت.....بوسال قصور
غم زندگی تیری راہ میں، شب آرزو تیری چاہ میں
جو اجڑ گئے وہ بسے نہیں، جو بچھڑ گئے وہ ملے نہیں

صدیقہ خان.....باغ AK
آجا کہ ابھی ضبط کا موسم نہیں گزرا
آجا کہ پہاڑوں پہ ابھی برف جمی ہے
خوشبو کے جزیروں سے ستاروں کی حدوں تک
سب کچھ ہے میرے شہر میں اک تیری کمی ہے



زیڈ این پاکیزہ سحر.....تلہ گنگ
جن کی آنکھوں میں ہوں آنسو انہیں زندہ سمجھو
پانی مرتا ہے تو دریا بھی اتر جاتے ہیں

انوشہ طارق.....کراچی
ہم طالبِ شہرت ہیں، ہمیں ننگ سے کیا کام
بدنام اگر ہوں گے تو کیا نام نہ ہوگا

عشا نور بلوچ.....نواب شاہ
اب تو گھبرا کے یہ کہتے ہیں کہ مر جائیں گے
مر کے بھی چین نہ پایا تو کدھر جائیں گے

سمیرا غزل.....کراچی
جو رنگ اڑا آخر وہ رنگ لایا
درد و غم و سوز و ساز کیا کیا پایا
مجھے جینے کا مزا ملا محبت کر کے
صد شکر فراق دل کو دکھانا آیا

فصیحہ آصف خان.....ملتان
گل مرجھا نہ جائیں تیرا انتظار کر کے
خزاں نہ کرنا زندگی، بہار کر کے
بہت پچھتانا پڑا آج ہم کو
ظالم تیرے وعدوں پہ اعتبار کر کے

سیدہ کنزیٰ زین.....منڈی بہاؤالدین
ہنر ہے ہم میں دریا کا نکل جاتے ہیں ہر جانب
کہ لہروں کی طرح ساحل سے ٹکرایا نہیں کرتے

راؤ تہذیب حسین تہذیب.....رحیم یار خان
زندگی کل کھیلتی تھی مسکراتی تھی یہاں
بن رہی ہے اب مسلسل اک غموں کی داستاں
مامتا تیری ''کراچی'' کھا گئی کس کی نظر
ماں کی صورت تُو رہی ہے ہر کسی پر مہرباں

سمیرا مشتاق ملک.....اسلام آباد
ہم ہی بے تاب نہیں دردِ جدائی کی قسم
کروٹیں رات گئے وہ بھی بدلتا ہوگا
جس کی چاہت میں زمانے کو بھلا رکھا ہے
مجھ کو اے دل وہ کبھی یاد تو کرتا ہوگا

ایس ایچ شجاع جعفری.....چکوال
کسی کو غرض صورت سے کوئی خواہش کا قیدی ہے
وجودوں میں ہے ظاہری حرص محبت کون کرتا ہے

سیدہ عشرت ابرار کاظمی.....تلہ گنگ
چراغ بجھ بھی چکے مگر پسِ چلمن
یہ آنکھ اب بھی تیرا انتظار کرتی ہے

نبیلہ لیاقت سونو.....سرگودھا
دل کی کتاب میں گلاب ان کا تھا
رات کی نیند میں خواب ان کا تھا
کتنا پیار کرتے ہو جب ہم نے پوچھا
مر جائیں گے تیرے بن، جواب ان کا تھا

ہما احمد.....فیصل آباد
تتلیوں کی بے چینی آبلی ہے پاؤں میں
اک پل کو چھاؤں میں اور پھر ہواؤں میں
ابر کی طرح ہے وہ یوں نہ چھو سکوں لیکن
ہاتھ جب بھی پھیلائے آ گیا دعاؤں میں

ندا مہرین.....کراچی
جو خیال تھے نہ قیاس تھے وہی لوگ مجھ سے بچھڑ گئے
جو محبتوں کی اساس تھے وہی لوگ مجھ سے بچھڑ گئے
جنہیں مانتا ہی نہیں یہ دل وہی لوگ میرے ہیں ہمسفر
مجھے ہر طرح سے جو راس تھے وہی لوگ مجھ سے بچھڑ گئے

اریبہ شاہ.....بہاولپور
یوں تو صدموں میں بھی ہنس لیتے تھے ہم
آج کیوں بے وجہ رونے لگے ہیں ہم
برسوں سے ہتھیلیاں خالی ہی رہیں میری
پھر آج کیوں لگا کے سب کھونے لگے ہیں ہم

نرگس.....ٹنڈو جام
وہ بچھڑا کچھ اس ادا سے کہ رت ہی بدل گئی
اک شخص سارے شہر کو ویران کر گیا

biazdill@aanchal.com.pk

www.pdfbooksfree.pk

# یادگار لمحے

جویریہ طاہر

حمد

کوئی ضبط دے نہ جلال دے
مجھے صرف اتنا کمال دے
مجھے ایسی راہ پہ ڈال دے
کہ زمانہ میری مثال دے
تیری رحمتوں کا نزول ہو
مجھے محنتوں کا صلہ ملے
مجھے مال و زر کی ہوس نہ ہو
مجھے بس تو رزق حلال دے
میرے ذہن میں تیری فکر ہو
میری سانس میں تیرا ذکر ہو
تیرا خوف میری نجات ہو
سبھی خوف دل سے نکال دے

طیبہ نذیر...... شادیوال گجرات

نعت شریف ﷺ

"مصطفیٰ ﷺ" سے جب تمہارا سلسلہ مل جائے گا
خود بخود اے ڈھونڈنے والو! خدا مل جائے گا
کیا بتاؤں ان کے در پہ جاکے کیا مل جائے گا
جو طلب ہوگی، طلب سے بھی سوا مل جائے گا
ان کے صدقے میں خدا سے مانگ کر دیکھے کوئی
مدعی کے لب ہلیں گے مدعا مل جائے گا
نام ان کا وقت مشکل لے کے دیکھو تو ذرا
نا امیدی میں بھی دل کو آسرا مل جائے گا

سلمیٰ ملک...... قادر پوراں

تعریف اس خدا کی

وہ الفاظ کہاں سے لاؤں جن سے اپنے ربّ کی شان بیان کرسکوں، وہ زبان کہاں سے لاؤں جس سے پاک پروردگار کی شان میں قصیدہ کہہ سکوں؟ اس ذات اقدس کے بارے میں کیا بتاؤں کہ اس کی پیدا کی گئی نشانیاں تو خود بولتی ہیں، ربّ کائنات عالم غیب کا مالک آسمانوں کا شہنشاہ وہ ذات پاک جس کی کوئی اور ذات نہیں اس جیسا کوئی دوسرا نہیں جو ہمارے بن کہے یہ جان لیتا ہے کہ اس دل میں کیا ہے؟

یہ زبان کیا کہنا چاہتی ہے اس دل میں کتنی آرزوئیں ہیں، کتنے ارمان ہیں وہی ہمارا ہم راز ہے وہ ایسا نور ہے کہ اس نور سے یہ پوری کائنات منور ہے، کہیں نظر نہ آتے ہوئے بھی وہ ہر جگہ دکھائی دیتا ہے۔ چاند تاروں کی کہکشاؤں میں دن اور رات کے بدلنے میں ماہ تاب کی ٹھنڈک میں آفتاب کی کرنوں میں پہاڑوں کے دامن میں، سمندر کی موجوں میں، زمین کے خزانوں میں، آسمانوں کی اڑانوں میں، بارش کی بوندوں میں، بادلوں کی گرج میں، بجلی کی چمک میں، بدلتے موسموں میں، ہم سب کے نزدیک شہ رگ کے قریب وہی تو ہے جو رزق دیتا ہے، وہی تو ہے جس نے ہر انسان کو کسی نہ کسی ایسی خوبی کے ساتھ پیدا کیا ہے کہ اس خوبی نے اس کی زندگی بنادی ہے، وہ اپنی مخلوق سے پیار کرنے والا مہربان ربّ ہے۔ ہم سب کی دعائیں سننے والا، آسمانوں اور زمینوں میں بسنے والی ہر شے کا مالک، اس بھری کائنات کو چلانے اور پالنے والا، بے شک وہ پاک پروردگار ہے اس جیسا کوئی نہیں۔

نسرین...... حیدر آباد

شخصیت

انسان کی شخصیت اس کی زبان میں پوشیدہ ہوتی ہے اور انسان اپنے اخلاق اپنے انداز گفتگو اور اپنے الفاظ سے پہچانا جاتا ہے، درحقیقت زبان انسان کی شخصیت کی عکاسی کرتی ہے۔

مدیحہ نورین...... برنالی

خوب صورت بات

سمندر کی آغوش سے صدف نکلتے ہیں اور صدف کی آغوش سے موتی جو لوگ زندگی کا دامن ایثار و خلوص سے بھر دیتے ہیں انہیں جذبوں کا سمندر ہی کہا جاسکتا ہے۔



جو دوسروں کے دکھ درد میں شریک ہوکر ان کا سہارا بنتے ہیں جن کے خلوص کی بارش شبنم کی طرح روح کو گہرائیوں تک سیراب کرتی ہے۔

عمارہ شاہ...... کوہاٹ

غم اور مسکراہٹ

غم اس لیے نہیں ہوتے کہ انہیں آنسوؤں میں سجا کر دوسروں کے سامنے پیش کردیا جائے یہ دل کے لیے ہوتے ہیں اور دل ہی دل میں پھلتے اور پروان چڑھتے ہیں جب غم اشکوں کی مالا بن کر بکھرنے کی کوشش کرتے ہیں تو اس وقت انہیں زمانے میں سمیٹنے والا کوئی نہیں ملتا کیونکہ یہ دنیا تو خوشیوں کی ساتھی ہے اس نے کب روتے ہوئے چہروں کو ہنسایا ہے بلکہ ہمیشہ ہنستے ہوئے چہروں کو رلایا ہے، اس لیے بہتر ہے انسان اپنے دکھوں کو چھپا کر ہر دم مسکراہٹ سجائے رکھے اور زندگی کے دن پورے کرے کیونکہ کہتے ہیں نا:

"زندگی سے ہے گلہ پھر بھی ہمیں جینا تو ہے"

مسکان ملک...... چوٹالہ

نعتیہ قطعہ

سرکارؐ کے دربار میں بیٹھا ہوں ادب سے
فریاد کناں ہوں میں یہاں اور ہی ڈھب سے
احوال میرا رو کے سنائیں میری آنکھیں
کہنے ہی نہیں دیتیں مجھے کچھ میرے لب سے

راؤ تہذیب حسین تہذیب...... رحیم یار خان

موتی

❖ نالائق بیٹا چھٹی انگلی کی مانند ہے اگر اسے کاٹا جائے تو درد ہوگا' رکھا جائے گا تو عیب دار ہوگا۔

❖ اگر چڑیاں متحد ہوجائیں تو شیر کی کھال کھینچ سکتی ہیں۔

❖ انسان ایک حقیر سا پتا یا چیونٹی نہیں بنا سکتا لیکن بیسیوں خدا بنالیتا ہے۔

❖ بڑھاپا زندگی کی مسرتوں کو کم لیکن زندگی کی ہوس کو زیادہ کردیتا ہے۔

❖ آپ خود کو دیانت دار بنانے کے بعد یقین کرلیں کہ دنیا میں ایک بے ایمان کی کمی ہوگئی ہے۔

ساجدہ رحمت...... نصیرہ کھاریاں

سچے موتی

❖ قبرستان ایسے لوگوں سے بھرا پڑا ہے جو یہ سمجھتے تھے کہ ان کے بغیر یہ دنیا اجڑ جائے گی۔

❖ انسانیت نور کا دریا ہے، جو ازل کی وادیوں سے نکل کر ابد کی راہوں میں بہتا ہے۔

❖ لطیف روحیں مجلس میں لطافت پیدا کرتی ہیں اور کثیف روحیں کثافت۔

❖ یہ ایام تمہاری زندگی کے صفحات ہیں ان کو اچھے اعمال سے زینت بخشو۔

❖ توبہ جب منظور ہوتی ہے تو یاد گناہ بھی ختم ہوجاتی ہے۔

❖ دس قصوروار چھوڑ دو مگر ایک بے قصور کو سزا نہ دو۔

صباحت صباح...... چناری ہٹیاں بالا

زندگی

یہ جواب تیرے میرے
درمیاں
دوری ہے
زندگی ادھوری ہے

سباس گل...... رحیم یار خان

ایک نظر ادھر بھی

❖ ایمان یہ نہیں کہ اللہ دے گا بلکہ ایمان یہ ہے کہ اللہ یقیناً دے گا۔

❖ وہ گناہ جس کا تمہیں رنج ہو، ایسی نیکی سے بہتر ہے جس سے تم میں غرور پیدا ہوجائے۔

❖ آنکھوں دیکھا جھوٹ نہیں ہوتا مگر کبھی کبھار مفہوم وہ نہیں ہوتا جو عقل سمجھتی ہے۔

❖ دنیا تمہیں اس وقت تک نہیں ہرا سکتی، جب تک تم خود نہ ہار جاؤ۔

❖ کسی کے خوابوں پہ کبھی مت ہنسیں کیونکہ جو لوگ

www.pdfbooksfree.pk

خواب نہیں رکھتے ان کے پاس کچھ نہیں ہوتا۔

❖ عبادت اس مقام پر نہیں پہنچا سکتی جہاں غریب کی خدمت پہنچاتی ہے۔

❖ مصائب گناہوں کا نتیجہ ہوتے ہیں اور گناہ گار کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ مصیبتوں کے نزول پہ واویلا کرے۔

❖ اپنا غم کسی دوسرے کو مت سناؤ کیونکہ اس سے دشمن خوش، دوست پریشان اور اللہ تعالیٰ ناراض ہوتا ہے۔

سلمٰی ملک......قادر پوراں

## اقوال

علامہ جلال الدین سیوطی کے مطابق سات چیزیں انسان کو ذلیل کردیتی ہیں۔

❖ کسی دعوت میں بن بلائے جانا۔

❖ کسی مجلس میں اپنے مرتبے سے بالاتر بیٹھنا۔

❖ مہمان بن کر میزبان پر حکم چلانا۔

❖ دوسروں کی باتوں میں دخل دینا۔

❖ ان لوگوں سے خطاب کرنا جو سننا نہ چاہتے ہو۔

❖ بدچلن سے دوستی کرنا۔

❖ سنگ دل، حریص دولت مند سے مدد مانگنا۔

فضہ یونس......فیصل آباد

## انتہا

کاہلی کی کوئی انتہا نہیں ہوتی، ایک صاحب ایک درخت کی سب سے اونچی شاخ پر بیٹھے تھے اور ان کا حلیہ بہت خراب تھا نیچے سے گزرتے ہوئے ایک صاحب نے انہیں دیکھ کر رکتے ہوئے ذرا تجسس سے پوچھا۔

"بھائی صاحب! آپ کب سے اس درخت پر بیٹھے ہوئے ہیں۔"

درخت پر بیٹھے ہوئے صاحب اپنے لمبے جھاڑ جھنکاڑ بالوں میں انگلیاں پھیرتے ہوئے بولے

"کچھ ٹھیک طرح یاد نہیں شاید میں غلطی سے زمین میں دبے ہوئے اس درخت کے بیج پر بیٹھ گیا تھا۔"

رمشا نور......کراچی

## باتیں یاد رکھنے کی

♥ انسان ایک دکان ہے اور زبان اس کا تالا ہے جب تالا کھلتا ہے تو پتا چلتا ہے کہ دکان سونے کی ہے یا کوئلہ کی۔

♥ تکبر کو توڑنا چاہتے ہو تو غریب مفلس لوگوں کو سلام کرو۔

♥ چہرہ پڑھنا سب سے مفید اور دلچسپ مشغلہ ہے۔

♥ یادیں حنا کی مانند ہیں جو سوکھ جانے کے بعد رنگ لاتی ہے۔

♥ خوش کلامی صدقہ جاریہ ہے۔

♥ سچ کبھی جھوٹ سے شکست نہیں کھاتا۔

♥ حیا اور پردہ وقار میں اضافہ کرتا ہے۔

پروین افضل شاہین......بہاولنگر

## میری ڈائری سے ایک ورق

میرا ایمان ہے کہ ہر شخص کے نیک اور بد ہونے کا انحصار اس بات پر ہے کہ وہ اپنے ربّ سے کتنا قریب ہے اگر وہ اپنے ربّ سے محبت رکھتا ہے اور اس کو بھی اپنے ربّ کی محبت حاصل ہے تو وہ نیک شخص ہے اور اگر ایسا نہیں ہے تو معاملہ نیکی کے برعکس ہے۔

ہم انسان کسی دوسرے انسان کے بارے میں اندازہ کیسے لگا سکتے ہیں جب کہ نیکی اور ربّ کے ساتھ تعلق تو دلوں کے معاملات ہیں اور ہم نے کسی کا دل تو نہیں دیکھ رکھا تو ہم کیسے کہہ سکتے ہیں کہ کوئی کتنا نیک ہے اور کتنا برائی کی طرف مائل ہے، ہم اکثر سنی سنائی پر یقین رکھتے ہیں جب کہ کبھی کبھار تو آنکھوں دیکھا اور کانوں سنا بھی سچ نہیں ہوتا۔

تو ایسے میں ہمارے اندر کی اچھائی کا تقاضا ہے کہ ہم سب کو ہی اچھا جانیں، سب کی شخصیت کے روشن پہلو دیکھیں۔ تاریک پہلوؤں کو نظر انداز کرنا اور دوسروں کا پردہ رکھ لینا ہی اچھائی کا تقاضا ہے کیونکہ ہمیں تو خود اپنے اچھا ہونے کی ضرورت ہے۔ دوسروں کے تمام اعمال سے ہمارا کیا لینا دینا۔



عتیقہ احمد......منڈی بہاؤالدین

## مہکتی کرنیں

محبت حاصل کرنا ہر کسی کے لیے ممکن نہیں لیکن محبت پھیلانا ہر ایک کے لیے ممکن ہے۔

سناٹا جب روح کی گہرائیوں میں اتر جائے تو رونقیں متاثر نہیں کرتیں۔

زندگی میں دو باتیں انتہائی تکلیف دہ ہوتی ہیں ایک جس کی خواہش کی ہو اس کا نہ ملنا اور دوسرا جس کی خواہش نہ کی ہو اس کا مل جانا۔

زندگی ہمیں وہ کچھ کرنے پر مجبور کردیتی ہے جس کا کبھی تصور بھی کیا نہیں ہوتا۔

صنم ناز......گوجرانوالہ

## فکرِ اعمال

ایک حاجت مند حضرت عثمان غنیؓ کے دروازے پر غروب آفتاب کے بعد آیا ابھی اس نے دستک نہ دی تھی کہ حضرت عثمان غنیؓ کی آواز اس کے کانوں میں پڑی۔ وہ اپنی اہلیہ سے شکایت کررہے تھے کہ "چراغ کی بتی موٹی ہے جو تیل زیادہ استعمال کرنے کا سبب بن رہی ہے۔" حاجت مند نے جو سنا تو وہ سوچتا ہی رہ گیا کہ وہ ایسے شخص سے حاجت براری کی کیا توقع کرے، جو تیل کے معمول سے زیادہ خرچ پر اپنی بیوی کو سرزنش کررہا ہے۔ اس نے ارادہ کیا کہ حاجت بیان کر دیکھوں شاید میری کچھ امداد کردیں۔ دستک سن کر حضرت عثمان غنیؓ باہر آئے حاجت مند نے اپنی حاجت بیان کی اور لہجے میں زیادہ زور دیتے ہوئے کہا کہ "ضرورت کچھ زیادہ ہی ہے اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سفارش لایا ہوں۔" حضرت عثمان غنیؓ نے اس شخص کا ہاتھ تھاما، بستی سے باہر لے گئے۔ جہاں آپ کا سامانِ تجارت بڑی تعداد میں رکھا ہوا تھا فرمایا: "یہ سب تیری نذر ہے، کیا اس سے تمہاری ضرورت پوری ہوجائے گی؟" وہ شخص حیران، ہکابکا دیکھتا رہ گیا چنانچہ اس نے عرض کیا: "حضرت یہ سب کچھ میری ضرورت سے زیادہ ہے۔" امیر المومنین نے فرمایا: "مجھے خوشی ہے کہ یہ تمہاری ضرورت سے کم نہیں۔" اس شخص نے کہا: "اے حضرت! ایک بات بتایئے چراغ کی بتی قدرے موٹی ہوجانے پر آپ اپنی زوجہ محترمہ کو سرزنش کررہے تھے حالانکہ چراغ اس قدر روشنی رکھنے میں شاید صرف ایک پیسے کا تیل استعمال ہوتا، وہ تو آپ کو گوارہ نہ ہوا اور یہاں ہزاروں کا سامان مجھے بلا تامل دے رہے ہیں؟" تب آپؓ نے فرمایا: "بھائی چراغ میں تیل کا زیادہ اصراف ہے اور زیادہ اسراف اللہ کو پسند نہیں اور مجھے اللہ کے حضور اپنے اعمال کی فکر رہتی ہے، یہاں مجھے فکرِ اعمال لاحق ہے اس لیے میں نے سرزنش کی۔ سامان تمہیں اللہ کی خوشنودی کے لیے صدقہ دیا ہے اس پر اجر کی امید ہے اور وہاں پر حساب کا خوف ہے۔"

عروسہ شہوار......کالا گوجراں

## کچھ باتیں ہیں پُراثر

❖ اپنی زبان کی تیزی کو اس ماں پر مت آزماؤ جس نے تمہیں بولنا سکھایا۔

❖ ہم نے سمندر میں مچھلی کی طرح تیرنا اور ہواؤں میں پرندوں کی طرح اڑنا تو سیکھ لیا لیکن آج تک ہمیں زمین پر انسانوں کی طرح رہنا نہیں آیا۔

❖ ٹانگوں کی واضح لڑکھڑاہٹ بھی کسی کو دکھائی نہ دے تو جی چاہتا ہے کہ وہیں گر جائیں کیا فائدہ چلتے اور چلتے ہی جانے کا۔

ندا مہرین......کراچی

## اچھی باتیں

❖ آپ کیا سمجھتے ہیں کہ جو شخص آپ کی چھوٹی چھوٹی بے اعتنائیوں اور ناانصافیوں پر خاموش رہتا ہے وہ یہ باتیں محسوس نہیں کرتا بلکہ حقیقت یہ ہے کہ وہ ہی یہ باتیں سب سے زیادہ محسوس کرتا ہے۔

❖ کسی سے اتنی توقعات وابستہ مت کیجیے کہ توقعات ٹوٹیں تو آپ خود بھی ساتھ ٹوٹ جائیں۔

سمیرا غزل......کراچی

yaadgar@aanchal.com.pk

www.pdfbooksfree.pk

# آئینہ

شہلا عامر

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! ابتدا ہے اس پروردگار کے پاک نام سے جو وحدہ لاشریک ہے۔ تاریخ کے اوراق پلٹ کر دیکھیں تو پتا چلتا ہے کہ اسی ماہ مارچ کی 30 تاریخ کو قرارداد پاکستان منظور ہوئی اور بہت جلد اقبال کا خواب شرمندۂ تعبیر بھی ہوگیا۔ آج حصول پاکستان کو نصف صدی سے زائد عرصہ گزر چکا ہے لیکن اس کے باوجود ہم ان مقاصد سے دور ہیں جن کے نام پر پاکستان حاصل کیا گیا تھا۔

**فوزیہ سلطانہ...... تونسہ شریف۔** السلام علیکم! قارئین محترم مزاج بخیر اس بار تو ہمیں آنچل 25 تاریخ کو ہی ملا بھائی کے ہاتھ میں آنچل پا کر مانو دل میں ٹھنڈک دتازگی اتر گئی۔ ٹائٹل گرل اچھی تھی۔ اس بار ٹائٹل پسند آیا دھک دھک کرتے دل کے ساتھ آنچل کھولا "ہمارا آنچل" میں حمیرا عروش کا تعارف اچھا لگا کیونکہ میری اپنی عادتیں جو ملتی ہیں۔ عروش فرینڈ شپ کروگی؟ اور مختصر تعارف میں "مریم زید" نے بیسٹ لکھا۔ اتنی کم عمر اور لکھا ایسے جیسے ایف اے کی اسٹوڈنٹ ہو آنچل کی اس بار کہانیوں نے بہت متاثر کیا۔ "ٹوٹا ہوا تارہ" اوہو سمیرا جی یہ تو زیادتی ہے۔ بے چاری شہوار کے ساتھ اب جلد از جلد اس کی مصطفیٰ سے شادی کروا دیجیے تاکہ ایاز اسے نقصان نہ پہنچا سکے اور اچھا ہی ہے عادلہ کی ڈائیورس ہوجائے کم سے کم شہوار کی تو جان چھوٹے گی اور پلیز انا کو بھی ولید سے الگ نہ کرنا اور روشی کی اصلیت بھی جلدی کھولیے کہیں یہ شہوار کی سسٹر تو نہیں اور کہیں ٹوٹا ہوا تارہ روشی تو نہیں۔ اس بار "جھیل، کنارہ، کنکر" نہ دیکھ کر شدید غصہ آیا۔ اللہ انہیں صحت وتندرستی دے۔ "بھیگی پلکوں پر" بیسٹ اسٹوری ہے۔ ماہ رخ کے ساتھ بہت برا ہوا۔ ویسے میرے خیال سے پری شیری کو ڈیزرو کرتی ہے کیونکہ طغرل کو اس سے شدید قسم کی محبت تو ہے نہیں۔ جبکہ شیری تو مرا جارہا ہے عادلہ کے لیے بھی میری بیسٹ وشز ہیں۔ اتنی پیاری لڑکی کو بس تھوڑی سی عقل ہی آجائے۔ "اور کچھ خواب" کا اینڈ بڑا ہی رومینٹک تھا۔ مبارک باد قبول ہو عشنا آپی میری طرف سے۔ "تم میری کون ہو" رشک حبیبہ آپ کی ذہانت پر بڑا ہی رشک آیا۔ بیلا اور ابدال کی جوڑی تو بہترین تھی ہی مگر ابدال اور نگارش کا کردار بہت پسند آیا۔ "مرحلے راہ زیست کے" بینا عالیہ میرے خیال میں حیا کے ساتھ زیادتی ہوگئی۔ "مجھے ہے حکم اذاں" ام مریم کی زبردست کہانی ہے میرے خیال سے نندنی نے عباس حیدر کو دیکھ رکھا ہے اور میرا فیورٹ کردار ہے۔ عباس کی عریشہ سے تو ہرگز شادی نہ ہو۔ "کاجل بکھر گیا" حنا عندلیب تمہاری اداس کہانی پڑھ کر واقعی میرا کاجل بکھر گیا۔ عاکش کا مرنا لازمی تھا تو کم از کم خودکشی جیسی حرام موت تو نہ مرتا۔ بہت ہی دکھی ہوگئی میں یہ کہانی پڑھ کر۔ "اعتبار کا موسم" بھی گڈ اسٹوری تھی۔ "وجود زن" تو کمال کی کہانی تھی۔ مستقل سلسلے بھی سب اچھے تھے۔ "بیاض دل" اور "یادگار لمحے" میں میرا انتخاب نہ تھا۔ منہ بن گیا۔ ویسے "یادگار لمحے" میں فاطمہ عاشی اور صباحت کا انتخاب بیسٹ تھا اور پھر ہم "آئینہ" پر آئے۔ مگر چاروں صفحات کھنگالے اپنا تبصرہ نہ ملا۔ ویسے تبصرہ تو مجھے امبر اختر بخاری کا ہی پسند آیا۔ آگے "دوست کا پیغام آئے" اپنا پیغام نہ پاکر تو ہم نے ڈائجسٹ بند کردیا مایوس ہوکر لیکن پھر سوچا ارے مایوسی تو کفر ہے۔ کیا پتا "ہم سے پوچھیے" میں شمائلہ نانو نے ہمیں جگہ دی ہو۔ کانپتے ہاتھوں کے ساتھ ہم نے پوچھیے کھولا تو شمائلہ نانو نے بھی نو لفٹ کا بورڈ دکھا دیا پھر ہم نے سوچا اس بار لانگ تبصرہ بھیجیں گے او کے فرینڈ بائے ٹاٹا۔

**پرنسس امیمہ رباح...... ٹی جی خان۔** آنچل اسٹاف ریڈرز اور رائٹرز کو سلام۔ سب سے پہلے عشناء کوثر سردار کو ناول کے اینڈ پر بہت بہت مبارک باد۔ تھینکس عشناء جی! سچ بتاؤں اسٹارٹ میں اس ناول نے مجھے جی بھر کے بور کیا لیکن پھر اتنا اچھا لگا کیا بتاؤں آخری قسط مزے کی تھی۔ پارسا چوہدری، انابیہ بیگ اور انائیا ملک ہمیشہ یاد رہیں گی۔ "بھیگی پلکوں پر" پری فیورٹ کریکٹر ہے۔ یہ ناول مجھے پری اور ماہ رخ کی وجہ سے بہت پسند ہے۔ ٹاپ پہ جارہی ہے یہ اسٹوری، ٹوٹا ہوا تارہ ابھی شروع میں ہے کچھ کہہ نہیں سکتے۔ آئی تو سمیرا شریف کا یہ ناول بھی ایک دم فرسٹ کلاس ہوگا۔ "بیاض دل" میں سباس گل، صنم ناز مہرو مخلص کے شعر پسند آئے "یادگار لمحے" میں مسکان رؤف اور رمشا عظمت کا انتخاب اچھا لگا اور جی مریم زید ڈیئر آپ ہمیں آپیوں میں شامل مت کرنا او کے وہ کیا ہے کہ ہمیں آپی باجی کے بجائے اپنا نام ہی بڑا اچھا لگتا ہے۔ بھلے ہم آپ سے بڑے ہیں لیکن ہم چھوٹوں بڑوں سب کے لیے امیمہ رباح ہیں۔ گڈ گرل بہت اچھا لگا آپ کا تعارف۔ عذرا خان پتا ہے آپ سے مل کر خوشی ہوئی کیونکہ آپ میں بناوٹ بالکل نہیں جیسی تھیں ویسی ہی لکھا خود کو چاہے کوئی عادت اچھی تھی یا بری۔ حمیرا عروش آپ کے لیے دل اداس ہوا آپ کی مما کی وجہ سے (میرے بھی بابا نہیں ہے) خوش رہیں ہمیشہ۔ شاہ زندگی زندہ دل لگیں ہمیں۔ ایسا ہی ہے نا۔ فاطمہ شہزادی اور انیس انجم دونوں ہی گڈ گرل آپ دونوں سے مل کر خوشی ہوئی۔ میری بہن "سحر" زاہدہ ملک اور عافیہ چوہدری کو پیارا سا سلام۔ خانیلہ خان آپ مجھ سے رابطہ کرو پھر بتاؤں گی آپ کو اللہ آنچل کو مزید ترقی دے آمین۔

**امینہ رؤف، مصباح مسکان رؤف...... جہلم۔** السلام علیکم! سب قارئین اور تمام رائٹرز کو میری طرف سے السلام علیکم! فروری کا آنچل ہاتھ آیا تو جلدی سے صفحات پلٹتے ہوئے ہم نے "اور کچھ خواب" کی تلاش شروع کی۔ صفحے کے آخر میں "ختم شد" دیکھ کر خوشی ہوئی۔ بالآخر عشناء جی کی کہانی اختتام پذیر ہو ہی گئی۔ اینڈ اچھا ہوا۔ معارج خوامخواہ ہی پورے ناول میں بے چاری انائیا کو تنگ کرتا رہا اور دامیان بھی انابیہ کو ستاتا رہا۔ شکر ہے اینڈ میں سب سیٹ ہوگیا اور پری بھی عدن کی ہوگئی۔ "جھیل کنارہ کنکر" نہ پاکر اور نازیہ کنول نازی کی ناسازئ طبیعت کا پڑھ کر بہت دکھ ہوا۔ اللہ انہیں جلد از جلد شفا کاملہ عطا فرمائے۔ رشک حبیبہ کا ناول "تم میری کون ہو" اچھا لگا۔ اس کے علاوہ باقی کہانیاں بھی اچھی تھیں۔ "حنا عندلیب کا ناولٹ "کاجل بکھر گیا" پڑھ کر کافی الجھن ہوئی۔ یاسمین نے تو بہت غلط کیا مگر پھر سب نے اسے معاف کرکے بہت اچھا کیا۔ "مرحلے راہ زیست کے" بینا عالیہ کی تحریر اچھی تھی مگر اختتام میں میجر حسین کی موت نے افسردہ کردیا۔ بے چاری حیا اکیلی رہ گئی۔ مگر زندگی کی حقیقتیں تو تلخ ہی ہوتی ہیں ناہر کسی کو خوشیاں تو نہیں ملتیں۔ "اعتبار کا موسم" ناول بھی اچھا لگا۔ آپ نے ہمارے ابو جی کی غزل "پردیس" شامل اشاعت کی جو انہوں نے لندن میں لکھی اور پھر ہمیں بھیجی تھی۔ ہمیں پڑھ کر بہت خوشی ہوئی۔ ہم آپ کے بہت ممنون ومشکور ہیں۔ ہم ڈش مقابلہ میں شمولیت کے خواہش مند ہیں۔ ایک بار پہلے بھی ریسپی بھیجی تھی مگر اس بار امید ہے موقع ضرور دیں گے۔ تمام اشعار



بھی اچھے لگے۔ مدیحہ نورین، ہنی فاطمہ، انعم خان، صدف سلیمان، سیدہ امبر اختر بخاری کا انتخاب بہت پسند آیا۔ ویری نائس سسٹرز۔ اچھا جی اب اجازت دیجیے زندگی رہی، حالات نے موقع دیا اور وقت نے ساتھ نبھایا، سانسوں نے وفا کی، قلم نے ساتھ دیا تو ان شاء اللہ دوبارہ ملیں گے اللہ حافظ۔

**منزہ حیدر...... کوٹ قیصرانی۔** ڈھیر ساری دعاؤں اور سلام کے ساتھ آپی جی اس بار پھر حاضر ہیں آپ کی محفل میں۔ شمع مسکان آپ تو ہمیں بھول ہی گئیں۔ چلو کوئی بات نہیں ہم خود ہی اپنی یاد دلا دیتے ہیں۔ جی تو شمع کیسی ہیں آپ۔ جی تو شمع مسکان وہ یہ کہ اگر ہم سے فون پر رابطہ کریں گی تو ہمیں بے حد خوشی ہوگی۔ ہم آپ کے جواب کا انتظار فرمائیں گے۔ او جی ہماری پالی پالی مہک باجی (سباس گل) کیسی ہیں آپ۔ دل مہک باجی آپ بہت اچھی ہیں اور جلدی سے کوئی اچھی سی تحریر لکھیں۔ اب ذرا آنچل پر تبصرہ کرتی ہیں ارے ارے یہ کیا اس بار جھیل کنارہ کنکر سرے سے ہی غائب اوہ تو یار نازیہ آپی کی ناساز طبیعت کا سن کر بہت دکھ ہوا او جی بس اب جلدی جلدی ٹھیک ہوجائیں۔ مکمل ناول تم میری کون ہو، ہے جی ہمارے پاس تو الفاظ ہی نہیں تعریف کرنے کے لیے ویلڈن رشک حبیبہ جی۔ سمیرا شریف طور ٹوٹا ہوا تارہ کی تو بات ہی کچھ اور ہے اوہ خدایہ کیا ہوگیا اب پتا نہیں شہوار کے ساتھ ایاز جیسا گھٹیا انسان کیا ری ایکٹ کرے گا۔ شہوار نے بہت اچھا کیا ویسے ایسے انسانوں کے ساتھ اس طرح ہی پیش آنا چاہیے اور پلیز پلیز مصطفیٰ اور شہوار کی ہی جوڑی بنائیے گا۔ بیچ میں کوئی نہیں آنا چاہیے ورنہ ورنہ...... ہاہاہا۔ میں بھلا کیا کرسکتی ہوں دوسرا روشی میں شہوار کو کس کا چہرہ نظر آیا ہوگا آئی تھنک تابندہ جی کا اب بہتر تو سمیرا آپی ہی جانتی ہیں۔ واہ جی زبردست جی ویری نائس "مرحلے راہ زیست کے" بینا عالیہ جی حسن کی موت پر دکھ ہوا پر جی فاطمہ اور حسین کی زندگی سنور جانے پر بہت خوشی ہوئی۔ جی تو اپنا موسٹ فیورٹ سلسلہ غزلیں اور نظمیں میں اس ماہ راشد ترین، شمیس احمد، سمیرا غزل، ثانیہ مغل، واہ جی زبردست آپ کی غزلیں نظمیں دل کو لگی۔ اللہ تعالیٰ آپ سب کو ڈھیر ساری خوشیاں دے۔ آپی جی باقی کا آنچل پڑھا نہیں بٹ آئی ہوپ کہ ہمیشہ کی طرح پورے کا پورا آنچل بیسٹ ہی ہوگا۔ آنچل کی تعریف میں کیا لکھوں شہلا آپی جی قلم ساتھ ہی نہیں دیتا جس طرح یہ زینہ بہ زینہ کامیابی کی منازل طے کررہا ہے میری دعا ہے کہ اللہ پاک اس کو اور ترقی عطا فرمائے آمین۔ اب اجازت زندگی نے وفا کی تو اگلے ماہ ضرور حاضر ہوجائیں گے آپ کی محفل میں شہلا آپی جی دعاؤں میں یاد رکھیے گا۔

**کائنات عابد...... فیصل آباد۔** السلام علیکم! شہلا آپی کیسی ہو آپ؟ یقیناً فٹ فاٹ ہوں گی ہے نا۔ میں بھی بالکل ٹھیک ہوں۔ بہت ماہ بعد آپ کی محفل میں حاضر ہوئی ہوں۔ تھوڑی جگہ عنایت کردیجیے گا۔ اب بات ہوجائے آنچل کی تو آنچل ہمیشہ کی طرح لاجواب تھا۔ نازی آپی کو نہ پاکر افسوس ہوا۔ سمیرا آپی کی اسٹوری بہت زبردست چل رہی ہے۔ ایاز جیسے لوگ خود کو نجانے کیا سمجھ لیتے ہیں۔ مجھے زہر لگتے ہیں ایسے لوگ اور سمیرا آپی کا تعارف تو نہایت زبردست تھا بہت کچھ پتا چلا ان کے بارے میں۔ رشک حبیبہ کا ناول بہت اچھا لگا۔ بیلا کا کردار پسند آیا۔ اس کے علاوہ باقی ناول اور ناولٹ بھی بہت پسند آئے۔ "مجھے ہے حکم اذاں" کا انتظار رہے گا۔ بہت اچھا ناولٹ ہے۔ عشناء آپی کے ناول کا اینڈ ہیپی ہیپی ہوگیا تھینک گاڈ انابیہ نے اپنی ضد ختم کی اور معارج تعلق کا سرپرائز فنٹاسٹک تھا۔ افسانے بس ٹھیک ہی تھے۔ "یادگار لمحے" اس بار بہت اچھے تھے۔ بہت اچھی باتیں تھیں سچ کہوں تو آپی آنچل نے زندگی کی حقیقت سمجھا دی ہے۔ سیدہ امبر اختر کا تبصرہ پسند آیا آئینہ میں اور شمائلہ آپی کے جوابات سے خاصے لطف اندوز ہوئے ہم اور ہمارا آنچل میں تعارف بھی کے پسند آئے۔ حمیرا عروش، عذرا خان اور مریم زید کیا آپ مجھ ناچیز سے دوستی کریں گی؟ آپی مارچ میں میرے پیپرز ہیں 5 مارچ کو پہلا پیپر ہے 10th کا۔ پلیز آپی دل سے دعا کیجیے گا کہ اللہ تعالیٰ کامیابی وکامرانی کو میرا مقدر بنادے اور آپی سب آنچل پڑھنے والوں سے کہہ دیں کہ میرے لیے دعا کردیں۔ کیونکہ دعاؤں سے تقدیر بدل جاتی ہے اور اس نازک وقت میں مجھے دعاؤں کی اشد ضرورت ہے۔

☆ اچھی کائنات ہم آپ کی کامیابی کے لیے دل سے دعا گو ہیں۔ اللہ آپ کو امتحانات میں کامیابی عطا فرمائے آمین اور تعارف کے امید کا دامن تھامے رکھیے۔

**سیدہ کنزیٰ زین...... منڈی بہاؤالدین۔** شہلا آپی السلام علیکم! کیسی ہیں آپ؟ اور باقی آنچل فیملی کیسی ہے اس ماہ کا آنچل 26 کو مل گیا۔ اس بار سرورق بہت اچھا تھا۔ "سرگوشیاں" اور حمد ونعت سے فیض یاب ہوتے ہوئے آگے بڑھے۔ "ہمارا آنچل" میں حمیرا عروش، شاہ زندگی، ساریہ چوہدری اور انیس انجم سے ملاقات بہت اچھی رہی۔ اس کے علاوہ فاطمہ شہزادی، عذرا خان اور مریم زید سے مل کر بھی بہت اچھا لگا۔ "بہنوں کی عدالت" میں سمیرا شریف طور کا تفصیلی تعارف بہت اچھا لگا۔ پھر سلسلہ وار ناول کی طرف آئی۔ "جھیل، کنارہ، کنکر" کی کمی محسوس ہوئی اور نازی آپی کی خرابی طبیعت کا سن کر بہت افسوس ہوا۔ اب کیسی ہیں نازی آپی؟ "بھیگی پلکوں پر" میں اقرا آپی پلیز طغرل کو جلد واپس لے آئیے گا رخ کو اس کے کیے کی سزا تو ملنی ہی تھی نا۔ "اور کچھ خواب" کا اختتام بے حد شاندار رہا۔ "ٹوٹا ہوا تارہ" سمیرا آپی جی از دی بیسٹ۔ شہوار انا اور ولید کے کردار میرے فیورٹ ہیں۔ ایاز کو تو عبرتناک سزا ملنی چاہیے۔ "تم میری کون ہو" بہت زبردست تھا۔ بیلا کے والدین کا مان جانا بہت اچھا لگا۔ واقعی رشتوں کو توڑ دینے سے اچھا بدل دینا ہوتا ہے "مرحلے راہ زیست کے" ٹاپ آف دی لسٹ تھا۔ بنا کسی سازش کے جو تھا شکر ہے کسی نے کسی سے انتقام لینے کی کوشش نہیں کی۔ اللہ تعالیٰ کسی پر اس کی برداشت سے بڑھ کر بوجھ نہیں ڈالتا۔ "مجھے ہے حکم اذاں" مجھے تو لگتا ہے نندنی کے ذہن ودل پر بھی عباس ہی چھایا ہوا ہے "کاجل بکھر گیا" دھنک اور عاکش کا بہت افسوس ہوا۔ افسانے دونوں ہی بہت اچھے تھے بیاض دل میں ارم کمال، صنم ناز اور چندا شیخ کا انتخاب بہت پسند آیا "یادگار لمحے" سارے ہی بہترین تھے۔ آپی جی تبصرہ بہت لمبا ہوگیا ہے کیونکہ مجھ سے مختصر لکھا نہیں جاتا نا۔ امید ہے شائع ہوجائے گا۔ آپی جی اللہ حافظ خیال رکھیے گا اپنا بھی اور آنچل کا بھی۔

**ثناء یعقوب...... شیخوپورہ شریف۔** السلام علیکم! مجھے یقین ہے کہ آپ سب اپنی زندگی میں خوش ہوں گے اگر کوئی دکھی ہے بھی تو اللہ تعالیٰ اس کے دکھ دور کرے اور اس کی زندگی خوشیوں سے بھر دے آمین۔ "چمن تم سے عبارت ہے" میں شرکت کرنا چاہتی ہوں۔ ایک تخلیق بھی بھیج رہی ہوں اور اقرا صغیر احمد کو میں نے بہت ساری شاباش دینی ہے کیونکہ انہوں نے اپنی کہانی "بھیگی پلکوں پر" کے ذریعے ان لڑکیوں کی آنکھیں کھولی ہیں جو اپنی زندگی میں پیار کو سب کچھ سمجھ لیتی ہیں اور اپنوں کو چھوڑ کر غیروں پر اندھا یقین کرتی ہیں میں نے بہت سی ایسی لڑکیوں کو اپنے اردگرد دیکھا ہے اللہ تعالیٰ ان کو ہدایت دے آمین اور اقرا جی پری اور طغرل کو جلدی ملا دیجیے گا اور سمیرا جی "ٹوٹا ہوا تارہ" بہت ہی اچھی کہانی جارہی ہے۔ ویلڈن اور ہاں شہوار کے ساتھ کچھ برا مت کیجیے

www.pdfbooksfree.pk

گا۔ مصطفیٰ اور شہوار کی جلدی شادی کروادیجیے گا۔ نائس کپل ہے دونوں کا اور ہاں اقرا جی شہوار کچھ زیادہ ہی خوب صورت نہیں بنادی گئی کیا خیال ہے؟ اس کے ساتھ میں اجازت چاہتی ہوں اگر کوئی بات بری لگی ہو تو معافی چاہتی ہوں۔

**سامعہ ملک پرویز...... احاطہ ٹیکسلا۔** مائی ڈیئریسٹ لولی اینڈ کیوٹسٹ شہلا آپی السلام علیکم! امید کرتی ہوں کہ سب خیریت سے ہوں گے۔ آتے ہیں آنچل کے سلسلوں کی جانب تو جناب آنچل کے سبھی سلسلے لاجواب ہیں۔ قسط وار ناولز نے اپنا سحر طاری کیا ہوا ہے۔ شاعری کے اسرار اور رموز سے دل آشنائی کے مراحل طے کرنے میں مصروف عمل ہے۔ باقی سبھی حصے بھی زبردست جارہے ہیں۔ آپی آپ کے نام اپنی شاعری کا مجموعہ ''اثاثہ زیست'' کے نام سے بطور تحفہ بھیج رہی ہوں۔ قبول کیجیے گا اور اپنی سے آگاہ بھی۔ اجازت چاہوں گی اس دعا کے ساتھ رب تعالیٰ سب کا حامی وناصر ہو آمین

☆ ڈیئر سامعہ! آپ کو اپنا پہلا شعری مجموعہ ''اثاثہ زیست'' کتابی شکل میں شائع ہونے پر ڈھیروں مبارک باد۔ آپ نے نہایت ہی خوب صورت انداز میں اپنے دلی جذبات واحساسات کی عکاسی کی ہے۔ کامیابی کے زینے پر پہلا قدم تو آپ نے رکھ دیا ہے ہماری دعا ہے کہ آسمان ادب کے درخشندہ ستاروں میں آپ کا شمار ہو۔

**ساجدہ رحمت...... نصیرہ کھاریاں۔** پیاری شہلا آپی اور پیارے پیارے آنچل کے ستاروں کو پیار بھرا اسلام قبول ہو اس ماہ آنچل 23 تاریخ کو ہی مل گیا تھا۔ بہت خوشی ہوئی لیکن اپنا خط نہ پا کر دل اداس ہوا خیر کوئی بات نہیں جیسے آپ کی مرضی اس دفعہ سرورق کچھ خاص نہیں تھا۔ آگے اپنے پسندیدہ ناول پر گئے تو وہ بھی غائب تھا۔ بہت افسوس ہوا پھر سمیرا جی کو پڑھا ان کا تعارف بہت بہت ہی پسند آیا اور ان کی کہانی ٹوٹا ہوا تارہ بہت بہت ہی خوبصورتی سے آگے بڑھ رہی ہے۔ سمیرا جی اللہ تعالیٰ آپ کو ہمیشہ خوش رکھے اور آپ اسی طرح اچھی اچھی تحریریں آنچل کے لیے لکھتی رہیے آمین۔ مرحلے راہ زیست کے بہت اچھی کہانی تھی۔ بینا عالیہ کو مبارک باد اچھا لکھا آپ نے اعتبار کا موسم بھی بہت خوب تھی۔ سویرا فلک کو بھی مبارک باد۔ کاجل بکھر گیا پڑھ کر تو آنکھوں میں آنسو آگئے کوئی اتنا بھی ظلم کرسکتا ہے۔ حنا عندلیب جی بہت خوب آپ نے بہت دکھی کردیا۔ اللہ آپ کے قلم میں ترقی دے آمین۔ وجود زن بھی بہت خوب صورت کاوش تھی۔ عورت کی ہمت کو سلام پیش کرتے ہیں کوئی مرد کبھی بھی اتنی ہمت اور برداشت نہیں رکھتا' ثمن بلوچ ہمیشہ خوش رہیں۔ بیوٹی گائیڈ کے مشورے بہت اچھے تھے۔ مہر ومخلص کا شعر بہت اچھا تھا۔ یادگار لمحے میں درخشاں کی کاوش اچھی لگی کام کی باتیں اس دفعہ بہت اچھی تھی۔ شہد کے فائدے پتا چلے باقی سب کچھ بہت اچھا تھا۔ اللہ سے دعا ہے کہ آنچل اسی طرح ترقی کرتا رہے اور خوب سے خوب تر ہوتا رہے آمین

**عمارہ انمول...... جہلم۔** السلام علیکم! تمام قارئین اور اسٹاف کو دو ماہ کی غیر حاضری کے بعد آمد کیسی لگی۔ تعارف سارہ یہ چوہدری اور شاہ زندگی کا پسند آیا ہم تو جھیل کنارہ کنکر کی قسط پڑھنے کے لیے بے صبری سے انتظار کررہے تھے نازی آپی آپ کے بغیر آنچل بہت ادھورا ہے آئی ریئلی مس یو اور ہم عشناء کوثر سردار کو ناول کا بہت اچھا اینڈ کرنے پر بہت بہت مبارک باد دیتے ہیں۔ باقی دونوں سلسلہ وار ناول اچھے تھے۔ آپی سمیرا آپ کی تو کیا ہی بات ہے اور تم میری کون ہو بہت پسند آیا۔ شاعری سب کی ہی اچھی تھی اور ان میں فرح ناز کا نام دیکھ کر کافی خوشی ہوئی وہ میری دوست بھی ہے او کے اللہ حافظ۔ اگر آپ نہیں تو آئندہ بھی شرکت کروں گی۔ شکریہ

☆ اچھی عمارہ' دو ماہ بعد آمد پر خوش آمدید اور اب باقاعدگی سے شرکت کرتی رہیے گا۔

**نادیہ یاسین...... ساہیوال۔** السلام علیکم! شہلا آپی اور تمام اسٹاف کے ساتھ ساتھ تمام پڑھنے والوں کو سلام قبول۔ فروری کا شمارہ 27 تاریخ کو ملا اپنا نام کسی بھی کالم میں نہ پا کر بہت خوشی ہوئی اور ہوتی بھی کیوں نہ کیونکہ ایک ماہ تو ردی کی ٹوکری نے میرے خط کا ٹیسٹ چیک کرنے کے لیے اپنا نوالہ بنایا تو دوسری دفعہ ڈاک خانے والوں کی نظر عنایت ہم پر ٹھہری اتنا پسند آئے کہ آگے جانے ہی نہیں دیا۔ تو یہ اعزاز ہوا نا نادیہ کے لیے (ہاہاہا) خیر آپ سمجھ دار ہیں جان گئے ہوں گے میری خوشی۔ خالہ جان سے سرگوشیاں کرتے آگے بڑھے اور حمد اور نعت پڑھی بہت اچھی تھیں فرینڈز نے خوب لکھا۔ حمیرا عروش زبردست یار شاہ زندگی آپ دوستی کرو گی مجھ سے؟ سارہ یہ یار تھوڑا تفصیل سے لکھتی۔ نئی نئی دوستی تھی مجھے بہت کچھ جاننا تھا خیر پھر سہی۔ انیس انجم بریانی' خانہ کعبہ اور گنبد خضریٰ والا شوق ہمارا ایک جیسا ہی ہے۔ اللہ پورا کرے آمین۔ سمیرا شریف طور کو جتنا پڑھا اچھا پایا۔ ام مریم کے ناولٹ پر تبصرہ محفوظ۔ بھیگی پلکوں پر زبردست جارہا ہے۔ پلیز اقرا آپی پری اور طغرل کا کپل ہی ہو۔ بگڑی عادتوں والے شیری کو یا تو ٹھیک کریں نہیں تو چلتا کریں۔ ماہ رخ کی سزا شاید یہی ہونی چاہیے۔ رشک حبیبہ اچھا لکھا اور کچھ خواب کا اینڈ اچھا ہوا کیا حقیقی زندگی میں سب اتنا اچھا ہوجاتا ہے؟ بہت اچھا عشناء جی ویلڈن۔ بینا عالیہ کا ناول بھی اچھا تھا۔ کیا احساسات اتنی جلدی بدل سکتے ہیں؟ مصطفیٰ کا کیا حال ہوگا سمیرا شریف طور نے بہت اچھا لکھا۔ مجھے انا' شہوار' ولید چاروں کردار پسند ہیں۔ شہوار کے لمبے بال تو میرے دل پر آرے چلا گئے۔ (ہاہاہا)۔ سویرا فلک حنا عندلیب نے بھی اچھا لکھا۔ ثمن بلوچ کاش تمام مرد عورت کے مقام کو پہچان جائیں۔ صنم ناز اور ظل ہما کیسی ہیں آپ؟ پلیز تمام دوستوں سے ریکویسٹ ہے کہ میرے اور میری دوستوں یعنی اینجلز گروپ کے حفظ کے لیے بہت بہت دعا کیجیے گا۔ ہمیں سخت ضرورت ہے آپ کی دعاؤں کی پھر ملیں گے۔ بشرط زندگی بفضل دعا۔ اللہ حافظ

**صباحت مرزا...... گجرات۔** السلام علیکم! آنچل اسٹاف قارئین اور رائٹرز کو خلوص بھرا اسلام۔ شہلا آپی کیسی ہیں آپ؟ سدا ہنستی مسکراتی رہیں پھولوں کی طرح۔ ٹائٹل پسند نہیں آیا۔ سرگوشیاں سن کر حمد ونعت سے مستفید ہوئے مشتاق انکل کا دانش کدہ پڑھ کر معلومات میں اضافہ کرنے کے بعد سمیرا آپی سے ملاقات کی۔ مگر یہ کیا باقی آئندہ سارا مزہ کرکرا ہوگیا۔ تعارف سب کے اچھے تھے۔ نازیہ آپی کا ناول نہ دیکھ کر بہت مایوسی ہوئی۔ اب ایک ماہ مزید انتظار۔ اتنا زبردست ناول ہے کہ ایک ماہ کا انتظار ہی مشکل ہوتا ہے۔ آپی اللہ تعالیٰ آپ کو صحت وتندرستی اور خوشیاں عطا فرمائے آمین۔ آپی اس کا جلدی سے اینڈ کردیں کیونکہ پیپر میں پڑھنا تھوڑا مشکل ہوگا اور اتنا صبر ہم میں نہیں کہ پیپرز ختم ہونے کا انتظار کریں یہ پڑھنے کے لیے۔ عشنا آپی نے بھی اینڈ اچھا کیا آخر کار سب کی ناؤ پار لگ گئی اور ان کے خواب پورے ہوگئے۔ اللہ تعالیٰ مزید کامیابیاں دے آمین۔ ''ٹوٹا ہوا تارہ'' کے کیا کہنے۔ ''بھیگی پلکوں پر'' بھی اچھا جارہا ہے مگر تھوڑ سست ہے۔ پلیز پری اور طغرل کو جدا مت کیجیے گا۔ رشک حبیبہ کا ناول کمال کا تھا۔ ہمارے معاشرے میں اکثریت کی سوچ یہی ہے کہ لوگ کیا کہیں



گے؟ بہت سے کام ایسے ہوتے ہیں جو ٹھیک بھی ہوتے ہیں لیکن ہم چاہنے کے باوجود اس لیے نہیں کرتے کہ ہمارے اردگرد لوگوں کا ردعمل کیا ہوگا؟ یادگار لمحے میں سب کا انتخاب اعلیٰ تھا۔ ناول' ناولٹ اور افسانے سب ہی لاجواب تھے۔ عفت سحر طاہر سے بھی مکمل ناول لکھوائیں۔ سارہ یہ چوہدری آپ نے مجھے دوستی کے قابل سمجھا بہت شکریہ۔ آپ کی دوستی مجھے قبول ہے کیونکہ اچھی دوست تو اللہ کی طرف سے تحفہ ہے۔ آپ کی یہ بات کہ عورت ہی عورت کی دشمن ہے اس سے میں کسی حد تک اتفاق کرتی ہوں۔ میں نے بہت سی ایسی عورتیں دیکھی ہیں جو کہ ایک دوسرے کی بہت خیر خواہ ہیں لیکن اس کے ساتھ ہی یہ بھی دیکھا ہے کہ عورت عورت کی سب سے بڑی دشمن ہے۔ میرے خیال میں یہ عورت کی فطرت پر انحصار کرتا ہے۔ اس کی سب سے بڑی وجہ حسد ہے اور برداشت کی عدم موجودگی۔ اللہ تعالیٰ آنچل کو ترقی دے اور پاکستان کو دشمنوں سے بچائے آمین۔ اچھے برے وقت میں سدا خوش رہیں لیکن اپنی خوشیوں میں ان لوگوں کا بھی خیال رکھیں جنہوں نے آپ کا ساتھ دیا۔ ہر حال میں اللہ کا شکر ادا کریں اور پرامید رہیں۔ اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے گا۔ فی امان اللہ

☆ ڈیئر صباحت آپ کا تفصیلی تبصرہ پڑھ کر اچھا لگا دعاؤں کے لیے جزاک اللہ۔

**یاسمین کنول...... پسرور۔** السلام علیکم! محترمہ قیصر آرا صاحبہ سدا خوش رہیں۔ سرورق کے رنگ دلنشین تھے اچھے لگے تاہم ماڈل اداس لگی۔ سمیرا شریف بہنوں کی عدالت میں اچھی لگیں۔ نازیہ کنول نازی کی علالت کا پڑھ کر تشویش ہوئی اللہ تعالیٰ انہیں صحت کاملہ سے نوازے آمین ثم آمین۔ افسانوں میں اعتبار کا موسم اور باقی تحریروں میں ''تم میری کون ہو'' اچھی لگی۔ اللہ تعالیٰ آنچل کو دن دگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے آمین۔

**سمیرا مشتاق ملک...... اسلام آباد۔** السلام علیکم! آنچل کے تمام قارئین کو میری طرف سے سلام۔ ہمیشہ کی طرح اس ماہ کا بھی آنچل زبردست تھا۔ ''بہنوں کی عدالت'' میں سمیرا جی سے مل کر اچھا لگا۔ آپ کا ٹوٹا ہوا تارہ بہت زبردست جارہا ہے۔ ''بھیگی پلکوں پر'' ماہ رخ نے گھر چھوڑ کر اچھا نہ کیا پری اور شیری میں تھوڑی بہت انڈراسٹینڈنگ کروادیں۔ ان دونوں کا کپل اچھا لگے گا۔ باقی عائزہ تو اپنے ساتھ برا کررہی ہے۔ عادلہ کے ساتھ کچھ برا ہونے سے پہلے اس کی طغرل کے ساتھ شادی ہوجائے تو اچھا ہوگا۔ مکمل ناول میں ''تم میری کون ہو'' بہت پسند آیا۔ ''بیاض دل'' میں صباحت صباح' یاسمین کنول کے شعر پسند آئے۔ کام کی باتیں' ڈش مقابلہ ہمیشہ کی طرح اچھے لگے۔ جہاں رہیں خوش رہیں اگر زندگی نے اجازت دی تو پھر حاضری ہوگی۔ اللہ حافظ۔

**کومل رباب افضل...... شاہدرہ لاہور۔** السلام علیکم شہلا آپی تمام آنچل اسٹاف اور تمام قارئین کو محبت سے بھرا اسلام سب سے پہلے قیصر آنی سے سرگوشیاں کیں' انکل مشتاق سے علم لے کر حمد ونعت سے دل کو منور کیا ہمارا آنچل میں حمیرا عروش' شاہ زندگی' سارہ یہ چوہدری' انیس انجم سے ملاقات اچھی رہی۔ شاہ زندگی آپ کو سالگرہ مبارک ہو۔ اپنی دوستوں کے بارے میں جان کر اچھا لگا۔ بہنوں کی عدالت میں سمیرا آپی سے ملاقات ہوئی۔ میرے اندازے کے مطابق وہ واقعی ٹیچر رہ چکی ہیں بلکہ ابھی بھی پڑھاتی ہیں۔ عشنا آپی آپ نے زبردست اینڈ کیا مبارک مکمل ناول پر۔ اقرا آپی رخ کے ساتھ وہی ہوا جس کا یقین تھا۔ خیر باقی سب ٹھیک لیکن شیری مجھے ناپسند ہے۔ سمیرا آپی بہت خوب صورتی سے لکھ رہی ہے۔ لیکن شہوار کے ساتھ اچھا نہیں ہوا باقی گڈ نازی آپی اس دفعہ غیر حاضر تھیں۔ اللہ ان کو صحت وتندرستی دے آمین۔ ام مریم ناولٹ مکمل ہونے پر تبصرہ ہوگا۔ رشک حبیبہ ونڈرفل بہت خوب صورت لکھا۔ بینا عالیہ نے بھی بہت اچھا لکھا نیک تمنائیں آپ کے ساتھ۔ اعتبار کا موسم پسند آئی تحریر۔ اللہ اور خوب صورتی سے لکھنے کی ہمت دے آمین۔ حنا عندلیب کی تحریر اچھی تھی لیکن یاسمین نے بہت بڑا قدم اٹھایا۔ اسے خود غرض نہیں ہونا چاہیے تھا ثمن بلوچ نے خوب صورت پہلو پر لکھا۔ احسان جیسے لوگوں کو اللہ عقل عطا کرے۔ غزلیں' نظمیں اچھی تھیں۔ بیاض دل میں سب کی پسند اچھی لگی لاڈو ملک گریٹ' آئینہ میں اس دفعہ پھر شہلا آپی جگہ نہیں دی۔ سو آپ سے ناراضی جائز ہے۔ عذرا خان' فاطمہ شہزادی اور مریم زید کے بارے میں جان کر اچھا لگا۔ آنچل کی سالگرہ ایڈوانس میں مبارک۔ اللہ آنچل کو دن دگنی رات چوگنی ترقی دے۔ سویٹ دل والوں کی جانب سے شاہ زندگی کو سالگرہ مبارک۔

☆ دعاؤں کے لیے بہت بہت جزاک اللہ۔

**ہما ایوب...... عارف والا۔** السلام علیکم کیسے ہیں آپ سب لوگ۔ اللہ تعالیٰ سے امید ہے کہ آپ سب لوگ خیریت سے ہوں گے۔ فروری کا آنچل ہاتھ میں ہے اور تبصرے کا طالب ہے۔ ٹائٹل ملک کے موجودہ حالات کی طرح تھا' جس کا احساس سرگوشیاں پڑھ کر ہوگیا۔ حدیث' حمد' نعت اچھے لگے۔ ''در جواب آں'' پڑھ کر مزا آیا۔ اسپیشلی اپنے شہر کی ''عاصمہ اقبال'' کو دیکھ کر دل باغ باغ ہوگیا۔ ''دانش کدہ'' واقعی دانش کدہ ہے۔ اتنی معلومات ملتی ہے کہ ہم اپنی کج فہمی پر حیران ہونے لگتے ہیں اور بے اختیار سوچنے پر مجبور ہوجاتے ہیں کہ ہم غور کیوں نہیں کرتے۔ ''حمیرا عروش' شاہ زندگی' سارہ یہ چوہدری اور سمیرا شریف طور سے مل کر اچھا لگا۔ سب سے پہلے ٹوٹا ہوا تارہ اور پھر بھیگی پلکوں پر پڑھی۔ دونوں اچھے جارہے ہیں۔ اور کچھ خواب کا اینڈ دیکھ کر بہت خوشی ہوئی۔ ادارے سے گزارش کروں گی کہ اب کوئی معلوماتی ناول شروع کریں۔ ''تم میری کون ہو'' میں مجھے رشک حبیبہ سے تھوڑا سا اختلاف ہے۔ رشتوں کی حرمت کا خیال رکھا کریں۔ (مائنڈ مت کیجیے گا) باقی کا ناولٹ پورشن چھوڑ کر ڈش مقابلہ کی طرف آئی تو بہت مزا آیا۔ بیاض دل اور یادگاری لمحے پرفیکٹ لگے۔ آئینہ کے ذریعے مختلف لوگوں سے ملنے اور ان کی آراء جاننے کا موقع ملا۔ ''دوست کا پیغام آئے'' اور ''ہم سے پوچھیے'' اچھے لگے۔ سب سے زیادہ مزا حنا احمد سے کام کی باتیں میں مل کر آیا۔ اس کے ساتھ ہی آنچل اور میرا تبصرہ تمام ہوا۔ والسلام

☆ پیاری ہما آپ کا تفصیلی تبصرہ پڑھ کر اچھا لگا۔ آپ کی تجویز نوٹ کرلی ہے ان شاء اللہ اس پر جلد عمل کرنے کی کوشش کریں گے۔

**زاہدہ پروین...... کوٹ ادو۔** السلام علیکم شہلا آپی اور تمام آنچل اسٹاف کو محبتوں بھرا اسلام۔ جب سے ہوش سنبھالا ہے آپ کے ڈائجسٹ کا مطالعہ کرتی آرہی ہوں۔ لکھنے والے آتے رہے شاہکار لکھتے رہے۔ میں پڑھتی رہی اور دل سے سراہتی رہی۔ زندگی بھی شب وروز کے چکر میں چلتی رہی۔ کبھی دکھ کی شام کبھی سکھ کی سویر۔ کبھی ہونٹوں پر ہنسی اور کبھی آنکھوں میں نمی کئی دوستوں سے بچھڑے تو کچھ نئے لوگوں سے گھل مل گئے۔ اک نہیں چھوٹا ساتھ تو وہ آنچل کا۔ میرا اور آنچل کا ساتھ جب سے ہے جب میں 6th کلاس میں پڑھتی تھی۔ آنچل کی کہانیوں نے مجھے سب کچھ سکھایا بتایا۔ لہجوں' انسانوں' جملوں' نظروں کو پہچاننا سکھایا۔ میں آنچل کی پچھلے کئی سالوں سے خاموش قاری ہوں۔ ہر بار سوچا کہ آپ کو خط لکھوں مگر قلم اٹھانے کی ہمت نہ کرسکی کہ کہیں آپ

www.pdfbooksfree.pk

ہمارے خط کو ردی کی نوکری کی نذر نہ کردیں۔ اب آتے ہیں تبصرے کی طرف۔ اقراء صغیر احمد کا سلسلہ وار ناول "بھیگی پلکوں پر" کیا بات ہے۔ بہت زبردست کہانی ہے۔ اقراء جی پلیز پارس اور طغرل کو ایک دوسرے سے ملا دینا' خدا پارس کو بچی خوشیاں عطا کرے۔ نازیہ کنول نازی آپی ویلڈن جھیل کنارہ کنکر کے تو کیا کہنے مگر اس مرتبہ آپ کا ناول نہ ہونے کی وجہ سے بہت افسوس ہوا خدا آپ کو صحت دے آمین۔ سمیرا شریف طور نے بہت زبردست ناول لکھا ہے ٹوٹا ہوا تارہ' پلیز شہوار اور مصطفیٰ کو ہمیشہ کے لیے ملا دینا کیونکہ مجھے وہ دونوں بہت پسند ہیں۔ رشک حبیبہ آپی کا ناول تم میری کون ہو بہت انٹرسٹنگ تھا۔ ام مریم آپی کا ناولٹ مجھے ہے حکم اذاں بھی بہت دلچسپ لگا ایک منفرد سا موضوع ہے پڑھتے ہوئے بہت مزہ آ رہا تھا مگر یہ کیا۔ اگلی قسط آئندہ ماہ لکھا ہوا منہ چڑا رہا تھا۔ اگلی قسط کا شدت سے انتظار ہے۔ عشناء کوثر سردار بہت اچھا لکھتی ہیں۔ اللہ حافظ اپنا ڈھیر سارا خیال رکھیے گا۔ پہلی دفعہ شرکت کی ہے۔ ناامید مت کیجیے گا اور اگر آپ کہیں تو آئندہ بھی شرکت کرتی رہوں گی بائے بائے۔

☆ پیاری زاہدہ خوش آمدید آپ کے خوب صورت انداز بیاں نے ہمیں بہت متاثر کیا۔ اب جب خاموشی کا قفل توڑ ہی ڈالا ہے تو آئندہ بھی لفظوں کی ڈور سے یہ رشتہ برقرار رکھیے گا۔

**شمع مسکان...... جام پور۔** سویٹ شہلا آپی اینڈ کیوٹ قارئین و رائٹرز کو شمع مسکان کا WinterEnd کا خوش گوار سلام قبول ہو۔ سرورق بظاہر خوب صورت مگر ٹھنڈک کا تاثر چھوڑ گیا۔ دو تین دن سے نکلتی دھوپ کی وجہ سے کم پڑتی سردی میں یکدم اضافہ محسوس ہوا۔ ویسے یہ سرورق جون میں بیسٹ رہتا۔ حمیس احمد اور مہر گل کی نعت پڑھ کر دل میں سرور اتر آیا۔ مشتاق انکل کے دانش کدہ میں گئے الفاظ نہیں کہ کیا بیان کروں؟ کیسے اپنے محسوسات کو الفاظ کا پیرہن پہناؤں۔ بس اتنا کہوں گی کہ ایک خواہش تھی ان فرقہ بندیوں کو جاننے کی جو مشتاق انکل پوری کررہے ہیں۔ رب انہیں لمبی عمر دے آمین۔ قیصر آنٹی کی سرگوشیاں پڑھیں اس کا لفظ لفظ دل میں ترازو ہوگیا۔ ان کے لفظوں میں ملک و قوم کے لیے جو درد چھپا ہوتا ہے وہ آنکھیں ہماری بھی نم کردیتا ہے۔ "بہنوں کی عدالت" میں سمیرا آپی کے متعلق پڑھ کر بہت خوشی ہوئی۔ آپی آپ کو بھی لکھنے میں مشکلات پیش آئیں چلو اب تو سب سیٹ ہے۔ "ہمارا آنچل" میں سارا یہ چوہدری حساس' حمیرا عروش کیئرنگ محسوس ہوئیں۔ انیس انجم آپ بھی بہت پیار کرنے والی لگیں۔ اب اپنی ٹوٹ بٹوٹ سی خصوصیت رکھنے والی فرینڈ شاہ زندگی آپ مجھے کیسی لگیں تو بالکل انار کے دانوں جیسی دیکھنے میں موتیوں کی طرح خوب صورت اور کھانے میں خوش ذائقہ۔ اب گھومنا پھرنا چھوڑو اور پہلے اپنی تعلیم پر توجہ دیں یار مائنڈ نہیں کرنا ایک پرخلوص دوست کا مشورہ ہے۔ ناولز میں عشنا آپی کے ناول اور کچھ خواب کی آخری قسط پڑھ کر بہت مزہ آیا۔ دامیان اور اناہیتا کی اسٹوری کچھ فاسٹ لگی مگر پھر بھی اچھا لگا۔ عدن اور پارسا سب کچھ بیسٹ تھا۔ میری طرف سے اتنا خوب صورت ناول لکھنے پر مبارک باد قبول کریں۔ جیسا نام تھا ویسا ہی خواب ناک اینڈ تھا۔ بھیگی پلکوں پر میں پلیز شہریار کو پری اور طغرل کے درمیان نہ لائیں۔ پری کا اپنی مما اور ان کے شوہر کے متعلق ری ایکشن فطری تھا۔ اپنے بیٹے نے جب دوری کا دکھ دیا تو پری کا بھی خیال آ گیا۔ یہ تو واقعی مکافات عمل ہے۔ ٹوٹا ہوا تارہ سمیرا آپی زبردست لکھ رہی ہیں۔ مجھے لگتا ہے کہ شہوار اور ولید وغیرہ کا کوئی چپقلش ضرور ہوگا پاسٹ میں۔ رشک حبیبہ کا مکمل ناول "تم میری کون ہو" بیسٹ تھا۔ منہ بولے رشتہ کی ہمارے مذہب میں کوئی حیثیت نہیں ہے اگر بیلا اور ابدال کے دل میں محبت کی کونپلیں پھوٹیں تو غلط نہیں ہوا۔ یہ تو فطری احساس ہے۔ بینا عالیہ کا ناول بھی اچھا تھا۔ حسن کی وفات کا دکھ ہوا۔ مگر حسن اور فاطمہ نے جس طرح بڑوں کی عزت رکھی ہے جو رشتہ کو نبھایا بہت متاثر کن تھا۔ ہمارے حضور اکرم ﷺ کی حضرت خدیجہؓ سے شادی کی مثال قائم ہے۔ آئینہ میں اپنا نام نہ دیکھ کر شہلا آپی تھوڑی سی خفا ہوئی۔ مگر دوست کا پیغام میں اپنے نام دوستوں کے پیغام پڑھ کر یک دم موڈ خوشگوار ہوگیا۔ سدرہ خان صبا آپ کی دوستی قبول ہے۔ اللہ حافظ۔

**عظمیٰ کنٹی...... گل امام۔** السلام علیکم! شہلا آپی کیسی ہیں آپ۔ یقیناً ٹھیک ہوں گی۔ اب آتے ہیں آنچل کی طرف ویسے تو آنچل بہت زبردست رسالہ ہے اور کچھ خواب کی آخری قسط اچھی تھی۔ مکمل ناول میں رشک حبیبہ کا ناول بہت اچھا تھا۔ سمیرا آپی کا ناول تو بہت زبردست جارہا ہے۔ باقی تو سارے ناولٹ اور افسانے بہت زبردست تھے۔ اب آتے ہیں ڈش مقابلہ کی طرف۔ ساری ڈشز ہی اچھی تھیں۔ غزلوں میں شمع مسکان کی غزل اچھی تھی۔ بیاض دل میں سارے شعر اچھے تھے۔ یادگار لمحوں میں موں کا انتخاب اچھا لگا۔ اچھا آپی تبصرہ کچھ لمبا ہوگیا اب اجازت چاہتی ہوں اس دعا کے ساتھ کہ اللہ آنچل کو دن دگنی رات چوگنی ترقی دے آمین۔

**سمیرا ادھم' حمیرا ادھم...... احمد پور شرقیہ۔** السلام علیکم! تو جی ہمیشہ کی طرح رسالہ بروقت مل گیا سب سے پہلے حمد و نعت سے مستفید ہوئے اس کے بعد قیصر آرا آنٹی سے سرگوشیاں کیں۔ پھر جی جھٹ سے غوطہ لگایا اپنے پسندیدہ ناول کی طرف جی آپ ٹھیک سمجھیں "بھیگی پلکوں پر" سو پرڈوپر ناول ہے۔ اقراء جی کے ہاتھ چومنے کو دل کرتا ہے جن کے ہاتھوں کی یہ کاوش ہے زبردست ہمیشہ کی طرح بڑا مزہ آیا اس کے بعد باری آئی۔ "ٹوٹا ہوا تارہ" سمیرا جی وری گریٹ اتنا زبردست اور مکمل ناول کہیں کوئی جھول یا رکاوٹ نہیں ہے۔ تعارف بھی سب اچھے تھے۔ خاص طور پر حمیرا عروش کا تعارف بہت اچھا لگا۔ حمیرا کیا آپ ہم سے دوستی کریں گی۔ شاہ زندگی نام اچھا لگا اور یہ پڑھ کر خوشی ہوئی کہ انہوں نے دنیا کی سیر کی ہوئی ہے۔ امام اعظم ابو حنیفہ کی تعلیمات پڑھ کر مزہ آتا ہے۔ اس کے علاوہ سارا رسالہ زبردست ہے۔ الفاظ نہیں ہیں تعریف کے لیے۔ یہ ہماری سعدیہ اول کاشف کہاں ہیں ہم ان کی کہانی پڑھنے کے منتظر ہیں۔ عمیرہ احمد' سمیرا شریف طور' اقراء صغیر احمد' نازیہ کنول نازی ہماری موسٹ فیورٹ رائٹر ہیں باقی بھی سب اچھا لکھتی ہیں۔ اس ماہ جھیل کنارہ کنکر کو نہ پایا کر افسوس ہوا اللہ تعالیٰ نازیہ آپی کو صحت و تندرستی عطا کرے آمین۔ اللہ تعالیٰ آنچل کو دن دگنی رات چوگنی ترقی کی منازل عطا کرے آمین۔

**انیس انجم...... جھنگ صدر۔** السلام علیکم! شہلا آپی اور تمام آنچل کی ٹیم اور قارئین کو محبتوں بھرا اسلام اس بار آنچل 31 جنوری کو ملا۔ اسی وجہ سے پچھلے ماہ بھی شرکت نہیں کرسکی۔ اب آتے ہیں آنچل کی اسٹوریز کی طرف ہمیشہ کی طرح آنچل بہت زبردست رہا۔ قسط وار کہانیوں میں اور کچھ خواب کا اینڈ بہت ہی زبردست تھا پڑھ کر بہت مزا آیا۔ عشناء جی آپ کو بہت مبارک باد اپنے ناول کے مکمل ہونے کی خوشی میں اور ڈھیروں دعائیں۔ سمیرا آپی آپ کا ناول بہت زبردست ہے تعارف میں اپنا نام دیکھ کر یقین ہی نہیں آیا کہ شامل ہوگیا ہے۔ حمیرا عروش' شاہ زندگی اور سارا یہ چوہدری آپ سب کے بارے میں پڑھ کر بہت اچھا لگا۔ فاطمہ شہزادی' عذرا خان' مریم زیدا آپ سب نے بھی اپنا تعارف اچھے سے کروایا۔ ناولٹ حنا عندلیب کا کاجل بکھر گیا بہت نائس تھا اور ہم آپ کی



پہلی کاوش پر مبارک باد دیتے ہیں۔ نازیہ جی آپ کے ناول کو بہت مس کیا۔ ام ثمامہ (جھنڈو) اللہ تعالیٰ آپ کے بھائی کی مغفرت فرمائے اور آپ کی پوری فیملی کو سکون و صبر عطا فرمائے آمین۔ باقی آنچل پڑھا نہیں اس لیے باقی تبصرے کے لیے معذرت اگلے ماہ آنچل جلدی مل گیا تو بھرپور تبصرہ کروں گی۔ او کے اللہ حافظ اپنا ڈھیر سارا خیال رکھیے گا اور دعاؤں میں یاد رکھیے گا۔

**مسز سندس یاسر...... ٹیکسلا۔** السلام علیکم! ڈیئر اینڈ سویٹ شہلا آپی اینڈ کیوٹ سے ریڈرز اینڈ رائٹرز بندہ ناچیز کی طرف سے محبتوں اور چاہتوں بھرا اسلام قبول کیجیے۔ میرا یہ کسی بھی ڈائجسٹ میں پہلا خط ہے۔ امید ہے آپ اسے ردی کی ٹوکری کی زینت نہیں بنائیں گی اور اگر ایسا ہوا تو یقیناً یہ میرا آخری خط نہیں ہوگا۔ (ہاہاہا) ہاں ناراض ہوجاؤں گی آپ سے میں آنچل کی تین سال سے مستقل قاری ہوں اور سب کچھ بھول جاتی ہوں لیکن ہر ماہ آنچل پڑھنا نہیں بھولتی۔ اب آتے ہیں تبصرے کی طرف جی تو سرورق نارمل نہیں بہت اچھا تھا۔ حمد و نعت سے فیضیاب ہوکر دوڑ لگائی اپنے موسٹ فیورٹ ناول اور کچھ خواب کی طرف دیکھ کر خوشی سے چیخ نکل گئی کہ آخری قسط ہے۔ ویل ڈن عشناء جی زبردست اینڈ تھا۔ ویسے مجھے اندازہ تھا کہ اینڈ کچھ یوں ہی ہوگا۔ نازی جی کا ناول جھیل کنارہ کنکر بھی مجھے بہت پسند ہے۔ اس دفعہ اس کی غیر حاضری دیکھ کر بہت افسوس ہوا خیر اب کیا ہوسکتا ہے۔ سمیرا جی آپ کے بارے میں کیا کہوں یوآر دی بیسٹ مجھے آپ کا ناول یہ چاہتیں یہ شدتیں بھی بہت اچھا لگتا تھا امید ہے ٹوٹا ہوا تارہ کا اینڈ بھی زبردست ہوگا۔ اقراء جی آپ پلیز ناول کے صفحات بڑھا دیں۔ پتا ہی نہیں چلتا ابھی ناول شروع کیا اور ابھی ختم باقی افسانے بھی زبردست تھے آنچل کے تمام سلسلے زبردست ہیں اور ہر کہانی سبق آموز ہوتی ہے۔ شہلا آپی فرحت آنی مجھے بہت یاد آتی ہیں ان کے ٹائم پر آنچل بہت زبردست ہوتا تھا۔ اب بھی بہت اچھا ہے لیکن فرحت آنی کی تو کیا بات تھی۔ اللہ تعالیٰ انہیں جنت الفردوس میں جگہ دیں اور آنچل دن دگنی رات چوگنی ترقی کرے آمین' اب اجازت دیجیے۔ اللہ حافظ

☆ اچھی سندس پہلی بار شرکت کرنے پر خوش آمدید۔

**الفت اینڈ مکزہ عباسی...... هارون آباد' چنگری۔** السلام علیکم! شہلا آپی کیسی ہیں آپ؟ اس بار آنچل 24 تاریخ کو مل گیا اور آنچل ہاتھ میں آتے ہی سب سے پہلے سرگوشیاں پڑھی۔ جس میں نازیہ کنول نازی کو نہ پا کر بہت افسوس ہوا ان کو اللہ صحت کاملہ عطا فرمائے آمین۔ سب سے پہلے اپنی موسٹ فیورٹ کہانی بھیگی پلکوں پر چھلانگ لگائی ابھی پڑھنا شروع ہی کیا تھا کہ ختم ہوگئی بہت کم صفحات ہوتے ہیں پلیز اقراء جی صفحات میں اضافہ کردیں۔ چلو شکر ہے اور کچھ خواب کا اینڈ ہوا بہت اچھا اینڈ تھا۔ عشناء آپی آپ کو اتنا اچھا ناول لکھنے پر مبارک باد۔ سمیرا آپی کا ٹوٹا ہوا تارہ بہت اچھا جارہا ہے ابھی فی الحال اس پر کچھ تبصرہ نہیں۔ ویسے بھی سمیرا آپی لاجواب ہیں۔ باقی تمام سلسلے اچھے تھے۔ بالخصوص دوست کا پیغام آئے میں تو ہمارے نام نے آنچل کو چار چاند لگا دیے آپ کا بہت بہت شکریہ پہلی بار لکھا اور آپ نے شائع کردیا۔ تمام کزنز اور دوستوں اور تمام پڑھنے والوں کو ہمارا محبتوں بھرا اسلام۔

**پروین افضل شاهین...... بهاولنگر۔** السلام خیریت موجود خیریت مطلوب۔ اس بار فروری کے آنچل کے سرورق پر صدف خان ایسے دیکھ رہی تھی کہ جیسے اس سے زبردستی ماڈلنگ کرائی جارہی ہو۔ کہانیوں میں تم میری کون ہو' کاجل بکھر گیا' ٹوٹا ہوا تارہ' بھیگی پلکوں پر اور مجھے ہے حکم اذاں پسند آئیں۔ سیدہ جیا عباس' نازیہ کامران کے سوال لاڈو ملک' مہر و مخلص' ارم کمال' ماہ کے اشعار' فاخرہ گل' راشد ترین' سباس گل اور فصیحہ آصف خان کی غزلیں ہمیں بہت ہی پسند آئیں۔ نازیہ کنول نازی کے بارے میں پڑھا کہ وہ بیمار ہیں ہماری دعا ہے اللہ تعالیٰ انہیں مکمل تندرستی عطا فرمائے آمین۔ خدا حافظ

**میمونہ' صفیہ' نیلم...... عثمانواله' قصور۔** السلام علیکم! شہلا آپی اور آنچل کے تمام افراد کو محبتوں بھرا اسلام قبول ہو۔ اس دفعہ آنچل 28 کو ملا دیکھتے ہی دل خوشی سے لبریز ہوگیا۔ سرورق اچھا لگا۔ اس دفعہ بہت امید کے ساتھ خط لکھ رہی ہوں۔ کیونکہ پہلے بھی دو دفعہ لکھ چکی ہوں لیکن خط سے تو ردی کی ٹوکری نے پیٹ بھر لیا اور باقی چیزیں بھی باری باری شائع ہوتی رہیں۔ سمیرا آپی نیا ناول شروع کرنے پر ڈھیروں ڈھیر مبارک باد۔ سمیرا آپی ٹوٹا ہوا تارہ اتنا ہی اچھا اور خوب صورت ہو جتنا کہ یہ چاہتیں یہ شدتیں تھا اس ناول کو کبھی بھی فراموش نہیں کیا جاسکتا ہے۔ بھیگی پلکوں پر اقراء جی تساں تاں ہر دفعہ کمال کردے ہو۔ جتنا اچھا ہم سوچتی ہیں آپ اس سے بھی زیادہ اچھا لکھتی ہیں لیکن طغرل اور شہریار مدمقابل آنے والے ہیں۔ پری کا جوڑ جس سے بھی ہو لیکن دونوں کو کچھ نہیں ہونا چاہیے۔ کیونکہ شیری کی دیوانگی خاصی خطرناک لگ رہی ہے۔ ماہ رخ کا انجام ایسا ہی ہونا چاہیے تھا مادیت پرست لوگوں کے ساتھ ایسا ہی ہونا چاہیے۔ اور کچھ خواب ہمارا پسندیدہ ناول ہے۔ اس کی ایک بھی قسط ہم نے نہیں چھوڑی ہم آنچل کے مسلسل قاری ہیں اور معارج ہمارے پسندیدہ کردار تھے۔ ہماری سوچ سے بھی بڑھ کر اختتام اچھا ہوا۔ عشناء آپی سے بہت مانوس ہوگئے تھے اب آپ کا ناول مکمل ہوگیا ہے تو دل کو کچھ ہو رہا ہے۔ ایسا لگ رہا ہے کہ قاری بہنوں اور لکھنے والی بہنوں اور آنچل کے تمام افراد کی ایک محفل سجی تھی اور اب آپ اٹھ کر جارہی ہیں۔ آپی اب جلد ہی ہم سب کے لیے ایک مزیدار سا ناول لے کر آئیں۔ تم میری کون ہو رشک حبیبہ نے اچھا لکھا۔ بینا عالیہ نے بھی خوب صورت لکھا ہر ناول ہمیں بہت پسند آیا۔ نازی آپی کو نہ پا کر بہت افسوس ہوا باقی تمام سلسلے بھی اچھے تھے۔ اپنا ڈھیر سارا خیال رکھیے گا۔ اللہ حافظ

اب اگلے ماہ تک کے لیے رخصت اس دعا کے ساتھ کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے وطن پاکستان سے محبت کرنے اور اسے اسلام کی تجربہ گاہ بنانے کی توفیق عطا فرمائے آمین

aayna@aanchal.com.pk

www.pdfbooksfree.pk

# دوست کا پیغام آئے

ہما احمد

آنچل فرینڈز کے نام

فسٹ آف آل آنچل سے وابستہ تمام بہنوں کے لیے ڈھیروں پُرخلوص دعائیں۔ ''پتھروں کی پلکوں پر'' کے اختتام پر میں نے آپ سب بہنوں کی محبتوں کا قرض تفصیلاً ادا کرنے کا وعدہ کیا تھا' مگر میرے مسائل اور الجھنوں نے مجھے اس کا موقع ہی نہیں دیا بقول شاعر:۔

جہاں جہاں کوئی ٹھوکر ہے میری قسمت میں
وہیں وہیں لیے پھرتی ہے زندگی مجھ کو

مگر آپ کی پسندیدگی اور چاہتوں کا قرض گزرتے ہر روز کے ساتھ بڑھتا ہی جارہا ہے۔ ادارہ آنچل کی معرفت آپ کے خطوط' خوب صورت کتابیں' پیغامات دعائیں جیسے جیسے موصول ہوتی ہیں' میری عاجزی اپنے پیارے اللہ ربّ العزت کے حضور بڑھتی جاتی ہے۔ کیسے شکر ادا کروں اس کی رحمت اور آپ کی بے لوث' بے پایاں محبت کا۔ پتا نہیں یہ قرض کب فرصت سے ادا کر پاؤں گی۔ فی الوقت میں شکریہ ادا کرنا چاہوں گی' سامعہ ملک پرویز آپ کا جن کی خوب صورت کتاب ''اثاثہ زیست'' بہت محبت بھرے لفظوں کے ساتھ مجھ تک پہنچ گئی۔ ان شاء اللہ آنچل میں اس پر تبصرہ کروں گی' بے حد شکریہ سامعہ۔ غزالہ جلیل راؤ آپ کی کتاب ''مجھے تم سے یہ کہنا ہے'' بھی پہنچ گئی ہے' بے حد شکریہ۔ قاضی حسین احمد مکی مسجد اٹک آپ کا بھی بے' شکریہ' کتاب کی پسندیدگی کے لیے۔ فریحہ شبیر شاہ نکڈر اور شہنیلا خان جہانگیرہ پشاور' آپ کی محبت کا شکریہ ادا کرنا میرے بس کی بات نہیں' پلیز آنچل ایڈیٹر سے میرا نمبر لے کر پہلی فرصت میں رابطہ کریں' میں منتظر رہوں گی۔ فوزیہ سلطان' زاہدہ زمان' ہما میر' صائمہ طاہر سومرو' رامین' طاہرہ ملک' ایمن وفا جھنڈو' خالدہ شاہین' مُدھ رانجھا' شہناز انجم' مسکان قصور' منزہ حیدر کوٹ قیصرانی' جاناں چکوال' شبانہ' عشرت سید فیضان حیدر آباد سندھ' آپ سب کے محبت نامے موصول ہوچکے ہیں' بے انتہا شکریہ اس دیوانگی اور محبت کے لیے جس کا اظہار آپ نے کیا۔ صائمہ ڈیئر میں دل کی گہرائیوں سے آپ کی امی کی صحت یابی اور درازیٔ عمر کے لیے دعا گو ہوں' اللہ ان کا سایہ آپ کے سر پر سلامت رکھے۔ اللہ ہر ماں کا سایہ ان کے بچوں پر سلامت رکھے' آمین ثم آمین۔ سباس گل زندگی کی خوشیاں بے حد مبارک۔ ڈیئر عالیہ کاظمی کہوٹہ' آپ طاہر قریشی صاحب سے میرا نمبر لے کر پہلی فرصت میں رابطہ کریں' ان شاء اللہ میں ضرور آپ کی کہانی لکھنا چاہوں گی۔ چکوال سے مقدس رباب اور حضرو سے سدرہ خان میرے لیے ممکن ہی نہیں کہ آپ کی چاہتوں کا شکریہ لفظوں میں ادا کرسکوں۔ عاصمہ اقبال میری جان آپ جب چاہیں آنچل میں لکھ سکتی ہیں' ان شاء اللہ ضرور حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ عنیقہ قیصرانی' کوٹ قیصرانی مقروض ہوں یار آپ کی! پروین افضل شاہین' ماریہ قریشی' ندا امجد سیالکوٹ' نائلہ اشفاق آپ سب کا پیار اور حوصلہ افزائی قرض ہے' میری فائل میں اور بھی بہت سے خطوط شکریہ کے منتظر ہیں' ان شاء اللہ ان کا ذکر اگلے پیغام میں کروں گی' ناراض نہیں ہونا۔ ''کیفیہ خان'' میری جان آپ کو سالگرہ کی بے حد مبارک باد۔ آخر میں ذکر کروں گی صبا' ہری پور کا ڈیئر صبا! آپ کا درد اور الفاظ میں سمجھ سکتی ہوں مگر آنچل پڑھنے والی بہنیں جانتی ہیں کہ میں نے ہمیشہ بنا کسی خوف اور نقصان کی پروا کیے' معاشرے کے ہر دکھ اور المیے پر فوری قلم اٹھایا ہے' جامعہ حفصہ پر ''جھیل کنارا کنکر'' میری پہلی تحریر ہرگز نہیں میں نے ہمیشہ لکھا ہے کہ

حکم وقت سے ڈر کر جو لبوں کو سی لے
میں وہ بزدل نہیں ہرگز' میں وہ کمزور نہیں
جب ظلم ہوگا اٹھاؤں گی بغاوت کا علم
اب خاموشی سے ستم سہنے کا وہ دور نہیں

''جھیل کنارا کنکر'' کے لیے آپ کی پسندیدگی بھی قرض رہے گی' ان شاء اللہ جلد یہ قرض ادا کرنے کی کوشش کروں گی فی الوقت اپنی بہت زیادہ محبتوں اور دعاؤں میں یاد رکھیے گا' اللہ ہم سب کا حامی وناصر ہو آمین' یار زندہ صحبت باقی۔

نازیہ کنول نازی...... ہارون آباد

میرے اپنوں کے نام

پیار وہ ہے جو ''جنوری'' کی دھوپ ہو ''فروری'' کی بارش ہو ''مارچ'' کی شام ہو ''اپریل'' کی ہوا ہو ''مئی'' کی صبح ہو ''جون'' کی چھاؤں ہو ''جولائی'' کی خوشبو ہو ''اگست'' کی تاروں بھری رات ہو ''ستمبر'' کی چاندنی ہو ''اکتوبر'' کی رم جھم ہو ''نومبر'' کی بہار ہو ''دسمبر'' کی سرد رات ہو۔ اس سردی میں میرے سرد ہاتھ ہوں اور آپ کے لیے دعا اک خاص ہو کہ اللہ پاک آپ سب کو سدا خوش رکھے' آمین۔

عائشہ پرویز...... کراچی

میرے پیارے بھائی شاہد اقبال شہید کے نام

میرا ایمان ہے کہ شہید زندہ ہوتے ہیں سو شاہد بھائی آپ شہیدِ اسلام ہیں اور زندہ ہیں تو میرا پیغام آپ تک ضرور پہنچے گا۔ آپ شادی کی سالگرہ پر بہت یاد آئے' نئے کتنے سال ہوگئے ہیں آپ کو ہم سے بچھڑے مگر آج بھی آپ میری یادوں میں شامل میری زندگی کا ایک اہم حصہ ہیں۔ شاہد بھائی آپ کی کمی مجھے اکثر رلا دیتی ہے' یاد ہے جب آپ لاسٹ ٹائم اپنا فرض نبھانے جارہے تھے تو اسپیشل مجھ سے بائیک پہ ملنے آئے تھے تب میں نے کتنی ضد کی تھی آپ سے کہ مجھے بائیک سکھا کر جائیں ورنہ میں آپ سے نہیں ملوں گی تب آپ نے کتنے پیار سے مجھے سمجھایا تھا کہ آج گھر میں مہمان ہیں اگلی دفعہ وعدہ ضرور سکھاؤں گا' کتنے غور سے آپ مجھے دیکھ رہے تھے اس دن' کیا آپ نے محسوس کرلیا تھا کہ آپ مجھ سے آخری بار مل رہے ہیں؟ اور پھر آپ کبھی نہ آئے ہاں میں آپ کا پُرنور چہرہ دیکھنے گئی تھی سب کہتے تھے میں آپ کی چہیتی اور لاڈلی ہوں اور آپ اپنی لاڈلی کو کیسے بھول گئے' بھائی میں آپ کو کہاں ڈھونڈوں؟ آپ کا حمزہ بالکل آپ جیسا دکھتا ہے اور حنا تو اتنی کیوٹ ہے کہ نظر نہیں ہٹتی۔ کاش بھائی آپ آسکتے ہمارے درمیان پھر سے' اللہ آپ کو اعلیٰ درجات عطا کرے' آمین۔

شہناز شازے سیال...... خانیوال

میرے پیارے پاپا جانی اور ماما جانی کے نام

2 مارچ کو میری ماما اور پاپا کی شادی کی سالگرہ ہے' ہم سب بہن بھائیوں نے سوچا کیوں نہ ہم اپنے پیارے ''آنچل'' کے ذریعے اپنے ماما' پاپا کو وش کریں' معظمہ' سمیرا' مریم' ماریہ' بلال اجمل' عثمان علی' اور آپ کی سب سے لاڈلی بیٹی عظمیٰ۔ ماما پاپا ہم سب آپ سے بہت بہت پیار کرتے ہیں' ہماری دعا ہے کہ آپ ہمیشہ اکٹھے رہیں' خوش رہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت وتندرستی والی لمبی زندگی عطا فرمائے' آمین۔ ماما پاپا جی! آپ نے پلیز سچ سچ بتانا ہے آپ کو سب سے پیارا گفٹ کس کا لگا ہے؟ ہمیشہ کی طرح ڈنڈی مت مار دیجیے گا کہ سب کا ہی گفٹ پیارا ہے' مجھے پتا ہے میرا گفٹ آپ کو بہت پسند آئے گا' ان شاء اللہ۔ آپ کی دعا گو بیٹی!

عظمیٰ بٹ...... سمندری

ایک پیغام میرے چاہنے والوں کے نام

پلیز ابو آپ اپنی صحت کا خیال رکھا کریں' آپ جانتے ہیں جب آپ کی طبیعت خراب ہوتی ہے تو لمحہ بھر کے لیے بھی سکون نہیں ملتا۔ میں آپ سے بہت زیادہ پیار کرتی ہوں' میں آپ کے بغیر نہیں رہ سکتی اور ایک درخواست ہے میرے ایگزامز ہوجائیں تو پلیز مجھے پنجاب لے کر جائیں' میرا کراچی میں دل نہیں لگتا۔ صدف تم کیسی ہو؟ میں تمہیں بہت یاد کرتی ہوں' مصروفیت کی وجہ سے موبائل آف کر رکھا تھا' آن کرتی تھی تو ڈھیر سارے میسجز اور کالز کام میں خلل ڈالتے تھے۔ امتحان قریب ہیں تو کتابوں کو تو ہاتھ لگانا پڑے گا نا' میں صرف سنڈے کو اسپیشلی تم سے بات کرنے کے لیے آن کرتی تھی۔ ڈیئر' بس مصروفیت کی وجہ سے رابطہ نہیں کرسکی۔ کراچی آجاؤ تم' کچھ کرو یار ملنے کا بتاؤ۔ میں یہاں سے وہاں جانے کی کوشش کرتی ہوں اور تم یہاں آنے کی کرو' دونوں میں سے کوئی تو کامیاب ہوگا نا۔ میرا دل چاہ رہا ہے کچھ دن کراچی سے دور پنجاب چلی جاؤں' میں اگر آسکی تو تمہیں مجھے گاؤں دکھانے پڑیں گے۔ اسما آنٹی بتارہی تھیں کہ تمہاری طرف بہت خوب صورت گاؤں ہیں' شازیہ پھوپو منگنی بہت بہت مبارک۔ کزن ثمرین! تم کیسی ہو؟ پہلے کتنے میسجز کرتے تھے ہم دونوں اور اب عرصہ ہوا۔ تبسم باجی' انجم اور ہما تم سناؤ۔ ہما انجم سن لو تمہارے بیٹے حسام سے چار ہاتھ آگے جائیں گے۔ میرے فرینڈز رضا خان' رابعہ نور' عروسہ' افشاں' صبا' نورین' نسیم' بینش' سائرہ موٹی' عائشہ' اسماء' زارا خان اور دوسری فرینڈز جن کے نام رہ گئے ہیں۔ سب کو حمیرا کا سلام قبول ہو' میں آپ سب کو بہت یاد کررہی ہوں' ملنے آجاؤ مجھ سے۔ تمام آنچل فرینڈز کو بھی سلام قبول ہو' حمیرا عروش کو دعاؤں میں یاد رکھیے گا' فقط آپ سب کی دوست۔

حمیرا عروش...... بلدیہ' کراچی

مائی بیسٹ فرینڈ ہما کے نام

یکم مارچ کو تمہارا برتھ ڈے ہے' سوچا اپنی پیاری دوست کو اپنے پیارے آنچل کے ذریعے وش کردوں۔ میری دعا ہے کہ میری پیاری دوست ہمیشہ خوش رہے' آباد

www.pdfbooksfree.pk

ہے شاد رہے۔ ہما ویسے تم بہت بدل گئی ہو شادی کے بعد کوئی بدل کیوں جاتا ہے؟ اور سناؤ سسرال میں کیسی گزر رہی ہے؟ میاں کا دل تو ہر کوئی جیت ہی لیتا ہے ساس کا دل لیتا کہ نہیں؟ اور شاہ زیر بھائی کیسے ہیں انہیں میرا بہت بہت سلام دینا۔ شاہ زیر بھائی پلیز میری دوست کا بہت خیال رکھیے گا' اللہ تعالیٰ آپ دونوں کو ہمیشہ خوش رکھے' آمین۔ آپ کی دوست۔

عمیرہ راؤ......سمندری

لولی فرینڈز اور ٹیچرز کے نام

آپ سب کو میری طرف سے پیار بھرا اسلام قبول ہو۔ مس فائزہ میری طرف سے آپ کو بہت بہت سالگرہ مبارک ہو خدا تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ آپ کو اتنی خوشیاں عطا کریں جتنے کہ آسمان پر تارے اور آپ سدا ہنستی مسکراتی رہیں' آمین۔ مس خدیجہ میری طرف سے آپ کو آپ کی بیٹی کی سالگرہ بہت بہت مبارک ہو۔ ویسے تو آپ سے کوئی رابطہ نہیں تو میں نے سوچا کیوں نہ آنچل کے ذریعے آپ کی بیٹی کو وش کردیا جائے اور میری طرف سے تمام آنچل فرینڈز اور ثمرہ' آمنہ' رابعہ' مدیحہ اور میری آپی کو سلام قبول ہو۔ میری خدا سے دعا ہے کہ تم سب سدا خوش رہو آمین۔

سمیرا اصغر......کھڑیانوالہ

آنچل کی جان سمیرا شریف طور کے نام

السلام علیکم سمیرا جی! امید ہے آپ بالکل ٹھیک ٹھاک ہوں گی' ہمیں آپ بہت پسند ہیں' آپ میری فیورٹ رائٹر ہیں۔ آپ کی تمام تحریریں میں بہت شوق سے پڑھتی ہوں' آپ کا ناول ''یہ چاہتیں یہ شدتیں'' تو میرا فیورٹ ناول تھا۔ میں پچھلے چار پانچ سال سے آنچل پڑھ رہی ہوں' سچ پوچھو تو آنچل پڑھنا ہی میں نے آپ کے ناول کی وجہ سے شروع کیا تھا۔ اب تو سمجھو آنچل پڑھنا ہماری ضروریات میں شامل ہوگیا ہے۔ اس سے پہلے آنچل میں قسط وار ناولز میں سے صرف ''محبت دل پہ دستک'' ہی میرا فیورٹ ناول تھا مگر اب تو آپ کے ناول ''یہ چاہتیں یہ شدتیں'' نے اوّل نمبر لے لیا ہے۔ سمیرا جی میں سمجھتی ہوں آپ اپنے ناول میں وہی کچھ لکھتی ہیں جیسے میں سوچتی ہوں آپ کے ناول میں سمعان کے کردار جیسے لوگ شاید بہت کم کم ہی پائے جاتے ہیں۔ سمعان احمد اور زرش ہی کی وجہ سے یہ میرا فیورٹ ناول تھا۔

سمیرا جی آپ کی جتنی بھی تعریف کی جائے وہ کم ہے آپ کا نیا ناول ''ٹوٹا ہوا تارا'' نے قلم اٹھانے پر مجبور کردیا ہے۔ واہ سمیرا جی واہ' کیا بات ہے آپ کی اور نازیہ کنول نازی' اقراء صغیر احمد بھی بہت اچھا لکھتی ہیں۔ آخر میں بہت سی دعائیں آپ لوگوں کے لیے' آپ کی دعاؤں کی طلب گار۔

قرۃ العین......دار بن کلاں

آنچل کے چمکتے ستاروں کے نام

السلام علیکم! فصیحہ آصف' سباس گل' نادیہ فاطمہ رضوی' ام مریٰ' عالیہ حرا' بشریٰ نوید باجوہ' سمیرا شریف طور' بینا عالیہ' آپ سب کی تحریریں مجھے بے حد پسند ہیں' آپ سب کو میری طرف سے دعا سلام' آپ سب کی دوست۔

فریدہ فری یوسف زئی......لاہور

سویٹ دوستوں کے نام

السلام علیکم! تبسم مامی! کیسی ہیں آپ؟ میں آنچل کے ذریعے آپ سے کہنا چاہتی ہوں کہ آپ میری آئیڈیل ہیں۔ میں نے آنچل میں پہلے بھی لکھا تھا کہ میں مہر گل کراچی' فوزیہ سلطانہ' انا احب' شمع مسکان' نبیلہ مون' طیبہ نذیر' عطرو بہ سکندر' پروین افضل شاہین اور بھی قاری بہنوں کے ساتھ دوستی کرنا چاہتی ہوں' پلیز آنچل کے ذریعے جواب دینا' بڑی مہربانی ہوگی۔ ایک دفعہ پھر میری دوستی کا جواب دوستی سے دینا' اب اجازت چاہتی ہوں' اللہ حافظ۔

عظمیٰ کنڈی......گل امام

پیارے بھیا اور پیاری دوست کے نام

مائی سویٹ اینڈ گریٹ بھیا وقاص احمد حارث! کیسے ہیں سب؟ بھیا آپ کا برتھ ڈے 21 مارچ کو ہے اور یہ دن آپ کے ساتھ ساتھ میرے لیے بھی بہت خاص ہے آپ کو بہت بہت مبارک ہو۔ آپ کو اتنی خوشیاں ملیں کہ آپ سنبھال نہ سکیں (آدھی مجھے دے دیجیے گا) اور کنزیٰ! تمہارا برتھ ڈے 4 مارچ کو ہے' بھول سکتی ہوں بھلا؟ دعا ہے کہ تمہیں اتنی خوشیاں ملیں کہ سارے غم بھول جاؤ' اک خواب سمجھ کر اور اب باری ہے ماہ رخ سیال کی' پیاری بہنا! ہم تو ساتھ نبھانے والے لوگ ہیں' آپ کی فرینڈ شپ قبول ہے آپ کے اگلے پیغام کا انتظار کروں گی۔ اوکے' آپ سب خوش رہو آمین۔

ثانیہ مغل......سرگودھا

ثمینہ نیّر اور کلیم اختر راؤ کے نام

السلام علیکم! میری طرف سے آپ دونوں کو بیٹے کی پیدائش پر ڈھیروں ڈھیر مبارک' اللہ منے کی عمر دراز فرمائے' آمین۔ باقی وقاص کلیم اور سب بچے کیسے ہیں' میری طرف سے ڈھیروں پیار آپ دونوں کو سلام۔ راؤ ماریہ کاشف اور رانا کاشف آپ دونوں کو بھی بیٹے کی پیدائش مبارک ہو۔ شاہ میر' دعا' انوشہ کو بہت بہت پیار کرنا آپ کے لیے ڈھیروں دعائیں وسلام' آپ کی آنٹی۔

تسنیم راؤ......بھکر

پروین افضل شاہین صاحبہ کے نام

پروین افضل شاہین صاحبہ! آپ کو یقین نہیں آئے گا میں آنچل کھولتی ہوں تو آپ کا نام ڈھونڈتی ہوں جب مل جائے تو مسکرا کر آپ کا شکریہ ادا کرتی ہوں' نجانے کیوں مجھے آپ بہت اچھی لگتی ہیں۔ دل کرتا ہے آپ سے ڈھیروں باتیں کروں' آپ کی سلجھی ہوئی گفتگو اچھی لگتی ہے آپ مجھے بہت اچھی لگتی ہیں' دل کرتا ہے آپ سے دوستی کروں۔ صرف آنچل کے توسط سے آپ سے دوستی کرنا چاہتی ہوں' غلط مت سمجھیے گا۔ بہت خوش ہوں آپ کو مخاطب کرکے اس لیے پتا نہیں کیا کچھ لکھ رہی ہوں۔

شازیہ فاروق احمد......رحیم یار خان

عشناء کوثر سردار کے نام

السلام علیکم! امید ہے خیریت سے ہوں گی ''اور کچھ خواب'' کی تکمیل پر مبارک باد دینا چاہوں گی۔ مبارک ہو بہت' اگرچہ کچھ اقساط نے بور کردیا تھا مگر اتناز بردست اختتام کرکے آپ نے دل خوش کردیا۔ اب جلدی سے ایک اور خوب صورت سا ناول پڑھنے کو دیں' سدا خوش رہیں' آمین۔ دعاؤں کی طلب گار۔

دلکش مریم......چنیوٹ

سویٹ فرینڈ سدرہ کے نام

السلام علیکم! سویٹی پہچانا مجھے؟ مدیحہ ہوں یار! تم کہاں گم ہو؟ کوئی رابطہ کیوں نہیں کررہیں۔ تمہارا نمبر مسلسل سات ماہ سے آف مل رہا ہے۔ یار جواب دو کوئی' نمبر آن کرو' میرا میسج پڑھ کے فوراً مجھ سے بات کرو اور عنبرین' صائمہ' سمیعہ' مریم افتخار پہچانا' میرا ڈھیروں سلام تم سب کو جہاں رہو' خوش رہو۔ آئی مس یو یار! کالج کے وہ دن بہت یاد آتے ہیں جب ہم سب اکٹھے تھے اور سدرہ تمہیں یاد ہے نا؟ جب ہم سردی میں کینٹین سے کولڈ ڈرنک لیا کرتی تھیں' جمی ہوئی (ہاہاہاہا) مسکرا رہی ہونا' وہ دن یاد کرکے۔ اوکے رابطہ ضرور کرنا' خدا حافظ۔

مدیحہ کنول سرور......چشتیاں

پیارے بھتیجے حاشر اور بھانجے بھانجیوں کے نام

ہیلو حاشر! کیا حال ہے جانو' آنٹی تم سے بہت پیار کرتی ہے' بہت زیادہ جانو اور احسن حذیفہ' اریبہ' اریشہ' فضاء عین اور ایمن تم سب کو سلام اور پیار۔ کیا حال ہے' آنٹی تم سب کو بہت مس کرتی ہے' جلدی سے اپنی آنٹی سے ملنے آؤ' بہت مس کرتی ہوں تم سب کو ریئلی۔ اللہ تم سب کو لمبی زندگی دے اور خوش وخرم رکھے' آمین۔

مہر قندیل......اٹک

دل میں بسنے والوں کے نام

السلام علیکم! ڈیئر ریحانہ راجپوت! مجھے آپ کی دوستی دل سے قبول ہے یہ دوستی کبھی نہ ٹوٹے خیال رکھنا اور کبھی بے وفائی مت کرنا' خدا پاک آپ کو اپنی رحمت کے سائے تلے رکھے' آمین۔ ماہ رخ سیال آپ نے مجھے دوستی جیسے نایاب و انمول رشتے کے قابل جانا بہت خوشی ہوئی' رہی بات محبت کی تو ڈیئر محبت سمندر کے مانند ہے اور ہر رشتے کا اپنا الگ مقام ہوتا ہے سب فرینڈز کی طرح آج سے آپ بھی اس کی حق دار ہیں' آپ کا جو دل چاہے مجھے اس نام سے پکارو۔ محبت سے لیا گیا ہر نام خوشی دیتا ہے' ربّ کریم آپ کو ہمیشہ خوشیاں دے' آمین۔ ڈیئر مدیحہ شبیر! آپ کے لیے بھی بہت سی دعائیں۔ ڈیئر صبا نواز بھٹی ویسے تو ہم سب آنچل فرینڈز ہیں پھر بھی میں آپ کی جانب دوستی کا ہاتھ بڑھاتی ہوں کیوں کہ موتیوں کی مالا میں جتنے زیادہ موتی ہوں گے مالا اتنی ہی خوب صورت لگے گی۔ جاناں ڈیئر میرا پیغام پسند کرنے کا شکریہ۔ خوش رہو ڈیئر۔ دلکش مریم اپنے نام کی طرح آپ واقعی دلکش ہو میری تحریر پسند کرنے کا شکریہ۔ نازیہ کنول نازی خدا آپ کی ہر پریشانی دور کرکے آپ کو دائمی خوشیاں دے اور صحت و سلامتی والی لمبی زندگی عطا کرے جب سے آپ کی بوجھل آواز سنی میری ہر سانس آپ کے لیے دعا گو ہے۔ اللہ کریم آپ پر رحم کرے' آمین۔ ام ثمامہ خدا پاک آفتاب بھائی کو جنت میں اعلیٰ درجات دے' آمین۔ آپ کے پیغام نے تو رُلا ڈالا' مرنے والوں کے ساتھ مرا نہیں جاتا' میری کزن

www.pdfbooksfree.pk

پانچ بچوں کی ماں اچانک ہمیں چھوڑ کر چلی گئی' چھوٹے چھوٹے معصوم بچے جنہیں دیکھو تو صبر کرنا بہت مشکل لگتا ہے لیکن پھر بھی جو زندہ ہیں' ان کے لیے جینا پڑتا ہے' حوصلے سے کام لو اپنی امی' بھائی' ارسلان' ایان سب کا سہارا بنو۔ آخر میں سب قارئین سے درخواست ہے میری مما کے لیے خصوصی دعا کریں وہ پہلے دل کی مریضہ تھیں' اب کینسر جیسے مرض میں مبتلا ہیں' امید ہے سب دعا کریں گی بابا کے بعد ماں ہی واحد سہارا ہے۔ آپ سب کے لیے دعا گو' دعا کی طالب آپ کی اپنی۔

صائمہ طاہر سومرو..... حیدر آباد' سندھ

پریوں کے نام

السلام علیکم! کیسی ہو میری پریوں۔ آپ بھی کہتی ہوں گی کہ نادی بھی کیا چیز ہے غائب ہی ہوگئی پر وجہ وہ ہی ظالم رڈی کی ٹوکری یا ڈاک خانے والے۔ سب سے پہلے تو میں ساریہ چوہدری' سیدہ جیا جی' جاناں اور طیبہ کا دوستی کرنے پر بہت بہت شکریہ ادا کروں گی۔ میں پورے خلوص سے یہ رشتہ نبھاؤں گی ان شاء اللہ۔ میں نے سردیوں کی ایک صبح دھند میں لپٹی ہوئی ہوا کے ذریعے آپ کے نام آئی مس یو کا پیغام بھیجا تھا' ملا؟ 7 مارچ دیا آفریں' مقدس رباب 20 مارچ' مہر گل 30 جنوری' بینش ارشد 20 مارچ' صوفیہ صدیقی 3 فروری' فریحہ چوہدری 25 فروری' ملائکہ چوہدری 24 فروری' 23 مارچ غزل سیال..... اف سانس تو لوں..... اتنی بلیاں ایک ساتھ (ہاہاہا) آپ سب کو بہت بہت سالگرہ مبارک۔ اللہ آپ کو بہت خوشیاں دے' اپنی محبت عطا فرمائے۔ نورین شاہد آپ اگر اپنے پیغام میں نادیہ نام کی وضاحت کر دیتی تو اچھا تھا' خیر ہم بھی آرائیں ہیں' پر میں یہ ہی کہوں گی کہ ذات پات کو اپنی کمزوری نہیں بنانا چاہیے' یہ صرف پہچان کی حد تک تو ٹھیک ہے' ٹھیک کہا نا؟ سیدہ جیا اور ام ثمامہ نے اگر خاک کر بلا کتاب نہیں پڑھی تو ضرور پڑھیں بہت کچھ ملے گا آپ کو اس سے۔ ایمن وفا کہاں ہو جاناں سوئیٹی ٹھیک ہو؟ نینا شاہ' شمع مسکان' ثانی چوہدری' ساریہ جی اور طیبہ کیا چل رہا ہے آج کل آپ کی لائف میں؟ سیدہ جیا مجھے آپ سے بنا ملے اور بنا دیکھے ہی بہت انسیت ہے۔ آپ سے بہت باتیں کرنے کو دل کرتا ہے' میرے لیے آپ سب دعا کرنا اللہ میری منزل آسان فرمائے' پھر ملیں گے بشرط زندگی بفضل خدا۔

نادیہ یٰسین..... ساہیوال

اپنوں کے نام

السلام علیکم! کیا حال چال ہے؟ زیادہ پریشان ہونے کی ضرورت نہیں میں آسیہ۔ ثمینہ! جب سے تمہاری شادی ہوئی' اپنوں کو بھول گئی ہو' میں نے سوچا آنچل کی طرف سے آپ کو یاد دلا دیں ہم بھی کچھ لگتے ہیں آپ کے' آج کل کیا کر رہی ہو؟ لگتا ہے کوئی بزنس شروع کر لیا ہے' ثمن گل اور نور گل کو میری طرف سے دعا ہے کہ ہمیشہ ہنستی مسکراتی رہیں' آپ لوگوں کی اپنی۔

آسیہ آنسہ سیال..... خانیوال

اپنوں کے نام

ڈیئر عائشہ! مارچ میں تمہاری سالگرہ ہے۔ تم جیو ہزاروں سال' سال کے دن ہوں پچاس ہزار۔ سسٹرز سمجھتی ہیں کہ میں تم سے پیار نہیں کرتی جب کہ مجھے تم سب بہت عزیز ہو' یوں سمجھ لو میری جان اپنی فیملی میں ہے۔ ہر وقت تم سب کے لیے ہمیشہ دعا گو رہتی ہوں' میری یہی کوشش ہوتی ہے کہ میری وجہ سے تم لوگوں کو کوئی تکلیف نہ پہنچے لیکن پھر بھی جانے انجانے میں میری ذات آپ کے لیے دکھ کا باعث بنی ہو تو آئی ایم رئیلی ویری سوری۔ میں تم کو ڈانٹتی ہوں یا کچھ کہتی ہوں تو میرے مدنظر تم لوگوں کا فائدہ ہوتا ہے' میرے لیے تمام فیملی ممبرز برابر ہیں' بھائی' بہنوں میں کوئی فرق نہیں کرتی میں۔ یہ تم لوگوں کی غلط فہمی ہے' سب گھر والے ہی میری طاقت ہیں' میں سب سے پیار کرتی ہوں۔ میرے لیے دعا کیا کرو کہ تم سب کی خواہشات پوری کر سکوں۔ اللہ تعالیٰ سب کو سلامت رکھے اور خوشیاں نصیب فرمائے' آپ سب کی بابت (نک نیم)۔

بابت..... نامعلوم

سمیرا شریف طور اور دوستوں کے نام

ہیلو سمیرا آپی! کیسی ہیں آپ؟ امید ہے ٹھیک ٹھاک ہوں گی۔ آپی آپ مجھے بہت اچھی لگتی ہیں۔ آپ کی ساری اسٹوریز اے ون ہوتی ہیں۔ "یہ چاہتیں یہ شدتیں" میں مجھے سمعان احمد بہت اچھا لگتا تھا اور اب "ٹوٹا ہوا تارا" میں مصطفیٰ بہت پسند ہے۔ میں آپ سے فرینڈ شپ کرنا چاہتی ہوں' آپی پلیز آپ مجھ سے فرینڈ شپ کر لیں نا' آپ مجھے بہت



اچھی لگتی ہیں۔ میرا دل کرتا ہے میں آپ سے ڈھیروں باتیں کروں پلیز آپ نے ضرور جواب دینا ہے اور آخر میں سب کو سلام' شیری' گڑیا' عینہ' انیلہ' نیلی' شنز' شہزادی' روبی' ریشم' سمیرا' عائشہ آئی لو یو۔

شازیہ عزیز بھلی..... دربار بری سلطان

پیارے بھیا اور دوستوں کے نام

السلام علیکم! کیسے ہو بھیا؟ ہو گئے نا حیران میں ہوں آپ کی چھوٹی بہن فائقہ سکندر! آنچل میں شرکت کر رہی ہوں صرف آپ کو اور اپنی دوستوں کو وش کرنے کے لیے۔ صبیحہ یکم مارچ' بشریٰ 3 مارچ' عریشہ احسن 23 مارچ' وصی 13 مارچ۔ وصی شرارتی بچے سالگرہ مبارک ہو' سب جیتے رہو' خش رہو' لمبی عمر پاؤ' جو صحت و تندرستی سے بھرپور ہو ہمیشہ ہمارے ساتھ رہو' آمین۔ ملائکہ چوہدری (کراچی) میں آپ سے دوستی کرنا چاہتی ہوں اور آپ کا تعارف ستمبر 2011ء میں شائع ہوا تھا۔ آپی جیا اور عباس آپ سے دوستی کرنا چاہتی ہوں' بہت افسوس ہوا تھا آپ کے شوہر کے بارے میں پڑھ کر' او کے خدا حافظ۔

فائقہ سکندر حیات..... گجرات

اقراء مہرین وشال کے نام

لل سسٹر اقراء پہلی برتھ ڈے ٹو یو۔ 2 مارچ کو تم نے اس دنیا میں آ کر مجھے بڑے ہونے کا اعزاز دیا اور کسی اور کو چھوٹے ہونے کے اعزاز سے محروم کر دیا۔ دعا ہے تم ہمارے پرستان میں ہمیشہ ہنستی مسکراتی رہو اور کالج کی رونقوں یعنی جیا' عروج' مہین' حمنہ' صائمہ' سدرہ میں نے آپ کے ساتھ کالج کی لاسٹ پارٹی بہت انجوائے کی' آپ سب لوگ بہت یاد آؤ گے' آئی مس یو۔ پیاری بہن نبیلہ کنول! آپ کو بہت بہت مبارک۔ میری دعا ہے کہ آپ' بھائی سہیل کے ساتھ ہمیشہ خوش رہو' ڈیئر ثمینہ لو یو۔

انیلہ کنول..... عبدالحکیم

آپی نازیہ کنول نازی کے نام

السلام علیکم! کیسی ہیں آپ؟ امید ہے کہ آپ ٹھیک ہوں گی اور کیوں نہ ہوں ہماری دعائیں آپ کے ساتھ ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو تمام پریشانیوں سے نجات دے' آمین۔ آپی آپ بہت اچھا لکھتی ہیں اس دفعہ آپ آنچل میں نہیں آئیں تو آنچل ادھورا لگا۔ اللہ تعالیٰ آپ کی امی کو صحت دے' آمین۔ امید ہے کہ آپ بہت جلد آنچل میں واپس آئیں گی' شکریہ' خدا حافظ۔

فرح ناز..... جہلم

سویٹ آنچل فرینڈز کے نام

السلام علیکم! دوست کا پیغام آئے میں پہلی بار شرکت کی وجہ تمام آنچل فرینڈز ہیں' میں بھی آنچل فرینڈز کا حصہ بننا چاہتی ہوں پلیز دوستوں مجھے بھی اپنی فرینڈ بنائیں۔ سُباس آپی' ساریہ چوہدری لاڈو ملک اور فصیحہ آصف خان' کیا آپ سب اپنی فرینڈ بنائیں گی پلیز جواب ضرور دیجیے گا' میں آپ سب کے جواب کی منتظر رہوں گی اور بیا (انک) آپ بھی مجھ سے دوستی کرو گی' جواب ضرور دیجیے گا آپ کی اپنی۔

علینہ شمشاد حسین..... کراچی

ریحانہ راجپوت کے نام

السلام علیکم! ریحانہ راجپوت ڈیئر آپ کی دوستی ہمیں قبول ہے۔ ریحانہ اب ہمیشہ آنچل کے ذریعے رابطہ میں رہنا اور تم تو آج سے میری "باربی ڈول" ہو (نام پسند آئے تو بتانا) اپنا ہمیشہ خیال رکھنا۔ باربی! تم نے بالکل سچ کہا کہ وہ بندہ سب سے زیادہ غریب ہے جس کا کوئی دوست نہ ہو اور اللہ نہ کرے کہ تم اب کبھی بھی غریب ہو' اپنا تعارف بھی جلدی بھیجو ڈیئر! اپنا خیال رکھنا' بائے۔

فوزیہ سلطانہ..... تونسہ شریف

پیاری دوستوں کے نام

کیسی ہو سب؟ یقیناً ٹھیک ہوں گی' اللہ پاک آپ سب کو ہمیشہ خوش باش رکھے۔ اقراء جان! کیسی ہو تم؟ بنارس تم تو بالکل میری طرح ہی ہو گئی نا' فٹ فاٹ ثوبیہ تم سناؤ بھائی کی شادی مبارک ایڈوانس میں۔ سدرہ تمہارے لیے دعا ہے کہ تمہارا بازو جلدی سے ٹھیک ہو جائے' دھیان سے چلا کرو نا' افرینش تمہیں بھی بہت زیادہ سلام' نوشابہ تمہیں بھی۔ اب فروا' مشی طوبیٰ' مریم' تم کو اور شائقہ مہوش' رمشاء تم سب کو بھی سلام۔ آپ سب جہاں رہو خوش رہو' مس فوزیہ آپ کو بھی بہت بہت سلام اور مجھے اپنی دعاؤں میں ضرور یاد رکھو آپ سب کی دوست۔

منیبہ نواز..... گجرات

www.pdfbooksfree.pk

# ہم سے پوچھئے

شمائلہ کاشف

## مدیحہ نورین..... برنالی

س: اف روکو روکو سردیوں کو؟

ج: رک جائیں تو یہاں بھیج دینا۔

س: محبت دعاؤں سے ملتی ہے یا اداؤں سے؟

ج: دعاؤں سے بھی اداؤں سے بھی۔

س: دوستی طاقت ور ہے یا محبت؟

ج: دوستی زیادہ طاقتور ہے۔

س: روٹھے ہو تم کیسے مناؤں پیا بولو نا؟

ج: کچھ لوگ روٹھ کر بھی اچھے لگتے ہیں۔

## حمیرا عروش..... کراچی

س: سلام آئی! اس بار آپ کے ٹیڑھے میڑھے کھٹے میٹھے جواب بہت بہت اچھے لگے۔ اتنے انٹرسٹنگ جواب کیسے دے دیتی ہیں آپ؟ ایک ہم ہیں کہ دماغ کام ہی نہیں کرتا۔ (اب یہ مت کہیے گا کہ ہوگا تو کرے گا)

ج: یہ بات راز میں ہی رہنے دو۔ ویسے دیکھا جائے تو سچ ہی کہا ہے۔

س: اگر کوئی ہمارا اعتبار نہ کرے تو کیا کرنا چاہیے؟

ج: اس کا سر قریبی دیوار پر مار دینا چاہیے۔

س: خود سے وابستہ لوگوں کا خیال رکھے گا جا رہی ہوں پھر آؤں گی دعا سے نواز دیں۔

ج: ہمیشہ خوش رہو خیال سے جانا ذرا۔

## نائلہ اشفاق..... KGM

س: میں آپ سے دور ہوں بہت مجبور ہوں پاس آؤں کیسے حال سناؤں کیسے؟

ج: پیا جی گئے رنگون.....

س: آپ ہمارے اوٹ پٹانگ سوالوں کے جواب کیسے دے دیتی ہیں؟

ج: قلم سے۔

## نورین شفیع..... ملتان

س: کیسی ہیں آپ اور کراچی کا موسم کیسا ہے ملتان میں تو ٹھنڈی ہوائیں چل رہی ہیں؟

ج: موسم خوشگوار ہے آپ کا انتظار ہے۔

س: میں سوچتی ہوں انسان اتنا کچھ ہونے کے باوجود اور پانے کی ہوس میں رہتا ہے تھوڑے پر شکر کیوں نہیں کرتا آخر کیوں؟

ج: انسان ہمیشہ اپنے سے برتر کو دیکھتا ہے اور نا شکری کرتا ہے۔

س: چلو گرمی میں مانا اے سی پنکھے چلتے ہیں اور لائٹ زیادہ جاتی ہے سردی میں تو ہر چیز تقریباً بہت کم چلتی ہے پنکھوں، اے سی کے علاوہ پھر سردی میں لوڈشیڈنگ کی کیا تک؟

ج: بجلی کی بچت اور اسے محفوظ کرنے کے لیے تاکہ تہواروں میں آپ کو دی جا سکے۔

## زاہدہ زماں..... ک سرور شہید

س: السلام علیکم پہلی مرتبہ شرکت کر رہی ہوں جگہ ملے گی؟

ج: خود ہی ڈھونڈ کر بیٹھ جاؤ۔

س: آپی مجھے سردیوں کے موسم میں کچھ کچھ ہوتا ہے بھلا کیا؟

ج: نزلہ زکام۔

س: شمی آپی جب میرے بھتیجے بھتیجی کی کھانے کی چیز گم ہو جائے تو بھابی مجھ سے کیوں پوچھتی ہیں؟

ج: اللہ دین کا چراغ جو ہے ان کے پاس۔

س: آپی میرے سر نصیر احمد کہتے ہیں کہ زاہدہ بہت خاموش رہتی ہے آپ کا کیا خیال ہے؟

ج: میرا خیال ان کے خیال سے تھوڑا مختلف ہے۔

س: آپی میں ان کا نام لوں تو میرا دل دھڑکنے لگتا ہے بھلا کن کا؟

ج: دل تو پاگل ہے۔

## عائشہ پرویز..... کراچی

س: آپی جانی جنگ اسلحے سے جیتی جاتی ہے یا جذبے سے؟



ج: کچھ محبت سے اور کچھ جذبے سے۔

س: ضرورت اور لالچ میں کیا فرق ہے؟

ج: جو پاک بھارت میں ہے۔

س: آپی جانی اگر اپنے والدین کو دکھ پہنچایا ہو تو اس کی تلافی کے لیے کیا کرنا چاہیے؟

ج: معافی مانگ لینی چاہیے فوری۔

س: آپی جانی سردیوں میں آئس کریم کھانے کا زیادہ مزہ ہے یا گرم گرما گرم کافی پینے کا؟

ج: آئس کریم کھانے کا۔

## ماہ رخ سیال..... سرگودھا

س: کیا میں آپ سے مل سکتی ہوں؟

ج: مل ہی تو رہی ہو۔

س: آپی آپ کی سالگرہ کب ہے میں آپ کو وش کروں گی؟

ج: اب تو یاد بھی نہیں کب ہوتی ہے۔

س: آپی اگر آپ وزیراعظم ہوتی تو پہلا کام کیا کرتیں؟

ج: ویسے اللہ نہ کرے اگر ہوتے بھی تو تم کو صدر بنا دیتے۔

س: آپی آج کل لوگ جھوٹی محبت کیوں کرنے لگے ہیں؟

ج: کیونکہ اب ہر چیز چائنا کی جو آنے لگی ہے۔

## صبا نواز بھٹی..... سانگھڑ

س: شمائل آپی آج کل لوگ اتنے کٹھور کیوں ہو گئے ہیں؟

ج: کیونکہ لوگوں نے اپنا ایمان بھلا دیا ہے۔

س: دل میں کچھ اور منہ پہ کچھ انسان ایسے کیوں ہوتے ہیں؟

ج: کیونکہ ان کے منہ میں پان ہوتا اس لیے۔

س: وہ آیا آ کے چل دیا ہم دیکھتے ہی رہ گئے بھلا کون؟

ج: وہی ناں.....

س: اگر آپ سے کوئی کہے کہ محبت کو ایک لفظ میں سما دو تو آپ کا جواب؟

ج: محبت۔

## دل آویز مقدس..... اٹک

س: آپی کیسی ہیں پہلی بار آئی ہوں جگہ ملے گی؟

ج: جی ضرور خوش آمدید۔

س: آپ اتنے مزے کے جواب کیسے دیتی ہیں؟

ج: بتا دیا تو مزہ خراب ہو جائے گا۔

س: آپ کو کوئی دکھ ہے تو ہم سے شیئر کریں ناں۔

ج: غم دوراں، غم ہجراں۔

س: آپ کو تنگ تو نہیں کیا؟ ہمارے لیے دعا؟

ج: اب تو کر لیا نا۔ خوش رہو۔

## شہناز شاتر ے سیال..... ضلع خانیوال

س: آپ کے کالم میں شرکت کے لیے سوال کرنا ضروری ہے کیا؟

ج: نہیں جی، آپ سوال مت کیجئے بلکہ ہم سے پوچھئے۔

س: آپ پاکستان کا آئندہ صدر کسے چننا پسند کریں گی؟

ج: میرا ارادہ آپ کا تھا پر اب.....

س: محبت کا پہلا اصول کون سا ہے؟

ج: ادب پہلا قرینہ ہے محبت کے قرینوں میں۔

س: گھر میں داخل ہونے کے بعد آپ گھر کی کون سی شخصیت کو دیکھنا پسند کرتی ہیں؟

ج: اپنی ماں کو.....

## نورین شاهد..... رحیم یار خان

س: آپی اس ملک کے حالات آخر کب ٹھیک ہوں گے؟

ج: جب اس ملک کے رہنے والے ٹھیک ہوں گے۔

س: ہم اتنے بے حس کیوں ہو گئے ہیں؟

ج: اس لیے کہ تمام حسیں سردی میں جم جاتیں اور گرمی میں.....

س: کبھی کبھی دل کرتا ہے کہ ایسی جگہ چلی جاؤں جہاں اتنے بے حس لوگوں کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

ج: اس جگہ کا بتائیے گا ضرور.....

## فاخرہ ایمان..... لاہور

س: کیسی ہیں شمائلہ آپی؟ کافی دیر بعد حاضر ہوئی ہوں کیا مجھے مس کیا؟

www.pdfbooksfree.pk

ج: سوچنا پڑے گا ذرا۔

س: آپی مجھے ہر جگہ وہ ہی نظر آئے بھلا کون؟

ج: ہمارے بہنوئی اور کون۔

س: آپی سب کو پھول ہی کیوں پسند ہوتے ہیں کانٹے کیوں نہیں؟

ج: چلو پھر تم ہی پسند بنالو۔

## انیس انجم..... جھنگ صدر

س: اپیا جانی کیسی ہیں آپ پہلی بار شرکت کر رہی ہوں جگہ ملے گی یا نہیں؟

ج: جگہ بنانی پڑے گی خود ہی اور خوش آمدید ہم کہہ دیتے ہیں۔

س: آپی جی بھروسے پر سے بھروسا اٹھ جائے تو کیا ہوتا ہے؟

ج: تو اٹھے ہوئے بھروسے کو پکڑ کر بٹھالینا چاہیے۔

س: آسمان سات اور زمین ایک پھر بھی ان میں دوری کیوں؟

ج: جنرل نالج کمزور ہے تمہاری' لگتا ہے نقل کر کے.....

س: جب رشتوں کی ضرورت ہوتی ہے تو رشتے ساتھ کیوں چھوڑ دیتے ہیں؟

ج: اس لیے کہ ان کو ایلفی سے نہیں جوڑا گیا ہوگا۔

س: آپی جی ہمیشہ ایسے ہنستی مسکراتی رہیے جیسے؟

ج: جیسے بہار۔

## عظمیٰ کنڈی..... گل امام

س: شائلہ آپی کیسی ہیں آپ بیٹھنے کے لیے نہیں کہیں گی؟

ج: بٹھا تو رکھا ہے سر آنکھوں پر۔

س: آپی جنت میں مردوں کو حوریں ملیں گے اور عوتوں کو کیا ملے گا؟

ج: پہلے تو یہ طے کروں وہ جنت میں جائیں گی بھی کہ.....

س: لڑکیوں کو ایئر ہوسٹس کا پیشہ خطرناک کیوں نہیں لگتا؟

ج: کیوں کہ ہواؤں میں اڑنے کا شوق جو رکھتی ہیں۔

س: آپی محبت ایک حسین خواب ہے اور شادی؟

ج: اسی حسین خواب کی بھیانک تعبیر۔

س: اچھا آپی اللہ حافظ ہم ہیں راہی پیار کے پھر ملیں گے چلتے چلتے؟

ج: کبھی الوداع نہ کہنا۔

## شازیہ فاروق احمد..... خان بیلہ

س: شائلہ جی کہیے میری آمد کیسی لگی؟

ج: خزاں میں بہار جیسی۔

س: پھولوں کی خوشبو کی طرح' پیار سے جوابات دینے کے علاوہ آپ کی شخصیت میں اخلاق' درگزر کرنا بھی شامل ہے تو میرے سوال اچھے نہ لگیں تو درگزر کردیں؟

ج: جو حکم۔

س: سوچوں کو کون سا فل اسٹاپ لگایا جائے؟

ج: ایسا کوئی فل اسٹاپ نہیں۔

س: بڑوں کو عزت دیں اور چھوٹوں کو پیار' والدین اپنے بچوں کو اٹھتے بیٹھتے یہی درس کیوں دیتے ہیں کیا انہیں شک ہوتا ہے کہ.....؟

ج: آگے خود عقل مند ہو۔ ہے ناں کچھ کہ.....

س: زندگی جب مسلسل بے زار لگنے لگے تو.....؟

ج: تو اسے سردی میں ٹھنڈے ٹھار پانی میں ڈبکی لگا دینی چاہیے۔

س: چلیں آپ بتائیں کہ آپ جب روٹھتی ہیں تو کتنی منتیں کرانی ہیں؟

ج: یہ تم بتاؤ بھلا۔

س: میں آپ کی محفل میں ہر بار بنا کسی رکاوٹ کے آنا چاہتی ہوں کوئی طریقہ بتائیں؟

ج: کسی سیاسی پارٹی سے رابطہ کرلیں بس.....!



# کام کی باتیں

حنا احمد

## ٹانسلز بڑھنے کا علاج

جن لوگوں کے ٹانسلز بڑھے ہوئے ہوں ان کو اس بات کا خاص خیال رکھنا چاہیے کہ قبض نہ ہونے پائے۔ ہاضمے کو اچھا رکھنے کی کوشش کی جائے' کسی قسم کی ترشی نہ استعمال کی جائے' گرما گرم کھانے سے بھی پرہیز کیا جائے اور زیادہ ٹھنڈا پانی مطلق نہ پیا جائے۔ گرم کھانا کھا کر فوراً ٹھنڈا پانی پینا بھی مناسب نہیں ہے۔ غذا میں سبزی' موسمی ترکاریاں' پھل اور دودھ کا زیادہ استعمال کریں۔ روٹی بغیر چھنے آٹے کی کھائیں' اگر پھر بھی قبض رہے تو پھر پندرہ دانے منقیٰ کو چوبیس گھنٹے پون گلاس پانی میں بھگو کر اس کا آب ذوال صبح کے وقت نہار منہ پئیں۔ اس پانی میں منقیٰ کو اچھی طرح مسل کر اس کا پانی پی لیں اور اوپر سے وہی منقیٰ کھالیں' اس سے قبض جاتا رہے گا۔ انناس کا رس گلے کی جملہ تکلیفوں کے لیے اکسیر ہے' اسے ضرور استعمال کیجیے اور اس کے دوران اپنی ریڑھ کی ہڈی کی مالش بھی ضرور کروائیے۔ دن کے وقت گلے پر ٹھنڈے پانی کی پٹی باندھی جائے اس کے لیے آپ اتنا سوتی کپڑا لیجیے جس کی تین تہیں گلے پر لپیٹ دی جائیں اس پر فلالین یا کوئی اور اونی کپڑا لے کر اس کی بھی دو تین تہیں لپیٹ دی جائیں دن کے وقت دو' دو گھنٹے بعد اس گیلی سوتی پٹی کو بدلتے رہیں' رات کو ایک پٹی کافی ہے۔

ان تدابیر کے ساتھ مہندی کے پتے چھ ماشہ' دھنیا چھ ماشہ اور پھٹکری دو ماشہ کو پانی میں جوش دے کر اس سے غرارے کریں اور غراروں کے بعد ماذو سبز ایک ماشہ' پھٹکری ایک ماشہ کو باریک پیس کر دو تولہ شہد میں ملا کر حلق میں لگایا کریں۔ کچھ دن یہ عمل کرنے سے آپ کو اس تکلیف سے نجات مل جائے گی۔

## انجیر اور موٹاپا

جس طرح موٹاپا کم کرنے کے لیے جتن کیے جاتے ہیں' اسی طرح کچھ لوگ اتنے کمزور دکھائی دیتے ہیں کہ وہ موٹاپا حاصل کرنے کی تراکیب کے متلاشی نظر آتے ہیں' ان کو چاہیے کہ روزانہ دس دانے انجیر کھالیا کریں۔

## پائوں میں پسینہ آنے کی صورت

جوتا پہننے سے پہلے پاؤں کے تلوؤں پر پسی ہوئی پھٹکری لگانے سے پاؤں میں پسینہ نہیں آئے گا۔ اس کے علاوہ ہر روز بلاٹنگ پیپر کا تلا بھی رکھا جاسکتا ہے۔

## آنکھوں کی زردی ختم کرنے کے لیے

چقندر کو کچل کر اس کا پانی نچوڑ لیں اور پھر یہ پانی ناک میں چھڑکیں' آنکھوں میں یرقان کے باعث پیدا ہونے والی زردی ختم ہوجائے گی۔

## نئے بال اگانے کے لیے

سبز دھنیے کا پانی لے کر سر پر لگایا کریں' اس کا موسم نہ ہو تو خشک دھنیے کو نہایت باریک پیس کر روزانہ لیپ کریں' ان شاء اللہ چند روز کے لیپ کرنے سے گنج دور ہوجائے گا۔

## چہرے کے گڑھے دور کرنے کے لیے

تھوڑی سی ملتانی مٹی لے کر عرق گلاب میں ملا کر چہرے پر دس پندرہ منٹ کے لیے لیپ کریں' بعد میں تازہ پانی سے دھولیں۔ کچھ دنوں بعد گڑھے دور ہوجائیں گے۔

## ہاتھ پسیجنے سے بچنے کی ترکیب

اکثر خواتین کے ہاتھ سلائی کڑھائی کرتے وقت پسیجتے ہیں' اس سے سلائی و کڑھائی کی صفائی میں فرق پڑتا ہے اس کے لیے جب بیگنوں کا بھرتا بنانے کے لیے ابالا جائے تو وہ پانی لے لیں جس میں بینگن ابالے گئے ہیں اس پانی سے ہاتھوں کو دھوئیں' دو چار بار ایسا کرنے سے

www.pdfbooksfree.pk

ہاتھ نہیں پسیجیں گے۔

طیبہ نذیر.....شادیوال گجرات

## دانت: انمول تحفۂ قدرت

جو غذائیں ہم کھاتے ہیں ان کو سب سے پہلے دانتوں سے ہی واسطہ پڑتا ہے' یہ دانت مختلف شکل و صورت کے ہوتے ہیں۔ ان میں سے بعض دانت غذاؤں کو کاٹتے اور توڑتے ہیں اور بعض غذاؤں کو پیس کر باریک کرتے ہیں دانتوں کا صرف ایک یہ ہی کام نہیں کہ یہ غذا کے ہضم کرنے میں مدد فراہم کرتے ہیں بلکہ ان سے انسان کے چہرے کی خوب صورتی بھی قائم رہتی ہے۔ موتیوں جیسے سفید چمک دار دانتوں سے چہرہ اچھا لگتا ہے۔

غرض یہ کہ تندرستی اور چہرے کی خوب صورتی کے لیے دانت ایک نہایت ضروری عضو ہیں اس لیے ان کی حفاظت کے لیے نیچے لکھی ہوئی ہدایتوں پر عمل کرنے کی ضرورت ہے:۔

❖ دانتوں کی حفاظت کے لیے ان کو صاف ستھرا رکھنا بہت ضروری ہے۔ کھانا کھانے کے بعد دانتوں کو صاف کیا جائے' دانتوں کی درزوں میں روٹی اور سبزی ترکاریوں کے جو ریشے پھنس جاتے ہیں ان کو خلال سے نکال دیا جائے اور اس کے بعد انگلی سے دانتوں کو مل کر کلی کر لی جائے۔

❖ روزانہ صبح کو مسواک کی جائے' آپ دانتوں کی صفائی کے لیے برش بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

### دانتوں کا درد

❖ تلسی کی پتیاں باریک پیس کر گولی سی بنالیں اور اس کو گرم کر کے درد والے دانت پر رکھیں۔

❖ ادرک کو پیس کر ذرا سا نمک ملا کر درد والے دانت پر رکھیں۔

❖ نوشادر ایک رتی ذرا سی روٹی میں لپیٹ کر درد والے دانت پر رکھ کر دبالیں اور جو پانی نکلے اسے نکلنے دیں۔ درد دور ہو جائے گا

❖ ذرا سا کافور درد والے دانت پر رکھ کر دبالیں اگر داڑھ میں سوراخ ہو تو اس میں بھر دیں' درد دور ہو جائے گا۔

نزہت جبین ضیاء.....کراچی

## منہ کے چھالوں کے لیے

ادرک ایک چھٹانک' سونف ایک چھٹانک' سبز الائچی ایک چھٹانک' سنگر مصری آدھا پاؤ ان سب کو کوٹ کر ملائیں اور سفوف تیار کر کے دو دو چمچ صبح' دوپہر' شام کھانے کے بعد ہمراہ پانی استعمال کریں۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

مہر وین صدیقی.....میانوالی

## گرتے بالوں کا مجرب نسخہ

کلونجی' لونگ' دو عدد انڈے اور مہندی میں دہی ملا کر سر پر لگائیں تین چار گھنٹے کے بعد کسی اچھے شیمپو سے دھولیں گرتے بالوں کے لیے میرا آزمودہ نسخہ ہے۔ اس سے بال نرم اور چمکدار ہو جائیں گے۔

فاطمہ ماریہ.....فیصل آباد

## گنج پن کا یقینی علاج

شہد قدرت کی بیش بہا نعمت ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جس شخص نے صبح کے وقت شہد استعمال کیا اس کو کبھی کوئی بیماری نہیں آئے گی۔ سر پر بال اگانے کے لیے زیتون کے تیل کے دو چمچ ایک چمچ شہد اور ایک چمچ سفوف دار چینی لے کر پیسٹ بنالیں اور نہانے سے پندرہ منٹ پہلے سر پر لگائیں اور اس کے بعد سر دھولیں۔

اسماء نور.....کراچی